تقریب التہذیب اردو

جلد اول

مرتبہ

علامہ ابن حجر عسقلانی المتوفی سنہ ۸۵۲ھ

مترجم

مولانا نیاز احمد دامت برکاتہم

مکتبہ رحمانیہ (رجسٹرڈ)

اقرا سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

فون: 042-37224228-37355743

مکتبہ رحمانیہ (رجسٹرڈ)

نام کتاب

تقریب التہذیب اردو (جلد اول)

مترجم

مولانا نیاز احمد دامت برکاتہم

ناشر

مکتبہ رحمانیہ (رجسٹرڈ)

مطبع

خضر جاوید پرنٹرز لاہور

اقرأ سنٹر غزنی سٹریٹ، اردو بازار لاہور
فون: 042-37224228-37355743

ضروری وضاحت

ایک مسلمان جان بوجھ کر قرآن مجید، احادیث رسول ﷺ اور دیگر دینی کتابوں میں غلطی کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا بھول کر ہونے والی غلطیوں کی تصحیح و اصلاح کے لیے بھی ہمارے ادارہ میں مستقل شعبہ قائم ہے اور کسی بھی کتاب کی طباعت کے دوران اغلاط کی تصحیح پر سب سے زیادہ توجہ اور عرق ریزی کی جاتی ہے۔ تاہم چونکہ یہ سب کام انسانوں کے ہاتھوں ہوتا ہے اس لیے پھر بھی غلطی کے رہ جانے کا امکان ہے۔ لہٰذا قارئین کرام سے گزارش ہے کہ اگر ایسی کوئی غلطی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرما دیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح ہو سکے۔ نیکی کے اس کام میں آپ کا تعاون صدقہ جاریہ ہوگا۔ (ادارہ)

تنبیہ

فہرست جلد اوّل

فہرست جلد دوم

کنیتوں کا بیان (مرد حضرات)

باب: خواتین کے بیان میں

خواتین کی کنیتوں کا بیان

عرض ناشر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اسماء الرجال یا علم رواۃ علوم حدیث میں وہ عظیم الشان فن ہے جس کو احادیث کی خدمت اور صحیح وغیر صحیح کی پہچان کے لئے محدثین اکرام ودانشوروں نے ایجاد کیا۔

یہ وہ علم ہے کہ جو راویان حدیث کے احوال سے صرف ان کے راوی ہونے کی حیثیت سے بحث کرتا ہے۔ حدیث کے دو حصے ہوتے ہیں ایک متن حدیث اور دوسرا حصہ سند۔ سند راویوں کا وہ سلسلہ ہے جو الفاظ حدیث سے قبل ہوتا ہے۔ اس پر حدیث کا مدار ہوتا ہے اگر اس حصہ کی واقفیت نہ ہو تو حدیث کے صحیح اور غیر صحیح ہونے کا امتیاز نہیں ہوسکتا گویا کہ اسماء الرجال کے علم کے بغیر علم حدیث ممکن ہی نہیں ہے۔ امام بخاری کے استاذ امام علی بن المدینی رحمۃ اللہ علیہ المتوفی ۲۳۴ھ فرماتے ہیں کہ ”معانی حدیث کو سمجھنا نصف علم ہے اور معرفت رجال نصف علم ہے۔“

اسماء الرجال علم رواۃ علوم حدیث میں وہ عظیم الشان فن ہے جسے مسلمانوں نے ایجاد کیا اور یہ ان کا جلیل القدر علمی کارنامہ ہے کہ اس علم میں ان کا کوئی شریک وسہیم نہیں ہے۔ مشہور جرمن مستشرق ڈاکٹر سپرنگر نے لکھا ہے کہ ”کوئی قوم دنیا میں ایسی نہیں گزری اور نہ ہی آج موجود ہے، جس نے مسلمانوں کی طرح اسماء الرجال کا عظیم الشان فن ایجاد کیا ہو، جس کی بدولت پانچ لاکھ مسلمانوں کا حال معلوم ہوسکتا ہے“

زیر نظر کتاب ”تقریب التہذیب“ بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے یہ کتاب حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ المتوفی ۸۵۲ھ کی ذاتی آراء پر مبنی کتاب ہے۔ یہ کتاب تہذیب التہذیب کی تلخیص ہے۔ تہذیب التہذیب میں راویوں کے حالات قدرے تفصیل کے ساتھ ہیں اور آئمہ حدیث کے اقوال بھی درج ہیں اور ان سے مستنبط کرکے حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی آراء کتاب تقریب التہذیب میں درج کی ہیں۔

اس فن پر بہت سی کتب ہیں مکتبہ رحمانیہ اس سے پہلے میزان الاعتدال جو کہ امام ذہبی کی شہرۂ آفاق تصنیف ہے کا

ترجمہ کروا چکا ہے اب تقریب التہذیب کا ترجمہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

ترجمہ کے سلسلہ میں فاضل مصنف جناب مولانا نیاز احمد اوکاڑوی سے بات کی تو انہوں نے اس کی حامی بھر لی اور عرصہ 3 ماہ میں ترجمہ کر دیا۔ اللہ تعالیٰ ان کی اس سعی کو قبول فرمائے۔ اور آخر میں ان تمام احباب کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا جنہوں نے اس کتاب کے ترجمہ میں معاونت کی اور اللہ رب العزت سے دعا گو ہوں کہ اللہ ہماری یہ سعی قبول فرمائے اور اس کتاب کی تیاری میں جتنے احباب نے معاونت کی ہے ان سب کے لیے اور ہمارے اسے توشۂ آخرت بنائے اور ہماری سیئات کو حسنات میں مبدل فرمائے۔

آمین یارب العالمین

خادم العلم والعلماء

الحاج مقبول الرحمٰن غفرلہ

عرض مترجم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد لله و کفیٰ و سلام علیٰ عباده الذین اصطفیٰ. اما بعد!

اللہ رب العزت کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے ہمیں انسان بنایا۔ پھر انسان بنانے کے بعد ہمیں مسلمان بننے کی توفیق عنایت فرمائی اور پھر مسلمان ہونے کے ساتھ ساتھ ہمیں امام الانبیاء سید الرسل خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی امت ہونے کا لازوال شرف مرحمت فرمایا۔ اگر ہم اس کی ان گنت اور لاتعداد نعمتوں کا شکر بجالانا چاہیں تو یہ ایک ناممکن امر ہے، بلکہ ہم اس کی نعمتوں کو شمار بھی نہیں کر سکتے۔ "وان تعدوا نعمة الله لا تحصوها" چہ جائیکہ ہم اس کے انعامات واحسانات کا حق ادا کر سکیں۔ گو حسب تصریح علماء اصول دلائل اور براہین کی چار قسمیں ہیں۔ کتاب اللہ، سنت رسول اللہ ﷺ، اجماع اور قیاس۔ مگر اجماع اور قیاس درحقیقت کتاب اللہ اور سنت ہی کی طرف راجع اور اسی کا ثمرہ ہے، اور سب جانتے ہیں کہ دین اسلام کا بنیادی سرچشمہ قرآنِ حکیم ہی ہے، جس کا بیان حدیث ہے، اور عمل کا سرچشمہ اسوہ حسنہ ہے جس کی حامل ذات بابرکات نبوی ﷺ ہے۔

"لقد کان لکم فی رسول الله اسوة حسنة" (القرآن)

بلاشبہ تمہارے لئے رسول ﷺ میں نمونہ عمل موجود ہے۔

اس لئے حاصل یہ نکلا کہ کتاب وسنت میں دین اسلام کے علمی پہلو جمع ہیں، اور ذات پیغمبر ﷺ میں اس کے عملی پہلو جمع ہیں۔ پس قرآن میں جو چیزیں علمی شکل میں ہیں بعینہ وہی چیزیں ذات نبوی ﷺ میں عمل کی صورت میں موجود ہیں، جن باتوں کو قرآن کریم اقوال واصول کی شکل میں پیش کرتا ہے، انہی باتوں کو ذات نبوی ﷺ اعمال واحوال کی شکل میں پیش کرتی ہے۔

لہٰذا ذات نبوی ﷺ کا کیا ہوا قرآن کا کہا ہوا ہے، اور قرآن کریم کا کہا ہوا ذات نبوی ﷺ کا کیا ہوا ہے۔ اور یہ دونوں حقیقتیں ایک دوسرے پر پوری پوری طرح منطبق ہیں۔ قدرتی نتیجہ اس کمال مطابقت کا یہ نکلتا ہے کہ اگر قرآن کا علم

اور قانون کامل اور جامع ہے جس سے کوئی ہدایت چھوٹی ہوئی نہیں ہے تو ذات نبوی ﷺ کا عملی نمونہ بھی یقیناً جامع اور کامل ہے۔جس طرح قرآن اور اس کے لائے ہوئے قانون میں کسی ادنیٰ زیادتی وکمی کی گنجائش نہیں ہے اسی طرح ذات نبوی ﷺ کے عملی نمونہ میں بھی کسی اضافی وبیشی کی گنجائش نہیں ہوسکتی۔

اللہ رب العزت نے جیسے قرآن کریم کے الفاظ وکلمات کی حفاظت فرمائی ہے،اسی طرح احادیث نبوی ﷺ کو بھی محفوظ رکھنے کیلئے ہر دور میں اس کے محافظین پیدا فرماتا رہا، جنہوں نے صرف حدیث وروایات کے جمع وتدوین پر اکتفاء نہیں کیا، بلکہ درمیانی واسطوں کی بھی تحقیق کی اور ان راویوں کے نام ونشان، تاریخ زندگی اور اخلاق وعادات کو محفوظ کردیا، جن کے توسط سے یہ روایات ان کو پہنچی تھیں۔اس طرح جس ذات گرامی کے متعلق ''ورفعنا لك ذكرك'' کا وعدہ اور اطلاع تھی، ان ہزاروں، لاکھوں انسانوں کی اہمیت کی وجہ صرف یہ تھی کہ وہ اس مبارک ہستی کے اقوال واعمال واحوال میں سے کسی جز کے راوی اور اس سلسلہ روایت کے ایک ناقل تھے، نتیجہ یہ ہوا کہ حدیث اور روایات کی تدوین کے ساتھ ساتھ ایک نیا علم ''اسماء الرجال'' وجود میں آ گیا۔۔یہ علم محدثین وفقہاء کی عالی ہمتی، علمی شغف، تحقیقی ذوق اور احساس ذمہ داری کی روشن مثال ہے، اس امت کا ایک قابل فخر کارنامہ ہے، جس میں کوئی دوسری امت اس کی سہیم وشریک نہیں۔

ایک مدت سے راقم الحروف کے دل میں اس بات کی آرزو تھی کہ صحیحین اور سنن اربعہ کے رجال پر مشتمل حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ م ۸۵۲ھ کی کتاب ''تقریب التہذیب'' کا اردو ترجمہ کیا جائے، تاکہ علم رجال سے شغف رکھنے والا اردو دان طبقہ بھی اس سے مستفید ہوسکے، چنانچہ راقم الحروف نے اللہ کا نام لے کر کام شروع کردیا جو کہ چند دنوں کی محنت کے بعد آپ کے ہاتھوں میں موجود ہے، اس میں جو لغزشیں یا غلطیاں ہیں وہ میری علمی تہی دامنی یا کم فہمی کا نتیجہ ہیں، اور اگر دیکھنے والوں کو اس میں کوئی خوبی نظر آئی ہے تو وہ محض اللہ رب العزت کا احسان اور اسی کی ذرہ نوازی ہے۔

نیز دوران مطالعہ جن چیزوں سے ہمارے محترم قارئین کو سابقہ پیش آئے گا ان کی وضاحت ذیل میں کردی جاتی ہے۔

زمانہ اور تاریخ کے اعتبار سے حدیث کے راویوں کے طبقات:

تقریب التہذیب میں تاریخی اعتبار سے راویان حدیث کے بارہ طبقات مقرر کئے گئے ہیں، جب کسی راوی کا طبقہ بیان کیا جاتا ہے تو اس سے مراد یہی تاریخی طبقات ہوتے ہیں، ان تاریخی طبقات کی تفصیل حافظ ابن حجر عسقلانی (رحمہ اللہ) کے نزدیک درج ذیل ہے۔

(۱) طبقة الصحابة: اس میں تمام صحابہ بلافرق مراتب داخل ہیں۔

(۲) طبقة كبار التابعين: جیسے سعید بن مسیب رحمہ اللہ۔

(۳)الطبقة الوسطى من التابعين: جیسے حسن بصری رحمہ اللہ اور محمد بن سیرین رحمہ اللہ۔

(۴)وسطی کے بعد والا طبقہ: جن کی روایتیں صحابہ سے کم اور کبار تابعین سے زیادہ ہیں۔

(۵)الطبقة الصغرى من التابعين: یہ وہ حضرات ہیں جنہوں نے ایک یا دو صحابہ کی زیارت کی ہے لیکن ان سے ان کا سماع ثابت نہیں، جیسے سلیمان الاعمش رحمہ اللہ۔

(۶)الطبقة الاخيرة من التابعين: یہ وہ حضرات ہیں جو پانچویں طبقہ کے معاصر ہیں لیکن انہوں نے کسی صحابی کی زیارت نہیں کی، جیسے ابن جریج رحمہ اللہ۔

(۷)کبار اتباع تابعین: جیسے مالک رحمہ اللہ، اور سفیان ثوری رحمہ اللہ۔

(۸)الطبقة الوسطى من اتباع التابعين: جیسے اسماعیل بن علیہ رحمہ اللہ اور سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ۔

(۹)الطبقة الصغرى من اتباع التابعين: جیسے شافعی رحمہ اللہ، عبدالرزاق صنعانی رحمہ اللہ۔

(۱۰)کبار الآخذين عن تبع الاتباع: جیسے احمد بن حنبل رحمہ اللہ، علی بن مدینی رحمہ اللہ اور یحییٰ بن معین رحمہ اللہ۔

(۱۱)الطبقة الوسطىٰ منهم: جیسے بخاری رحمہ اللہ، ذہلی رحمہ اللہ۔

(۱۲)الطبقة الصغرى منهم: جیسے ترمذی رحمہ اللہ اور ان کے معاصرین۔

راویوں کی تاریخ وفات کے بارے میں ضابطہ:

ان بارہ طبقات میں سے پہلے دو طبقوں کے بیشتر راویوں کی وفات ۱۰۰ھ سے پہلے ہے اور تیسرے طبقہ سے لے کر آٹھویں طبقہ تک کے بیشتر روات کی وفات ۱۰۰ھ کے بعد ہے اور نویں طبقہ سے لے کر بارہویں تک کے روات کی وفات ۲۰۰ھ کے بعد کی ہے۔

اشارات ورموز:

مزید برآں تقریب التہذیب میں اس امر کی وضاحت کے لئے کہ کس راوی کی روایت کو محدثین میں سے کس نے نقل کیا ہے بعض اشارات درج کئے گئے ہیں مثلاً......"ع" کا مطلب ہے کہ اس راوی کی روایت تمام اصحاب ستہ نے نقل کی ہے۔تقریب میں استعمال کئے جانے والے اشارات کی تفصیل درج ذیل ہے۔

۱......خ۔صحیح بخاری کے لئے۔

۲......م۔صحیح مسلم کے لئے۔

۳......س۔نسائی کے لئے۔

۴......د۔سنن ابی داؤد کے لئے۔

۵......ت۔سنن الترمذی کے لئے۔

۶......ق۔سنن ابن ماجہ کے لئے۔

۷......۴۔چاروں سنن کے لئے۔

۸......ع۔جمیع اصحاب ستہ کے لئے۔

۹......خت۔تعلیقاً صحیح بخاری کے لئے۔

۱۰......بخ۔ادب المفرد کے لئے۔

۱۱......خ۔خلق افعال العباد کے لئے۔

۱۲......مق۔مقدمہ مسلم کے لئے۔

۱۳......مد۔مراسیل ابی داؤد کے لئے۔

۱۴......قد۔کتاب القدر کے لئے۔

۱۵......خد۔الناسخ والمنسوخ کے لئے۔

۱۶......تم۔شمائل ترمذی کے لئے۔

۱۷......سی۔الیوم واللیلۃ للنسائی کے لئے۔

ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس کتاب سے علم رجال سے شغف رکھنے والے اردو خواں حضرات کما حقہ استفادہ کر سکیں۔اس مقصد کے لئے اکثر و بیشتر مقامات پر حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ کے ذکر کردہ اعراب کو روات حدیث کے اسماء پر لگا دیا گیا ہے حق تعالیٰ شانہ اس حقیر کی اس کوشش کو قبول فرما کر راقم الحروف،اس کے والدین،اساتذہ اور مشائخ کے لئے ذخیرہ آخرت بنائے۔(آمین)

"وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ وعلی من اتبعھم باحسان الیٰ یوم الدین"

نیاز احمد غفرلہ

بروز بدھ ۴ محرم الحرام ۱۴۳۸ھ

بمطابق: ۱۵ اکتوبر ۲۰۱۶ء

۰۳۳۱_۹۱۴۴۳۱۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حرف الالف

احمد نام کے راویوں کا ذکر

ا۔د،فق۔احمد بن ابراہیم بن خالد موصلی ابوعلی:

یہ بغداد میں سکونت پزیر ہونے والا دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے،اس نے ۲۳۶ھ میں انتقال فرمایا۔

۲۔کن۔احمد بن ابراہیم بن فیل المعروف ابوالحسن بالسی:

یہ انطاکیہ میں سکونت پزیر ہونے والا بارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے،اس نے ۸۴ھ میں انتقال فرمایا۔

۳۔م،د،ت،ق۔احمد بن ابراہیم بن کثیر:

احمد بن ابراہیم بن کثیر بن زید دورقی نکری (میم کے ضمہ کے ساتھ) بغدادی دسویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے،اس نے ۲۴۶ھ میں انتقال فرمایا۔

۴۔س۔احمد بن ابراہیم بن محمد:

احمد بن ابراہیم بن محمد بن عبداللہ بن بکار بن عبدالملک بن ولید بن بسر بن ابی ارطاۃ بسری عبدالملک، یہ گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے،اس نے ۸۹ھ میں انتقال فرمایا۔

☆**احمد بن ابراہیم تیمی:**

صحیح (یہ ہے کہ یہ راوی) ابراہیم بن محمد ہے۔(=۲۳۷)

۵۔کر،تق۔احمد بن ازہر بن منیع ابوالازہر عبدی نیسابوری:

یہ گیارہویں طبقہ کا ''صدوق حافظ'' راوی ہے تاہم جب بوڑھا ہوگیا تو (حافظہ میں کچھ کمزوری آ جانے کی وجہ

سے) حافظ کی بنسبت اس کی کتاب زیادہ پختہ ہوگئی۔اس نے ۲۳ھ میں انتقال فرمایا۔

۶۔خ۔احمد بن اسحاق بن حصین:

احمد بن اسحاق بن حصین بن جابر سلمی ابو اسحاق سرماری (سرماری کو سین کے ضمہ کے ساتھ، سین کے کسرہ اور راء کے ساکن ہونے کے ساتھ بھی حکایت کیا گیا ہے) گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے،اس نے ۴۲ھ میں انتقال فرمایا۔

۷۔م،د،ت،س۔احمد بن اسحاق بن زید:

احمد بن اسحاق بن عبداللہ بن ابی اسحاق حضرمی ابو اسحاق بصری نوویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے،اس نے ۱۱ھ میں انتقال فرمایا۔

۸۔د۔احمد بن اسحاق بن عیسی اہوازی بزاز صاحب سلعہ،ابو اسحاق:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے،اس نے ۵۰ھ میں انتقال فرمایا۔

۹۔ق۔احمد بن اسماعیل بن محمد سہی ابو حذافہ:

احمد بن اسماعیل بن محمد سہی ابو حذافہ دسویں طبقہ کے راوی ہیں ان کا مؤطا کا سماع صحیح ہے اور اس کے علاوہ میں اختلاط کا شکار ہیں۔انہوں نے ۵۹ھ میں انتقال فرمایا۔

۱۰۔خ۔احمد بن اشکاب حضرمی،ابو عبداللہ صفار:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے،اس نے ۱۷ھ یا اس کے بعد انتقال فرمایا۔

۱۱۔بخ۔احمد بن ایوب بن راشد ضبی شعیری،ابو الحسن:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۲۔ت،ق۔احمد بن بدیل بن قریش،ابو جعفر یامی قاضی کوفہ:

دسویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے،اس نے ۵۸ھ میں انتقال فرمایا۔

۱۳۔خ،ت،ق۔احمد بن بشیر مخزومی،مولی عمرو بن حریث،ابو بکر کوفی:

نوویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے،اس نے ۱۹۷ھ میں انتقال فرمایا۔

۱۴۔تمییز۔احمد بن بشیر بغدادی،دوسرا:

احمد بن بشیر بغدادی دسویں طبقہ کے ''متروک'' راوی ہیں،عثمان دارمی نے پہلے راوی (احمد بن بشیر مخزومی) کے ساتھ اسے ملا دیا ہے اور خطیب نے ان دونوں کو درمیان فرق کیا ہے اور وہ صحیح بات تک پہنچے ہیں۔

۱۵۔س۔احمد بن بکار بن ابی میمونہ اموی،ابوعبدالرحمٰن حرانی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق حفظ حدیث کے ساتھ متصف'' راوی ہے،اس نے ۲۴۴ھ میں انتقال فرمایا۔

۱۶۔تمییز۔احمد بن بکار الباہلی ابوہانی البصری:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۷۔ع۔احمد بن ابی بکر:

احمد بن ابی بکر بن حارث بن زرارۃ بن مصعب بن عبدالرحمٰن بن عوف،ابومصعب الزہری المدنی دسویں طبقہ کا ''فقیہ،صدوق عابد'' راوی ہے،اس نے ۲۴۲ھ میں وفات پائی اور نوے برس سے زیادہ عمر پائی۔

۱۸۔ق۔احمد بن ثابت الجحدری،ابوبکر البصری:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے،اس نے ۲۵۰ھ کے بعد انتقال فرمایا۔

۱۹۔م۔احمد بن جعفر المعقری (میم کے فتحہ اور قاف کے کسرہ کے ساتھ):

مکہ میں سکونت پزیر ہونے والا گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے،اس نے ۲۵۵ھ میں انتقال فرمایا۔

۲۰۔م،د،س۔احمد بن جناب:

احمد بن جناب (جیم کے فتحہ اور نون کی تخفیف کے ساتھ) بن مغیرہ المصیصی ابوالولید دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے،اس نے ۲۳۰ھ میں انتقال فرمایا۔

۲۱۔م،د۔احمد بن جواس:

احمد بن جواس (جیم کے فتحہ اور واؤ کی تشدید کے ساتھ) حنفی،ابوعاصم کوفی دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے،اس نے ۲۳۸ھ میں انتقال فرمایا۔

۲۲۔تمییز۔احمد بن جواس استوائی ابوجعفر:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۳۔خ۔احمد بن حجاج بکری مروزی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے،اس نے۲۲۲ھ میں انتقال فرمایا۔

۲۴۔س۔احمد بن حرب:

احمد بن حرب بن محمد بن علی بن حیان بن مازن طائی موصلی دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے،اس نے۲۶۳ھ میں انتقال فرمایا اور نوے سال عمر پائی۔

۲۵۔خ،ت۔احمد بن حسن:

احمد بن حسن بن جنیدب ترمذی ابوالحسن گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے،اس نے تقریباً۲۵۰ھ میں انتقال فرمایا۔

۲۶۔م،ت۔احمد بن حسن بن خراش بغدادی ابوجعفر:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے،اس نے۲۴۲ھ میں انتقال فرمایا۔

۲۷۔خ،د،س۔احمد بن حفص بن عبداللہ:

احمد بن حفص بن عبداللہ بن راشد سلمی نیساپوری ابوعلی بن ابی عمرو گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے،اس نے ۲۵۸ھ میں انتقال فرمایا۔

۲۸۔س۔احمد بن حماد بن مسلم ابوجعفر مصری:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے،اس نے۲۹۶ھ میں انتقال فرمایا۔

۲۹۔خ،س۔احمد بن حمید طریثیثی ابوالحسن:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے،اس نے۲۲۰ھ میں انتقال فرمایا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۲۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

☆احمد بن حنبل:

احمد بن حنبل یہ ابن محمد بن حنبل ہیں۔(=۹۶)

☆احمد بن ابی الحواری:

احمد بن ابی الحواری یہ ابن عبداللہ بن میمون ہے۔(=۶۱)

۳۰۔ر،م۔احمد بن خالد بن موسیٰ وہبی کندی ابوسعید:

نویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے،اس نے ۲۴۱ھ میں انتقال فرمایا۔

۳۱۔تمییز،س۔احمد بن خالد خلال ابوجعفر بغدادی:

دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے،اس نے ۲۴۷ھ میں انتقال فرمایا۔

۳۲۔س۔احمد بن خلیل بغدادی:

احمد بن خلیل بغدادی ابوعلی تاجر نیشاپور میں سکونت پزیر ہونے والا گیارہویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے،اس نے ۲۸ھ میں انتقال فرمایا۔

۳۳۔تمییز۔احمد بن خلیل بن ثابت:

احمد بن خلیل بن ثابت بغدادی برجلانی ابوجعفر گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے،اس نے ۷۷ھ میں انتقال فرمایا۔

۳۴۔تمییز۔احمد بن خلیل بن حرب قومسی:

ابوحاتم نے کذب بیانی کی طرف اس کی نسبت کی ہے۔یہ گیارہویں طبقہ کا راوی ہے۔

۳۵۔ع۔احمد بن خلاد:

احمد بن خلاد،یزید بن ہارون سے روایت کرتا ہے۔اور یہ بھی احتمال موجود ہے کہ اس سے ابن خالد خلال مراد ہو اور وہ دسویں طبقہ کا راوی ہے۔

☆احمد بن ابی داؤد منادی:

یہ محمد بن عبیداللہ ہے اس کا ذکر محمد نام کے راویوں میں آئے گا۔(=۶۱۱۳)

☆احمد بن ابی رجاء مقری:

یہ ابن نصر ہے۔(=۱۱۸)

☆احمد بن ابی رجاء ہروی:

یہ ابن عبداللہ بن ایوب ہے۔(=۵۵)

☆احمد بن ابی سریج رازی:

یہ ابن صباح ہے۔(۵۰)

۳۶۔د،س۔احمد بن سعد بن حکم بن محمد بن سالم جمحی مصری ابوجعفر بن ابی مریم:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، اس نے ۵۳ھ میں انتقال فرمایا۔

۳۷۔خ،م،د،ت،س۔احمد بن سعید بن ابراہیم رباطی مروزی ابوعبداللہ اشقر:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے، اس نے ۴۶ھ میں انتقال فرمایا۔

۳۸۔د۔احمد بن سعید بن بشیر ہمدانی ابوجعفر مصری:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، اس نے ۵۳ھ میں انتقال فرمایا۔

۳۹۔خ،م،د،ت،ق۔احمد بن سعید بن صخر دارمی ابوجعفر سرخسی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے، اس نے ۵۳ھ میں انتقال فرمایا۔

۴۰۔م۔احمد بن سعید بن یزید بن ابراہیم تستری:

کہا گیا ہے کہ مسلم نے اس سے روایت کی ہے، یہ گیارہویں طبقہ کا راوی ہے۔

۴۱۔س۔احمد بن سعید بن یعقوب کندی ابوالعباس حمصی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆احمد بن سعید حرانی:

احمد بن سعید حرانی صحیح یہ ہے کہ یہ ابن ابی شعیب ہے۔(=۵۷)

☆احمد بن ابی السفر:

یہ احمد عبداللہ بن محمد ہے۔(=٦٠)

٤٢۔س۔احمد بن سفیان ابوسفیان نسائی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق، مصنف'' راوی ہے۔

☆احمد بن سلیمان مروزی:

یہ ابن ابی الطیب ہے۔(=٥١)

٤٣۔س۔احمد بن سلیمان بن عبدالملک:

احمد بن سلیمان بن عبدالملک ابوالحسین ہروی گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے۔اس کی وفات ۲۶۱ھ میں ہوئی۔

٤٤۔خ م، د، س، ق۔احمد بن سنان بن اسد:

احمد بن سنان بن اسد بن حبان ابوجعفر قطان واسطی گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے۔اس کی وفات ۲۵۹ھ میں ہوئی۔

٤٥۔س۔احمد بن سیار بن ایوب ابوالحسن مروزی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے۔اس کی وفات ۲٦۸ھ میں ہوئی۔

٤٦۔خ،خد،س۔احمد بن شبیب بن سعید حبطی ابوعبداللہ بصری:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔اس کی وفات ۲۲۹ھ میں ہوئی۔

٤٧۔احمد بن شعیب بن علی:

احمد بن شعیب بن علی بن سنان بن بحر بن دینار ابوعبدالرحمٰن نسائی ''حافظ صاحب سنن'' راوی ہیں ان کی وفات ۳۰۳ھ میں ہوئی اور انہوں نے اٹھاسی برس عمر پائی۔

٤٨۔خ، د۔احمد بن صالح مصری ابوجعفر ابن طبری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے۔قلیل الوہم ہونے کی وجہ سے نسائی نے ان کے بارے میں تکلم کیا ہے اور ابن

معین سے ان کا جھوٹا ہونا نقل کیا ہے اور ابن حبان نے یقین کے ساتھ یہ بات کہی ہے کہ ابن معین نے (ایک دوسرے راوی) احمد بن صالح شموسی کے بارے میں تکلم کیا ہے جسے نسائی نے ابن طبری سمجھ لیا ہے (جو کہ بالکل غلط ہے) ابن طبری نے ۷۸ برس عمر پا کر ۲۴۸ھ میں انتقال فرمایا۔

۴۹۔س۔احمد بن صالح بغدادی:

احمد بن صالح بغدادی گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔ یہ محمد بن صالح ملقب کیلجہ نہیں ہے۔

۵۰۔خ،د،س۔احمد بن صباح نہشلی:

احمد بن صباح نہشلی ابوجعفر ابن ابی سریج رازی مقری دسویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے اس سے غریب روایات بھی مروی ہیں۔ اس کی وفات ۲۴۰ھ کے بعد ہوئی۔

۵۱۔خ،ت۔احمد بن ابی الطیب:

احمد بن ابی الطیب سلیمان بغدادی ابوسلیمان المعروف مروزی دسویں طبقہ کا ''صدوق حافظ'' راوی ہے اس کی بیان کردہ روایات میں غلطیاں پائی جاتی ہیں جس کی وجہ سے ابوحاتم نے اسے ضعیف قرار دیا ہے اور صحیح بخاری میں اس سے صرف ایک ہی روایت متابعۃً نقل کی گئی ہے ۲۳۰ھ کے لگ بھگ اس نے وفات پائی۔

۵۲۔س۔احمد بن ابی طیبہ:

احمد بن ابی طیبہ عیسیٰ بن سلیمان بن دینار دارمی ابومحمد جرجانی دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، اس سے متفرد روایات مروی ہیں اس کی وفات ۲۰۳ھ میں ہوئی۔

۵۳۔ق۔احمد بن عاصم:

احمد بن عاصم بن عنبسہ عبادانی ابوصالح بغداد میں سکونت پذیر ہونے والا گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۴۔خ۔احمد بن عاصم ابومحمد بلخی:

گیارہویں طبقہ کا ''زاہد'' راوی ہے، ابوحاتم کو روایت حدیث میں اس کا حال معلوم نہیں ہوسکا صحیح بخاری میں کتاب الرقاق میں صرف ایک ہی مقام پر اس سے روایت لی گئی ہے۔ اس کی وفات ۲۲۷ھ میں ہوئی۔

۵۵۔خ۔احمد بن عبداللہ بن ایوب:

احمد بن عبداللہ بن ایوب ابوالولید بن ابی رجاء ہروی دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔اس کی وفات ۳۲ھ میں ہوئی۔

۵٦۔م،ت،س۔احمد بن عبداللہ بن حکم:

احمد بن عبداللہ بن حکم بن ابی فروہ ہاشمی المعروف ابن الکردی ابوالحسین بصری دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔اس کی وفات ۴۷ھ میں ہوئی۔

☆احمد بن عبداللہ غدانی:

اس کا ذکر ابن عبیداللہ کے تحت آئے گا۔(=٦۷)

۵۷۔خ،د،ت،س۔احمد بن عبداللہ بن ابی شعیب:

احمد بن عبداللہ بن ابی شعیب مسلم حرانی ابوالحسن مولی قریش دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے،اس کی وفات ۳۳ھ میں ہوئی۔

۵۸۔خ،د،س۔احمد بن عبداللہ بن علی:

احمد بن عبداللہ بن علی بن سوید بن منجوف ابوبکر سدوسی گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے،اس کی وفات ۵۲ھ میں ہوئی۔

۵۹۔س۔احمد بن عبداللہ بن علی:

احمد بن عبداللہ بن علی بن ابی المضاء مصیصی قاضی بارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے،اس کی وفات ۴۸ھ میں ہوئی۔

٦۰۔ت،س،ق۔احمد بن عبداللہ بن محمد:

احمد بن عبداللہ بن محمد بن عبداللہ بن ابی السفر سعید بن یُحمد (حاء کے ضمہ اور میم کے کسرہ کے ساتھ) ابوعبیدہ کوفی سچا اور نقل احادیث میں وہم کر جانے والا راوی ہے۔

٦۱۔د،ق۔احمد بن عبداللہ بن میمون:

احمد بن عبداللہ بن میمون بن عباس بن حارث تغلبی ابوالحسن ابن ابی الحواری دسویں طبقہ کا ''ثقہ زاہد'' راوی ہے،اس کی وفات ٦۴ھ میں ہوئی۔

۶۲۔ق۔احمد بن عبداللہ بن یوسف عرعری:

احمد بن عبداللہ بن یوسف عرعری گیارہویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۶۳۔ع۔احمد بن عبداللہ بن یونس:

احمد بن عبداللہ بن یونس بن عبداللہ بن قیس تمیمی یربوعی کوفی دسویں طبقہ کے کبار راویوں میں سے ''ثقہ حافظ'' راوی ہے، اس نے چورانوے برس زندگی پا کر ۲۷ھ میں انتقال فرمایا۔

۶۴۔(د)۔احمد بن عبدالجبار بن محمد:

احمد بن عبدالجبار بن محمد عطاردی ابوعمر کوفی دسویں طبقہ کا روایت حدیث میں ''ضعیف'' راوی ہے تاہم اس کا سماع للسیرۃ صحیح ہے، ابوداؤد کا اس کی روایت نقل کرنا ثابت نہیں ہے۔اس نے ۹۵ برس عمر پا کر ۲۷۲ھ میں انتقال فرمایا۔

۶۵۔ت،ق۔احمد بن عبدالرحمٰن بن بکار:

احمد بن عبدالرحمٰن بن بکار بن عبدالملک بن ولید بن بسر، ابوالولید بصری دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس پر بلادلیل جرح کی گئی ہے۔اس نے ۴۸ھ میں انتقال فرمایا۔

۶۶۔د۔احمد بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ:

احمد بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن سعد بن عثمان دمشقی مقری دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۷۔م۔احمد بن عبدالرحمٰن بن وہب:

احمد بن عبدالرحمٰن بن وہب بن مسلم مصری کی کنیت ابوعبیداللہ ہے اور یہ گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم آخر عمر میں اس کا حافظہ بگڑ گیا تھا۔اس نے ۶۴ھ میں انتقال فرمایا۔

۶۸۔ق۔احمد بن عبدالرحمٰن مخزومی:

احمد بن عبدالرحمٰن مخزومی گیارہویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۶۹۔خ،س،ق۔احمد بن عبدالملک بن واقد:

احمد بن عبدالملک بن واقد حرانی ابویحیی اسدی دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس پر بلادلیل جرح کی گئی ہے۔

۷۰۔ د، س۔ احمد بن عبدالواحد بن واقد:

احمد بن عبدالواحد بن واقد تمیمی المعروف ابن عبود دمشقی گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس کی وفات ۲۴۵ھ میں ہوئی۔

۷۱۔ تمییز۔ احمد بن عبدالواحد بن سلیمان:

احمد بن عبدالواحد بن سلیمان رقی ابو جعفر گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۲۔ تمییز۔ احمد بن عبدالواحد بن یزید:

احمد بن عبدالواحد بن یزید عقیلی جوبری بارہویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے اس نے ۳۰۵ھ میں انتقال کیا۔

۷۳۔ س۔ احمد بن عبدالوہاب بن نجدہ:

احمد بن عبدالوہاب بن نجدہ حوطی کی کنیت ابوعبداللہ ہے اور یہ گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس نے ۲۹۷ھ میں انتقال فرمایا۔

۷۴۔ م، ۴۔ احمد بن عبدہ بن موسیٰ:

احمد بن عبدہ بن موسیٰ ضبی ابوعبداللہ بصری دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس پر ناصبی ہونے کا طعن کیا گیا ہے اس نے ۲۴۵ھ میں انتقال فرمایا۔

۷۵۔ د، ت۔ احمد بن عبدہ آملی:

احمد بن عبدہ آملی کی کنیت ابوجعفر ہے یہ گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۶۔ خ، د۔ احمد بن عبیداللہ بن سہیل:

احمد بن عبیداللہ بن سہیل بن صخر غدانی بصری کی کنیت ابوعبداللہ ہے یہ دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس نے ۲۴۰ھ میں انتقال فرمایا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۴۰ھ کے بعد انتقال کیا۔

۷۷۔ ت، س۔ احمد بن ابی عبیداللہ:

احمد بن ابی عبیداللہ بشر سلیمی وراق بصری کی کنیت ابوعبداللہ ہے یہ دسویں طبقہ کا ثقہ راوی ہے اس نے ۲۴۰ھ کے بعد انتقال فرمایا۔

۷۸۔(د)احمد بن عبید بن ناصح:

احمد بن عبید بن ناصح ابوجعفر نحوی المعروف ابوعصیدہ گیارہویں طبقہ کا ''روایت حدیث میں کمزور'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ ابوداؤد نے اس سے حدیث نقل کی ہے، اس نے ۲۷۰ھ کے بعد انتقال فرمایا۔

۷۹۔خ،م،س،ق۔احمد بن عثمان بن حکیم:

احمد بن عثمان بن حکیم اودی ابوعبداللہ کوفی گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۶۱ھ میں فوت ہوا۔

۸۰۔م،ت،س۔احمد بن عثمان بن ابی عثمان:

احمد بن عثمان بن ابی عثمان عبدالنور بن عبداللہ بن سنان نوفلی کی کنیت ابوعثمان بصری اور لقب ابوالجوزاء ہے یہ گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۴۶ھ میں فوت ہوا۔

۸۱۔س۔احمد بن علی بن سعید:

احمد بن علی بن سعید بن ابراہیم مروزی ابوبکر قاضی بارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۲۹۳ھ میں فوت ہوا۔

☆احمد بن علی منجوفی:

یہ احمد بن عبداللہ ہے اس کا ذکر گزر چکا ہے۔(=۵۸)

۸۲۔د۔احمد بن علی نمیری:

مسجد سلمیہ کا امام احمد بن علی نمیری نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، ازدی نے بلا دلیل اسے ضعیف کہا ہے۔

۸۳۔م۔احمد بن عمر بن حفص:

احمد بن عمر بن حفص بن جہم بن واقد کندی وکیعی ابوجعفر جلاب دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۳۵ھ میں فوت ہوا۔

۸۴۔خ۔احمد بن عمر حمیری:

احمد بن عمر حمیری ابوجعفر بغدادی مخرمی المعروف بحمدان گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۸ھ میں فوت ہوا۔

۸۵۔م،د،س،ق۔احمد بن عمرو بن عبداللہ:

احمد بن عمرو بن عبداللہ بن عمرو بن سرح ابوطاہر مصری دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۵۰ھ میں فوت ہوا۔

☆ احمد بن ابی عمرو ابوالعباس قلوری:

اس کا ذکر کنیتوں میں آئے گا۔ (=۸۲۰۴)

☆ احمد بن ابی عمرو سلمی:

یہ ابن حفص ہے اس کا ذکر گزر چکا۔ (=۲۷)

۸۶۔ خ،م،س،ق۔ احمد بن عیسیٰ بن حسان:

احمد بن عیسیٰ بن حسان مصری المعروف ابن تستری دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس کی بعض سماعت پر اعتراض کیا گیا ہے خطیب کہتے ہیں کہ یہ اعتراض بلا دلیل ہے، یہ ۴۳ھ میں فوت ہوا۔

۸۷۔ تمییز۔ احمد بن عیسیٰ تیمی مصری:

احمد بن عیسیٰ تیمی مصری گیارہویں طبقہ کا روایت حدیث میں ''غیرقوی'' راوی ہے ۷۳ھ میں فوت ہوا۔

۸۸۔ د۔ احمد بن فرات بن خالد:

احمد بن فرات بن خالد ضبی ابومسعود رازی اصبہان میں سکونت پزیر ہونے والا گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے اس پر کسی مستند دلیل کے بغیر ہی جرح کردی گئی ہے۔ ۵۸ھ میں فوت ہوا۔

۸۹۔ س۔ احمد بن فضالہ:

احمد بن فضالہ ابومنذر نسائی گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم بسا اوقات غلطی کرجاتا ہے ۵۷ھ میں فوت ہوا۔

۹۰۔ د۔ احمد بن محمد بن ابراہیم:

احمد بن محمد بن ابراہیم ابی ابوبکر عطار گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۷۱ھ میں فوت ہوا۔

۹۱۔ تمییز۔ احمد بن محمد بن ابراہیم:

احمد بن محمد بن ابراہیم ابن بنت حاتم تمیمی مروزی بغداد میں سکونت پزیر ہونے والا گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۸۲ھ میں فوت ہوا۔

۹۲۔ د۔ احمد بن محمد بن احمد:

احمد بن محمد بن احمد بن محمد بن ابی خلف بغدادی دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۳۳ھ میں فوت ہوا۔

۹۳۔د۔احمد بن محمد بن ایوب:

احمد بن محمد بن ایوب صاحب مغازی دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم اس میں غفلت پائی جاتی ہے یہ بات امام احمد بن حنبل نے کہی ہے۔ یہ ۲۲۸ھ میں فوت ہوا۔

۹۴۔د۔احمد بن محمد بن ثابت:

احمد بن محمد بن ثابت بن عثمان خزاعی ابوالحسن ابن شبویہ دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۳۰ھ میں فوت ہوا۔

۹۵۔س۔احمد بن محمد بن جعفر:

احمد بن محمد بن جعفر طرطوسی بارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، ابن عساکر نے کہا ہے کہ یہ محمد بن احمد بن جعفر ہے اور ابن یونس نے اس کے علاوہ کسی دوسرے راوی کا ذکر نہیں کیا۔

۹۶۔ع۔احمد بن محمد بن حنبل:

احمد بن محمد بن حنبل بن ہلال بن اسد شیبانی مروزی ابوعبداللہ بغداد میں سکونت پذیر ہونیوالا دسویں طبقہ کا ''احد الائمہ، ثقہ حافظ فقیہ حجۃ'' راوی ہے اس نے ۷۷ برس عمر پا کر ۲۴۱ھ میں انتقال کیا۔

۹۷۔س۔احمد بن محمد بن عبیداللہ بن ابی رجاء:

احمد بن محمد بن عبیداللہ بن ابی رجاء ثغری ابوجعفر نجار طرطوسی گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۹۸۔قد۔احمد بن محمد بن معلّٰی:

احمد بن محمد بن معلّٰی ادمی بصری ابوبکر گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۹۹۔س۔احمد بن محمد بن مغیرہ:

احمد بن محمد بن مغیرہ بن سنان ازدی حمصی گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۶۴ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۰۔خ،ت،س۔احمد بن محمد بن موسیٰ:

احمد بن محمد بن موسیٰ ابوالعباس سمسار المعروف مردویہ دسویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۲۳۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۱۔ت۔احمد بن محمد بن نیزک:

احمد بن محمد بن نیزک بن حبیب بغدادی ابوجعفر طوسی گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم اس کے حافظہ میں

قدرے کمزوری پائی جاتی ہے ۴۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۲۔تمییز۔احمد بن محمد بن نیرک:

احمد بن محمد بن نیرک بن صالح ہمدانی ابوالعباس قومسی گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۷۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۳۔س۔احمد بن محمد بن ہانی:

احمد بن محمد بن ہانی ابوبکر اثرم گیارہویں طبقہ کا "ثقہ حافظ صاحب تصانیف" راوی ہے ابن قانع کے بیان کے مطابق ۷۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۴۔خ۔احمد بن محمد بن ولید بن عقبہ:

احمد بن محمد بن ولید بن عقبہ بن ازرق بن عمرو غسانی ابومحمد وابوالولید دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۷۱ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۷۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۵۔تمییز۔احمد بن محمد بن عون:

احمد بن محمد بن عون قواس ابوالحسن مقری دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے تاہم اس سے اوہام سرزد ہوئے ہیں ۴۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۶۔ق۔احمد بن محمد بن یحیٰ:

احمد بن محمد بن یحیٰ بن سعید قطان ابوسعید بصری گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۵۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۷۔س۔احمد بن مصرف بن عمرو:

احمد بن مصرف بن عمرو یامی کوفی گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۱۰۸۔س۔احمد بن معلّٰی بن یزید:

احمد بن معلّٰی بن یزید اسدی دمشقی ابوبکر بارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۸۶ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۹۔د،س۔احمد بن مفضل حفری:

احمد بن مفضل حفری ابوعلی کوفی نودیں طبقہ کا "صدوق شیعی" راوی ہے تاہم اس کے حافظہ میں کمزوری پائی جاتی ہے ۱۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۰۔خ،ت،س،ق۔احمد بن مقدام ابو الاشعث عجلی:

احمد بن مقدام ابو الاشعث عجلی بصری دسویں طبقہ کا ''صدوق صاحب حدیث'' راوی ہے ابوداؤد نے اس کی مروت میں طعن کیا ہے یہ ۲۵۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۱۔م۔احمد بن منذر بن جارود بصری ابوبکر قزاز گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی حدیث ہے۔

۱۱۲۔م۔احمد بن منصور بن راشد:

احمد بن منصور بن راشد حنظلی مروزی (اس کا لقب زاج ہے) گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۳۔ق۔احمد بن منصور بن سیار:

احمد بن منصور بن سیار بغدادی رمادی ابوبکر گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے قرآن کے غیر مخلوق ہونے میں اس کے مذہب توقف کی بناء پر ابوداؤد نے اس پر طعن کیا ہے۔اس نے ۸۳ھ برس عمر پا کر ۲۶۵ھ میں انتقال کیا۔

۱۱۴۔ع۔احمد بن منیع بن عبدالرحمٰن:

احمد بن منیع بن عبدالرحمٰن ابوجعفر بغوی اصم دسویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے عمر ۸۴ برس ۲۴۴ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۵۔ق۔احمد بن موسیٰ بن معقل:

احمد بن موسیٰ بن معقل مصری مقریٔ بارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، حافظ مزی نے اس راوی کا ذکر نہیں کیا جبکہ سنن ابن ماجہ میں اس سے کتاب الطہارۃ میں روایت موجود ہے۔

۱۱۶۔س۔احمد بن ناصح مصیصی ابوعبداللہ:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۱۷۔ت،س۔احمد بن نصر بن زیاد:

احمد بن نصر بن زیاد نیشاپوری زاہد مقریٔ ابوعبداللہ ابن ابی جعفر گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ فقیہ حافظ'' راوی ہے ۲۴۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۸۔س۔احمد بن نصر بن شاکر:

احمد بن نصر بن شاکر دمشقی ابوالحسن ابن ابی رجاء بارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۹۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۹۔ل۔احمد بن نصر بن مالک:

احمد بن نصر بن مالک بن ہیثم خزاعی ابوعبداللہ دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، اسے ۲۳۱ھ میں ظلماً قتل کر دیا گیا تھا۔

۱۲۰۔خ۔احمد بن نضر بن عبدالوہاب:

احمد بن نضر بن عبدالوہاب نیشاپوری ابوالفضل گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے۔

۱۲۱۔س۔احمد بن نفیل سکونی کوفی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۲۲۔ل۔احمد بن ہاشم:

احمد بن ہاشم بن ابی العباس رملی دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم اس کے حافظہ میں قدرے کمزوری پائی جاتی ہے۔

۱۲۳۔س۔احمد بن ہیثم بن حفص:

احمد بن ہیثم بن حفص ثغری قاضی طرطوس بارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۲۴۔س۔احمد بن یحیی بن زکریا:

احمد بن یحیی بن زکریا اودی ابوجعفر کوفی گیارہویں طبقہ کا ''عابد، ثقہ'' راوی ہے ۲۶۴ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۵۔س۔احمد بن یحیی بن محمد:

احمد بن یحیی بن محمد بن کثیر حرانی بارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۲۶۔د،س۔احمد بن یحیی بن وزیر:

احمد بن یحیی بن وزیر بن سلیمان تجیبی ابوعبداللہ مصری گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بعمر چورانوے برس ۲۶۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۷۔خ۔احمد بن یزید بن ابراہیم:

احمد بن یزید بن ابراہیم بن ورتنیس ابوالحسن حرانی دسویں طبقہ کا راوی ہے ابوحاتم نے اسے ''ضعیف'' کہا

ہے، بخاری نے اس سے صرف ایک حدیث متابعۃً روایت کی ہے۔

۱۲۸۔ق۔احمد بن یزید بن روح:

احمد بن یزید بن روح داری فلسطینی بارہویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۱۲۹۔خ۔احمد بن یعقوب:

احمد بن یعقوب مسعودی ابو یعقوب یا ابو عبداللہ کوفی نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، ۲۱۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۱۳۰۔م،د،س،ق۔احمد بن یوسف بن خالد:

احمد بن یوسف بن خالد ازدی ابوالحسن نیشاپوری المعروف بحمدان گیارہویں طبقہ کا ''حافظ ثقہ'' راوی ہے بعمر ۸۰ سال ۲۶۴ھ میں فوت ہوا۔

☆احمد بن یونس:

یہ ابن عبداللہ ہے دادا کی طرف نسبت کر دی گئی ہے۔(=۶۳)

☆خ۔احمد:

بہز سے روایت کرتا ہے اور یہ ابن سعید بن صخر ہے۔(=۳۹)

☆خ۔احمد:

انصاری سے روایت کرتا ہے اور یہ ابن محمد بن حنبل ہے۔(=۹۶)

☆خ۔احمد:

ابن وہب سے روایت کرتا ہے اور یہ ابن صالح یا ابن عیسیٰ ہے۔(=۴۵،۱۲۰)

☆خ۔احمد:

عبیداللہ بن معاذ سے روایت کرتا ہے اور یہ ابن نضر ہے۔(=۱۲۰)

☆خ۔احمد:

محمد مقدمی سے روایت کرتا ہے اور یہ ابن نضر یا ابن سیار ہے۔(=۴۵،۱۲۰)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ابراہیم تک حرف الف سے شروع ہونے والے باقی راویوں کا ذکر

۱۳۱۔ت،س۔ابواللحم:

ابواللحم ''غفاری صحابی'' ہیں کہا جاتا ہے کہ ان کا نام خلف تھا اس کے علاوہ بھی ان کے نام ذکر کیے گئے ہیں یہ غزوہ حنین میں شہید ہوئے تھے۔

۱۳۲۔خ،خد،ت،س،ق۔آدم بن ابی ایاس:

آدم بن ابی ایاس عبدالرحمٰن عسقلانی ابوالحسن نویں طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۲۲۱ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۳۔م،ت،س۔آدم بن سلیمان قرشی کوفی:

یحییٰ کا والد ہے اور ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۳۴۔خ،س۔آدم بن علی عجلی شیبانی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۳۵۔ت۔ابان بن اسحاق اسدی نحوی کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، ازدی نے بغیر کسی دلیل کے اس پر جرح کی ہے۔

۱۳۶۔م،۴۔ابان بن تغلب ابوسعد کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس کے شیعہ ہونے کی وجہ سے اس پر تکلم کیا گیا ہے ۱۴۰ھ میں فوت ہوا۔

☆مد۔ابان بن سلمان:

ابن جریج کا شیخ ہے صحیح یہ ہے کہ یہ راوی زبان ہے اس کا ذکر آئے گا۔ (=۱۹۸۴)

۱۳۷۔ خت، ۴۔ ابان بن صالح بن عمیر بن عبید قرشی:

یہ پانچویں طبقہ کا راوی ہے اسے ائمہ نے ''ثقہ'' کہا ہے اور ابن حزم نے وہم کا شکار ہوکر اسے ''مجہول'' اور ابن عبدالبر نے ''ضعیف'' کہا ہے۔ عمر پچپن سال ۱۱۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۱۳۸۔ م، س، ق۔ ابان بن صمعہ انصاری بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے آخر عمر میں اس کا حافظہ بگڑ گیا تھا صحیح مسلم میں اس کی متابعۃ حدیث موجود ہے ۱۵۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۹۔ د۔ ابان بن طارق بصری:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۱۴۰۔ ۴۔ ابان بن عبداللہ بن ابی حازم:

ابان بن عبداللہ بن ابی حازم بن صخر بن عیلہ بجلی احمسی کوفی ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم اس کے حافظہ میں قدرے کمزوری پائی جاتی ہے ابوجعفر کے دور خلافت میں فوت ہوا۔

۱۴۱۔ بخ، م، ۴۔ ابان بن عثمان بن عفان اموی ابوسعید مدنی:

اسے ابوعبداللہ بھی کہا گیا ہے یہ تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۲۔ د۔ ابان بن ابی عیاش فیروز بصری ابواسماعیل عبدی:

پانچویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ۱۴۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۱۴۳۔ خ، م، د، ت، س۔ ابان بن یزید عطار بصری ابویزید:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس سے منفرد روایات مروی ہیں ۱۶۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

ابراہیم نام کے راویوں کا ذکر

۱۴۴۔ بخ، ت۔ ابراہیم بن ادہم بن منصور عجلی ابو اسحاق بلخی:

اسے تمیمی بھی کہا گیا ہے یہ آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۵۔ م، د، ت۔ ابراہیم بن اسحاق بن عیسیٰ بنانی ابو اسحاق طالقانی:

بعض دفعہ اس کی اس کے دادا کی طرف بھی نسبت کردی جاتی ہے یہ مرو میں سکونت پذیر ہوگیا۔ نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غریب احادیث بیان کرتا ہے ۱۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۶۔ ت، س۔ ابراہیم بن اسماعیل بن ابی حبیبہ انصاری اشہلی ابو اسماعیل مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے عمر ۸۲ سال ۱۶۵ھ میں فوت ہوا۔

☆ ابراہیم بن اسماعیل بن رزین:

ابن سیمان میں اس کا ذکر آنے گا۔ (=۱۸۱)

۱۴۷۔ د۔ ابراہیم بن اسماعیل بن عبدالملک بن ابی محذورہ:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے اور ازدی نے اسے ''ضعیف'' قرار دیا ہے۔

۱۴۸۔ خت، ق۔ ابراہیم بن اسماعیل بن مجمع انصاری ابو اسحاق مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۴۹۔ ت۔ ابراہیم بن اسماعیل بن یحیٰ بن سلمہ بن کہیل حضرمی ابو اسحاق کوفی:

گیارہویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۵۹ھ میں فوت ہوا۔

۱۵۰۔ س۔ ابراہیم بن اسماعیل صائغ:

آٹھویں طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۱۵۱۔د،ق۔ ابراہیم بن اسماعیل یشکری:

اسے حبان بھی کہا گیا ہے یہ آٹھویں طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۱۵۲۔د،ق۔ ابراہیم بن اسماعیل:

اسے اسماعیل بن ابراہیم حجازی بھی کہا جاتا ہے تیسرے طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۱۵۳۔د۔ ابراہیم بن ابی اسید برادمدنی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۵۴۔ق۔ ابراہیم بن اعین شیبانی عجلی بصری:

مصر میں سکونت پزیر ہونیوالا نوویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۵۵۔د،ت۔ ابراہیم بن بشار رمادی ابواسحاق بصری:

دسویں طبقہ کا ''حافظ'' راوی ہے اس سے اوہامات سرزد ہوئے ہیں ۳۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۱۵۶تمییز۔ ابراہیم بن بشار خراسانی:

یہ ابراہیم بن ادہم کا شاگرد ہے اور دسویں طبقہ کا راوی ہے ابن حبان نے اسے ''ثقہ'' کہا ہے۔

۱۵۷۔س۔ ابراہیم بن ابی بکر مکی اخنسی:

اسے ابراہیم بن بکیر بن ابی امیہ بھی کہا جاتا ہے۔ یہ چھٹے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

☆ابراہیم بن ابی بکر بن ابی شیبہ:

یہ ابن عبداللہ ہے اس کا ذکر آئے گا۔(=۲۰۰)

۱۵۸۔د،س،ق۔ ابراہیم بن جریر بن عبداللہ بجلی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس نے اپنے والد سے سماع نہیں کیا اور ان سے معنعن روایات بیان کی ہیں تاہم اس کی ایک روایت میں بصیغہ تحدیث سماع کی صراحت آئی ہے مگر وہ بلغیرہ ہے۔

☆ابراہیم بن جمیل:

یہ ابن موسیٰ ہے جس کا ذکر آگے آئے گا۔ (=۲۵۸)

۱۵۹۔ خ، کد۔ ابراہیم بن حارث بن اسماعیل بغدادی ابواسحاق:

نیشاپور میں سکونت پذیر ہونے والا گیارہویں طبقہ کا ”صدوق“ راوی ہے ۲۶۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۶۰۔ ل۔ ابراہیم بن حارث بن مصعب بن ولید بن عبادہ بن صامت:

بارہویں طبقہ کا ”صدوق“ راوی ہے۔

۱۶۱۔ س۔ ابراہیم بن حبیب بن شہید ازدی ابواسحاق بصری:

نویں طبقہ کا ”ثقہ“ راوی ہے ۲۰۳ھ میں فوت ہوا۔

☆ابراہیم بن ابی حبیبہ:

یہ ابن اسماعیل ہے اس کا ذکر گزر چکا۔ (=۱۴۹)

۱۶۲۔ س۔ ابراہیم بن حجاج بن زید سامی ابواسحاق بصری

دسویں طبقہ کا ”ثقہ قلیل الوہم“ راوی ہے ۲۳۱ھ یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۱۶۳۔ تمییز۔ ابراہیم بن حجاج نیلی ابواسحاق بصری:

دسویں طبقہ کا ”صدوق“ راوی ہے ۲۳۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۶۴۔ و، س۔ ابراہیم بن حسن بن ہیثم نخعی ابواسحاق مصیصی مقسمی:

گیارہویں طبقہ کا ”ثقہ“ راوی ہے۔

۱۶۵۔ تمییز۔ ابراہیم بن حسن بن نجیح باہلی مقری بصری:

دسویں طبقہ کا ”ثقہ“ راوی ہے ۲۳۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۶۶۔ فق۔ ابراہیم بن حکم بن ابان عدنی:

نویں طبقہ کا ”ضعیف“ راوی ہے مرسل روایت کو موصولاً بیان کرتا ہے۔

۱۶۷۔د۔ابراہیم بن حمزہ بن سلیمان بن ابی یحیٰ رملی بزاز ابواسحاق:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۶۸۔خ،د،س۔ابراہیم بن حمزہ بن محمد:

ابراہیم بن حمزہ بن محمد بن حمزہ بن مصعب بن عبداللہ بن زبیر زبیری مدنی ابواسحاق دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۳۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۶۹۔خ،م،مد،ت،س۔ابراہیم بن حمید بن عبدالرحمٰن رؤاسی ابواسحاق کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۷۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۰۔تمییز۔ابراہیم بن حمید بن عبدالرحمٰن بن عوف زہری:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ابن حبان کے بیان کے مطابق پہلے راوی کی طرح یہ بھی ۱۷۰ھ میں فوت ہوا۔

☆ابراہیم بن حنین:

یا ابن عبداللہ بن حنین ہے عنقریب اس کا ذکر آرہا ہے۔(=۱۹۵)

۱۷۱۔د،س۔ابراہیم بن خالد صنعانی مؤذن:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۰۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۲۔د،ق۔ابراہیم بن خالد بن ابی الیمان کلبی ابوثور فقیہ صاحب الشافعی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۴۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۳۔م۔ابراہیم بن خالد یشکری:

کہا گیا ہے کہ یہ ابوثور ہے جبکہ ابن خلفون نے اس کے ابوثور ہونے کا انکار کیا ہے یہ گیارہویں طبقہ کا راوی ہے۔

۱۷۴۔م۔ابراہیم بن دینار بغدادی ابواسحاق تمار:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۳۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۵۔م،د،س۔ابراہیم بن زیاد بغدادی المعروف سبلان:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۲۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۶۔د۔ابراہیم بن سالم بن ابی امیہ:

ابراہیم بن سالم بن ابی امیہ۔تیمی مدنی ابواسحاق المعروف بردان چھٹے طبقہ کا''صدوق'' راوی ہے۱۵۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۷۔ع۔ابراہیم بن سعد بن ابراہیم:

ابراہیم بن سعد بن ابراہیم بن عبدالرحمن بن عوف زہری ابواسحاق مدنی بغداد میں سکونت پذیر ہونیوالا آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ حجۃ'' راوی ہے اس پر بغیر کسی جرح قادح کے تکلم کیا گیا ہے۱۸۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۸۔خ،م،س،ق۔ابراہیم بن سعد بن ابی وقاص زہری مدنی:

تیسرے طبقہ کا''ثقہ'' راوی ہے۱۰۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۱۷۹۔م،۴۔ابراہیم بن سعید جوہری ابواسحاق طبری:

بغداد میں سکونت پذیر ہونے والا دسویں طبقہ کا''ثقہ حافظ'' راوی ہے اس پر بلادلیل جرح کی گئی ہے۲۵۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۱۸۰۔د۔ابراہیم بن سعید مدنی ابواسحاق:

ساتویں طبقہ کا''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۱۸۱۔ق۔ابراہیم بن سلیمان بن رزین ابواسماعیل مؤدب اردنی:

بغداد میں سکونت پذیر ہونیوالا یہ راوی اپنے کنیت سے مشہور ہے اورنوویں طبقہ کا''صدوق'' راوی ہے غریب حدیثیں بیان کرتا ہے۔اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے والد کا نام اسماعیل ہے۔

۱۸۲۔ت،ق۔ابراہیم بن سلیمان افطس دمشقی:

آٹھویں طبقہ کا''ثقہ مضبوط'' راوی ہے تاہم مرسل احادیث بیان کرتا ہے۔

۱۸۳۔خ،د۔ابراہیم بن سوید بن حیان مدنی:

آٹھویں طبقہ کا''ثقہ غریب احادیث بیان کرنیوالا'' راوی ہے۔

۱۸۴۔م،۴۔ابراہیم بن سوید نخعی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے نسائی کا اسے ''ضعیف'' قرار دینا ثابت نہیں۔

☆ابراہیم بن ابی سوید ذارع:

یہ ابن فضل ہے اس کا ذکر آئے گا۔(=۲۲۹)

۱۸۵۔ل،فق۔ابراہیم بن شماس غازی ابواسحاق سمرقندی:

بغداد میں سکونت پزیر ہونیوالا دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۱ھ میں فوت ہوا۔

☆ابراہیم بن شمر:

یہ ابن ابی عبلہ ہے۔(=۲۱۳)

۱۸۶۔د۔ابراہیم بن صالح بن درہم باہلی ابو محمد بصری:

نویں طبقہ کا راوی ہے اس میں ''قدرے ضعف'' پایا جاتا ہے۔

۱۸۷۔ت۔ابراہیم بن صدقہ بصری:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۸۸۔مد۔ابراہیم بن طریف شامی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے اوزاعی اس سے روایت کرنے میں متفرد ہیں اور اس کی توثیق کی گئی ہے۔

۱۸۹۔ع۔ابراہیم بن طہمان خراسانی ابوسعید:

پہلے نیشاپور میں پھر مکہ مکرمہ میں سکونت پزیر ہونے والا ساتویں طبقہ کا ''ثقہ غریب احادیث بیان کرنیوالا'' راوی ہے ارجاء کی وجہ سے اس پر تکلم کیا گیا ہے اور کہا جاتا ہے کہ اس نے ارجاء سے رجوع کرلیا تھا ۶۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۰۔د،س۔ابراہیم بن عامر بن مسعود بن امیہ بن خلف جمحی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۹۱۔س۔ابراہیم بن ابی العباس سامری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے آخر عمر میں اس کا حافظہ بگڑ گیا تھا اور اس نے کوئی حدیث بیان نہیں کی۔

۱۹۲۔س۔ابراہیم بن عبداللہ بن احمد خلال مروزی ابواسحاق:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۴۱ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۳۔ت،ق۔ابراہیم بن عبداللہ بن حاتم ہروی ابواسحاق:

بغداد میں سکونت پزیر ہونیوالا دسویں طبقہ کا ''صدوق حافظ'' راوی ہے قرآن کو مخلوق کہنے کی وجہ سے اس پر کلام کیا گیا ہے عمر ۷۶ سال ۲۴۴ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۴۔ت۔ابراہیم بن عبداللہ بن حارث بن حاطب جمحی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے مرسل احادیث بیان کرتا ہے۔

۱۹۵۔ع۔ابراہیم بن عبداللہ بن حنین ہاشمی مدنی ابواسحاق:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۱۹۶۔س۔ابراہیم بن عبداللہ بن عبد قاری:

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مرسل روایات بیان کرتا ہے تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۹۷۔بخ،م،د،س،ق۔ابراہیم بن عبداللہ بن قارظ:

کہا گیا ہے کہ یہ عبداللہ بن ابراہیم بن قارظ ہے اور جس نے انہیں الگ الگ دوراوی سمجھ رکھا ہے وہ وہم کا شکار ہے۔یہ تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۹۸۔ت۔ابراہیم بن عبداللہ بن قریم انصاری قاضی مدینہ:

دسویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۱۹۹۔م،س،ق۔ابراہیم بن ابی موسی اشعری:

اسے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو دیکھنے کا شرف حاصل ہے مگر چند صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے سوا کسی سے اس کا سماع

ثابت نہیں۔ عجلی نے اسے "ثقہ" کہا ہے ۷۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۲۰۰۔س،ق۔ابراہیم بن ابی بکر عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ عبسی ابوشیبہ کوفی:

گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۲۶۵ھ میں فوت ہوا۔

۲۰۱۔م،د،س،ق۔ابراہیم بن عبداللہ بن معبد:

ابراہیم بن عبداللہ بن معبد بن عباس بن عبدالمطلب ہاشمی مدنی تیسرے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۲۰۲۔ت۔ابراہیم بن عبداللہ بن منذر صنعانی:

گیارہویں طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۲۰۳۔م،د،س،ق۔ابراہیم بن عبدالاعلی جعفی کوفی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۲۰۴۔خ،د،س۔ابراہیم بن عبدالرحمٰن سکسکی ابواسماعیل کوفی:

پانچویں طبقہ کا "صدوق کمزور حافظے والا" راوی ہے۔

۲۰۵۔خ،س،ق۔ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن ابی ربیعہ مخزومی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۰۶۔خ،م،د،س،ق۔ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف زہری:

کہا گیا ہے کہ اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے، یعقوب بن ابی شیبہ نے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے اس کا سماع ثابت کیا ہے ۹۵ھ میں فوت ہوا یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۹۶ھ میں فوت ہوا۔

۲۰۷۔د،ت،س۔ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن مہدی بصری:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے اس سے منکر احادیث بھی مروی ہیں۔

۲۰۸۔ت۔ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن یزید بن امیہ مدنی:

ساتویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۲۰۹۔ق۔ابراہیم بن عبدالسلام بن عبداللہ بن باباہ مخزومی مکی:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۲۱۰۔تمییز،ت،س۔ابراہیم بن عبدالعزیز بن عبدالملک:

ابراہیم بن عبدالعزیز بن عبدالملک بن ابی محذورہ جمحی مکی کی کنیت ابواسماعیل ہے ساتویں طبقہ کا ''صدوق خطاء کار'' راوی ہے۔

۲۱۱۔س۔ابراہیم بن عبدالعزیز بن مروان بن شجاع حرانی:

گیارھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۱۲۔ت،س۔ابراہیم بن عبدالملک بصری ابواسماعیل قناد:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم اس کے حافظہ میں قدرے کمزوری پائی جاتی ہے۔

۲۱۳۔خ،م،د،س،ق۔ابراہیم بن ابوعبلہ شمر بن یقظان شامی،ابواسماعیل:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۵۲ھ میں فوت ہوا۔

۲۱۴۔م۔ابراہیم بن عبید بن رفاعہ بن رافع:

ابراہیم بن عبید بن رفاعہ بن رافع بن مالک بن عجلان زرقی انصاری مدنی چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۱۵۔ت،ق۔ابراہیم بن عثمان عبسی ابوشیبہ کوفی قاضی واسط:

اپنی کنیت سے مشہور ہے،ساتویں طبقہ کا ''متروک الحدیث'' راوی ہے ۶۹ھ میں فوت ہوا۔

۲۱۶۔د،ق۔ابراہیم بن عطاء بن ابی میمونہ بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۱۷۔م،د،س،ق۔ابراہیم بن عقبہ بن ابوعیاش اسدی مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۱۸۔د۔ابراہیم بن عقیل بن معقل صنعانی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۱۹۔ق۔ابراہیم بن علی بن حسن بن ابورافع مدنی:

بغداد میں سکونت پزیر ہونیوالا نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۲۲۰۔د،س۔ابراہیم بن عمر بن کیسان صنعانی (صنعاء یمن) ابواسحاق:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۲۱۔د،ت۔ابراہیم بن عمر بن سفینہ:

اس کا لقب بریہ ہے جو کہ ابراہیم کی تصغیر ہے۔ساتویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۲۲۲۔خ،۴۔ابراہیم بن عمر بن مطرف ہاشمی:

ابراہیم بن عمر بن مطرف ہاشمی، ابواسحاق بن ابوالوزیر کی بصرہ میں رہائش پزیر ہونے والا نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۲۳۔ت۔ابراہیم بن عمر صنعانی (صنعاء یمن):

یہ ایک دوسرا دسویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۲۲۴۔مد۔ابراہیم بن عمرو صنعانی (صنعاء دمشق):

اسے ابن عمر بھی کہا جاتا ہے ساتویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۲۲۵۔ت۔ابراہیم بن ابوعمرو غفاری مدنی:

آٹھویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۲۲۶۔د۔ابراہیم بن علاء بن ضحاک:

ابراہیم بن علاء بن ضحاک بن مہاجر ابن عبدالرحمٰن زبیدی حمصی المعروف ابن زبریق دسویں طبقہ کا راوی ہے اس سے درست (صحیح) احادیث مروی ہیں سوائے ایک حدیث کے کہا جاتا ہے کہ اس کے بیٹے محمد نے اسے اس پر داخل کیا ہے عمر ۸۳ سال ۲۳۵ھ میں فوت ہوا۔

۲۲۷۔د،س،ق۔ابراہیم بن عیینہ بن ابوعمران ہلالی کوفی:

ابواسحاق ابراہیم بن عیینہ بن ابوعمران ہلالی کوفی، سفیان بن عیینہ کا بھائی ہے اور آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے

تاہم وہم کا شکار ہو جاتا ہے ۲۰۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۲۲۸۔ت،ق۔ابو اسحاق ابراہیم بن فضل مخزومی مدنی:

اسے ابراہیم بن اسحاق بھی کہا جاتا ہے، آٹھویں طبقہ کا "متروک" راوی ہے۔

۲۲۹۔تمییز۔ابراہیم بن فضل بن ابو سوید ذارع بصری:

اس سے اکثر روایات جو آئی ہیں وہ اس کے دادا کی طرف منسوب ہیں، یہ نویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۳۰۔ع۔امام ابو اسحاق ابراہیم بن محمد بن حارث:

امام ابو اسحاق ابراہیم بن محمد بن حارث بن اسماء بن خارجہ بن حصن بن حذیفہ فزاری آٹھویں طبقہ کا "ثقہ حافظ صاحب تصانیف" راوی ہے ۸۵ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۸۵ھ کے بعد فوت ہوا۔

۲۳۱۔د۔ابراہیم بن محمد بن حاطب جمحی مدنی:

پانچویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۲۳۲۔د۔ابراہیم بن محمد بن خازم ابو اسحاق بن ابو معاویہ ضریر کوفی:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے، ازدی نے بلا دلیل اسے "ضعیف" قرار دیا ہے۔ یہ ۳۶ھ میں فوت ہوا۔

۲۳۳۔ت،س۔ابراہیم بن محمد بن سعد بن ابو وقاص مدنی کوفی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے، ابن حبان کا بیان ہے کہ اس نے کسی صحابی رضی اللہ عنہ سے سماع نہیں کیا۔

۲۳۴۔م،۴۔ابو اسحاق ابراہیم بن محمد بن طلحہ تیمی مدنی:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے بعمر ۷۴ برس ۱۱۰ھ میں فوت ہوا۔

۲۳۵۔س،ق۔ابو اسحاق ابراہیم بن محمد بن عباس مطلبی مکی:

یہ امام شافعی کے چچا کا فرزند ہے اور دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۳۷ھ یا ۳۸ھ میں فوت ہوا۔

۲۳۶۔ق۔ابراہیم بن محمد بن عبداللہ بن جحش اسدی:

پانچویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۲۳۷۔د،س۔ابواسحاق ابراہیم بن محمد بن عبداللہ:

ابواسحاق ابراہیم بن محمد بن عبداللہ بن عبیداللہ بن معمر تیمی معمری قاضی بصرہ گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۵۰ھ میں فوت ہوا۔

۲۳۸۔م،س۔ابراہیم بن محمد بن عرعرہ سامی بصری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے امام احمد نے اس کی بعض سماعات پر کلام کیا ہے ۲۳۱ھ میں فوت ہوا۔

☆ابراہیم بن محمد بن ابی عطاء:

یہ ابن محمد بن ابو یحیٰ ہے اس کا ذکر آئے گا۔(=۲۴۱)

۲۳۹۔ت،مس،ق۔ابراہیم بن محمد بن علی بن ابوطالب ہاشمی:

ابن حنفیہ اس کے والد ہیں، پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆ابراہیم بن محمد بن علی بن عبداللہ بن جعفر:

اس کا ذکر آئے گا۔(=۲۴۴)

۲۴۰۔ع۔ابراہیم بن محمد بن منتشر بن اجدع ہمدانی کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۴۱۔ق۔ابواسحاق ابراہیم بن محمد بن ابو یحیٰی اسلمی مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ۱۸۴ھ میں فوت ہوا یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۹۱ھ میں فوت ہوا۔

۲۴۲۔ق۔ابراہیم بن محمد بن یوسف بن سرج فریابی:

بیت المقدس میں سکونت پزیر ہونیوالا دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے امام ساجی نے اس پر کلام کیا ہے۔

۲۴۳۔ق۔ابراہیم بن محمد زہری حلبی:

بصرہ میں رہائش پزیر ہونے والا گیارہویں طبقہ کا ''صدوق خطاء کار'' راوی ہے۔

۲۴۴۔ق۔ابراہیم بن محمد:

ابراہیم بن محمد، معاویہ بن عبداللہ بن جعفر سے روایت کرتا ہے، اور یہ ابراہیم بن محمد بن علی بن عبداللہ بن جعفر ہے

جو کہ چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۴۵۔ بخ، ت، ق۔ ابو اسماعیل ابراہیم بن مختار تمیمی رازی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق، کمزور حافظے والا'' راوی ہے، کہا جاتا ہے کہ یہ ۸۲ھ میں فوت ہوا۔

۲۴۶۔ د۔ ابراہیم بن مخلد طالقانی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۴۷۔ بخ۔ ابراہیم بن مرزوق ثقفی:

نویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۴۸۔ س۔ ابراہیم بن مرزوق بن دینار اموی بصری:

مصر میں سکونت پزیر ہونیوالا گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے تاہم وفات سے پہلے نابینا ہو گیا تھا اور غلطیاں کرتا تھا اور پھر ان سے رجوع بھی نہیں کرتا تھا، ۷ھ میں فوت ہوا۔

۲۴۹۔ مد، س، ق۔ ابراہیم بن مرہ شامی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۵۰۔ د۔ ابراہیم بن مروان بن محمد طاطری دمشقی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۵۱۔ د، تم، س، ق۔ ابراہیم بن مستمر عروقی ناجی بصری:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق، غریب احادیث بیان کرنیوالا'' راوی ہے۔

☆ ابراہیم بن مروان:

صحیح بات یہ ہے کہ یہ راوی ازہر ہے اس کا ذکر آئے گا۔ (=۳۱۴)

۲۵۲۔ ق۔ ابو اسحاق ابراہیم بن مسلم عبدی ہجری:

پانچویں طبقہ کا ''روایت حدیث میں کمزور'' راوی ہے موقوف روایات کو مرفوعاً بیان کرتا ہے۔

☆ابراہیم بن ابو معاویہ:

یہ ابن محمد ہے اس کا ذکر گزر چکا۔(۲۳۲=)

۲۵۳۔خ،ت،س،ق۔ابراہیم بن منذر بن عبداللہ بن منذر بن مغیرہ بن عبداللہ بن خالد بن حزام اسدی حزامی

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے،قرآن کو مخلوق کہنے کی وجہ سے امام احمد نے اس پر کلام کیا ہے۔۲۳۶ھ میں فوت ہوا۔

۲۵۴۔م،۴۔ابراہیم بن مہاجر بن جابر بجلی کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق،کمزور حافظے والا'' راوی ہے۔

۲۵۵۔تمییز۔ابراہیم بن مہاجر بن مسمار:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۲۵۶۔د۔ابراہیم بن مہدی مصیصی بغدادی:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۲۲۴ھ میں فوت ہوا،یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۲۵ھ میں فوت ہوا۔

۲۵۷۔تمییز۔ابراہیم بن مہدی بن عبدالرحمٰن ابلی بصری:

بارہویں طبقہ کا راوی ہے،ائمہ نے اسے ''جھوٹا'' قرار دیا ہے،۲۸۰ھ میں فوت ہوا۔

۲۵۸۔س۔ابراہیم بن موسیٰ بن جمیل اموی:

بسا اوقات اس کی دادا کی طرف بھی نسبت کر دی جاتی ہے،یہ بارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۵۹۔ع۔ابواسحاق ابراہیم بن موسیٰ بن یزید تمیمی فراء رازی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۲۲۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۲۶۰۔ع۔ابراہیم بن میسرہ طائفی:

مکہ مکرمہ میں سکونت پزیر ہونیوالا پانچویں طبقہ کا ''مضبوط حافظ'' راوی ہے ۱۳۲ھ میں فوت ہوا۔

۲۶۱۔خت،د،س۔ابراہیم بن میمون صائغ مروزی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۳۱ھ میں قتل ہوا۔

۲۶۲۔س۔ابراہیم بن میمون صنعانی یا زبیدی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۶۳۔س۔ابراہیم بن میمون کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۶۴۔د،ت،ق۔ابراہیم بن ابومیمونہ حجازی:

آٹھویں طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۲۶۵۔ع۔ابراہیم بن نافع مخزومی مکی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے۔

۲۶۶۔بخ،د،س،ق۔ابوبکر ابراہیم بن نشیط وعلانی مصری:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۶۲ھ میں فوت ہوا۔

☆ابراہیم بن ابوالوزیر:

یہ ابن عمر ہے اس کا ذکر گزر چکا۔(=۲۴۴)

۲۶۷۔تم،س۔ابراہیم بن ہارون بلخی:

گیارہویں طبقہ کا ''عابد،صدوق'' راوی ہے۔

۲۶۸۔ت۔ابراہیم بن یحیی بن محمد بن عباد بانی شجری:

دسویں طبقہ کا ''روایت حدیث میں کمزور'' راوی ہے۔

۲۶۹۔ع۔ابواسماء ابراہیم بن یزید بن شریک تیمی کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''عابد،ثقہ'' راوی ہے تاہم ارسال اور تدلیس سے کام لیتا ہے،عمر ۴۰ برس ۹۲ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۰۔ع۔ابوعمران ابراہیم بن یزید بن قیس بن اسود نخعی کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ بکثرت ارسال سے کام لینے والا'' راوی ہے سنہ ۹۶ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۱۔س۔ابراہیم بن یزید بن مردانبہ مخزومی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۷۲۔ت،ق۔ابواسماعیل ابراہیم بن یزید خوزی مکی ،غلام بنوامیہ:

ساتویں طبقہ کا ''روایت حدیث میں متروک'' راوی ہے ۱۵۱ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۳۔د،ت،س۔ابراہیم بن یعقوب بن اسحاق جوزجانی:

دمشق میں سکونت پزیر ہونیوالا گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے اس پر ناصبی ہونے کا طعن کیا گیا ہے ۲۵۹ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۴۔خ،م،د،س،ق۔ابراہیم بن یوسف بن اسحاق بن ابواسحاق سبیعی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم نقل احادیث میں وہم کا شکار ہوجاتا ہے ۱۹۸ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۵۔س۔ابراہیم بن یوسف بن میمون باہلی بلخی ماکیانی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ،ارجاء کی وجہ سے محدثین اس پر ناراض تھے سن ۲۳۰ھ یا اس سے پہلے فوت ہوا۔

۲۷۶۔س۔ابراہیم بن یوسف حضرمی کوفی صیرفی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق، روایت حدیث میں قدرے مزور'' راوی ہے ۱۹۰ھ یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۲۷۷۔س۔ابراہیم بن یونس بن محمد بغدادی:

اس کا لقب حرمی ہے اور گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۷۸۔ت۔ابراہیم:

کعب بن عجرہ سے روایت کرتا ہے ،تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے ،یہ نخعی نہیں ہے۔

۲۷۹۔س۔ابراہیم:

ابن الھاد سے روایت کرتا ہے ،ممکن ہے کہ آٹھویں طبقہ کا ابن سعد ہو۔ (ن ت ث)

۲۸۰۔ عس۔ ابراہیم:

یحییٰ سے روایت کرتا ہے، ساتویں طبقہ کا مجہول راوی ہے۔

☆ ابراہیم تیمی:

یہ ابن یزید ہے۔(=۲۶۹)

☆ ابراہیم خوزی:

یہ ابن یزید ہے۔(=۲۷۲)

☆ ابراہیم سکسکی:

یہ ابن عبدالرحمٰن ہے۔(=۲۰۴)

☆ ابراہیم صائغ:

یہ ابن میمون ہے۔(=۲۶۱)

☆ ابراہیم ابواسحاق مخزومی:

یہ ابن الفضل ہے۔(=۲۲۸)

☆ ابراہیم نخعی:

یہ ابن یزید ہے۔(=۲۷۰)

☆ ابراہیم ہجری:

یہ ابن مسلم ہے۔(=۲۵۲) ان سب حضرات کا ذکر گزر چکا۔

ابی نام کے رواۃ سے لے کر اسحاق نام تک کے رواۃ کا ذکر

۲۸۱۔خ،ت،ق۔ابی بن عباس بن سہل بن سعد انصاری سعدی:

ساتویں طبقہ کے اس راوی میں "قدرے ضعف" پایا جاتا ہے،صحیح بخاری میں اس سے صرف ایک ہی حدیث لی گئی ہے۔

۲۸۲۔د،ق۔ابی بن عمارہ مدنی:

مصر میں رہائش پزیر ہونے والے اس راوی کو صحابیت کا شرف حاصل ہے اور اس کی حدیث کی سند میں اضطراب پایا جاتا ہے۔

۲۸۳۔ع۔سید القراء ابی بن کعب:

سید القراء ابوالمنذر ابی بن کعب بن قیس بن عبید بن زید بن معاویہ بن عمرو بن مالک بن نجار انصاری خزرجی ،ابو طفیل کی کنیت سے مشہور ہیں اور ان کا فضلاء صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں شمار ہوتا ہے،ان کی تاریخ وفات میں کافی اختلاف پایا جاتا ہے ۱۹ھ ، ۳۲ھ اور اس کے علاوہ بھی بتائی جاتی ہے۔

۲۸۴۔۴۔ابیض بن حمال ماربی:

اسے صحابیت اور نقل احادیث کا شرف حاصل ہے۔

۲۸۵۔بخ،۴۔اجلح بن عبداللہ بن حجیہ:

اجلح بن عبداللہ بن حجیہ کندی کی کنیت ابوحجیہ ہے،کہا جاتا ہے کہ ان کا نام یحیی ہے،ساتویں طبقہ کا "صدوق شیعی" راوی ہے ۱۴۵ھ میں فوت ہوا۔

۲۸۶۔د،س،ق۔احزاب بن اسید:

اس کی کنیت ابورہم (رہم راء کے ضمہ کے ساتھ) ہے،اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے صحیح بات یہ ہے کہ یہ مخضری "ثقہ" راوی ہے۔

۲۸۷۔د،ق۔احمد بن جزء:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے، اس سے روایت کرنے میں حسن متفرد ہے۔

۲۸۸۔ع۔احنف بن قیس بن معاویہ:

احنف بن قیس بن معاویہ بن حصین تمیمی سعدی، ابو بحر (اس کا نام ضحاک ہے اور صخر بھی بتایا جاتا ہے) "مخضری ثقہ" راوی ہے، اس کی تاریخ وفات ۶۷ھ اور ۷۲ھ بتائی جاتی ہے۔

۲۸۹۔م،د،ت،س۔احوص بن جواب ضبی کوفی:

اس کی کنیت ابوالجواب اور نوویں طبقہ کا "صدوق، بسا اوقات وہم کا شکار ہو جانیوالا" راوی ہے، ۱۱ھ میں فوت ہوا۔

۲۹۰۔ق۔احوص بن حکیم بن عمیر عنسی یا ہمدانی، حمصی:

پانچویں طبقہ کا "کمزور حافظہ والا، عبادت گزار" راوی ہے۔

۲۹۱۔۴۔اخضر بن عجلان شیبانی بصری:

چوتھے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

☆اخضر:

کہا جاتا ہے کہ اخضر، ابوراشد حبرانی کا نام ہے جس کا کنیتوں میں ذکر آئے گا۔ (=۸۰۸۸)

۲۹۲۔فق۔اخنس بن خلیفہ ضبی:

تیسرے طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۲۹۳۔ق۔ادرع سلمی:

اس کا شمار صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) میں کیا گیا ہے اور اس کی حدیث بلحاظ سند ضعیف ہے۔

☆ادرع، ابوالجعد ضمری:

اس کا ذکر کنیتوں میں آئے گا۔ (=۸۰۱۵)

۲۹۴۔فق۔ادریس بن سنان، ابوالیاس صنعانی ابن بنت وہب بن منبہ:

ساتویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۲۹۵۔ق۔ادریس بن صبیح اودی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے اور یہ بھی کہا جاتا ہے۔ یہ ابن یزید ہے۔

۲۹۶۔ع۔ادریس بن یزید بن عبد الرحمٰن اودی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆اذینہ، ابو العالیہ براء:

اس کا ذکر کنیتوں میں آئے گا۔ (=۸۱۹۷)

۲۹۷۔د۔اربدہ (راء کے سکون اور باء کے کسرہ کے ساتھ) تمیمی:

اسے اربد بھی کہا جاتا ہے اور یہ تیسرے طبقہ کا ''مفسر، صدوق'' راوی ہے۔

۲۹۸۔بخ، د، س، ق۔ارطاۃ بن منذر بن اسود الہانی، ابو عدی حمصی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۶۳ھ میں فوت ہوا۔

۲۹۹۔ق۔ارقم بن شرحبیل اودی کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، اور یہ ارقم بن ابو ارقم کے علاوہ دوسرا راوی ہے۔

۳۰۰۔مد، ق۔ازداد بن فساءۃ فارسی یمانی:

اسے یزداد بن فساءۃ بھی کہا جاتا ہے، اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے اور ابو حاتم نے اسے ''مجہول'' کہا ہے۔

۳۰۱۔خد۔ازرق بن علی حنفی، ابو الجہم:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق غریب احادیث بیان کرنے والا'' راوی ہے۔

۳۰۲۔خ، د، س۔ازرق بن قیس حارثی بصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۲۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۳۰۳۔خ، د، س۔ازہر بن جمیل بن جناح ہاشمی، بصری شطی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق غریب احادیث بیان کرنے والا'' راوی ہے۔

۳۰۴۔ س۔ ازہر بن راشد بصری:

پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۳۰۵۔ عس۔ ازہر بن راشد کاہلی:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۳۰۶۔ تمییز۔ ازہر بن راشد ہوزنی، ابوالولید شامی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، وہ شخص غلطی پر ہے جس نے اسے صحابہ (رضی اللہ عنہم) میں شمار کیا ہے۔

۳۰۷۔ خ، م، د، ت، س۔ ازہر بن سعد بن سمان، ابوبکر باہلی بصری:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، عمر ۹۴ برس ۲۰۳ھ میں فوت ہوا۔

۳۰۸۔ بخ، د، س، ق۔ ازہر بن سعید حرازی حمصی:

''صدوق'' راوی ہے، کہا جاتا ہے یہ پانچویں طبقہ کا ازہر بن عبد اللہ ہے ۲۱ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے ۔ ۲۹ھ میں ہوا۔ (=۳۱۰)

۳۰۹۔ ت۔ ازہر بن سنان بصری، ابوخالد بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۳۱۰۔ د، ت، س۔ ازہر بن عبد اللہ بن جمیع حرازی حمصی:

''صدوق'' راوی ہے، ناصبی ہونے کی وجہ سے اس پر کلام کیا گیا ہے، اور (امام) بخاری (رحمہ اللہ) نے جزم کیا ہے کہ یہ پانچویں طبقہ کا راوی ابن سعید ہے۔ (=۳۰۸)

۳۱۱۔ د، س، ق۔ ازہر بن قاسم راسبی، ابوبکر بصری:

مکہ میں رہائش اختیار کر لی تھی، نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۱۲۔ ت، ق۔ ازہر بن مروان رقاشی:

اس کا لقب فریخ ہے اور دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۴۳ھ میں فوت ہوا۔

۳۱۳۔د۔اسامہ بن اخدری تمیمی شقری:

بصرہ میں سکونت پزیر ہونیوالا صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے۔

۳۱۴۔خ۔اسامہ بن حفص مدنی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، (امام) ازدی (رحمہ اللہ) نے بدون دلیل اسے ''ضعیف'' کہا ہے۔

۳۱۵۔ق۔اسامہ بن زید بن اسلم عدوی مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''حافظہ کے لحاظ سے ضعیف'' راوی ہے، منصور کے دور خلافت میں فوت ہوا۔

۳۱۶۔ع۔اسامہ بن زید بن حارثہ بن شراحیل کلبی، امیر، ابو محمد وابو زید:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، انہوں نے مدینہ منورہ میں بعمر ۷۵ برس ۵۴ھ میں انتقال فرمایا۔

۳۱۷۔خت، م، ۴۔ابو زید اسامہ بن زید لیثی، مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق، روایت حدیث میں وہم کر جانیوالا'' راوی ہے بعمر ۷۰ برس سے مزید چند سال عمر پا کر ۱۵۳ھ میں فوت ہوا۔

۳۱۸۔۴۔اسامہ بن شریک ثعلبی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں صحیح قول کے مطابق زیاد بن علاقہ ان سے روایت کرنے میں متفرد ہیں۔

۳۱۹۔۴۔اسامہ بن عمیر بن عامر بن اقیشر ہذلی بصری:

ابو ملیح کے والد اور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، ان کا بیٹا ان سے روایت کرنے میں متفرد ہے۔

۳۲۰۔ع۔ابو محمد اسباط بن محمد بن عبدالرحمٰن بن خالد بن میسرہ قرشی:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، (امام سفیان) ثوری (رحمہ اللہ) سے روایت کرنے میں اسے کمزور قرار دیا گیا ہے ۲۰۰ھ میں فوت ہوا۔

۳۲۱۔خت، م، ۴۔اسباط بن نصر ہمدانی ابو یوسف، اسے ابو نصر بھی کہا جاتا ہے:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق، بکثرت غلطیاں کرنیوالا اور غریب احادیث بیان کرنیوالا'' راوی ہے۔

۳۲۲۔خ۔اسباط ابوالیسع بصری:

کہا جاتا ہے کہ اس کے والد کا نام عبدالواحد ہے۔نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔صحیح بخاری میں اس سے صرف ایک حدیث متابعۃً آئی ہے۔

۳۲۳۔تمییز۔اسباط بن یسع بن انس بن معمر ذہلی ابوطاہر بصری:

بخارا میں رہائش اختیار کرنیوالا بارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

اسحاق نام کے رواۃ سے لے کر اسد نام تک کے رواۃ کا ذکر

۳۲۴۔مد،ت،س،ق۔اسحاق بن ابراہیم بن حبیب:

اسحاق بن ابراہیم بن حبیب بن شہید ابو یعقوب بصری شہیدی دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۵۷ھ میں فوت ہوا۔

۳۲۵۔ق۔اسحاق بن ابراہیم بن داؤد سواق بصری:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۲۶۔ق۔اسحاق بن ابراہیم بن سعید صراف مدنی:

قبیلہ مزینہ کا غلام اور آٹھویں طبقہ کا ''روایت حدیث میں کمزور راوی'' ہے۔

۳۲۷۔د،س۔اسحاق بن ابراہیم بن سوید بلوی، ابو یعقوب رملی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۵۳ھ میں فوت ہوا۔

۳۲۸۔خ۔اسحاق بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن منیع بغوی:

اس کا لقب ''لولو'' ہے اور ''یویو'' بھی کہا گیا ہے، یہ دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۵۹ھ میں فوت ہوا۔

۳۲۹۔ق۔اسحاق بن ابراہیم بن عمیر مسعودی کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۳۳۰۔بخ۔اسحاق بن ابراہیم بن علاء حمصی ابن زبریق:

دسویں طبقہ کا صدوق، کثیر الوہم'' راوی ہے، محمد بن عوف نے اسے چھوڑ دیا تھا کہ یہ جھوٹ بولتا ہے۔

☆اسحاق بن ابراہیم بن کا مجرا:

یہ ابن ابو اسرائیل ہے اس کا ذکر آگے آئے گا۔(=۳۳۸)

۳۳۱۔خ،د۔اسحاق بن ابراہیم بن محمد صواف باہلی،ابویعقوب بصری:

گیارہویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۵۳ھ میں فوت ہوا۔

۳۳۲۔خ،م،د،ت،س۔اسحاق بن ابراہیم بن مخلد:

اسحاق بن ابراہیم بن مخلد حنظلی ابومحمد ابن راہویہ مروزی،(امام)احمد بن حنبل (رحمہ اللہ) کا ہم پلہ "ثقہ حافظ مجتہد" راوی ہے،(امام)ابوداؤد(رحمہ اللہ) نے ذکر کیا ہے کہ وفات سے پہلے اس کا تھوڑا سا حافظہ بگڑ گیا تھا،بعمر ۷۲ برس ۲۳۸ھ میں فوت ہوا۔

۳۳۳۔خ۔اسحاق بن ابراہیم بن نصر بخاری،ابوابراہیم سعدی:

گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۲۴۲ھ میں فوت ہوا۔

۳۳۴۔خ،د،س۔اسحاق بن ابراہیم بن یزید،ابونضر دمشقی فرادیسی:

عمر بن عبدالعزیز(رحمہ اللہ) کا غلام اور دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے،کسی مستند دلیل کے بغیر خواہ مخواہ اسے ضعیف کہہ دیا گیا ہے،بعمر ۸۶ برس ۲۲۷ھ میں فوت ہوا۔

۳۳۵۔س۔اسحاق بن ابراہیم بن یونس منجنیقی وراق،ابویعقوب بغدادی:

مصر میں رہائش اختیار کرنیوالا بارہویں طبقہ کا "ثقہ حافظ" راوی ہے ۳۰۴ھ میں فوت ہوا۔

۳۳۶۔د،ت،س۔اسحاق بن ابراہیم ثقفی،ابویعقوب کوفی:

آٹھویں طبقہ کا راوی ہے،(امام)ابن حبان(رحمہ اللہ) نے اسے "ثقہ" کہا ہے مگر روایت حدیث کے سلسلے میں اس میں "ضعف" پایا جاتا ہے۔

۳۳۷۔د،ق۔اسحاق بن ابراہیم حنینی،ابویعقوب مدنی:

طرطوس میں رہائش اختیار کرنیوالا نویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے ۲۱۶ھ میں فوت ہوا۔

۳۳۸۔خ،د،س۔اسحاق بن ابواسرائیل ابراہیم بن کامجرا،ابویعقوب مروزی:

بغداد میں سکونت پزیر ہونیوالا دسویں طبقہ کے اکابر رواۃ حدیث میں سے "صدوق" راوی ہے،قرآن کو غیر مخلوق

کہنے میں توقف اختیار کرنے کی وجہ سے اس پر کلام کیا گیا ہے، بعمر ۹۵ برس ۴۵ھ میں فوت ہوا۔

۳۳۹۔س۔اسحاق بن اسماعیل بن عبداللہ بن زکریا مذحجی، ابو یعقوب رملی نحاس:

بارہویں طبقہ کا ''صدوق، روایت احادیث میں خطاء کار'' راوی ہے۔

۳۴۰۔س،ق۔اسحاق بن اسماعیل بن علاء:

ابو یعقوب اسحاق بن اسماعیل بن علاء (ابن عبدالاعلی بھی کہا گیا ہے) ایلی، دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۵۸ھ میں فوت ہوا۔

۳۴۱۔د۔اسحاق بن اسماعیل طالقانی، ابو یعقوب:

بغداد میں رہائش اختیار کرنیوالا دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔صرف اکیلے جریر سے ہی اس کے سماع پر کلام کیا گیا ہے ۳۱ھ یا اس سے پہلے فوت ہوا۔

۳۴۲۔د،ق۔اسحاق بن اسید انصاری، ابو عبدالرحمٰن خراسانی:

مصر میں رہائش اختیار کرنیوالے آٹھویں طبقہ کے اس راوی میں ''قدرے ضعف'' پایا جاتا ہے۔

۳۴۳۔م،س۔اسحاق بن بکر بن مضر بن محمد مصری، ابو یعقوب:

دسویں طبقہ کا ''صدوق فقیہ'' راوی ہے، بعمر ۸۷ برس ۱۸ھ میں فوت ہوا۔

۳۴۴۔س۔اسحاق بن ابو بکر مدینی اعور:

حویطب کا غلام اور ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۳۴۵۔د۔اسحاق بن جبریل بغدادی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، کہا جاتا ہے یہ آگے آنیوالا ابن ابو عیسیٰ ہے۔(=۳۷۶)

۳۴۶۔د۔اسحاق بن جراح اذنی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۴۷۔ر،ت،ق۔اسحاق بن جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی ہاشمی جعفری:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆اسحاق بن حارث:

یہ ابن عبداللہ بن حارث ہے دادا کی طرف نسبت کی گئی ہے اس کا ذکر آئے گا۔(=۳۶۶)

۳۴۸۔ق۔اسحاق بن خازم بزاز مدنی:

اسے ابن ابی حازم بھی کہا گیا ہے، یہ ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، قدری ہونے کی وجہ سے اس پر کلام کیا گیا۔

۳۴۹۔قد۔اسحاق بن حکیم:

دسویں طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۳۵۰۔خ،۴۔اسحاق بن راشد جزری، ابوسلیمان:

ساتویں طبقہ کا ''روایت حدیث میں ثقہ'' راوی ہے تاہم اس کی حدیث میں زہری سے بعض وہم سرزد ہوئے ہیں، ابوجعفر کے دور خلافت میں فوت ہوا۔

۳۵۱۔تمییز۔اسحاق بن راشد (ایک دوسرا راوی):

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆اسحاق بن راہویہ:

یہ ابن ابراہیم ہے اس کا ذکر گزر چکا۔(=۳۳۲)

۳۵۲۔ق۔اسحاق بن ربیع بصری ابلی ابوحمزہ عطار:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، قدری ہونے کی وجہ سے اس پر کلام کیا گیا ہے۔

۳۵۳۔تمییز۔اسحاق بن ربیع عصفری کوفی ابواسماعیل:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، یہ گزشتہ راوی کے بعد کا ہے۔

۳۵۴۔د۔اسحاق بن سالم:

بنونوفل بن عدی کا غلام ہے، اور چھٹے طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۳۵۵۔صد۔اسحاق بن سعد بن عبادہ انصاری خزرجی:

دوسرے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے اس سے کم احادیث آئی ہیں۔

۳۵۶۔خ،م،د،ق۔اسحاق بن سعید بن عمرو بن سعید:

اسحاق بن سعید بن عمرو بن سعید بن عاص اموی سعیدی کوفی ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۷۶ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

☆اسحاق بن سعید مدنی:

یہ ابن ابراہیم ہے، دادا کی طرف نسبت کی گئی ہے، اس کا ذکر گزر چکا۔(=۳۲۶)

۳۵۷۔ع۔اسحاق بن سلیمان رازی، ابویحییٰ کوفی:

نویں طبقہ کا ''ثقہ فاضل'' راوی ہے ۲۰۰ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

☆اسحاق بن سوید رملی:

یہ ابن ابراہیم ہے دادا کی طرف نسبت کی گئی ہے اس کا ذکر گزر چکا۔(=۳۲۷)

۳۵۸۔خ،م،د،س۔اسحاق بن سوید بن ہبیرہ عدوی بصری:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، ناصبی ہونے کی وجہ سے اس پر کلام کیا گیا ہے ۱۳۱ھ میں فوت ہوا۔

۳۵۹۔خ،س۔اسحاق بن شاہین بن حارث واسطی ابوبشر بن ابوعمران:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۳۶۰۔د۔اسحاق بن صباح کندی اشعثی کوفی:

مصر میں رہائش اختیار کرنے والا گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۲۷۷ھ میں فوت ہوا۔

۳۶۱۔تمییز۔اسحاق بن صباح کندی اشعثی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے اس سے کم احادیث آئی ہیں۔

۳۶۲۔د۔اسحاق بن ضیف:

اسحاق بن ضیف اسے ابن ابراہیم بن ضیف باہلی بھی کہا گیا ہے، ابو یعقوب عسکری بصری، مصر میں رہائش اختیار کرنے والا گیارہویں طبقہ کا ''صدوق، خطاء کار'' راوی ہے۔

۳۶۳۔ت، ق۔اسحاق بن طلحہ بن عبید اللہ تیمی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۵۶ھ میں فوت ہوا۔

☆اسحاق بن ابو طلحہ:

یہ ابن عبد اللہ ہے دادا کی طرف نسبت کر دی گئی ہے اس کا ذکر آئے گا۔(= ۳۶۷)

۳۶۴۔ق۔اسحاق بن عبد اللہ بن جعفر ہاشمی:

تیسرے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۳۶۵۔د۔اسحاق بن عبد اللہ بن حارث بن نوفل ہاشمی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۳۶۶۔س۔اسحاق بن عبد اللہ بن حارث بن کنانہ عامری:

اسے ثقفی بھی کہا جاتا ہے، تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۳۶۷۔ع۔اسحاق بن عبد اللہ بن ابو طلحہ انصاری مدنی ابو یحییٰ:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ حجۃ'' راوی ہے ۳۲ھ میں فوت ہوا یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد فوت ہوا۔

۳۶۸۔د، ت، ق۔

اسحاق بن عبد اللہ بن ابو فروہ اموی مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ۴۴ھ میں فوت ہوا۔

☆اسحاق بن عبد اللہ مدنی:

یہ اسحاق، زائدہ کا غلام ہے اس کا ذکر آگے آئے گا۔(= ۳۹۷)

۳۶۹۔ س۔ اسحاق بن عبدالواحد موصلی:

دسویں طبقہ کا ''کثیر الروایہ، محدث، مصنف'' راوی ہے، بعض حضرات نے اس پر کلام کیا ہے۔ ۲۳۶ھ میں فوت ہوا۔

۳۷۰۔ ق۔ اسحاق بن عبیداللہ بن ابوملیکہ تیمی:

اسحاق بن عبیداللہ بن ابوملیکہ تیمی، چھٹے طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔ اور میرے نزدیک جس کی ابن ماجہ نے حدیث نقل کی ہے وہ اسحاق بن عبیداللہ بن ابومہاجر ہے جو کہ ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۷۱۔ د۔ اسحاق بن عثمان کلابی، ابو یعقوب بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق قلیل الروایہ'' راوی ہے۔

۳۷۲۔ م، صد۔ اسحاق بن عمر بن سلیط ہذلی۔ ابو یعقوب بصری:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۲۹ھ میں یا اس کے ایک سال بعد فوت ہوا۔

۳۷۳۔ تمییز۔ اسحاق بن عمر قرشی مؤدب:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۷۴۔ ت۔ اسحاق بن عمر:

(سیدہ) عائشہ (رضی اللہ عنہا) سے روایت کرتا ہے (امام) دار قطنی (رحمہ اللہ) نے اسے ''ترک'' کردیا تھا، تیسرے طبقہ کا راوی ہے۔

☆ اسحاق بن علاء:

یہ ابن ابراہیم ہے اس کا ذکر گزر چکا۔ (=۳۳۰)

۳۷۵۔ م، ت، س، ق۔ اسحاق بن عیسیٰ بن نجیح بغدادی، ابو یعقوب ابن طباع:

اذنہ میں سکونت پذیر ہوا، نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۱۴ھ میں فوت ہوا یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے ایک سال بعد ہوا۔

۳۷۶۔ مد۔ اسحاق بن عیسیٰ قشیری:

اسحاق بن عیسیٰ قشیری ابو ہاشم یا ابو ہشام بصری، ابن بنت داؤد بن ابو ہند، نویں طبقہ کا ''صدوق، خطاء کار''

راوی ہے۔

☆اسحاق بن ابوعیسیٰ:

یہ ابن جبریل ہے اس کا ذکر گزر چکا۔(=۳۴۵)

۳۷۷۔س۔اسحاق بن فرات بن جعد تجیبی، ابونعیم مصری:

نویں طبقہ کا ''صدوق فقیہ'' راوی ہے ۲۰۴ھ میں فوت ہوا۔

۳۷۸۔ق۔اسحاق بن ابوالفرات بکر مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۳۷۹۔ق۔اسحاق بن قبیصہ بن ذویب خزاعی شامی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، مرسل روایات بیان کرتا ہے ۱۳۰ھ کے لگ بھگ فوت ہوا۔

۳۸۰۔د،ت،س۔اسحاق بن کعب بن عجرہ بلوی، حلیف انصار:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے حرہ کے دن اسے قتل کر دیا گیا۔

۳۸۱۔خ،ت،ق۔اسحاق بن محمد بن اسماعیل بن عبداللہ بن ابوفروہ فروی، مدنی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم اس کا حافظہ بگڑ گیا تھا ۲۲۶ھ میں فوت ہوا۔

۳۸۲۔د۔اسحاق بن محمد بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسیب بن ابوسائب مخزومی ابومحمد،

نویں طبقہ کا ''صدوق، روایت حدیث میں قدرے کمزور'' راوی ہے اس پر قدری ہونے کا طعن کیا گیا ہے ۲۰۶ھ میں فوت ہوا۔

۳۸۳۔د،تم۔اسحاق بن محمد انصاری:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، غفاری اس سے روایت کرنے میں متفرد ہے۔

☆بخ۔اسحاق بن مخلد:

یہ ابن راہویہ ہے دادا کی طرف نسبت کی گئی ہے۔(=۳۳۲)

☆اسحاق بن مرار:

یہ ابوعمرو شیبانی ہے اس کا ذکر کنیتوں میں آئے گا۔(=۸۲۷۵)

۳۸۴۔خ،م،ت،س،ق۔اسحاق بن منصور بن بہرام کوسج،ابویعقوب تمیمی مروزی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ، پختہ کار'' راوی ہے ۲۵۱ھ میں فوت ہوا۔

۳۸۵۔ع۔اسحاق بن منصور سلولی ابوعبدالرحمٰن:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔تشیع کی وجہ سے اس پر کلام کیا گیا ہے ۲۰۴ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۳۸۶۔م،ت،س،ق۔اسحاق بن موسیٰ بن عبداللہ بن موسیٰ:

اسحاق بن موسیٰ بن عبداللہ بن موسیٰ بن عبداللہ بن یزید خطمی ابوموسیٰ مدنی،قاضی نیشاپور،دسویں طبقہ کا ''ثقہ ضابط'' راوی ہے ۲۴۴ھ میں فوت ہوا۔

۳۸۷۔د۔اسحاق بن نجیح:

اسحاق بن نجیح،مالک بن حمزہ سے روایت کرتا ہے اور ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔جس نے اسے ''ملطی'' کہا ہے وہ معاملہ کی صحیح تہ تک نہیں پہنچا،سنن ابی داؤد میں (صراحت) ہے کہ یہ ''ملطی'' نہیں ہے۔

۳۸۸۔تمییز۔اسحاق بن نجیح ملطی،ابوصالح یا ابویزید:

بغداد میں رہائش اختیار کرنیوالا نویں طبقہ کا راوی ہے،ائمہ نے اسکی ''تکذیب'' کی ہے۔

☆اسحاق بن نصر:

یہ ابن ابراہیم ہے دادا کی طرف نسبت کی گئی ہے۔(=۳۳۳)

۳۸۹۔خ،ق۔اسحاق بن وہب بن زیاد علاف،ابویعقوب واسطی:

بارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۳۹۰۔ت،ق۔اسحاق بن یحیی بن طلحہ بن عبید اللہ تیمی:

پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۳۹۱۔خت۔اسحاق بن یحی بن علقمہ کلبی حمصی عوصی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے،کہا گیا ہے کہ اس نے اپنے والد کو قتل کیا تھا۔

۳۹۲۔ق۔اسحاق بن یحیی بن ولید بن عبادہ بن صامت:

عبادہ (رضی اللہ عنہ) سے مرسل احادیث بیان کرتا ہے اور پانچویں طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے ۱۳۱ھ میں قتل ہوا۔

۳۹۳۔د،ت،ق۔اسحاق بن یزید ہذلی مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆اسحاق بن یزید فرادیسی:

یہ ابن ابراہیم ہے اس کا ذکر گزر چکا۔(=۳۴۴)

۳۹۴۔مد۔اسحاق بن یسار مدنی:

صاحب مغازی محمد کا والد ہے اور تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۳۹۵۔س۔اسحاق بن یعقوب بن محمد بغدادی:

شام میں رہائش پزیر ہونے والا گیارہویں طبقہ کا راوی ہے،(امام) نسائی (رحمہ اللہ) نے اسے ''ثقہ'' قرار دیا ہے۔

۳۹۶۔ع۔اسحاق بن یوسف بن مرداس مخزومی واسطی المعروف ازرق:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بعمر ۷۸ برس ۱۹۵ھ میں فوت ہوا۔

۳۹۷۔ر،م،د،س۔اسحاق:

زائدہ کا غلام اور عمر کا والد ہے،(امام) عجلی (رحمہ اللہ) کا بیان ہے کہ یہ اسحاق بن عبداللہ ہے،تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ د۔ اسحاق ابو یعقوب:

(امام) ابوداؤد (رحمہ اللہ) نے کتاب الصلوٰۃ میں اس کی روایت نقل کی ہے اور یہ اسحاق بن ابو اسرائیل ہے۔ (۳۳۸)

☆ اسحاق:

(سیدنا) ابوہریرہ (رضی اللہ عنہ) سے روایت کرتا ہے اور یہ ابو اسحاق ہے اس کا ذکر آگے آئے گا۔ (=۷۹۳۵)

☆ اسحاق:

بخاری میں بلانسبت آیا ہے (یعنی اس کے والد وغیرہ کا نام ذکر نہیں کیا گیا) یہ یا تو ابن منصور کوسج ہے یا ابن ابراہیم ابن راہویہ یا پھر ابن ابراہیم بن نصر ہے، اسے میں نے کبیر میں بیان کیا ہے۔ (=۳۸۴، ۳۳۲، ۳۳۳)

☆ اسحاق ابو عبد الرحمٰن خراسانی:

یہ ابن اسید ہے اس کا ذکر گزر چکا۔ (=۳۴۲)

☆ اسحاق ازرق:

یہ ابن یوسف ہے۔ (=۳۹۶)

اسد نام کے رواۃ سے لے کر اسماعیل نام تک کے رواۃ کا ذکر

۳۹۸۔س۔اسد بن عبداللہ بن یزید بن اسد بجلی:

خالد قسری کا بھائی اور خراسان کا امیر تھا، پانچویں طبقہ کا ''روایت حدیث میں قدرے کمزور'' راوی ہے ۲۰ھ میں فوت ہوا۔

۳۹۹۔خت،د،س۔اسد بن موسیٰ بن ابراہیم بن ولید بن عبدالملک بن مروان، اسد السنہ،

نویں طبقہ کا ''صدوق، غریب احادیث بیان کرنیوالا'' راوی ہے اس میں قدرے ناصبیت پائی جاتی ہے بعمر ۸۰ برس ۲۱۲ھ میں فوت ہوا۔

۴۰۰۔خ،د،ت،س۔اسرائیل بن موسیٰ، ابو موسیٰ بصری:

ہند میں رہائش اختیار کرنیوالا چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۰۱۔ع۔اسرائیل بن یونس بن ابو اسحاق سبیعی ہمدانی، ابو یوسف کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بغیر کسی دلیل کے اس پر کلام کیا گیا ہے ۶۰ھ میں فوت ہوا یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۴۰۲۔ع۔اسعد بن سہل بن حنیف انصاری، ابو امامہ:

اس راوی کا شمار صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) میں کیا جاتا ہے، رؤیت کا شرف اگرچہ اسے حاصل ہے مگر نبی کریم ﷺ سے اس نے سماع نہیں کیا، بعمر ۹۲ برس ۱۰۰ھ میں فوت ہوا۔

۴۰۳۔س۔اسقع بن اسلع بصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۰۴۔د،ت،س۔اسلم بن یزید،ابوعمران تجیبی مصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۰۵۔د،ت،ش۔اسلم عجلی،بصری:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۰۶۔ع۔اسلم عدوی،غلام عمر (رضی اللہ عنہ):

''ثقہ،مخضرمی'' راوی ہے بعمر ۱۱۴ برس ۸۰ھ میں فوت ہوا یہ بھی کہا گیا ہے ۶۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۴۰۷۔د۔اسلم مصری،ابوسعید:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۴۲ھ میں فوت ہوا۔

☆اسلم ابورافع:

نبی کریم ﷺ کا غلام ہے اور اپنی کنیت سے مشہور ہے،اس کا ذکر آئے گا۔(=۸۰۹۰)

۴۰۸۔۴۔اسماء بن حکم فزاری،ابوحسان کوفی:

اسے سلمی بھی کہا گیا ہے،تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۰۹۔خ،م،س۔اسماء بن عبید بن مخارق ضبعی ابوالمفضل بصری:

جویریہ کا والد اور چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۴۱ھ میں فوت ہوا۔

۴۱۰۔خ،صد،ت۔اسماعیل بن ابان وراق ازدی،ابواسحاق یا ابوابراہیم کوفی:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے تشیع کی وجہ سے اس پر کلام کیا گیا ہے ۲۱۶ھ میں فوت ہوا۔

۴۱۱۔تمییز۔اسماعیل بن ابان غنوی خیاط کوفی،ابواسحاق:

نویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے اس پر حدیث گھڑنے کا طعن کیا گیا ہے۔

۴۱۲۔س۔اسماعیل بن ابراہیم بن بسام بغدادی،ابوابراہیم ترجمانی:

دسویں طبقہ کا راوی ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے ۲۳۶ھ میں فوت ہوا۔

۴۱۳۔س،ق۔اسماعیل بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن ابوربیعہ مخزومی مدنی،

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۱۴۔خ،تم،س۔اسماعیل بن ابراہیم بن عقبہ اسدی، ابواسحاق مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس پر بغیر کسی دلیل کے کلام کیا گیا ہے، خلافت مہدی میں فوت ہوا۔

۴۱۵۔خ،م،د،س۔اسماعیل بن ابراہیم بن معمر بن حسن:

اسماعیل بن ابراہیم بن معمر بن حسن ہذلی ابومعمر قطیعی، ہروی الاصل، دسویں طبقہ کا ''ثقہ مامون'' راوی ہے ۳۶ھ میں فوت ہوا۔

۴۱۶۔ع۔اسماعیل بن ابراہیم بن مقسم اسدی، ابوبشر بصری المعروف ابن علیہ:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے عمر ۸۳ برس ۹۳ھ میں فوت ہوا۔

۴۱۷۔ت،ق۔اسماعیل بن ابراہیم بن مہاجر بن جابر بجلی کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۴۱۸۔ق۔اسماعیل بن ابراہیم بن مہاجر:

اسماعیل بن ابراہیم بن عبداللہ بن ثابت بن قیس بن شماس انصاری، پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۱۹۔ق۔اسماعیل بن ابراہیم بالسی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۴۶ھ میں فوت ہوا۔

۴۲۰۔ق۔اسماعیل بن ابراہیم کرابیسی ابوابراہیم بصری، صاحب قوہی:

آٹھویں طبقہ کا ''روایت حدیث میں کمزور راوی'' ہے۔

۴۲۱۔ت،ق۔اسماعیل بن ابراہیم احول ابویحییٰ تیمی کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۴۲۲۔د۔اسماعیل بن ابراہیم:

بنوسلیم کے ایک شخص سے روایت کرتا ہے، تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ اسماعیل بن ابراہیم:

ابراہیم بن اسماعیل کے ترجمہ میں اس کا ذکر گزر چکا۔ (=۵۴)

۴۲۳۔ س۔ اسماعیل بن ابوادریس:

میرا گمان ہے کہ یہ آگے آنیوالے تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ''ابن رباح'' ہے۔ (=۴۴۴)

۴۲۴۔ د، ق۔ اسماعیل بن ابوحارث اسد بن شاہین بغدادی ابو اسحاق:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۸ھ میں فوت ہوا۔

۴۲۵۔ ع۔ اسماعیل بن امیہ بن عمرو بن سعید بن عاص بن سعید بن عاص بن امیہ اموی،

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ، پختہ کار'' راوی ہے ۱۴۴ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۳۹ھ کے بعد فوت ہوا۔

۴۲۶۔ د، س، ق۔ اسماعیل بن بشر بن منصور سلیمی بصری، ابو بشر:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے قدری ہونے کی وجہ سے اس پر کلام کیا گیا ہے۔ عمر ۸۱ برس ۲۵۵ھ میں فوت ہوا۔

۴۲۷۔ د۔ اسماعیل بن بشیر انصاری:

بنو مغالہ کا غلام اور تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۲۸۔ مد۔ اسماعیل بن ابوبکر رملی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۲۹۔ ق۔ اسماعیل بن بہرام بن یحییٰ ہمدانی، خبذعی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۴۱ھ میں فوت ہوا۔

۴۳۰۔ ق۔ اسماعیل بن توبہ بن سلیمان بن زید ثقفی، ابو سلیمان یا ابو سہل:

یہ اصلاً طائف کے رہنے والے تھے پھر بعد میں انہوں نے قزوین میں رہائش اختیار کر لی تھی، دسویں طبقہ کے ''صدوق'' راوی تھے ۲۴۷ھ میں فوت ہوئے۔

☆ اسماعیل بن مجالد:

یہ ابن مجالد ہے اس کا ذکر آئے گا۔ (=۴۷۹)

☆ د۔ اسماعیل بن جریر:

صحیح یہ ہے کہ یہ راوی یحییٰ بن اسماعیل بن جریر ہے اس کا ذکر آگے آئے گا۔ (=۵۰۴)

۴۳۱۔ ع۔ اسماعیل بن جعفر بن ابوکثیر انصاری زرقی، ابواسحاق قاری:

آٹھویں طبقہ کا "ثقہ، پختہ کار" راوی ہے ۱۸۰ھ میں فوت ہوا۔

☆ اسماعیل بن ابوالحارث:

یہ ابن اسد ہے۔ (=۴۲۴)

۴۳۲۔ ق۔ اسماعیل بن حبان ثقفی، ابواسحاق قطان واسطی:

گیارھویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۴۳۳۔ ق۔ اسماعیل بن ابوحبیبہ انصاری:

ساتویں طبقہ کا راوی ہے روایت حدیث میں اس میں قدرے ضعف پایا جاتا ہے۔

۴۳۴۔ س، ق۔ اسماعیل بن حفص بن عمر بن دینار ابلی اودی:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۲۵۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۴۳۵۔ م، د، س، ق۔ اسماعیل بن ابوحکیم قرشی، مدنی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۱۳۰ھ میں فوت ہوا۔

۴۳۶۔ د، ت، س۔ اسماعیل بن حماد بن ابوسلیمان اشعری کوفی:

آٹھویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۴۳۷۔ تمییز۔ اسماعیل بن حماد بن ابوحنیفہ کوفی قاضی:

امام (اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ) کا پوتا اور نویں طبقہ کا راوی ہے حضرات نے اس پر کلام کیا ہے امامون کے دور

خلافت میں فوت ہوا۔

۴۳۸۔ع۔اسماعیل بن ابو خالد احمسی بجلی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ،مضبوط'' راوی ہے۔

۴۳۹۔تمییز۔اسماعیل بن ابو خالد فدکی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۴۰۔ت،ق۔اسماعیل بن خلیفہ عبسی،ابواسرائیل ملائی کوفی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کا نام عبدالعزیز ہے، ساتویں طبقہ کا ''صدوق،خراب حافظہ دار'' راوی ہے اس کی تشیع میں غلو کی طرف نسبت کی گئی ہے ۸۰ برس سے زیادہ عمر پا کر ۶۹ھ میں فوت ہوا۔

۴۴۱۔خ،م،مد۔اسماعیل بن خلیل خزاز،ابوعبداللہ کوفی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۵ھ میں فوت ہوا۔

۴۴۲۔بخ،ت،ق۔اسماعیل بن رافع بن عویمر انصاری مدنی،ابورافع:

بصرہ میں رہائش اختیار کرنیوالا ساتویں طبقہ کا ''ضعیف حافظہ والا'' راوی ہے ۵۰ھ کے لگ بھگ فوت ہوا۔

۴۴۳۔م،۴۔اسماعیل بن رجاء بن ربیعہ زبیدی،ابواسحاق کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے،(امام) ازدی (رحمہ اللہ) نے بلا دلیل اس پر کلام کیا ہے۔

۴۴۴۔س۔اسماعیل بن ریاح سلمی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆اسماعیل بن زرارہ:

ابن عبداللہ بن زرارہ کے نام سے اس کا ذکر آگے آرہا ہے۔

۴۴۵۔ع۔اسماعیل بن زکریا بن مرہ خلقانی،ابوزیاد کوفی:

اس کا لقب شقوصا اور آٹھویں طبقہ کا ''صدوق،قلیل الخطاء'' راوی ہے ۹۴ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۔

کے بعد ہوا۔

۴۴۶۔ق۔اسماعیل بن زیاد یا ابن ابو زیاد کوفی قاضی موصل:

آٹھویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ائمہ نے اس کی تکذیب کی ہے۔

۴۴۷۔بخ،م،د،س۔اسماعیل بن سالم اسدی،ابو یحیی کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ مضبوط کار'' راوی ہے۔

۴۴۸۔م۔اسماعیل بن سالم صائغ بغدادی:

مکہ مکرمہ میں رہائش اختیار کرنیوالا دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۴۹۔ت۔اسماعیل بن سعید بن عبید اللہ بن جبیر بن حیہ،ثقفی بصری:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۵۰۔بخ،ق۔اسماعیل بن سلمان بن ابو المغیرہ ازرق تمیمی کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۴۵۱۔د،ت۔اسماعیل بن سلیمان کحال ضبی یا یشکری،ابو سلیمان بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق،خطا کار'' راوی ہے۔

☆اسماعیل بن سماعہ:

یہ ابن عبد اللہ ہے اس کا ذکر تھوڑی دیر میں آئے گا۔(= ۸۵۲)

۴۵۲۔م،د،س۔اسماعیل بن سمیع حنفی ابو محمد کوفی،بیاع السابری:

چوتھے طبقہ کا صدوق راوی ہے خوارج کی بدعت کی وجہ سے اس پر کلام کیا گیا ہے۔

۴۵۳۔ق۔اسماعیل بن صبیح یشکری کوفی:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۵۴۔ق۔اسماعیل بن عبد اللہ بن جعفر بن ابو طالب ہاشمی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۲۰ھ میں فوت ہوا اور ۹۰ برس کے قریب عمر پائی۔

۴۵۵۔س۔اسماعیل بن عبداللہ بن حارث بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے (امام) ازدی (رحمہ اللہ) اس کی تضعیف کرنے میں مصیب نہیں ہیں۔

۴۵۶۔ق۔اسماعیل بن عبداللہ بن خالد بن یزید:

اسماعیل بن عبداللہ بن خالد بن یزید عبدری ابوعبداللہ یا ابوالحسن رقی سکری قاضی دمشق، دسویں طبقہ کا ''صدوق، جہم کی رائے کی طرف منسوب'' راوی ہے ۲۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۴۵۷۔تمییز۔اسماعیل بن عبداللہ بن زرارہ، ابوالحسن رقی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، (امام) ازدی (رحمہ اللہ) نے بلا دلیل اس پر کلام کیا ہے۔

۴۵۸۔د، ت، س۔اسماعیل بن عبداللہ بن سماعہ عدوی، غلام آل عمر، رملی:

اس کی کبھی دادا کی طرف بھی نسبت کردی جاتی ہے، آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ، قدیم الموت'' راوی ہے۔

۴۵۹۔س۔اسماعیل بن عبداللہ بن ابوطلحہ انصاری:

اسحاق کا بھائی اور چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۶۰۔خ، م، د، ت، ق۔اسماعیل بن عبداللہ بن عبداللہ بن اویس:

اسماعیل بن عبداللہ بن عبداللہ بن اویس ابن مالک بن ابوعامر اصبحی، ابوعبداللہ ابن ابواویس مدنی، دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، روایت احادیث میں اس سے خطائیں سرزد ہوئی ہیں ۲۲۶ھ میں فوت ہوا۔

☆اسماعیل بن عبداللہ:

اس کے دادا کا نام حارث ہے اس کا ذکر گزر چکا۔ (=۴۵۵)

۴۶۱۔س۔اسماعیل بن عبدالرحمٰن بن ذؤیب اسدی:

تیسرے طبقہ کا: ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۶۲۔د۔اسماعیل بن عبدالرحمٰن بن عطیہ:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۶۳۔م،۴۔اسماعیل بن عبدالرحمٰن بن ابوکریمہ سدی، ابومحمد کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق، روایت حدیث میں وہم کرجانیوالا'' راوی ہے، اس پر شیعہ ہونے کا طعن کیا گیا ہے ۱۲۷ھ میں فوت ہوا۔

۴۶۴۔د،فق۔اسماعیل بن عبدالکریم بن معقل بن منبہ، ابوہشام صنعانی:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۶۵۔ی،د،ت،ق۔اسماعیل بن عبدالملک بن ابوصفیراء:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق، کثیر الوہم'' راوی ہے۔

۴۶۶۔خ،م،د،س،ق۔اسماعیل بن عبیداللہ بن ابومہاجر:

اسماعیل بن عبیداللہ بن ابومہاجر مخزومی دمشقی ابوعبدالحمید، چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔ عمر ۷۰ برس ۱۳۱ھ میں فوت ہوا۔

۴۶۷۔بخ،ت، ق۔اسماعیل بن عبیداللہ بن رفاعہ بن رافع عجلانی:

اسے بغیر کسی اضافت کے ابن عبید بھی کہا جاتا ہے اور یہ چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۶۸۔س،ق۔اسماعیل بن عبید بن ابوکریمہ اموی حرانی، ابواحمد:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ، غریب احادیث بیان کرنیوالا'' راوی ہے ۲۴۰ھ میں فوت ہوا۔

۴۶۹۔تمییز،م،د،س۔اسماعیل بن عمرو اسلمی، ابوالمنذر:

بغداد میں رہائش اختیار کرنیوالا نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۰۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۴۷۰۔د۔اسماعیل بن عمرو اسلمی کاشہ القرطبلی:

بارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۷۱۔ق۔اسماعیل بن عمرو بن بن سعید بن عاص بن سعید بن عاص اموی، ابومحمد:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق، تصوف پسند'' راوی ہے ۱۳۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۴۷۲۔ سی۔ اسماعیل بن عون بن علی بن عبید اللہ بن ابو رافع ہاشمی:

کبھی اس کے دادا کی طرف بھی اس کی نسبت کر دی جاتی ہے، یہ ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۴۷۳۔ ی ۴۔ اسماعیل بن عیاش بن سلیم عنسی ابو عتبہ حمصی:

آٹھویں طبقہ کا "اپنے شہر والوں سے اپنی مرویات میں صدوق اوران کے علاوہ سے روایات کو خلط ملط کر دینے والا" راوی ہے، ۷۰ برس سے زائد عمر پا کر ۱۸۱ھ یا ۱۸۲ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۴۔ بخ ۴۔ اسماعیل بن کثیر حجازی، ابو ہاشم مکی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۴۷۵۔ س۔ اسماعیل بن متوکل، ابو ہاشم حمصی:

گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۴۷۶۔ خ، ت، عس۔ اسماعیل بن مجالد بن سعید ہمدانی، ابو عمر کوفی:

بغداد میں رہائش اختیار کرنیوالا آٹھویں طبقہ کا "صدوق، خطاء کار" راوی ہے۔

۴۷۷۔ ق۔ اسماعیل بن محمد بن اسماعیل بن محمد:

اسماعیل بن محمد بن اسماعیل بن محمد بن یحیی بن زکریا بن یحیی بن طلحہ تیمی طلحی، دسویں طبقہ کا "صدوق، روایت حدیث میں وہم کر جانیوالا" راوی ہے۔

۴۷۸۔ ت۔ اسماعیل بن محمد بن جحادہ عطار کوفی، مکفوف:

نویں طبقہ کا "صدوق، واہم کر جانیوالا" راوی ہے۔

۴۷۹۔ خ، م، د، ت، س۔ اسماعیل بن محمد بن سعد بن ابو وقاص زہری مدنی، ابو محمد:

چوتھے طبقہ کا "ثقہ حجہ" راوی ہے ۱۳۴ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۰۔ مد۔ اسماعیل بن مسعدہ تنوخی حلبی:

یہ ابو توبہ کا داماد ہے، طرطوس میں رہائش اختیار کرنیوالا گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۴۸۱۔عس۔اسماعیل بن مسعود بن حکم زرقی:

اس کا نام عیسیٰ اور قیس بھی بتایا گیا ہے، یہ پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۸۲۔س۔اسماعیل بن مسعود جحدری بصری، ابو مسعود:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۴۸ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۳۔م، ت، س۔اسماعیل بن مسلم عبدی، ابو محمد بصری قاضی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۸۴۔ت، ق۔اسماعیل بن مسلم مکی، ابو اسحاق:

پانچویں طبقہ کا ''فقیہ، ضعیف الحدیث'' راوی ہے۔

۴۸۵۔تمییز۔اسماعیل بن مسلم طائی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۸۶۔تمییز۔اسماعیل بن مسلم مخزومی مکی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆اسماعیل بن مسلم سکونی، ابو الحسن بن ابو زیاد شامی:

اسماعیل بن زیاد کے ترجمہ میں اس کا ذکر گزر چکا۔

۴۸۷۔تمییز۔اسماعیل بن مسلم یشکری:

یہ مجہول راوی ہے، یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ سکونی ہے۔

۴۸۸۔تمییز۔اسماعیل بن مسلم بن ابو فدیک:

یہ محمد کا والد اور چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۸۹۔تمییز۔اسماعیل بن مسلم بن یسار:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۹۰۔تمییز۔اسماعیل بن مسلم کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۹۱۔ق۔اسماعیل بن مسلمہ بن قعنب حارثی قعنبی،ابوبشر مدنی:

مصر میں رہائش اختیار کرنے والا نویں طبقہ کا ''صدوق،خطاء کار'' راوی ہے ۲۰۹ھ میں فوت ہوا۔

۴۹۲۔خ،د،ت،ق۔اسماعیل بن موسیٰ فزاری،ابو محمد یا ابو اسحاق کوفی:

یہ سدی کا ہم نسب یا نواسہ یا بھانجا ہے اور دسویں طبقہ کا ''صدوق،خطاء کار'' راوی ہے اس پر رافضیت کا طعن کیا گیا ہے ۲۴۵ھ میں فوت ہوا۔

۴۹۳۔ت۔اسماعیل بن یحییٰ بن سلمہ بن کہیل حضرمی کوفی:

دسویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

۴۹۴۔ق۔اسماعیل بن یحییٰ شیبانی:

اسے شعیری بھی کہا جاتا ہے،آٹھویں طبقہ کا ''متہم بالکذب'' راوی ہے۔

۴۹۵۔د۔اسماعیل بن یحییٰ معافری مصری:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۹۶۔س۔اسماعیل بن یعقوب بن اسماعیل بن صبیح،صبیحی ابو محمد حارثی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۱۷ھ کے بعد فوت ہوا۔

☆اسماعیل سلمی:

اسماعیل سلمی،وہم ہے،درست ابواسماعیل ہے۔(=۲۱۵ے،نمبر ۹۳۵ے)

۴۹۷۔س۔اسماعیل سہمی:

عبداللہ بن عمرو کا غلام اور تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اسمراوراسود نام کے رواۃ کا ذکر

۴۹۸۔ د۔ اسمر بن مضرس:

''صحابی (رضی اللہ عنہ)'' ہے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ اسمر بن ابیض بن مضرس ہے دادا کی طرف نسبت کر دی گئی ہے، اس سے صرف اس کی بیٹی ''عقیلہ'' ہی روایت کرتی ہے۔

۴۹۹۔ د، ق۔ اسود بن ثعلبہ کندی، شامی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۵۰۰۔ بخ، قد، س۔ اسود بن سریع تمیمی سعدی:

بصرہ میں رہائش اختیار کرنیوالا ''صحابی (رضی اللہ عنہ)'' ہے، جنگ جمل کے دنوں میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۴۲ھ میں فوت ہوا۔

۵۰۱۔ د۔ اسود بن سعید ہمدانی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۰۲۔ بخ، م، د، س، ق۔ اسود بن شیبان سدوسی بصری، ابوشیبان:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۱۶۰ھ میں فوت ہوا۔

۵۰۳۔ ع۔ اسود بن عامر شامی ابوعبدالرحمٰن:

اس کا لقب ''شاذان'' اور بغداد میں رہائش اختیار کرنیوالا نوویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۰۸ھ کے شروع میں فوت ہوا۔

۵۰۴۔ د۔ اسود بن عبداللہ بن حاجب بن عامر بن منتفق:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۰۵۔م،س۔اسود بن علاء بن جاریہ ثقفی:

اسے سوید بھی کہا جاتا ہے، چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۰۶۔ع۔اسود بن قیس عبدی کوفی، ابوقیس:

اسے عجلی بھی کہا جاتا ہے، چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۰۷۔س۔اسود بن مسعود عنبری، بصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۰۸۔خ،م،د،س۔اسود بن ہلال محاربی، ابوسلام کوفی:

دوسرے طبقہ کا جلیل القدر ''مخضرمی، ثقہ'' راوی ہے ۸۴ھ میں فوت ہوا۔

۵۰۹۔ع۔اسود بن یزید بن قیس نخعی ابوعمرو یا ابوعبدالرحمٰن:

دوسرے طبقہ کا ''مخضرمی، ثقہ کثیرالروایہ فقیہ'' راوی ہے ۷۴ھ یا ۷۵ھ میں فوت ہوا۔

اَسید نام کے رواۃ کا ذکر

۵۱۰۔ بخ،۴۔اسید بن ابواسید یزید براد، ابوسعید مدینی:

یہ اسید بن علی کے علاوہ دوسرا شخص ہے اور پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، منصور کے دور خلافت کی ابتداء میں فوت ہوا۔

۵۱۱۔د۔اسید بن ابواسید، شیخ لحجاج، عامل عمر بن عبدالعزیز:

(حافظ) مزی (رحمہ اللہ) کہتے ہیں کہ گویا یہ پہلے والا راوی نہیں ہے، مگر میں کہتا ہوں کہ یہ پہلے والا ہی راوی ہے۔

۵۱۲۔خ۔اسید بن زید بن نجیح جمال ہاشمی کوفی:

دسویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے (امام) ابن معین (رحمہ اللہ) نے افراط سے کام لیتے ہوئے اس کی تکذیب کی ہے، اور صحیح بخاری میں اس کی صرف ایک ہی مقرون بالغیر حدیث پائی جاتی ہے (یعنی اس کی روایت کو دوسرے ثقہ راوی کی روایت کے ساتھ ملا کر روایت کیا گیا ہے) ۲۲۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۵۱۳۔فق۔اسید بن صفوان:

(سیدنا) علی (رضی اللہ عنہ) سے روایت کرتا ہے، اور اسے صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) میں ذکر کیا گیا ہے۔

۵۱۴۔د۔اسید بن عبدالرحمن خثعمی رملی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۴۴ھ میں فوت ہوا۔

۵۱۵۔بخ،د،ق۔اسید بن علی بن عبید ساعدی انصاری، غلام ابواسید:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۱۶۔ق۔اسید بن متشمس ابن معاویہ تمیمی سعدی:

احنف کا چچا زاد بھائی اور دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

اُسید نام کے رواۃ کا ذکر

۵۱۷۔ ع۔ اسید بن حضیر ابن سماک بن عتیک انصاری اشہلی، ابو یحییٰ:

جلیل القدر صحابی (رضی اللہ عنہ) تھے ۲۰ھ یا ۲۱ھ میں فوت ہوئے۔

۵۱۸۔ س۔ اسید بن رافع بن خدیج:

اس کی حدیث اعرج کے واسطے سے اس سے مروی ہے، اور یہ تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے (حافظ) مزی (رحمہ اللہ) نے اس کا ترجمہ ذکر نہیں کیا تاہم یہ سنن کبریٰ کا راوی ہے۔

۵۱۹۔ ۴۔ اسید بن ظہیر بن رافع انصاری اوسی:

اسے اور اس کے والد محترم کو صحابیت کا شرف حاصل ہے، مروان کے دور خلافت میں فوت ہوا۔

☆ اسیر:

اس کا ذکر یسیر نام کے رواۃ میں آئے گا۔ (=۷۸۰۸)

اشتر سے لیکر حرف الف کے آخر تک کے رواۃ کا ذکر

☆ اشتر:

اس کا نام مالک بن حارث ہے۔ (=۶۴۲۹)

☆ افج عصری:

اس کا نام مالک بن منذر ہے۔ (=۶۸۸۷)

۵۲۰۔ د۔ اشعث بن اسحاق بن سعد بن ابو وقاص مالک بن اہیب زہری مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۲۱۔ تمییز۔ اشعث بن اسحاق بن سعد بن مالک بن ہانی اشعری قمی:

یعقوب کا چچا زاد بھائی اور چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۲۲۔ س۔ اشعث بن ثرملہ:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ اشعث بن جابر:

یہ ابن عبداللہ ہے اس کا ترجمہ آگے آرہا ہے۔ (=۵۲۷)

۵۲۳۔ ت، ق۔ اشعث بن سعید بصری، ابو الربیع سمان:

چھٹے طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

☆ اشعث بن سلیم:

یہ ابن ابو شعثاء ہے اس کا ترجمہ آئے گا۔ (=۵۲۶)

۵۲۴۔ بخ، م، ت، س، ق۔ اشعث بن سوار کندی:

اشعث بن سوار کندی نجار، افرق اثرم، صاحب توابیت، قاضی اہواز، چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۱۳۶ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۵۔ د۔ اشعث بن شعبہ مصیصی، ابواحمد خراسانی الاصل:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۲۶۔ ع۔ اشعث بن ابوشعثاء محاربی کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۲۵ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۷۔ خت، ۴۔ اشعث بن عبداللہ بن جابر حدانی ازدی بصری، ابوعبداللہ:

کبھی اس کی اس کے دادا کی طرف بھی نسبت کردی جاتی ہے، پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۲۸۔ د۔ اشعث بن عبداللہ خراسانی:

اسے ابن عبدالرحمٰن بن بھی کہا جاتا ہے، بصرہ میں رہائش اختیار کرنیوالا نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۲۹۔ ت۔ اشعث بن عبدالرحمٰن بن زبید یامی، کوفی:

نویں طبقہ کا ''صدوق، خطاء کار'' راوی ہے۔

۵۳۰۔ د، ت، س۔ اشعث بن عبدالرحمٰن جرمی، بصری:

اسے ازدی بھی کہا گیا ہے، ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۳۱۔ خت، ۴۔ اشعث بن عبدالملک حمرانی، بصری ابوہانی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ، فقیہ'' راوی ہے ۱۴۲ھ میں فوت ہوا، یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۴۶ھ میں ہوا۔

۵۳۲۔ ع۔ اشعث بن قیس بن معدی کرب کندی، ابومحمد:

کوفہ میں رہائش اختیار کرنیوالا صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے، عمر ۶۳ برس ۴۰ھ یا ۴۱ھ میں فوت ہوا۔

۵۳۳۔د،س۔اشہب بن عبدالعزیز بن داؤد قیسی، ابوعمرو مصری:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام مسکین ہے۔دسویں طبقہ کا ''ثقہ، فقیہ'' راوی ہے عمر ۶۴ برس ۲۰۴ھ میں فوت ہوا۔

۵۳۴۔خ،ت۔اشہل بن حاتم جمحی ابوعمرو، بصری:

اسے ابوحاتم بھی کہا گیا ہے، نویں طبقہ کا ''صدوق، خطاء کار'' راوی ہے۔

۵۳۵۔ت،س،ق۔اصبغ بن زید بن علی:

اصبغ ابن زید بن علی جہنی وراق، ابوعبداللہ واسطی، کاتب مصاحف، چھٹے طبقہ کا ''صدوق، غریب احادیث بیان کرنیوالا'' راوی ہے ۱۵۷ھ میں فوت ہوا۔

۵۳۶۔خ،د،ت،س۔اصبغ بن فرج بن سعید اموی فقیہ مصری، ابوعبداللہ:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۳۷۔ق۔اصبغ بن نباتہ تمیمی حنظلی، کوفی ابوالقاسم:

تیسرے طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے اس پر رافضیت کا طعن کیا گیا ہے۔

۵۳۸۔د،ق۔اصبغ، غلام عمرو بن حریث، مخزومی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ، متغیر'' راوی ہے۔

۵۳۹۔تخ۔اعین خوارزمی:

بصرہ میں رہائش اختیار کرنیوالا پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۵۴۰۔س۔اغر، ابن سلیک، کوفی:

اسے ابن حنظلہ بھی کہا گیا ہے، تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۴۱۔د،ت،س۔اغر بن صباح تمیمی منقری، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۴۲۔تخ،م،د،س۔اغر بن عبداللہ:

اسے ابن یسار مزنی بھی کہا گیا ہے اور جہنی بھی کہا گیا ہے اور بعض حضرات نے ان دونوں کے درمیان فرق کیا

ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، (امام) بخاری (رحمہ اللہ) نے کہا ہے کہ مزنی زیادہ صحیح ہے۔

۵۴۳۔ س۔ اغر (دوسرا):

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، کہا گیا ہے کہ یہ غفاری ہیں۔ ابوروح اس سے روایت کرتا ہے۔

۵۴۴۔ بخ، م، ۴۔ اغر ابو مسلم مدینی:

کوفہ میں رہائش اختیار کرنیوالا تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، اور یہ سلمان اغر جو کہ ابوعبداللہ کی کنیت سے مشہور ہے کے علاوہ دوسرا راوی ہے، (امام) طبرانی (رحمہ اللہ) نے اسے بدل دیا ہے اور کہا ہے کہ اس کا نام مسلم اور کنیت ابوعبداللہ ہے۔

۵۴۵۔ ق۔ اغر رقاشی، کوفی:

''مجہول'' ہے، یہ بھی احتمال ہے کہ یہ فضیل بن مرزوق ہو جس کا ترجمہ عنقریب آ رہا ہے۔ (=۵۴۳۷)

۵۴۶۔ د، س۔ افلت ابن خلیفہ عامری، ابوحسان کوفی:

اسے ذہلی اور ہزلی بھی کہا جاتا ہے، پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اور اسے فلیت بھی کہا جاتا ہے۔

۵۴۷۔ خ، م، د، س، ق۔ افلح بن حمید بن نافع انصاری مدنی، ابوعبدالرحمٰن:

اسے ابن صغیرا بھی کہا جاتا ہے، ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۵۸اھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۵۴۸۔ م، س۔ افلح بن سعید انصاری قبائی مدنی، ابومحمد:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۶۲ھ میں فوت ہوا۔

☆ افلح ہمدانی:

یہ ابوافلح ہے اس کا ترجمہ آگے آئے گا۔ (=۷۹۴۴)

۵۴۹۔ م۔ افلح، ابوعبدالرحمٰن:

(سیدنا) ابوایوب انصاری (رضی اللہ عنہ) کا غلام اور دوسرے طبقہ کا ''مخضرمی، ثقہ'' راوی ہے، اسے ابوکثیر بھی کہا گیا ہے ۶۳ھ میں فوت ہوا۔

۵۵۰۔ د۔ اقرع، مؤذن (سیدنا) عمر بن خطاب (رضی اللہ عنہ):

دوسرے طبقہ کا "مخضرمی ثقہ" راوی ہے۔

۵۵۱۔ قد۔ امی بن ربیعہ مرادی صیرفی، کوفی ابو عبدالرحمٰن:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۵۵۲۔ خ، م، س۔ امیہ بن بسطام عیشی بصری، ابوبکر:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۳۱ھ میں فوت ہوا۔

۵۵۳۔ م، د، ت، س۔ امیہ بن خالد بن اسود قیسی، ابو عبداللہ بصری:

ہدبہ کا بھائی ہے اور نویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۵۵۴۔ خد۔ امیہ بن زید ازدی، بصری:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۵۵۔ بخ۔ د، ت، س۔ امیہ بن صفوان بن امیہ بن خلف جمحی، مکی:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۵۶۔ م، س، ق۔ امیہ بن صفوان بن عبداللہ بن صفوان بن امیہ جمحی، مکی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۵۷۔ امیہ بن عبداللہ بن خالد بن اسید ابن ابوالعیص مکی:

خالد کا بھائی اور تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۸۷ھ میں فوت ہوا۔

۵۵۸۔ خد۔ امیہ بن عمرو بن سعید بن عاص بن سعید بن عاص بن امیہ اموی:

چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

☆ امیہ بن قاسم:

اس کا قاسم بن امیہ کے ترجمہ میں ذکر آئے گا۔ (=۵۳۵۰)

۵۵۹۔د،س۔امیہ بن مخشی، ابوعبداللہ:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں۔

۵۶۰۔س،ق۔امیہ بن ہند مزنی، حجازی:

کہا جاتا ہے کہ یہ ابن ہند بن سعد بن سہل بن حنیف ہے پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۶۱۔د۔امیہ:

ابومجلز سے روایت کرتا ہے، چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆انس بن ابوانس:

عبداللہ بن نافع سے روایت کرتا ہے، صحیح یہ ہے کہ یہ عمران ہے۔ (=۵۱۴۵)

۵۶۲۔د،ق۔انس بن حکیم ضبی، بصری:

تیسرے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۵۶۳۔ع۔انس بن سیرین انصاری، ابوموسیٰ بصری:

اسے ابوحمزہ اور ابوعبداللہ بھی کہا گیا ہے، محمد کا بھائی اور تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۱۸ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۲۰ھ میں ہوا۔

۵۶۴۔ع۔انس بن عیاض بن ضمرہ ابوعبدالرحمٰن لیثی، ابوضمرہ مدنی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے عمر ۹۶ برس ۲۰۰ھ میں فوت ہوا۔

۵۶۵۔ع۔انس بن مالک بن نضر انصاری خزرجی، خادم مصطفیٰ ﷺ:

دس برس نبی کریم ﷺ کی خدمت کرنیوالے مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، ۱۰۰ برس سے متجاوز عمر پا کر ۹۲ھ میں فوت ہوئے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۹۳ھ میں ہوئے۔

۵۶۶۔۴۔انس بن مالک قشیری کعبی، ابوامیہ:

انہیں ابوامیہ اور ابومیہ بھی کہا گیا ہے، بصرہ میں رہائش اختیار کرنیوالے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں۔

۵۶۷۔س۔انس قیسی بصری:

اسماء بنت یزید قیسیہ کا چچازاد بھائی اور چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۶۸۔د،س۔انیس ابن ابویحییٰ سمعان اسلمی:

محمد کا بھائی اور ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۶۹۔خ۔اُہبان ابن اوس اسلمی:

انہیں وُہبان بھی کہا جاتا ہے، بیعت رضوان میں شریک ہونیوالے ''صحابی (رضی اللہ عنہ)'' ہیں۔

۵۷۰۔ت،ق۔اہبان بن صیفی غفاری، ابومسلم:

انہیں بھی وہُبان بھی کہا جاتا ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، بصرہ میں فوت ہوئے۔

۵۷۱۔س۔اہبان غفاری ابوذر کی بیوی کا بیٹا ''ان کا بھانجا بھی کہا گیا ہے'':

دوسرے طبقہ کا راوی ہے، اور اس کا ذکر صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) میں کیا گیا ہے۔

۵۷۲۔۴۔اوس بن اوس ثقفی:

دمشق میں سکونت پزیر ہونیوالے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں۔

۵۷۳۔ت،ق۔اوس بن ابواوس حذیفہ ثقفی:

یہ بھی صحیح قول کے مطابق ایک دوسرے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں۔

۵۷۴۔ت،ق۔اوس بن ابواوس خالد حجازی، ابوخالد:

اوس بن ابواوس خالد حجازی، ابوخالد ''مجہول'' ہے، یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ ابوالجوزاء ہے اگر یہ بات صحیح ہے تو پھر غالبًا اس کی دو کنیتیں ہیں۔

۵۷۵۔د۔اوس بن صامت انصاری خزرجی:

(سیدنا عبادہ (رضی اللہ عنہ) کے بھائی ہیں بعمر ۸۵ برس (حافظ) ابن حبان (رحمہ اللہ) کے قول کے مطابق (سیدنا) عثمان (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت میں فوت ہوئے۔

۵۷۶۔م،۴۔اوس بن ضمعج کوفی ،حضرمی یا نخعی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ، مخضرمی'' راوی ہے ۷۴ھ میں فوت ہوا۔

۵۷۷۔ع۔اوس بن عبداللہ ربعی ،ابوالجوزاء بصری:

تیسرے طبقہ کا'' بکثرت ارسال کرنیوالا ثقہ'' راوی ہے ۸۳ھ میں فوت ہوا۔

☆اوس بن معیر ،ابومحذورہ:

اس کا ترجمہ کنیتوں میں آئے گا۔(=۸۳۳۱)

۵۷۸۔بخ،س،ق۔اوسط بن اسماعیل:

اوسط بن اسماعیل یا ابن عامر یا عمرو بجلی، ابواسماعیل یا ابوعمرو شامی، دوسرے طبقہ کا'' ثقہ، مخضرمی'' راوی ہے ۷۹ھ میں فوت ہوا۔

۵۷۹۔ت۔اوفی بن دلہم عدوی بصری:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۸۰۔س۔اویس ابن ابواویس:

انس سے روایت کرتا ہے، تیسرے طبقہ کا راوی ہے (حافظ) ابن حبان (رحمہ اللہ) نے اس کی توثیق کی ہے۔

۵۸۱۔م۔اویس بن عامر قرنی ،سید التابعین:

(امام) مسلم (رحمہ اللہ) نے ان کا کلام نقل کیا ہے مخضرمی راوی ہیں جنگ صفین میں قتل ہوئے۔

۵۸۲۔بخ،م،د،ت،س۔ایاد ابن لقیط سدوسی:

چوتھے طبقہ کا'' ثقہ'' راوی ہے۔

☆ایاد، ابوالسمح:

اس کا کنیتوں میں ترجمہ آئے گا۔(=۸۱۴۷)

۵۸۳۔بخ۔ایاس بن ابوتمیمہ فیروز، ابومخلد بصری:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆ ایاس بن ثعلبہ، ابوامامہ بلوی:

کنیتوں میں آئے گا۔ (=۹۴۵ے)

۵۸۴۔ د،س۔ ایاس بن حارث بن معیقیب بن ابوفاطمہ دوسی، حجازی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆ ایاس بن حرملہ:

حرملہ بن ایاس کے ترجمہ میں اس کا ذکر آئے گا۔ (=۱۱۷۱)

۵۸۵۔ س۔ ایاس بن خلیفہ بکری، مکی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۸۶۔ د۔ ایاس بن دغفل حارثی، ابودغفل بصری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۸۷۔ د،س،ق۔ ایاس بن ابورملہ شامی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۵۸۸۔ ع۔ ایاس بن سلمہ بن اکوع اسلمی، ابوسلمہ مدنی:

اسے ابوبکر بھی کہا جاتا ہے، تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے عمر ۷۷ برس ۱۱۹ھ میں فوت ہوا۔

۵۸۹۔ د،ق۔ ایاس بن عامر غافقی، مصری:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۹۰۔ د،س،ق۔ ایاس بن عبداللہ بن ابوذباب دوسی:

اس نے مکہ مکرمہ میں رہائش اختیار کرلی تھی، اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے، (حافظ) ابن حبان (رحمہ اللہ) نے اسے ''ثقات تابعین'' میں ذکر کیا ہے۔

۵۹۱۔ ۴۔ ایاس بن عبد مزنی، ابوعوف:

اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے، اہل حجاز میں اس کا شمار کیا جاتا ہے۔

۵۹۲۔خت،م۔ایاس بن معاویہ بن قرہ بن ایاس مزنی، ابو واثلہ بصری:

مشہور ذہین قاضی اور پانچویں طبقہ کے ''ثقہ'' راوی ہیں ۱۲۲ھ میں فوت ہوئے۔

۵۹۳۔عس۔ایاس بن نذیر ضبی کوفی:

رفاعہ کے والد اور چھٹے طبقہ کے راوی ہیں۔

۵۹۴۔س۔الطح:

پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۵۹۵۔س۔ایمن بن ثابت، ابو ثابت کوفی، غلام بنو ثعلبہ:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۹۶۔ت۔ایمن بن خریم ابن اخرم اسدی، ابو عطیہ شامی شاعر:

اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے اور (امام) عجلی (رحمہ اللہ) نے اسے ''ثقہ تابعی'' کہا ہے۔

۵۹۷۔خ،ت،س،ق۔ایمن بن نابل، ابو عمران حبشی، مکی:

عسقلان میں رہائش اختیار کرنیوالا پانچویں طبقہ کا ''صدوق، روایت احادیث میں وہم کر جانیوالا'' راوی ہے۔

۵۹۸۔خ،صد۔ایمن حبشی، مکی:

یہ عبدالواحد کے والد اور چوتھے طبقہ کے ''ثقہ'' راوی ہیں۔

۵۹۹۔س۔ایمن (فی السرقۃ):

کہا گیا ہے کہ یہ پہلے والا ہی راوی ہے، یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ زبیر کا غلام ہے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ ''ایمن بن ام ایمن'' ہے، آخری بات خطاء اور پہلے والی صحیح تر ہے۔

۶۰۰۔ص۔ایوب بن ابراہیم ثقفی، ابو یحییٰ مروزی:

اس کا لقب عبدویہ ہے، دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۰۱۔(بخ)د،ت۔ایوب بن بشیر بن سعد بن نعمان، ابو سلیمان انصاری معاوی مدنی:

اسے رویت کا شرف حاصل ہے (امام) ابوداؤد وغیرہ نے اس کی توثیق کی ہے ۶۵ھ میں فوت ہوا۔

۶۰۲۔تمیز۔ایوب بن بشیر انصاری:

متاخر ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۰۳۔فق۔ایوب بن بشیر عجلی،شامی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۰۴۔د۔ایوب بن بشیر بن کعب عدوی بصری، قاضیِ اہل فلسطین:

چھٹے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے بعمر ۷۵ برس ۱۱۹ھ میں فوت ہوا۔

۶۰۵۔ع۔ایوب بن ابوتمیمہ کیسان سختیانی،ابوبکر بصری:

پانچویں طبقہ کا کبار عبادت گزار فقہاء کرام میں سے ''ثقہ، پختہ کار، حجہ'' راوی ہے بعمر ۶۵ برس ۱۳۱ھ میں فوت ہوا۔

۶۰۶۔تخ۔ایوب بن ثابت مکی:

ساتویں طبقہ کا ''روایت حدیث میں قدرے کمزور'' راوی ہے۔

۶۰۷۔د،ت۔ایوب بن جابر بن سیار حنفی،ابوسلیمان یمامی ثم الکوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۶۰۸۔ت،کن۔ایوب بن حبیب زہری مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۳۱ھ میں فوت ہوا۔

۶۰۹۔ق۔ایوب بن حسان واسطی،ابوسلیمان زقاق:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆ایوب بن حصین:

محمد بن حصین کے ترجمہ میں اس کا ذکر آئے گا۔(=۵۸۲۳)

۶۱۰۔م،ت،س۔ایوب بن خالد بن صفوان بن اوس بن جابر انصاری،مدنی:

برقہ میں رہائش اختیار کرنیوالا یہ راوی ایوب بن خالد بن ابوایوب انصاری کے نام سے معروف ہے اور چوتھے طبقہ

کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۶۱۱۔ تمییز۔ ایوب بن خالد جہنی، ابوعثمان حرانی:

نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۶۱۲۔ د، ق۔ ایوب بن خوط بصری ابوامیہ:

پانچویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

۶۱۳۔ خ، د، ت، س۔ ایوب بن سلیمان بن بلال قرشی مدنی، ابویحییٰ:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔ (امام) ازدی (رحمہ اللہ) نے بلا دلیل اسے کمزور کہا ہے ۲۲۴ھ میں فوت ہوا۔

۶۱۴۔ ق۔ ایوب بن سلیمان شامی:

چوتھے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۶۱۵۔ د، ت، ق۔ ایوب بن سوید رملی، ابومسعود حمیری سیبانی:

نویں طبقہ کا ''صدوق، خطاء کار'' راوی ہے ۱۹۳ھ میں فوت ہوا یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۰۲ھ میں ہوا۔

۶۱۶۔ خ، م، ت، س۔ ایوب بن عائذ ابن مدلج طائی بحتری، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، اس پر ارجاء کا طعن کیا گیا ہے۔

۶۱۷۔ د۔ ایوب بن عبداللہ بن مکرز عامری، قرشی خطیب:

تیسرے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے (امام) ابوداؤد (رحمہ اللہ) کا اس کی روایت نقل کرنا ثابت نہیں۔

۶۱۸۔ د، ت، ق۔ ایوب بن عبدالرحمٰن بن صعصعہ:

اسے ایوب بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن ابوصعصعہ بھی کہا گیا ہے، چھٹے طبقہ کا راوی ہے۔

۶۱۹۔ ق۔ ایوب بن عتبہ یمامی، ابویحییٰ قاضی:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۱۶۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۰۔ د،ق۔ ایوب بن قطن، کندی فلسطینی:

پانچویں طبقہ کا ''روایت حدیث میں قدرے کمزور'' راوی ہے۔

۶۲۱۔ ق۔ ایوب بن محمد بن ایوب ہاشمی صالحی، بصری المعروف بالقلب:

صالح بن علی بن عبد اللہ بن عباس کی اولاد میں شمار ہوتا ہے، دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۲۲۔ د،س،ق۔ ایوب بن محمد بن زیاد، وزان، ابو محمد رقی، غلام ابن عباس:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۴۹ھ میں فوت ہوا، (امام) شیرازی (رحمہ اللہ) نے ذکر کیا ہے کہ یہ وہی ہے جو قلب کے لقب سے مشہور ہے اور کہا گیا ہے کہ یہ دونوں ایک ہی راوی ہیں۔

۶۲۳۔ د،ت،س۔ ایوب بن ابوایوب مسکین تمیمی ابوالعلاء، قصاب واسطی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس سے کچھ اوہام سرزد ہوئے ۱۴۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۴۔ د۔ ایوب بن منصور کوفی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق، وہم کر جانیوالا'' راوی ہے۔

۶۲۵۔ ع۔ ایوب بن موسیٰ بن عمرو بن سعید بن عاص، ابوموسیٰ مکی اموی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۳۲ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۶۔ د۔ ایوب بن موسیٰ، ابوکعب سدی بلقاوی:

اسے ابن محمد بھی کہا جاتا ہے، آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۲۷۔ خ،م،س۔ ایوب بن نجار بن زیاد حنفی، ابواسماعیل قاضی یمامہ:

نجار کا نام یحییٰ بھی بتایا گیا ہے، آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ، مدلس'' راوی ہے۔

۶۲۸۔ ق۔ ایوب بن ہانی کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق، روایت حدیث میں قدرے کمزور'' راوی ہے۔

۶۲۹۔ تمیز۔ ایوب بن ہانی:

یہ پہلے والے راوی کے بعد کا ایک دوسرا نویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۳۰۔ت۔ایوب بن واقد کوفی، ابوالحسن:

اسے ابوسہل بھی کہا جاتا ہے، بصرہ میں رہائش اختیار کرنے والا آٹھویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

۶۳۱۔س۔ایوب:

قاسم شامی سے روایت کرتا ہے، ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۳۲۔قد۔ایوب:

مکحول سے روایت کرتا ہے، یہ بھی احتمال ہے کہ یہ پہلے والا ہی ہو۔

حرف الباء

۶۳۳۔د۔باب ابن عمیر شامی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۳۴۔۴۔باذام، ابو صالح، غلام ام ہانی:

تیسرے طبقہ کا ''ضعیف، ارسال کرنیوالا'' راوی ہے۔

۶۳۵۔خ، د، ت، س۔بجالہ ابن عبدہ تمیمی عنبری بصری:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۳۶۔د۔بجیر ابن ابو بجیر حجازی:

کہا جاتا ہے کہ اس کے والد کا نام سالم ہے، تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۳۷۔ق۔بحر ابن کنیز السقاء، ابو الفضل بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۱۶۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۸۔ق۔بحر بن مرار ابن عبدالرحمٰن بن ابو بکرہ ثقفی، ابو معاذ بصری:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم آخر عمر میں عارضہ اختلاط میں مبتلا ہو گیا تھا۔

۶۳۹۔کن۔بحر بن نصر بن سابق خولانی، مصری ابو عبداللہ:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بعمر ۸۷ برس ۲۶۷ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۰۔بخ، ۴۔بحیر ابن سعد سحولی، ابو خالد حمصی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ، پختہ کار'' راوی ہے۔

۶۴۱۔م،س۔بختری ابن ابوالبختری مختار عبدی بصری:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۴۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۲۔ق۔بختری بن عبید طابخی، کلبی شامی:

اہل قلمون سے ہے، ساتویں طبقہ کا ''ضعیف، متروک'' راوی ہے۔

۶۴۳۔م،س۔بدر بن عثمان اموی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۴۴۔ق۔بدر بن عمرو بن جراد سعدی، تیمی کوفی:

اس کا لقب عُنیلہ اور ربیع کا والد ہے، چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۴۵۔خ،۴۔بدل ابن محبر، ابوالمنیر تمیمی بصری:

واسطی الاصل، نویں طبقہ کا ''ثقہ، پختہ کار'' راوی ہے تاہم زائدہ سے نقل کردہ اس کی حدیث میں قدرے کمزوری پائی جاتی ہے ۲۱۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۶۴۶۔م،۴۔بدیل عقیلی ابن میسرہ بصری:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۲۵ھ یا ۱۳۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۷۔تم۔براء بن زید بصری ابن بنت انس:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۴۸۔ع۔براء بن عازب بن حارث بن عدی انصاری اوسی:

کوفہ میں رہائش اختیار کرنیوالا صحابی ابن صحابی (رضی اللہ عنہما) ہے ۷۲ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۹۔بخ۔براء بن عبداللہ بن یزید غنوی، بصری:

بسا اوقات اس کی دادا کی طرف بھی نسبت کردی جاتی ہے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ دو الگ الگ راوی ہیں۔ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۶۵۰۔د۔ براء بن ناجیہ کاہلی، کوفی:

اسے محاربی بھی کہا جاتا ہے، تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۵۱۔ق۔ براء سلیطی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۵۲۔س۔ برد ابن ابوزیاد ہاشمی:

یزید کا بھائی اور پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۵۳۔بخ،۴۔ برد بن سنان، ابوالعلاء دمشقی، غلام قریش:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس پر قدری ہونے کا طعن کیا گیا ہے۔

۶۵۴۔تمیز۔ برد بن سنان سمرقندی:

پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۵۵۔د،ق۔ برکہ مجاشعی، ابوالولید بصری:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۵۶۔بخ۔ برمہ بن لیث اسدی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۵۷۔عس۔ برید (برد کی تصغیر) ابن اصرم:

(حافظ) ابن حبان (رحمہ اللہ) نے بُرید کی بجائے بُریدذکر کیا ہے اور تاء کی بجائے تاء فوقانیہ کیساتھ بھی اسے ذکر کیا گیا ہے۔ مگر صحیح بُرید ہی ہے۔ تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۵۸۔ع۔ برید بن عبداللہ بن ابوبردہ بن ابوموسیٰ اشعری کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ، قلیل الخطاء'' راوی ہے۔

۶۵۹۔بخ،۴۔ برید ابن ابومریم مالک بن ربیعہ سلولی، بصری:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۴۴ھ میں فوت ہوا۔

۶۶۰۔ع۔ بریدہ بن حصیب، ابوسہل اسلمی:

غزوہ بدر سے پہلے اسلام لانیوالا صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے ۶۳ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۶۶۱۔س۔ بریدہ بن سفیان اسلمی، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''روایت حدیث میں غیرقوی'' راوی ہے، اس میں قدرے رافضیت پائی جاتی ہے۔

☆بریہ بن عمر بن سفینہ:

ابراہیم کے ترجمہ میں اس کا ذکر گزر چکا۔ (=۲۲۱)

۶۶۲۔س۔ بسام بن عبداللہ صیرفی، کوفی ابوالحسن:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

بُسر نام کے رواۃ کا ذکر

۶۶۳۔د،ت،س۔بسر بن ارطاۃ:

اسے ابن ابو ارطاۃ بھی کہا جاتا ہے اور اس کا نام عمیر بن عویمر بن عمران قرشی عامری ہے، شام میں رہائش اختیار کرنیوالا صغیر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے ۸۶ھ میں فوت ہوا۔

۶۶۴۔س۔بسر بن ابو بسر مازنی:

عبداللہ کا والد اور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے، اس کا مسلم میں بلا روایت ذکر موجود ہے۔

۶۶۵۔ق۔بسر بن جحاش:

شام میں رہائش اختیار کرنیوالا صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے۔

۶۶۶۔ع۔بسر بن سعید مدنی عابد، غلام ابن حضرمی:

دوسرے طبقہ کا جلیل القدر ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۶۷۔ع۔بسر بن عبیداللہ حضرمی شامی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ، حافظ'' راوی ہے۔

۶۶۸۔س۔بسر بن محجن دیلی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۶۹۔د۔بسطام بن حریث اصفر، ابو یحییٰ بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۷۰۔خ،س،ق۔بسطام بن مسلم بن نمیر عوذی، بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۷۱۔س۔ بشار بن ابوسیف جرمی شامی:

بصرہ میں سکونت اختیار کرنیوالا چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۷۲۔س۔ بشار بن عیسیٰ ضبعی، ابوعلی ازرق بصری:

نویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۷۳۔ق۔ بشار بن کدام سلمی، کوفی:

کہا گیا ہے کہ یہ مسعر کا بھائی ہے مگر (امام) دارقطنی (رحمہ اللہ) نے اس بات کی تردید کی ہے۔ چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۶۷۴۔فق۔ بشار بن موسیٰ خفاف، شیبانی عجلی بصری:

بغداد میں رہائش اختیار کرنیوالا دسویں طبقہ کا کثیر الحدیث ''ضعیف، بکثرت غلطیاں کرنیوالا'' راوی ہے۔

بشر نام کے رواۃ کا ذکر

۶۷۵۔ د، ت، عس، ق۔ بشر بن آدم بن یزید:

بشر بن آدم بن یزید بصری، ابو عبد الرحمٰن ابن بنت ازہر سمان، دسویں طبقہ کا "صدوق، روایت حدیث میں قدرے کمزور" راوی ہے ۲۵۴ھ میں فوت ہوا۔

۶۷۶۔ خ، ق۔ بشر بن آدم ضریر، ابو عبداللہ بغدادی، بصری الاصل:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے بعمر ۶۸ برس ۲۱۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۷۷۔ خ، د، س، ق۔ بشر بن بکر تنیسی، ابو عبداللہ بجلی۔ دمشقی الاصل:

نویں طبقہ کا "ثقہ، غریب احادیث بیان کرنے والا" راوی ہے ۲۰۵ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۰۰ھ میں ہوا۔

۶۷۸۔ خت، ق۔ بشر بن ثابت بصری، ابو محمد بزار:

نویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۶۷۹۔ مد۔ بشر بن جبلہ

بقیہ کے شیوخ میں سے آٹھویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۶۸۰۔ ل، عس۔ بشر بن حارث بن عبدالرحمٰن:

بشر بن حارث بن عبدالرحمٰن بن عطاء ابن ہلال مروزی، ابو نصر حافی:

دسویں طبقہ کا جلیل القدر زاہد مشہور "ثقہ، قدوۃ" راوی ہے بعمر ۷۶ برس ۲۲۷ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۱۔ س، ق۔ بشر بن حرب ازدی، ابو عمرو ندبی، بصری:

تیسرے طبقہ کا "صدوق، روایت حدیث میں قدرے کمزور" راوی ہے ۱۲۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۶۸۲۔ س۔ بشر بن حسن بن بشر بن مالک بن یسار بصری، ابو مالک صفی:

نویں طبقہ کا ''ثقہ، فاضل'' راوی ہے۔

۶۸۳۔ خ،م،س،ا۔ بشر بن حکم بن حبیب بن مہران عبدی نیسابوری، ابوعبدالرحمٰن:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ، زاہد، فقیہ'' راوی ہے ۲۳۷ھ یا ۲۳۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۴۔ خ،م،د،س۔ بشر بن خالد عسکری، ابومحمد فرائضی:

بصرہ میں رہائش اختیار کرنیوالا دسویں طبقہ کا ''ثقہ غریب احادیث بیان کرنیوالا'' راوی ہے ۲۵۳ھ یا ۲۵۵ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۵۔ بخ،د،ت،ق۔ بشر بن رافع حارثی، ابوالاسباط نجرانی:

ساتویں طبقہ کا ''فقیہ، روایت حدیث میں ضعیف'' راوی ہے۔

۶۸۶۔ س،ق۔ بشر بن تیم غفاری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے، اس کی (سیدنا) علی (رضی اللہ عنہ) سے روایت آئی ہے۔

۶۸۷۔ ع۔ بشر بن سری، ابوعمرو، افوہ بصری:

مکہ مکرمہ میں رہائش اختیار کرنیوالا نویں طبقہ کا ''واعظ، ثقہ، متقن'' راوی ہے اس پر جہم کی رائے کا طعن کیا گیا تو اس نے معذرت کرتے ہوئے جہم کی رائے سے توبہ کر لی۔ ۱۹۵ھ یا ۱۹۶ھ میں فوت ہوا۔

☆ بشر بن سلام:

اس کا بشیر کے ترجمہ میں ذکر آئے گا۔ (=۷۱۲)

۶۸۸۔ خ،ت،س۔ بشر بن شعیب بن ابوحمزہ دینار قرشی، ابوالقاسم حمصی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۲۱۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۹۔ د،ت،س۔ بشر بن شغاف، ضبی بصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۹۰۔ د،ت،ق۔ بشر بن عاصم بن سفیان بن عبداللہ:

بشر بن عاصم بن سفیان بن عبداللہ بن ربیعہ بن حارث ثقفی، طائفی، چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۹۱۔ تمییز۔ بشر بن عاصم طائفی:

یہ ایک دوسرا تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۹۲۔ د،س۔ بشر بن عاصم لیثی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق، خطا کار'' راوی ہے۔

۶۹۳۔ س۔ بشر بن عائذ، منقری بصری:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، کہا جاتا ہے کہ اس کے دادا کا نام مختفز ہے اور بسا اوقات اسی کی طرف اس کی نسبت کردی جاتی ہے عنقریب اس کا ذکر آئے گا۔(=۷۰۰)

۶۹۴۔ د۔ بشر بن عبداللہ بن یسار سلمی حمصی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، یہ عمر بن عبدالعزیز (رحمہ اللہ) کے پہرہ داروں میں سے تھا۔

۶۹۵۔ خ۔ بشر بن عیس ابن مرحوم بن عبدالعزیز عطار بصری:

حجاز میں رہائش اختیار کرنیوالا دسویں طبقہ کا ''صدوق، خطاء کار'' راوی ہے، بسا اوقات اس کی اس کے دادا کی طرف نسبت کردی جاتی ہے۔

۶۹۶۔ د۔ بشر بن عمار قہستانی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۹۷۔ فق۔ بشر بن عمارہ خثعمی، مکتب کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۶۹۸۔ ع۔ بشر بن عمر بن حکم زہرانی، ابو محمد بصری:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۰۷ھ میں فوت ہوا یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۰۹ھ میں ہوا۔

۶۹۹۔د۔بشر بن قرہ کلبی کوفی:

اسے قرہ (س) بن بشیر بھی کہا گیا ہے، چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۰۰۔د۔بشر بن قیس تغلبی:

یہ اہل قنسرین سے ہے اور دوسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆بشر بن مخلو، بصری:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ یہ پیچھے گزرنے والا راوی ''ابن عائذ'' ہی ہے۔(=۶۹۳)

۷۰۱۔خ۔بشر بن محمد سختیانی، ابو محمد مروزی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے ۲۴ھ میں فوت ہوا۔

☆بشر بن مرحوم:

یہ ابن عبیس ہے۔(=۶۹۵)

۷۰۲۔ت،س،ق۔بشر بن معاذ عقدی، ابو سہل بصری ضریر:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۴۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۷۰۳۔ع۔بشر بن مفضل بن لاحق رقاشی، ابو اسماعیل بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ، پختہ کار، عابد'' راوی ہے ۸ھ یا ۸ھ میں فوت ہوا۔

۷۰۴۔م،د،س۔بشر بن منصور سلمی، ابو محمد ازدی بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق، عابد، زاہد'' راوی ہے ۸۰ھ میں فوت ہوا۔

۷۰۵۔ق۔بشر بن منصور حناط:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ پہلے والا ہی راوی ہے۔

۷۰۶۔ق۔بشر بن نمیر قشیری، بصری:

ساتویں طبقہ کا ''متروک، متہم'' راوی ہے ۴۰اھ کے بعد فوت ہوا۔

۷۰۷۔م،۴۔بشر بن ہلال صواف، ابو محمد نمیری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۴۷ھ میں فوت ہوا۔

۷۰۸۔تم۔بشر بن رزاح بصری ابوالہیثم:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۱۰ھ میں فوت ہوا۔

۷۰۹۔د۔بشر کندی ابو عبداللہ:

آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۱۰۔ت۔بشر:

انس سے روایت کرتا ہے پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ یہ ابن دینار ہے۔

بَشیر نام کے رواۃ کا ذکر

۷۱۱۔د،ت،س۔بشیر بن ثابت انصاری، بصری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، (حافظ) ابن حبان (رحمہ اللہ) نے کہا کہ جس شخص نے اسے بغیر یاء کے بشر کہا ہے وہ وہم کا شکار ہے۔

۷۱۲۔تمیز۔بشیر بن ثابت انصاری:

یہ ایک دوسرا چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، درست بات یہ ہے کہ یہ راوی حسین بن ثابت ہے۔

☆بشیر بن خصاصیہ:

یہ ابن معبد ہے۔ (=۷۲۲)

۷۱۳۔عس۔بشیر بن ربیعہ بجلی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۱۴۔س۔بشیر بن سعد بن ثعلبہ بن جلاس، انصاری خزرجی:

جلیل القدر بدری صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، عین التمر کے معرکہ میں شہید ہوئے۔

۷۱۵۔ بخ، م، ۴۔ بشیر بن سلمان کندی، ابو اسماعیل کوفی، حکم کا والد:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ، غریب احادیث بیان کرنیوالا'' راوی ہے۔

۷۱۶۔ س۔ بشیر بن سلام یا سلمان انصاری مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۱۷۔ خ، م، مد، تم۔ بشیر بن عقبہ ناجی سامی، ابو عقیل دورقی بصری:

اسے ازدی بھی کہا جاتا ہے، ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۱۸۔ بخ۔ بشیر بن ابو عمرو خولانی، ابو الفتح مصری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۱۹۔ د۔ بشیر بن محرر، حجازی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۲۰۔ خ، م، د، س، ق۔ بشیر بن ابو مسعود عقبہ بن عمرو انصاری مدنی:

اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے، (امام) عجلی (رحمہ اللہ) نے ''ثقہ تابعی'' کہا ہے۔

۷۲۱۔ د۔ بشیر بن مسلم کندی، ابو عبداللہ کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۲۲۔ بخ، د، س، ق۔ بشیر بن معبد سدوسی، المعروف ابن خصاصیہ:

اسے ابن زید بن معبد بھی کہا گیا ہے، جلیل القدر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں۔

۷۲۳۔ م، ۴۔ بشیر بن مہاجر کوفی، غنوی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق، روایت حدیث میں کمزور'' راوی ہے اس پر ارجاء کا طعن کیا گیا ہے۔

۷۲۴۔ د۔ بشیر بن میمون شقری، بصری:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۲۵۔ق۔بشیر بن میمون واسطی، خراسانی الاصل:

مکہ مکرمہ میں سکونت پزیر ہونیوالا آٹھویں طبقہ کا ''متروک، متہم'' راوی ہے۱۸۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۷۲۶۔ع۔بشیر بن نہیک سدوسی، ابوالشعثاء بصری:

اسے سلولی بھی کہا جاتا ہے، تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۲۷۔س۔بشیر حارثی، عصام کا والد:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے اس کا نام اکبر تھا جسے نبی ﷺ نے تبدیل کر دیا تھا۔

۷۲۸۔ل۔بشیر:

ابن زبیر سے روایت کرتا ہے، چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۲۹۔خ،م۔بُشَیر بن کعب بن اُبَیّ حمیری عدوی، ابوایوب بصری:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ، مخضرمی'' راوی ہے۔

۷۳۰۔ع۔بُشَیر ابن یسار حارثی، مولیٰ انصار:

تیسرے طبقہ کا ''مدنی، ثقہ، فقیہ'' راوی ہے۔

۷۳۱۔د۔بصرہ ابن اکثم، بُسرہ اور نضلہ بھی کہا جاتا ہے:

انصاری صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں۔

۷۳۲۔د،ت،س۔بَصرہ بن ابوبصرہ غفاری:

صحابی ابن صحابی (رضی اللہ عنہما) ہیں۔

۷۳۳۔خ،م،مد،ت،س،ق۔بعجہ بن عبداللہ بن بدر جہنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۰ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۴۔خت،م،۴۔بقیہ بن ولید بن صائد بن کعب کلاعی، ابو یُحمِد:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف راویوں سے بکثرت تدلیس کرنیوالا صدوق'' راوی ہے عمر ۸۷ برس ۱۹۷ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۵۔ خت، د، ت، ق۔ بکار بن عبد العزیز بن ابو بکرہ، بصری:

اس کی کنیت ابو بکرہ ہے، ساتویں طبقہ کا ''صدوق، وہم کر جانیوالا'' راوی ہے۔

۷۳۶: د۔ بکار بن یحییٰ:

آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

بکر نام کے رواۃ کا ذکر

۷۳۷۔س۔بکر بن حکم تمیمی، ابو بشر مزلق:

حماد بن زید کا ہمسایہ ہے اور ساتویں طبقہ کا ''صدوق، روایت حدیث میں قدرے کمزور'' راوی ہے۔

۷۳۸۔خت، د، ق۔بکر بن خلف بصری، داماد مقریٰ، ابو بشر:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۷۳۹۔ت، ق۔بکر بن خنیس کوفی، عابد:

بغداد میں سکونت پذیر ہونیوالا ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم اس کی کچھ غلطیاں پائی جاتی ہیں، (حافظ) ابن حبان (رحمہ اللہ) نے اس راوی کے بارے میں افراط سے کام لیا ہے۔

۷۴۰۔ق۔بکر بن زرعہ خولانی، شامی:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۴۱۔بخ، ق۔بکر بن سلیم صواف، ابو سلیمان طائفی:

مدینہ میں سکونت پذیر ہونیوالا آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۴۲۔خت، م، ۴۔بکر بن سوادہ بن ثمامہ جذامی یا ثمامہ مصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ، فقیہ'' راوی ہے ۲۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۷۴۳۔ع۔بکر بن عبداللہ مزنی، ابو عبداللہ بصری:

تیسرے طبقہ کا جلیل القدر ''ثقہ، پختہ کار'' راوی ہے ۱۰۶ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۴۔د، س، ق۔بکر بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن عیسیٰ:

بکر بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن عیسیٰ ابن عبدالرحمٰن بن ابو لیلیٰ انصاری، ابو عبدالرحمٰن کوفی قاضی، نوویں طبقہ کا ''ثقہ''

راوی ہے، اسے بکر بن عبید بھی کہا جاتا ہے، ۱۱۱ھ یا ۱۱۲ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۱۹ھ میں ہوا۔

۷۴۵۔ق۔ بکر بن عبدالوہاب بن محمد بن ولید بن نجیح مدنی:

یہ واقدی کا بھانجا ہے، گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

☆ بکر بن عبید:

یہ ابن عبدالرحمٰن ہے اس کا ترجمہ گزر چکا۔ (=۷۴۴)

۷۴۶۔خ،م،د،ت،س،فق۔ بکر بن عمرو معافری مصری، امام جامع مسجد:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق، عابد'' راوی ہے ابوجعفر کے دور خلافت میں ۱۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۷۴۷۔ع۔ بکر بن عمرو، ابن قیس بھی کہا گیا ہے، ابوالصدیق ناجی بصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۸ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۸۔س۔ بکر بن عیسیٰ راسبی، ابوبشر بصری:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۰۴ھ میں فوت ہوا۔

☆ بکر بن عیسیٰ، درست بکر ہے:

یہ ابن عبدالرحمن ہے عیسیٰ سے روایت کرتا ہے اور وہ ابن مختار ہے۔ (=۷۴۴،۵۳۲۲)

۷۴۹۔س۔ بکر بن ماعز بن مالک، ابوحمزہ کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ، عابد'' راوی ہے۔

۷۵۰۔د۔ بکر بن مبشر انصاری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے۔

۷۵۱۔خ،م،د،ت،س۔ بکر بن مضر بن محمد بن حکیم مصری، ابومحمد یا ابوعبدالملک:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ، پختہ کار'' راوی ہے ۷۰ برس سے زائد عمر پا کر ۱۷۳ھ یا ۱۷۴ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۲۔م،۴۔بکر بن وائل بن داؤد تمیمی، کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے جوانی میں فوت ہوا، اس کے والد محترم نے اس سے روایت کیا ہے۔

۷۵۳۔ق۔بکر بن یحییٰ بن زبان عبدی بصری:

ابوعلی کی کنیت سے معروف ہے! اسے عنزی اور نمری بھی کہا جاتا ہے، نویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۵۴۔ت،ق۔بُکر بن یونس بن بکیر شیبانی کوفی:

نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

بکیر نام کے رواۃ کا ذکر

۷۵۵۔ ر، م، د، س، ق۔ بکیر بن اخنس سدوسی کوفی:

اسے لیثی بھی کہا جاتا ہے، چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ بکیر بن اشج:

یہ ابن عبید اللہ ہے اس کا ترجمہ آئے گا۔ (=۷۶۰)

۷۵۶۔ س۔ بکیر بن ابوسمیط، مسمعی، مکفوف بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۵۷۔ ت، س۔ بکیر بن شہاب کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۵۸۔ تمییز۔ بکیر بن شہاب دامغانی:

آٹھویں طبقہ کا ''منکر الحدیث'' راوی ہے۔

۷۵۹۔ د۔ بکیر بن عامر بجلی، ابواسماعیل کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۷۶۰۔ ع۔ بکیر بن عبداللہ بن اشج، غلام بنو مخزوم، ابوعبداللہ یا ابو یوسف مدنی:

مصر میں رہائش اختیار کرنیوالا پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۲۰ھ میں فوت ہوا یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۷۶۱۔ م، ق۔ بکیر بن عبداللہ یا ابن ابوعبداللہ طائی کوفی طویل، المعروف بالضخم:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اس پر رافضیت کا طعن کیا گیا ہے۔

۷۶۲۔ بخ۔ بکیر بن عتیق عامری کوفی، محاربی بھی کہا گیا ہے:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۶۳۔ ۴۔ بکیر بن عطاء لیثی، کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۶۴۔ ت۔ بکیر بن فیروز رُہاوی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۶۵۔ تمیز۔ بکیر بن فیروز:

یہ ایک دوسرا اگر چھٹے طبقہ کا راوی ہے، (امام) بخاری (رحمہ اللہ) کے نزدیک یہ بکیر بن اخنس ہی ہے جس کا ترجمہ ماقبل میں گزر چکا ہے۔ (=۷۵۵)

۷۶۶۔ م، ت، س۔ بکیر بن مسمار زہری مدنی، ابو محمد:

یہ مہاجر کا بھائی اور چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۵۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۷۔ تمیز۔ بکیر بن مسمار، دوسرا:

زہری سے روایت کرتا ہے اور ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۷۶۸۔ مد۔ بکیر بن معروف اسدی، ابو معاذ یا ابوالحسن دامغانی، قاضی نیشاپور:

بعد دمشق میں رہائش اختیار کرنیوالا ساتویں طبقہ کا ''صدوق، روایت حدیث میں قدرے کمزور'' راوی ہے ۱۶۳ھ میں فوت ہوا۔

☆ بکیر بن موسیٰ:

یہ ابوبکر بن ابوالشیخ ہے اس کا ترجمہ آئے گا۔ (=۷۹۶۹)

۷۶۹۔ س۔ بکیر بن وہب جزری:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۷۰۔ت۔ بہنہ، جہنی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے، (امام) ترمذی (رحمہ اللہ) نے اپنی سند سے تعلیقاً ابن لہیعہ سے مروی اس کی حدیث ذکر کی ہے۔

۷۷۱۔ع۔ بہز بن اسد عمی، ابوالاسود بصری:

نویں طبقہ کا ''ثقہ، پختہ کار'' راوی ہے ۲۰۰ھ کے بعد فوت ہوا یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

۷۷۲۔خت، ۴۔ بہز بن حکیم بن معاویہ قشیری، ابوعبدالملک:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۶۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۷۷۳۔ق۔ بہلول بن مورق، ابوغسان مصری، شامی الاصل:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۷۴۔خ۔ بُورا بن اصرم، ابوبکر مروزی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے اور دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۲۲۳ھ میں فوت ہوا، یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۲۶ھ میں ہوا۔

۷۷۵۔قد۔ بلاد، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۷۶۔خت، ت۔ بلال بن ابوبردہ بن ابوموسیٰ اشعری، قاضی بصرہ:

پانچویں طبقہ کا راوی ہے، اس سے بہت کم حدیثیں آتی ہیں ۱۲۰ھ کے چھ سال بعد فوت ہوا۔

۷۷۷۔۴۔ بلال بن حارث مزنی، ابوعبدالرحمٰن مدنی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے، بعمر ۸۰ برس ۶۰ھ میں فوت ہوا۔

۷۷۸۔د۔ بلال بن ابودرداء انصاری، قاضی دمشق:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۹۲ھ میں فوت ہوا، یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۹۳ھ میں ہوا۔

۷۷۹۔ع۔ بلال بن رباح مؤذن، (یہ حمامہ کا بیٹا ہے جو کہ اس کی والدہ ہے) ابوعبداللہ، غلام ابوبکر:

یہ سابقین اولین میں سے ہے غزوہ بدر میں شریک ہوا تھا، ساٹھ برس سے زائد عمر پا کر ملک شام میں ۱۷ھ یا

۱۱۰ھ میں فوت ہوا، یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۲۰ھ میں فوت ہوا۔

۷۸۰۔بخ، قد، س۔ بلال بن سعد بن تمیم اشعری یا کندی، ابوعمرو یا ابوزرعہ دمشقی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ، عابد، فاضل'' راوی ہے، ہشام کے دور خلافت میں فوت ہوا۔

۷۸۱۔م۔ بلال بن عبداللہ بن عمر بن خطاب قرشی عدوی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۸۲۔بخ۔ بلال بن کعب العکی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۸۳۔د، ت، ق۔ بلال بن مرداس، ابن ابوموسیٰ بھی کہا جاتا ہے، فزاری مصیصی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۸۴۔ر۔ بلال بن منذر حنفی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۸۵۔ت۔ بلال بن یحییٰ بن طلحہ بن عبیداللہ تیمی مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''کمزور'' راوی ہے۔

۷۸۶۔بخ، ۴۔ بلال بن یحییٰ عبسی کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۸۷۔د، ت۔ بلال بن یسار بن زید قرشی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۸۸۔س۔ بلال، بلا نسبت:

زید بن وہب سے روایت کرتا ہے، چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۸۹۔ع۔بیان بن بشر احمسی، ابوبشر کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ، پختہ کار'' راوی ہے۔

۷۹۰۔تمییز۔بیان بن بشر معلم طائی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، خطیب اور ابوالفضل ہروی نے اس کے اور پہلے والے راوی کے درمیان فرق کیا ہے۔

۷۹۱۔خ۔بیان بن عمرو بخاری، ابومحمد عابد:

گیارہویں طبقہ کا جلیل القدر ''صدوق'' راوی ہے ۲۲۲ھ میں فوت ہوا۔

۷۹۲۔س۔بَیْہَس، ازدی ہُنائی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

حرف التاء

۷۹۳۔ د، ق۔ تُبیع ابن سلیمان ابوالعدبس:

یہ اپنی کنیت سے ہی زیادہ تر مشہور ہے اور چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۹۴۔ س۔ تُبیع حمیری ''کعب کی بیوی کا بیٹا'' ابوعبیدہ:

کتب قدیمہ کا عالم اور دوسرے طبقہ کا ''صدوق مخضرم'' راوی ہے۔

۷۹۵۔ تمییز۔ تبیع بن عامر کلاعی، ابوغطیف:

حمص میں سکونت پذیر ہونے والا دوسرے طبقہ کا راوی ہے۔ اسکندریہ ۱۰۱ھ میں فوت ہوا یہ بات ابن یونس (رحمہ اللہ) نے تاریخ مصر میں کہی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ پہلے والا ہی راوی ہے۔

☆ تزید بن اصرم:

اس کا ترجمہ گزر چکا۔ (=۷۵۹)

۷۹۶۔ د، س۔ تلِب ابن ثعلبہ بن ربیعہ تمیمی عنبری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، ان سے صرف ایک ہی حدیث آئی ہے۔

۷۹۷۔ ت۔ تلید بن سلیمان، محاربی، ابوسلیمان یا ابوادریس کوفی اعرج:

ساتویں طبقہ کا ''رافضی ضعیف'' راوی ہے اصالح جزرہ کا بیان ہے کہ لوگ اس کو بلید کہتے تھے۱۹۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۷۹۸۔ ی، د، ت۔ تمام بن نجیح اسدی، دمشقی:

حلب میں رہائش اختیار کرنیوالا ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

☆ تمیم بن اسد، ابورفاعہ:

اس کا کنیتوں میں ترجمہ آئے گا۔ (=۸۰۹۹)

۷۹۹۔خت،م،۴۔تمیم بن اوس بن خارجہ داری، ابورقیہ:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، (سیدنا) عثمان (غنی رضی اللہ عنہ) کی شہادت کے بعد بیت المقدس میں رہائش پزیر ہوگئے تھے، کہا گیا ہے کہ ۴۰ھ میں فوت ہوئے۔

۸۰۰۔خت۔تمیم بن حدلم ضبی، ابوسلمہ کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۸۰۱۔خت،م،د،س،ق۔تمیم بن سلمہ سلمی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۰ھ میں فوت ہوا۔

۸۰۲۔م،د،س،ق۔تمیم بن طرفہ طائی مُسلی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۹۵ھ میں فوت ہوا۔

۸۰۳۔ت۔تمیم بن عطیہ عنسی شامی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق، وہم کرجانیوالا'' راوی ہے۔

۸۰۴۔د،س،ق۔تمیم بن محمود:

چوتھے طبقہ کا ''روایت حدیث میں کمزور'' راوی ہے۔

۸۰۵۔د،س،ق۔تمیم بن منتصر بن تمیم بن صلت ہاشمی واسطی:

''ثقہ، ضابط'' راوی ہے بعمر ۷۶ برس ۲۴۴ھ یا ۲۴۵ھ میں فوت ہوا۔

۸۰۶۔س۔تمیم، ابوسلمہ فہری، مولیٰ فاطمہ بنت قیس، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۰۷۔ق۔تمیم، عباد بن تمیم کا والد:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، سنن ابن ماجہ کے بعض نسخوں میں موجود ہیں۔

۸۰۸۔خ،م،د،س۔توبہ عنبری،بصری ابوالمورع:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے،(امام) ازدی (رحمہ اللہ) نے اس کی تضعیف کر کے غلطی کی ہے ۱۳۱ھ میں فوت ہوا۔

۸۰۹۔س۔توبہ،ابوصدقہ،انصاری غلام انس بصری:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

حرف الثاء

٨١٠۔ع۔ثابت بن اسلم بنانی، ابومحمد بصری:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ، عابد'' راوی ہے عمر ۸۶ برس ۲۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

٨١١۔بخ، د، ت، ق۔ثابت بن ثوبان عنسی شامی، عبدالرحمٰن کا والد:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

٨١٢۔د۔ثابت بن حجاج کلابی، رقی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

٨١٣۔س۔ثابت بن سعد طائی، ابوعمرو حمصی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

٨١٤۔تمییز۔ثابت بن سعد بن ثابت الطوکی، شامی:

آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

٨١٥۔م۔ثابت بن سعید بن ابیض بن حمال، ماربی:

''مقبول'' راوی ہے، سنن کبریٰ نسائی میں اس کی روایت موجود ہے۔

٨١٦۔ق۔ثابت بن سمط، شامی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے (حافظ) ابن حبان (رحمہ اللہ) نے کہا ہے کہ یہ شرحبیل کا بھائی ہے۔

٨١٧۔ق۔ثابت بن صامت انصاری اشہلی، ابوعبدالرحمٰن:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، یہ بھی کہا گیا ہے کہ صحابیت اور رویت کا شرف اس کے بیٹے عبدالرحمٰن کو حاصل ہے۔

۸۱۸۔ت،عس،ق۔ثابت بن ابوصفیہ ثمالی،ابوحمزہ کوفی:

اس کے والد کا نام دینار ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ سعید ہے،پانچویں طبقہ کا ''ضعیف،رافضی'' راوی ہے ابوجعفر کے دورِ خلافت میں فوت ہوا۔

۸۱۹۔ع۔ثابت بن ضحاک بن خلیفہ اشہلی:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں،ابوقلابہ (رحمہ اللہ) نے ان سے روایت کیا ہے،(امام) فلاس (رحمہ اللہ) کے بقول ۴۵ھ میں جبکہ صحیح یہ ہے کہ ۶۴ھ میں فوت ہوئے۔

۸۲۰۔تمییز۔ثابت بن ضحاک بن بشر بن ثعلبہ خزرجی:

اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے،جس نے اسے پہلے راوی کے ساتھ ملا دیا ہے وہ وہم کا شکار ہے۔

۸۲۱۔بخ،م،۴۔ثابت بن عبید انصاری،غلام زید بن ثابت،کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۸۲۲۔خ،د،س،ق۔ثابت بن عجلان انصاری،ابوعبداللہ حمصی:

ارمینیہ میں رہائش اختیار کرنے والا پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۸۲۳۔د،ت،س۔ثابت بن عمارہ حنفی،ابومالک بصری:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق،روایت حدیث میں قدرے کمزور'' راوی ہے ۱۴۹ھ میں فوت ہوا۔

۸۲۴۔خ،م،د،س۔ثابت بن عیاض احنف اعرج،عدوی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۸۲۵۔خ،د،س۔ثابت بن قیس بن شماس،انصاری خزرجی،خطیب انصار:

کبار صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) میں سے ہیں،نبی کریم ﷺ نے انہیں جنت کی بشارت دی تھی،جنگ یمامہ میں شہید ہوئے،ان کی وصیت نافذ کی گئی تھی جس کا (سیدنا) خالد بن ولید (رضی اللہ عنہ) کو بذریعہ خواب علم ہوا تھا۔

۸۲۶۔س۔ثابت بن قیس نخعی،ابومنقع کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۲۷۔ بخ، د، س، ق۔ ثابت بن قیس انصاری زرقی مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۸۲۸۔ ی، د، س۔ ثابت بن قیس غفاری، ابو غصن مدنی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق، وہم کر جانیوالا'' راوی ہے عمر ۱۰۰ برس ۱۶۸ھ میں فوت ہوا۔

۸۲۹۔ خ، ت۔ ثابت بن محمد عابد، ابو محمد:

اسے ابو اسماعیل بھی کہا جاتا ہے، نویں طبقہ کا ''صدوق زاہد، روایت احادیث میں خطاء کر جانیوالا'' راوی ہے

۲۱۵ھ میں فوت ہوا۔

۸۳۰۔ ق۔ ثابت بن محمد عبدی:

چوتھے طبقہ کا راوی ہے، درست بات یہ ہے کہ یہ راوی محمد بن ثابت ہے، اس کا ترجمہ عنقریب آئے گا۔ (=۵۷۷۱)

۸۳۱۔ ق۔ ثابت بن موسیٰ بن عبدالرحمٰن بن سلمہ ضبی، ابو یزید کوفی، ضریر عابد:

دسویں طبقہ کا ''روایت حدیث میں ضعیف'' راوی ہے ۲۲۹ھ میں فوت ہوا۔

۸۳۲۔ د، س، ق۔ ثابت بن ہرمز کوفی، ابو مقدام حداد:

اپنی کنیت سے مشہور ہے، چھٹے طبقہ کا ''صدوق، وہم کر جانیوالا'' راوی ہے۔

۸۳۳۔ د، س، ق۔ ثابت بن ودیعہ، ابن یزید بن ودیعہ بھی کہا گیا ہے، اور کہا گیا ہے کہ اس کا والد یزید ہے اور والدہ ودیعہ، ابن عمرو بن قیس خزرجی، ابو سعید مدنی:

جلیل القدر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے۔

۸۳۴۔ ع۔ ثابت بن یزید احول، ابو زید بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ، پختہ کار'' راوی ہے۔

۸۳۵۔ تمیز۔ ثابت بن یزید اودی، ابو سری کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۸۳۶۔د،س،ق۔ثابت انصاری:

عدی کا پدر ہے، کہا گیا ہے کہ یہ ابن قیس بن خطیم ہے جو کہ عدی کا دادا ہے نہ کہ والد، اس کے والد کا نام ''دینار'' اور ''عمرو بن اخطب'' اور ''عبید بن عازب'' بھی بتایا گیا ہے، تیسرے طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۸۳۷۔فق۔ثابت، ابوسعید:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۳۸۔قد۔ثبات ابن میمون:

ثبات ثاء پر فتحہ اور باء ثقیلہ ہے خفیفہ بھی کہی گئی ہے اور آخری حرف تاء ہے، ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۳۹۔ق۔ثعلبہ بن حکم لیثی:

کوفہ میں رہائش اختیار کرنیوالا صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے۔

۸۴۰۔د،س۔ثعلبہ بن زہدم، حنظلی:

اس کی حدیث اہل کوفہ میں پائی جاتی ہے تاہم اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے (امام) عجلی (رحمہ اللہ) نے ''ثقہ، تابعی'' کہا ہے،

۸۴۱۔ت،ق۔ثعلبہ بن سہیل طہوی (طاء پر ضمہ اور ہاء پر فتحہ ہے) ابو مالک کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، اس نے ری میں رہائش اختیار کر لی تھی اور طبیب تھا۔

۸۴۲۔د۔ثعلبہ بن صُعیر یا ابن ابوصُعیر عذری:

اسے ثعلبہ بن عبداللہ بن صعیر اور عبداللہ بن ثعلبہ بن صعیر بھی کہا جاتا ہے، اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے۔

۸۴۳۔خ،م۔ثعلبہ بن عباد، عبدی بصری:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۴۴۔ق۔ثعلبہ بن عمرو بن عبید بن محصن انصاری:

غزوہ بدر میں شریک ہونے والے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، جسر ابوعبید پر شہید ہوئے۔

۸۴۵۔خ،د،ق۔ثعلبہ بن ابو مالک قرظی،حلیف انصار،ابو مالک مدنی:

اسے ابو یحییٰ بھی کہا جاتا ہے،اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے اور (امام) عجلی (رحمہ اللہ) نے "ثقہ،تابعی" کہا ہے۔

☆ثعلبہ بن ابو مالک طہوی:

اس کا ثعلبہ بن سہیل کے ترجمہ میں ذکر موجود ہے۔(۸۴۱=)

۸۴۶۔د،فق۔ثعلبہ بن مسلم خثعمی،شامی:

پانچویں طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۸۴۷۔عس۔ثعلبہ بن یزید حمانی (سین کے نیچے کسرہ،اور میم پر تشدید ہے) کوفی:

تیسرے طبقہ کا "صدوق،شیعہ" راوی ہے۔

۸۴۸۔قد۔ثعلبہ اسلمی:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۴۹۔د،ق۔ثعلبہ عنبری:

صحابی ہے،کہا گیا ہے کہ یہ ہرماس بن حبیب کے دادا کا نام ہے۔

۸۵۰۔بخ،م،ت،س۔ثمامہ بن حزن (حاء پر فتحہ اور زاء پر سکون پھر نون ہے) قشیری بصری:

ابو ورد کا پدر ہے اور دوسرے طبقہ کا "ثقہ،مخضرمی" راوی ہے،(سیدنا) عمر بن خطاب (رضی اللہ عنہ) کی خدمت میں حاضر ہوا تھا جبکہ اس کی عمر ۳۵ برس تھی۔

۸۵۱۔د،ت،س۔ثمامہ بن شراحیل یمانی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے،نسائی نے سنن الکبریٰ میں اس سے روایت لی ہے۔

۸۵۲۔م،د،س۔ثمامہ بن شفی ہمدانی،مصری:

اسکندریہ میں رہائش پذیر ہونے والا تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے،(امام) ابن یونس (رحمہ اللہ) کا بیان ہے کہ ہشام کے دور خلافت میں ۲۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۸۵۳۔ع۔ثمامہ بن عبداللہ بن انس بن مالک انصاری بصری، قاضی بصرہ:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۱۰ھ میں معزول ہوا اور اس کے کافی عرصے بعد فوت ہوا۔

۸۵۴۔بخ،س۔ثمامہ بن عقبہ محلمی (میم پر ضمہ، حاء پر فتحہ اور لام ثقیلہ کے نیچے کسرہ ہے):

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۸۵۵۔س۔ثمامہ بن کلاب:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۵۶۔ت،ق۔ثمامہ بن وائل بن حصین، ابوثفال (ثاء کے نیچے کسرہ اس کے بعد فاء ہے)، مری (میم کے اوپر ضمہ پھر راء ہے):

کبھی اس کی دادا کی طرف نسبت ہوتی ہے، کہا گیا ہے کہ اس کا نام وائل بن ہاشم بن حصین ہے، اپنی کنیت سے مشہور ہے اور پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۵۷۔ت،ق۔ثواب ابن عتبہ مہری بصری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۵۸۔بخ،م،۴۔ثوبان ہاشمی:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا غلام ہے اس نے مدت دراز تک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت اختیار کی بعد وہ شام میں رہائش پزیر ہو گیا اور حمص کے مقام پر ۵۴ھ میں فوت ہوا۔

۸۵۹۔ع۔ثور (مشہور حیوان کے نام پر) ابن زید دیلی، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۳۵ھ میں فوت ہوا۔

۸۶۰۔س۔ثور بن عفیر سدوسی، بصری:

شقیق کا والد ہے اور تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، اپنے معاصرین میں سے سب سے پہلے فوت ہوا۔

۸۶۱۔ ع۔ ثور بن یزید، ابو خالد حمصی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ، پختہ کار'' راوی ہے مگر قدری نظریات رکھتا تھا۔ ۱۵۰ھ میں فوت ہوا، یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۵۳ھ یا ۱۵۵ھ میں ہوا۔

۸۶۲۔ ت۔ ثویر (مصغر) ابن ابو فاختہ سعید بن علاقہ کوفی، ابو جہم:

چوتھے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے اس پر رافضیت کا طعن کیا گیا ہے۔

۸۶۳۔ س۔ جابان، بلانسبت:

چوتھے طبقہ کا مقبول راوی ہے۔

۸۶۴۔ بخ م، د، س، ق۔ جابر بن اسماعیل حضرمی، ابوعباد مصری:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۶۵۔ ع۔ جابر بن زید، ابوشعثاء ازدی ثم الجوفی، بصری:

اپنی کنیت سے مشہور تیسرے طبقہ کا ''ثقہ، فقیہ'' راوی ہے ۹۳ھ میں فوت ہوا، یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ۱۰۳ھ میں ہوا۔

۸۶۶۔ د، ت، س۔ جابر بن سلیم یا سلیم بن جابر:

یہ ابوجری ہجیمی ہے جو کہ صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، اس سے احادیث آئی ہیں۔

۸۶۷۔ ع۔ جابر بن سمرہ بن جنادہ السوائی:

کوفہ میں رہائش اختیار کرنیوالا ''صحابی ابن صحابی (رضی اللہ عنہما)'' ہے، کوفہ میں ۷۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۸۶۸۔ د۔ جابر بن سیلان:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، درست بات یہ ہے کہ (امام) ابوداؤد (رحمہ اللہ) نے جس راوی سے روایت نقل کی ہے اس کا نام عبدربہ ہے جیسا کہ آگے آئے گا۔

۸۶۹۔ د، ت، س۔ جابر بن صُبح، راسبی، ابوبشر بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۸۷۰۔ تم، س، ق۔ جابر بن طارق:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے، اس سے بہت کم احادیث آئی ہیں۔

۸۷۱۔ع۔جابر بن عبداللہ بن عمرو بن حرام، انصاری ثم سلمی:

صحابی ابن صحابی (رضی اللہ عنہما) ہیں، انیس غزوات میں شریک ہوئے اور بعمر چورانوے برس مدینہ منورہ میں ۷۰ھ کے بعد فوت ہوئے۔

۸۷۲۔د،س۔جابر بن عتیک بن قیس انصاری:

جلیل القدر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، ان کے غزوہ بدر میں شریک ہونے میں اختلاف کیا گیا ہے، بعمر اکانوے برس ۶۱ھ میں فوت ہوئے۔

۸۷۳۔بخ،م،ت،ق۔جابر بن عمرو، ابو وازع، راسبی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق، روایت حدیث میں وہم کر جانیوالا'' راوی ہے۔

۸۷۴۔س۔جابر بن عمیر انصاری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، ان سے کم احادیث آئی ہیں۔

۸۷۵۔(س)۔جابر بن کُردِی، واسطی بزاز:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۵۵ھ میں فوت ہوا، (حافظ) مزی (رحمہ اللہ) نے کہا کہ میں اس سے نسائی کی روایت پر مطلع نہیں ہوسکا۔

۸۷۶۔ت،س۔جابر بن نوح، حمانی، ابوبشیر کوفی:

نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے، صحیح قول کے مطابق ۲۰۳ھ میں فوت ہوا۔

☆۔س۔جابر بن وہب:

صحیح یہ ہے کہ یہ وہب بن جابر ہے۔(=۷۴۷۱)

۸۷۷۔د،ت،س۔جابر بن یزید بن اسود سوائی:

اسے ''خزاعی'' بھی کہا جاتا ہے، تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس کے والد محترم کو صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

۸۷۸۔د،ت،ق۔جابر بن یزید بن حارث جعفی، ابوعبداللہ کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''ضعیف رافضی'' راوی ہے ۱۲۷ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۳۲ھ میں ہوا۔

۸۷۹۔س۔جابر بن یزید بن رفاعہ عجلی موصلی، کوفی الاصل:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۸۸۰۔بخ۔جابر یا جو یبر، عبدی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۸۱۔ر،د۔جارود بن ابوسَبْرَہ، ہذلی ابونوفل بصری:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۲۰ھ میں فوت ہوا۔

۸۸۲۔ت۔جارود بن معاذ سلمی، ترمذی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس پر ارجاء کا الزام لگایا ہے ۲۴۴ھ میں فوت ہوا۔

۸۸۳۔ت،س،جارود عبدی:

اس کا نام بشر ہے اور اس کے والد کے نام میں اختلاف کیا گیا ہے کہا گیا ہے کہ معلّٰی یا علاء ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ عمرو ہے، جلیل القدر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ۲۱ھ میں شہید ہوئے۔

۸۸۴۔ق۔جاریہ بن ظفر حنفی، نمران کا والد ہے:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، ان سے کم احادیث آئی ہیں۔

۸۸۵۔عس۔جاریہ بن قدامہ تمیمی سعدی:

صحیح قول کے مطابق صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، یزید کے عہد حکومت میں فوت ہوئے۔

۸۸۶۔مد۔جامع بن بکار بن بلال عاملی، دمشقی، محمد کا بھائی:

نویں طبقہ کا ''صدوق، فقیہ'' راوی ہے، عمر ۶۹ برس ۲۰۹ھ میں فوت ہوا۔

۸۸۷۔ع۔ جامع بن ابوراشد کاہلی، صیرفی کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ، فاضل'' راوی ہے۔

۸۸۸۔ع۔ جامع بن شداد محاربی، ابوصخرہ کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۲۷ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ۱۲۸ھ میں ہوا۔

۸۸۹۔ی، د، س۔ جامع بن مطر حبطی بصری:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۸۹۰۔ق۔ جبارہ ابن مُغلِّس حِمّانی، ابو محمد کوفی:

دسویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۲۴۱ھ میں فوت ہوا۔

۸۹۱۔خ، ق۔ جَبْر ابن حبیب:

لغت کا علم رکھنے والا چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۸۹۲۔س۔ جبر بن عَبِیدہ:

اسے جبیر بن عبیدہ بھی کہا جاتا ہے، چوتھے طبقہ کا ''شاعر، مقبول'' راوی ہے۔

۸۹۳۔س، ق۔ جبر بن عتیک بن قیس انصاری، برادرِ جابر:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں۔

۸۹۴۔م، د، ت، س، ق۔ جبر بن نَوف ہَمدانی بِکالی، ابوالوَدّاک کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق، روایت حدیث میں وہم کرجانیوالا'' راوی ہے۔

۸۹۵۔د، س۔ جبریل بن احمر، ابوبکر جَمَلی:

اپنی کنیت سے مشہور ساتویں طبقہ کا ''صدوق، روایت حدیث میں وہم کرجانیوالا'' راوی ہے۔

۸۹۶۔ت، س۔ جبلہ بن حارثہ کلبی، برادرِ زید:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں۔

۸۹۷۔ع۔ جبلہ بن سحیم کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۲۵ھ میں فوت ہوا۔

۸۹۸۔س۔ جبلہ بن عطیہ فلسطینی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۸۹۹۔خ،ہ۔ جبیر بن حیہ ابن مسعود ثقفی:

عروہ بن مسعود کا بھتیجا ہے اور تیسرے طبقہ کا جلیل القدر ''ثقہ'' راوی ہے، عبد الملک بن مروان کے دور خلافت میں فوت ہوا۔

۹۰۰۔بخ،د،س،ق۔ جبیر بن ابو سلیمان بن جبیر بن مطعم نوفلی مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۹۰۱۔بخ۔ جبیر بن ابو صالح حجازی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆جبیر بن عبدہ:

جبر کے ترجمہ میں اس کا ذکر گزر چکا۔ (=۸۹۲)

۹۰۲۔د۔ جبیر بن محمد بن جبیر بن مطعم:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۹۰۳۔ع۔ جبیر بن مطعم بن عدی بن نوفل بن عبد مناف قرشی نوفلی:

انساب کا علم رکھنے والے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ۵۸ھ یا ۵۹ھ میں فوت ہوئے۔

۹۰۴۔بخ،م،ہ۔ جبیر بن نفیر ابن مالک بن عامر حضرمی حمصی:

دوسرے طبقہ کا جلیل القدر ''ثقہ مخضرمی'' راوی ہے اس کے والد محترم کو صحابیت کا شرف حاصل ہے اور یہ گویا کہ (سیدنا) عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت میں حاضر ہوا تھا ۸۰ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد

ہوا۔

۹۰۵۔د۔جراح بن ابوجراح اشجعی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، اس سے کم احادیث آئی ہیں۔

۹۰۶۔ت۔جراح بن ضحاک بن قیس کندی کوفی:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۹۰۷۔قد،ت۔جراح بن مخلد عجلی، بصری بزاز:

دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۵۰ھ میں فوت ہوا۔

۹۰۸۔بخ،م،د،ت،ق۔جراح بن ملیح بن عدی رؤاسی:

وکیع کا والد ہے اور ساتویں طبقہ کا "صدوق، روایت حدیث میں وہم کر جانیوالا" راوی ہے ۱۷۵ھ میں فوت ہوا یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ۱۷۶ھ میں ہوا۔

۹۰۹۔س،ق۔جراح بن ملیح بہرانی، ابوعبدالرحمٰن حمصی:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۹۱۰۔خت،د،ت،ق۔جرہد بن رزاح، اسلمی مدنی:

اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے یہ اصحاب صفہ میں سے تھا۔ کہا جاتا ہے ۶۱ھ میں فوت ہوا۔

۹۱۱۔ع۔جریر بن حازم بن زید بن عبداللہ ازدی، ابونضر بصری:

یہ وہب کا والد ہے اور چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے تاہم قتادہ سے اس کی حدیث میں قدرے ضعف پایا جاتا ہے اور جب زبانی حدیث بیان کرتا ہے تو وہم کر جاتا ہے، یہ عارضہ اختلاط میں مبتلا ہونے کے بعد ۱۷۰ھ میں فوت ہوا لیکن حالت اختلاط میں اس نے کوئی حدیث بیان نہیں کی۔

۹۱۲۔مس۔جریر بن حیان ابوحیاج اسدی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۹۱۳۔خ،م،س۔جریر بن زید ازدی ابوسلمہ:

جریر بن حازم کا چچا ہے اور چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۹۱۴۔فق۔جریر بن سہم تمیمی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۹۱۵۔ع۔جریر بن عبداللہ بن جابر بجلی:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ۵۱ھ میں فوت ہوئے یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوئے۔

۹۱۶۔ع۔جریر بن عبدالحمید بن قُرط ضبی کوفی، قاضی رئی:

رئی میں رہائش اختیار کرنے والا ''ثقہ، صحیح الکتاب'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ آخر عمر میں جب زبانی حدیث بیان کرتا تو وہم کر جاتا تھا، بعمر ۷۱ برس ۸۸ھ میں فوت ہوا۔

۹۱۷۔س،ق۔جریر بن یزید بن جریر بن عبداللہ بجلی:

یہ جریر بن عبداللہ بن جابر بجلی کا پوتا ہے اور ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۹۱۸۔ق۔جریر بن یزید:

منذر ثوری سے روایت کرتا ہے اور میرے نزدیک یہ پہلے والا ہی راوی ہے۔

۹۱۹۔د۔جریر ضبی:

یہ فضیل بن غزوان کا دادا ہے اور تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۹۲۰۔۴۔جرَیّ (جرو کی تصغیر ہے) بن کلیب سدوسی بصری:

(سیدنا) علی بن ابوطالب (رضی اللہ عنہ) سے روایت کرتا ہے اور تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۹۲۱۔ت۔جری بن کلیب نہدی:

یہ قبیلہ بنو سلیم کے ایک شخص جسے صحابیت کا شرف حاصل ہے سے روایت کرتا ہے اور تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۹۲۲۔مد۔جحدر ابن حسن یمامی، ابوعثمان:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۹۲۳۔م۔جعثل ابن ہاعان، رُعینی قِتبانی، ابوسعید مصری:

چوتھے طبقہ کا 'صدوق، فقیہ' راوی ہے ۱۱۵ھ کے لگ بھگ فوت ہوا۔

۹۲۴۔م، د، ت، س۔جعد بن دینار یشکری، ابوعثمان صیرفی بصری، صاحب حُلی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۹۲۵۔خ، م، د، ت، س۔جعد بن عبدالرحمٰن بن اوس:

اسے جعید بھی کہا جاتا ہے بسااوقات اس کے دادا کی طرف بھی اس کی نسبت کر دی جاتی ہے، پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۴۴ھ میں فوت ہوا۔

۹۲۶۔س۔جعدہ بن خالد بن صمۃ جشمی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، ان سے صرف ایک ہی حدیث آئی ہے۔

۹۲۷۔مس۔جعدہ بن ہبیرہ بن ابو وہب مخزومی:

صغیر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے، اور یہ ابن ام ہانی بنت ابوطالب ہے، (امام عجلی (رحمہ اللہ) نے اسے ''ثقہ تابعی'' کہا ہے۔

۹۲۸۔تمییز۔جعدہ بن ہبیرہ اشجعی:

صاحب استیعاب نے اسے پہلے راوی سے جدا کیا ہے اور ابن ابی حاتم نے ان دونوں کو اکٹھا کیا ہے اور میرے نزدیک بھی یہی راجح ہے۔

۹۲۹۔ت، س۔جعدہ مخزومی:

ام ہانی کی اولاد میں سے ہے کہا گیا ہے کہ یہ ابن یحییٰ بن جعدہ بن ہبیرہ ہے، چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۹۳۰۔ع۔ جعفر بن ایاس، ابو بشر بن ابو وحشیہ:

پانچویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے سعید بن جبیر کی احادیث میں تمام لوگوں سے زیادہ قابل اعتماد ہے تاہم (امام) شعبہ (رحمہ اللہ) نے حبیب بن سالم اور مجاہد کی احادیث میں ضعیف کہا ہے ۱۲۵ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۲۶ھ میں فوت ہوا۔

۹۳۱۔ق۔ جعفر بن بُرد، راسبی خراز بصری:

آٹھویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۹۳۲۔بخ،م،۴۔ جعفر بن بُرقان کلابی، ابو عبداللہ رقی:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے تاہم زہری کی حدیث میں وہم کرجاتا ہے ۱۵۰ھ میں فوت ہوا یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۹۳۳۔م،ق۔ جعفر بن ابو ثور:

اس کے والد کا نام عکرمہ ہے اس کے علاوہ بھی بتایا گیا ہے اور کنیت ابو ثور ہے، تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆جعفر بن حکم:

یہ ابن عبداللہ بن حکم ہے اس کا ترجمہ آئے گا۔ (=۹۴۴)

۹۳۴۔م۔ جعفر بن حمید عبسی، کوفی ابو محمد:

دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۳۸ھ میں فوت ہوا۔

۹۳۵۔ع۔ جعفر بن حیان سعدی، ابو الاشہب عطاردی، بصری:

اپنی کنیت سے مشہور ہے اور چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے بعمر ۹۵ برس ۱۶۵ھ میں فوت ہوا۔

۹۳۶۔تمییز۔ جعفر بن حارث واسطی، ابو الاشہب:

ساتویں طبقہ کا "صدوق، کثیر الخطاء" راوی ہے، (امام) ابن جوزی (رحمہ اللہ) نے غلطی کی ہے اور اسے پہلے راوی کے ساتھ ملا دیا ہے۔

۹۳۷۔م۔جعفر بن خالد بن سارہ مخزومی، حجازی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۹۳۸۔ع۔جعفر بن ربیعہ بن شرحبیل بن حسنہ کندی، ابوشرحبیل مصری:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۳۶ھ میں فوت ہوا۔

۹۳۹۔ق۔جعفر بن زبیر حنفی یا باہلی، دمشقی:

بصرہ میں رہائش اختیار کرنیوالا ساتویں طبقہ کا فی نفسہٖ نیک مگر ''روایت حدیث میں متروک'' راوی ہے ۱۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۹۴۰۔ل،ت،س۔جعفر بن زیاد احمر کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق، شیعہ'' راوی ہے ۱۶۷ھ میں فوت ہوا۔

۹۴۱۔د۔جعفر بن سعد بن سمرہ بن جندب فزاری، بعدہ سمری:

روایت حدیث میں مضبوط نہیں ہے چھٹے طبقہ سے ہے۔

۹۴۲۔بخ،م،۴۔جعفر بن سلیمان ضبعی، ابوسلیمان بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق، زاہد'' راوی ہے مگر شیعہ تھا ۱۷۸ھ میں فوت ہوا۔

۹۴۳۔س۔جعفر بن ابوطالب ہاشمی، پروں والے:

جلیل القدر صحابی (رضی اللہ عنہ) اور نبی کریم ﷺ کے چچا زاد بیٹے ہیں ہجرت کے آٹھویں سال غزوہ موتہ میں شہید ہوئے۔

۹۴۴۔بخ،م،۴۔جعفر بن عبداللہ بن حکم انصاری:

عبدالحمید کا والد ہے اور تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۹۴۵۔کن۔جعفر بن عبداللہ بن اسلم:

غلامِ عمر (رضی اللہ عنہ) زید بن اسلم کا بھتیجا ہے اور ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۹۴۶۔خ،م،د،ت،س۔ جعفر بن عمرو بن امیہ ضمری مدنی:

عبدالملک بن مروان کا رضاعی بھائی ہے اور تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۹۵ھ یا ۹۶ھ میں فوت ہوا۔

۹۴۷۔م،د،تم،س،ق۔ جعفر بن عمرو بن حریث مخزومی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆جعفر بن عمران:

یہ ابن محمد بن عمران ہے اس کا ذکر آئیگا۔(=۹۵۱)

۹۴۸۔ع۔ جعفر بن عون بن جعفر بن عمرو بن حریث مخزومی:

نویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۲۰۶ھ میں فوت ہوا یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۰۷ھ میں ہوا، جبکہ اس کی ولادت ۲۰ھ میں ہوئی اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۳۰ھ میں ہوئی۔

۹۴۹۔س،ق۔ جعفر بن عیاض، مدنی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۹۵۰۔بخ،م،۴۔ جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی:

جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابوطالب ہاشمی، ابوعبداللہ المعروف صادق، چھٹے طبقہ کا "صدوق، فقیہ، امام" راوی ہے ۱۴۸ھ میں فوت ہوا۔

۹۵۱۔ت،س۔ جعفر بن محمد بن عمران ثعلبی، کوفی:

بسا اوقات اس کی اس کے دادا کی طرف بھی نسبت کردی جاتی ہے، گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۹۵۲۔ت۔ جعفر بن محمد بن فضل رسعنی، ابوفضل:

اسے راسی بھی کہا جاتا ہے، گیارہویں طبقہ کا "صدوق حافظ" راوی ہے۔

۹۵۳۔س۔ جعفر بن محمد بن ہذیل کوفی:

ابواسامہ کا پوتا ہے اور گیارہویں طبقہ کا "ثقہ صاحب حدیث" راوی ہے ۶۰ھ میں فوت ہوا۔

۹۵۴۔د۔ جعفر بن محمد بن شاکر صائغ، ابو محمد بغدادی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ، حدیث کا عالم'' راوی ہے عمر ۹۰ برس ۹ے۲ھ کے آخر میں فوت ہوا۔

۹۵۵۔تمییز۔ جعفر بن محمد واسطی، وراق مفلوج:

بغداد میں رہائش پزیر ہونیوالا گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۶۵ھ میں فوت ہوا۔

۹۵۶۔صد۔ جعفر بن محمود بن عبداللہ بن محمد بن مسلمہ انصاری، مدنی:

اس راوی کا سلسلہ نسب عبداللہ کے واسطے کے بغیر بھی ذکر کیا گیا ہے، چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۹۵۷۔د، س، ق۔ جعفر بن مسافر ابن راشد تنیسی، ابو صالح ہذلی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم روایت حدیث میں بسااوقات غلطی کر جاتا ہے ۲۵۴ھ میں فوت ہوا۔

۹۵۸۔قد۔ جعفر بن مصعب حجازی:

ابن حبان کا بیان ہے کہ یہ ابن مصعب بن زبیر ہے، چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۹۵۹۔س۔ جعفر بن مطلب بن ابو وداعہ سہمی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۹۶۰۔بخ، د، ت، س، فق۔ جعفر بن ابو مغیرہ خزاعی، قمی:

کہا گیا ہے کہ ابو مغیرہ کا نام دینار ہے، پانچویں طبقہ کا ''صدوق، روایت حدیث میں وہم کر جانیوالا'' راوی ہے۔

۹۶۱۔ر، ہم۔ جعفر بن میمون تمیمی، ابو علی یا ابو عوام، بیاع الانماط:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم روایت حدیث میں خطاء کر جاتا ہے۔

☆ جعفر بن ابو وحشیہ:

یہ ابن ایاس ہے اس کا ترجمہ گزر چکا۔ (=۹۳۰)

۹۶۲۔بخ، د، س۔ جعفر بن یحیی بن ثوبان:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆سعید بن عبدالرحمٰن:

اس کا ذکر جعد کے ترجمہ میں گزر چکا۔ (=۹۲۵)

۹۶۴۔خ۔جمعہ بن عبداللہ بن زیاد سلمی، ابوبکر بلخی:

کہا گیا ہے کہ جمعہ اس کا لقب ہے اور نام یحیٰی ہے، دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۳۳ھ میں فوت ہوا۔

۹۶۵۔ق۔جُمہان اسلمی، مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۹۶۶۔تم۔جمیع (تصغیر ہے) ابن عمیر (یہ بھی تصغیر ہے) ابن عبدالرحمٰن عجلی، ابوبکر کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف رافضی'' راوی ہے۔

۹۶۷۔تمییز۔جمیع بن عمیر بصری:

یہ پہلے راوی سے بعد کا ہے اور دسویں طبقہ کا ''ضعیف، رافضی'' راوی ہے۔

۹۶۸۔۴۔جمیع بن عمیر تیمی، ابواسود کوفی:

تیسرے طبقہ کا صدوق راوی ہے تاہم روایت حدیث میں خطاء کر جاتا ہے اور شیعہ ہے۔

۹۶۹۔د۔جمیع، ولید بن عبداللہ کا دادا:

لوگوں نے اسی طرح ہی ذکر کیا ہے مگر یہ غلط ہے کیونکہ ابوداؤد کے نزدیک یہ ولید عن جدتہ سے روایت کرتا ہے، عنقریب اس کا ذکر آئے گا۔ (=۸۸۱۳)

۹۷۰۔ق۔جُمیل ابن حسن بن جمیل عتکی جہضمی، ابوحسن بصری:

اہواز میں رہائش اختیار کرنیوالا دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم روایت حدیث میں غلطی کر جاتا ہے، عبدان نے اس کے بارے میں زیادتی کی ہے۔

۹۷۱۔د، عس، ق۔جمیل بن مرہ شیبانی، بصری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۹۷۲۔ س۔ جمیل، بلا نسبت:

ابو ملیح سے روایت کرتا ہے اور چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۹۷۳۔ ع۔ جنادہ ابن ابو امیہ ازدی، ابو عبداللہ شامی:

کہا جاتا ہے کہ اس کے والد کا نام کبیر ہے، اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے، (امام) عجلی (رحمہ اللہ) نے ''ثقہ تابعی'' کہا ہے، حق یہ ہے کہ یہ دو مختلف راوی ہیں ایک صحابی اور دوسرا تابعی ہے نام اور ان کے والد محترم کی کنیت ایک ہی ہے اور میں اپنی کتاب (الاصابہ فی تمیز) الصحابہ میں اس بات کی وضاحت کر چکا ہوں۔ نبی کریم ﷺ سے جنادہ ازدی کی حدیث سنن نسائی میں ہے اور جنادہ بن ابو امیہ کی (حضرت) عبادہ بن صامت (رضی اللہ عنہ) سے کتب ستہ میں ہے۔

۹۷۴۔ ت۔ جنادہ بن سلم ابن خالد ابن جابر بن سمرہ سوائی، ابو حکم کوفی:

نویں طبقہ کا صدوق راوی ہے تاہم روایت حدیث میں اس سے غلطیاں سرزد ہوئی ہیں۔

۹۷۵۔ ع۔ جندب بن عبداللہ بن سفیان بجلی بعدہ علقی، ابو عبداللہ:

بسا اوقات دادا کی طرف بھی اس کی نسبت کر دی جاتی ہے، اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے ۶۰ ھ کے بعد فوت ہوا۔

۹۷۶۔ د۔ جُندُب ابن مکیث (عظیم کے وزن پر ہے) جہنی مدنی:

اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے، کہا گیا ہے کہ یہ ابن عبداللہ بن مکیث ہے دادا کی طرف نسبت کر دی گئی ہے۔

۹۷۷۔ ت۔ جندب الخیر الازدی ابو عبداللہ، قاتل ساحر:

ابن کعب اور ابن زہیر بھی کہا جاتا ہے، اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے، ابن حبان نے ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے اور ابو عبید نے کہا ہے کہ یہ جنگ صفین میں قتل ہوا۔

۹۷۸۔ بخ۔ جُندُرہ ابن خیشنہ، ابو قرصافہ:

شام میں رہائش اختیار کرنے والے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں اور اپنی کنیت سے مشہور ہیں۔

۹۷۹۔ بخ۔ جندل بن والق تغلبی، ابو علی کوفی:

دسویں طبقہ کا صدوق راوی ہے تاہم روایت حدیث میں غلطیاں اور تصحیف کرتا ہے ۲۶ ھ میں فوت ہوا۔

10

۹۸۰۔س۔جنید (تصغیر ہے) الحجام الکوفی:

آٹھویں طبقہ کا صدوق راوی ہے تاہم روایت حدیث میں وہم کر جاتا ہے۔

۹۸۱۔ت۔جنید:

ابن عمر سے روایت کرتا ہے، کہا گیا ہے کہ اس نے ان سے سماع نہیں کیا، پانچویں طبقہ سے ہے۔

۹۸۲۔ت،ق۔جہضم بن عبداللہ بن ابوطفیل قیسی یمامی، خراسانی الاصل:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے زیادہ تر مجہول راویوں سے روایات لاتا ہے۔

۹۸۳۔د۔جہم بن جارود، فہم بھی کہا گیا ہے:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۹۸۴۔ر،عس۔جوّاب ابن عبیداللہ تیمی کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس پر ارجاء کا طعن کیا گیا ہے۔

۹۸۵۔ق۔جودان:

ابن جودان بھی کہا جاتا ہے (مد)، اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے اور ابن حبان نے اسے ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے۔

۹۸۶۔د،س۔جون ابن قتادہ بن اعور بن ساعدہ تیمی پھر سعدی، بصری:

اس کی صحابیت والی بات صحیح نہیں ہے تاہم اس کے والد محترم کو صحابیت کا شرف حاصل ہے اور یہ دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۹۸۷۔خد،ق۔جویبر (جابر کی تصغیر ہے) ابن سعید ازدی، ابوقاسم بلخی، راوی تفسیر:

کہا جاتا ہے اس کا نام جابر ہے اور جویبر لقب ہے، کوفہ میں رہائش اختیار کرنیوالا پانچویں طبقہ کا ''بہت زیادہ ضعیف'' راوی ہے ۱۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

☆جویبر:

اس کا جابر عبدی کے ترجمہ میں ذکر گزر چکا۔ (=۸۸۰)

۹۸۸۔خ،م،د،س،ق۔جویریہ(جاریہ کی تصغیر ہے)ابن اسماء بن عبید ضبعی بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۷۳ھ میں فوت ہوا۔

۹۸۹۔خ۔جویریہ بن قدامہ تمیمی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ مخضرمی'' راوی ہے، یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ جاریہ بن قدامہ ہے جس کا ترجمہ گزر چکا۔(=۸۸۵)

۹۹۰۔م،د،ت،س۔جلاح ابو کثیر مصری، مولی الاموئین:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۲۰ھ میں فوت ہوا۔

☆جلاس، (پہلے والے راوی کے وزن پر ہے):

کہا گیا ہے کہ یہ آنیوالا راوی ابو جلاس عقبہ ہے۔(=۴۶۳۸)

وہم:

۹۹۱۔جلاس بن عمرو، بصری:

ضعیف ہے، اس نے ابن عمر سے روایت کیا ہے اور صحیح قول کے مطابق یہ صاحب ترجمہ کے علاوہ ہے۔

حرف الحاء

۹۹۲۔ق۔حابس بن سعد طائی:

کہا جاتا ہے کہ یہ حابس بن ربیعہ بن منذر بن سعد ہے، دوسرے طبقہ کا ''مخضرمی'' راوی ہے جنگ صفین میں قتل ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

۹۹۳۔بخ،ت۔حابس تمیمی، پدر حیہ:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے اور یہ اقرع کا والد نہیں ہے، اس سے صرف ایک ہی حدیث آئی ہے۔

۹۹۴۔ع۔حاتم بن اسماعیل مدنی، ابو اسماعیل حارثی، کوفی الاصل:

آٹھویں طبقہ کا صحیح الکتاب صدوق راوی ہے تاہم روایت حدیث میں وہم کر جاتا ہے۔

۹۹۵۔ق۔حاتم بن بکر بن غیلان ضبی، ابوعمرو بصری صیرفی:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۹۹۶۔د،س،ق۔حاتم بن حریث طائی، مجری حمصی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۹۹۷۔ت۔حاتم بن سیاہ:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۹۹۸۔ع۔حاتم ابن ابوصغیرہ، ابو یونس بصری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، ابوصغیرہ کا نام مسلم ہے جو کہ حاتم کا نانا ہے یہ بھی کہا گیا ہے کہ سوتیلا والد ہے۔

۹۹۹۔ت۔حاتم بن میمون کلابی، ابو سہل بصری، صاحب سقط:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۰۰۰۔د،ق۔حاتم بن ابونصر قشیری:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۰۰۱۔خ،م،ت،س۔حاتم بن وردان بن مروان سعدی،ابوصالح بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۱۸۴ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۰۲۔ل۔حاتم بن یوسف بن خالد جلاب،ابوروح مروزی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۲۱۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۰۳۔بخ۔حاتم،غیر منسوب:

(امام) بخاری (رحمہ اللہ) نے ادب المفرد میں اس سے روایت نقل کی ہے،میرے گمان کے مطابق یہ حاتم بن سیاہ ہے جس کا ترجمہ گزر چکا۔(=۹۹۷)

۱۰۰۴۔س۔حاجب بن سلیمان منبجی ابوسعید،غلام بنوشیبان:

دسویں طبقہ کا صدوق راوی ہے تاہم روایت حدیث میں وہم کر جاتا ہے۲۶۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۰۵۔م،د،ت۔حاجب بن عمر ثقفی،ابوخشینہ بصری:

عیسیٰ بن عمر نحوی کا بھائی ہے،چھٹے طبقہ کا ثقہ راوی ہے تاہم اس پر خارجی نظریات رکھنے کا طعن کیا گیا ہے۱۵۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۰۶۔د،س۔حاجب بن مفضل بن مہلب بن ابوصفرہ:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اور عمر بن عبدالعزیز (رحمہ اللہ) کے قدیم اصحاب میں سے ہے۔

۱۰۰۷۔م،کد۔حاجب بن ولید بن میمون اعور،ابومحمد مؤدب شامی:

بغداد میں رہائش اختیار کرنیوالا دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۲۲۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۰۸۔س۔حارث بن اسد بن معقل ہمدانی۔ابواسد مصری:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۲۵۶ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۰۹۔تمییز۔حارث بن اسد المحاسبی الزاہد،المشہور ابو عبداللہ بغدادی:

صاحب تصانیف گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۲۴۳ھ میں فوت ہوا

۱۰۱۰۔تمییز۔حارث بن اسد سنجاری،قاضی سنجار:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

میں کہتا ہوں کہ حارث بن اسد کے نام سے معروف اس کے علاوہ ایک اور راوی ہے تاریخ مصر لابن یونس اور تاریخ سمرقند للادریسی میں اس نام کے دو راوی ہیں۔

۱۰۱۱۔ق۔حارث بن اُقیش عکلی،حلیف انصار:

بسا اوقات (ابن اقیش میں سے) اقیش کے ہمزہ کو واؤ سے بھی بدل دیا جاتا ہے (اور اسے ابن وقیش کہہ دیا جاتا ہے) صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے کم احادیث آئی ہیں۔

۱۰۱۲۔د،ت،س۔حارث بن اوس طائفی:

اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے ابن حبان نے ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے۔کہا گیا ہے کہ یہ حارث بن عبداللہ بن اوس ہے جو کہ عمر سے روایت کرتا ہے دادا کی طرف نسبت کر دی گئی ہے،(حافظ) ابن سعد (رحمہ اللہ) اور (امام) ابو حاتم (رحمہ اللہ) وغیرہما نے ان دونوں کے درمیان فرق کیا ہے۔

☆حارث بن برصاء:

یہ ابن مالک ہے اس کا ترجمہ آرہا ہے۔(=۱۰۴۵)

۱۰۱۳۔د،س،ق۔حارث بن بلال بن حارث مزنی،مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۰۱۴۔م،ت،س۔حارث بن حارث اشعری،شامی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کی کنیت ابو مالک ہے،ابو سلام ان سے روایت کرنے میں متفرد ہے۔الصحابہ میں ہے کہ اس کے علاوہ دو اور بھی ابو مالک اشعری نام کے راوی ہیں جیسا کہ آگے آئے گا۔(=۵۶۴۱،۸۳۳۶)

۱۰۱۵۔ د،س۔ حارث بن حاطب بن حارث بن معمرابن حبیب جمحی:

صغیر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے اور ابن حبان نے اسے ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے۔

۱۰۱۶۔ تمییز۔ حارث بن حاطب بن عمرو بن عبید انصاری:

یہ ایک دوسرے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، بدر کے روز نبی کریم ﷺ نے (کم عمری کے باعث) انہیں واپس کر دیا تھا، جس نے اسے پہلے راوی کے ساتھ ملا دیا ہے وہ وہم کا شکار ہے۔

۱۰۱۷۔ حارث بن حسان بکری، کہا جاتا ہے اس کا نام حریث ہے:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، انہیں وفد میں آنے کا شرف حاصل ہے، دیہات میں رہائش پذیر ہو گئے تھے تاہم کوفہ آتے تھے۔

۱۰۱۸۔ بخ،س۔ حارث بن حصیرہ ازدی، ابونعمان کوفی:

چھٹے طبقہ کا صدوق راوی ہے تاہم روایت حدیث میں خطاء کر جاتا ہے اور اس پر رافضیت کا بھی الزام لگایا گیا ہے، مسلم کے مقدمہ میں بھی اس راوی کا ذکر آیا ہے۔

۱۰۱۹۔ م۔ حارث بن خفاف ابن ایماء، غفاری:

اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے ابن حبان نے اسے ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے۔

۱۰۲۰۔ د۔ حارث بن رافع بن مکیث جہنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، نبی کریم ﷺ سے اس کی روایت مرسل ہے۔

۱۰۲۱۔ صد۔ حارث بن زیاد ساعدی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، ان سے صرف ایک ہی حدیث آئی ہے۔

۱۰۲۲۔ حارث بن زیاد شامی:

چوتھے طبقہ کا ''روایت حدیث میں قدرے کمزور'' راوی ہے، جس نے اسے صحابی گمان کیا ہے وہ غلطی پر ہے۔

۱۰۲۳۔ د،ق۔ حارث بن سعید، عتقی مصری:

اسے ابن زید بھی کہا جاتا ہے، ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۰۲۴۔د،س۔حارث بن سلیمان کندی کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۰۲۵۔ع۔حارث بن سوید تیمی، ابو عائشہ کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے ۷۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۱۰۲۶۔خ،م،د،ت،س۔حارث بن شُبَیل بجلی، ابوطفیل:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۰۲۷۔تمییز۔حارث بن شبل (پہلے کی طرح مگر بلا تصغیر ہے) بصری:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے، کلاباذی نے اسے پہلے راوی کے ساتھ ملا کر غلطی کی ہے جبکہ باجی (رحمہ اللہ) نے اس کا رد کیا ہے۔

☆حارث بن عبداللہ بن اوس:

حارث بن اوس کے ترجمہ میں اس کا ذکر گزر چکا۔(=۱۰۱۲)

۱۰۲۸۔مد،س۔حارث بن عبداللہ بن ابوربیعہ بن مغیرہ، مخزومی مکی، امیر کوفہ المعروف بالقُباع:

دوسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس کی روایت مرسل ہے ۷۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۱۰۲۹۔۴۔حارث بن عبداللہ بن اعور ہمدانی حُوتی کوفی، ابوزہیر:

(سیدنا) علی (رضی اللہ عنہ) کا ساتھی ہے، (امام) شعبی (رحمہ اللہ) نے اس کی رائے میں اس کی تکذیب کی ہے، اس پر رافضیت کا الزام لگایا گیا ہے اور اس کی حدیث میں بھی قدرے ضعف پایا جاتا ہے (امام) نسائی (رحمہ اللہ) نے اس سے صرف دو حدیثیں نقل کی ہیں، ابن زبیر کے دور خلافت میں فوت ہوا۔

۱۰۳۰۔عخ،م،مد،ت،س،ق۔حارث بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن سعد بن ابوذُباب، دَوسی مدنی:

پانچویں طبقہ کا صدوق راوی ہے تاہم روایت حدیث میں وہم کر جاتا ہے ۱۴۶ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۳۱۔۴۔حارث بن عبدالرحمٰن قرشی عامری، ابن ابوذئب کا ماموں:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بعمر ۷۳ برس ۲۹ھ میں فوت ہوا۔

☆حارث بن عبدالرحمٰن، ابوہند:

اس کے ترجمہ کنیتوں میں آئے گا۔(=۸۴۲۹)

۱۰۳۲۔بخ۔حارث بن عبیداللہ انصاری شامی:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۰۳۳۔خت،م،د،ت۔حارث بن عبید ایادی، ابوقدامہ بصری:

آٹھویں طبقہ کا صدوق راوی ہے تاہم روایت حدیث میں خطاء کرجاتا ہے۔

۱۰۳۴۔تمییز۔حارث بن عبید بن طفیل بن عامر تمیمی، بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۰۳۵۔س۔حارث بن عطیہ بصری:

مصیصہ میں رہائش اختیار کرنیوالا نوویں طبقہ کا صدوق راوی ہے تاہم روایت حدیث میں وہم کرجاتا ہے۔

۱۰۳۶۔بخ،د،س۔حارث بن عمرو بن حارث سہمی ابومُسَیْکہ:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، ان سے صرف ایک ہی حدیث آئی ہے، ان کی کنیت میں بعض حضرات سے تصحیف ہوئی ہے اور انہوں نے ابوسفینہ کہہ دیا ہے۔

۱۰۳۷۔تمییز۔حارث بن عمرو باہلی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، ابن حبان نے پہلے راوی اور اس کے درمیان فرق کیا ہے اور جس نے ان دونوں کو ملادیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۱۰۳۸۔د،ت۔حارث بن عمرو انصاری:

(سیدنا) براء بن عازب (رضی اللہ عنہ) کے چچا ہیں یہ بھی کہا گیا ہے کہ ماموں ہیں، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے صرف ایک ہی حدیث آئی ہے۔

۱۰۳۹۔د،ت۔حارث بن عمرو ثقفی، مغیرہ بن شعبہ کا بھتیجا ہے:

اسے ابن عون بھی کہا جاتا ہے، چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے ۱۰۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۱۰۴۰۔ق۔حارث بن عمران جعفری مدنی:

نویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے ابن حبان نے اس پر وضع کا الزام لگایا ہے۔

۱۰۴۱۔خت،۴۔حارث بن عمیر، ابو عمیر بصری:

مکہ مکرمہ میں رہائش اختیار کرنیوالا آٹھویں طبقہ کا راوی ہے۔ جمہور نے اس کی توثیق کی ہے اس کی احادیث میں منکر روایتیں پائی جاتی ہیں جس کی وجہ سے ازدی اور ابن حبان وغیرہما نے اسے ضعیف کہا ہے غالباً آخر عمر میں اس کا حافظہ بدل گیا تھا۔

☆حارث بن عمیر، ابو جودی:

اس کا ترجمہ کنیتوں میں آئے گا۔(=۸۰۲۶)

☆حارث بن عوف، ابو واقد لیثی:

اس کا ترجمہ کنیتوں میں آئے گا۔(=۸۳۳۳)

☆حارث بن عون:

یہ ابن عمرو ثقفی ہے۔(۱۰۳۹)

۱۰۴۲۔م،د،س،ق۔حارث بن فضیل انصاری خطمی، ابو عبداللہ مدنی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۱۰۴۳۔س۔حارث بن قیس جعفی کوفی:

دوسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے، جنگ صفین میں قتل ہوا یہ بھی کہا گیا ہے کہ علی (رضی اللہ عنہ) کے بعد فوت ہوا۔

☆حارث بن قیس:

اس کا قیس بن حارث کے ترجمہ میں ذکر آئے گا۔(=۵۵۶۴)

۱۰۴۴۔بخ۔حارث بن لقیط نخعی کوفی:

دوسرے طبقہ کا "ثقہ مخضرمی" راوی ہے۔

۱۰۴۵۔ت۔حارث بن مالک بن قیس لیثی المعروف ابن برصاء:

صحابی ہیں ان سے صرف ایک ہی حدیث آئی ہے، خلافت معاویہ (رضی اللہ عنہ) کے آخر تک زندہ رہے۔

۱۰۴۶۔س۔حارث بن مالک:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۰۴۷۔د،س،ق۔حارث بن مخلد زرقی انصاری:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے جس نے اسے صحابی گمان کیا ہے اس سے غلطی ہوئی ہے۔

۱۰۴۸۔د۔حارث بن مرہ بن مجاعہ حنفی، ابو مرہ یمامی پھر بصری:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۰۴۹۔د،س۔حارث بن مسکین بن محمد بن یوسف، غلام بنوامیہ ابو عمرو مصری، قاضی مصر:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ، فقیہ'' راوی ہے بعمر ۹۶ برس ۲۵۰ھ میں فوت ہوا۔

☆حارث بن مسلم:

اس کا مسلم بن حارث کے ترجمہ میں ذکر آئے گا۔ (=۶۶۲۲)

۱۰۵۰۔د۔حارث بن منصور، واسطی زاہد:

نویں طبقہ کا صدوق راوی ہے تاہم روایت حدیث میں وہم کر جاتا ہے۔

۱۰۵۱۔ت،ق۔حارث بن نبہان جرمی، ابو محمد بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ۱۶۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۱۰۵۲۔ت،ق۔حارث بن نعمان بن سالم لیثی، کوفی، سعید بن جبیر کا بھانجا:

پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۰۵۳۔تمییز۔حارث بن نعمان بن سالم بزاز، ابو نصر اکفانی، طوسی:

بغداد میں رہائش اختیار کرنیوالا آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اور اس نے پہلے والے راوی سے روایت کیا ہے۔

۱۰۵۴۔س۔حارث بن نوفل بن حارث بن عبدالمطلب ہاشمی، مکی:

بصرہ میں رہائش اختیار کرنیوالے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، (سیدنا) عثمان (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت میں فوت ہوئے۔

۱۰۵۵۔ق۔حارث بن ہشام بن مغیرہ بن عبداللہ ابن عمر بن مخزوم، ابوعبدالرحمٰن مکی:

فتح مکہ کے روز مسلمان ہونے والوں میں شامل ہیں، شام میں (سیدنا) عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت میں شہید ہوئے، ان کا صحیحین میں ذکر آیا ہے انہوں نے وحی کے آنے کی کیفیت کے بارے میں سوال کیا تھا۔

۱۰۵۶۔د،ت،ق۔حارث بن وجیہ (عظیم کے وزن پر ہے) راسبی، ابومحمد بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

☆ حارث بن وقیش:

اس کا ابن اقیش کے ترجمہ میں ذکر گزر چکا۔ (=۱۰۱۱)

۱۰۵۷۔م،د،س،ق۔حارث بن یزید حضرمی، ابوعبدالکریم مصری:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار عابد'' راوی ہے ۱۳۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۵۸۔خ،م،س،ق۔حارث بن یزید عکلی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ فقیہ'' راوی ہے مگر یہ اپنے معاصرین میں سب سے پہلے فوت ہوا۔

۱۰۵۹۔خ،م،ت،س۔حارث بن یعقوب انصاری مصری، عمرو کا والد:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۱۳۰ھ میں فوت ہوا۔

☆ حارث اعور:

یہ ابن عبداللہ ہے۔ (=۱۰۲۹)

☆ حارث عکلی:

یہ ابن یزید ہے۔ (=۱۰۵۸)

۱۰۶۰۔ س۔ حارث:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، ان سے ثابت نے حبیب بن ابو سعید کے واسطے سے حدیث نقل کی ہے۔

۱۰۶۱۔ س۔ حارث:

تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے اور یہ اعور نہیں ہے۔

۱۰۶۲۔ ت، ق۔ حارثہ بن ابو رجال انصاری پھر نجاری، مدنی:

چھٹے طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے ۱۴۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۶۳۔ بخ ۴۔ حارثہ بن مُضَرِّب عبدی کوفی:

دوسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے، اس شخص سے غلطی ہوئی ہے جس نے ابن مدینی سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے اسے ترک کر دیا تھا۔

۱۰۶۴۔ ع۔ حارثہ بن وہب خزاعی:

کوفہ میں رہائش اختیار کرنیوالے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں (سیدنا) عمر (رضی اللہ عنہ) ان کے سوتیلے والد ہیں۔

۱۰۶۵۔ ق۔ حازم بن حرملہ غفاری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، ان سے ذکر کے متعلقہ صرف ایک ہی حدیث آئی ہے۔

۱۰۶۶۔ س، ق۔ حاضر بن مہاجر، ابو عیسیٰ باہلی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۱۰۶۷۔ رخ، م۔ حامد بن عمر بن حفص بن عمر:

حامد بن عمر بن حفص بن عمر بن عبید اللہ بن ابو بکرہ ثقفی بکراوی، ابو عبد الرحمان بصری، قاضی کرمان، دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۳۳ھ میں فوت ہوا، کہا گیا ہے کہ اس کا دادا حفص ہے جو کہ ابن عبد الرحمٰن بن ابو بکرہ ہے۔

۱۰۶۸۔ د۔ حامد بن یحییٰ بن ہانی بلخی، ابو عبد اللہ:

سرطوس میں رہائش اختیار کرنیوالا دسویں طبقہ کا "ثقہ حافظ" راوی ہے ۲۴۲ھ میں فوت ہوا۔

حَبّان نام کے راویوں کا ذکر

۱۰۶۹۔ ع۔ حبان بن ہلال، ابوحبیب بصری:

نویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے ۲۱۶ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۷۰۔ م، د، ت، ق۔ حبان بن واسع بن حبان بن منقذ:

حبان بن واسع بن حبان بن منقذ بن عمرو انصاری پھر مازنی، مدنی، پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

حِبّان نام کے راویوں کا ذکر

۱۰۷۱۔ بخ۔حبان بن ابوجبلہ مصری،غلام قریش:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۲۲ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۲۵ھ میں ہوا۔

۱۰۷۲۔ت،ق۔حبان بن جزء:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۰۷۳۔بخ،د۔حبان بن زید شرعبی،ابوخداش:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے،جس نے اسے صحابیت سے مشرف سمجھا ہے اس سے غلطی ہوئی ہے۔

۱۰۷۴۔بخ۔حبان بن عاصم تمیمی،بعدہ عنبری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۰۷۵۔خ۔حبان بن عطیہ سلمی:

میں اس کی کسی روایت کو نہیں پہچانتا،تاہم بخاری (۶۹۳۹) میں اس کا ذکر آیا ہے اور یہ دوسرے طبقہ سے ہے۔

۱۰۷۶۔ق۔حبان بن علی عنزی،ابوعلی کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے اور فقہ کا عالم،صاحب فضل تھا،بعمر ۶۰ برس ۱۷۱ھ یا ۱۷۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۷۷۔خ،م،ت،س۔حبان بن موسیٰ بن سوار سلمی،ابومحمد مروزی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۳۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۷۸۔تمییز۔حبان بن موسیٰ بن حبان کلابی،ابومحمد دمشقی:

بارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۲۳۱ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۷۹۔د،عس۔حبان بن یسار کلابی، ابو روحہ، بصری:

آٹھویں طبقہ کا صدوق راوی ہے تاہم عارضہ اختلاط میں مبتلا ہو گیا تھا۔

۱۰۸۰۔ت،س،ق۔حُبشی ابن جنادہ سلولی:

کوفہ میں رہائش اختیار کرنیوالے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہی ہیں۔

۱۰۸۱۔س۔حبہ ابن جوین، عرنی، ابو قدامہ کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''صدوق صاحب اغلاط'' راوی ہے اور تشیع میں غالی تھا، جس نے اسے صحابیت سے مشرف سمجھا ہے اس نے غلطی کی ہے۔

۱۰۸۲۔بخ،ق۔حبہ بن خالد اسدی، اسے عامری یا خزاعی بھی کہا جاتا ہے:

کوفہ میں رہائش اختیار کرنیوالے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، ان سے ایک ہی حدیث آئی ہے۔

۱۰۸۳۔تم۔حبیب بن اوس یا ابن ابو اوس ثقفی:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، مصر کی فتح میں حاضر ہوا تھا اور پھر مصر میں ہی سکونت پزیر ہو گیا تھا۔

۱۰۸۴۔ع۔حبیب بن ابو ثابت قیس ''ہند بھی کہا جاتا ہے'' ابن دینار اسدی، ابو یحیٰی اسدی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ فقیہ'' راوی ہے اور بکثرت ارسال و تدلیس سے کام لیتا ہے ۱۱۹ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۸۵۔ت۔حبیب بن ابو حبیب بجلی، ابو عمرو بصری:

اس نے کوفہ میں رہائش اختیار کر لی تھی چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ اس کی کنیت ابو کشوثا ہے۔

۱۰۸۶۔تخ،م،س،ق۔حبیب بن ابو حبیب جرمی بصری انماطی:

اس کے والد کا نام یزید ہے، ساتویں طبقہ کا صدوق راوی ہے تاہم روایت حدیث میں خطاء کر جاتا ہے ۱۶۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۸۷۔ق۔حبیب بن ابو حبیب مصری، کاتب مالک:

اس کی کنیت ابو محمد ہے اور اس کے والد کا نام ابراہیم ہے یہ بھی کہا گیا ہے کہ مرزوق ہے، نویں طبقہ کا ''متروک''

راوی ہے (امام) ابوداؤد (رحمہ اللہ) اور ایک جماعت نے اس کی تکذیب کی ہے، ۲۱۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۸۸۔ تمییز۔ حبیب بن ابو حبیب خرططی، مروزی:

نویں طبقہ سے ہے ابن حبان نے اس کی تکذیب کی ہے ایضاً۔

۱۰۸۹۔ تمییز۔ حبیب بن ابو حبیب بصری:

نویں طبقہ کا "روایت حدیث میں قدرے کمزور" راوی ہے۔

☆ حبیب بن خلاد:

یہ ابن زید ہے اس کا ترجمہ آئے گا۔ (=۱۰۹۱)

۱۰۹۰۔ مد، ت۔ حبیب بن زبیر مُشکان، ہلالی یا حنفی، اصبہانی، بصری الاصل:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۱۰۹۱۔ ۴۔ حبیب بن زید بن خلاد انصاری، مدنی:

بسا اوقات اس کی اس کے دادا کی طرف بھی نسبت کردی جاتی ہے، ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۱۰۹۲۔ م۔ حبیب بن سالم انصاری:

نعمان بن بشیر کا کاتب اور غلام تھا، تیسرے طبقہ کا راوی ہے اس میں کوئی خرابی نہیں۔

۱۰۹۳۔ س۔ حبیب بن ابو سریعہ یا ابن سریعہ "سریعہ بن حبیب بھی کہا گیا ہے" ضبعی:

تیسرے طبقہ کا "تابعی ثقہ" راوی ہے، جس نے اسے صحابی سمجھا ہے اس نے غلطی کی ہے۔

۱۰۹۴۔ ت، ق۔ حبیب بن سُلیم عبسی، کوفی:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۱۰۹۵۔ تمییز۔ حبیب بن سلیم، شریح کا ساتھی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۱۰۹۶۔ تمییز۔ حبیب بن سلیم باہلی، بصری:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۱۰۹۷۔ع۔حبیب بن شہید ازدی، ابو محمد بصری:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے، بعمر ۶۶ برس ۱۴۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۹۸۔د،ت،ق۔حبیب بن صالح یا ابن ابو موسیٰ طائی، ابو موسیٰ حمصی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۴۷ھ میں فوت ہوا۔

۱۰۹۹۔بخ۔حبیب بن صُہبان اسدی کاہلی، ابو مالک کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۱۰۰۔د۔حبیب بن عبداللہ ازدی، یُحْمِدی، عبدالصمد کا والد:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۱۰۱۔بخ،م،۴۔حبیب بن عبید رحبی، ابو حفص حمصی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۱۰۲۔خ،م،خد،ت،س،ق۔حبیب بن ابو عمرہ قصاب، ابو عبداللہ حمّانی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۴۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۰۳۔د۔حبیب بن ابو فضلان یا فضالہ، مالکی بصری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۱۰۴۔بخ۔حبیب بن محمد عجمی، ابو محمد بصری زاہد:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے۔

۱۱۰۵۔ت،س۔حبیب بن ابو مرزوق رقی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ فاضل'' راوی ہے ۱۳۲ھ یا ۱۳۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۰۶۔د،ق۔حبیب بن مسلمہ بن مالک بن وہب قرشی فہری، مکی:

انہیں حبیب الروم بھی کہا جاتا ہے کیونکہ زیادہ تر ان سے جہاد میں مصروف رہے ہیں، ان کی صحابیت مختلف فیہ ہے

تاہم اس کا ثبوت راجح ہے مگر یہ چھوٹے تھے، صحیح بخاری میں (سیدنا) معاویہ (رضی اللہ عنہ) سے گفتگو کے متعلق ابن عمر (رضی اللہ عنہ) کی حدیث میں ان کا ذکر آتا ہے، (سیدنا) معاویہ (رضی اللہ عنہ) کی طرف سے ارمینیہ کے حاکم تھے وہیں ۴۲ھ میں فوت ہوئے۔

۱۱۰۷۔ د۔ حبیب بن ابو ملیکہ نہدی، ابوثور کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ یہ ابوثور ازدی ہے مگر یہ بات صحیح نہیں ہے، اس کا کنیتوں میں ذکر آئے گا۔

☆ حبیب بن ابو موسیٰ:

اس کا حبیب بن صالح کے ترجمہ میں ذکر آئے گا۔ (=۱۰۹۸)

۱۱۰۸۔ د، ق۔ حبیب بن نعمان اسدی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۱۰۹۔ ت، س۔ حبیب بن یسار کندی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۱۱۰۔ تمییز۔ حبیب بن یسار:

اعمش سے روایت کرتا ہے، ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۱۱۱۔ س۔ حبیب بن یساف:

نعمان بن بشیر سے روایت کرتا ہے، تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۱۱۲۔ م، د، س۔ حبیب اعور مدنی، غلام عروہ بن زبیر:

تیسرے طبقہ کا مقبول'' راوی ہے ۱۳۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۱۱۱۳۔ د، ق۔ حبیب تیمی عنبری، ہرماس کا والد:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۱۱۴۔س۔حبیب عنزی،طلق کا والد:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۱۱۵۔ع۔حبیب معلم،ابومحمد بصری،غلام معقل بن یسار:

اس کے والد کے نام میں اختلاف کیا گیا ہے کہا گیا ہے کہ زائدہ ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ زید ہے، چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۳۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۱۶۔د۔حُبَیْش ابن شریح حبشی،ابوحفصہ شامی:

تیسرے طبقہ کا ''تابعی مقبول'' راوی ہے، جس نے اسے صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) میں ذکر کیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۱۱۱۷۔ق۔حُبَیْش بن مبشر ابن احمد بن محمد ثقفی،ابوعبداللہ طوسی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ فقیہ سنی'' راوی ہے اور اس کا بھائی جعفر کبار معتزلیوں میں سے تھا، ۲۵۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۱۸۔د،س۔حجاج بن ابراہیم ازرق،ابومحمد یا ابوابراہیم،بغدادی:

اس نے طرطوس اور مصر میں رہائش اختیار کر لی تھی، دسویں طبقہ کا ''ثقہ فاضل'' راوی ہے۔

۱۱۱۹۔بخ،م،۴۔حجاج بن اَرطاۃ ابن ثور بن ہبیرہ نخعی،ابوارطاۃ کوفی قاضی:

مشہور فقیہ ساتویں طبقہ کا ''صدوق بکثرت غلطیاں وتدلیس کرنے والا'' راوی ہے ۱۴۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۲۰۔ق۔حجاج بن تمیم جزری یا واسطی:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۱۲۱۔د،ت،س۔حجاج بن حجاج بن مالک اسلمی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اس کے والد محترم کو صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

۱۱۲۲۔تمییز۔حجاج بن حجاج اسلمی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے اور پہلے والے راوی سے چھوٹا ہے۔

۱۱۲۳۔خ،م،د،س،ق۔حجاج بن حجاج باہلی،بصری احول:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۱۲۴۔مد۔حجاج بن حسان قیسی بصری:

پانچویں طبقہ کا راوی ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۱۱۲۵۔۴۔حجاج بن دینار واسطی:

ساتویں طبقہ کا راوی ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے،مسلم کے مقدمہ میں اس کا ذکر آیا ہے۔

۱۱۲۶۔م،د،س،ق۔حجاج بن ابوزینب سلمی،ابویوسف،صیقل واسطی:

چھٹے طبقہ کا صدوق راوی ہے غلطی کر جاتا ہے۔

۱۱۲۷۔د۔حجاج بن شداد صنعانی:

مصر میں رہائش اختیار کرنے والا ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۱۲۸۔د۔حجاج بن صفوان بن ابویزید مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے(حافظ)مزی(رحمہ اللہ)نے اس کا ذکر نہیں کیا۔

۱۱۲۹۔س۔حجاج بن عاصم محاربی کوفی،قاضی کوفہ:

چھٹے طبقہ کا راوی ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۱۱۳۰۔د،ق۔حجاج بن عبید:

اسے ابن ابوعبداللہ یسار بھی کہا جاتا ہے،چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۱۳۱۔ع۔حجاج بن ابوعثمان میسرہ یا سالم صواف ابوصلت کندی،بصری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۱۴۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۳۲۔۴۔حجاج بن عمرو بن غزیہ انصاری،مازنی مدنی:

صحابی(رضی اللہ عنہ)ہیں،ان کی زید بن ثابت سے روایت آئی ہے،جنگ صفین میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے

ساتھ تھے۔

۱۱۳۳۔د،س۔حجاج بن فُرافصہ ، باہلی بصری:

چھٹے طبقہ کا صدوق عابد راوی ہے وہم کر جاتا ہے۔

۱۱۳۴۔د،ت،س۔حجاج بن مالک بن عویمر بن ابو اسید اسلمی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں رضاع میں ان سے حدیث آئی ہے۔

۱۱۳۵۔ع۔حجاج بن محمد مصیصی اعور، ابو محمد ترمذی الاصل:

مصیصہ کے بعد بغداد میں رہائش پزیر ہو گیا تھا، نویں طبقہ کا "ثقہ پختہ کار" راوی ہے مگر جب بغداد آیا تو آخر عمر میں عارضہ اختلاط میں مبتلا ہو گیا تھا، بغداد میں ہی ۲۰۶ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۳۶۔تمییز۔حجاج بن محمد خولانی، حمصی:

دسویں طبقہ کا راوی ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۱۱۳۷۔ع۔حجاج بن منہال انماطی، ابو محمد سلمی بصری:

نویں طبقہ کا "ثقہ فاضل" راوی ہے ۲۱۷ھ یا ۲۱۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۳۸۔خت۔حجاج بن ابو منیع یوسف "عبید اللہ بن زیاد بھی کہا گیا ہے" رصافی:

دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۱۱۳۹۔ت۔حجاج بن نُصَیر فَساطیطی، قیسی ابو محمد بصری:

نویں طبقہ کا ضعیف راوی ہے تلقین قبول کرتا تھا ۲۱۳ھ یا ۲۱۴ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۴۰۔م،د۔حجاج بن ابو یعقوب یوسف بن حجاج ثقفی، بغدادی المعروف ابن شاعر:

گیارہویں طبقہ کا "ثقہ حافظ" راوی ہے ۲۵۹ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۴۱۔تمییز۔حجاج بن یوسف بن ابو عقیل ثقفی، مشہور خون ریز، ظالم حکمران:

بخاری و مسلم وغیرہما میں اس کا ذکر اور کلام آیا ہے یہ اس بات کا اہل نہیں ہے کہ اس سے کچھ روایت کیا جائے، ۹۵ھ

میں عراق کا والی بنا تھا اور ۹۵ھ میں فوت ہوا۔

☆د۔حجاج:

ربذہ کے مقام پر عمر بن عبدالعزیز (رحمہ اللہ) کی طرف سے عامل تھا اور یہ ابن صفوان ہے اس کا ترجمہ گزر چکا۔ (=۱۱۲۸)

۱۱۴۲۔د۔حجاج ضریر:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۱۴۳۔د۔حجر بن حُجر کلاعی حمصی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۱۴۴۔ر،د،ت۔حجر بن عَنْبَس حضرمی کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''صدوق مخضرمی'' راوی ہے۔

۱۱۴۵۔د،س،ق۔حجر بن قیس ہمدانی مدری مُجوری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۱۴۶۔ت۔حجر عدوی:

کہا گیا ہے کہ یہ حجیہ بن عدی ہے ورنہ ''مجہول'' ہے۔ (=۱۱۵۰)

۱۱۴۷۔م۔حُجیر (تصغیر ہے) ابن ربیع بصری عدوی:

کہا جاتا ہے کہ یہ ابوسوار ہے، تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۱۴۸۔د،ت،ق۔حجیر بن عبداللہ کندی:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۱۴۹۔خ،م،د،ت،س۔حُجین ابن مثنی یمامی:

حجین ''پہلے راوی کی طرح ہے مگر اس کے آخر میں نون ہے'' ابن مثنی یمامی، ابوعمر، بغداد میں رہائش پذیر ہوگیا

تھا، اور خراسان میں قضاء پر متعین تھا، نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، بغداد میں ۲۰۹ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے اس کے بعد ہوا۔

۱۱۵۰۔ ت۔ حجیہ ''علیہ کے وزن پر ہے'' ابن عدی کندی:

تیسرے طبقہ کا صدوق راوی ہے غلطی کر جاتا ہے۔

۱۱۵۱۔ بخ، د۔ حدرد بن ابو حدرد اسلمی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، ان سے ایک ہی حدیث آئی ہے۔

۱۱۵۲۔ س۔ حدیج بن معاویہ بن حدیج، زہیر کا بھائی:

ساتویں طبقہ کا صدوق راوی ہے غلطی کر جاتا ہے، اپنے بھائی سے پہلے یعنی چھ سال بعد فوت ہوا۔

۱۱۵۳۔ ر، م، د، س، ق۔ حدیر، ابوزہریہ:

حدیر ''پہلے راوی کے وزن پر ہے مگر اس کے آخر میں راء ہے'' ابوزہریہ حمصی، تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۰۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۵۴۔ م، ۴۔ حذیفہ بن اُسید غفاری، ابوسَریحہ:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں اور اصحاب شجرہ (بیعت رضوان والوں) میں سے ہیں ۴۲ھ میں فوت ہوئے۔

۱۱۵۵۔ د۔ حذیفہ بن ابو حذیفہ ازدی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۱۵۶۔ ع۔ حذیفہ بن یمان ''یمان کا نام حسیل ہے اور حسل بھی کہا جاتا ہے'' عبسی، حلیفِ انصار:

سابقین میں سے جلیل القدر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، صحیح مسلم میں ان سے آیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قیام قیامت تک پیش آنے والے فتنوں کے بارے میں انہیں خبر دے دی تھی، ان کے والد محترم بھی صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں غزوہ احد میں شہید ہوئے تھے، اور (حضرت) حذیفہ (رضی اللہ عنہ) ۳۶ھ میں (سیدنا) علی (رضی اللہ عنہ) کے ابتدائی دورِ خلافت میں فوت ہوئے۔

۱۱۵۷۔س۔حذیفہ بارقی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۱۵۸۔س۔حِذْیَم،سعدی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، ان سے حدیث آئی ہے۔

۱۱۵۹۔د،ت،س۔حُرّ ابن صیاح نخعی کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۱۶۰۔ق۔حر بن مالک بن خطاب عنبری، ابوسہل بصری:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۱۶۱۔س۔حر بن مسکین، ابومسکین:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۱۶۲۔ر،۴۔حَرام ابن حکیم ابن خالد بن سعد انصاری ''عنسی بھی کہا جاتا ہے'' دمشقی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۱۶۳۔۴۔حرام بن سعد یا ابن ساعدہ، ابن محیصہ بن مسعود انصاری:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے، تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۱۶۴۔عس۔حرب بن سریج ابن منذر منقری، ابوسفیان بصری بزاز:

ساتویں طبقہ کا صدوق راوی ہے غلطی کر جاتا ہے۔

۱۱۶۵۔خ،م،د،ت،س۔حرب بن شداد یشکری، ابوخطاب بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۶۱ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۶۶۔م،س۔حرب بن ابوعالیہ، ابومعاذ بصری:

کہا گیا ہے کہ ابوعالیہ کا نام مہران ہے، ساتویں طبقہ کا صدوق راوی ہے وہم کر جاتا ہے۔

۱۱۶۷۔د۔حرب بن عبید اللہ بن عمیر ثقفی:

چوتھے طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۱۱۶۸۔م،ت،فق۔حرب بن میمون اکبر،ابو خطاب انصاری بصری:

ساتویں طبقہ کا صدوق راوی ہے اس پر قدری ہونے کا الزام لگایا گیا ہے۔ ۱۶۰ھ کی حدود میں فوت ہوا

۱۱۶۹۔تمییز۔حرب بن میمون اصغر،ابو عبد الرحمٰن بصری،صاحب الاغمیہ:

آٹھویں طبقہ کا عبادت گزاری کے باوصف ''متروک الحدیث'' راوی ہے،جس نے اسے پہلے راوی سے ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۱۱۷۰۔د،ق۔حرب بن وحشی بن حرب حبشی حمصی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆حرشف:

یہ ابن حرشف ہے اس کا مبہمات میں ذکر آئے گا۔(=۸۴۶۳)

۱۱۷۱۔س۔حرملہ بن ایاس:

اسے ایاس بن حرملہ کہا جاتا ہے اور ابو حرملہ بھی کہا جاتا ہے مگر پہلا زیادہ مشہور ہے۔چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۱۷۲۔بخ۔حرملہ بن عبد اللہ تمیمی عنبری:

(بعض دفعہ نسب میں دادا کی طرف منسوب لکھے جاتے ہیں تو اس وقت)انہیں حرملہ بن ایاس کہا جاتا ہے۔صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آئی ہے۔

۱۱۷۳۔ت۔حرملہ بن عبد العزیز بن سَبُرہ،جہنی ابو معبد:

آٹھویں طبقہ کا راوی ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۱۱۷۴۔بخ،م،د،س،ق۔حرملہ بن عمران بن قراد تُجیبی،ابو حفص مصری،حاجب کے لقب سے مشہور ہے:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اور آنے والے راوی کا دادا ہے عمر ۸۰ برس ۱۶۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۷۵۔م،س،ق۔حرملہ بن یحییٰ بن حرملہ بن عمران،ابوحفص تجیبی مصری،شافعی کا ساتھی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۴۳ھ یا ۲۴۴ھ میں فوت ہوا اور اس کی ولادت ۱۶۰ھ کو ہوئی۔

۱۱۷۶۔خ۔حرملہ،مولی اسامہ بن زید:

زید بن ثابت کا غلام ہے بعض حضرات نے حرملہ مولی اسامہ بن زید اور حرملہ مولی زید بن ثابت کے درمیان فرق کیا ہے،تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۱۷۷۔خ،د،س۔حرمی ابن حفص بن عمر عتکی،ابوعلی بصری:

دسویں طبقہ کے کبار ''ثقہ'' راویوں میں سے ہے ۲۲۳ھ یا ۲۲۶ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۷۸۔خ،م،د،س،ق۔حرمی بن عمارہ بن ابوحفصہ،عتکی بصری ابوروح:

نویں طبقہ کا صدوق راوی ہے وہم کرجاتا ہے ۲۰۱ھ میں فوت ہوا۔

☆حرمی بن یونس:

یہ ابراہیم ہے اس کا ترجمہ گزر چکا۔(=۲۷۷)

۱۱۷۹۔د۔حریث ابن ابح سلیحی،شامی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۱۸۰۔بخ،مد،ت۔حریث بن سائب تمیمی''ہلالی بھی کہا گیا ہے''بصری مؤذن:

ساتویں طبقہ کا صدوق راوی ہے غلطی کرجاتا ہے۔

۱۱۸۱۔س۔حریث بن ظہیر کوفی،قدم الشام:

دوسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆حریث بن قبیصہ:

اس کا قبیصہ بن حریث کے ترجمہ میں ذکر آئے گا۔(=۵۵۱۱)

۱۱۸۲۔خت،ت،ق۔حریث ابومطر فزاری،ابوعمرو ابن عمرو کوفی حناط:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۱۸۳۔د،ق۔حریث:

بنوعذرہ کا شخص ہے اس کے والد کے نام میں اختلاف پایا جاتا ہے، کہا گیا ہے کہ سلیم یا سلیمان یا عمار ہے، اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے اور میرے نزدیک غیر صحابی حدیث خط کا تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۱۸۴۔خ،۴۔حَرِیز ابن عثمان رَحَبی حمصی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے اس پر ناصبی ہونے کا الزام لگایا گیا ہے عمر ۸۳ برس ۱۶۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۸۵۔ق۔حَرِیز ''ابوحریز بھی کہا جاتا ہے'' غلام معاویہ، شامی:

ابن عساکر نے اسی پر اعتماد کیا ہے اور اس کا نام ''کیسان'' بتلایا ہے، تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۱۸۶۔د۔حریز، یا ابوحریز، حجازی:

ابن عمر (رضی اللہ عنہ) سے روایت کرتا ہے تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۱۸۷۔ق۔حریش ''پہلے راوی کے وزن پر ہے مگر اس کے آخر میں شین ہے'' ابن خرِّیت بصری، زبیر کا بھائی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۱۸۸۔د،س۔حریش بن سلیم، یا ابن ابوحریش، جعفی یا ثقفی، کوفی ابوسعید:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۱۸۹۔س۔حرام ابن حکیم بن حزام بن خویلد اسدی، قرشی حجازی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۱۹۰۔حزم ابن ابوحزم قُطعی، ابوعبداللہ بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے وہم کر جاتا ہے، ۱۷۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۹۱۔د۔حزم بن ابوکعب انصاری سُلمی، مدنی:

قلیل الحدیث ''صحابی (رضی اللہ عنہ)'' ہیں۔

۱۱۹۲۔خ،د۔حزن "پہلے راوی کے وزن پر ہے مگر اس کے آخر میں نون ہے" ابن ابو وہب بن عمرو بن عائذ بن عمران بن مخزوم:

یمامہ میں شہید ہونے والے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں اور سعید بن مسیب کے دادا ہیں۔

☆حزوّر:

یہ ابو غالب ہے اس کا کنیتوں میں ذکر آئیگا۔ (=۸۲۹۸)

۱۱۹۳۔تم۔حسام بن مِصَک ازدی، ابو سہل بصری:

ساتویں طبقہ کا ضعیف راوی ہے قریب تھا کہ اسے ترک کر دیا جاتا۔

۱۱۹۴۔خ،م،د۔حسان بن ابراہیم بن عبداللہ کرمانی، ابو ہشام عنزی، قاضی کرمان:

آٹھویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے غلطی کر جاتا ہے، بعمر ۱۰۰ برس ۱۸۶ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۹۵۔س۔حسان بن ابو اشرس منذر بن عمار، کاہلی ابو اشرس، حبیب کا والد:

چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۱۱۹۶۔ت،س،ق۔حسان بن بلال مزنی، بصری:

تیسرے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۱۱۹۷۔خ،م،د،س،ق۔حسان بن ثابت بن منذر بن حرام انصاری خزرجی، ابو عبدالرحمٰن یا ابو ولید:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مشہور شاعر ہیں، بعمر ۱۲۰ برس ۵۴ھ میں فوت ہوئے۔

☆حسان بن حریث:

کہا گیا ہے کہ یہ ابو سوار عدوی کا نام ہے، اس کا کنیتوں میں ذکر آئے گا۔ (=۸۱۵۲)

۱۱۹۸۔خ۔حسان بن حسان، ابو علی بن ابو عباد بصری، مکہ مکرمہ فروکش ہوا:

دسویں طبقہ کا صدوق راوی ہے غلطی کر جاتا ہے ۲۱۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۱۹۹۔تمییز۔حسان بن حسان واسطی:

ابن مندہ (رحمہ اللہ) نے اسے پہلے راوی کے ساتھ ملا دیا ہے جو کہ ان کا وہم ہے، دسویں طبقہ کا صدوق راوی ہے

غلطی کرجاتا ہے ۱۲۳ھ میں فوت ہوا

۱۲۰۰۔ خت۔ حسان بن ابوسنان بصری:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' عابد راوی ہے۔

۱۲۰۱۔ س۔ حسان بن ضمری، ''یہ ابن عبداللہ ہے'' شامی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ مخضرمی'' راوی ہے۔

۱۲۰۲۔ خ، س، ق۔ حسان بن عبداللہ بن سہل کندی، ابوعلی واسطی، مصر فروکش ہونیوالا

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے خطاء کرجاتا ہے ۲۲۲ھ میں فوت ہوا۔ یہ حسان ابن حسان واسطی ماضی نہیں ہے۔

۱۲۰۳۔ س۔ حسان بن عبداللہ اموی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مصری:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۲۰۴۔ ع۔ حسان بن عطیہ محاربی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوبکر دمشقی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ فقیہ عابد'' راوی ہے ۱۲۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۱۲۰۵۔ بخ۔ حسان بن کریب رعینی، ابوکریب مصری:

اس نے دور نبوی ﷺ پایا ہے دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، ابن یونس (رحمہ اللہ) نے کہا ہے کہ اس نے (سیدنا) عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت میں ہجرت کی۔

۱۲۰۶۔ س۔ حسان بن نوح نصری، ابوامیہ یا ابومعاویہ، حمصی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۲۰۷۔ س۔ حسان بن ابووجزہ:

تیسرے طبقہ کا مقبول راوی ہے اس سے مرسل روایات آئی ہیں۔

۱۲۰۸۔ س۔ حسان، وبر بن عبداللہ کا شیخ:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۲۰۹۔س۔ حسین بن احمد بن حبیب کرمانی، ابو علی، طرطوس فروکش ہونیوالا:

بارہویں طبقہ سے ہے (امام) نسائی (رحمہ اللہ) کے بیان مطابق اس میں کوئی خرابی نہیں ہے سوائے مسدد کی حدیث کے۔ ۲۹۱ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۱۰۔م، مد، ت۔ حسن بن احمد بن ابو شعیب، ابو مسلم حرانی، بغداد فروکش ہونیوالا:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے غریب احادیث بیان کرتا ہے ۲۵۰ھ یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۱۲۱۱۔ت، س۔ حسن بن اسامہ بن زید کلبی مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۲۱۲۔خ، س۔ حسن بن اسحاق بن زیاد لیثی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو علی مروزی:

حسنویہ کے لقب سے معروف ہے اور گیارہویں طبقہ کا (امام) نسائی (رحمہ اللہ) کے بیان کے مطابق ''ثقہ شاعر صاحب حدیث'' راوی ہے ۲۴۱ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۱۳۔س۔ حسن بن اسماعیل بن سلیمان بن مجالد، ابو سعید مجالدی، مصیصی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

☆حسن بن اعین:

یہ ابن محمد بن اعین ہے اس کا ترجمہ آئے گا۔ (=۱۲۸۰)

۱۲۱۴۔خ، ت، س۔ حسن بن بشر بن سَلْم، ہمدانی یا بجلی، ابو علی کوفی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غلطی کر جاتا ہے ۲۲۱ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۱۵۔حسن بن بشر سلمی، قاضی نیشاپور:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، یہ بات صحیح نہیں ہے کہ (امام) مسلم (رحمہ اللہ) نے اس سے روایت کیا ہے۔

۱۲۱۶۔ت۔ حسن بن بکر بن عبد الرحمن مروزی ابو علی، مکہ فروکش ہونیوالا:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۲۱۷۔س۔حسن بن بلال بصری پھر رملی:

دسویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

☆حسن بن تل، عمر کا والد:

درست محمد بن حسن ہے اس کا ترجمہ آئے گا۔ (=۵۸۱۶)

۱۲۱۸۔س۔حسن بن ثابت ثعلبی، ابو علی کوفی:

نویں طبقہ کا صدوق راوی ہے غریب احادیث لاتا ہے۔

۱۲۱۹۔مد، س، ق۔حسن بن ثوبان بن عامر ہوزنی، ابو ثوبان مصری:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق فاضل'' راوی ہے، رشید کی طرف سے گورنر رہا، ۴۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۲۰۔ت، ق۔حسن بن جابر لخمی کندی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۲۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۲۱۔خ۔حسن بن جعفر بخاری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۲۲۲۔ت، ق۔حسین بن ابوجعفر جفری، بصری:

ساتویں طبقہ کا صاحب فضل، عبادت گزاری کے باوصف ''روایت حدیث میں ضعیف'' راوی ہے ۶۷ھ میں فوت ہوا۔

☆حسن بن جنید:

حسین کے ترجمہ میں اس کا ذکر آئے گا۔ (=۱۳۱۲)

۱۲۲۳۔قد، س۔حسن بن حبیب بن ابن ندبہ تمیمی ''اس کے علاوہ بھی کہا گیا ہے'' بصری، کوسج:

نویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے ۱۹ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۲۴۔د، س۔حسن بن حر بن حکم جعفی یا نخعی، کوفی ابو محمد، دمشق فروکش ہونیوالا:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ فاضل'' راوی ہے ۳۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۲۵۔ق۔حسن بن حسن بن حسن بن علی بن ابو طالب:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے بعمر ۲۸ برس ۱۴۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۲۶۔س۔حسن بن حسن بن علی، پہلے والے راوی کا والد:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے پچاس سے کچھ زیادہ برس عمر پا کر ۹۷ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۲۷۔ع۔حسن بن ابو حسن بصری ''اس کے والد کا نام یسار ہے'' انصاری ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

تیسرے طبقہ کا ''مشہور ثقہ فقیہ فاضل'' راوی ہے اور بکثرت ارسال و تدلیس کرتا ہے، (امام) بزار (رحمہ اللہ) نے کہا کہ ایک جماعت سے روایت کرتا ہے مگر اس نے ان سے سماع نہیں کیا پس وسعت سے کام لیتے ہوئے ''حَدَّثَنَا وخَطَبَنَا'' کہتا ہے یعنی بصرہ میں اہل بصرہ کو جو حدیث بیان وخطاب کی گئی۔ نوے برس کے قریب عمر پا کر ۱۱۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۲۸۔ر۔حسن بن ابو الحسناء، ابو سہل بصری قواس:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، (حافظ) ازدی (رحمہ اللہ) نے اسے ضعیف کہہ کر اچھا نہیں کیا۔

۱۲۲۹۔د،ت،عس،ق۔حسن بن حکم نخعی، ابو حکم کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے خطاء کر جاتا ہے ۱۵۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔ محمد بن عجلان نے حسن بن حر سے روایت کیا ہے اور اس کی اس کے دادا کی طرف نسبت کر دی ہے جس کی وجہ سے بسا اوقات اس کے ساتھ التباس ہو جاتا ہے۔

۱۲۳۰۔د،س،ق۔حسن بن حماد بن کُسَیب حضرمی، ابو علی بغدادی:

اس کا لقب سجادہ ہے، دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۴۱ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۳۱۔س۔حسن بن حماد ضبی، ابو علی وراق، صیرفی کوفی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۳۸ھ میں فوت ہوا۔

حسن بن حماد حضرمی اور حسن بن حماد ضبی کا چار مستور راویوں سے التباس ہوتا ہے اور ان میں سے ہر ایک کو حسن بن حماد کہا جاتا ہے۔

۱۲۳۲۔ پہلا: بجلی ہے۔

۱۲۳۳۔ اور دوسرا: مرادی ہے۔

۱۲۳۴۔ اور تیسرا: مروزی ہے۔

۱۲۳۵۔ اور چوتھا: واسطی ہے۔

۱۲۳۶۔ اور پانچواں بھی ہے جسے حسن بن حماد صفّانی کہا جاتا ہے:

یہ پہلے حضرات سے بعد والے طبقہ کا ہے اور ''مستور'' ہے۔

☆حسن بن حی:

یہ ابن صالح ہے اس کا ترجمہ آئے گا۔ (=۱۲۵۰)

۱۲۳۷۔ خ۔ حسن بن خلف بن زیاد واسطی، ابو علی:

یہ حسن بن شاذان ہے گویا شاذان اس کے والد کا لقب ہے، گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس سے اوہام سرزد ہوئے ہیں۔ صحیح بخاری میں اس سے ایک حدیث آئی ہے ۲۳۹ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۳۸۔ س۔ حسن بن خُمیر خرازی، ابو علی حمصی:

دسویں طبقہ کا صدوق راوی ہے، وہم کر جاتا ہے۔

۱۲۳۹۔ س، ق۔ حسن بن داؤد بن محمد بن منکدر، ابو محمد مدنی منکدری:

دسویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے تاہم حضرات نے معتمر سے اس کے سماع میں کلام کیا ہے۔

۱۲۴۰۔ خ، د، ت، ق۔ حسن بن ذکوان، ابو سلمہ بصری:

چھٹے طبقہ کا صدوق راوی ہے خطا کر جاتا ہے، اس پر قدری ہونے کا الزام لگایا گیا ہے اور تدلیس کرتا تھا۔

۱۲۴۱۔ ع۔ حسن بن ربیع بجلی، ابو علی کوفی بُورانی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۲۰ھ یا ۲۲۱ھ میں فوت ہوا۔

☆حسن بن ابو ربیع:

یہ ابن یحییٰ ہے اس کا ترجمہ آئے گا۔(=۱۲۹۰)

۱۲۴۲۔س ۔س۔حسن بن زید بن حسن بن علی بن ابو طالب، ابو مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق، فاضل'' راوی ہے وہم کرجاتا ہے۔مدینہ منورہ میں منصور کی طرف سے گورنر تھا، عمر ۸۵ برس ۱۶۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۴۳۔بخ،م،د،س،ق۔حسن بن سعد بن معبد ہاشمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۲۴۴۔ت۔حسن بن سلم بن صالح عجلی:

کہا جاتا ہے کہ اس کے والد کا نام سیور ہے اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے:آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۲۴۵۔تمییز۔حسن بن سلم واسطی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۲۴۶۔ق۔حسن بن سہیل بن عبدالرحمٰن بن عوف:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۲۴۷۔د،ت،س۔حسن بن سوار بغوی، ابو علاء مروزی:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۱۶ھ یا ۲۱۷ھ میں فوت ہوا۔

☆حسن بن شاذان:

یہ ابن خلف ہے اس کا ترجمہ گزر چکا۔(=۱۲۳۷)

۱۲۴۸۔ت۔حسن بن شجاع بن رجاء بلخی، ابو علی:

گیارہویں طبقہ کا ''ممتاز فقہ حدیث'' راوی ہے عمر ۴۹ برس ۲۴۴ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۴۹۔د۔حسن بن شوکر، ابو علی بغدادی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۳۰ھ کے قریب فوت ہوا، کہا گیا ہے کہ (امام) بخاری (رحمہ اللہ) نے اس سے روایت کیا ہے۔

۱۲۵۰۔بخ م ۴۔حسن بن صالح بن صالح بن حی ''یہ حیان بن شفی ہے'' ہمدانی، ثوری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ فقیہ عابد'' راوی ہے اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے ۱۹ھ میں فوت ہوا اور ۱۰۰ھ کو پیدا ہوا تھا۔

۱۲۵۱۔خ، د، ت، س۔حسن بن صباح بزار، ابو علی واسطی، بغداد فروکش ہونیوالا:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے وہم کر جاتا ہے اور عابد فاضل تھا ۴۹ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۵۲۔خ م، د، س، ق۔حسن بن عبداللہ عرنی، کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ابن عباس (رضی اللہ عنہ) سے ارسال کرتا ہے۔

۱۲۵۳۔خ۔حسن بن عبدالعزیز بن وزیر جروی، ابو علی مصری، بغداد فروکش ہونیوالا:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار عابد فاضل'' راوی ہے ۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۵۴۔م ۴۔حسن بن عبیداللہ بن عروہ نخعی، ابو عروہ کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ فاضل'' راوی ہے ۳۹ھ میں فوت ہوا یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے تین سال بعد ہوا۔

۱۲۵۵۔ت، س، ق۔حسن بن عرفہ بن یزید عبدی، ابو علی بغدادی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۵۶۔د۔حسن بن عطیہ بن سعد عوفی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' روای ہے۔

۱۲۵۷۔ت۔حسن بن عطیہ بن نجیح قرشی، ابو علی بزاز، کوفی:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۱ھ یا اس کے قریب فوت ہوئے۔

۱۲۵۸۔د۔حسن بن علی بن راشد واسطی، بصرہ فروکش ہونیوالا:

دسویں طبقہ کا صدوق راوی ہے اس پر تدلیس کا الزام لگایا گیا ہے ۳ھ کو فوت ہوا۔

۱۲۵۹۔ د، س۔ حسن بن علی بن ابو رافع مدنی:

پانچویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۱۲۶۰۔ ۴۔ حسن بن علی بن ابو طالب ہاشمی، آپ ﷺ کا نواسہ و پھول:

(سیدنا) حسن (رضی اللہ عنہ) نے آپ ﷺ کی صحبت اختیار کی اور آپ ﷺ سے حدیث یاد کی ہے، آپ (رضی اللہ عنہ) کی ۴۹ھ میں زہر سے شہادت کی موت ہوئی، اس وقت آپ کی عمر ۴۷ برس تھی، کہا گیا ہے کہ ۵۰ھ میں شہید ہوئے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوئے۔

۱۲۶۱۔ ق۔ حسن بن علی بن عفان عامری، ابو محمد کوفی:

گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے، کہا گیا ہے کہ (امام) ابوداؤد (رحمہ اللہ) نے اس نے روایت کیا ہے۔

۱۲۶۲۔ خ، م، د، ت، ق۔ حسن بن علی بن محمد ہذلی، ابو محمد خلال حلوانی، مکہ فرکش ہونیوالا:

گیارہویں طبقہ کا "ثقہ صاحب تصانیف" راوی ہے ۲۴۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۶۳۔ ت، ق۔ حسن بن علی بن محمد:

حسن بن علی بن محمد بن ربیعہ بن نوفل بن حارث بن عبدالمطلب نوفلی ہاشمی، چھٹے طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۱۲۶۴۔ ت، ق۔ حسن بن عمارہ بجلی:

حسن بن عمارہ بجلی "نسبت ولاء کی وجہ سے ہے" ابو محمد کوفی، قاضی بغداد، ساتویں طبقہ کا "متروک" راوی ہے، ۱۵۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۶۵۔ خ۔ حسن بن عمر بن شقیق جرمی، ابو علی بصری، ری فروکش ہونیوالا:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے، تقریباً ۲۳۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۶۶۔ بخ، د، س، ق۔ حسن بن عمر یا عمرو بن یحییٰ:

حسن بن عمر یا عمرو بن یحییٰ فزاری "نسبت ولاء کی وجہ سے ہے" ابو ملیح رقی، آٹھویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے، نوے برس سے زائد عمر پا کر ۱۸۱ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۶۷۔خ،د،س،ق۔حسن بن عمرو فقیمی،کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے ۱۴۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۶۸۔د۔حسن بن عمرو سدوسی،بصری:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے (حافظ) ازدی (رحمہ اللہ) نے اسے ضعیف کہہ کر اچھا نہیں کیا، لگتا ہے انہیں اس کے بعد والے راوی کے ساتھ اشتباہ ہوا ہے ۲۳۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۱۲۶۹۔تمییز۔حسن بن عمرو بن سیف،ابو علی بصری:

کہا گیا ہے کہ یہ عبدی یا ہذلی یا باہلی ہے، دسویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

۱۲۷۰۔تمییز۔حسن بن عمرو جعانی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ صاحب حدیث'' راوی ہے ابن حبان کے بیان کے مطابق ۲۴۰ھ میں فوت ہوا۔

مذکورہ رواۃ میں حسن بن عمرو نام کے (ایضا) مزید دو راوی بھی ہیں۔

۱۲۷۱۔ان میں پہلا: کوفی ہے۔

اعمش سے روایت کرتا ہے اور نویں طبقہ سے ہے۔

۱۲۷۲۔اور دوسرا: طرسوی ہے۔

ابو اسحاق فزاری سے روایت کرتا ہے اور دسویں طبقہ سے ہے۔

۱۲۷۳۔د۔حسن بن عمران عسقلانی،ابو علی یا ابو عبداللہ:

ساتویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۱۲۷۴۔م،ت،س۔حسن بن عیاش ابن سالم اسدی،ابو محمد کوفی،ابو بکر مقری کا بھائی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۷۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۷۵۔م،د،س۔حسن بن عیسی بن ماسرجس،ابو علی نیشا پوری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۴۰ھ میں فوت ہوا۔

☆حسن بن عیسی تومسی:

درست حسین ہے۔(=۱۳۴۰)

۱۲۷۶۔س۔حسن بن غلیب ازدی، مصری:

گیارہویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے عمر ۸۲ برس ۹۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۷۷۔م،ت،ق۔حسن بن فرات بن ابوعبدالرحمٰن تمیمی قزاز کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے وہم کر جاتا ہے۔

۱۲۷۸۔ت،س،ق۔حسن بن قزعہ ہاشمی ''نسبت ولاء کی وجہ سے ہے'' بصری:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تقریباً ۵۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۷۹۔عس۔حسن بن قیس:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے اور (حافظ) ازدی (رحمہ اللہ) نے اسے ضعیف کہا ہے۔

۱۲۸۰۔خ،م،س۔حسن بن محمد بن اعین حرانی، ابوعلی:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے، نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۱۰ھ میں فوت ہوا۔

☆حسن بن محمد بن شعبہ:

درست حسین بن محمد بن شیبہ ہے عنقریب اس کا ترجمہ آئے گا۔(=۱۳۴۹)

۱۲۸۱۔خ،عہ۔حسن بن محمد بن صباح زعفرانی، ابوعلی بغدادی، شافعی کا ساتھی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۶۰ھ کو یا اس سے ایک سال پہلے فوت ہوا۔

۱۲۸۲۔ت،ق۔حسن بن محمد عبیداللہ بن ابویزید مکی:

نویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۲۸۳۔ق۔حسن بن محمد بن عثمان بن حارث کوفی، مسجد مطورہ کا امام:

نویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۲۸۴۔ع۔حسن بن محمد بن علی بن ابو طالب ہاشمی، ابو محمد مدنی:

ابن حنفیہ اس کے والد محترم ہیں، تیسرے طبقہ کا "ثقہ فقیہ" راوی ہے، کہا جاتا ہے یہ وہ پہلا شخص ہے جس نے ارجاء میں تکلم کیا۔ ۱۰۰ھ یا اس سے ایک سال پہلے فوت ہوا۔

☆حسن بن محمد بلخی:

درست حسین ہے اس کا ترجمہ آئے گا۔ (= ۱۳۴۷)

۱۲۸۵۔خ،س،ق۔حسن بن مدرک بن بشیر سدوسی ابو علی بصری الطحان:

گیارہویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے، (امام) ابوداؤد (رحمہ اللہ) نے تلقین مشائخ کی طرف اس کی نسبت کی ہے۔

۱۲۸۶۔خ،م،د،س،ق۔حسن بن مسلم یناق مکی:

پانچویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۱۰۰ھ سے کچھ عرصہ بعد ہی جوانی میں فوت ہوا۔

۱۲۸۷۔خ۔حسن بن منصور بن ابراہیم بغدادی، شطوی، ابو علی:

اسے ابو علویہ بھی کہا جاتا ہے، دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے بخاری میں اس کی ایک حدیث آتی ہے۔

۱۲۸۸۔ع۔حسن بن موسیٰ اشیب، ابو علی بغدادی، قاضی موصل:

نویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۰۹ھ یا ۲۱۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۸۹۔بخ،ت۔حسن بن واقع بن قاسم، ابو علی رملی، خراسانی الاصل:

دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۲۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۹۰۔ق۔حسن بن یحییٰ بن جعد عبدی:

حسن بن یحییٰ بن جعد عبدی، ابو علی ابن ابو ربیع جرجانی، بغدادفروکش ہونیوالا، گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۲۶۳ھ میں فوت ہوا اور ۱۸۰ھ سے پہلے یا ۱۸۰ھ کو پیدا ہوا تھا۔

۱۲۹۱۔(س)۔حسن بن یحییٰ بن کثیر عنبری مصیصی:

گیارہویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے، کہا گیا ہے کہ (امام) نسائی (رحمہ اللہ) نے اس سے روایت

کیا ہے۔

۱۲۹۲۔د۔حسن بن یحییٰ بن ہشام رُزّی، ابو علی بصری:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق، صاحب حدیث'' راوی ہے۔

۱۲۹۳۔تمییز۔حسن بن یحییٰ بن سکن رملی:

گیارہویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۲۵۷ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۹۴۔س۔حسن بن یحییٰ بصری:

خراسان فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۲۹۵۔مد،ق۔حسن بن یحییٰ الخشنی دمشقی، بلاطی، خراسانی الاصل:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق بکثرت غلطیاں کرنیوالا'' راوی ہے ۱۹۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۱۲۹۶۔ق۔حسن بن یزید بن فروخ ضمری، ابو یونس قوی، مکی:

کوفہ فروکش ہوا، چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ ابن فروخ 'ابو یونس کے علاوہ ہے۔

حسن بن یزید نام کے مذکورہ حضرات کے علاوہ مزید چار راوی بھی ہیں۔

۱۲۹۷۔پہلا: عجلی ہے۔

ابن مسعود (رضی اللہ عنہ) سے روایت کرتا ہے دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۲۹۸۔اور دوسرا: سعدی ہے۔

ابو سعید خدری (رضی اللہ عنہ) سے روایت کرتا ہے تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۲۹۹۔اور تیسرا: ابو علی کی کنیت سے معروف ہے۔

اسے اصم بھی کہا جاتا ہے آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے وہم کر جاتا ہے۔

۱۳۰۰۔اور چوتھا: حزامی ہے:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۳۰۱۔ق۔حسن بن یوسف رازی، قزوین فروش ہونیوالا:

دسویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆حسن عرنی:

یہ ابن عبداللہ ہے اس کا ترجمہ گزر چکا۔(=۱۲۵۲)

☆حسن، غلامِ بنونوفل:

درست ابوحسن ہے اس کا ترجمہ کنیتوں میں آ ہے گا۔(=۸۰۴۹)

۱۳۰۲۔عس۔حسن:

واصل احدب سے روایت کرتا ہے، کہا جاتا ہے یہ ابن عمارہ ہے۔(=۱۲۶۴)

☆حسن، بے نسبت:

اسماعیل بن خلیل اور اسماعیل بن ابواویس سے روایت کرتا ہے اور یہ ابن شجاع ہے اس کا ترجمہ گزر چکا۔(=۱۲۴۸)

☆خ۔حسن:

قرہ بن حبیب سے روایت کرتا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ ابن شجاع ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ زعفرانی ہے۔(=۱۲۴۸)

حسین نام کے راویوں کا ذکر

۱۳۰۳۔خ۔ حسین بن ابراہیم بن حر عامری، ابوعلی خراسانی، پھر بغدادی:

اس کا لقب اِشکاب ہے، دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے عمر ۷۱ برس ۲۱۶ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۰۴۔ س۔ حسین بن اسحاق واسطی:

گیارھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، (حافظ) ابن عساکر (رحمہ اللہ) نے ذکر کیا ہے کہ (امام) بخاری (رحمہ اللہ) نے اس سے روایت کیا ہے۔

۱۳۰۵۔د۔ حسین بن اسحاق اہوازی:

گیارھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ پہلے والا ہی راوی ہے۔

☆ حسین بن اسود:

یہ ابن علی بن اسود ہے اس کا ترجمہ آئے گا۔ (=۱۳۳۱)

۱۳۰۶۔س۔ حسین بن بشر طرطوسی:

گیارھویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۱۳۰۷۔س۔ حسین بن بشیر بن سلمان یا سلام مدنی، غلامِ انصار:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۳۰۸۔ق۔ حسین بن بیان بغدادی:

گیارھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۳۰۹۔تمیز۔ حسین بن بیان، شلاثائی:

گیارھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۳۱۰۔ تمییز۔ حسین بن بیان عسکری، متاخر:

ابوشیخ کے اساتذہ میں سے ہے اور گیارہویں طبقہ کا راوی ہے۔

☆ حسین بن جعفر احمر:

یا ابن علی بن جعفر ہے اس کا ترجمہ آئے گا۔ (=۱۳۳۲)

☆ حسین بن جعفر نیشاپوری:

یہ ابن منصور بن جعفر ہے اس کا ترجمہ آئے گا۔ (=۱۳۵۲)

۱۳۱۱۔ د، ق۔ حسین بن جنید دامغانی، قومسی:

گیارہویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۱۳۱۲۔ تمییز۔ حسن بن جنید بغدادی، بلخی الاصل:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۴۷ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۱۳۔ د، س۔ حسین بن حارث جدلی، کوفی:

اس کی کنیت ابوالقاسم ہے تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۳۱۴۔ خ، م، د، ت، س۔ حسین بن حریث:

حسین بن حریث خزاعی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوعمار مروزی، دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۴۴ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۱۵۔ ت، ق۔ حسین بن حسن بن حرب سلمی، ابوعبداللہ مروزی، مکہ فروکش ہونیوالا:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۴۶ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۱۶۔ تمییز۔ حسین بن حسن فیکمانی، بغدادی:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۲۳۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۱۷۔ خ، م، س۔ حسین بن حسن بن یسار:

کہا جاتا ہے کہ یہ مالک بن یسار کی آل میں سے ہے، آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۸۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۱۸۔ س۔ حسین بن حسن اشقر، فزاری کوفی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے وہم کرجاتا ہے اور تشیع میں غلو کرتا تھا ۲۰۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۱۹۔ م، ق۔ حسین بن حفص بن فضل بن یحییٰ ہمدانی، اصبہانی قاضی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۱۰ھ یا ۲۱۱ھ میں فوت ہوا۔

☆ حسین بن داؤد:

یہ سنید ہے اس کا ترجمہ آرہا ہے گا۔ (=۲۶۴۲)

۱۳۲۰۔ ع۔ حسین بن ذکوان معلم مکتب عوذی بصری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بسا اوقات وہم کرجاتا ہے۔

۱۳۲۱۔ ق۔ حسین بن زید بن علی بن حسین بن علی بن ابوطالب:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات خطاء کرجاتا ہے عمر ۸۰ برس ۱۹۰ھ کے لگ بھگ فوت ہوا۔

۱۳۲۲۔ د۔ حسین بن سائب بن ابولبابہ ابن عبدالمنذر انصاری مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ حسین بن ابوسری:

یہ ابن متوکل ہے۔ (=۱۳۴۳)

۱۳۲۳۔ ت، ق۔ حسین بن سلمہ بن اسماعیل:

حسین بن سلمہ بن اسماعیل بن یزید بن ابوکبشہ، ازدی بصری، الطحان، نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۳۲۴۔ د۔ حسین بن شفی ابن مانع، اصبحی، مصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۳۲۵۔ قد۔ حسین بن طلحہ:

آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۳۲۶۔ت،ق۔ حسین بن عبداللہ بن عبیداللہ بن عباس ابن عبدالمطلب ہاشمی مدنی:

پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۱۴۰ھ یا اس کے ایک سال بعد فوت ہوا۔

☆ حسین بن عبدالرحمٰن ہروی:

درست عبدالرحمٰن بن حسین ہے۔ (= ۳۸۴۵)

۱۳۲۷۔د،س،ق۔ حسین بن عبدالرحمٰن جرجرائی:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۲۵۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۲۸۔د۔ حسین بن عبدالرحمٰن ''حسیل بھی کہا جاتا ہے''

اسے عبدالرحمٰن بن حسین بھی کہا جاتا ہے تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۳۲۹۔س۔ حسین بن عبدالرحمٰن، ابوعلی، قاضی حلب:

گیارہویں طبقہ سے ہے (امام) نسائی (رحمہ اللہ) نے اس سے روایت کیا ہے اور اس کی توثیق کی ہے۔

۱۳۳۰۔ق۔ حسین بن عروہ بصری:

دسویں طبقہ کا صدوق راوی ہے وہم کر جاتا ہے۔

۱۳۳۱۔ت۔ حسین بن علی بن اسود عجلی، ابوعبداللہ کوفی، بغداد فروکش ہونیوالا:

گیارہویں طبقہ کا صدوق بکثرت خطائیں کر جانیوالا راوی ہے، (امام) ابوداؤد (رحمہ اللہ) کا اس سے روایت کرنا ثابت نہیں۔

۱۳۳۲۔د،س۔ حسین بن علی بن جعفر احمر، کوفی:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۳۳۳۔ت،س۔ حسین بن علی بن حسین بن علی بن ابوطالب ہاشمی، مدنی:

ساتویں طبقہ کا صدوق راوی ہے اس سے کم احادیث آئی ہیں تقریباً ۱۶۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۳۴۔ع۔ حسین بن علی بن ابوطالب ہاشمی، ابوعبداللہ مدنی، نبی ﷺ کا نواسہ و پھول:

(سیدنا) حسین (رضی اللہ عنہ) نے آپ ﷺ کی حدیثیں محفوظ کی ہیں، بعمر ۵۶ برس عاشوراء کے دن ۶۱ھ میں

شہید ہوئے۔

۱۳۳۵۔ع۔ حسین بن علی بن ولید جعفی، کوفی مقری:

نویں طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۲۰۳ھ یا ۲۰۴ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۳۶۔ت، س۔ حسین بن علی بن یزید بن سلیم صدائی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۴۶ھ یا ۲۴۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۳۷۔تمییز۔ حسین بن علی بن یزید کرابیسی، بغدادی، فقیہ، شافعی کا ساتھی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق فاضل'' راوی ہے، (امام) احمد (رحمہ اللہ) نے ایک مسئلہ میں لفظی نزاع کی وجہ سے اس پر کلام کیا ہے ۲۴۵ھ یا ۲۴۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۳۸۔ق۔ حسین بن عمران جہنی:

ساتویں طبقہ کا صدوق راوی ہے وہم کرجاتا ہے۔

۱۳۳۹۔س۔ حسین بن عیاش ابن حازم سلمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوبکر باجدّائی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۰۴ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۴۰۔خ م، د، س۔ حسین بن عیسیٰ بن حمران:

حسین بن عیسیٰ بن حمران طائی، ابوعلی بسطامی قومسی، نیشاپور فروکش ہونیوالا، دسویں طبقہ کا صدوق صاحب حدیث راوی ہے ۲۴۷ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۴۱۔د، ق۔ حسین بن عیسی بن مسلم حنفی، ابوعبدالرحمٰن:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۳۴۲۔ت، ق۔ حسین بن قیس رحبی، ابوعلی واسطی، اس کا لقب حنش ہے:

چھٹے طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

☆ حسین بن ابو کبشہ:

یہ ابن سلمہ ہے اس کا ترجمہ گزر چکا۔ (=۱۳۴۳)

۱۳۴۳۔ق۔ حسین بن متوکل بن عبدالرحمٰن، ابو عبداللہ ابن ابوسَرِی:

گیارہویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۲۴۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۴۴۔ت،س۔ حسین بن محمد بن ایوب ذارع سعدی، ابو علی بصری:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۴۷ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۴۵۔ع۔ حسین بن محمد بن بہرام تمیمی، ابو احمد یا ابو علی مَرُّوذی، بغداد فروکش ہونیوالا:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۱۳ھ میں یا اس کے ایک دو سال بعد فوت ہوا۔

۱۳۴۶۔تمییز۔ حسین بن محمد مروزی:

نویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۳۴۷۔ت۔ حسین بن محمد بن جعفر، جریری بلخی:

گیارہویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۱۳۴۸۔(خ) حسین بن محمد بن زیاد عبدی، نیشاپوری، ابو علی قبانی:

بارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ مصنف'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ (امام) بخاری (رحمہ اللہ) نے اس سے روایت کیا ہے، ۲۸۹ھ کو فوت ہوا۔

۱۳۴۹۔ق۔ حسین بن محمد بن شیبہ واسطی، ابو عبداللہ بزاز:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۳۵۰۔د۔ حسین بن معاذ بن خُلَیف، بصری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆قد۔ حسین بن منذر خراسانی:

درست حسین بن واقد ہے۔ (=۱۳۵۸)

حسین بن منذر نام کا ایک اور شیخ بھی ہے۔

۱۳۵۱۔تمییز۔جسے "حسین بن منذر،ابو منذر بصری" کہا جاتا ہے۔

یہ آٹھویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

☆حسین بن منصور،ابو علویہ:

حسن کے ترجمہ میں اس کا ذکر گزر چکا۔(=۱۲۸۷)

۱۳۵۲۔خ،س۔حسین بن منصور بن جعفر بن عبداللہ سلمی،ابو علی نیشاپوری:

دسویں طبقہ کا "ثقہ فقیہ" راوی ہے ۲۳۸ھ میں فوت ہوا۔

مذکورہ حضرات کے علاوہ درج ذیل تین راویوں کو بھی حسین بن منصور کہا جاتا ہے۔

۱۳۵۳۔تمییز۔پہلا:حسین بن منصور طویل،ابو عبدالرحمٰن التمار الواسطی:

گیارہویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۱۳۵۴۔تمییز۔دوسرا:کسائی:

دسویں طبقہ سے ہے۔

۱۳۵۵۔(تمییز)۔تیسرا:رقی:

اس کی کنیت ابو علی ہے گیارہویں طبقہ کا صدوق راوی ہے۔

۱۳۵۶۔ت،ق۔حسین بن مہدی بن مالک اُبلی،ابو سعید بصری:

گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۲۴۷ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۵۷۔د،عس۔حسین بن میمون خندفی،کوفی:

ساتویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۱۳۵۸۔خت،م،۴۔حسین بن واقد مروزی،ابو عبداللہ قاضی:

ساتویں طبقہ کا ثقہ راوی ہے اس سے اوہامات سرزد ہوئے ہیں ۱۵۹ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ۱۵۷ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۵۹۔ خت، ل، س۔ حسین بن ولید قرشی، نیشاپوری، ابوعلی "ابوعبداللہ بھی کہا جاتا ہے" اس کا لقب کمیل ہے:

نویں طبقہ کا ثقہ راوی ہے ۲۰۲ھ یا ۲۰۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۶۰۔ (خ) حسین بن یحییٰ بن جعفر بخاری، بیکندی:

بارہویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے، کہا گیا ہے کہ (امام) بخاری (رحمہ اللہ) نے اس سے روایت کیا ہے۔

۱۳۶۱۔ د، ت۔ حسین بن یزید بن یحییٰ الطحان الانصاری، الکوفی:

دسویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے ۲۴۳ھ میں فوت ہوا۔

☆ خ۔ حسین، بے نسبت:

احمد بن منیع سے روایت کرتا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ ابن محمد قبانی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ابن یحییٰ بیکندی ہے۔

حرف حاء کے باقی راویوں کا ذکر

۱۳۶۲۔د،س۔ حشرج ابن زیاد اشجعی یا نخعی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۳۶۳۔ت۔ حشرج بن نباتہ، اشجعی یا مکرم واسطی یا کوفی:

آٹھویں طبقہ کا صدوق راوی ہے وہم کر جاتا ہے۔

۱۳۶۴۔د،س۔ حصن ابن عبدالرحمٰن یا ابن محصن تراغمی، ابوحذیفہ دمشقی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۳۶۵۔س۔ حصین ابن اوس یا ابن قیس نہشلی:

ان کا صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) میں شمار کیا جاتا ہے۔

۱۳۶۶۔ع۔ حصین بن جندب ابن حارث جنبی، ابوظبیان، کوفی:

دوسر طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۹۰ھ میں فوت ہوا، وقیل غیر ذالک۔

☆ حصین بن ابوحر:

یہ ابن مالک ہے اس کا ترجمہ آئے گا۔ (=۱۳۸۲)

۱۳۶۷۔عس۔ حصین بن صفوان یا ابن معدان، ابوقبیصہ:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۳۶۸۔د،س۔ حصین بن عبدالرحمٰن بن عمرو بن سعد بن معاذ اشہلی، ابومحمد مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۳۶۹۔ د س۔ حصین بن عبدالرحمٰن سلمی، ابوہذیل کوفی:

پانچویں طبقہ کا ثقہ راوی ہے تاہم آخر عمر میں اس کا حافظہ بدل گیا تھا عمر ۹۳ برس ۳۶ھ میں فوت ہوا۔

درج ذیل سات راویوں کو بھی حصین بن عبدالرحمٰن کہا جاتا ہے۔

۱۳۷۰ب۔ پہلا: حارثی، کوفی:

شعبی روایت کرتا ہے چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۳۹ھ میں فوت ہوا۔

۱۳۷۱۔ دوسرا: جعفی، کوفی، اسماعیل کا بھائی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۳۷۲۔ تیسرا: انصاری:

اس کے دادا کا نام اسعد بن زرارہ ہے، ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۳۷۳۔ چوتھا: شیبانی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۳۷۴۔ پانچواں: نخعی، سلم کا بھائی:

شعبی سے روایت کرتا ہے، ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۳۷۵۔ چھٹا: ہاشمی:

ساتویں طبقہ کا مجہول راوی ہے۔

☆ ساتواں: اشجعی:

درست حسین ہے اس کا ترجمہ گزر چکا۔ (=۱۳۲۸)

۱۳۷۶۔ س۔ حصین بن عبید خزاعی، عمران کا والد:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، جس نے ان کے اسلام لانے کی نفی کی ہے اس نے اچھا نہیں کیا۔

۱۳۷۷۔س،ق۔ حصین بن عقبہ فزاری کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۳۷۸۔ت۔ حصین بن عمر احمسی کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

۱۳۷۹۔ق۔ حصین بن عوف خثعمی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے کتاب الحج میں حدیث آتی ہے۔

۱۳۸۰۔د،س،ق۔ حصین بن قبیصہ فزاری، کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۳۸۱۔س۔ حصین بن لجلاج:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۳۸۲۔س،ق۔ حصین بن مالک بن خشخاش ''یہ ابن ابوحر ہے'' تمیمی عنبری، ابوقلوص:

دوسرا طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۳۸۳۔ت۔ حصین بن مالک بجلی کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۳۸۴۔س۔ حصین بن محصن، اشہلی:

اس کا صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) میں شمار کیا جاتا ہے۔ اور اس کی روایت اس کی پھوپھی سے آتی ہے۔

۱۳۸۵۔خ،م،س۔ حصین بن محمد انصاری سالمی، مدنی:

دوسرے طبقہ کا ''روایت حدیث میں صدوق'' راوی ہے، اس سے زہری کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

۱۳۸۶۔بخ۔ حصین بن مصعب:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۳۸۷۔س۔حصین بن منصور بن کیان، اسدی کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۳۸۸۔س۔حصین بن نافع تمیمی ''مازنی بھی کہا جاتا ہے'' ابونصر بصری، الوراق:

چھٹے طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۱۳۸۹۔خ، د، ت، س۔حصین بن نُمیر واسطی، ابومحصن ضریر، کوفی الاصل:

آٹھویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے اس پر ناصبیت کا الزام لگایا گیا ہے۔

۱۳۹۰۔تمییز۔حصین بن نُمیر کندی پھر سکونی حمصی:

بلال سے روایت کرتا ہے دوسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۳۹۱۔تمییز۔حصین بن نُمیر سکونی:

مدینہ کے محاصرہ میں یزید بن معاویہ کے گورنروں میں سے تھا، مشہور ہے اس سے کوئی روایت نہیں آتی، بعض حضرات نے اسے پہلے راوی سے ملا دیا ہے حالانکہ درست بات یہ ہے کہ یہ اس کے علاوہ دوسرا راوی ہے جیسا کہ بخاری اور ابن حبان نے کیا ہے۔

۱۳۹۲۔د۔حصین بن وحوح، انصاری مدنی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے، ابن کلبی نے ذکر کیا ہے کہ یہ قادسیہ میں شہید ہوئے تھے۔

۱۳۹۳۔د، ق۔حصین حمیری، حُمرانی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، کہا جاتا ہے کہ اس کے والد کا نام عبدالرحمٰن ہے۔

۱۳۹۴۔ق۔حصین، داؤد کا والد:

چوتھے طبقہ کا روایت حدیث میں کمزور راوی ہے۔

☆حصین، بے نسبت:

کہا گیا ہے کہ یہ ابن منصور ہے۔ (=۱۳۸۷)

۱۳۹۵۔ت۔حَضرمی ابن عجلان، جارود کا غلام:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۱۳۹۶۔د،س۔حضرمی بن لاحق تمیمی، یمامی، قصے بیان کرنیوالا:

چھٹے طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے ابن مدینی نے سلیمان تیمی کے شیخ "حضرمی" اور ابن لاحق کے درمیان فرق کیا ہے۔

۱۳۹۷۔م۔حُضَین ابن منذر بن حارث رقاشی، ابوساسان "یہ اس کا لقب ہے اور کنیت ابو محمد ہے":

جنگ صفین میں حضرت علی (رضی اللہ عنہ) کے امراء میں سے تھا دوسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۱۰۰ھ کو فوت ہوا۔

۱۳۹۸۔حِطّان ابن خفاف، ابوجویریہ:

زیادہ تر اپنی کنیت سے مشہور ہے تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۱۳۹۹۔م،۴۔حطان بن عبداللہ، رقاشی، بصری:

دوسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے، عراق پر بشری گورنری میں ۷۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۱۴۰۰۔د۔حفص بن اُثَیل، ہمدانی، مرہبی، کوفی:

نویں طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۱۴۰۱۔ق۔حفص بن جُمَیع عجلی کوفی:

آٹھویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۱۴۰۲۔س۔حفص بن حسان:

آٹھویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۱۴۰۳۔فق۔حفص بن حمید قُمی، ابوعبید:

ساتویں طبقہ کا راوی ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۱۴۰۴۔ تمییز۔ حفص بن حمید مروزی:

آٹھویں طبقہ کا "عابد، صدوق" راوی ہے۔

۱۴۰۵۔ ت، عس، ق۔ حفص بن سلیمان اسدی، ابو عمر بزاز، کوفی، غاضری "یہ حفص ابن ابوداؤد قاری ہے" عاصم کا ساتھی:

قراءت میں امام ہونے کے باوصف آٹھویں طبقہ کا "روایت حدیث میں متروک" راوی ہے بعمر ۹۰ برس ۱۸۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۰۶۔ خ۔ حفص بن سلیمان منقری تمیمی، بصری:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۱۳۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۰۷۔ ع۔ حفص بن عاصم بن عمر بن خطاب عمری:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۱۴۰۸۔ خ، د، س، ق۔ حفص بن عبداللہ بن راشد سلمی، ابو عمرو نیشاپوری، قاضی نیشاپور:

نویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۲۰۹ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۰۹۔ ت، س۔ حفص بن عبداللہ لیثی، بصری:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆ حفص بن عبداللہ:

جیم میں اس کا ترجمہ گزر چکا۔ (= ۹۴۵)

۱۴۱۰۔ قد، س۔ حفص بن عبدالرحمن بن عمر، ابو عمر بلخی، فقیہ، نیشاپوری، قاضی نیشاپور:

نویں طبقہ کا "صدوق عابد" راوی ہے اس پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے ۱۹۹ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۱۱۔ خ، م، ت، س، ق۔ حفص بن عبیداللہ بن انس بن مالک:

اس کے سلسلہ نسب میں عبیداللہ بن حفص" بھی کہا جاتا ہے مگر یہ صحیح نہیں ہے، تیسرے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۱۴۱۲۔خ،د،س۔حفص بن عمر بن حارث بن سَخْبَرَہ،ازدی،نَمری،ابوعمر حوضی:

''اسی کنیت سے زیادہ تر مشہور ہے'' دسویں طبقہ کے کبار راویوں میں سے'' ثقہ پختہ کار'' راوی ہے اس پر حدیث پر اجرت لینے کا عیب لگایا گیا ہے ۲۲۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۱۳۔مد۔حفص بن عمر بن سعد قرظ مدنی،مؤذن:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۴۱۴۔د۔حفص بن عمر بن عبدالرحمٰن بن عوف زہری مدنی:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۴۱۵۔س۔حفص بن عمر بن عبدالرحمٰن رازی،ابوعمر مہرقانی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۴۱۶۔ق۔حفص بن عمر بن عبدالعزیز،ابوعمر دوری،مقری ضریر،اصغر،صاحب کسائی:

دسویں طبقہ کا راوی ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے ۲۴۷ھ یا ۲۴۸ھ میں فوت ہوا۔اور تقریباً ۱۵۰ھ کو پیدا ہوا تھا۔

۱۴۱۷۔ت۔حفص بن عمر بن عبید،طنافسی،کوفی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۴۱۸۔ق۔حفص بن عمر بن ابوعطاف سہمی''ولاء کی وجہ سے ہے''مدنی:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۱۸۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۱۴۱۹۔د،ت۔حفص بن عمر بن مرہ شنی،بصری:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۴۲۰۔ق۔حفص بن عمر بن میمون عدنی صنعانی،ابواسماعیل:

اس کا لقب فَرْخ ہے،نوویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۴۲۱۔د۔حفص بن عمر، ابوعمر ضریر اکبر، بصری:

دسویں طبقہ کے کبار راویوں میں سے "صدوق عالم" راوی ہے۔ کہا گیا ہے کہ نابینا پیدا ہوا تھا ۷۰ برس سے زائد عمر پاکر ۲۲۰ھ میں فوت ہوا۔

مذکورہ اصغر، اکبر کے علاوہ حفص نام کے درج ذیل دو راویوں کو بھی ابوعمر ضریر کہا جاتا ہے۔

۱۴۲۲۔ان میں پہلا: حفص بن حمزہ، غلام مہدی، بغدادی ہے۔

یہ دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۱۴۲۳۔اور دوسرا: حفص بن عبداللہ طوانی ہے۔

یہ دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۲۳۱ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۲۴۔ایک تیسرے راوی کو بھی کو ابوعمر ضریر کہا جاتا ہے مگر اس کا نام محمد بن عثمان کوفی ہے

اور یہ مذکورہ بالا حضرات سے چھوٹا ہے (امام) طبرانی (رحمہ اللہ) نے اسے پایا ہے۔

۱۴۲۵۔ق۔حفص بن عمر بزاز، شامی:

آٹھویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۱۴۲۶۔فق۔حفص بن عمر، ابوعمران الرازی الامام "یہ واسطی ہے" النجار:

نویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۱۴۲۷۔ق۔حفص بن عمر یا ابن عمران الازرق البرجمی، الکوفی:

نویں طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۱۴۲۸۔صد، ق۔حفص بن عمرو بن ربال ابن ابراہیم ربالی، رقاشی، بصری:

دسویں طبقہ کا "ثقہ عابد" راوی ہے ۲۵۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۲۹۔س۔حفص بن عنان، یمامی:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۱۴۳۰۔ع۔ حفص بن غیاث ابن طلق بن معاویہ نخعی، ابو عمر کوفی، قاضی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ فقیہ'' راوی ہے مگر آخر میں اس کا تھوڑا سا حافظہ بدل گیا تھا۔ اسی برس کے قریب عمر پا کر ۹۴ھ یا ۹۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۳۱۔تمییز۔ حفص بن غیاث، شیخ:

میمون بن مہران سے روایت کرتا ہے، آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۴۳۲۔س، ق۔ حفص بن غیلان، ابو مُعَید ''زیادہ تر اسی کنیت سے مشہور ہے'' شامی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق فقیہ'' راوی ہے اس پر قدری ہونے کا الزام لگایا گیا ہے۔

۱۴۳۳۔خ، م، مد، س، ق۔ حفص بن میسرہ عُقیلی، ابو عمر صنعانی ''عسقلان فروکش ہونیوالا'':

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے ۱۸۱ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۳۴۔د۔ حفص بن ہاشم بن عتبہ بن ابو وقاص زہری:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۴۳۵۔س۔ حفص بن ولید بن سیف حضرمی، ابو بکر، امیر مصر:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۲۸ھ میں قتل ہوا۔

۱۴۳۶۔بخ، د، س۔ حفص، انس کا بھتیجا:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، ابن حبان نے ''حفص بن عبداللہ بن ابوطلحہ'' کہا ہے اس صورت میں یہ ''ابن اخی انس لامہ'' بنے گا جبکہ دیگر حضرات نے ''ابن عمر بن عبداللہ بن ابوطلحہ'' کہا ہے اس صورت میں انس کا بھتیجا بنے گا۔

☆حفص، لیثی:

یہ ابن عبداللہ ہے اس کا ترجمہ گزر چکا۔ (=۱۴۰۹)

۱۴۳۷۔خت، م، ۴۔ حکام ابن سلم، ابو عبدالرحمٰن رازی، کنانی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس سے غریب حدیثیں آئی ہیں ۱۹۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۳۸۔ر،م۔حکم بن ابان عدنی،ابوعیسیٰ:

چھٹے طبقہ کا "صدوق عابد" راوی ہے اس سے اوہامات سرزد ہوئے ہیں ۱۵۴ھ کو فوت ہوا اور ۸۰ھ میں پیدا ہوا تھا۔

☆حکم بن اعرج:

یہ ابن عبداللہ ہے اس کا ترجمہ آئے گا۔(=۱۴۴۶)

☆حکم بن اقرع:

یہ ابن عمرو ہے اس کا ترجمہ آئے گا۔(=۱۴۵۶)

۱۴۳۹۔ت،ق۔حکم بن بشیر بن سلمان نہدی،ابومحمد بن ابواسماعیل کوفی:

نیشاپور پور فروکش ہوا، آٹھویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے، اس کے بیٹے بشر بن حکم کا ذکر گزر چکا۔

☆حکم بن ثوبان:

درست ابن ابان ہے اس کا ترجمہ گزر چکا۔(=۱۴۳۴)

۱۴۴۰۔ت۔حکم بن جحل،ازدی بصری:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۱۴۴۱۔د۔حکم بن حزن کلفی:

قلیل الحدیث صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں۔

☆فق۔حکم بن ابوخالد:

یہ ابن ظہیر ہے جیسا کہ ابن معین (رحمہ اللہ) نے بھی اسی تحقیق پر اعتماد کیا ہے، اس کا ترجمہ آئے گا۔(=۱۴۴۵)

۱۴۴۲۔د،س،ق۔حکم بن سفیان "سفیان بن حکم بھی کہا گیا ہے":

کہا گیا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے مگر اس کی حدیث میں اضطراب ہے۔

۱۴۴۳۔ل۔حکم بن سنان باہلی،قربی،ابوعون:

آٹھویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۱۴۴۴۔مد۔حکم بن صلت مدنی،اعور:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے،ایک واسطے سے اس نے (سیدنا) ابوہریرہ (رضی اللہ عنہ) سے روایت کیا ہے جیسا کہ ابن حبان نے کہا ہے۔

۱۴۴۵۔ت۔حکم بن ظُہیر فزاری،ابومحمد:

اس کے والد کی کنیت ابولیلیٰ ہے اور ابوخالد بھی کہا جاتا ہے،آٹھویں طبقہ کا متروک راوی ہے اس پر رافضیت کا الزام لگایا گیا ہے اور (امام) ابن معین (رحمہ اللہ) نے اسے متہم بالکذب کیا ہے سن ۱۸۰ھ کے قریب فوت ہوا۔

۱۴۴۶۔حکم بن عبداللہ بن اسحاق بن اعرج بصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے۔

☆حکم بن عبداللہ بن خطاف،ابوسلمہ عاملی:

اس کا کنیتوں میں ذکر آئے گا۔(=۸۱۴۵)

۱۴۴۷۔خ،م،ت،س۔حکم بن عبداللہ،ابونعمان بصری،قیسی یا انصاری یا عجلی:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس سے اوہام سرزد ہوئے ہیں۔

۱۴۴۸۔ت،ق۔حکم بن عبداللہ نصری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۴۴۹۔ق۔حکم بن عبداللہ بلوی مصری:

اسے عبداللہ بن حکم بھی کہا گیا ہے،اور یہی درست جیسا کہ عنقریب آئے گا۔

۱۴۵۰۔س۔حکم بن عبدالرحمٰن بن ابونُعیم،کوفی بجلی:

ساتویں طبقہ کا صدوق برے حافظہ والا راوی ہے۔

۱۴۵۱۔بخ،ت،س،ق۔حکم بن عبدالملک قرشی بصری،کوفہ فروکش ہونیوالا:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۴۵۲۔ق۔حکم بن عبدہ رعینی یا شیبانی بصری:

مصر فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۱۴۵۳۔ع۔حکم بن عتیبہ، ابو محمد کندی کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے تاہم بسا اوقات تدلیس کرتا ہے، ستر برس سے زائد عمر پا کر ۱۱۳ھ یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۱۴۵۴۔تمییز۔حکم بن عتیبہ بن نہاس، عجلی، قاضی کوفہ:

میں اس کی کسی روایت کو نہیں جانتا اور یہ پہلے راوی کا ہم عصر ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ پہلے والا ہی راوی ہے۔

۱۴۵۵۔مد، ت۔حکم بن عطیہ عیشی، بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس سے اوہام سرزد ہوئے ہیں۔

۱۴۵۶۔خ م۔حکم بن عمرو غفاری:

اسے حکم بن اقرع بھی کہا جاتا ہے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، بصرہ فروکش ہوئے اور مرو میں ۵۰ھ میں اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد فوت ہوئے۔

۱۴۵۷۔س۔حکم بن فروخ، ابو بکار غزال، بصری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۴۵۸۔خ، ت۔حکم بن مبارک باہلی'' ولاء کی وجہ سے ہے'' خاشتی'' خاشت بلخ کے ایک محلہ کا نام ہے'':

دسویں طبقہ کا صدوق راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے ۲۱۳ھ یا اس کے قریب قریب فوت ہوا۔

۱۴۵۹۔ع۔حکم بن مروان طبری، ابو مروان:

مکہ مکرمہ فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۰۱ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۱۴۶۰۔مد۔حکم بن مسلم بن حکم سالمی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۴۶۱۔د،س،ق۔حکم بن مصعب مخزومی،دمشقی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' روای ہے۔

۱۴۶۲۔خت م،مد،س،ق۔حکم بن موسیٰ بن ابوزہیر بغدادی،ابوصالح قنطری:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۳۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۶۳۔م،صد،س،ق۔حکم بن میناء،انصاری مدنی:

صحابہ کرام(رضی اللہ عنہم) کی اولاد میں سے دوسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۴۶۴۔ع۔حکم بن نافع بہرانی،ابویمان حمصی ''اپنی کنیت سے زیادہ ترمشہور ہے'':

دسویں طبقہ کا ثقہ پختہ کار راوی ہے کہا جاتا ہے کہ اس کی اکثر احادیث شعیب سے مناولۃ ہیں،۲۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۶۵۔س،ق۔حکم بن ہشام بن عبدالرحمٰن ثقفی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابومحمد کوفی:

دمشق فروکش ہوا ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆حکم زرقی:

درست مسعود بن حکم ہے۔(=۲۶۰۹)

حکیم نام کے راویوں کا ذکر

۱۴۶۶۔خ،ق۔حکیم بن افلح مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۴۶۷۔مد،تم،س،ق۔حکیم بن جابر بن طارق بن عوف احمسی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۸۲ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۹۵ھ میں ہوا اور اس کے علاوہ بھی کہا گیا ہے۔

۱۴۶۸۔۴۔حکیم بن جبیر اسدی کوفی، مولیٰ ثقیف:

پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے۔

۱۴۶۹۔خ،ق۔حکیم بن ابو حرۃ، اسلمی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۴۷۰۔ع۔حکیم بن حزام بن خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ اسدی، ابو خالد مکی:

ام المؤمنین (سیدہ) خدیجہ (رضی اللہ عنہا) کے بھتیجے ہیں، ۷۰ برس کی عمر میں فتح مکہ کے روز اسلام لائے اور صحابی (رضی اللہ عنہ) بنے اور پھر ۵۴ھ یا اس کے بعد زندہ رہے، نسب کے عالم تھے۔

۱۴۷۱۔۴۔حکیم بن حکیم بن عباد بن حنیف انصاری، اوسی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۴۷۲۔خ،د،ت،س۔حکیم بن دیلم مدائنی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۴۷۳۔ د، س۔ حکیم بن سیف بن حکیم اسدی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوعمرو، رقی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۳۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۷۴۔ بخ۔ حکیم بن شریک بن نملہ، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۱۴۷۵۔ د۔ حکیم بن شریک ہذلی، مصری:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۴۷۶۔ د، ق۔ حکیم بن عمیر بن احوص۔ ابواحوص حمصی:

تیسرے طبقہ کا صدوق راوی ہے وہم کر جاتا ہے۔

۱۴۷۷۔ بخ، س۔ حکیم بن قیس بن عاصم منقری، بصری:

کہا گیا ہے کہ یہ عہد نبوی ﷺ میں پیدا ہوا تھا اور ابن حبان نے اسے ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے۔

۱۴۷۸۔ خت، ۴۔ حکیم بن معاویہ بن حیدہ قشیری، بہز کا والد:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۴۷۹۔ تم۔ حکیم بن معاویہ زیادی، بصری:

دسویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۱۴۸۰۔ ت، س۔ حکیم بن معاویہ نمیری:

اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے، اس سے حدیث آئی ہے، کہا گیا ہے کہ یہ اپنے والد یا اپنے چچا سے روایت کرتا ہے

درست بات یہ ہے کہ یہ تابعی ہے اور دوسرے طبقہ سے ہے۔

۱۴۸۱۔ ۴۔ حکیم اثرم، بصری:

چھٹے طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۱۴۸۲۔ خت۔ حکیم، صنعانی:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

حُکَیم نام کے راویوں کا ذکر اور چار ہیں

۱۴۸۳۔ بخ، س۔ حکیم بن سعد حنفی، ابو یحییٰ، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۴۸۴۔ م، ۴۔ حکیم بن عبداللہ بن قیس بن مخرمہ بن مطلب مطلبی:

مصر فرد کش ہوا، چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۸۵۔ قد۔ حکیم بن عبدالرحمٰن، ابو غسان مصری، بصری الاصل:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۴۸۶۔ س۔ حکیم بن محمد بن عبداللہ بن قیس بن مخرمہ بن مطلب مدنی:

اس کے چچا کا ذکر گزر چکا اور یہ چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۴۸۷۔ ع۔ حماد بن اسامہ قرشی ''ولاء کی وجہ سے'' کوفی، ابو اسامہ:

زیادہ تر اپنی کنیت سے مشہور ہے اور نویں طبقہ کے کبار راویوں میں سے ثقہ پختہ کار راوی ہے تاہم بسا اوقات تدلیس کرتا ہے اور آخر عمر میں دوسروں کی کتابوں سے بیان کرتا تھا بعمر ۸۰ برس ۱ ۲۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۸۸۔ م، س۔ حماد بن اسماعیل ابن علیہ بصری:

بغداد فرو کش ہوا، گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۶۴ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۸۹۔ بخ۔ حماد بن بشیر جہضمی، ابو عبداللہ، بصری:

دسویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۱۴۹۰۔ تمییز۔ حماد بن بشیر ربعی، بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۴۹۱۔ تمت۔ حماد بن جعد ہذلی، بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۴۹۲۔ ق۔ حماد بن جعفر بن زید عبدی، بصری:

ساتویں طبقہ کا روایت حدیث میں کمزور راوی ہے۔

۱۴۹۳۔ م۔ حماد بن حسن بن عنبسہ وراق نہشلی، ابو عبید اللہ بصری:

سامرا فروکش ہوا، گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۶ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۹۴۔ خ۔ حماد بن حمید خراسانی:

بارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، (امام) بخاری (رحمہ اللہ) نے کہا اس نے ہم سے عبید اللہ بن معاذ کی زندگی میں ہی ان سے حدیث بیان کی ہے۔

۱۴۹۵۔ تمییز۔ حماد بن حمید عسقلانی:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے جس نے اسے پہلے والا ہی راوی گمان کیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

☆ حماد بن ابو حمید:

اس کا محمد نام کے راویوں میں ترجمہ آئے گا۔ (=۵۸۳۶)

۱۴۹۶۔ م، ۴۔ حماد بن خالد خیاط، قرشی ابو عبد اللہ بصری:

بغداد فروکش ہوا، نوویں طبقہ کا ''ثقہ امی'' راوی ہے۔

۱۴۹۷۔ د۔ حماد بن دلیل، ابو زید، قاضی مدائن:

نوویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، حضرات نے اس کی رائے کو اچھی نگاہ سے نہیں دیکھا۔

۱۴۹۸۔ ع۔ حماد بن زید بن درہم ازدی، جہضمی ابو اسماعیل بصری:

آٹھویں طبقہ کے کبار راویوں میں سے ''ثقہ پختہ کار فقیہ'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ یہ نابینا تھا، شاید (بعد میں) ان پر نابینا پن طاری ہوا ہو کیونکہ یہ بات صحیح طور پر آئی ہے کہ یہ لکھا کرتے تھے، بعمر ۸۱ برس ۹۷ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۹۹۔خت،م،۴۔حماد بن سلمہ بن دینار بصری، ابوسلمہ:

آٹھویں طبقہ کے کبار راویوں میں سے "ثقہ عابد" راوی ہے اور ثابت کی احادیث میں تمام لوگوں سے زیادہ قابل اعتماد ہے تاہم آخر عمر میں اس کا حافظہ بدل گیا تھا، ۱۶۷ھ میں فوت ہوا۔

۱۵۰۰۔بخ،م،۴۔حماد بن ابوسلیمان مسلم اشعری "ولاء کی وجہ سے ہے" ابواسماعیل کوفی:

پانچویں طبقہ کا "فقیہ صدوق" راوی ہے اس سے اوہامات سرزد ہوئے ہیں اور اس پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے۔

۱۵۰۱۔عس۔حماد بن عبدالرحمٰن انصاری، کوفی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۱۵۰۲۔ق۔حماد بن عبدالرحمٰن کلبی، ابوعبدالرحمٰن قنسرینی:

آٹھویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۱۵۰۳۔ت،ق۔حماد بن عیسیٰ بن عبیدہ بن طفیل جہنی، واسطی۔بصرہ فروکش ہونیوالا:

نویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے، ۲۰۸ھ میں جحفہ کے مقام پر غرق ہوا۔

۱۵۰۴۔تمییز۔حماد بن عیسیٰ عبسی:

بلال عبسی سے روایت کرتا ہے نویں طبقہ کا "مستور" راوی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ پہلے والا ہی راوی ہے۔

۱۵۰۵۔ع۔حماد بن مسعدہ تمیمی، ابوسعید بصری:

نویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۰۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۵۰۶۔خت،س،ق۔حماد بن نجیح اسکاف، سدوسی ابوعبداللہ بصری:

چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۱۵۰۷۔تمییز۔حماد بن نجیح عصاب، رازی:

ساتویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۱۵۰۸۔ت۔حماد بن واقد عیشی، ابوعمر صفار بصری:

آٹھویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۱۵۰۹۔ قد، ت۔ حماد بن یحییٰ ابحّ، ابوبکر سلمی بصری:

آٹھویں طبقہ کا صدوق راوی ہے خطاء کر جاتا ہے۔

۱۵۱۰۔ تمییز۔ حماد بن نجیح:

آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ حماد، ابوخطاب:

اس کا ترجمہ کنیتوں میں آئے گا۔ (=۸۰۶۹)

۱۵۱۱۔ س۔ حِمّان ''حاء کے نیچے کسرہ ہے اور اسے فتحہ اور ضمہ کے ساتھ بھی کہا جاتا ہے''

اسے جمان اور جماز اور حمران بھی کہا جاتا ہے، ابوشیخ ہُنائی کا بھائی ہے اور تیسرے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

☆ حمران بن عمر:

احمد کے ترجمہ میں اس کا ذکر گزر چکا۔ (۸۴)

☆ حمران سلمی:

یہ احمد بن یوسف ہے۔ (=۱۳۰)

۱۵۱۲۔ فق۔ حمدون بن عمارہ بغدادی، ابوجعفر بزاز:

اس کا نام محمد ہے اور لقب حمدون ہے جو کہ اس کے نام پر غالب ہے۔ گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۶۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۵۱۳۔ ع۔ حُمران ابن ابان، غلام عثمان بن عفان (رضی اللہ عنہ):

(سیدنا) عثمان بن عفان (رضی اللہ عنہ) نے اسے (سیدنا) ابوبکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت میں خریدا تھا، دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۷۵ھ میں فوت ہوا وقیل غیر ذالک۔

۱۵۱۴۔ ق۔ حمران بن اعین کوفی، بنوشیبان کا غلام:

پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے اس پر رافضیت کا الزام لگایا گیا ہے۔

۱۵۱۵۔س۔حمران، مولیٰ عکلات:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۵۱۶۔خ،د،ق۔حمزہ بن ابواُسید، انصاری ساعدی، ابو مالک مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، ولید بن عبدالملک کے دورِ خلافت میں فوت ہوا۔

۱۵۱۷۔س،ق۔حمزہ بن حارث بن عمیر عدوی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو عمارہ بصری:

ملک مکرمہ فروش ہوا، دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۵۱۸۔م،۴۔حمزہ بن حبیب زیات قاری، ابو عمارہ کوفی تیمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

ساتویں طبقہ کا ''صدوق زاہد'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے ۱۵۶ھ یا ۱۵۸ھ میں فوت ہوا اور ۸۰ھ کو پیدا ہوا تھا۔

۱۵۱۹۔ت۔حمزہ بن ابوحمزہ جعفی، جزری نصیبی:

اس کے والد کا نام میمون ہے اور عمرو بھی کہا گیا ہے، ساتویں طبقہ کا متروک متہم بالوضع راوی ہے۔

۱۵۲۰۔قد۔حمزہ بن دینار:

حسن سے روایت کرتا ہے، آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۵۲۱۔ل۔حمزہ بن سعد مروزی، ابو سعید:

طرطوس فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۵۲۲۔ت۔حمزہ بن سفینہ بصری:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۵۲۳۔ق۔حمزہ بن صہیب:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۵۲۴۔ع۔حمزہ بن عبداللہ بن عمر بن خطاب مدنی، سالم کا حقیقی بھائی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۵۲۵۔ ص۔ حمزہ بن عبداللہ:

شریک قاضی کے مشائخ سے روایت کرتا ہے اور چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۵۲۶۔ تمییز۔ حمزہ بن عبداللہ قرشی، حسن ابن عمرو فقیمی کا شیخ:

کہا گیا ہے کہ یہ پہلے والا ہی راوی ہے مگر (امام) ابوحاتم (رحمہ اللہ) نے پہلے سے اسے جدا کیا ہے۔

مذکورہ حضرات کے علاوہ درج ذیل دو راویوں کو بھی حمزہ بن عبداللہ کہا جاتا ہے۔

۱۵۲۷۔ پہلا: ثقفی ہے۔

۱۵۲۸۔ اور دوسرا: دارمی ہے۔

یہ دونوں چھٹے طبقہ کے ''مجہول'' راوی ہیں۔

۱۵۲۹۔ خت، م، د، س۔ حمزہ بن عمرو بن عویمر اسلمی، ابوصالح یا ابومحمد مدنی:

جلیل القدر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ۶۱ھ میں فوت ہوئے اس وقت ان کی عمر ۷۱ برس تھی اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۸۰ برس تھی۔

۱۵۳۰۔ م، د، س۔ حمزہ بن عمرو عائذی، ابوعمر وضبی، بصری:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، ابن حبان نے کتاب الثقات میں کہا ہے کہ جس نے اسے جیم اور راء کے ساتھ ضبط کیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۱۵۳۱۔ د۔ حمزہ بن محمد بن حمزہ بن عمرو، اسلمی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۱۵۳۲۔ ت۔ حمزہ بن ابومحمد مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۵۳۳۔ م، س، ق۔ حمزہ بن مغیرہ بن شعبہ ثقفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۵۳۴۔ تمییز۔ حمزہ بن مغیرہ بن نشیط مخزومی کوفی، عابد:

ساتویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۱۵۳۵۔ تمییز۔ حمزہ بن مغیرہ:

دسویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۵۳۶۔ بخ۔ حمزہ بن نجیح بصری:

ساتویں طبقہ کا ''کمزور'' راوی ہے اس پر اعتزال کا الزام لگایا گیا ہے۔

۱۵۳۷۔ د۔ حمزہ بن نصیر بن حمزہ بن نصیر اسلمی، ابوعبداللہ عسال مصری:

ابن یونس نے اس کا یہی نسب بیان وضبط کیا ہے جس نے اسے ابن نصیر بن فرج گمان کیا ہے اسے وہم ہوا ہے کیونکہ وہ طرطوسی ہے اور یہ مصری ہے، گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۵۳۸۔ تمییز۔ حمزہ بن نصیر بیوردی:

کہا جاتا ہے یہ پہلے راوی کا دادا ہے اور اس کے علاوہ بھی کہا گیا ہے، نویں طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۱۵۳۹۔ ق۔ حمزہ بن یوسف بن عبداللہ بن سلام:

کہا جاتا ہے کہ یوسف اس کا دادا ہے اور اس کے والد کا نام محمد ہے، ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۵۴۰۔ بخ۔ حمل ابن بشیر بن ابوحدرہ اسلمی مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۵۴۱۔ د، س، ق۔ حمل بن مالک بن نابغہ ہذلی، ابونضلہ:

بصرہ فروکش ہونیوالے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کا صحیحین میں ذکر آتا ہے۔

۱۵۴۲۔ خ، ۴۔ حمید بن اسود بن اشقر بصری ابوالاسود کرابیسی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق قلیل الوہم'' راوی ہے۔

☆ حمید بن تجیر:

یہ صفوان کا بھانجا ہے اس کا ترجمہ آ رہا ہے۔ (=۱۵۶۹)

۱۵۴۳۔د۔حمید بن حماد بن خُوار "ابن ابوخوار تمیمی بھی کہا جاتا ہے" ابوالجہم:

نویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے ۱۵۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۵۴۴۔ع۔حمید بن ابوحمید طویل، ابوعبیدہ بصری:

اس کے والد کے نام میں اختلاف کیا گیا ہے دس کے قریب اقوال پائے جاتے ہیں، پانچویں طبقہ کا "ثقہ مدلس" راوی ہے شاہی عہدہ میں داخل ہونے کی وجہ سے زائدہ نے اس کی عیب جوئی کی ہے۔عمر ۷۵ برس ۱۴۲ھ میں حالت نماز میں فوت ہوا یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ۱۴۳ھ میں ہوا۔

☆حمید بن ابوحمید:

یہ حمید شامی ہے اس کا ترجمہ آئے گا۔(=۱۵۶۷)

☆حمید بن خوار:

یہ ابن حماد ہے اس کا ترجمہ گزر چکا۔(=۱۵۴۳)

۱۵۴۵۔تمییز۔حمید بن زادویہ:

پانچویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے جس نے اسے پہلے راوی کے ساتھ ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے (امام) بخاری (رحمہ اللہ) اور دیگر حضرات نے ان دونوں کو جدا کیا ہے۔

☆حمید بن زنجویہ:

یہ ابن مخلد بن زنجویہ ہے اس کا ترجمہ آئے گا۔(=۱۵۵۸)

۱۵۴۶۔بخ م، د، ت، عس، ق۔حمید بن زیاد، ابوصخر ابن ابوالمخارق خراط، صاحب عباء مدنی:

کہا جاتا ہے کہ یہ "حمید بن صخر ابوسودود خراط" ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ دو راوی ہیں۔مصر فروکش ہوا، چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے وہم کر جاتا ہے ۱۸۹ھ میں فوت ہوا۔

۱۵۴۷۔تمییز۔حمید بن زیاد لخمی، مصری:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے اور سابق راوی سے بہت پہلے فوت ہوا۔

۱۵۴۸۔ تمییز۔ حمید بن زیاد" کہا گیا ہے کہ یہ ایک دوسرا راوی ہے" دمشقی:

چھٹے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۱۵۴۹۔ تمییز۔ حمید بن زیاد یمامی:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۱۵۵۰۔ ق۔ حمید بن ابو سوید مکی:

ساتویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

☆ حمید بن صخر:

حمید بن زیاد کے ترجمہ میں اس کا ذکر گزر چکا۔ (=۱۵۴۶)

☆ س۔ حمید بن طرخان:

اصل (یعنی تہذیب التہذیب) میں بیان کر چکا ہوں کہ یہ طویل ہے، اور ابن احمر کی روایت میں موصوفاً آیا ہے۔

۱۵۵۱۔ ع۔ حمید بن عبدالرحمٰن بن حمید بن عبدالرحمٰن رُؤاسی، ابو عوف کوفی:

آٹھویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۸۹ھ میں فوت ہوا یہ بھی کہا گیا ہے ۹۰ھ میں ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۱۵۵۲۔ ع۔ حمید بن عبدالرحمٰن بن عوف زہری مدنی:

دوسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے صحیح قول کے مطابق ۱۰۵ھ میں فوت ہوا، کہا گیا ہے کہ اس کی (سیدنا) عمر (رضی اللہ عنہ) سے روایت مرسل ہوتی ہے۔

۱۵۵۳۔ تمییز۔ حمید بن عبدالرحمٰن بن عوف رؤاسی:

تیسرے طبقہ سے ہے ابن حبان نے اسے ثقہ راویوں میں ذکر کیا ہے۔

۱۵۵۴۔ ع۔ حمید بن عبدالرحمٰن حمیری بصری:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ فقیہ" راوی ہے۔

☆حمید بن عطاء یا ابن علی "اس کے علاوہ بھی کہا گیا ہے"

یہ اعرج ہے اس کا ذکر آئے گا۔(=١٥٦٦)

١٥٥٥۔ بخ۔ حمید بن ابوغنیہ، اصبہانی:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

١٥٥٦۔ ع۔ حمید بن قیس مکی اعرج، ابوصفوان قاری:

چھٹے طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے ۱۳۰ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

١٥٥٧۔ بخ۔ حمید بن مالک بن خثیم "مشہور قول کے مطابق مصغر ہے":

کہا جاتا ہے مالک اس کے دادا کا نام ہے اور اس کے والد کا نام عبداللہ ہے، تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

١٥٥٨۔ د، س۔ حمید بن مخلد بن قتیبہ بن عبداللہ ازدی، ابواحمد ابن زنجویہ "یہ اس کے والد کا لقب ہے":

گیارہویں طبقہ کا "ثقہ پختہ کار صاحب تصانیف" راوی ہے ۲۴۸ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۵۱ھ میں ہوا۔

١٥٥٩۔ م ۴۔ حمید بن مسعدہ بن مبارک، سامی یا باہلی، بصری:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۲۴۴ھ میں فوت ہوا۔

١٥٦٠۔ ت، س۔ حمید بن ابوحمید مہران خیاط، کندی یا مالکی:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

١٥٦١۔ ع۔ حمید بن نافع انصاری، ابوافلح مدنی:

اسے حمید صفیرا بھی کہا جاتا ہے، تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

١٥٦٢۔ بخ، م، ۴۔ حمید بن ہانی، ابوہانی خولانی، مصری:

پانچویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے اور یہ ابن وہب کا سب سے بڑا استاذ ہے ۱۴۲ھ میں فوت ہوا۔

١٥٦٣۔ ع۔ حمید بن ہلال عدوی، ابونصر بصری:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ عالم" راوی ہے شاہی عہدے میں داخل ہونے کی وجہ سے ابن سیرین نے اس کے بارے

توقف کیا ہے۔

۱۵۶۴۔د،ق۔حمید بن وہب قرشی، ابو وہب مکی یا کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''روایت حدیث میں قدرے کمزور'' راوی ہے۔

۱۵۶۵۔د۔حمید بن یزید البصری، ابوخطاب:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۱۵۶۶۔ت۔حمید اعرج، کوفی، قصے باز، ملائی:

کہا جاتا ہے کہ یہ ابن عطاء یا ابن علی یا اس کے علاوہ ہے، چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

☆حمید اعرج مکی:

یہ ابن قیس ہے گزر چکا۔(=۱۵۵۶)

۱۵۶۷۔حمید شامی:

یہ ابن ابوحمید حمصی ہے، پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۵۶۸۔ت۔حمید مکی، ابن علقمہ کا غلام:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۵۶۹۔د،س۔حمید ابن اخت صفوان ''کہا گیا ہے کہ اس کا نام حمید ہے'':

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆حمید، ابوملیح، فارسی:

اس کا کنیتوں میں ذکر آئے گا۔(=۸۳۹۱)

۱۵۷۰۔خ،م،ت،س۔حمیری ''تصغیر لفظ کے ساتھ ہے'' ابن بشیر، ابوعبداللہ جسری:

اپنی کنیت سے معروف ہے اور تیسرے طبقہ کا ثقہ راوی ہے ارسال کرتا ہے۔

۱۵۷۱۔د،ق۔حُمیضہ ابن شمردل ''سفرجل کے وزن پر ہے'' اسدی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، ابن ماجہ میں حمیضہ بنت شمردل آیا ہے۔

۱۵۷۲۔بخ،م،د،س۔حَمِیل "حمید کی طرح ہے مگر اس کے آخر میں لام ہے" ابن بصرہ،ابن وقاص،ابو بصرہ غفاری:

مصر فروکش ہونیوالے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں وہیں فوت ہوئے۔

۱۵۷۳۔د،س۔حَنان ابن خارجہ سلمی،شامی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۱۵۷۴۔مد،ت۔حنان اسدی کوفی،مسدد کا چچا:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۱۵۷۵۔بخ۔حَنَش ابن حارث بن لقیط نخعی،کوفی:

چھٹے طبقہ سے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۱۵۷۶۔م،۴۔حنش بن عبداللہ "ابن علی بن عمرو سبائی،ابورشدین صنعانی:

افریقہ فروکش ہوا،تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۱۰۰ھ کو فوت ہوا۔

☆حنش بن قیس:

حسین کے ترجمہ میں اس کا ذکر گزر چکا۔(=۱۳۴۲)

۱۵۷۷۔د،ت،س۔حنش بن معتمر کنانی،ابو معتمر کوفی:

اسے ابن ربیعہ کہا جاتا ہے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ حنش بن ربیعہ بن معتمر ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ دو راوی ہیں۔تیسرے طبقہ کا "صدوق صاحبِ اوہام راوی ہے ارسال کرتا ہے جس نے اسے صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) میں شمار کیا ہے اس نے غلطی کی ہے۔

۱۵۷۸۔بخ۔حنظلہ بن حِذیم ابن حنیفہ تمیمی:

اپنے والد اور دادا کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تھا اور اس وقت چھوٹا تھا،اس کا پوتا ذیال بن عبید بن حنظلہ اس سے روایت کرنے میں متفرد ہے۔

۱۵۷۹۔ قد۔ حنظلہ بن ابوحمزہ:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۵۸۰۔ س۔ حنظلہ بن خویلد ''ابن سوید بھی کہا جاتا ہے'' عنبری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۵۸۱۔ م، ت، س، ق۔ حنظلہ بن ربیع بن صیفی، تیمی:

(سیدنا) حنظلہ (رضی اللہ عنہ) کاتب کے لقب سے معروف ہیں اور کوفہ فروکش ہونے والے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں (حضرت) علی (رضی اللہ عنہ) کے بعد فوت ہوئے۔

۱۵۸۲۔ ع۔ حنظلہ بن ابوسفیان بن عبدالرحمٰن بن صفوان بن امیہ جمحی، مکی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ حجہ'' راوی ہے ۱۵۱ھ میں فوت ہوا۔

☆ حنظلہ بن سوید:

ابن خویلد کے ترجمہ میں گزر چکا۔ (=۱۵۸۰)

۱۵۸۳۔ ت، ق۔ حنظلہ سدوسی، ابوعبدالرحیم:

پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے اس کے والد کے نام میں اختلاف کیا گیا ہے پس کہا گیا ہے کہ عبیداللہ یا عبدالرحمٰن ہے۔

۱۵۸۴۔ بخ، م، د، س، ق۔ حنظلہ بن علی بن اسقع اسلمی مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۵۸۵۔ بخ۔ حنظلہ بن عمرو بن حنظلہ بن قیس زرقی، مدنی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۵۸۶۔ خ، م، د، س، ق۔ حنظلہ بن قیس بن عمرو بن حصن بن خلدہ زرقی، مدنی:

پہلے راوی کا دادا ہے دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے۔

۱۵۸۷۔عس۔خُنَیف ابن رستم مؤذن کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۵۸۸۔د۔حنیفہ، ابوحرہ رَقَاشی:

زیادہ تر اپنی کنیت سے مشہور ہے، کہا گیا ہے کہ اس کا نام حکیم ہے، تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۵۸۹۔د،س۔حُنَین ابن ابوحکیم اموی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۵۹۰۔س۔حنین ابوعبداللہ مکی، عبداللہ کا والد، ابن عباس کا غلام:

اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے نبی کریم ﷺ کی خدمت کرتا تھا بعد میں آپ ﷺ نے اپنے چچا عباس (رضی اللہ عنہ) کو ہبہ کردیا تھا۔

۱۵۹۱۔د۔حَوثَرہ ابن محمد، ابوازہر بصری، وراق:

دسویں طبقہ کے چھوٹے راویوں میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۶ھ میں فوت ہوا۔

۱۵۹۲۔د،س،ق۔حَوشَب ابن عقیل، ابودحیہ بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۵۹۳۔تمییز۔حوشب بن مسلم ثقفی، ابوبشر ''یہ بے نسبت حوشب ہے'':

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۵۹۴۔خ،م،س۔حویطب بن عبدالعزی بن ابوقیس عامری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں فتح مکہ کے روز اسلام لائے اور مکہ کے احوال سے بخوبی واقف تھے، ۱۲۰ برس زندگی پا کر ۵۴ھ میں فوت ہوئے۔

☆حُوَیّ، ابوعبید، حاجب سلیمان:

زیادہ تر اپنی کنیت سے مشہور ہے آئے گا۔ (=۸۳۲۷)

۱۵۹۵۔ق۔کیان ابن بسطام ہذلی، بصری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۵۹۶۔م،د،س۔حیان بن حصین، ابوالہیاج اسدی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۵۹۷۔م،د،س۔حیان بن عمیر قیسی، جُریری، ابوالعلاء بصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۱۵۹۸۔د،س۔حیان بن علاء ''ابن مخارق بھی کہا جاتا ہے'' ابوالعلاء:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۵۹۹۔ق۔حیان:

سلیمان تیمی سے روایت کرتا ہے ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆حیوان، ابوشیخ:

کنیتوں میں اس کا ذکر آئے گا۔(=۸۱۶۶)

۱۶۰۰۔ع۔حیوہ ابن شریح بن صفوان تجیبی، ابوزرعہ مصری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار فقیہ زاہد'' راوی ہے ۵۸ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۵۹ھ میں ہوا۔

۱۶۰۱۔خ،د،ت،ق۔حیوہ بن شریح بن یزید حضرمی، ابوعباس حمصی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۴ھ میں فوت ہوا۔

۱۶۰۲۔بخ،ت۔حیہ بن حابس:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے جس نے اسے صحابی گمان کیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۱۶۰۳۔بخ،د،س،ق۔حیی ابن یؤمن، ابوعشانہ مصری:

زیادہ تر اپنی کنیت سے مشہور ہے تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۶۰۴۔ق۔حی، ابوحیہ کوفی، ابوجناب کا والد:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۶۰۵۔م۔حُیَی ابن عبداللہ بن شریح معافری، مصری:

چھٹے طبقہ کا صدوق راوی ہے وہم کرجاتا ہے ۱۴۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۶۰۶۔ع، قد، ت، س۔حیی بن ہانی بن ناضر، ابوقَبِیل معافری، مصری:

تیسرے طبقہ کا صدوق راوی ہے وہم کرجاتا ہے، برنس کے مقام پر ۱۲۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۶۰۷۔ بخ، د۔ خارجہ بن حارث بن رافع بن مَکِیث جہنی مدنی:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۱۶۰۸۔ د، ت، ق۔ خرجہ بن حذافہ بن غانم قرشی عدوی:

مصر فروکش ہونے والے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں انہیں ایک خارجی نے ۴۰ھ میں قتل کر دیا تھا۔

۱۶۰۹۔ ع۔ خارجہ بن زید بن ثابت انصاری، ابوزید مدنی:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ فقیہ" راوی ہے ۱۰۰ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

☆ خارجہ بن سلیمان:

یہ ابن عبداللہ ہے۔ (۱۶۱۱ =)

۱۶۱۰۔ د، س۔ خارجہ بن صلت بُرجُمی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۱۶۱۱۔ ت، س۔ خارجہ بن عبداللہ بن سلیمان بن زید بن ثابت انصاری، ابوزید مدنی:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے سترہویں طبقہ کا صدوق راوی ہے اس سے اوہام سرزد ہوئے ہیں ۱۶۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۶۱۲۔ ت، ق۔ خارجہ بن مصعب بن خارجہ، ابوحجاج سرخسی:

آٹھویں طبقہ کا "متروک" راوی ہے اور کذاب راویوں سے تدلیس کرتا تھا اور کہا جاتا ہے کہ (امام) ابن معین (رحمہ اللہ) نے اس کی تکذیب کی ہے ۱۶۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۶۱۳۔تمییز۔خارجہ بن مصعب بن خارجہ بن مصعب ،پہلے راوی کا پوتا:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۴۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۶۱۴۔ر۔خازم ابن حسین ،ابو اسحاق حمیسی ،بصری:

کوفہ فروش ہوا، آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۶۱۵۔ق۔خازم بن مروان عنزی ،ابو محمد بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے ،جس نے اسے حا ،میں ذکر کیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۱۶۱۶۔خت ،خد ،ق۔خالد بن اسلم قرشی ،عدوی ،زید بن اسلم غلام عمر کا بھائی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۶۱۷۔ت ،ق۔خالد بن الیاس یا ایاس بن صخر بن ابو الجہم بن حذیفہ ،ابو الہیثم عدوی مدنی ،مسجد نبوی ﷺ کا امام:

ساتویں طبقہ کا ''متروک الحدیث'' راوی ہے۔

۱۶۱۸۔ت۔خالد بن ابوبکر بن عبید اللہ بن عبد اللہ ابن عمر بن خطاب عدوی ،مدنی:

ساتویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے ۱۲ھ میں فوت ہوا۔

☆خالد بن ابو بلال:

درست خالد ہے ابن ابو بلال سے روایت کرتا ہے پس خالد یہ ابن معدان ہے۔ (=۱۶۸۰)

۱۶۱۹۔ع۔خالد بن حارث بن عبید بن سلیم ہجیمی ،ابو عثمان بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے ۲۰ھ کو پیدا ہوا اور ۸۶ھ کو فوت ہوا۔

☆خالد بن حسین:

یہ ابن عبد اللہ بن حسین ہے آئے گا۔ (=۱۶۴۹)

۱۶۲۰۔بخ۔خالد بن حمید مہری ،ابو حمید الاسکندرانی:

ساتویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے ۶۹ھ میں فوت ہوا۔

۱۶۲۱۔د۔خالد بن حویرث مخزومی، مکی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۶۲۲۔ق۔خالد بن حیان رقی، ابو یزید کندی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' خراز:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے خطاء کرجاتا ہے ۱۹۱ھ میں فوت ہوا۔

☆خالد بن خالد:

اس کا تذکرہ بن خالد کے ترجمہ میں ذکر ہوگا۔(=۲۲۱۰)

☆خالد بن ابو خالد:

ابن ضیمن کے ترجمہ میں آئے گا۔(=۱۶۳۴)

۱۶۲۳۔بخ، م، کد، س۔خالد بن خِداش، ابوالہیثم، مہلبی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' بصری:

دسویں طبقہ کا صدوق راوی ہے غلطی کرجاتا ہے ۲۲۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۶۲۴۔خ، س۔خالد بن خلیّ ''علی کے وزن پر ہے'' کلاعی، ابوالقاسم حمصی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۶۲۵۔م۔خالد بن دُریک ''کلیب کے وزن پر ہے'':

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ارسال کرتا ہے۔

۱۶۲۶۔د۔خالد بن دہقان قرشی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو مغیرہ دمشقی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۶۲۷۔خ، د، ت، س۔خالد بن دینار تمیمی سعدی، ابو خلدہ، بصری خیاط:

زیادہ تر اپنی کنیت سے مشہور ہے ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۶۲۸۔ق۔خالد بن دینار نیلی ''نیل کی طرف نسبت ہے جو کہ واسط اور کوفہ کے درمیان ایک شہر ہے'' ابو ولید شیبانی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۶۲۹۔ع۔خالد بن ذکوان مدنی:

بصرہ فروکش ہوا، پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۶۳۰۔بخ۔خالد بن ربیع عبسی، کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۶۳۱۔س۔خالد بن روح ثقفی، ابو عبدالرحمٰن دمشقی:

بارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۸۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۶۳۲۔ت، س۔خالد بن زیاد ازدی، ابو عبدالرحمٰن ترمذی، قاضی ترمذ:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ابن حبان کے بیان کے مطابق ۱۰۰ برس کی عمر میں فوت ہوا۔

۱۶۳۳۔ع۔خالد بن زید بن کلیب انصاری، ابو ایوب:

کبار صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) میں سے ہیں غزوہ بدر میں شریک ہوئے، آپ ﷺ کی جب مدینہ منورہ تشریف آوری ہوئی تو آپ ﷺ نے ان کے ہاں قیام فرمایا ۵۰ھ میں روم کی جنگ لڑتے ہوئے فوت ہوئے اور یہ بھی کہا گیا ہے ۵۰ھ کے بعد فوت ہوئے۔

۱۶۳۴۔د، س۔خالد بن زید یا ابن زید جہنی:

اس نے عقبہ سے تیراندازی کی فضیلت میں روایت نقل کی ہے، تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۶۳۵۔تمییز۔خالد بن زید بن خالد جہنی:

اس نے اپنے والد سے گری پڑی چیز کے متعلقہ روایت نقل کی ہے، تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔(امام) بخاری (رحمہ اللہ) نے ان دونوں کو جدا کیا ہے اور خطیب بغدادی (رحمہ اللہ) کا کہنا ہے کہ یہ دونوں ایک ہی راوی ہیں۔

۱۶۳۶۔س۔خالد بن زید، ابو عبدالرحمٰن شامی:

چھٹے طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے تاہم ارسال کرتا تھا اور (امام) بخاری (رحمہ اللہ) نے اس کے والد کا نام یزید بتلایا ہے۔

۱۶۳۷۔۴۔خالد بن سارہ مخزومی، مکی:

اسے خالد بن عبید بن سارہ بھی کہا جاتا ہے تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۶۳۸۔خ،س،ق۔خالد بن سعد کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۶۳۹۔خ۔خالد بن سعید بن عمرو بن سعید بن عاص۔اسحاق بن سعید کا بھائی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۶۴۰۔د،ق۔خالد بن سعید بن ابو مریم مدنی، ابن جدعان کا غلام:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۶۴۱۔بخ،م،۴۔خالد بن سلمہ بن عاص بن ہشام بن مغیرہ مخزومی کوفی المعروف فأفاء، مدنی الاصل:

پانچویں طبقہ کا صدوق راوی ہے اس پر ناصبیت اور ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے۔ بنو امیہ کے دور حکومت میں واسط کے مقام پر ۱۳۲ھ میں قتل ہوا۔

۱۶۴۲۔بخ،د،س،ق۔خالد بن سُمَیر سدوسی، بصری:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق قلیل الحدیث'' راوی ہے۔

۱۶۴۳۔ق۔خالد بن ابو صلت بصری، مدنی الاصل:

عمر بن عبد العزیز (رحمہ اللہ) کی طرف سے واسط کے مقام پر عامل تھا، چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۶۴۴۔ت۔خالد بن طہمان کوفی:

یہ خالد بن ابو خالد ہے جو کہ ابو العلاء خفاف کی کنیت سے زیادہ تر مشہور ہے، پانچویں طبقہ کا صدوق راوی ہے اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے بعد میں عارضہ اختلاط میں مبتلا ہو گیا تھا۔

۱۶۴۵۔م۔خالد بن عبد اللہ بن حرملہ مدلجی، حجازی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ارسال کرتا تھا۔ جس نے اسے صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) میں ذکر کیا ہے اسے وہم

ہوا ہے۔

۱۶۴۶۔د،س،ق۔خالد بن عبداللہ بن حسین اموی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' دمشقی:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے۔تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۶۴۷۔ع۔خالد بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن یزید الطحان الواسطی،المزنی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے ۱۱۰ھ کو پیدا ہوا اور ۱۸۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۶۴۸۔م،س۔خالد بن عبداللہ بن محرز،مازنی بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۶۴۹۔تمییز،د۔خالد بن عبداللہ بن یزید بن اسد قسری،امیر حجاز پھر کوفہ:

ان دونوں کے پاس اس کی کوئی روایت نہیں ہے ۱۲۶ھ میں قتل ہوا چوتھے طبقہ سے ہے۔

۱۶۵۰۔خ،ت،س۔خالد بن عبدالرحمٰن بن بکیر سلمی،ابوامیہ بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غلطی کر جاتا ہے۔

۱۶۵۱۔د،س۔خالد بن عبدالرحمٰن خراسانی،ابوہیثم:

دمشق کے ساحل پر فروکش ہوا،نویں طبقہ کا صدوق راوی ہے اس سے اوہامات سرزد ہوئے ہیں۔

۱۶۵۲۔تمییز۔خالد بن عبدالرحمٰن بن خالد بن سلمہ مخزومی،مکی:

نویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے جس نے اسے پہلے والا راوی بنادیا ہے اسے وہم ہوا ہے ۱۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۶۵۳۔تمییز۔خالد بن عبدالرحمٰن عبدی ابوہیثم عطار،کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۶۵۴۔ق۔خالد بن عبید عتکی،ابوعصام بصری:

مرو فروکش ہوا،جلالت شان کے باوصف ''روایت حدیث میں متروک'' راوی ہے پانچویں طبقہ سے ہے۔

☆ خالد بن عداء بن ہوذہ:

درست عداء بن خالد ہے۔(=۴۵۳۷)

۱۶۵۵۔د،س۔خالد بن عرفجہ (د):

درست ابن عرفجہ (س) ہے، سالم بن عبید سے روایت کرتا ہے تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۶۵۶۔بخ،د،س۔خالد بن عرفطہ، ایک دوسرا راوی:

یہ حبیب بن سالم سے روایت کرتا ہے اور اس سے قتادہ روایت کرتا ہے، چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۶۵۷۔ت،س۔خالد بن عرفطہ قضاعی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں (سیدنا) سعد (رضی اللہ عنہ) نے انہیں کوفہ پر قائم مقام مقرر کیا تھا ۶۴ھ میں فوت ہوئے۔

۱۶۵۸۔س۔خالد بن عقبہ سکونی، ابو عتبہ کوفی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۱۲ھ میں فوت ہوا

۱۶۵۹۔د،س،ق۔خالد بن علقمہ ابو حیہ، وداعی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، (امام) شعبہ (رحمہ اللہ) اس کے اور اس کے والد کے نام میں وہم کا شکار ہو کر اسے ''مالک بن عرفطہ'' کہتے تھے (امام) ابوعوانہ بھی اسی طرف گئے تھے تاہم بعد میں انہوں نے اس سے رجوع کر لیا تھا۔

۱۶۶۰۔د،ق۔خالد بن عمرو بن محمد بن عبداللہ بن سعید بن عاص اموی، ابو سعید کوفی:

(امام) ابن معین (رحمہ اللہ) نے اس پر کذب کا الزام لگایا ہے اور صالح جزرہ (رحمہ اللہ) وغیرہ نے وضع کی طرف اس کی نسبت کی ہے۔

۱۶۶۱۔تمییز۔خالد بن عمرو سلفی، حمصی:

گیارہویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے جعفر فریابی نے اس کی تکذیب کی ہے۔

۱۶۶۲۔م،د،ت،س۔خالد بن ابو عمران تجیبی، ابو عمر، قاضی افریقہ:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق فقیہ'' راوی ہے ۲۵ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ۲۹ھ کو ہوا۔

۱۶۶۳۔م،تم،س،ق۔خالد بن عمیر عدوی،بصری:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے،کہا جاتا ہے کہ یہ مخضری ہے،جس نے اسے صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) میں ذکر کیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۱۶۶۴۔بخ،م۔خالد بن غلاق قیسی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۶۶۵۔د۔خالد بن فرز:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۶۶۶۔تمییز۔خالد بن فرز:

یہ ایک دوسرا متاخر،نوویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۱۶۶۷۔س۔خالد بن قثم بن عباس:

(امام) نسائی (رحمہ اللہ) نے خصائص علی میں کلاماً اس کی روایت نقل کی ہے اور کہا گیا ہے کہ ابواسحاق سے ہے،عبدالرحمٰن بن خالد نے قثم بن عباس سے سوال کیا تھا۔

۱۶۶۸۔م،د،تم،س،ق۔خالد بن قیس بن رباح ازدی،حدّانی،بصری:

ساتویں طبقہ کا صدوق راوی ہے غریب احادیث لاتا ہے۔

۱۶۶۹۔ق۔خالد بن کثیر ہمدانی،کوفی:

چھٹے طبقہ سے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے،جس نے اسے صحابی کہا ہے اس نے غلطی کی ہے،(امام) بخاری (رحمہ اللہ) کے نزدیک یہ ابن ابونوف ہے۔

۱۶۷۰۔س،ق۔خالد بن ابوکریمہ اصبہانی،ابوعبدالرحمٰن اسکاف:

کوزہ فروش ہوا،چھٹے طبقہ کا صدوق راوی ہے غلطی کر جاتا ہے اور مرسل روایات لاتا ہے۔

۱۶۷۱۔بخ۔خالد بن کیسان،حجازی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۶۷۲۔د،ت،ق۔خالد بن لجلاج عامری، ابو ابراہیم حمصی ''دمشقی بھی کہا گیا ہے'':

دوسرے طبقہ کا ''صدوق فقیہ'' راوی ہے (امام) بخاری (رحمہ اللہ) کا بیان ہے کہ اس نے (سیدنا) عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) سے سماع کیا ہے، جس نے اسے صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) میں شمار کیا ہے اس سے غلطی ہوئی ہے۔

۱۶۷۳۔د۔خالد بن لجلاج سلمی، محمد کا والد:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، (امام) ابوداود (رحمہ اللہ) نے اس سے روایت نقل کی ہے اور اس کے والد کا نام ذکر نہیں کیا لیکن (امام) ابن مندہ (رحمہ اللہ) نے ذکر کیا ہے، (حافظ) مزی (رحمہ اللہ) نے اسے پہلے راوی کے ساتھ ملا دیا ہے جبکہ درست بات یہ ہے کہ یہ علیحدہ علیحدہ راوی ہیں۔

☆خالد بن لجلاج ''حصین بھی کہا گیا ہے'':

اس کا ترجمہ گزر چکا۔ (=۱۳۸۱)

۱۶۷۴۔مد۔خالد بن ابو مالک:

محمد بن سعد سے روایت کرتا ہے ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۶۷۵۔د۔خالد بن محمد ثقفی دمشقی:

حمص فروکش ہوا، چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۶۷۶۔تمییز۔خالد بن محمد بن خالد بن زبیر ثقفی:

مجہول ہے عمر سے ارسال کرتا ہے، ابن عساکر کا بیان ہے کہ بخاری اور ان کے متبعین نے اسے پہلے والے راوی سے الگ راوی بنایا ہے، جبکہ میرے نزدیک یہ ایک ہی ہے۔

۱۶۷۷۔خ،م،کد،ت،س،ق۔خالد بن مخلد قطوانی، ابو الہیثم بجلی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' کوفی:

دسویں طبقہ کے کبار راویوں میں سے ''صدوق شیعہ'' راوی ہے اس سے متفرد احادیث مروی ہیں ۲۱۳ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۱۶۷۸۔ع۔خالد بن معدان کلاعی حمصی،ابو عبداللہ:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے بکثرت ارسال کرتا ہے ۱۰۳ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۱۶۷۹۔م۔خالد بن مہاجر بن خالد بن ولید بن مغیرہ مخزومی:

تیسرے طبقہ کا ''صالح الحدیث'' راوی ہے (سیدنا) عمر (رضی اللہ عنہ) سے ارسال کرتا ہے اور آپ (رضی اللہ عنہ) کو پا نہیں سکا۔

۱۶۸۰۔ع۔خالد بن مہران،ابو منازل بصری الحذاء (موچی):

کہا گیا ہے کہ موچیوں کے پاس بیٹھنے کی وجہ سے اسے حذاء (موچی) کہا جاتا ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ''احذ علی هذا النحو'' کہتا تھا اسی وجہ سے اس کو حذاء کہا جاتا ہے۔ پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ارسال کرتا ہے،حماد بن زید نے اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ یہ جب شام آیا تو اس کا حافظہ بدل گیا تھا،شاہی عہدے میں داخل ہونے کی وجہ سے بعض حضرات نے اس کی عیب جوئی کی ہے۔

۱۶۸۱۔د،س۔خالد بن میسرہ طفاوی،ابو حاتم بصری،عطار:

ساتویں طبقہ کا ''صالح الحدیث'' راوی ہے۔

۱۶۸۲۔د،س۔خالد بن نزار غسانی،ایلی:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غلطی کرجاتا ہے ۲۲۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۶۸۳۔س۔خلد بن ابو ثوف:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے،کہا گیا ہے کہ یہ خالد شیبانی ہے جو کہ ابن عباس سے ارسال کرتا ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ابن کثیر ہمدانی ہے۔

۱۶۸۴۔خ،م،د،س،ق۔خالد بن ولید بن مغیرہ بن عبداللہ بن عمر بن مخزوم مخزومی،اللہ کی تلوار،ابو سلیمان:

کبار صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) میں سے ہیں صلح حدیبیہ اور فتح مکہ کے درمیان اسلام لائے اور مرتدین کے خلاف جنگوں اور دیگر فتوحات میں امیر لشکر رہے یہاں تک کہ ۲۱ھ یا ۲۲ھ میں داعی اجل کو لبیک کہا۔

۱۶۸۵۔د۔خالد بن وہبان، ابوذر کے خالہ زاد ہیں:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۶۸۶۔خ۔خالد بن یزید بن زیاد اسدی کاہلی، ابوالہیثم، طبیب، کوفی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق مقری'' راوی ہے اس سے اوہامات سرزد ہوئے ہیں ۲۱۲ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۱۵ھ میں ہوا۔

۱۶۸۷۔مد،س،ق۔خالد بن یزید بن صالح بن صبیح مرّی، ابوہاشم دمشقی، قاضی بلقاء:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۶۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا اور ۹۰ برس کے قریب عمر پائی۔

۱۶۸۸۔ق۔خالد بن یزید بن عبدالرحمٰن بن ابو مالک، ابوہاشم دمشقی:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے، آٹھویں طبقہ کا فقیہ ہونے کے باوصف روایت حدیث میں ضعیف راوی ہے (امام) ابن معین (رحمہ اللہ) نے اسے متہم بالکذب کیا ہے، بعمر ۸۰ برس ۱۸۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۶۸۹۔ق۔خالد بن یزید بن عمر بن ہبیرہ فزاری، کوفی:

آٹھویں طبقہ کا معروف النسب ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۱۶۹۰۔د۔خالد بن یزید بن معاویہ بن ابوسفیان اموی، ابوہاشم دمشقی:

تیسرے طبقہ کا صدوق مذکور بالعلم راوی ہے ۹۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۶۹۱۔ع۔خالد بن یزید جمحی ''سکسکی بھی کہا جاتا ہے'' ابوعبدالرحیم مصری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ فقیہ'' راوی ہے ۱۳۹ھ میں فوت ہوا۔

۱۶۹۲۔د،ت۔خالد بن یزید ازدی عتکی بصری، صاحب اللؤلؤ:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے وہم کر جاتا ہے۔

۱۶۹۳۔تمییز۔خالد بن یزید ہدادی:

آٹھویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے، کہا گیا ہے یہ پہلے والا ہی راوی ہے۔

۱۶۹۴۔د،ق۔خالد بن یزید سلمی، ابوہاشم ازرق دمشقی:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆خالد بن یزید جہنی:

ابن زید کے ترجمہ میں اس کا ذکر گزر چکا۔(=۱۶۳۴)

☆خالد بن یزید شامی یا ابن زید:

گزر چکا۔(=۱۶۳۶)

۱۶۹۵۔قد۔خالد بن یزید:

حسین بن طلحہ نے عیسیٰ بن مریم کے متعلق اس کی حکایت نقل کی ہے، پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۶۹۶۔ق۔خالد بن ابو یزید، مَزْرَفی ''ابن یزید بھی کہا جاتا ہے'':

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' روای ہے۔

۱۶۹۷۔بخ م، د، س۔خالد بن ابو یزید بن سماک بن رستم اموی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوعبدالرحیم حرانی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۴۴ھ میں فوت ہوا، کہا گیا ہے کہ اس کے والد کا نام یزید اور دادا کا نام سَمّال ہے۔

☆خالد سلمی:

ابن لجلاج کے ترجمہ میں اس کا ذکر گزر چکا۔(=۱۶۷۳)

☆خالد اَجّ:

یہ ابن عبداللہ بن محرز ہے اس کا ترجمہ گزر چکا۔(=۱۶۴۸)

☆خالد قیسی، ابوالعیش:

یہ ابن غلاق ہے اس کا ترجمہ گزر چکا۔(۱۶۶۴)

۱۶۹۸۔ع۔خَبّاب ابن ارت تمیمی، ابوعبداللہ:

سابقین اسلام میں سے ہیں انہیں اللہ کی خاطر سخت اذیتیں دی جاتی تھیں، غزوہ بدر میں شریک ہوئے پھر کوفہ

فروکش ہوئے اور وہیں ۷۲ھ میں فوت ہوئے۔

۱۶۹۹۔م،د۔ خباب مدنی، کشادہ مکان والے:

کہا گیا ہے کہ انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ مخضرمی ہے، دوسرے طبقہ سے ہے۔

۱۷۰۰۔د۔ خُبَیب ابن سلیمان ابن سمرہ بن جندب، ابوسلیمان کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۷۰۱۔س۔ خبیب بن عبداللہ بن زبیر بن عوام اسدی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۹۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۰۲۔ع۔ خبیب بن عبدالرحمٰن بن خبیب بن یساف انصاری، ابوحارث مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۳۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۰۳۔خ،م،س۔ خُثَیم ابن عراک بن مالک غفاری، مدنی:

چھٹے طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۱۷۰۴۔ق۔ خِداش ابن سلامہ، ابوسلمہ سلمی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے ایک ہی حدیث آئی ہے، انہیں راء کے ساتھ یعنی خراش بھی کہا گیا ہے۔

۱۷۰۵۔ت۔ خداش بن عیاش عبدی، بصری:

چھٹے طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۱۷۰۶۔ خدیج ''کبیر کے وزن پر ہے'' رافع کا والد:

اس کا صحابی ہونا ثابت نہیں، جس نے یہ گمان کر رکھا ہے کہ (امام) نسائی (رحمہ اللہ) نے اس سے روایت کیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۱۷۰۷۔ع۔ خَرَشَہ ابن حُر فزاری:

یتیمی میں (سیدنا) عمر (رضی اللہ عنہ) کی پرورش میں رہے (امام) ابوداؤد (رحمہ اللہ) کا بیان ہے کہ صحابی (رضی

اللہ عنہ) ہیں اور (امام) عجلی (رحمہ اللہ) نے کبیر ثقہ تابعی کہا ہے پس یہ دوسرے طبقہ سے ہیں ۷۱ھ میں فوت ہوئے۔

۱۷۰۸۔ ۴۔ خریم ابن فاتک اسدی، ابو یحیٰ:

یہ خریم بن اخرم بن شداد بن عمرو بن فاتک ہیں اپنے دادا کے دادا کی طرف نسبت کیے گئے ہیں، حدیبیہ میں شریک ہونیوالے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں اور یہ بات صحیح نہیں ہے کہ یہ غزوہ بدر میں شریک ہوئے، (سیدنا) معاویہ (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت میں رقہ کے مقام پر فوت ہوئے۔

۱۷۰۹۔ بخ۔ خزرج ابن عثمان سعدی، ابو خطاب بصری:

چھٹے طبقہ سے ہے (امام) ابن معین (رحمہ اللہ) کا بیان ہے کہ "صالح" راوی ہے۔

۱۷۱۰۔ م، ۴۔ خزیمہ بن ثابت بن فاکہ بن ثعلبہ انصاری خطمی، ابو عمارہ مدنی، دو گواہیوں والا:

کبار صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) میں سے ہے غزوہ بدر میں شریک ہوا اور جنگ صفین میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف سے شریک ہو کر ۳۷ھ میں قتل ہوا۔

۱۷۱۱۔ ت، ق۔ خزیمہ بن جزء:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان تک صحیح سند نہیں پہنچی۔

۱۷۱۲۔ د، ت، س۔ خزیمہ:

عائشہ بنت سعد سے روایت کرتا ہے ساتویں طبقہ کا "غیر معروف" راوی ہے۔

۱۷۱۳۔ ق۔ خشخاش، عنبری، حصین بن ابو حر کا دادا:

ان کے والد کا نام حارث ہے اس کے علاوہ بھی بتلایا گیا ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے صرف ایک ہی حدیث آئی ہے۔

۱۷۱۴۔ ۴۔ خشف ابن مالک طائی:

دوسرے طبقہ سے ہے (امام) نسائی (رحمہ اللہ) نے اس کی توثیق کی ہے۔

۱۷۱۵۔ د، س۔ خشیش ابن اصرم ابن اسود، ابو عاصم نسائی:

گیارہویں طبقہ کا "ثقہ حافظ" راوی ہے ۲۵۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۱۶۔صد۔خصیب ابن زید تمیمی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۷۱۷۔س۔خصیب بن ناصح حارثی بصری:

مصر فرد کش ہوا، نوویں طبقہ کا صدوق راوی ہے غلطی کر جاتا ہے، ۲۰۸ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۰۷ھ میں ہوا۔

۱۷۱۸۔خصیف ابن عبدالرحمٰن جزری، ابوعون:

پانچویں طبقہ کا صدوق برے حافظہ والا راوی ہے آخر عمر میں اس کا حافظہ خراب ہو گیا تھا اور اس پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے ۱۳۷ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

۱۷۱۹۔عس۔خضر بن قواس:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۷۲۰۔س۔خضر بن محمد بن شجاع جزری، ابومروان:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۱۱ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۲۱۔س۔خطاب بن جعفر بن ابومغیرہ خزاعی، قمی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۷۲۲۔د۔خطاب بن صالح بن دینار انصاری، ظفری ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوعمرو مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۷۲۳۔خ س۔خطاب بن عثمان طائی، فوزی، ابوعمر حمصی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے۔

۱۷۲۴۔د س۔خطاب بن قاسم حرانی، قاضی حران:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے وفات سے پہلے عارضہ اختلاط میں مبتلا ہو گیا تھا۔

۱۷۲۵۔م۔خُفاف ابن اِیماء غفاری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں (سیدنا) عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت میں فوت ہوئے۔

۱۷۲۶۔ت۔خلف بن ایوب عامری، ابوسعید بلخی:

اہل رائے کا فقیہ ہے (امام) یحییٰ بن معین (رحمہ اللہ) نے اس کی تضعیف کی ہے اور اس پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے، نوویں طبقہ سے ہے ۱۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۲۷۔س،ق۔خلف بن تمیم بن ابوعتاب، ابوعبدالرحمٰن کوفی:

مصیصہ فروکش ہوا، نوویں طبقہ کا "صدوق عابد" راوی ہے ۲۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۲۸۔خت،عس۔خلف بن حوشب کوفی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۱۷۲۹۔خ۔خلف بن خالد قرشی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابوالمہنا مصری:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۳۰ھ سے پہلے فوت ہوا، صحیح بخاری میں اس کی ایک حدیث آئی ہے۔

☆خلف بن خالد قرشی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابوالمنکدر مصری:

یہ پہلے والا ہی راوی ہے، (حافظ) مزی (رحمہ اللہ) کو اس سلسلے میں وہم ہوا ہے اور (امام) ابن یونس (رحمہ اللہ) کا کہنا ہے کہ یہ ۲۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۳۰۔تمییز۔خلف بن خالد عبدی، بصری:

نوویں طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۱۷۳۱۔بخ،م،۴۔خلف بن خلیفہ بن صاعد اشجعی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابواحمد کوفی:

پہلے واسط پھر بغداد فروکش ہوا، آٹھویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے آخر عمر میں عارضہ اختلاط میں مبتلا ہو گیا تھا، اس نے عمرو بن حریث صحابی (رضی اللہ عنہ) کو دیکھنے کا دعویٰ کیا ہے جبکہ (امام) ابن عیینہ (رحمہ اللہ) اور (امام) احمد (رحمہ اللہ) نے اس کا انکار کیا ہے، صحیح قول کے مطابق ۸۱ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۳۲۔س۔خلف بن سالم مخزمی ابومحمد مھلبی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' سندی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے اس نے ''مسند'' تصنیف کی ہے، تشیع اور قضاء کے عہدے میں داخل ہونے کی وجہ سے حضرات نے اس کی عیب جوئی کی ہے۔

۱۷۳۳۔تمییز۔خلف بن سالم نصیبی، ابوالجہم:

نویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۷۳۴۔ق۔خلف بن محمد بن عیسی خشاب، قافلانی، ابوالحسین بن ابوعبداللہ واسطی ''اس کا لقب کردوس ہے'':

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۸۰ برس سے زیادہ عمر پا کر ۲۷۱ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۳۵۔س۔خلف بن مہران عدوی، ابوربیع بصری، مسجد ابن ابوعروبہ کا امام:

پانچویں طبقہ کا صدوق راوی ہے وہم کر جاتا ہے، (امام) بخاری (رحمہ اللہ) نے خلف بن مہران اور خلف بن ابوربیع میں فرق کیا ہے۔

۱۷۳۶۔بخ، س۔خلف بن موسی بن خلف عمی:

دسویں طبقہ کا صدوق راوی ہے غلطی کر جاتا ہے ۲۲۰ھ یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۱۷۳۷۔م، د۔خلف بن ہشام بن ثعلب بزار، مقری بغدادی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۲۹ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۳۸۔م، ت، س۔خلید بن جعفر بن طریف حنفی، ابوسلیمان بصری:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے (امام) ابن معین (رحمہ اللہ) کا اسے ضعیف کہنا ثابت نہیں۔

۱۷۳۹۔ق۔خلید بن ابوخلید:

معاویہ بن قرہ سے روایت کرتا ہے اور اس سے ابوحلبس روایت کرتا ہے، چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ یہ پہلے والا ہی راوی ہو۔

۱۷۴۰۔ تمییز۔ خلید بن دعلج سدوسی، بصری:

پہلے موصل پھر بیت المقدس فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے ۱۶۶ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۴۱۔ م، د۔ خلید بن عبداللہ عصری، ابوسلیمان بصری:

کہا جاتا ہے کہ یہ ابودرداء (رضی اللہ عنہ) کا خادم ہے، چوتھے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ارسال کرتا ہے۔

۱۷۴۲۔ د، ت، س۔ خلیفہ بن حصین بن قیس بن عاصم تمیمی، منقری:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۱۷۴۳۔ خ۔ خلیفہ بن خیاط ابن خلیفہ بن خیاط عصفری، ابوعمرو بصری:

اس کا لقب شباب ہے، دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے مؤرخ اور بہت بڑا عالم تھا، ۲۴۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۴۴۔ تمییز۔ خلیفہ بن خیاط، پہلے راوی کا دادا ہے:

اس کی کنیت ابوہبیرہ ہے ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے ۱۶۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۴۵۔ مد۔ خلیفہ بن صاعد اشجعی "ولاء کی وجہ سے ہے" کوفی، خلف کا والد:

تیسرے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۱۷۴۶۔ عخ۔ خلیفہ بن غالب لیثی، ابوغالب بصری:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۱۷۴۷۔ خ، م، س۔ خلیفہ بن کعب تمیمی، ابوذبیان بصری:

چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۱۷۴۸۔ مق۔ خلیفہ بن موسیٰ بن راشد عکلی، کوفی:

ساتویں طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۱۷۴۹۔ د۔ خلیفہ مخزومی، کوفی، عمرو بن حریث کا غلام، فطر کا والد:

چوتھے طبقہ کا "روایت حدیث میں کمزور راوی" ہے۔

۱۷۵۰۔ فق۔ خلیل بن احمد ازدی فراہیدی، ابو عبدالرحمٰن بصری، لغوی، صاحب عروض ونحو:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق عالم عابد'' راوی ہے ۱۶۰ھ کے بعد فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۷۰ھ یا اس کے بعد ہوا۔

۱۷۵۱۔ بخ۔ خلیل بن احمد مزنی یا سلمی، ابو بشر:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بعض حضرات نے اسے پہلے راوی کے ساتھ ملا دیا ہے جو کہ وہم ہے (امام) بخاری (رحمہ اللہ) نے اس پر متنبہ کیا ہے۔

۱۷۵۲۔ ق۔ خلیل بن زکریا شیبانی یا عبدی، بصری:

نویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

۱۷۵۳۔ د۔ خلیل بن زیاد محاربی، خواص کوفی:

دمشق فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۷۵۴۔ ق۔ خلیل بن عبداللہ:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۷۵۵۔ قد، س۔ خلیل بن عمر بن ابراہیم عبدی، ابو محمد بصری:

نویں طبقہ کا صدوق راوی ہے بسا اوقات مخالفت کر جاتا ہے ۲۰۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۵۶۔ ق۔ خلیل بن عمرو ثقفی، ابو عمرو بزاز بغوی:

بغداد فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا صدوق راوی ہے (امام) ابوداؤد (رحمہ اللہ) نے کتاب الزہد میں اس سے روایت نقل کی ہے ۲۳۴ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۵۷۔ ت۔ خلیل بن مرہ ضبعی بصری:

رقہ فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۱۶۰ھ میں فوت ہوا۔

☆ خلیل یا ابن خلیل:

علی سے روایت کرتا ہے اور یہ عبداللہ بن خلیل ہے اس کا ترجمہ آئے گا۔ (=۳۲۹۶)

☆خلیل:

محمد بن راشد سے روایت کرتا ہے اور یہ ابن زیاد ہے اس کا ترجمہ گزر چکا۔ (=۱۷۵۳)

۱۷۵۸۔بخ۔خُمیل ''بعض حضرات سے تصحیف ہوئی ہے اور انہوں نے اس کے پہلے لفظ کو گرادیا ہے عسکری نے اس پر متنبہ کیا ہے'' ابن عبدالرحمٰن:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۷۵۹۔بخ۔خوات بن جبیر انصاری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں کہا گیا ہے کہ انہوں نے غزوہ بدر میں شرکت کی تھی، بعمر ۷۴ برس ۴۰ھ میں یا اس کے بعد فوت ہوئے۔

☆خویلد بن عمرو، ابو شریح خزاعی:

اس کا کنیتوں میں ذکر آئے گا۔ (=۸۱۵۸)

۱۷۶۰۔ت،س۔خلاد بن اسلم صفار، ابو بکر بغدادی، اصلاً مرو سے ہے:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۴۹ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

۱۷۶۱۔۴۔خلاد بن سائب بن خلاد بن سوید خزرجی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے جس نے اسے صحابی (رضی اللہ عنہ) سمجھا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۱۷۶۲۔تمییز۔خلاد بن سائب جہنی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے جس نے اسے پہلے والا ہی راوی سمجھا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۱۷۶۳۔س۔خلاد بن سلیمان حضرمی، ابو سلیمان مصری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۸۷ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۶۴۔د،س۔خلاد بن عبدالرحمٰن صنعانی، ابناوی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے۔

۱۷۶۵۔ت،ق۔خلاد بن عیسیٰ "ابن مسلم بھی کہا جاتا ہے" صفار، ابو مسلم کوفی:

ساتویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۱۷۶۶۔خ،د،ت۔خلاد بن یحییٰ بن صفوان سلمی، ابو محمد کوفی:

مکہ مکرمہ فروکش ہوا، نوویں طبقہ کا صدوق راوی ہے اس پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے اور یہ (امام) بخاری (رحمہ اللہ) کے کبار شیوخ میں سے ہے ۲۱۳ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۱۷ھ میں ہوا۔

۱۷۶۷۔ت۔خلاد بن یزید جعفی، کوفی:

دسویں طبقہ کا صدوق راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے، کہا گیا ہے کہ ۲۲۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۶۸۔تمیز۔خلاد بن یزید باہلی بصری، المعروف ارقط، یونس بن حبیب نحوی کا سسر:

نوویں طبقہ کا "جلیل القدر صدوق" راوی ہے۔

۱۷۶۹۔تمیز۔خلاد بن یزید بن حبیب تمیمی، بصری:

مصر فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے ۲۱۴ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۷۰۔ع۔خلاس ابن عمرو ہجری، بصری:

دوسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ارسال کرتا تھا اور (سیدنا) علی (رضی اللہ عنہ) کی پلٹن کا کمانڈر تھا۔ اور یہ بات بھی صحیح ہے کہ اس نے عمار (رضی اللہ عنہ) سے سماع کیا ہے۔

۱۷۷۱۔د،س۔خیار ابن سلمہ، ابو زیاد شامی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۱۷۷۲۔ت،س۔خیثمہ بن ابو خیثمہ، ابو نصر بصری:

کہا جاتا ہے کہ اس کے والد کا نام عبدالرحمٰن ہے، چوتھے طبقہ کا "روایت حدیث میں کمزور" راوی ہے۔

۱۷۷۳۔ع۔خیثمہ بن عبدالرحمٰن بن ابو سبرہ جعفی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے اور ارسال کرتا تھا ۸۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۱۷۷۴۔م،مد،س۔خیر بن نعیم بن مرہ بن کریب حضرمی مصری،قاضی برقہ:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق فقیہ'' راوی ہے ۱۳۷ھ میں فوت ہوا۔

☆خیوان،ابو شیخ ہنائی:

اس کا کنیتوں میں ذکر آئے گا۔(=۸۱۶۶)

حرف الدال

۱۷۷۵۔ق۔دارم،کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۷۷۶۔د۔داود بن امیہ ازدی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۷۷۷۔د،ت،ق۔داود بن بکر بن ابوفرات اشجعی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۷۷۸۔د،ق۔داود بن جمیل:

کہا جاتا ہے اس کا نام ولید ہے، ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۷۷۹۔ع۔داود بن حصین اموی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوسلیمان مدنی:

چھٹے طبقہ کا ثقہ راوی ہے سوائے عکرمہ کی روایات میں، اس پر خارجی نظریات رکھنے کا الزام لگایا ہے ۱۳۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۸۰۔د۔داود بن خالد بن دینار مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۷۸۱۔س۔داود بن خالد لیثی، ابوسلیمان عطار، مدنی یا مکی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ پہلے والا ہی راوی ہے۔

۱۷۸۲۔تخ۔داود بن ابوداود انصاری، مدنی:

کہا گیا ہے کہ اس کے والد کا نام مازن ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ عامر ہے، تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۷۸۳۔د،س۔داود بن راشد طفاوی، ابو بحر کرمانی پھر بصری، صائغ:

ساتویں طبقہ کا ''روایت حدیث میں کمزور'' راوی ہے۔

۱۷۸۴۔خ،م،د،س،ق۔داود بن رُشید ہاشمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' خوارزمی:

بغداد فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۳۹ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۸۵۔ت،ق۔داود بن زبرقان رقاشی، بصری:

بغداد فروکش ہوا، آٹھویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے (حافظ) ازدی (رحمہ اللہ) نے اس کی تکذیب کی ہے ۱۸۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۱۷۸۶۔قد۔داود بن ابوسلیک سعدی ''جثانی بھی کہا جاتا ہے'':

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۷۸۷۔س،ق۔داود بن سلیمان بن حفص عسکری، ابوسہل دقاق، غلام بنو ہاشم:

اس کا لقب بنان ہے، دسویں طبقہ کا صدوق راوی ہے۔

☆داود بن سوار:

یہ سوار بن داود ہے۔ (=۲۶۸۲)

۱۷۸۸۔بخ،ت،س۔داود بن شابور، ابوسلیمان مکی:

کہا گیا ہے کہ اس کے والد کا نام عبدالرحمن ہے اور شابور اس کا دادا ہے، چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۷۸۹۔خ،د،ق۔داود بن شبیب باہلی، ابوسلیمان بصری:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۲۱ھ یا ۲۲۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۷۹۰۔د،ق۔داود بن صالح بن دینار تمار مدنی، غلام انصار:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۷۹۱۔د۔داود بن ابوصالح لیثی، مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''منکر الحدیث'' راوی ہے۔

۱۷۹۲۔تمییز۔داود بن ابوصالح، حجازی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۷۹۳۔خت، د، س۔داود بن ابوعاصم بن عروہ بن مسعود ثقفی، مکی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۷۹۴۔م، د، ت۔داود بن عامر بن سعد بن ابووقاص زہری، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۷۹۵۔کن، ق۔داود بن عبداللہ بن ابوکرام محمد بن علی بن عبداللہ بن جعفر بن ابوطالب ہاشمی جعفری، ابوسلیمان مدنی:

دسویں طبقہ کا صدوق راوی ہے بسااوقات غلطی کر جاتا ہے۔

۱۷۹۶۔۴۔داود بن عبداللہ اودی، زعافری، ابوالعلاء کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، یہ عبداللہ بن ادریس کے چچا نہیں ہے۔

۱۷۹۷۔بخ، ت۔داود بن ابوعبداللہ، غلام بنوہاشم:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۷۹۸۔ع۔داود بن عبدالرحمن عطار، ابوسلیمان مکی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے (امام) ابن معین (رحمہ اللہ) کا اس پر کلام کرنا ثابت نہیں ۱۷۴ھ یا ۱۷۵ھ میں فوت ہوا اور ۱۰۰ھ کو پیدا ہوا تھا۔

۱۷۹۹۔س۔داود بن عبیداللہ:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۸۰۰۔ق۔داود بن عجلان بجلی:

مکہ مکرمہ فروکش ہوا، آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۸۰۱۔ق۔داود بن عطاء مزنی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو سلیمان مدنی یا مکی:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۸۰۲۔بخ،ت۔داود بن علی بن عبداللہ بن عباس:

داود بن علی بن عبداللہ بن عباس بن عبدالمطلب ہاشمی، ابو سلیمان، امیر مکہ وغیرہا، چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے بعمر ۵۲ برس ۱۳۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۸۰۳۔م،س۔داود بن عمرو بن زہیر بن عمرو بن جمیل ضبی، ابو سلیمان بغدادی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۲۸ھ میں فوت ہوا، اور (امام) مسلم (رحمہ اللہ) کے کبار شیوخ میں سے ہے۔

۱۸۰۴۔د۔داود بن عمر وازدی، دمشقی، عامل واسط:

ساتویں طبقہ کا صدوق راوی ہے غلطی کر جاتا ہے۔

۱۸۰۵۔ت،س،ق۔داود بن ابو عوف سوید تمیمی، برجمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو جحاف:

زیادہ تر اپنی کنیت سے مشہور ہے چھٹے طبقہ کا ''صدوق شیعی'' راوی ہے بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے۔

۱۸۰۶۔خ،ت،س،ق۔داود بن ابو فرات عمرو بن فرات کندی، مروزی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۸۰۷۔داود بن ابو فرات:

یہ ابن بکر ہے دادا کی طرف نسبت کی گئی ہے اس کا ترجمہ گزر چکا۔ (۱۷۷۷)

۱۸۰۸۔خت،م،۴۔داود بن قیس فراء دباغ، ابو سلیمان قرشی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مدنی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ فاضل'' راوی ہے ابو جعفر کے دور خلافت میں فوت ہوا۔

۱۸۰۹۔تمییز۔داود بن قیس صنعانی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۸۱۰۔ص۔داود بن کثیر رقی:

آٹھویں طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۱۸۱۱۔ قد، ق۔ داود بن محبّر ابن قحذم ثقفی، بکراوی، ابوسلیمان بصری:

بغداد فروکش ہوا، نوویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے اس کی تصنیف شدہ کتاب ''کتاب العقل'' میں زیادہ تر موضوع روایتیں ہیں ۲۰۶ھ میں فوت ہوا۔

۱۸۱۲۔ د۔ داود بن مخراق ''ابن محمد بن مخراق بھی کہا جاتا ہے'' فریابی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۰۰ھ کے بعد فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

۱۸۱۳۔ ق۔ داود بن مدرک:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۸۱۴۔ د، س۔ داود بن معاذ عتکی، ابوسلیمان، مخلد بن حسین کا نواسہ یا بھانجا، بصری:

مصیصہ فروکش ہوا دسویں طبقہ سے ہے ۲۳۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

☆ داود بن معاویہ:

درست ہارون ہے۔ (=۷۲۴۱)

۱۸۱۵۔ س۔ داود بن منصور نسائی، ابوسلیمان ثغری:

پہلے بغداد پھر مصیصہ فروکش ہوا، نوویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے وہم کر جاتا ہے (امام) احمد (رحمہ اللہ) نے عہدہ قضاء کے لئے اسے ناپسند کیا ہے ۲۲۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۸۱۶۔ س۔ داود بن نصیر، ابوسلیمان طائی، کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ فقیہ زاہد'' راوی ہے ۱۶۰ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۶۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۸۱۷۔ خت، م، ۴۔ داود بن ابو ہند قشیری ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوبکر یا ابومحمد، بصری:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ متقن'' راوی ہے آخر عمر میں وہم کر جاتا تھا ۱۴۰ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

۱۸۱۸۔ بخ، ت، ق۔ داود بن یزید بن عبدالرحمٰن اودی، زعافری، ابویزید کوفی، اعرج:

عبداللہ بن ادریس کا چچا ہے اور چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۱۵۱ھ میں فوت ہوا۔

۱۸۱۹۔س۔داود، سراج ثقفی، مصری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆داود طفاوی:

یہ ابن راشد ہے اس کا ترجمہ گزر چکا۔ (=۱۷۸۳)

۱۸۲۰۔د،س۔داود، وراق، ابو سلیمان بصری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ یہ داود بن ابو ہند ہے مگر یہ بات صحیح نہیں ہے۔

☆داود، عروہ بن مسعود کی اولاد میں سے ایک شخص ہے:

یہ ابن ابو عاصم ہے اس کا ترجمہ گزر چکا۔ (=۱۷۹۳)

۱۸۲۱۔د۔دحیہ بن خلیفہ بن فروہ بن فضالہ کلبی:

جلیل القدر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، حمزہ فروکش ہوئے اور (سیدنا) معاویہ (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت میں فوت ہوئے۔

۱۸۲۲۔د۔دخیل ابن ایاس بن نوح حنفی، یمامی:

چھٹے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۱۸۲۳۔عخ،د،س،ق۔دخین ابن عامر حجری، ابو لیلیٰ مصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۸۲۴۔بخ،۴۔دراج ابن سمعان، ابو سمح سہمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مصری، قصہ گو:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام عبدالرحمن ہے اور دراج لقب ہے، چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم ہیثم سے اس کی حدیث ضعیف پایا جاتا ہے، ۱۲۶ھ میں فوت ہوا۔

۱۸۲۵۔د،ق۔درست ابن زیاد عنبری، بصری:

بنو قشیر میں فروکش ہوا تھا، آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۸۲۶۔تم۔دَغفَل ''جعفر کے وزن پر ہے'' ابن حنظلہ بن زید سدوسی، نسابہ:

مخضرمی ہے، کہا جاتا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے مگر یہ بات صحیح نہیں ہے، بصرہ فروکش ہوا، ۶۰ھ سے پہلے خوارج سے قتال میں فارس کے مقام پر غرق ہوا۔

۱۸۲۷۔ق۔دَقّاع ابن دغفل قیسی یا سدوسی، ابوروح بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۸۲۸۔د۔دُکین ابن سعد یا سعید، مزنی ''خثعمی بھی کہا گیا ہے'':

کوفہ فروکش ہوا صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے۔

۱۸۲۹۔د۔دَلہم ابن اسود بن عبداللہ بن حاجب عُقیلی، حجازی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۸۳۰۔د،ت،ق۔دلہم بن صالح کندی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۸۳۱۔ق۔دَہثَم ابن قُرّان عکلی ''حنفی بھی کہا جاتا ہے'' یمامی:

ساتویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

۱۸۳۲۔د،س،ق۔دوید بن نافع اموی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوعیسیٰ شامی:

مصر فروکش ہوا، چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ارسال کرتا تھا۔ اسے ذوید بھی کہا گیا ہے۔

۱۸۳۳۔د۔دَیسُم، سدوسی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۸۳۴۔ق۔دَیلَم بن غزوان عبدی، ابوغالب برّاء، بصری:

آٹھویں طبقہ کا صدوق راوی ہے ارسال کرتا تھا۔

۱۸۳۵۔د۔دیلم، حمیری، جیشانی:

انہیں یمن میں سے نبی کریم ﷺ کے پاس سب سے پہلے آنے کی سعادت حاصل ہے۔ یہ (سیدنا) معاذ (رضی

اللہ عنہ) کر بھیجنے پر آئے تھے، پھر فتح مصر میں شریک ہوئے اور وہیں فروکش ہو گئے، جس نے اسے ابو وہب جیشانی کہا ہے اس نے غلطی کی ہے۔

☆ دیلم، ابو وہب جیشانی:

اس کا ترجمہ کنیتوں میں آئے گا۔ (=۸۴۳۱)

۱۸۳۶۔ خ، ق۔ دینار بن عمر اسدی، ابو عمر بزار، کوفی، نابینا:

چھٹے طبقہ کا ''صالح الحدیث'' راوی ہے اس پر رافضیت کا الزام لگایا گیا ہے۔

۱۸۳۷۔ م، س۔ دینار، ابو عبداللہ قراظ، خزاعی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ارسال کرتا ہے۔

۱۸۳۸۔ ع، د، ت۔ دینار کوفی، عیسیٰ کا والد:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۸۳۹۔ د، ت، ق۔ دینار:

کہا گیا ہے کہ یہ عدی بن ثابت کا دادا ہے مگر یہ بات صحیح نہیں ہے۔

☆ دینار، ابو حازم تمار:

اس کا کنیتوں میں ترجمہ آئے گا۔ (=۸۰۳۲)

☆ دینار، سفیان عصفری کا والد:

اس کا نام زیاد ہے۔ (=۲۱۰۸)

حرف الذال

۱۸۴۰۔ع۔ذر بن عبداللہ مُرہبی:

ذر بن عبداللہ مُرہبی، چھٹے طبقہ کا "ثقہ عابد" راوی ہے اس پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے۔

۱۸۴۱۔ع۔ذکوان، ابو صالح سمان زیات، مدنی:

ذکوان ابو صالح، تیسرے طبقہ کا "ثقہ پختہ کار" راوی ہے۔ مختلف علاقوں سے زیتون کا تیل لا کر کوفہ میں بیچا کرتا تھا ۱۰۱ھ میں فوت ہوا۔

۱۸۴۲۔خ،م،د،س۔ذکوان، ابو عمرو مولیٰ عائشہ، مدنی:

ذکوان، ابو عمرو مولیٰ عائشہ، تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۱۸۴۳۔ق۔ذُہَیل ابن عوف بن شماخ تمیمی، طُہَوی:

ذُہَیل ابن عوف بن شماخ تمیمی، طُہَوی، تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۱۸۴۴۔ت،ق۔ذوار بن علبہ حارثی، ابو منذر کوفی:

ذوار بن علبہ حارثی، ابو منذر کوفی، آٹھویں طبقہ کا "ضعیف عابد" راوی ہے۔

۱۸۴۵۔م،ف،ق۔ذؤیب بن حلحلہ ابن عمرو بن کلیب خزاعی، قبیصہ کا والد:

(سیدنا) معاویہ (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ نبی کریم ﷺ کے دور میں فوت ہوا۔

۱۸۴۶۔د۔ذو الجوشن ضبابی، شمر کا والد:

کہا جاتا ہے کہ ان کے والد کا نام شرحبیل ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اوس ہے۔ صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں کوفہ فروکش ہوئے۔ ابو اسحاق ان سے ارسال کرتا ہے اور اس کے علاوہ کوئی اور ان سے روایت نہیں کرتا۔

۱۸۴۷۔ د۔ ذوالزوائد:

مدینہ فروکش ہونیوالے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں کہا جاتا ہے کہ جہنی ہیں۔

۱۸۴۸۔ ت۔ ذوالغرہ جہنی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، کہا گیا ہے کہ ان کا نام یعیش ہے، عبدالرحمٰن بن ابی لیلی ان سے روایت کرتا ہے، ابن ماکولا نے بعض حضرات سے نقل کیا ہے کہ یہ براء بن عازب (رضی اللہ عنہ) ہیں۔

۱۸۴۹۔ قد۔ ذواللحیہ، کلابی:

ذواللحیہ، کلابی، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، کہا گیا ہے کہ اس کا نام شریح ہے۔

۱۸۴۹۔ قد۔ ذواللحیہ، کلابی:

ذواللحیہ، کلابی، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، کہا گیا ہے کہ اس کا نام شریح ہے۔

۱۸۵۰۔ د، ق۔ ذومخمر، حبشی:

ذومخمر، حبشی، شام فروکش ہونیوالے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں اور یہ نجاشی کے بھتیجے ہیں۔

☆ ذوید بن نافع:

دال میں اس کا ترجمہ گزر چکا۔ (=۱۸۳۲)

۱۸۵۱۔ بخ۔ ذیال بن عبید بن حنظلہ حنفی، اعرابی (دیہاتی):

ذیال بن عبید بن حنظلہ حنفی اعرابی، چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۸۵۲۔تم۔راشد بن جندل یافعی،مصری:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۱۸۵۳۔س۔راشد بن داود صنعانی،صنعاء دمشق،ابو مہلب یا ابوداود،برسمی:

چھٹے طبقہ کا صدوق راوی ہیں اس سے وہمات سرزد ہوئے ہیں۔

۱۸۵۴۔بخ ۴۔راشد بن سعد مقرائی،حمصی:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ کثیر الارسال" راوی ہے ۱۰۸ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے ۱۱۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۸۵۵۔ق۔راشد بن سعید بن راشد قرشی،ابوبکر رملی:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۲۳۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۸۵۶۔بخ،م،ت،ق۔راشد بن کیسان عبسی،ابوفزارہ کوفی:

پانچویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۱۸۵۷۔بخ،ق۔راشد بن نجیح حمانی،ابومحمد بصری:

پانچویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے۔

۱۸۵۸۔ق۔راشد:

وابصہ سے روایت کرتا ہے اسے راشد بن ابو راشد بھی کہا جاتا ہے۔مجہول ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ یہ راشد بن سعد مقرائی ہو۔

۱۸۵۹۔ت،ق۔رافع بن اسحاق مدنی،شفاء کا غلام:

اسے ابوعیسیٰ مدنی بھی کہا جاتا ہے تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۱۸۶۰۔س۔رافع بن اسید بن ظہیر انصاری، خزرجی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۸۶۱۔ع۔رافع بن خدیج بن رافع بن عدی حارثی، اوسی، انصاری:

ان کی شرکت کا پہلا معرکہ احد پھر خندق ہے ۷۳ھ یا ۷۴ھ میں فوت ہوئے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوئے۔

۱۸۶۲۔د۔رافع بن رفاعہ:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے باندی کی اجرت سے متعلقہ حدیث آئی ہے کہا جاتا ہے کہ یہ تابعی ہیں اوران کی حدیث مرسل ہے۔اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ رافع بن خدیج ہیں۔

۱۸۶۳۔د،س۔رافع بن سلمہ بن زیاد بن ابو جعد غطفانی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۸۶۴۔مس۔رافع بن سلمہ بجلی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۸۶۵۔د،س۔رافع بن سنان اوسی، ابوالحکم مدنی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آئی ہے مگر اس کی سند مختلف فیہ ہے۔

۱۸۶۶۔م،د،ت،ق۔رافع بن عمرو غفاری، ابوجبیر:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کا اہل بصرہ میں شمار ہوتا ہے۔

۱۸۶۷۔د،س،ق۔رافع بن عمرو مزنی، عائذ بن عمرو کا بھائی:

بصرہ فروکش ہونیوالے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، (سیدنا) معاویہ (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت تک زندہ رہے۔

۱۸۶۸۔خ۔رافع بن مالک بن عجلان انصاری:

اہل عقبہ میں سے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں اوران کا بیٹا رفاعہ غزوہ بدر میں شریک ہوا تھا۔

۱۸۶۹۔د۔رافع بن مکیث :

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں حدیبیہ اور فتح مکہ میں شریک ہوئے اور فتح مکہ میں جہینہ کا علم انہی کے پاس تھا۔

۱۸۷۰۔م۔رافع ،ابوالجعد غطفانی کوفی ،سالم کا والد:

مخضرمی ہے ابن حبان نے اس کی توثیق کی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں۔

۱۸۷۱۔خ،م،ت،س۔رافع ،مروان بن حکم کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

رباح نام کے راویوں کا ذکر

۱۸۷۲۔د،س،ق۔رباح بن ربیع اُسَیِّدی،حنظلہ کاتب کا بھائی:

صحابی(رضی اللہ عنہ)ہیں ان سے حدیث آتی ہے،انہیں ریاح بھی کہا جاتا ہے۔

۱۸۷۳۔د،س۔رباح بن زید قرشی''ولاء کی وجہ سے ہے''صنعانی:

نویں طبقہ کا''ثقہ فاضل''راوی ہے بعمر ۸۱ برس ۷۸اھ میں فوت ہوا۔

۱۸۷۴۔ت،ق۔رباح بن عبدالرحمٰن بن ابوسفیان بن حویطب قرشی عامری،ابوبکر حویطبی،مدنی،قاضی حویطب:

زیادہ تر اپنی کنیت سے مشہور ہے اپنے والد کے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے۔پانچویں طبقہ کا''مقبول''راوی ہے ۳۲ھ میں قتل ہوا۔

۱۸۷۵۔بخ،م،ت،س۔رباح بن ابومعروف بن ابوسارہ مکی:

چھٹے طبقہ کا صدوق راوی ہے اس سے اوہامات سرزد ہوئے ہیں۔

۱۸۷۶۔د۔رباح بن ولید بن یزید بن نمران ذِماری:

بعض حضرات نے اسے الٹ کر ولید بن رباح کہہ دیا ہے۔آٹھویں طبقہ کا صدوق''راوی ہے۔

۱۸۷۷۔رباح،کوفی:

تیسرے طبقہ کا''مجہول''راوی ہے۔

۱۸۷۸۔بخ،قد،ت۔ربعی ابن ابراہیم بن مقسم اسدی،ابوالحسن بصری،اسماعیل بن علیہ کا چھوٹا بھائی:

نویں طبقہ کا''ثقہ صالح''راوی ہے ۱۹۷ھ میں فوت ہوا۔

۱۸۷۹۔ع۔ربعی بن حراش، ابومریم عبسی کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ عابد مخضرمی'' راوی ہے ۱۰۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۸۸۰۔بخ،د۔ربعی بن عبداللہ بن جارود بن ابوسَبُرہ، ہذلی بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۸۸۱۔د،تم،ق۔رُبیح ابن عبدالرحمٰن بن ابوابوسعید خدری، مدنی:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام سعید ہے اور ربیح لقب ہے۔ ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۸۸۲۔۴۔ربیع بن انس بکری یا حنفی۔بصری:

خراسان فروکش ہوا، پانچویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے۔

۱۸۸۳۔ت،ق۔ربیع بن بدر بن عمرو بن جراد تمیمی سعدی، ابوالعلاء بصری:

اس کا لقب عُلَیْلَہ ہے آٹھویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ۱۷۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۸۸۴۔ت،س۔ربیع بن براء بن عازب انصاری کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۸۸۵۔ق۔ربیع بن حبیب بن ملاح کوفی عبسی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' احول، عائذ بن حبیب کا بھائی:

ساتویں طبقہ کا صدوق راوی ہے نوفل بن عبدالملک سے روایت لینے کی وجہ سے اس کی تضعیف کی گئی ہے (امام) ابواحمد حاکم (رحمہ اللہ) نے کہا ہے کہ اس روایت کا بوجھ نوفل کے سر پر ہے۔

۱۸۸۶۔تمییز۔ربیع بن حبیب حنفی، ابوسلمہ بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ پہلے والا ہی راوی ہے۔

۱۸۸۷۔د۔ربیع بن خالد ضبی، کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، جماجم میں قتل ہوا۔

۱۸۸۸۔خ،م،قد،ت،س،ق۔ربیع بن خُثَیم ابن عائذ بن عبداللہ ثوری، ابویزید کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ عابد، مخضرمی'' راوی ہے، (سیدنا) ابن مسعود (رضی اللہ عنہ) نے اس کے بارے میں کہا کہ

اگر اس نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا ہوتا تو میں اس سے بہت محبت کرتا ۲۱ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۳ھ میں ہوا۔

۱۸۸۹۔د،س۔ربیع بن روح لاحوئی حمصی:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۸۹۰۔د،س۔ربیع بن زیاد حارثی، بصری:

دوسرے طبقہ کا مخضری راوی ہے، صاحب کمال نے ذکر کیا ہے کہ یہ ابوفراس ہے جس نے (سیدنا) عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) سے روایت کیا ہے مگر (حافظ) مزی (رحمہ اللہ) نے اس کا رد کیا ہے۔

۱۸۹۱۔مد،س۔ربیع بن زیاد خزاعی:

اسے ربیعہ اور ابن زید بھی کہا جاتا ہے اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے ابن حبان نے ثقہ تابعین میں ذکر کر کے کہا ہے کہ مرسل احادیث روایت کرتا ہے۔

۱۸۹۲۔م،۴۔ربیع بن سبرہ بن معبد جہنی، مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۸۹۳۔د،س۔ربیع بن سلیمان بن داود جیزی، ابومحمد ازدی مصری، اعرج:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۵۶ھ میں فوت ہوا۔

۱۸۹۴۔۴۔ربیع بن سلیمان بن عبدالجبار مرادی، ابومحمد مصری مؤذن، شافعی کا ساتھی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بعمر ۹۶ برس ۲۷۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۸۹۵۔خت، ت، ق۔ربیع بن صبیح سعدی بصری:

ساتویں طبقہ کا صدوق برے حافظہ والا راوی ہے اور عبادت گزار مجاہد تھا، رامہرمزی کا کہنا ہے کہ یہ پہلا شخص ہے جس نے بصرہ میں کتابیں تصنیف کیں ۱۶۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۸۹۶۔تخ۔ربیع بن عبداللہ بن خطاف احدب، ابومحمد بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس پر قدری ہونے کا الزام لگایا گیا ہے۔

۱۸۹۷۔م،۴۔ربیع بن عُمَیلہ، کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۸۹۸۔س۔ربیع بن لوط انصاری:

براء بن عازب (رضی اللہ عنہ) کی اولاد میں سے ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ان کا بھتیجا ہے۔ چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۸۹۹۔س۔ربیع بن محمد بن عیسیٰ کندی، ابوالفضل لاذقی:

گیارھویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۱۹۰۰۔د۔ربیع بن محمد، تابعی:

مرسل حدیث نقل کرتا ہے تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۹۰۱۔بخ،م،د،ت،س۔ربیع بن مسلم جمحی، ابوبکر بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۶۷ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۰۲۔خ،م،د،س،ق۔ربیع بن نافع، ابوتوبہ حلبی:

طرطوس فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ حجہ عابد'' راوی ہے ۲۴۱ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۰۳۔خ،د۔ربیع بن یحییٰ بن مقسم اُشنانی، ابوالفضل بصری:

دسویں طبقہ کے کبار راویوں میں سے صدوق صاحب اوہام راوی ہے ۲۲۴ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۰۴۔ت،س۔ربیعہ بن حارث بن عبدالمطلب ہاشمی، نبی کریم ﷺ کا چچازاد بھائی:

اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے (سیدنا) عمر (رضی اللہ عنہ) کے ابتدائی دور خلافت میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ آخر میں ہوا۔

☆ربیعہ بن زیاد:

ربیع کے ترجمہ میں اس کا ذکر گزر چکا۔ (=۱۸۹۱)

۱۹۰۵۔ت۔ربیعہ بن سلیم یا ابن ابوسلیم تجیبی۔ابومرزوق یا ابوعبدالرحمٰن:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۹۰۶۔د،ت،س۔ربیعہ بن سیف بن مانع معافری اسکندرانی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس سے منکر روایتیں آئی ہیں ۲۰ھ کے قریب فوت ہوا۔

۱۹۰۷۔۴۔ربیعہ بن شیبان سعدی،ابوالحوراء،بصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۹۰۸۔س۔ربیعہ بن عامر بن بجاد''ابن ہاد بھی کہا گیا ہے''ازدی یا دیلمی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آئی ہے۔

۱۹۰۹۔خ،د۔ربیعہ بن عبداللہ بن ہدیر:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے، کہا جاتا ہے کہ عبداللہ اور ہدیر کے درمیان ربیعہ ہے۔اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے اور ابن حبان نے اسے ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے ۹۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۱۰۔تمییز،د۔ربیعہ بن عبدالرحمٰن بن حصن غنوی:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۹۱۱۔ع۔ربیعہ بن ابوعبدالرحمٰن تیمی''ولاء کی وجہ سے ہے''ابوعثمان مدنی،المعروف ربیعۃ الرائے:

اس کے والد کا نام فروخ ہے، پانچویں طبقہ کا ''ثقہ فقیہ مشہور'' راوی ہے صحیح قول کے مطابق ۳۶ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۳۳ھ میں ہوا (امام) باجی (رحمہ اللہ) کا کہنا ہے کہ ۴۲ھ میں ہوا۔

۱۹۱۲۔د،س۔ربیعہ بن عتبہ''ابن عبید بھی کہا جاتا ہے''کنانی،کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۹۱۳۔م،س،ق۔ربیعہ بن عثمان بن ربیعہ بن عبداللہ بن ہدیر تیمی،ابوعثمان مدنی:

اس کے دادا کا ذکر گزر چکا، چھٹے طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے بعمر ۷۷ برس ۵۴ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۱۴۔م،س۔ربیعہ بن عطاء زہری "ولاء کی وجہ سے ہے" مدنی، ابن سباع کا غلام:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۱۹۱۵۔۴۔ربیعہ بن عمرو "اسے ابن حارث دمشقی بھی کہا جاتا ہے":

یہ ربیعہ بن غاز، ابو غاز جرشی ہے اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے ۶۴ھ میں مرج راہط کے دن قتل ہوا اور فقیہ تھا، (امام) دارقطنی وغیرہ نے اس کی توثیق کی ہے۔

۱۹۱۶۔بخ۔م۔۴۔ربیعہ بن کعب بن مالک اسلمی، ابو فراس مدنی:

اصحاب صفہ میں سے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، بعض حضرات نے ربیعہ اور ابو فراس اسلمی میں فرق کیا ہے، ربیعہ ۶۳ھ میں واقعہ حرہ کے بعد فوت ہوا۔

۱۹۱۷۔بخ،م،س۔ربیعہ بن کلثوم بن جَبر بصری:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے وہم کر جاتا ہے۔

۱۹۱۸۔س،ق۔ربیعہ بن ناجد، ازدی کوفی:

دوسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے، کہا جاتا ہے کہ ابو صادق اس سے روایت کرتا ہے اور اس کا بھائی ہے۔

۱۹۱۹۔ع۔ربیعہ بن یزید دمشقی، ابو شعیب ایادی، قصیر (بونا):

چوتھے طبقہ کا "ثقہ عابد" راوی ہے ۱۲۱ھ یا ۱۲۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۲۰۔خت،م،۴۔رجاء بن حَیوہ کندی، ابو مقدام "ابو نصر بھی کہا جاتا ہے"، فلسطینی:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ فقیہ" راوی ہے ۱۱۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۲۱۔م،د،س،ق۔رجاء بن ربیعہ زُبیدی، ابو اسماعیل کوفی:

تیسرے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۱۹۲۲۔بخ۔رجاء بن ابو رجاء باہلی، بصری:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۱۹۲۳۔ تمییز۔ رجاء بن ابو رجاء:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ رجاء بن حارث ہے جو کہ ایک ضعیف راوی ہے۔

۱۹۲۴۔ مد، س، ق۔ رجاء بن ابوسلمہ مہران ابومقدام فلسطینی، بصری الاصل:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ فاضل'' راوی ہے، بعمر ۷۰ برس ۱۶۱ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۲۵۔ (خ) رجاء بن سندی، نیشاپوری، ابومحمد اسفرایینی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۲۱ھ میں فوت ہوا، (امام) بخاری (رحمہ اللہ) کا اپنی صحیح میں اس سے روایت کرنا ثابت نہیں۔

۱۹۲۶۔ ت۔ رجاء بن صبیح حرشی، ابویحیٰ بصری، صاحب سقط:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۹۲۷۔ ت۔ رجاء بن محمد بن رجاء عذری، ابوالحسن بصری، سقطی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۱۹۲۸۔ د، ق۔ رجاء بن مرجی غفاری، مروزی:

سمرقند فروکش ہوا، گیارہویں طبقہ کا ''حافظ ثقہ'' راوی ہے ۲۴۹ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۲۹۔ د، ق۔ رجاء انصاری، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۹۳۰۔ ت۔ رُحَیل ابن معاویہ بن حُدَیج جعفی، ابوخیثمہ زہیر کا بھائی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۹۳۱۔ بخ، د۔ رَدَّاد، لیثی ''بعض حضرات نے ابورَدَّاد کہا ہے اور یہ زیادہ صحیح ہے'' حجازی:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۹۳۲۔ بخ۔ رُدَیح ابن عطیہ قرشی، بیت المقدس کا مؤذن:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غریب احادیث لاتا ہے۔

۱۹۳۳۔ مس۔ رزام ابن سعید ضبی، کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۹۳۴۔ س، ق۔ رزق اللہ بن موسیٰ ناجی، بغدادی اسکافی ''کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عبدالاکرم ہے'':

دسویں طبقہ کا صدوق راوی ہے وہم کر جاتا ہے ۲۵٦ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۳۵۔ خت، س۔ رُزَیق ابن حُکَیم، ابوحکیم اَیلی:

اسے زریق بن حیان بھی کہا جاتا ہے، چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۹۳٦۔ م۔ رُزَیق بن حیان دمشقی، ابومقدام:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام سعید بن حیان ہے اور رزیق لقب ہے، چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، بعمر ۸۰ برس ۱۰۵ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۳۷۔ د۔ رزیق بن سعید بن عبدالرحمٰن مدنی:

اسے رزق بھی کہا جاتا ہے، آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۹۳۸۔ ق۔ رزیق، ابوعبداللہ الہانی حمصی:

پانچویں طبقہ کا صدوق صاحب اوہام راوی ہے۔

۱۹۳۹۔ ت۔ رَزِین ابن حبیب جہنی یا بکری، کوفی رُمّانی، تمار بیاع الانماط:

کہا جاتا ہے کہ رزین جہنی رمانی، رزین بیاع الانماط نہیں ہے، جہنی وہ ہے جس کی ترمذی نے روایت نقل کی ہے اور (امام) احمد (رحمہ اللہ) اور (امام) ابن معین (رحمہ اللہ) نے اس کی توثیق کی ہے جبکہ دوسرا مجہول ہے اور یہ دونوں دوسرے طبقہ سے ہیں۔

۱۹۴۰۔ س۔ رزین بن سلیمان احمری:

بعض حضرات نے اس کے نام کو الٹ دیا ہے ہے اور اسے سالم بن رزین بھی کہا گیا ہے، تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆رزین بن عبدالرحمٰن، ابوخصیب:

درست زیاد بن عبدالرحمٰن ہے۔(=۲۰۸۹)

۱۹۴۱۔عس۔رزین بن عقبہ:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۹۴۲۔ت،ق۔رِشدِین ابن سعد بن مفلح مَہری، ابوالحجاج مصری:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے (امام) ابوحاتم (رحمہ اللہ) نے اس پر ابن لہیعہ کو ترجیح دی ہے، ابن یونس (رحمہ اللہ) کا کہنا ہے کہ کہ دین کے لحاظ سے صالح تھا تو صالحین کی غفلت اس پر حدیث کے بارے میں اثر انداز ہوئی، ۷۸ برس عمر پا کر ۱۸۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۴۳۔ت،ق۔رشدین بن کریب بن ابومسلم ہاشمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوکریب مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۹۴۴۔عس۔رفاعہ بن ایاس بن نذیر ضبی، کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، نوے برس سے زائد عمر پا کر ۱۸۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۱۹۴۵۔خ،د،ت،س۔رفاعہ بن رافع بن خدیج انصاری، حارثی، مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۹۴۶۔خ،۴۔رفاعہ بن رافع بن مالک بن عجلان، ابومعاذ انصاری:

بدری (صحابی رضی اللہ عنہ) ہیں ان کے والد محترم کا ذکر گزر چکا۔(سیدنا) معاویہ (رضی اللہ عنہ) کے ابتدائی دور خلافت میں فوت ہوئے۔

۱۹۴۷۔س،ق۔رفاعہ بن شداد بن عبداللہ بن قیس قتبانی، ابوعاصم کوفی:

تیسرے طبقہ کے کبار راویوں میں سے ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆رفاعہ بن عبدالمنذر، ابولبابہ انصاری:

اس کا ترجمہ کنیتوں میں آئے گا۔(۸۳۲۹)

۱۹۴۸۔س،ق۔رفاعہ بن عرابہ جہنی، مدنی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

۱۹۴۹۔م۔رفاعہ بن ہیثم بن حکم واسطی، ابوسعید:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆رفاعہ بن یثربی، ابورمثہ:

اس کا ترجمہ کنیتوں میں آئے گا۔(=۸۱۰۲)

۱۹۵۰۔د،ت،س۔رفاعہ بن یحییٰ بن عبداللہ بن رفاعہ بن رافع بن مالک بن عجلان انصاری، مسجد بنوزریق کا امام:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۹۵۱۔د۔رفاعہ بن عوف، ابومطیع:

اسے ابورفاعہ بھی کہا جاتا ہے، تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۹۵۲۔ق۔رفدہ ابن قضاعہ غسانی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' دمشقی:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔۸۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۱۹۵۳۔ع۔رفیع ابن مہران، ابوعالیہ ریاحی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ کثیرالارسال'' راوی ہے۔۹۰ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۹۳ھ یا اس کے بعد ہوا۔

۱۹۵۴۔خ،م،د،ت،س،فق۔رقبہ ابن مصقلہ عبدی کوفی، ابوعبداللہ:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ مامون'' راوی ہے اور مزاق کیا کرتا تھا،۲۹ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۵۵۔د،ت،ق۔رکانہ ابن عبدیزید بن ہاشم بن مطلب بن عبد مناف مطلبی:

فتح مکہ کے موقع پر اسلام لائے اور پھر مدینہ منورہ رہائش پزیر ہو گئے اور (سیدنا) معاویہ (رضی اللہ عنہ) کے ابتدائی دور خلافت میں فوت ہوئے۔

۱۹۵۶۔بخ،م،س۔رُکَین ابن ربیع بن عَمیلہ فزاری،ابوربیع کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۳۱ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۵۷۔ت۔رُمَیح،جذامی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۹۵۸۔ق۔رَوّاد ابن جراح،ابوعصام عسقلانی،خراسانی الاصل:

نویں طبقہ کا صدوق راوی ہے آخر عمر میں عارضہ اختلاط میں مبتلا ہوگیا تھا جس کی وجہ سے ترک کردیا گیا اور ابراہیم نخعی سے اس کی احادیث میں شدید ضعف پایا جاتا ہے۔

۱۹۵۹۔خت۔رُؤبہ ابن عجاج،مشہور رجزیہ شاعر،تمیمی پھر سعدی:

''فصیح،روایت حدیث میں کمزور'' راوی ہے،جنگل میں ۱۴۵ھ کو فوت ہوا،(حافظ) مزی(رحمہ اللہ) نے اس کا ذکر چھوڑ دیا ہے۔

۱۹۶۰۔ت۔روح بن اسلم باہلی،ابوحاتم بصری:

نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۲۰۰ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۶۱۔ت،ق۔روح بن جناح''ولاء کی وجہ سے ہے''ابوسعد دمشقی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ابن حبان نے اسے متہم بالکذب کیا ہے۔

۱۹۶۲۔ع۔روح بن عبادہ بن علاء بن حسان قیسی،ابومحمد بصری:

روح بن عبادہ بن علاء،بن حسان قیسی،نویں طبقہ کا ''ثقہ فاضل،صاحب تصانیف'' راوی ہے ۲۰۵ھ یا ۲۰۷ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۶۳۔خ۔روح بن عبدالمؤمن ہذلی''ولاء کی وجہ سے ہے''ابوالحسن بصری مقری:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۳۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۶۴۔ق۔روح بن عنبسہ بن سعید اموی''ولاء کی وجہ سے ہے''بصری:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۹۶۵۔ق۔روح بن فرج بزاز، ابوالحسن بغدادی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۹۶۶۔تمیز۔روح بن فرج سواق، موصلی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۹۶۷۔تمیز۔روح بن فرج قطان، ابوزنباع، مصری:

روح بن فرج قطان، گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے عمر ۸۲ھ برس ۸۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۶۸۔تمیز۔روح بن فرج بن زکریا بن عبداللہ بغدادی، ابوحاتم مؤدب:

بارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۹۶۹۔تمیز۔روح بن فرج بصری:

بارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۹۷۰۔خ،م،د،س،ق۔روح بن قاسم تمیمی عنبری، ابوغیاث بصری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ابن حبان کے بیان کے مطابق ۱۴۱ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۷۱۔بخ،د،ت،س۔رویفع ابن ثابت بن سکن بن عدی بن حارثہ انصاری، مدنی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں مصر فروکش ہوئے اور برقہ کے مقام پر گورنر مقرر ہوئے اور وہیں ۵۶ھ میں فوت ہوئے۔

۱۹۷۲۔د،س،ق۔ریاح ابن حارث نخعی، ابوالمثنی کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ریاح بن ربیع:

رباح کے ترجمہ میں اس کا ذکر گزر چکا۔ (=۱۸۷۲)

۱۹۷۳۔خد۔ریاح بن عبیدہ باہلی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' کوفی:

حجاز فروکش ہوا، چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۹۷۴۔ د، س۔ ریحان بن سعید بن مثنی سامی، ناجی، ابو عصمہ بصری:

نویں طبقہ کا صدوق راوی ہے بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے۔

۱۹۷۵۔ د، ت۔ ریحان بن یزید عامری:

تیسرے طبقہ کا مقبول راوی ہے۔

حرف الزاء

۱۹۷۶۔ بخ،م،۴۔زاذان،ابوعمر کندی،بزاز:

اس کی کنیت ابوعبداللہ ہے۔دوسرے طبقہ کا صدوق،شیعہ راوی ہے ارسال کرتا ہے۸۲ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۷۷۔زاذان،ابویحییٰ قتات:

اس کا ترجمہ کنیتوں میں آئے گا۔(=۸۴۴۴)

۱۹۷۸۔بخ،د۔زارع بن عامر عبدی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کا شمار بصرہ کے دیہاتی حضرات میں ہوتا ہے۔

۱۹۷۹۔ت،س،ق۔زافر ابن سلیمان ایادی،ابوسلیمان قہستانی:

پہلے ری پھر بغداد فروکش ہوا اور بجستان میں قضاء کے عہدہ پر متعین رہا،نویں طبقہ کا ''صدوق کثیر الاوہام'' راوی ہے۔

۱۹۸۰۔خ۔زاہر بن اسود بن حجاج اسلمی،مجزاۃ کا والد:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے اور (سیدنا) معاویہ (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت تک زندہ رہا۔

۱۹۸۱۔س۔زائدہ بن ابوزقاد،باہلی،ابومعاذ بصری صیرفی:

آٹھویں طبقہ کا ''منکر الحدیث'' راوی ہے۔

۱۹۸۲۔ع۔زائدہ بن قدامہ ثقفی،ابوصلت کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار متبع سنت'' راوی ہے ۱۶۰ھ کو فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۱۹۸۳۔د،ت،ق۔زائدہ بن نشیط،کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۹۸۴۔مد۔زبان:

نبی کریم ﷺ سے مرسلاً روایت کرتا ہے، پانچویں طبقہ سے ہے۔

۱۹۸۵۔بخ،د،ت،ق۔زبان بن فائد، ابوجوین حمراوی:

چھٹے طبقہ کا عبادت گزاری کے باوصف ''روایت حدیث میں ضعیف'' راوی ہے۔

۱۹۸۶۔د۔زبرقان بن عبداللہ ضمری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۰ ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۸۷۔د،س،ق۔زبرقان بن عمرو بن امیہ ''ابن عبداللہ بن عمرو بن امیہ بھی کہا جاتا ہے'':

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، اکثر حضرات نے پہلے راوی اور اس میں فرق نہیں کیا۔

۱۹۸۸۔د۔زُبَیب ابن ثعلبہ بن عمرو تمیمی عنبری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، بصرہ فروکش ہوئے۔

۱۹۸۹۔ع۔زُبَید ابن حارث بن عبدالکریم بن عمرو بن کعب یامی، ابوعبدالرحمٰن کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار عابد'' راوی ہے ۲۱ ھ یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۱۹۹۰۔خ۔زبیر بن ابواسید ساعدی:

کہا گیا ہے کہ اس کے والد کا نام منذر ہے اپنے دادا کی طرف نسبت کیا گیا ہے، تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۹۹۱۔ق۔زبیر بن بکار بن عبداللہ بن مصعب ابن ثابت بن عبداللہ بن زبیر اسدی مدنی، ابوعبداللہ ابن ابوبکر، قاضی مدینہ:

دسویں طبقہ کے صغار راویوں میں سے ثقہ راوی ہے سلیمانی نے اس کی تضعیف کر کے غلطی کی ہے ۵۶ ھ میں فوت ہوا۔

۱۹۹۲۔ت۔زبیر بن جنادہ ہجری، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۹۹۳۔ خ، م، د، ت، ق۔ زبیر بن خِرّیت بصری:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۱۹۹۴۔ د۔ زبیر بن خُریق جزری، مولیٰ عائشہ:

پانچویں طبقہ کا روایت حدیث میں کمزور راوی ہے۔

۱۹۹۵۔ د، ت، ق۔ زبیر بن سعید بن سلیمان بن سعید بن نوفل بن حارث بن عبدالمطلب ہاشمی، مدنی:

مدائن فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے ۱۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۱۹۹۶۔ ق۔ زبیر بن سلیم:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۹۹۷۔ مد۔ زبیر بن عبداللہ بن ابو خالد اموی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

اسے ابن رہیمہ بھی کہا جاتا ہے ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۱۹۹۸۔ کن۔ زبیر بن عبدالرحمٰن بن زبیر قُرظی، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اور اس کے دادا کے نام میں زبیر پر فتحہ ہے۔

۱۹۹۹۔ ق۔ زبیر بن عبید:

نافع سے روایت کرتا ہے ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۰۰۰۔ د۔ زبیر بن عثمان بن عبداللہ بن سراقہ عدوی، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۱۱۳ھ میں قتل ہوا۔

۲۰۰۱۔ ع۔ زبیر بن عدی ہمدانی، یامی، ابو عبداللہ کوفی:

ری میں قضاء کے عہدے پر مقرر رہا، پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۳۱ھ میں فوت ہوا۔

۲۰۰۲۔ خ، ت، س۔ زبیر بن عربی نمری، ابو سلمہ بصری:

چوتھے طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۲۰۰۳۔ع۔زبیر بن عوام بن خویلد بن اسد بن عبدالعزی بن قصی بن کلاب، ابوعبداللہ قرشی، اسدی:

عشرہ مبشرہ (رضی اللہ عنہم) میں سے ہیں جنگ جمل سے لوٹنے کے بعد ۳۶ھ میں قتل ہوئے۔

۲۰۰۴۔ق۔زبیر بن منذر بن ابواسید ساعدی:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ وہی راوی ہے جو گزر چکا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ایک دوسرا راوی ہے، چھٹے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۲۰۰۵۔قد۔زبیر بن موسیٰ بن میناء مکی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۰۰۶۔د،س۔زبیر بن ولید شامی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۰۰۷۔س۔زبیر تمیمی، حنظلی بصری، محمد کا والد:

پانچویں طبقہ کا ''روایت حدیث میں قدرے کمزور'' راوی ہے۔

۲۰۰۸۔ع۔زر ابن حبیش ابن حباشہ اسدی کوفی، ابومریم:

جلیل القدر ثقہ مخضرمی راوی ہے عمر ۱۲۷ برس ۸۱ھ یا ۸۲ھ یا ۸۳ھ میں فوت ہوا۔

۲۰۰۹۔ع۔زرارہ ابن اوفی عامری، حرشی، ابوحاجب بصری، قاضی بصرہ:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۹۳ھ کو نماز کی حالت میں اچانک فوت ہوا۔

۲۰۱۰۔بخ،د،س۔زرارہ بن کریم بن حارث بن عمرو سہمی، باہلی:

اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے، ابن حبان نے اسے ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے۔

۲۰۱۱۔ت۔زرارہ بن مصعب بن عبدالرحمٰن بن عوف زہری، مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۰۱۲۔تمییز۔زرارہ بن مصعب بن شیبہ عبدری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆زرارہ:

وتر کے متعلقہ ابن ابزی سے اس نے روایت نقل کی ہے، درست عزرہ ہے۔

☆زرارہ:

عائشہ (رضی اللہ عنہا) سے روایت کرتا ہے، درست ابن زرارہ ہے جو کہ محمد بن عبدالرحمٰن بن سعد بن زرارہ ہے۔

۲۰۱۳۔ت،ق۔زربی ابن عبداللہ ازدی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابویحیٰی بصری، مسجد ہشام بن حسان کا امام:

پانچویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۲۰۱۴۔ق۔زرعہ بن عبداللہ یا ابن عبدالرحمٰن انصاری بیاضی، مدنی:

چھٹے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے، کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عقبہ ہے۔

۲۰۱۵۔د،کن۔زرعہ بن عبدالرحمٰن بن جرہد اسلمی، مدنی:

تیسرے طبقہ سے ہے (امام) نسائی (رحمہ اللہ) نے اس کی توثیق کی ہے۔

۲۰۱۶۔ر۔زرعہ بن عبدالرحمٰن، ابوعبدالرحمٰن، کوفی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆زرعہ، ابوعمرو، سیبانی:

اس کا ترجمہ کنیتوں میں آئے گا۔ (=۸۲۷۴)

☆زرعہ، ابوعمرو:

ابوامامہ سے روایت کرتا ہے، درست ابوزرعہ یحیٰی بن ابوعمرو ہے اس کا ترجمہ آئے گا۔ (=۷۶۱۶)

☆زریق بن حیان:

راء میں گزر چکا۔ (۱۹۳۶)

۲۰۱۷۔س۔زُفَر ابن اوس بن حَدَثان، نصری مدنی:

کہا جاتا ہے کہ اسے رویت کا شرف حاصل ہے اور اس کے والد محترم مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں۔

۲۰۱۸۔د،س۔زفر بن صعصعہ بن مالک:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۰۱۹۔د۔زفر بن وثیمہ ابن مالک بن اوس بن حدثان، نصری دمشقی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۰۲۰۔ع۔زکریا بن اسحاق مکی:

چھٹے طبقہ کا ثقہ راوی ہے اس پر قدری ہونے کا الزام لگایا گیا ہے۔

۲۰۲۱۔خت۔زکریا بن خالد:

ابوزناد سے روایت کرتا ہے، ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۰۲۲۔ع۔زکریا بن ابوزائدہ خالد ''ھبیرہ بھی کہا جاتا ہے'' ابن میمون بن فیروز ھمدانی وادعی، ابو یحییٰ کوفی:

چھٹے طبقہ کا ثقہ راوی ہے تدلیس کرتا تھا اور ابواسحاق سے اس کا آخر میں سماع ہے۔ ۱۴۷ھ یا ۱۴۸ھ یا ۱۴۹ھ کو فوت ہوا۔

۲۰۲۳۔د،س۔زکریا بن سلیم، ابوعمران بصری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۰۲۴۔رخ، م، مد، ت، س، ق۔زکریا بن عدی بن صلت تیمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو یحییٰ کوفی، یوسف کا بھائی:

بغداد فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ثقہ جلیل القدر حافظ حدیث راوی ہے ۲۱۱ھ یا ۲۱۲ھ میں فوت ہوا۔

۲۰۲۵۔تمییز۔زکریا بن عدی حکمی:

شعبی سے روایت کرتا ہے، اسے زکریا بن حکیم بھی کہا گیا ہے، ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۲۰۲۶۔ق۔زکریا بن منظور بن ثعلبہ قرظی، ابو یحییٰ مدنی:

اسے زکریا ابن یحییٰ بن منظور بھی کہا جاتا ہے اپنے دادا کی طرف نسبت کیا گیا ہے، آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۲۰۲۷۔ق۔زکریا بن میسرہ بصری:

ساتویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۲۰۲۸۔س۔زکریا بن یحییٰ بن ایاس بن سلمہ سجزی، ابو عبدالرحمٰن:

دمشق فروکش ہوا، خیاط السنہ کے لقب سے مشہور ہے، بارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے عمر ۹۴ برس ۲۸۹ھ میں فوت ہوا۔

۲۰۲۹۔تمییز۔زکریا بن یحییٰ ساجی بصری:

بارہویں طبقہ کا ''ثقہ فقیہ'' راوی ہے ۳۰۷ھ میں فوت ہوا۔

۲۰۳۰۔خ۔زکریا بن یحییٰ بن زکریا بن ابوزائدہ وداعی، ابوزائدہ کوفی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۰۳۱۔خ۔زکریا بن ابوزکریا یحییٰ بن صالح بن سلیمان بلخی، ابویحییٰ لولوی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے عمر ۵۷ برس ۲۳۲ھ یا ۲۳۳ھ میں فوت ہوا۔

۲۰۳۲۔م۔زکریا بن یحییٰ بن صالح قضاعی، ابویحییٰ مصری، بحری، کاتب عمری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۴۲ھ کو فوت ہوا۔

۲۰۳۳۔بخ، د، س، ق۔زکریا بن یحییٰ بن عمارہ انصاری، ابویحییٰ ذارع بصری:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے، ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غلطی کر جاتا ہے۔

۲۰۳۴۔خ۔زکریا بن یحییٰ بن عمر بن حصن طائی، ابوسکین، کوفی خزاز:

دسویں طبقہ کا صدوق راوی ہے اس سے اوہامات سرزد ہوئے ہیں جس کی وجہ سے (امام) دارقطنی (رحمہ اللہ) نے اسے کمزور کہا ہے ۲۵۱ھ میں فوت ہوا۔

۲۰۳۵۔م۔مد، ت، س، ق۔زمعہ ابن صالح جندی یمانی، ابووہب:

مکہ فروکش ہوا، چھٹے طبقہ کا ضعیف راوی ہے اور (امام) مسلم (رحمہ اللہ) کے نزدیک اس کی حدیث مقرون ہے

(یعنی دوسرے ثقہ راوی کی روایت کے ساتھ ملا کر روایت کی گئی ہے)۔

۲۰۳۶۔د،س۔ زُمَیل ابن عباس اسدی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۰۳۷۔ق۔ زنباع بن روح جذامی، فلسطینی، روح کا والد:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے دو حدیثیں آئی ہیں۔

۲۰۳۸۔ت۔ زنفل ''جعفر کے وزن پر ہے'' عُرَفی، مکی:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۲۰۳۹۔خ،م،ت،س۔ زہدم ''جعفر کے وزن پر ہے'' ابن مضرب جرمی، ابو مسلم بصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۰۴۰۔خ،۴۔ زُہرہ ابن معبد بن عبداللہ ابن ہشام قرشی تیمی، ابو عقیل مدنی:

مصر فروکش ہوا، چوتھے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۲۷ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ۳۵ھ کو ہوا۔

۲۰۴۱۔س۔ زہرہ:

زید بن ثابت سے روایت کرتا ہے تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆زہیر بن اقمر، ابو کثیر:

کنیتوں میں آئے گا۔ (=۸۳۲۳)

۲۰۴۲۔خ،م،د،س،ق۔ زہیر بن حرب بن شداد، ابوخیثمہ نسائی:

بغداد فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے (امام) مسلم (رحمہ اللہ) نے ایک ہزار سے بھی زائد حدیثیں اس سے نقل کی ہیں، بعمر ۷۴ برس ۲۳۴ھ میں فوت ہوا۔

۲۰۴۳۔د،ق۔ زہیر بن سالم عنسی، ابو مخارق شامی:

چوتھے طبقہ کا صدوق راوی ہے تاہم روایت حدیث میں اس میں قدرے کمزوری پائی جاتی ہے اور ارسال کرتا تھا۔

۲۰۴۴۔خ،د۔زہیر بن عبداللہ بن جدعان،ابوملیکہ تیمی،مدنی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں،ان کی (سیدنا) ابوبکر صدیق (رضی اللہ عنہ) سے دو کتابوں میں حدیث آئی ہے اور یہ آپ (رضی اللہ عنہ) کے خاندان میں سے ہیں۔

۲۰۴۵۔بخ۔زہیر بن عبداللہ بن ابوجبل:

بصرہ فروکش ہوا،ایک جماعت نے اسے صحابہ کرام میں ذکر کیا ہے اور ابن ابوحاتم نے اپنے والد سے نقل کیا ہے کہ اس کی حدیث مرسل ہوتی ہے اسی طرح ابن حبان نے بھی اسے ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے۔

۲۰۴۶۔د،س۔زہیر بن عثمان ثقفی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے ولیمہ کے متعلقہ حدیث آتی ہے۔

۲۰۴۷۔م،س۔زہیر بن ہلالی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے اللہ پاک کے فرمان "وانذر عشیرتک" کی تفسیر کے متعلقہ حدیث آتی ہے۔

۲۰۴۸۔ق۔زہیر بن محمد بن قمیر مروزی:

پہلے بغداد رہائش پزیر ہوا پھر طرسوس کی سرحدی چھاؤنی میں منتقل ہوگیا،گیارہویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۵۸ھ میں فوت ہوا۔

۲۰۴۹۔ع۔زہیر بن محمد تمیمی،ابومنذر خراسانی:

پہلے شام پھر حجاز فروکش ہوا،شامیوں کی اس سے روایت درست نہیں ہے چنانچہ اس وجہ سے یہ ضعیف ہے،(امام) بخاری (رحمہ اللہ) نے (امام) احمد (رحمہ اللہ) سے ذکر کیا ہے کہ زہیر راوی جس سے شامی لوگوں نے روایت کیا ہے وہ اور ہے اور (امام) ابوحاتم (رحمہ اللہ) کا کہنا ہے اس نے ملک شام میں اپنے حافظہ سے احادیث بیان کیں تو اس کی اغلاط زیادہ ہوگئیں۔ساتویں طبقہ سے ہے ۶۲ھ میں فوت ہوا۔

۲۰۵۰۔ق۔زہیر بن مرزوق:

آٹھویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۲۰۵۱۔ع۔زہیر بن معاویہ بن حدیج، ابوخیثمہ جعفی، کوفی:

جزیرہ فرد کش ہوا، ساتویں طبقہ کا ثقہ پختہ کار راوی ہے مگر ابواسحاق سے اس کا آخر میں سماع ہے ۲ےاھ یا ۳ےاھ یا ۴ےاھ میں فوت ہوا اور ۱۰۰ھ کو پیدا ہوا تھا۔

۲۰۵۲۔ل۔زہیر بن نعیم بابی، سلولی، ابوعبدالرحمٰن سجستانی:

بصرہ فرد کش ہوا، دسویں طبقہ کا ''عابد'' راوی ہے ۲۰۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۲۰۵۳۔قد۔زہیر بن ہُنَید عدوی، ابوذیال بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ زہیر، بے نسبت:

اس سے ابن جریج نے روایت کیا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ ابن معاویہ، ابوخیثمہ ہے۔ (=۲۰۵۱)

۲۰۵۴۔تمیز، م، ت، ق۔زیاد ''یزید بھی کہا جاتا ہے'' بن اسماعیل مخزومی یا سہمی، مکی:

چھٹے طبقہ کا صدوق برے حافظہ والا راوی ہے۔

۲۰۵۵۔بخ۔زیاد بن انعم شعبانی، عبدالرحمٰن کا والد:

تیسرے طبقہ کا ثقہ راوی ہے۔

۲۰۵۶۔خ، د، ت، س۔زیاد بن ایوب بن زیاد بغدادی، ابوہاشم طوسی الاصل:

اس کا لقب دلویہ ہے (امام) احمد (رحمہ اللہ) نے اسے شعبۃ الصغیر کا لقب دیا ہے، دسویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے بعمر ۸۷ برس ۲۵۲ھ میں فوت ہوا۔

۲۰۵۷۔د، ق۔زیاد بن بیان، الرقی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق عابد'' راوی ہے۔

۲۰۵۸۔س، ق۔زیاد بن ثُوَیب:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۰۵۹۔د۔زیاد ''زید یا یزید بھی کہا جاتا ہے'' بن جاریہ تمیمی، دمشقی:

کہا جاتا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے (امام) نسائی (رحمہ اللہ) نے اس کی توثیق کی ہے اور ولید بن عبد الملک کے زمانہ میں اسے قتل کر دیا گیا کیونکہ اس نے عصر تک نماز جمعہ کو مؤخر کرنے سے انکار کیا تھا۔

۲۰۶۰۔ع۔زیاد بن جبیر بن حیہ ابن مسعود بن معتب ثقفی، بصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ارسال کرتا تھا۔

۲۰۶۱۔س۔زیاد بن جراح جزری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ زیاد بن ابو مریم ہے۔

۲۰۶۲۔ت۔زیاد بن ابو جعد رافع، کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۰۶۳۔د، ت، ق۔زیاد بن حارث صدائی:

اسے صحابیت اور وفد میں آنے کا شرف حاصل ہے۔

۲۰۶۴۔د۔زیاد بن حُدَیر اسدی:

اس کا صحیح بخاری میں ذکر آیا ہے۔ دوسرے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے۔

۲۰۶۵۔س۔زیاد بن حِذیم سعدی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۰۶۶۔خ، د، س۔زیاد بن حسان بن قرہ باہلی المعروف اعلم:

پانچویں طبقہ کا (امام) احمد (رحمہ اللہ) کے بیان کے مطابق ''ثقہ ثقہ'' راوی ہے۔

۲۰۶۷۔ت۔زیاد بن حسن بن فرات قزاز تمیمی، کوفی:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غلطی کر جاتا ہے۔

۲۰۶۸۔س۔زیاد بن حصین بن اوس یا قیس نہشلی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۰۶۹۔م،س،ق۔زیاد بن حصین بن قیس حنظلی یا ریاحی، ابوجہمہ بصری:

چوتھے طبقہ کا ثقہ راوی ہے ارسال کرتا ہے۔

۲۰۷۰۔م،۴۔زیاد بن خیثمہ جعفی، کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۰۷۱۔تمییز۔زیاد بن خیثمہ:

اوزاعی اوران کے معاصرین سے روایت کرتا ہے آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۰۷۲۔خ،ت،ق۔زیاد بن ربیع یُحمِدی، ابوخِداش بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۸۵ھ کو فوت ہوا۔

۲۰۷۳۔د،ت،ق۔زیاد بن ربیعہ بن نعیم بن ربیعہ حضرمی، مصری:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۹۵ھ کو فوت ہوا۔

۲۰۷۴۔م،س،ق۔زیاد بن ریاح، ابوقیس بصری یا مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۰۷۵۔تمییز۔زیاد بن ریاح ہذلی، ابوریاح بصری:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۰۷۶۔م،ت،ق۔زیاد بن ابوزیاد میسرہ مخزومی، مدنی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۳۵ھ میں فوت ہوا۔

۲۰۷۷۔ر۔زیاد بن ابوزیاد جصاص، ابومحمد واسطی، بصری الاصل:

پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۲۰۷۸۔د۔زیاد بن زید سوائی، اعسم، کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۰۷۹۔د۔زیاد ''زید بھی کہا جاتا ہے'' بن سعد بن ضمیرہ:

اسے زیاد بن ضمیرہ بن سعد بھی کہا جاتا ہے:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۰۸۰۔ع۔زیاد بن سعد بن عبدالرحمٰن خراسانی:

پہلے مکہ پھر یمن فروکش ہوا، چھٹے طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے، (امام) ابن عیینہ (رحمہ اللہ) کا کہنا ہے کہ زہری کے تمام اصحاب سے زیادہ قابل اعتماد ہے۔

۲۰۸۱۔د،ت،ق۔زیاد بن سلیم عبدی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوامامہ المعروف اعجم، شاعر:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۰۸۲۔د،ق۔زیاد بن ابوسودہ مقدسی، عثمان کا بھائی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۰۸۳۔د،س۔زیاد بن صُبَیح ''تصغیر ہے ابوحاتم سے نقل کیا گیا ہے کہ یہ فتح کے ساتھ ہے'' حنفی، ابومریم بصری ثم مکی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۰۸۴۔ق۔زیاد بن صَیْفی ابن صہیب رومی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆زیاد بن ضمیرہ:

ابن سعد کے ترجمہ میں اس کا ذکر گزر چکا۔ (=۲۰۷۹)

۲۰۸۵۔خ،م،ت،ق۔زیاد بن عبداللہ بن طفیل عامری، بکّائی، ابومحمد کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''مغازی میں صدوق پختہ کار'' راوی ہے تاہم ابن اسحاق کے علاوہ سے اس کی حدیث میں قدرے کمزوری پائی جاتی ہے (امام) وکیع (رحمہ اللہ) کا اس کی تکذیب کرنا ثابت نہیں اور صحیح بخاری میں صرف ایک مقام پر

متابعۃً اس کی حدیث آئی ہے ۸۳ھ میں فوت ہوا۔

۲۰۸۶۔ق۔زیاد بن عبداللہ بن علاثہ عقیلی ،ابوسہل حرانی:

عہدہ قضاء پر اپنے بھائی کا نائب مقرر ہوا (امام) ابن معین (رحمہ اللہ) نے اس کی توثیق کی ہے آٹھویں طبقہ سے ہے۔

۲۰۸۷۔ت۔زیاد بن عبداللہ نمیری، بصری:

پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۲۰۸۸۔ق۔زیاد بن عبداللہ:

عاصم بن محمد سے روایت کرتا ہے ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔میرا گمان ہے کہ یہ انصاری ہے جس کے بارے میں خطیب بغدادی نے ذکر کیا ہے کہ یہ شعبی سے روایت کرتا ہے۔

۲۰۸۹۔د۔زیاد بن عبدالرحمٰن قیسی ،ابوخصیب بصری:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۰۹۰۔تم۔زیاد بن عبیداللہ بن زیاد زیادی، بصری، محمد کا والد:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۰۹۱۔بخ۔زیاد بن عبید بن نمران حمیری مصری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۰۹۲۔ع۔زیاد بن علاقہ ثعلبی ،ابومالک کوفی:

تیسرے طبقہ کا ثقہ راوی ہے اس پر ناصبیت کا الزام لگایا گیا ہے۔سو برس سے زائد عمر پاکر ۱۳۵ھ میں فوت ہوا۔

۲۰۹۳۔م،د،س۔زیاد بن فیاض خزاعی ،ابوالحسن کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۱۲۹ھ کو فوت ہوا۔

☆زیاد بن فیروز ،ابوالعالیہ براء:

اس کا کنیتوں میں ذکر آئے گا۔(=۸۱۹۷)

۲۰۹۴۔س۔زیاد بن قیس مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۰۹۵۔ت،س۔زید بن کسیب عدوی، بصری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۰۹۶۔م،د،ت،س۔زیاد بن کلیب حنظلی، ابو معشر کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۱۹ھ یا ۱۲۰ھ کو فوت ہوا۔

۲۰۹۷۔ق۔زیاد بن لبید بن ثعلبہ انصاری، خزرجی، ابو عبداللہ:

غزوہ بدر میں شریک ہوا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد حضر موت پر عامل مقرر تھا ۴۱ھ میں فوت ہوا۔

۲۰۹۸۔خ،د۔زیاد بن مخراق مزنی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو الحارث بصری:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۰۹۹۔ق۔زیاد بن ابو مریم جزری:

(حافظ) عجلی (رحمہ اللہ) نے اس کی توثیق کی ہے چھٹے طبقہ سے ہے اور ابو موسیٰ سے اس کا سماع ثابت نہیں اور اس کے شہر والوں کو اسی بات پر اعتماد ہے کہ یہ ابن جراح کے علاوہ دوسرا راوی ہے۔

۲۱۰۰۔مد۔زیاد بن مسلم یا ابن ابو مسلم ابو عمر فراء، بصری صفار:

ساتویں طبقہ کا صدوق راوی ہے تاہم روایت حدیث میں اس میں قدرے کمزوری پائی جاتی ہے۔

۲۱۰۱۔ت۔زیاد بن منذر، ابو جارود کوفی، اعمیٰ (نابینا):

ساتویں طبقہ کا رافضی راوی ہے (امام) یحییٰ بن معین (رحمہ اللہ) نے اس کی تکذیب کی ہے ۱۵۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۲۱۰۲۔ت،ق۔زیاد بن مینا:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۱۰۳۔خت۔زیاد بن نافع تجیبی مصری:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆زیاد بن نعیم:

زیاد بن ربیعہ کے ترجمہ میں گزر چکا۔(=۲۰۷۳)

۲۱۰۴۔ع۔زیاد بن یحیٰی بن حسان، ابوخطاب حسانی، نکری بصری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ راوی ہے ۲۵۴ھ کو فوت ہوا۔

۲۱۰۵۔د،س۔زیاد بن یونس بن سعید حضرمی، ابوسلامہ اسکندرانی:

نویں طبقہ کے صغار راویوں میں سے ''ثقہ فاضل'' راوی ہے ۲۱۱ھ کو فوت ہوا۔

☆زیاد، اعجم:

یہ ابن سلیم ہے۔(=۲۰۸۱)

☆زیاد، اعلم:

یہ ابن حسان ہے گزر چکا۔(=۲۰٦٦)

۲۱۰٦۔مد۔زیاد، سہمی:

تیسرے طبقہ کا مجہول راوی ہے اس نے مرسل حدیث بیان کی ہے، کہا جاتا ہے کہ یہ عمرو بن عاص کا غلام ہے۔

۲۱۰۷۔ت۔زیاد طائی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے (حضرت) ابوہریرہ (رضی اللہ عنہ) سے ارسال کرتا ہے۔

۲۱۰۸۔س۔زیاد عصفری، سفیان کا والد:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆زیاد نمیری:

یہ ابن عبداللہ ہے گزر چکا۔(۲۰۸۷)

۲۱۰۹۔زیاد،ابوابردمدنی،بنوخطمہ کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۱۱۰۔د۔زیاد،ربیع بن انس کا دادا:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۱۱۱۔د،س۔زیاد،ابویحیٰ مکی ''کوفی بھی کہا جاتا ہے'' اعرج:

زیاد وہ اپنی کنیت سے مشہور ہے اور تیسرے طبقہ کا ثقہ راوی ہے۔

۲۱۱۲۔مد۔زیاد:

ابومنذر سے روایت کرتا ہے ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆زید بن اشج ''یشیع بھی کہا جاتا ہے'':

اس کا ترجمہ آئے گا۔(۲۱۶۰)

۲۱۱۳۔د،س۔زیادہ ابن محمد انصاری:

چھٹے طبقہ کا ''منکر الحدیث'' راوی ہے۔

۲۱۱۴۔خ۔م۔زید بن اخزم طائی نبہانی،ابوطالب بصری:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۲۵۷ھ کو بصرہ کے مقام پر کارنہ الزنج میں شہید ہوا۔

۲۱۱۵۔د،ت،س۔زید بن ارطاۃ فزاری،دمشقی،عدی کا بھائی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے۔

۲۱۱۶۔ع۔زید بن ارقم بن زید بن قیس انصاری،خزرجی:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں سب سے پہلے غزوہ خندق میں شریک ہوئے اور اللہ رب العزت نے سورۃ المنافقون میں ان کی تصدیق نازل کی، ۶۶ھ یا ۶۸ھ کو فوت ہوئے۔

۲۱۱۷۔ع۔زید بن اسلم عدوی،غلام عمر،ابوعبداللہ وابواسامہ،مدنی:

تیسرے طبقہ کے ''ثقہ عالم'' راوی ہیں اور ارسال کرتے تھے ۱۳۶ھ کو فوت ہوئے۔

۲۱۱۸۔ع۔زید بن ابوانیسہ جزری، ابواسامہ:

اصلاً کوفہ کا رہنے والا ہے بعد میں رہا کے مقام پر رہائش پزیر ہوگیا تھا، چھٹے طبقہ کا ثقہ راوی ہے اس سے متفرد احادیث آتی ہیں بعمر ۳۶ برس ۱۹اھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۴اھ کو فوت ہوا۔

۲۱۱۹۔ق۔زید بن ایمن:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆زید بن بولا:

حرف کے آخر میں آئے گا۔(=۲۱۶۵)

۲۱۲۰۔ع۔زید بن ثابت بن ضحاک بن لوذان انصاری، نجاری، ابوسعید وابوخارجہ:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں انہوں نے وحی لکھی ہے، (امام) مسروق (رحمہ اللہ) کا کہنا ہے پختہ علم والے حضرات میں سے تھے ۴۵ھ یا ۴۸ھ کو فوت ہوئے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۵۰ھ کے بعد ہوئے۔

☆زید بن جاریہ:

زیاد کے ترجمہ میں آئے گا۔(۲۰۵۹)

☆زید بن جاریہ، ایک دوسرا راوی:

مبہمات میں آئے گا۔

☆زید بن جاریہ:

یزید کے ترجمہ میں آئے گا۔(۷۶۹۹)

۲۱۲۱۔ع۔زید بن جبیر بن حرمل، طائی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۱۲۲۔ت، ق۔زید بن جبیرہ ابن محمود بن ابوجبیرہ بن ضحاک انصاری، ابوجبیرہ مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

۲۱۲۳۔س،ق۔زید بن حرثہ بن شراحیل کلبی،ابواسامہ،غلام رسول اللہ ﷺ:

پہلے اسلام لانے والے حضرات میں سے جلیل القدر مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، بعمر ۵۵ برس نبی کریم ﷺ کی حیات میں ہی سنہ ۸ھ کو موتہ کے روز شہید ہوئے۔

۲۱۲۴۔ر،م،۴۔زید بن حباب،ابوالحسین عُکلی،خراسانی الاصل،کوفی:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ثوری کی حدیث میں غلطی کر جاتا ہے ۲۰۳ھ کو فوت ہوا۔

۲۱۲۵۔س،ق۔زید بن حبان رقی،کوفی الاصل،ربیعہ کا غلام:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق کثیر الخطاء'' راوی ہے آخر عمر میں اس کا حافظہ بدل گیا تھا ۱۵۸ھ کو فوت ہوا۔

۲۱۲۶۔خ۔زید بن حدیر اسدی،کوفی،زیاد کا بھائی:

ثقہ مخضرمی راوی ہے، صحیح بخاری میں اس کا ذکر آتا ہے۔

۲۱۲۷۔ت۔زید بن حسن قرشی،ابوالحسین کوفی،صاحب انماط:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۲۱۲۸۔تمییز۔زید بن حسن بن علی بن ابوطالب ہاشمی،مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''جلیل القدر ثقہ'' راوی ہے ۱۲۰ھ کو فوت ہوا۔

۲۱۲۹۔تمییز۔زید بن حسن بن زید بن حسن، پہلے راوی کا پوتا:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۱۳۰۔تمییز۔زید بن حسن علوی، یحییٰ بن حسن بن جعفر کا شیخ:

بارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۱۳۱۔۴۔زید بن حواری،ابوالحواری عمی بصری،قاضی ہراۃ:

کہا جاتا ہے کہ اس کے والد کا نام مرہ ہے، پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۲۱۳۲۔س۔زید بن خارجہ بن ابوزہیر انصاری،خزرجی:

بدری صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں (سیدنا) عثمان غنی (رضی اللہ عنہ) کے دورِ خلافت میں فوت ہوئے اور یہ وہی ہیں

جنہوں نے موت کے بعد تکلم کیا تھا۔

۲۱۳۳۔ع۔زید بن خالد جہنی، مدنی:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں بعمر ۸۵ برس ۶۸ھ یا ۷۸ھ کو کوفہ میں فوت ہوئے۔

۲۱۳۴۔م،د۔زید بن خطاب بن نفیل عدوی، عمر کا بھائی:

غزوہ بدر میں شرکت کرنے والے قدیم الاسلام صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ۱۲ھ کو جنگ یمامہ میں شہید ہوئے۔

☆زید بن خیثمہ:

درست زیاد ہے اس کا ترجمہ گزر چکا۔ (=۲۰۷۱)

۲۱۳۵۔قد۔زید بن درہم ''زید بن ابو زیاد بھی کہا جاتا ہے'' ازدی، جہضمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' بصری، حماد کا والد:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۱۳۶۔خ،ت،ق۔زید بن رباح مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۱۳۷۔د،ت۔زید بن زائدہ ''اسے زائد بھی کہا جاتا ہے'':

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۱۳۸۔د،س۔زید بن ابو الزرقاء یزید ثعلبی، موصلی، ابو محمد:

رملہ فرو کش ہوا، نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۹۴ھ کو فوت ہوا۔

۲۱۳۹۔ع۔زید بن سہل بن اسود بن حرام انصاری، نجاری، ابو طلحہ:

اپنی کنیت سے مشہور ہیں اور کبار صحابہ کرام میں سے ہیں، غزوہ بدر اور اس کے بعد والے غزوات میں شریک ہوئے ۳۴ھ کو فوت ہوئے (امام) ابو زرعہ دمشقی (رحمہ اللہ) کا کہنا ہے کہ نبی کریم ﷺ کے بعد ۴۰ برس زندہ رہے۔

۲۱۴۰۔بخ،م،۴۔زید بن سلام بن ابو سلام ممطور حبشی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۱۴۱۔ د۔ زید بن ابو الشعثاء عنزی، ابو الحکم بصری:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ زید بن صامت، ابو عیاش:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کا کنیتوں میں ترجمہ آئے گا۔ (=۸۲۹۱)

☆ زید بن ضمیرہ:

زیاد بن سعد بن ضمیرہ کے ترجمہ میں اس کا ذکر آئے گا۔ (=۲۰۷۹)

☆ زید بن طہمان:

درست یزید ہے۔ (=۷۷۳۵)

۲۱۴۲۔ ت، س۔ زید بن ظبیان، کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۱۴۳۔ خ، م، س، ق۔ زید بن عبد اللہ بن عمر بن خطاب:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اپنے دادا کے دور خلافت میں پیدا ہوا۔

☆ زید بن عبد اللہ:

مجھے سے روایت کرتا ہے درست یزید ابن عبد ربہ ہے۔ (=۷۷۹۵)

۲۱۴۴۔ ق۔ زید بن عبد الحمید بن عبد الرحمٰن بن زید بن خطاب عدوی، مدنی:

کہا گیا ہے کہ یہ زید بن عبد الکبیر بن عبد الحمید ہے اپنے دادا کی طرف نسبت کیا گیا ہے، ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۱۴۵۔ بخ، د، س، ق۔ زید بن ابو عتاب ''زید ابو عتاب بھی کہا جاتا ہے'' شامی:

(سیدنا) معاویہ (رضی اللہ عنہ) یا ان کی ہمشیرہ ام حبیبہ (رضی اللہ عنہا) کا غلام ہے، تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۱۴۶۔ت،س۔زید بن عطاء بن سائب کوفی،ثقفی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۱۴۷۔ت۔زید بن عطیہ خثعمی یا سلمی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۱۴۸۔د،ت،س۔زید بن عقبہ فزاری،کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۱۴۹۔د،ت،عس،ق۔زید بن علی بن حسین بن علی بن ابوطالب،ابوالحسین مدنی:

چوتھے طبقہ کا ثقہ راوی ہے یہ وہی ہے جس کی طرف زیدیہ کی نسبت کی جاتی ہے،ہشام بن عبدالملک کے دور خلافت میں اس نے خروج کیا تو کوفہ کے مقام پر اسے ۲۲ھ میں قتل کر دیا گیا اور یہ ۸۰ھ کو پیدا ہوا تھا۔

۲۱۵۰۔تمییز۔زید بن علی بن حسین بن زید بن علی ابن حسین،ابوالحسین،پہلے راوی کا پوتا:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۱۵۱۔س۔زید بن علی بن دینار نخعی،ابواسامہ رقی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۱۵۲۔د۔زید بن علی،ابوالقموص،عبدی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۱۵۳۔۴۔زید بن عیاش،ابوعیاش مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۱۵۴۔س۔زید بن کعب بہزی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

۲۱۵۵۔د۔زید بن مبارک صنعانی:

رملہ فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا "صدوق عابد" راوی ہے۔

۲۱۵۶۔م،س۔زید بن محمد بن زید بن عبداللہ بن عمر ابن خطاب:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۲۱۵۷۔۴۔زید بن مرثع ابن قیطی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں اکثر مبہم آتے ہیں کہا گیا ہے کہ ان کا نام یزید ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ عبداللہ ہے۔

☆زید بن نعیم:

درست یزید ہے۔(=۷۷۸۷)

۲۱۵۸۔خ،د،س،ق۔زید بن واقد قرشی، دمشقی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۲۱۵۹۔ع۔زید بن وہب جہنی، ابوسلیمان کوفی:

جلیل القدر ثقہ مخضری راوی ہے جس نے کہا ہے کہ اس کی حدیث میں خلل ہے اس نے اچھا نہیں کیا ۸۰ھ کے بعد فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۹۶ھ کو ہوا۔

۲۱۶۰۔ت،س۔زید بن یثیع ہمدانی کوفی:

دوسرے طبقہ کا "ثقہ مخضری" راوی ہے۔

۲۱۶۱۔د،س،ق۔زید بن یحییٰ بن عبید خزاعی، ابوعبداللہ دمشقی:

نویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۰۷ھ کو فوت ہوا۔

۲۱۶۲۔م۔زید بن یزید ثقفی، ابومعن رقاشی، بصری:

گیارہویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

☆زید بن یزید موصلی:

ابن ابوزرقاء کے ترجمہ میں اس کا ذکر گزر چکا۔ (=۲۱۳۸)

۲۱۶۳۔س۔زید حجام، ابواسامہ کوفی:

چھٹے طبقہ کا ثقہ راوی ہے (حافظ) ازدی (رحمہ اللہ) اپنے اس قول کہ محدثین اس پر کلام کرتے ہیں میں مصیب نہیں ہیں۔

☆زید، خثعمی:

یہ ابن عطیہ ہے۔ (=۲۱۴۷)

☆زید عمی:

یہ ابن حواری ہے۔ (=۲۱۳۱)

☆زید، ابوالحکم:

یہ ابن ابوشعثاء ہے۔ (=۲۱۴۱)

۲۱۶۴۔تمییز۔زید نمیری:

حماد بن زید کے شیوخ میں سے ہے، چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆زید ابوعتاب:

یہ ابن ابوعتاب ہے۔ (=۲۱۴۵)

☆زید ابوعیاش:

یہ ابن عیاش ہے۔ (=۲۱۵۳)

۲۱۶۵۔د،ت۔زید، یسار کا والد، نبی کریم ﷺ کا غلام:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے، ابوموسیٰ مدینی نے ذکر کیا ہے کہ ان کے والد کا نام بولا ہے اور وہ نوبی (حبشیوں کا گروہ) تھے۔

۲۱۶۶۔ د۔ زید، ربیع بن انس کا دادا، زیاد کا بھائی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے اپنے بھائی کی طرح۔ (=۲۱۱۰)

۲۱۶۷۔ بخ۔ زید، قیس حذاء کا غلام ''زیاد بھی کہا جاتا ہے'':

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

حرف السین

۲۱۶۸۔د،س،ق۔سابق بن ناجیہ:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۱۶۹۔ع۔سالم بن ابوامیہ، ابونضر، عمر بن عبید اللہ تیمی کا غلام، مدنی:

پانچویں طبقہ کا ثقہ پختہ کار راوی ہے اور ارسال کرتا تھا۔ ۲۹ھ کو فوت ہوا۔

۲۱۷۰۔ع۔سالم بن ابوالجعد رافع غطفانی اشجعی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' کوفی:

تیسرے طبقہ کا ثقہ راوی ہے اور بکثرت ارسال کرتا تھا۔ ۹۷ھ یا ۹۸ھ کو فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۰۰ھ یا اس کے بعد ہوا۔

۲۱۷۱۔بخ،ت۔سالم بن ابوحفصہ عجلی، ابویونس کوفی:

چوتھے طبقہ کا روایت حدیث میں صدوق راوی ہے مگر غالی شیعہ تھا۔ ۱۴۰ھ کے لگ بھگ فوت ہوا۔

☆سالم بن خربوز:

یہ ابن سرج ہے۔ (۲۱۷۴)

۲۱۷۲۔د۔سالم بن دینار یا ابن راشد، ابوجمیع قزاز بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆سالم بن رزین:

رزین کے ترجمہ میں آئے گا۔ (۱۹۴۰=)

۲۱۷۳۔م،د،س۔سالم بن ابوسالم سفیان بن ہانی جیشانی، مصری:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۱۷۴۔ بخ، د، ق۔ سالم بن سَرْ ج ابو نعمان مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اسے ابن خَرَّ بُوذ بھی کہا جاتا ہے۔

۲۱۷۵۔ م، س۔ سالم بن شَوَّال ''مہینے کے لفظ سے ہے'' مکی، ام حبیبہ کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۱۷۶۔ ع۔ سالم بن عبداللہ بن عمر بن خطاب قرشی، عدوی، ابو عمر یا ابو عبداللہ مدنی:

فقہاء سبعہ میں سے ہیں تیسرے طبقہ کے کبار راویوں میں سے ''پختہ کار عابد فاضل'' راوی تھے، طور طریقوں اور سیرت میں اپنے والد کے مشابہہ تھے۔ صحیح قول کے مطابق ۱۰۶ھ کے آخر میں فوت ہوئے۔

۲۱۷۷۔ م، د، س، ق۔ سالم بن عبداللہ نصری، ابو عبداللہ مدنی:

اسے نصرییّن وما لک بن اوس، دوس اور مہری وشداد، ودوس وسالم سَبَلان کا غلام کہا جاتا ہے تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۱۰ھ میں فوت ہوا۔

۲۱۷۸۔ ت، ق۔ سالم بن عبداللہ خیاط بصری:

مکہ مکرمہ فروکش ہوا چھٹے طبقہ کا ''صدوق برے حافظہ والا'' راوی ہے، اور یہ سالم وہ ہے جو عکاشہ کا غلام ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ دو راوی ہیں۔

۲۱۷۹۔ ق۔ سالم بن عبداللہ جزری، ابو مہاجر ''ابن ابو مہاجر بھی کہا جاتا ہے'' بنو کلاب کا غلام:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۶۲ھ کو فوت ہوا۔

۲۱۸۰۔ ت۔ سالم بن عبدالواحد مرادی اَنْعُمی، ابو العلاء کوفی:

چھٹے طبقہ کا مقبول راوی ہے اور شیعہ تھا۔

۲۱۸۱۔ ۴۔ سالم بن عبید اشجعی:

اصحاب صفہ میں سے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں۔

۲۱۸۲۔ ق۔ سالم بن عتبہ بن عویم بن ساعدہ انصاری، مدنی:

کہا جاتا ہے کہ اس کے والد کا نام عبداللہ یا عبدالرحمٰن ہے، چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۱۸۳۔ خ، د، س، ق۔ سالم بن عجلان افطس اموی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابو محمد حرانی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے اس پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے ۱۳۲ھ میں انتہائی سفاکی کے ساتھ اسے قتل کیا گیا۔

۲۱۸۴۔ د، ت، س۔ سالم بن غیلان تجیبی، مصری:

ساتویں طبقہ سے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے ۱۵۱ھ یا ۱۵۳ھ کو فوت ہوا۔

☆ سالم بن ابو مہاجر:

یہ ابن عبداللہ ہے گزر چکا۔ (=۲۱۷۹)

۲۱۸۵۔ ح، م، د، ت، س۔ سالم بن نوح بن ابو عطاء بصری، ابو سعید عطار:

نویں طبقہ کا صدوق صاحب اوہام راوی ہے ۲۰۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

☆ سالم، افطس:

یہ ابن عجلان ہے گزر چکا۔ (=۲۱۸۳)

۲۱۸۶۔ د، س۔ سالم براد، ابو عبداللہ کوفی:

دوسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

☆ سالم خیاط:

یہ ابن عبداللہ ہے۔ (=۲۱۷۸)

☆ سالم سبلان:

یہ ابن عبداللہ ہے۔ (=۲۱۷۷)

۲۱۸۷۔ د، س۔ سالم سہمی، عبداللہ بن عمرو کا غلام:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۱۸۸۔ د، س۔ سالم، فراء:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆ سالم، مرادی:

یہ ابن عبدالواحد ہے۔(=۲۱۸۰)

۲۱۸۹۔د۔سالم مکی:

ایک دیہاتی صحابی (رضی اللہ عنہ) سے روایت کرتا ہے، یہ خیاط یا ابن شوال ہے ورنہ مجہول ہے، چوتھے طبقہ سے ہے۔

☆ سالم، ابو جمیع:

یہ ابن دینار ہے۔(=۲۱۷۴)

۲۱۹۰۔ع۔سالم ابوالغیث مدنی، ابن مطیع کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ سالم ابوالمہاجر:

یہ ابن عبداللہ ہے۔(=۲۱۷۹)

۲۱۹۱۔د۔سالم:

عمرو بن وابصہ سے روایت کرتا ہے اور یہ ابن ابوالجعد یا ابن ابوالمہاجر یا ابن عجلان ہے ورنہ مجہول ہے۔

۲۱۹۲۔ت۔سالم، حبیب کا والد نعمان کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۱۹۳۔د،س۔سائب بن حُبیش کلاعی، حمصی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۱۹۴۔تمییز۔سائب بن حبیش یا ابن ابوحبیش اسدی:

کہا گیا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے یا دوسرے طبقہ سے ہے۔

۲۱۹۵۔ق۔سائب بن خباب مدنی، ابومسلم، صاحب مقصورہ (کشادہ مکان والے):

فاطمہ بنت عتبہ کے غلام ہیں اور انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے ابن عمر سے پہلے فوت ہوئے۔

۲۱۹۶۔ ۴۔ سائب بن خلاد بن سوید خزرجی، ابوسہلہ مدنی:

انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے عمر کی طرف سے یمن پر عامل تھے ۹۱ھ کو فوت ہوئے۔

۲۱۹۷۔ د، س، ق۔ سائب بن ابوسائب صیفی بن عابد ابن عبداللہ بن عمر بن مخزوم مخزومی:

بعثت سے پہلے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا شریک تھا پھر اسلام لے آیا اور صحابی بن گیا اور حدیث کی سند میں اضطراب ہے۔

۲۱۹۸۔ بخ، د، س۔ سائب بن عمر بن عبدالرحمٰن بن سائب مخزومی، حجازی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۱۹۹۔ ع۔ سائب بن فروخ، ابوالعباس مکی، نابینا شاعر:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۲۰۰۔ د۔ سائب بن ابولبابہ بن عبدالمنذر انصاری:

اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے یزید بن عبدالملک کے عہد حکومت میں فوت ہوا اور ابن حبان نے اسے ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے۔

۲۲۰۱۔ بخ، ۴۔ سائب بن مالک یا ابن زید کوفی، عطاء کا والد:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۲۰۲۔ ع۔ سائب بن یزید بن سعید بن ثمامہ کندی، المعروف نمر کا بھانجا:

نمر کے بھانجے مشہور ہیں ان کا نسب اور طرح بھی بیان کیا گیا ہے، صغیر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے کم احادیث آتی ہیں، انہوں نے سات برس کی عمر میں حجۃ الوداع کیا اور (سیدنا) عمر فاروق (رضی اللہ عنہ) نے انہیں مدینہ کے بازار پر نگران مقرر کیا تھا ۹۱ھ میں فوت ہوئے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوئے اور یہ مدینہ میں فوت ہونے والے آخری صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں۔

۲۲۰۳۔ د، س۔ سائب جمحی، مکی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۲۰۴۔مد۔سائب،بکری:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆سائب:

ابوسعید سے روایت کرتا ہے درست ابوسائب ہے۔(=۸۱۱۳)

۲۲۰۵۔۴۔سباع ابن ثابت،حلیفِ بنوزہرہ:

اس کا اپنا بیان ہے کہ میں نے جاہلیت کا دور پایا ہے(امام)بغوی(رحمہ اللہ)وغیرہ نے اسے صحابہ کرام(رضی اللہ عنہم)میں شمار کیا ہے اور ابن حبان نے ثقہ تابعین میں۔

۲۲۰۶۔ت۔سباع بن نضر،ابومزاحم سمرقندی:

بارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۲۰۷۔ت۔سَبْرَہ ابن عبدالعزیز بن ربیع بن سبرہ جہنی:

آٹھویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۲۲۰۸۔س۔سَبْرَہ بن فاکِہ،اسدی:

صحابی(رضی اللہ عنہ)ہیں،ان کی حدیث کی سند میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

۲۲۰۹۔خت،م،۴۔سبرہ بن معبد یا ابن عوسجہ یا ابن حُرَیْثہ جہنی،ربیع کا والد:

انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے سب سے پہلے غزوہ خندق میں شریک ہوئے اور ذالمروہ فروکش ہوگئے تھے اور وہیں(سیدنا)معاویہ(رضی اللہ عنہ)کے دورخلافت میں فوت ہوئے۔

۲۲۱۰۔د۔سبیع بن خالد یشکری بصری:

اسے خالد بن سبیع اور خالد بن خالد بھی کہا جاتا ہے،دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۲۱۱۔بخ۔سکامہ ابن عبداللہ یا ابن عبدالرحمٰن الاصم بصری یا واسطی:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۲۱۲۔ س۔ سُحَیم مدنی، بنوزہرہ کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۲۱۳۔ ت۔ سَخْبَرہ:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کی حدیث کی سند میں ضعیف پایا جاتا ہے اور (امام) ترمذی کے نزدیک سخبرہ ازدی نہیں ہے جبکہ دیگر حضرات کا کہنا ہے کہ ازدی ہے۔

۲۲۱۴۔ د۔ سِرَاج ابن مُجّاعہ ابن مرارہ حنفی، یمامی:

ان کے والد محترم کو صحابیت کا شرف حاصل ہے اور یہ بھی کہا جاتا ہے انہیں بھی حاصل ہے جبکہ ابن حبان نے انہیں ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے۔

۲۲۱۵۔ س۔ سَرّار ابن مُجَشِّر، ابوعبیدہ بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۶۵ھ میں فوت ہوا۔

۲۲۱۶۔ خ، ۴۔ سراقہ بن مالک بن جُعْشُم کنانی ثم مدلجی، ابوسفیان:

فتح مکہ کے روز مسلمان ہونے والے مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ۲۴ھ کو (سیدنا) عثمان (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت میں فوت ہوئے۔

۲۲۱۷۔ ق۔ سُرَّق ابن اسد جہنی ''ان کا نسب اور طرح بھی بیان کیا گیا ہے'':

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں پہلے مصر پھر اسکندریہ فروکش ہوئے۔

۲۲۱۸۔ خ، ۴۔ سریج بن نعمان بن مروان جوہری، ابوالحسن بغدادی، خراسانی الاصل:

دسویں طبقہ کے کبار راویوں میں سے ثقہ راوی ہے کم وہم کرتا ہے قربانی کے روز ۱۷ھ میں فوت ہوا۔

۲۲۱۹۔ خ، م، س۔ سریج بن یونس بن ابراہیم بغدادی، ابوحارث، مروذی الاصل:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۲۳۵ھ کو فوت ہوا۔

۲۲۲۰۔س۔سریج بن عبداللہ واسطی، ابو عبداللہ جمال، حمصی:

گیارہویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۲۲۱۔ق۔سری بن اسماعیل ہمدانی، کوفی، شعبی کا چچازاد بھائی:

قضاء کے عہدے پر مقرر رہا، چھٹے طبقہ کا "متروک الحدیث" راوی ہے۔

۲۲۲۲۔ق۔سری بن مسکین، مدنی:

نویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۲۲۳۔خ س۔سری بن یحییٰ بن ایاس بن حرملہ شیبانی، بصری:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے اس کی تضعیف میں ازدی سے غلطی ہوئی ہے ۱۶۷ھ کو فوت ہوا۔

۲۲۲۴۔س۔سری بن ینعم جیلانی، شامی، شامی:

چھٹے طبقہ کا "صدوق عابد" راوی ہے۔

۲۲۲۵۔ق۔سعاد ابن سلیمان جعفی، کوفی "اس کا نسب اور طرح بھی بیان کیا جاتا ہے":

آٹھویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے غلطی کر جاتا ہے اور شیعہ تھا۔

☆سعد بن ابراہیم بن حابس:

ابو بکر سے روایت کرتا ہے درست سعد بن ابراہیم ہے حابس سے روایت کرتا ہے۔(= ۲۲۲۷،۹۹۲)

۲۲۲۶۔خ س۔سعد بن ابراہیم بن سعد بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف زہری، ابو اسحاق بغدادی:

نویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے واسط وغیرہ میں قضاء کے عہدے پر مقرر تھا، بعمر ۶۳ برس ۲۰۱ھ کو فوت ہوا۔

۲۲۲۷۔ع۔سعد بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف، پہلے راوی کا دادا:

مدینہ میں قضاء کے عہدے پر مقرر تھا پانچویں طبقہ کا "ثقہ فاضل عابد" راوی ہے، بعمر ۷۲ برس ۱۲۵ھ کو فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے بعد میں ہوا۔

۲۲۲۸۔ت۔ سعد بن اخرم طائی، کوفی:

اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے ابن حبان نے اسے صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) میں پھر تابعین میں ذکر کیا ہے۔

☆ سعد بن ازرق:

یہ ابن عثمان ہے۔ (=۲۲۵۰)

۲۲۲۹۔۴۔ سعد بن اسحاق بن کعب بن عجرہ بلوی، مدنی، حلیفِ انصار:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۲۲۳۰۔ق۔ سعد بن اطول بن عبداللہ جہنی:

بصرہ فروکش ہونے والے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ۲۴ھ کو فوت ہوئے۔

۲۲۳۱۔د، ت، س۔ سعد بن اوس عدوی یا عبدی، بصری:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس سے غلطی سرزد ہوئیں ہیں۔

۲۲۳۲۔بخ ،۴۔ سعد بن اوس عبسی، ابو محمد کاتب، کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ازدی نے اس کی تضعیف کر کے اچھا نہیں کیا۔

۲۲۳۳۔ع۔ سعد بن ایاس ابو عمرو شیبانی، کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ مخضرمی'' راوی ہے عمر ۱۲۰ برس ۹۵ھ یا ۹۶ھ کو فوت ہوا۔

۲۲۳۴۔خ، س۔ سعد بن حفص طلحی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو محمد کوفی، المعروف ضخم:

دسویں طبقہ کے کبار راویوں میں سے ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ سعد بن ابو حمید:

یہ ابن منذر ہے۔ (=۲۲۵۷)

۲۲۳۵۔د۔ سعد بن ابو رافع:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے عیادت اور طب کے متعلقہ حدیث آتی ہے جسے (امام) ابوداؤد (رحمہ اللہ) نے

سعد بلانسبت سے نقل کیا ہے اور (حافظ) مزی (رحمہ اللہ) نے مسند سعد بن ابی وقاص میں تبعاً لغیرہ ذکر کیا ہے۔ اور ابن حبان، طبرانی اور باوردی نے اسے جدا ذکر کیا ہے۔

۲۲۳۶۔ق۔سعد بن سعید بن ابوسعید مقبری، مدنی، ابوسہل:

آٹھویں طبقہ کا ''روایت حدیث میں قدرے کمزور'' راوی ہے۔

۲۲۳۷۔خت،م،۴۔سعد بن سعید بن قیس بن عمرو انصاری، یحییٰ کا بھائی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق برے حافظہ والا'' راوی ہے ۱۴۱ھ کو فوت ہوا۔

۲۲۳۸۔سعد بن سنان ''سنان بن سعد بھی کہا جاتا ہے'' کندی، مصری:

بخاری اور ابن یونس نے دوسرے کو درست کہا ہے پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس سے متفرد احادیث مروی ہیں۔

۲۲۳۹۔د۔سعد بن ضمیرہ سلمی، حجازی:

انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے غزوہ حنین میں شریک ہوئے تھے۔

۲۲۴۰۔خت،م،۴۔سعد بن طارق، ابومالک اشجعی، کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۴۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۲۲۴۱۔ت،ق۔سعد بن طریف اسکاف حنظلی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ابن حبان نے اس پر وضع کا الزام لگایا ہے اور یہ رافضی تھا۔

۲۲۴۲۔ق۔سعد بن عائذ یا ابن عبدالرحمٰن، انصار کے غلام:

سعد قرظ سے معروف ہیں قباء میں مؤذن تھے اور مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، حجاز پر حجاج کے عہد حکومت تک زندہ رہے اور یہ ۷۴ھ کا دور ہے۔

۲۲۴۳۔۴۔سعد بن عبادہ بن دلیم بن حارثہ انصاری خزرجی:

نقباء اور جود و سخا والے حضرات میں سے ایک ہیں اور قبیلہ خزرج کے سردار تھے، صحیح مسلم میں آیا ہے کہ غزوہ بدر میں

شریک ہوئے تھے جبکہ اہل مغازی کے ہاں معروف ہے کہ یہ نکلنے کی تیاری میں تھے کہ کہتے نے آ کا نااس لئے باز رہے۔شام کی سرزمین میں ۱۵ھ کوفوت ہوئے۔وقیل غیرذالک۔

۲۲۴۴۔بخ۔سعد بن عبادہ زرقی "سعد بن عمرو بن عبادہ انصاری بھی کہا جاتا ہے":

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۲۴۵۔مد۔سعد بن عبداللہ بن سعد ایلی، حکم کے بھائی:

چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۲۲۴۶۔د۔سعد بن عبداللہ اغطش خزاعی "ولاء کی وجہ سے ہے" شامی:

اسے سعید بھی کہا جاتا ہے چوتھے طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور" راوی ہے۔

۲۲۴۷۔ت، س، ق۔سعد بن عبدالحمید بن جعفر بن عبداللہ ابن حکم انصاری، ابومعاذ مدنی:

بغداد فروکش ہوا، دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "صدوق" راوی ہے اس سے غلطیاں سرزد ہوئی ہیں ۱۹ھ کوفوت ہوا۔

۲۲۴۸۔ع۔سعد بن عبید زہری، عبدالرحمٰن بن ازہر کا غلام:

اس کی کنیت "ابوعبید" ہے دوسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے، یہ بھی کہا گیا ہے کہ اسے نبی کریم ﷺ کا دور پانے کا شرف حاصل ہے۔

۲۲۴۹۔ع۔سعد بن عبیدہ سلمی، ابوحمزہ کوفی:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے عمر بن ہبیرہ کے عراق پر عہد حکومت میں فوت ہوا۔

۲۲۵۰۔د، ت، س۔سعد بن عثمان رازی، عبداللہ دشتکی کے والد:

یہ سعد بن ازرق ہے پانچویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۲۵۱۔ق۔سعد بن عمار بن سعد قرظ، مؤذن:

چھٹے طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۲۲۵۲۔خت، د،تم، س۔ سعد بن عیاض ثُمالی، کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس سے مرسل حدیث مروی ہے روم میں فوت ہوا۔

☆سعد بن مالک:

یہ ابن ابو وقاص ہے۔(=۲۲۵۹)

۲۲۵۳۔ع۔سعد بن مالک بن سنان بن عبید انصاری، ابو سعید خدری:

انہیں اوران کے والد محترم کو صحابیت کا شرف حاصل ہے غزوہ احد میں چھوٹے قرار دے دیے گئے تھے تاہم بعد والے غزوات میں شریک ہوئے اورانہوں نے کافی احادیث روایت کی ہیں مدینہ منورہ میں ۶۳ھ یا ۶۴ھ یا ۶۵ھ کو فوت ہوئے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۷۴ھ کو ہوئے۔

۲۲۵۴۔ف۔سعد بن محیصہ بن مسعود انصاری:

اس کی روایت مرسل ہوتی ہے، کہا گیا ہے کہ اسے صحابیت یا رؤیت کا شرف حاصل ہے۔

۲۲۵۵۔خ۔سعد بن معاذ بن نعمان انصاری، اشہلی، ابو عمرو، قبیلہ اوس کے سردار:

انہوں نے غزوہ بدر میں شرکت کی ہے غزوہ خندق میں تیر لگنے سے شہید ہوئے، ان کے مناقب بہت زیادہ ہیں۔

☆سعد بن معاذ یا معاذ بن سعد ''شک پر مبنی ہے'':

آئے گا۔(=۶۷۳۲)

۲۲۵۶۔ق۔سعد بن معبد ہاشمی، حسن بن علی کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۲۵۷۔صد۔سعد بن منذر بن ابو حمید ساعدی:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۲۵۸۔ع۔سعد بن ہشام بن عامر انصاری، مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ہند کی سرزمین پر شہید ہوا۔

۲۲۵۹۔ع۔سعد بن ابو وقاص مالک بن وہیب بن عبد مناف بن زہرہ بن کلاب زہری، ابو اسحاق:

عشرہ مبشرہ میں سے ہیں اور یہ پہلے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں جنہوں نے اللہ کے راستے میں تیر پھینکا، ان کے مناقب بہت زیادہ ہیں، مشہور قول کے مطابق ۵۵ھ کو عقیق کے مقام پر فوت ہوئے اور عشرہ مبشرہ میں سے سب سے آخر میں وفات پانے والے ہیں۔

۲۲۶۰۔ق۔سعد، مولیٰ آلِ ابو بکر "انہیں سعید بھی کہا گیا ہے مگر یہ ثابت نہیں ہے":

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے، کہا گیا ہے کہ حسن بصری ان سے روایت کرنے میں متفرد ہے۔

۲۲۶۱۔بخ۔سعد، مولیٰ آل ابو بکر:

تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۲۲۶۲۔خ، د، ت، ق۔سعد، ابو مجاہد طائی، کوفی:

پانچویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۲۲۶۳۔ت۔سعد یا سعید، طلحہ کا غلام:

کہا جاتا ہے کہ طلحہ، سعد کا غلام ہے، چوتھے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

☆سعد، ہود کا دادا:

درست مزیدہ ہے آئے گا۔ (=۶۵۸۳)

۲۲۶۴۔د۔سعد، بلا نسبت:

زیاد بن جبیر کی روایت سے ان کی حدیث کتاب الزکوۃ میں آتی ہے، ابن مدینی، بغوی اور دارقطنی (رحمہم اللہ) نے اسی بات پر اعتماد کیا ہے کہ یہ انصاری صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں اور جس نے کہا ہے کہ یہ ابن ابو وقاص ہیں اسے وہم ہوا ہے۔

۲۲۶۵۔خ، ت، ق۔سعدان بن بشر "بشیر بھی کہا جاتا ہے" جہنی، قُمّی، کوفی:

کہا گیا ہے اس کا نام سعد ہے اور سعدان لقب ہے، آٹھویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۲۲۶۶۔ د۔ سعدان بن سالم، ابوالصباح، ایلی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆سعدان بن یحییٰ:

یہ سعید سے آئے گا۔ (=۲۳۱۶)

☆سعدی:

اپنے والد سے روایت کرتا ہے انساب میں آئے گا۔ (=۸۴۹۹)

۲۲۶۷۔ د،س۔ سَعْر ابن سوادہ یا ابن دیسم کنانی، دوئلی:

سَعْر ابن سوادہ یا ابن دیسم کنانی مخضری ہیں، کہا گیا ہے کہ انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

۲۲۶۸۔ قد۔ سَعْوَہ مہری:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

سعید نام کے راویوں کا ذکر

۲۲۶۹۔ت۔سعید بن ابان:

یحییٰ بن یعلیٰ سے روایت کرتا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ اسماعیل بن ابان یا اس کا بھائی ہے، دسویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۲۷۰۔تمییز۔سعید بن ابان بن سعید بن عاص اموی، یحییٰ کا والد:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۲۷۱۔د،س،ق۔سعید بن ابیض بن حمال مرادی، ابوہانی مآربی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆سعید بن ابواُحیحہ:

یہ ابن عمرو بن سعید بن عاص ہے۔(=۲۳۷۰)

☆سعید بن ازہر:

یہ ابن یحییٰ ہے آئے گا۔(=۲۴۰۴)

۲۲۷۲۔د،ت۔سعید بن اوس بن ثابت، ابوزید انصاری، نحوی، بصری:

نویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے اس پر قدری ہونے کا الزام لگایا گیا ہے عمر ۹۳ برس صحیح قول کے مطابق ۲۱۴ھ کو فوت ہوا۔

۲۲۷۳۔ع۔سعید بن ایاس جریری، ابومسعود بصری:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اپنی وفات سے تین سال پہلے عارضہ اختلاط میں مبتلا ہو گیا تھا ۱۴۴ھ کو فوت ہوا۔

۲۲۷۴۔ع۔سعید بن ابوایوب خزاعی" ولاء کی وجہ سے ہے" مصری، ابویحییٰ بن مقلاص:

ساتویں طبقہ کا'' ثقہ پختہ کار'' راوی ہے ۱۶۱ھ میں فوت ہوا اس کے علاوہ بھی تاریخ وفات بتلائی جاتی ہے ۱۰۰ھ کو پیدا ہوا تھا۔

۲۲۷۵۔ع۔سعید بن ابوبردہ بن ابوموسیٰ اشعری، کوفی:

پانچویں طبقہ کا'' ثقہ پختہ کار'' راوی ہے اور ابن عمر (رضی اللہ عنہ) سے اس کی روایت مرسل ہوتی ہے۔

۲۲۷۶۔۴۔سعید بن بشیر ازدی" ولاء کی وجہ سے ہے" ابوعبدالرحمٰن یا ابوسلمہ، شامی، بصری یا واسطی الاصل:

آٹھویں طبقہ کا'' ضعیف'' راوی ہے ۱۶۸ھ یا ۱۶۹ھ میں فوت ہوا۔

۲۲۷۷۔د۔سعید بن بشیر انصاری:

ساتویں طبقہ کا'' مجہول'' راوی ہے۔

☆سعید بن تلید:

یہ ابن عیسیٰ ہے آئے گا۔ (=۲۳۷۷)

۲۲۷۸۔ع۔سعید بن جبیر اسدی" ولاء کی وجہ سے ہے" کوفی:

تیسرے طبقہ کا'' ثقہ پختہ کار فقیہ'' راوی ہے اور اس کی (سیدہ) عائشہ (رضی اللہ عنہا) و (سیدنا) ابوموسیٰ اشعری (رضی اللہ عنہ) اور ان جیسے حضرات سے روایت مرسل ہوتی ہے ۹۵ھ کو حجاج کے سامنے اسے قتل کیا گیا اور یہ پچاس برس مکمل نہیں پا سکا۔

۲۲۷۹۔۴۔سعید بن جمہان اسلمی، ابوحفص بصری:

چوتھے طبقہ کا'' صدوق'' راوی ہے اس سے متفرد حدیثیں مروی ہیں ۱۳۶ھ میں فوت ہوا۔

☆سعید بن حارث عنمی:

حارث بن سعید کے ترجمہ میں اس کا ذکر موجود ہے۔ (۱۰۲۳)

۲۲۸۰۔ع۔سعید بن حارث بن ابوسعید بن معلیٰ انصاری مدنی:

تیسرے طبقہ کا'' ثقہ'' راوی ہے۔

۲۲۸۱۔ق۔سعید بن حریث بن عمرو بن عثمان بن عبداللہ بن عمر بن مخزوم قرشی، مخزومی:

انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے اور یہ عمرو کے بھائی ہیں۔

۲۲۸۲۔د،ق۔سعید بن حسان، حجازی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۲۸۳۔م،ت،س،ق۔سعید بن حسان مخزومی، مکی، اہل مکہ کا قصہ گو:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے۔

۲۲۸۴۔ع۔سعید بن ابوالحسن بصری، حسن کا بھائی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۰ھ کو فوت ہوا۔

۲۲۸۵۔س۔سعید بن حفص بن عمرو بن نفیل نفیلی، ابوعمرو حرانی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے آخر عمر میں اس کا حافظہ بدل گیا تھا ۲۳۷ھ میں فوت ہوا۔

۲۲۸۶۔ع۔سعید بن حکم بن محمد بن سالم بن ابومریم جمحی، ابومحمد مصری:

دسویں طبقہ کا کبار ''ثقہ پختہ کار فقیہ'' راوی ہے بعمر ۸۰ برس ۲۲۴ھ کو فوت ہوا۔

۲۲۸۷۔د،س۔سعید بن حکیم بن معاویہ بن حیدہ قشیری، بصری، بہز کا بھائی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۲۸۸۔م،تم،س۔سعید بن حویرث یا ابن ابوحویرث مکی، ابویزید، سائب کا غلام:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۲۸۹۔د،ت۔سعید بن حیان تیمی، کوفی، یحییٰ کا والد:

تیسرے طبقہ سے ہے (امام) عجلی (رحمہ اللہ) نے اس کی توثیق کی ہے۔

۲۲۹۰۔ق۔سعید بن خالد بن ابوطویل قرشی، صیداوی:

پانچویں طبقہ کا ''منکر الحدیث'' راوی ہے، بعض حضرات نے سعید بن خالد بن ابوطویل اور سعید بن خالد قرشی میں

فرق کیا ہے۔

۲۲۹۱۔ د،س،ق۔ سعید بن خالد بن عبداللہ بن قارظ، کنانی، مدنی، حلیف بنو زہرہ:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۲۹۲۔ م۔ سعید بن خالد بن عمرو بن عثمان بن عفان مدنی:

دمشق فروکش ہوا، چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۲۹۳۔ د۔ سعید بن خالد خزاعی، مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۱۵۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۲۲۹۴۔ س،ق۔ سعید بن ابو خالد احمسی، کوفی، اسماعیل کا بھائی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۲۹۵۔ ت،س۔ سعید بن خثیم ابن رشد ہلالی، ابو معمر کوفی:

نویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اغلاط'' راوی ہے اس پر شیعیت کا الزام لگایا گیا ہے، ۱۸۰ھ میں فوت ہوا

۲۲۹۶۔ تمییز۔ سعید بن خثیم بصری، قبیلہ بنو سلیط سے ہے:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، (امام) بخاری (رحمہ اللہ) اور دیگر حضرات نے اسے پہلے راوی سے الگ راوی بنایا ہے اور (حافظ) مزی (رحمہ اللہ) نے اسے پہلے راوی سے ملا دیا ہے جو کہ ان کا وہم ہے۔

۲۲۹۷۔ د،س،ق۔ سعید بن ابو خیرہ، بصری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۲۹۸۔ خت۔ سعید بن داود بن ابو زنبر، زنبری۔ ابو عثمان مدنی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے (امام) مالک سے اس کی منکر حدیثیں مروی ہیں، کہا جاتا ہے کہ اس پر بعض حدیثیں مختلط ہوگئی تھیں اور عبداللہ بن نافع نے (امام) مالک سے اس کے دعوی سماع کی تکذیب کی ہے ۲۲۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۲۲۹۹۔س۔ سعید بن ذؤیب مروزی:

(امام) نسائی (رحمہ اللہ) نے ان کی توثیق کی ہے گیارہویں طبقہ سے ہے۔

۲۳۰۰۔عس۔ سعید بن ذی حُدّان، کوفی:

تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۲۳۰۱۔ت، ق۔ سعید بن ابوراشد:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۳۰۲۔تمییز۔ سعید بن ابوراشد:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، ان کی حدیث کی سند قابل نظر ہے جسے حسن بن سفیان وغیرہ نے نقل کیا ہے۔

۲۳۰۳۔خ، م، ت، س۔ سعید بن ربیع عامری حَرَشی، ابوزید ہروی بصری:

نویں طبقہ کے صغار راویوں میں سے "ثقہ" راوی ہے، سنہ [illegible]ھ میں فوت ہوئے۔

۲۳۰۴۔ت۔ سعید بن زَرْبی خزاعی بصری عبادانی، ابوعبیدہ یا ابومعاویہ:

ساتویں طبقہ کا "منکر الحدیث" راوی ہے۔

۲۳۰۵۔تمییز۔ سعید بن زربی، ابوعبیدہ، صاحب موعظہ:

ابن حبان نے کتاب الثقات میں علامہ ابن معین اس میں اور پہلے راوی میں فرق کیا ہے جبکہ دیگر حضرات نے ان دونوں کو ملا دیا ہے۔

۲۳۰۶۔ت۔ سعید بن زرعہ حمصی، جرار، خزاف:

تیسرے طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۲۳۰۷۔ل۔ سعید بن زکریا الأدم، ابوعثمان مصری:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "صدوق عابد" راوی ہے [illegible] کے مقام پر سنہ [illegible]ھ میں فوت ہوئے۔

۲۳۰۸۔ت،ق۔سعید بن زکریا قرشی، مدائنی:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم حافظ حدیث نہیں تھا۔

۲۳۰۹۔خت،د،س۔سعید بن زیاد انصاری، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۳۱۰۔د،س۔سعید بن زیاد شیبانی، مکی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۳۱۱۔د،س۔سعید بن زیاد مکتب مؤذن، مدنی جہینہ کا غلام:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۳۱۲۔خت،م،د،ت،ق۔سعید بن زید بن درہم ازدی، جہضمی، ابوالحسن بصری، حماد کا بھائی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے ۱۶۷ھ کو فوت ہوا۔

۲۳۱۳۔ق۔سعید بن زید بن عقبہ فزاری کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۳۱۴۔ع۔سعید بن زید بن عمرو بن نفیل عدوی، ابواعور:

عشرہ مبشرہ میں سے ایک ہیں ۵۰ھ یا اس کے ایک یا دو سال بعد فوت ہوئے۔

۲۳۱۵۔د،س۔سعید بن سالم قداح، ابوعثمان مکی، خراسانی یا کوفی الاصل:

نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے وہم کر جاتا ہے اس پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے اور فقیہ تھا۔

۲۳۱۶۔د،س،ق۔سعید بن سائب بن یسار ثقفی، طائفی:

یہ ابن ابو یسار ہے ساتویں طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۱۷۱ھ میں فوت ہوا۔

۲۳۱۷۔ق۔سعید بن سعد بن ایوب، ابوعثمان بخاری:

ری کے مقام پر فروکش ہوا، گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے (امام) ابوحاتم رازی سے ایک مہینہ پہلے فوت ہوا۔

۲۳۱۸۔س،ق۔سعید بن سعد بن عبادہ انصاری،خزرجی:

صغیر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں (حضرت) علی (رضی اللہ عنہ) کی طرف سے یمن کے بعض علاقوں پر والی مقرر تھے۔

۲۳۱۹۔س۔سعید بن سعید تغلبی کوفی،ابوالصباح:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۳۲۰۔ت،ق۔سعید بن ابوسعید انصاری،مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆سعید بن ابوسعید زبیدی:

یہ ابن عبدالجبار ہے۔(=۲۳۴۳)

۲۳۲۱۔ع۔سعید بن ابوسعید کیسان مقبری،ابوسعد مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے وفات سے چار سال پہلے اس کا حافظہ بگڑ گیا تھا، (سیدہ) عائشہ (رضی اللہ عنہا) اور (سیدہ) ام سلمہ (رضی اللہ عنہا) سے اس کی حدیث مرسل ہوتی ہے ۱۲۰ھ کی حدود میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۲۳۲۲۔تمییز۔سعید بن ابوسعید بیروتی ساحلی:

پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، مقبری اور اس میں فرق کرنے کی وجہ سے خطیب بغدادی پر ابن عسا کرنے وہم کا حکم لگایا ہے مگر خطیب بغدادی ہی ٹھیک ہیں۔اور یہ بھی احتمال ہے کہ یہ سعید بن خالد بن ابوطویل ہو۔

۲۳۲۳۔ت۔سعید بن سفیان جحدری بصری:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غلطی کر جاتا ہے ۲۰۱ھ یا ۲۰۵ھ کو فوت ہوا۔

۲۳۲۴۔ق۔سعید بن سفیان اسلوی،مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۳۲۵۔ت۔ سعید بن سلمان یا ابن سلیمان ربعی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۳۲۶۔خت، م، د، س۔ سعید بن سلمہ بن ابوحسام عدوی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوعمرو مدنی:

یہ ابوعمرو سدوسی ہے جس سے عقدی نے روایت کیا ہے، ساتویں طبقہ کا ''صدوق صحیح الکتاب'' راوی ہے تاہم جب حافظہ سے حدیث بیان کرتا ہے تو غلطی کر جاتا ہے۔

۲۳۲۷۔س۔ سعید بن سلمہ مخزومی، ابن ازرق کی آل میں سے ہے:

(امام) نسائی (رحمہ اللہ) نے اس کی توثیق کی ہے چھٹے طبقہ سے ہے۔

۲۳۲۸۔بخ۔ سعید بن سلیمان بن زید بن ثابت انصاری، مدنی، قاضی مدینہ:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۳۲۹۔ع۔ سعید بن سلیمان ضبی، ابوعثمان واسطی، بزاز، اس کا لقب سعدویہ ہے:

بغداد فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے عمر ۱۰۰ برس ۲۵ھ کو فوت ہوا۔

۲۳۳۰۔تمییز۔ سعید بن سلیمان بصری، نشیطی ''اپنے نانا نشیط کی طرف نسبت کیا گیا ہے'':

نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے، ابن عساکر کو اس کے نانا نشیط کے نام میں وہم ہوا ہے۔

☆ سعید بن سلیمان:

ابن سلمان میں گزر چکا۔ (۲۳۲۵)

۲۳۳۱۔ر، د، ت، س۔ سعید بن سمعان انصاری، زرقی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ازدی نے اس کی تضعیف کر کے اچھا نہیں کیا۔

۲۳۳۲۔ر، م، د، ت، س، ق۔ سعید بن سنان برجمی، ابوسنان شیبانی اصغر، کوفی:

رَی کے مقام پر فروکش ہوا، چھٹے طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے۔

۲۳۳۳۔ق۔ سعید بن سنان حنفی یا کندی، ابومہدی حمصی:

آٹھویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے دارقطنی وغیرہ نے اس پر وضع حدیث کا الزام لگایا ہے ۱۶۳ھ یا ۱۶۸ھ میں

فوت ہوا۔

۲۳۳۴۔ د،س۔ سعید بن شبیب، حضرمی، ابوعثمان مصری:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۳۳۵۔ خ،س،ق۔ سعید بن شرحبیل کندی، کوفی:

دسویں طبقہ کے قدماء حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۲۱۲ھ میں فوت ہوا۔

۲۳۳۶۔ د،فق۔ سعید بن ابوصدقہ بصری، ابوقرہ:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۳۳۷۔ بخ،مد،س،فق۔ سعید بن عاص بن سعید بن عاص بن امیہ اموی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

ان کے والد غزوہ بدر میں قتل ہو گئے تھے، نبی کریم ﷺ کی وفات کے وقت سعید کی نو برس عمر تھی اور انہیں صحابہ کرام میں ذکر کیا گیا ہے، (سیدنا) عثمان (رضی اللہ عنہ) کی طرف سے کوفہ پر اور (سیدنا) معاویہ (رضی اللہ عنہ) کی طرف سے مدینہ پر گورنر مقرر رہے ہیں، ۵۸ھ میں فوت ہوئے وقیل غیر ذالک۔

۲۳۳۸۔ ع۔ سعید بن عامر ضُبعی، ابومحمد بصری:

نویں طبقہ کا ''ثقہ صالح'' راوی ہے (امام) ابوحاتم (رحمہ اللہ) کا کہنا ہے کہ کبسا اوقات وہم کر جاتا ہے عمر ۸۶ برس ۲۰۸ھ میں فوت ہوا۔

۲۳۳۹۔ ق۔ سعید بن عامر:

ابن عمر سے روایت کرتا ہے چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' ہے۔

۲۳۴۰۔ د،ت۔ سعید بن عبداللہ بن جُریج اسلمی، ابوبرزہ کا غلام، بصری:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی بسا اوقات وہم کر جاتا ہے۔

☆ سعید بن عبداللہ اغطش:

سعد کے ترجمہ میں گزر چکا۔ (۲۲۴۶)

۲۳۴۱۔ت،عس،ق۔سعید بن عبداللہ جہنی،حجازی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

21

۲۳۴۲۔م،د۔سعید بن عبدالجبار بن یزید قرشی،ابوعثمان کرابیسی بصری:

مکہ مکرمہ فروکش ہوا،دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۳۶ھ میں فوت ہوا۔

۲۳۴۳۔ق۔سعید بن عبدالجبار زُبیدی،ابوعثمان حمصی:

یہ سعید بن ابوسعید ہے آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے (امام) جریر (رحمہ اللہ) اس کی تکذیب کرتے تھے۔

۲۳۴۴۔تمیز۔سعید بن عبدالجبار بن وائل حضرمی،کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۵۸ھ میں فوت ہوا۔

۲۳۴۵۔تمیز۔سعید بن عبدالجبار:

محمد بن جابر حنفی سے روایت کرتا ہے مجہول ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ یہ پہلے والا ہی راوی ہو۔

۲۳۴۶۔ع۔سعید بن عبدالرحمٰن بن ابزی خزاعی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۳۴۷۔بخ۔سعید بن عبدالرحمٰن بن جحش جحشی،حجازی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۳۴۸۔ت،س۔سعید بن عبدالرحمٰن بن حسان،ابوعبیداللہ مخزومی:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۴۹ھ میں فوت ہوا۔

۲۳۴۹۔م۔سعید بن عبدالرحمٰن بن ابوسعید خدری:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ سابقہ صفحات میں گزرنے والا ربیع ہے۔(=۱۸۸۱)

۲۳۵۰۔عخ،م،د،س،ق۔سعید بن عبدالرحمٰن جمحی،ابوعبداللہ مدنی،قاضی بغداد،عامر بن حذیم کی اولاد میں سے ہے:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے ابن حبان نے اس کی تضعیف میں افراط سے کام لیا ہے،عمر

۷۲ برس تک ۷ھ میں فوت ہوا۔

۲۳۵۱۔ س۔ سعید بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ زبیدی، ابو شیبہ کوفی، قاضی رِی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۱۶۵ھ میں فوت ہوا۔

۲۳۵۲۔ س۔ سعید بن عبدالرحمٰن بن عبدالملک بغدادی، ابو عثمان:

انطاکیہ فروکش ہوا، بارہویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۲۳۵۳۔ د۔ سعید بن عبدالرحمٰن بن ذیومیاء، کرابائی مصری:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۳۵۴۔ بخ، د، ت۔ سعید بن عبدالرحمٰن بن مُکَلَّیل اخنشی، زہری، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۳۵۵۔ د۔ سعید بن عبدالرحمٰن بن یزید بن رُقَیش، اسدی مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۳۵۶۔ د۔ سعید بن عبدالرحمٰن غفاری، ابو صالح مصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، ابن یونس کا کہنا ہے کہ (سیدنا) علی (رضی اللہ عنہ) سے اس کی روایت مرسل ہوتی ہے۔

۲۳۵۷۔ بخ۔ سعید بن عبدالرحمٰن اموی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' ہے۔

۲۳۵۸۔ بخ، م، ۴۔ سعید بن عبدالعزیز تنوخی، دمشقی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ امام'' راوی ہے (امام) احمد (رحمہ اللہ) نے اسے اوزاعی کے برابر کا قرار دیا ہے جبکہ ابو مسہر نے مقدم کیا ہے مگر یہ آخر عمر میں عارضہ اختلاط میں مبتلا ہو گیا تھا، ۷۰ سے کچھ سال زائد عمر پا کر ۱۶۷ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۲۳۵۹۔خ،ت،س،ق۔سعید بن عبید اللہ بن جبیر بن حیہ ثقفی، جُبیری، بصری:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے۔

☆سعید بن عبید بن زید بن عقبہ:

درست سعید بن زید بن عقبہ ہے۔

۲۳۶۰۔د،ت،ق۔سعید بن عبید بن سباق ثقفی، ابو سباق مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۳۶۱۔خ،د،ت،س۔سعید بن عبید طائی، ابو ہذیل کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۳۶۲۔ت،س۔سعید بن عبید ہُنائی، بصری:

چھٹے طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۲۳۶۳۔مد،ت۔سعید بن عبید، محمد کا بھائی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۳۶۴۔د۔سعید بن عثمان بلوی، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۳۶۵۔ع۔سعید بن ابو عروبہ مہران یشکری ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو نضر بصری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ حافظ صاحب تصانیف کثیر التدلیس'' راوی ہے عارضہ اختلاط میں مبتلا ہو گیا تھا اور قتادہ کی احادیث میں تمام لوگوں سے زیادہ قابل اعتماد ہے، ۱۵۶ھ کو فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۵۷ھ کو ہوا۔

۲۳۶۶۔ت۔سعید بن عطیہ لیثی، ابو سلمہ:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۳۶۷۔ق۔سعید بن عمارہ بن صفوان کلاعی، حمصی:

ساتویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۲۳۶۸۔خ،م،ت۔سعید بن عمرو بن اشوع ہمدانی، کوفی، قاضی کوفہ:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے، سن ۱۲۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۲۳۶۹۔س۔سعید بن عمرو بن سعید بن ابو صفوان سکونی، ابو عثمان حمصی:

گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۲۳۷۰۔خ،م،د،س،ق۔سعید بن عمرو بن سعید بن عاص اموی، مدنی ثم دمشقی ثم کوفی:

تیسرے طبقہ کے معتبر حضرات میں سے "ثقہ" راوی ہے سن ۱۲۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۲۳۷۱۔عس۔سعید بن عمرو بن سفیان:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۳۷۲۔م،س۔سعید بن عمرو بن سہل کندی، اشعثی، ابو عثمان کوفی:

دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے سن ۲۳۰ھ میں فوت ہوا۔

۲۳۷۳۔س۔سعید بن عمرو بن شرحبیل انصاری، مدنی:

سعد بن عبادہ کی اولاد میں سے ہے اور چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۲۳۷۴۔د۔سعید بن عمرو حضرمی، ابو عثمان حمصی، یا بونی:

دسویں طبقہ کے صغار راویوں میں سے "مقبول" راوی ہے صاحب کمال کو وہم ہوا اور انہوں نے اسے ماقبل میں گزرنے والے راوی "سعید بن عمرو سکونی" کے ساتھ ملا دیا ہے۔

☆سعید بن ابو عمران:

یہ ابن فیروز ہے آگے آئے گا۔ (۲۳۸۰)

۲۳۷۵۔س۔سعید بن عمیر بن نیار:

یہ بھی کہا گیا ہے کہ عمیر اور نیار کے درمیان عقبہ ہے، چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۳۷۶۔ت،ق۔سعید بن علاقہ ہاشمی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابو فاختہ کوفی:

زیادہ تر اپنی کنیت سے مشہور ہے تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۹۰ھ کی حدود میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے کافی عرصے بعد ہوا۔

۲۳۷۷۔خ،س۔سعید بن عیسیٰ بن تلید، رعینی قتبانی:

دسویں طبقہ کے قدماء میں سے "ثقہ فقیہ" راوی ہے ۲۱۹ھ کو فوت ہوا۔

۲۳۷۸۔د۔سعید بن غزوان، شامی:

چھٹے طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۲۳۷۹۔س۔سعید بن فرج بلخی، ابو نصر بن ابو سعید:

گیارہویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۴۱ھ کو مکہ مکرمہ میں فوت ہوا۔

۲۳۸۰۔ع۔سعید بن فیروز ابو البختری ابن ابو عمران طائی "ولاء کی وجہ سے ہے" کوفی:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ پختہ کار کثیر الارسال" راوی ہے قدرے تشیع کی طرف مائل تھا، ۸۳ھ میں فوت ہوا۔

۲۳۸۱۔بخ،د۔سعید بن کثیر بن عبید تیمی، ابو العنبس، کوفی:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۲۳۸۲۔خ،م،قد،س۔سعید بن کثیر بن عفیر، انصاری "ولاء کی وجہ سے ہے"، مصری:

اپنے دادا کی طرف منسوب کیا جاتا ہے دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے انساب وغیرہ کا علم رکھتا تھا اور اس کی تضعیف میں سعدی کا ابن عدی نے رد کیا ہے ۲۲۶ھ کو فوت ہوا۔

۲۳۸۳۔س۔سعید بن کثیر بن مطلب بن ابو وداعہ سہمی، ابو اسماعیل مکی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۳۸۴۔ق۔سعید بن ابو کرب ہمدانی:

ابو زرعہ نے اس کی توثیق کی ہے چوتھے طبقہ سے ہے۔

☆ سعید بن کیسان:

یہ ابن ابوسعید مقبری ہے۔ (=۲۳۲۱)

۲۳۸۵۔ د، س۔ سعید بن محمد بن جبیر بن مطعم نوفلی، مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۳۸۶۔ خ، م، د، ق۔ سعید بن محمد بن سعید جرمی، کوفی:

گیارہویں طبقہ کے کبار راویوں میں سے ''صدوق'' راوی ہے اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے۔

۲۳۸۷۔ ت، ق۔ سعید بن محمد وراق ثقفی، ابوالحسن کوفی:

بغداد فروکش ہوا، آٹھویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ضعیف'' راوی ہے۔

۲۳۸۸۔ خ، م، خد، ت، س۔ سعید بن مرجانہ، ابوعثمان حجازی:

مرجانہ اس کی والدہ کا نام ہے صحیح قول کے مطابق یہ عبداللہ کا بیٹا ہے جبکہ (امام) ذہلی (رحمہ اللہ) کا گمان ہے کہ یسار کا بیٹا ہے، تیسرے طبقہ کا ''ثقہ فاضل'' راوی ہے ۱۰۰ھ سے تین سال پہلے فوت ہوا۔

۲۳۸۹۔ بخ، ت، ق۔ سعید بن مرزبان عبسی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوسعد بقال، کوفی اعور:

پانچویں طبقہ کا ''ضعیف مدلس'' راوی ہے ۱۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۲۳۹۰۔ خ، ق۔ سعید بن مروان بن علی ابوعثمان بغدادی:

نیشاپور فروکش ہوا، کلاباذی نے اس میں اور اس کے بعد والے آنے والے راوی ''رہاوی'' میں فرق نہیں کیا، گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے (امام) احمد (رحمہ اللہ) کی آواز لوگوں تک پہنچاتا تھا ۲۵۲ھ میں فوت ہوا۔

۲۳۹۱۔ س۔ سعید بن مروان، ابوعثمان ازدی، رہاوی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ مامون'' راوی ہے۔

☆ سعید بن ابومریم:

یہ ابن حکم ہے گزر چکا۔ (=۲۲۸۶)

۲۳۹۲۔ د،س۔ سعید بن مزاحم بن ابو مزاحم اموی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۳۹۳۔ ع۔ سعید بن مسروق ثوری، سفیان کا والد:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۲۶ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۲۳۹۴۔ س،ق۔ سعید بن مسلم بن بانک، مدنی ابو مصعب:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۳۹۵۔ ت،ق۔ سعید بن مسلمہ بن ہشام بن عبدالملک ابن مروان ''ولاء کی وجہ سے ہے'' جزیرہ فروکش ہوا، آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۱۹۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۲۳۹۶۔ ع۔ سعید بن مسیب بن حزن بن ابو وہب ابن عمرو بن عائذ بن عمران بن مخزوم قرشی مخزومی:

پختہ کار علماء، اور کبار فقہاء میں سے ایک ہیں محدثین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ان کی مراسیل سب سے زیادہ صحیح ہیں، (امام) ابن مدینی (رحمہ اللہ) کا بیان ہے کہ میں تابعین میں ان سے زیادہ وسیع علم والا نہیں جانتا ۹۰ھ کے بعد فوت ہوئے ۸۰ برس عمر پائی۔

۲۳۹۷۔ س۔ سعید بن مغیرہ صیاد، ابو عثمان مصیصی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۲۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۲۳۹۸۔ تمییز۔ سعید بن مغیرہ موصلی:

گیارہویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے پہلے راوی سے تھوڑا سا متاخر ہے۔

۲۳۹۹۔ ع۔ سعید بن منصور بن شعبہ، ابو عثمان خراسانی:

مکہ مکرمہ فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ مصنف'' راوی ہے یہ اپنی کتاب پر بہت زیادہ اعتماد کرنے کی وجہ سے اس میں جو کچھ بھی ہوتا تھا اس سے رجوع نہیں کرتا تھا ۲۲۷ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۲۴۰۰۔ د۔ سعید بن مہاجر یا ابن ابو مہاجر حمصی:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۴۰۱۔ تمییز۔ سعید بن مہلب:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ ابن مہلب بن ابو صفرہ ہے۔

۲۴۰۲۔ ق۔ سعید بن میمون:

آٹھویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۲۴۰۳۔ خ، م، د، ت، ق۔ سعید بن میناء، بختری بن ابوذباب حجازی کا غلام، مکی یا مدنی:

اس کی کنیت ابو ولید ہے تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۲۴۰۴۔ د۔ سعید بن نُصیر بغدادی، ابوعثمان یا ابومنصور دورقی، وراق:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۲۴۰۵۔ تمییز۔ سعید بن نصیر قصیری، واسطی:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۲۴۰۶۔ خ۔ سعید بن نضر بغدادی، ابوعثمان:

جیحون فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۳۴ھ میں فوت ہوا۔

۲۴۰۷۔ تمییز۔ سعید بن نضر بن شبرمہ حارثی، کوفی:

نویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے جس نے اسے پہلے راوی سے ملایا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۲۴۰۸۔ س، ق۔ سعید بن ہانی خولانی، ابوعثمان مصری:

(حافظ) عجلی (رحمہ اللہ) کا بیان ہے کہ شامی ثقہ راوی ہے تیسرے طبقہ سے ہے ۱۲۷ھ میں فوت ہوا۔

۲۴۰۹۔ ع۔ سعید بن ابو ہند فزاری "ولاء کی وجہ سے ہے":

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ابو موسیٰ سے ارسال کرتا ہے ۱۱۶ھ میں فوت ہوا یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۲۴۱۰۔ ع۔ سعید بن ابو ہلال لیثی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابو العلاء مصری:

کہا گیا ہے کہ اصلاً مدینہ کا باشندہ ہے جبکہ ابن یونس کا کہنا ہے کہ وہاں صرف پل کر جوان ہوا، چھٹے طبقہ کا "صدوق"

راوی ہے اس کی تضعیف میں ابن حزم کی موافقت کرنے والا سلف میں مجھے کوئی نہیں ملا البتہ (امام) ساجی (رحمہ اللہ) نے (امام) احمد (رحمہ اللہ) سے نقل کیا ہے کہ یہ عارضہ اختلاط میں مبتلا ہوگیا تھا ۳۰ھ کے بعد فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۵ھ سے ایک سال پہلے فوت ہوا۔

۲۴۱۱۔ خ،م،س۔ سعید بن وہب ہمدانی خیوانی، کوفی:

اسے قراء کہا جاتا تھا ''ثقہ مخضرمی'' راوی ہے ۵ھ یا ۷ھ کو فوت ہوا۔

۲۴۱۲۔ تمییز۔ سعید بن وہب ثوری ہمدانی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۴۱۳۔ ع۔ سعید بن یُحمِد ابوالسَفَر، ہمدانی ثوری کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۲ھ کو یا اس کے ایک سال بعد فوت ہوا۔

۲۴۱۴۔ م،ق۔ سعید بن یحییٰ بن ازہر بن نجیح واسطی، ابو عثمان:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۴۳ھ یا ۴۴ھ کو فوت ہوا۔

۲۴۱۵۔ خ،م،د،ت،س۔ سعید بن یحییٰ بن سعید بن ابان بن سعید بن عاص اموی، ابو عثمان بغدادی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے ۴۹ھ کو فوت ہوا۔

۲۴۱۶۔ خ،س،ق۔ سعید بن یحییٰ بن صالح لخمی، ابو یحییٰ کوفی:

دمشق فروکش ہوا، اس کا لقب سعدان ہے نویں طبقہ کا ''صدوق وسط'' راوی ہے، صحیح بخاری میں اس کی صرف ایک حدیث آتی ہے ۲۰۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۲۴۱۷۔ خ،ت۔ سعید بن یحییٰ بن مہدی بن عبدالرحمٰن، ابو سفیان حمیری، حذاء (موچی) واسطی:

نویں طبقہ کا ''صدوق وسط'' راوی ہے بعمر ۹۰ برس ۲۰۲ھ میں فوت ہوا۔

۲۴۱۸۔ د۔ سعید بن یربوع بن عنکثہ ابن عامر بن مخزوم قرشی مخزومی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کا نام صرم تھا اصرم بھی کہا جاتا ہے جسے نبی کریم ﷺ نے تبدیل کر دیا تھا ۱۲۰ برس یا

اس سے کچھ زائد عمر پا کر ۱۴۵ھ کو فوت ہوئے ان سے سنن ابی داؤد میں ایک حدیث آتی ہے۔

۲۴۱۹۔ع۔سعید بن یزید بن مسلمہ ازدی ثم الطاحی، ابو مسلمہ بصری قصیر:

چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۲۴۲۰۔س۔سعید بن یزید بجلی ثم الاحسی الکوفی:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۲۴۲۱۔س۔سعید بن یزید بصری:

ابو حاتم نے کہا ہے کہ شیخ ہے اس سے قتادہ کے سوا کوئی روایت نہیں کرتا، چھٹے طبقہ سے ہے مگر اپنے معاصرین میں سب سے پہلے فوت ہونے والا ہے۔

۲۴۲۲۔م،د،ت،س۔سعید بن یزید حمیری قتبانی، ابو شجاع اسکندرانی:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ عابد" راوی ہے ۱۵۴ھ کو فوت ہوا۔

۲۴۲۳۔ع۔سعید بن یسار ابو الحباب، مدنی:

یہ کس کا غلام ہے اس میں اختلاف پایا جاتا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ سعید بن مرجانہ ہے مگر یہ بات صحیح نہیں ہے، تیسرے طبقہ کا "ثقہ متقن" راوی ہے ۱۱۷ھ کو فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے ایک سال پہلے ہوا۔

۲۴۲۴۔د،ت،س۔سعید بن یعقوب طالقانی، ابو بکر:

دسویں طبقہ کا "ثقہ صاحب حدیث" راوی ہے ابن حبان کا کہنا ہے کہ بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے ۲۴۴ھ کو فوت ہوا۔

۲۴۲۵۔مد۔سعید بن یوسف رحبی "زرقی بھی کہا جاتا ہے صنعاء دمشق سے ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ حمص سے ہے"

پانچویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۲۴۲۶۔د۔سعید انصاری:

تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

☆سعید جان، ابو عثمان:

کنیتوں میں آئے گا۔ (=۸۴۴۲)

۲۴۲۷۔صد۔سعید صراف، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۲۴۲۸۔بخ۔سعید، قیسی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۴۲۹۔تمییز۔سعید قیسی، ایک دوسرا راوی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆سعید مقبری:

یہ ابن ابو سعید ہے گزر چکا۔ (=۲۳۲۱)

۲۴۳۰۔د۔سعید، یزید بن نمران کا غلام:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۴۳۱۔س۔سعید، بے نسبت:

اس نے ابراہیم عن ابن الھاد سے روایت کیا ہے اور اس سے عثمان بن عمرو جزری نے روایت کیا ہے، (امام) نسائی (رحمہ اللہ) نے کہا ہے کہ میں اسے نہیں جانتا، اور ایک نسخہ میں سعید بن ابراہیم آتا ہے۔

۲۴۳۲۔م،ت،س۔سُعَیر ابن خِمس تمیمی، ابو مالک یا ابو الاحوص:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے صحیح مسلم میں اس کی صرف ایک حدیث وسوسے کے متعلق آتی ہے۔

۲۴۳۳۔مد۔سقّاح:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۴۳۴۔ق۔سفر ابن نُسَیر، ازدی، حمصی:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے (سیدنا) ابو درداء (رضی اللہ عنہ) سے ارسال کرتا ہے۔

۲۴۳۵۔بخ،د۔سفیان بن اَسید:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے ایک حدیث آتی ہے۔

۲۴۳۶۔بخ،۴۔سفیان بن حبیب بصری بزاز، ابومحمد:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، بعمر ۵۸ برس ۸۲ھ کو فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۸۶ھ کو ہوا۔

۲۴۳۷۔خت،م،۴۔سفیان بن حسین بن حسن، ابومحمد یا ابوالحسن، واسطی:

ساتویں طبقہ سے ہے روایت حدیث میں باتفاق محدثین زہری کی احادیث کے علاوہ ثقہ ہے۔ ری کے مقام پر مہدی کے ساتھ فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ رشید کے ابتدائی دور خلافت میں فوت ہوا۔

☆سفیان بن حکم:

اسے حکم بن سفیان بھی کہا گیا ہے حاء میں گزر چکا۔ (=۱۴۴۲)

۲۴۳۸۔بخ،ق۔سفیان بن حمزہ بن سفیان بن فروہ اسلمی، ابوطلحہ مدنی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۴۳۹۔خ۔س۔سفیان بن دینار، تمار، ابوسعید کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۴۴۰۔تمییز۔سفیان بن دینار مکی:

اسے سعید بن دینار بھی کہا گیا ہے، اور یہی سب سے زیادہ صحیح ہے، تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۴۴۱۔خ،م،س،ق۔سفیان بن ابوزہیر ازدی، ازدشنوءۃ میں سے ہیں:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں انہیں اہل مدینہ میں شمار کیا جاتا ہے۔

۲۴۴۲۔ق۔سفیان بن زیاد بن آدم عُقیلی، ابوسعد بصری یا بلدی، المؤدب:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۴۴۳۔ تمییز۔ سفیان بن زیاد بغدادی رصافی، مخرمی:

خطیب نے اس کی توثیق کی ہے دسویں طبقہ سے ہے۔

۲۴۴۴۔ خ ، ۴۔ سفیان بن زیاد "ابن دینار بھی کہا جاتا ہے" عصفری، ابوالورقاء احمری یا اسدی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۲۴۴۵۔ ع۔ سفیان بن سعید بن مسروق ثوری، ابوعبداللہ کوفی:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ حافظ فقیہ عابد امام حجہ" راوی ہے اور کبھی کبھار تدلیس کرتا تھا، بعمر ۶۴ برس ۱۶۱ھ میں فوت ہوا۔

۲۴۴۶۔ م، ت، س، ق۔ سفیان بن عبداللہ بن ربیعہ بن حارث ثقفی، طائفی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں اور حضرت عمر کی طرف سے طائف پر عامل مقرر تھے۔

۲۴۴۷۔ س، ق۔ سفیان بن عبدالرحمٰن یا ابن عبداللہ (ق) بن عاصم بن سفیان بن عبداللہ ثقفی، مکی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۴۴۸۔ م، د، ت۔ سفیان بن عبدالملک مروزی:

ابن مبارک (رحمہ اللہ) کے کبار اصحاب میں سے ہے، ثقہ ہے دسویں طبقہ کے قدماء سے ہے ۲۰۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۲۴۴۹۔ م، ۴۔ سفیان بن عقبہ سوائی، کوفی، قبیصہ کا بھائی:

نویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۲۴۵۰۔ د، ق۔ سفیان بن ابوعوجاء سلمی، ابولیلیٰ حجازی:

تیسرے طبقہ کا: "ضعیف" راوی ہے۔

۲۴۵۱۔ ع۔ سفیان بن عیینہ بن ابوعمران میمون ہلالی، ابومحمد کوفی ثم المکی:

آٹھویں طبقہ کا "ثقہ حافظ فقیہ امام حجہ" راوی ہے تاہم آخر عمر میں اس کا حافظہ بدل گیا تھا اور کبھی کبھار ثقہ راویوں سے تدلیس کرتا تھا، عمرو بن دینار کی احادیث میں سب لوگوں سے زیادہ قابل اعتماد تھا، بعمر ۹۱ برس رجب کے مہینے میں

۹۸ھ کو فوت ہوا۔

۲۴۵۲۔ بخ۔ سفیان بن معقد بن قیس مصری، قریش کا غلام:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۴۵۳۔ م۔ سفیان بن موسیٰ بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۴۵۴۔ تم۔ سفیان بن نجیط، بصری:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۴۵۵۔ م، د، س۔ سفیان بن ہانی مصری، ابو سالم جیشانی:

تابعی مخضرمی راوی ہیں فتح مصر میں شریک ہوئے اور کہا جاتا ہے کہ انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے ۸۰ھ کے بعد فوت ہوئے۔

۲۴۵۶۔ م، د، س۔ سفیان بن ہانی مصری، ابو سالم جیشانی:

تابعی مخضرمی راوی ہیں فتح مصر میں شریک ہوئے اور کہا جاتا ہے کہ انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے ۸۰ھ کے بعد فوت ہوئے۔

۲۴۵۷۔ عس۔ سفیان، عمرو کا والد:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۴۵۸۔ م، ۴۔ سفینہ، نبی کریم ﷺ کا غلام:

ان کی کنیت ابو عبدالرحمن ہے اور کہا جاتا ہے کہ نام مہران یا اس کے علاوہ کوئی اور تھا سفر میں بہت زیادہ بوجھ اٹھانے کی وجہ سے ان کا لقب سفینہ (بحری جہاز) پڑ گیا، مشہور (صحابی رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے احادیث آتی ہیں۔

۲۴۵۹۔ صد۔ سکن بن اسماعیل انصاری ''برجمی بھی کہا جاتا ہے'' ابو معاذ یا ابو عمرو بصری، الاصم:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۴۶۰۔ت۔ سکن بن مغیرہ اموی "ولاء کی وجہ سے ہے" بزاز بصری:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۲۴۶۱۔ر۔ سکین ابن عبدالعزیز بن قیس عبدی، عطار، بصری:

یہ سکین بن ابوفرات ہے ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ضعیف راویوں سے روایت کرتا ہے۔

۲۴۶۲۔د، ق۔ سلم ابن ابراہیم وراق، ابومحمد بصری:

نویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۲۴۶۳۔د، ت۔ سلم بن جعفر بکراوی، ابوجعفر اعمیٰ (نابینا):

ابن مدینی نے کہا کہ یہ اہل یمن میں سے ہے، آٹھویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ازدی نے بلادلیل اس پر کلام کیا ہے۔

۲۴۶۴۔ت، ق۔ سلم بن جنادہ بن سلم سوائی، ابوسائب کوفی:

دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے بسا اوقات مخالفت کرتا ہے، بعمر ۸۰ برس ۲۵۴ھ کو فوت ہوا۔

۲۴۶۵۔خ، م، د۔ سلم بن ابوذیال عجلان بصری:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ قلیل الحدیث" راوی ہے اس کی صحیح مسلم میں ایک حدیث آتی ہے۔

۲۴۶۶۔خ، م، س۔ سلم بن زریر عطاردی، ابوبشر بصری:

ابوحاتم نے اس کی توثیق کی ہے اور نسائی نے کہا ہے کہ مضبوط نہیں ہے، چھٹے طبقہ سے ہے ۶۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۲۴۶۷۔فق۔ سلم بن سلام، ابومسیب واسطی:

نویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۴۶۸۔م، ۴۔ سلم بن عبدالرحمٰن نخعی، کوفی، حصین کا بھائی:

کہا گیا ہے کہ اس کی کنیت ابوعبدالرحیم ہے، چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے، حضرات کے پاس اس کی ایک حدیث

آئی ہے۔

۲۴۶۹۔تمییز۔سلم بن عبدالرحمٰن جرمی، بصری:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے،بعض حضرات نے اسے پہلے راوی سے ملادیا ہے جبکہ درست یہ ہے کہ یہ الگ الگ راوی ہیں اور یہ اس سے بہت زیادہ متقدم ہے۔

۲۴۷۰۔س۔سلم بن عطیہ فُقیمی،کوفی:

چھٹے طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۲۴۷۱۔خ،م۔سلم بن قتیبہ شعیری،ابوقتیبہ خراسانی:

بصرہ فروکش ہوا۔نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۰۰ھ یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۲۴۷۲۔تمییز۔سلم بن قتیبہ باہلی،امیر خراسان کا والد:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے منصور نے اسے بصرہ پر والی مقرر کیا تھا ۱۴۹ھ کو فوت ہوا (حافظ) مزی (رحمہ اللہ) نے اس کا ذکر نہیں کیا۔

۲۴۷۳۔بخ،د،تم،ی۔سلم بن قیس علوی،بصری:

چوتھے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

☆سلمان بن توبہ:

درست سلیمان ہے آئے گا۔(=۲۵۴۰)

۲۴۷۴۔م۔سلمان بن ربیعہ بن یزید بن عمرو بن سہم باہلی،ابوعبداللہ،سلمان الخیل:

کہا جاتا ہے کہ انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) نے انہیں کوفہ میں قضاء کے عہدے پر مقرر کیا تھا (سیدنا) عثمان (رضی اللہ عنہ) کے دور میں ارمینیہ کے جہاد میں شریک ہوئے اور شہید ہو گئے۔

۲۴۷۵۔بخ۔سلمان بن سُمیر،الٔالہانی،شامی:

اسے سلیمان بھی کہا جاتا ہے تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ ت۔ سلمان بن صخر:

سلمہ کے ترجمہ میں آئے گا۔ (=۲۴۹۶)

۲۴۷۶۔ خ، بم۔ سلمان بن عامر بن اوس بن حجر بن عمرو ابن حارث ضبی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں بصرہ فروکش ہو گئے تھے۔

۲۴۷۷۔ ع۔ سلمان فارسی ابو عبد اللہ:

اسے سلمان الاخیر بھی کہا جاتا ہے اصلاً اصبہان سے ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ رامہرمز سے ہے سب سے پہلے غزوہ خندق میں شریک ہوا تھا ۳۴ھ کو فوت ہوا۔

۲۴۷۸۔ ع۔ سلمان، الاغر، ابو عبد اللہ مدنی، جہینہ کا غلام، اصبہانی الاصل:

ثقہ راوی ہے تیسرے طبقے کے کبار حضرات سے ہے۔

۲۴۷۹۔ ع۔ سلمان، ابو حازم، اشجعی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۰ھ کو فوت ہوا۔

۲۴۸۰۔ خ، م، د، س۔ سلمان، ابو رجاء، بصری، ابو قلابہ جرمی کا غلام:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ان محدثین کے ہاں اس کی ایک حدیث آتی ہے۔

۲۴۸۱۔ س۔ سلمان، اہل شام سے ہے:

اس نے جنادہ سے روایت کیا ہے چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۴۸۲۔ س۔ سلمہ بن احمد بن سلیم فوزی، حمصی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۴۸۳۔ س، ق۔ سلمہ بن ازرق، حجازی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ سلمہ بن اکوع:

یہ ابن عمرو بن اکوع ہے۔ (=۲۵۰۳)

۲۴۸۴۔س،ق۔سلمہ بن امیہ تیمی،کوفی،یعلی بن امیہ کا بھائی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے ایک حدیث آتی ہے۔

۲۴۸۵۔د۔سلمہ بن بشر سیفی،ابو بشر دمشقی:

بسا اوقات اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے اور بعض حضرات نے ان دونوں میں فرق کیا ہے،آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۴۸۶۔س۔سلمہ بن تمام،ابو عبداللہ شقری،کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۴۸۷۔سلمہ بن تمام،بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆سلمہ بن جعفر:

درست سلم ہے۔(=۲۴۶۳)

۲۴۸۸۔س۔سلمہ بن جنادہ ہذلی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۴۸۹۔ع۔سلمہ بن دینار،ابو حازم،الاعرج الافزر التمار،مدنی،قصہ گو،اسود بن سفیان کا غلام:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے منصور کے دور خلافت میں فوت ہوا۔

۲۴۹۰۔خ،ت،ق۔سلمہ بن رجاء تیمی،ابو عبدالرحمٰن کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غریب احادیث بیان کرتا ہے۔

۲۴۹۱۔ق۔سلمہ بن روح بن زنباع جذامی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۴۹۲۔س۔سلمہ بن سعید بن عطیہ یا عطاء بصری:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۴۹۳۔خ۔م۔س۔سلمہ بن سلیمان مروزی،ابوسلیمان "ابوایوب بھی کہا جاتا ہے" المؤدب:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ثقہ حافظ" راوی ہے ابن مبارک (رحمہ اللہ) کیلئے حدیثیں لکھا کرتا تھا، ۲۰۳ھ کو فوت ہوا۔

۲۴۹۴۔م،د۔سلمہ بن شبیب مسمعی،نیشاپوری:

مکہ مکرمہ فروکش ہوا گیارہویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ثقہ" راوی ہے ۲۴۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۲۴۹۵۔(م)۔سلمہ بن صالح لخمی،مصری:

تیسرے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے، صاحبِ کمال نے ذکر کیا ہے کہ (امام) مسلم (رحمہ اللہ) نے اس سے روایت کیا ہے۔

۲۴۹۶۔د،ت،ق۔سلمہ بن صخر بن سلمان بن صمہ انصاری،خزرجی:

انہیں سلمان اور اسی طرح بیاضی بھی کہا جاتا ہے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، انہوں نے اپنی بیوی سے ظہار کیا تھا، (امام) بغوی (رحمہ اللہ) نے کہا ہے کہ میں اس کے سواء ان کی کوئی مسند نہیں جانتا۔

۲۴۹۷۔ق۔سلمہ بن صفوان بن سلمہ انصاری،زرقی،مدنی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۲۴۹۸۔م،د،ت،س۔سلمہ بن صہیب "ابن صہیبہ وغیرہ بھی کہا جاتا ہے" ابوحذیفہ الارحبی:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۲۴۹۹۔بخ،ت،ق۔سلمہ بن عبداللہ "ابن عبیداللہ بھی کہا جاتا ہے" ابن محصن انصاری خطمی،مدنی:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۵۰۰۔ت۔سلمہ بن عبداللہ بن عمر بن ابوسلمہ بن عبدالاسد مخزومی:

بسا اوقات اپنے دادا اور اپنے والد محترم کے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے (امام) ترمذی (رحمہ اللہ) نے اس کی ایک حدیث نقل کی ہے مگر اس کا نام نہیں لیا اور عن رجل من ولد ام سلمہ کہہ دیا ہے جبکہ (امام) حاکم (رحمہ اللہ) نے اس کا نام

ذکر کیا ہے، تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، (حافظ) مزی (رحمہ اللہ) نے اس کا ترجمہ ذکر نہیں کیا۔

۲۵۰۱۔س۔سلمہ بن عبدالملک عوصی، حمصی:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے مخالفت کرتا ہے۔

۲۵۰۲۔خ،م،د،س،ق۔سلمہ بن علقمہ تمیمی، ابوبشر بصری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۳۹ھ کو فوت ہوا۔

☆تمییز۔سلمہ بن علقمہ:

داود بن ابو ہند سے روایت کرتا ہے درست مسلمہ ہے۔(=۲۶۶۱)

۲۵۰۳۔ع۔سلمہ بن عمرو بن اکوع اسلمی، ابومسلم وابوایاس:

بیعت رضوان میں شریک ہوا تھا ۷۴ھ کو فوت ہوا۔

۲۵۰۴۔س۔سلمہ بن عیار ''اس کے والد کا نام احمد بن حصن ہے'' فزاری'' ولاء کی وجہ سے ہے'' ابومسلم دمشقی، مصری الاصل:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۵۰۵۔د،ت،فق۔سلمہ بن فضل الابرش، انصار کا غلام، قاضی ری:

نویں طبقہ کا ''صدوق، کثیر الخطاء'' راوی ہے ۱۰۰ برس سے زائد عمر پا کر ۹۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۲۵۰۶۔ت،س،ق۔سلمہ بن قیس اشجعی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں انہوں نے کوفہ میں رہائش اختیار کر لی تھی۔

☆سلمہ بن قیس، عمرو کا والد:

آئے گا۔(=۲۵۱۹)

۲۵۰۷۔ق۔سلمہ بن کلثوم کندی، شامی:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۵۰۸۔ع۔سلمہ بن کہیل حضرمی، ابو یحییٰ کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۵۰۹۔د،س،ق۔سلمہ بن محبق، ابو سنان:

کہا گیا ہے کہ یہ ابن ربیعہ بن صخر ہذلی ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے بصرہ فروکش ہوا۔

۲۵۱۰۔د،ق۔سلمہ بن محمد بن عمار بن یاسر عنسی، مدنی:

پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۵۱۱۔د،تم،س،ق۔سلمہ بن نُبَیط ابن شریط، اشجعی، ابو فراس کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے کہا جاتا ہے کہ عارضہ اختلاط میں مبتلا ہو گیا تھا۔

۲۵۱۲۔د۔سلمہ بن نعیم بن مسعود، اشجعی:

اسے اور اس کے والد محترم کو صحابیت کا شرف حاصل ہے کوفہ فروکش ہوا۔

۲۵۱۳۔س۔سلمہ بن نُفَیل، سکونی:

اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے حمص فروکش ہوا۔

۲۵۱۴۔بخ،ت،ق۔سلمہ بن وردان لیثی، ابو یعلیٰ مدنی:

پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۱۵۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۲۵۱۵۔ت،ق۔سلمہ بن وہرام، یمانی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۵۱۶۔قد،س۔سلمہ بن یزید جعفی:

انہیں یزید بن سلمہ بھی کہا جاتا ہے مگر یہ نام پلٹ گیا ہے (درست سلمہ بن یزید ہی ہے) صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، کوفہ فروکش ہوئے ان کا صحیح مسلم میں ذکر آتا ہے۔

۲۵۱۷۔ س، ق۔ سلمہ انصاری، عبدالحمید کا والد یا دادا:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کی حدیث کی سند مختلف فیہ ہے۔

۲۵۱۸۔ د، ق۔ سلمہ لیثی "ولاء کی وجہ سے ہے" مدنی:

تیسرے طبقہ کا "روایت حدیث میں قدرے کمزور" راوی ہے۔

۲۵۱۸۔ بخ، ق۔ سلمہ، مکی:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۵۱۹۔ خ، د، س۔ سَلِمہ ابن قیس "نفیع وغیرہ بھی کہا جاتا ہے" جرمی، بصری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں انہیں وفد میں آنے کا شرف حاصل ہے اور یہ عمرو کے والد ہیں۔

☆سلمویہ:

یہ سلیمان بن صالح ہے آئے گا۔ (=۲۵۷۲)

۲۵۲۰۔ د، س۔ سَلِیط ابن ایوب بن حکم انصاری، مدنی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۵۲۱۔ ق۔ سلیط بن عبداللہ طہوی:

چھٹے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۲۵۲۲۔ تمییز۔ سلیط بن عبداللہ بن یسار، ایوب کا بھائی:

تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۲۵۲۳۔ م، د، ت، س۔ سُلَیم ابن اخضر بصری:

آٹھویں طبقہ کا "ثقہ ضابط" راوی ہے ۸۰ھ کو فوت ہوا۔

۲۵۲۴۔ ع۔ سلیم بن اسود بن حنظلہ، ابو شعثاء محاربی، کوفی:

تیسرے طبقہ کے کبار حضرات میں سے بالاتفاق "ثقہ" ہے، حجاج کے دور میں فوت ہوا (امام) ابن قانع (رحمہ

اللہ) نے اس کی تاریخ وفات ۸۳ھ بتلائی ہے۔

۲۵۲۵۔ ص۔ سلیم بن بلج فزاری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ سلیم بن جابر ہجیمی:

جابر بن سلیم کے ترجمہ میں گزر چکا۔ (=۸۶۶)

۲۵۲۶۔ بخ،م،د،ت۔ سلیم بن جبیر دوسی، ابو یونس مصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۳ھ کو فوت ہوا۔

۲۵۲۷۔ بخ،م،۴۔ سلیم بن عامر کلاعی ''خبائری بھی کہا جاتا ہے'' ابو یحیی حمصی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس شخص سے غلطی ہوئی ہے جس نے کہا ہے کہ اس نے نبی کریم ﷺ کو پایا ہے ۱۳۰ھ کو فوت ہوا۔

۲۵۲۸۔ تمییز۔ سلیم بن عامر شامی، ابو عامر:

اس نے (سیدنا) ابوبکر (رضی اللہ عنہ) کے پیچھے نماز پڑھی ہے دوسرے طبقہ سے ہے ابن عساکر نے پہلے راوی اور اس میں فرق کیا ہے۔

۲۵۲۹۔ د۔ سلیم بن مطیر، وادی قری کے حضرات میں سے ہے:

آٹھویں طبقہ کا ''روایت حدیث میں قدرے کمزور'' راوی ہے۔

۲۵۳۰۔ بخ،خد،س۔ سلیم مکی، ابو عبید اللہ:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆ سلیم ابو میمونہ:

کنیتوں میں آئے گا۔ (=۸۴۰۸)

۲۵۳۱۔ ع۔ سُلیم ابن حیان، ہذلی بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۵۳۲۔د،ت،س۔ سلیمان بن ارقم بصری، ابو معاذ:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۲۵۳۳۔ت،س۔ سلیمان بن اشعث بن اسحاق بن بشیر ابن شداد ازدی، بجستانی، ابوداؤد:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ سنن وغیرہ کا مصنف'' راوی ہے کبار علماء میں سے ہے، ۵۷۲ھ کو فوت ہوا۔

۲۵۳۴۔س۔ سلیمان بن ایوب بن سلیمان بن داود بن حذلم اسدی، ابوایوب دمشقی:

بارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۸۹ھ کو فوت ہوا۔

۲۵۳۵۔تمییز۔ سلیمان بن ایوب بن سلیمان، ابوایوب، صاحب بصری:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۳۵ھ میں فوت ہوا۔

۲۵۳۶۔تمییز۔ سلیمان بن ایوب بن سلیمان بن موسی ابن طلحہ تیمی:

نوویں طبقہ کا ''صدوق خطاء کار'' راوی ہے۔

۲۵۳۷۔س۔ سلیمان بن بابیہ مکی، بنونوفل کا غلام:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۵۳۸۔م،۴۔ سلیمان بن بریدہ بن حصیب اسلمی، مروزی، قاضی مرو:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بعمر ۹۰ برس ۱۰۵ھ میں فوت ہوا۔

۲۵۳۹۔ع۔ سلیمان بن بلال تیمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابومحمد وابوایوب مدنی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۷۷ھ کو فوت ہوا۔

۲۵۴۰۔ق۔ سلیمان بن توبہ نہروانی ''سلمان بھی کہا جاتا ہے'':

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۶۲ھ کو فوت ہوا۔

۲۵۴۱۔ت،س۔ سلیمان بن جابر ہجری:

پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۵۴۲۔ د، ت، ق۔ سلیمان بن جنادہ بن ابو امیہ ازدی:

چھٹے طبقہ کا ''منکر الحدیث'' راوی ہے۔

۲۵۴۳۔ د، س، ق۔ سلیمان بن جہم بن ابوجہم انصاری، حارثی، ابوجہم جوزجانی، براء کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ سلیمان بن حبان:

اسماعیل کے ترجمہ میں گزر چکا۔ (=۴۳۲)

۲۵۴۴۔ خ، د، ق۔ سلیمان بن حبیب محاربی، ابوایوب دارانی، قاضی دمشق:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۶ھ میں فوت ہوا۔

۲۵۴۵۔ ع۔ سلیمان بن حرب ازدی، واشحی، بصری، قاضی مکہ:

نویں طبقہ کا ''ثقہ امام حافظ'' راوی ہے بعمر ۸۰ برس ۲۴ھ میں فوت ہوئے۔

۲۵۴۶۔ قد۔ سلیمان بن حفص قرشی:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے اس نے مرسل حدیث بیان کی ہے۔

۲۵۴۷۔ ع۔ سلیمان بن حیان ازدی، ابوخالد احمر کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے خطاء کر جاتا ہے۷۰ سے کچھ زائد سال عمر پا کر ۹۰ھ میں یا اس سے پہلے فوت ہوا۔

۲۵۴۸۔ تم۔ سلیمان بن خارجہ بن زید بن ثابت انصاری، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۵۴۹۔ د۔ سلیمان بن خربوذ:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۵۵۰۔ خت، م، ۴۔ سلیمان بن داود بن جارود ابوداؤد طیالسی بصری:

نویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے روایت حدیث میں اس سے غلطیاں بھی ہوئی ہیں ۲۰۴ھ میں فوت ہوا۔

۲۵۵۱۔د،س۔سلیمان بن داؤد بن حماد مہری، ابوربیع مصری، رشدین کا بھتیجا:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۵۳ھ میں فوت ہوا۔

۲۵۵۲۔خ ۴۔سلیمان بن داؤد بن داؤد بن علی بن عبداللہ بن عباس، ابوایوب بغدادی، ہاشمی فقیہ:

دسویں طبقہ کا ''جلیل القدر ثقہ'' راوی ہے (امام) احمد بن حنبل (رحمہ اللہ) کا کہنا ہے کہ یا رخلافت سنبھالنے کی پوری اہلیت رکھتا تھا ۱۹ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد فوت ہوا۔

۲۵۵۳۔م۔سلیمان بن داؤد بن رشید بغدادی، احول، ابوربیع ختلی:

گیارہویں طبقہ سے ہے ۳۱ھ میں فوت ہوا۔

۲۵۵۴۔ق۔سلیمان بن داؤد بن مسلم ہنائی بصری، صائغ مؤذن:

بس اوقات اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۵۵۵۔مد،س۔سلیمان بن داؤد خولانی، ابوداؤد دمشقی:

داریا فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۵۵۶۔خ۔م۔د۔س۔سلیمان بن داؤد عتکی، ابوربیع زہرانی، بصری:

بغداد فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس پر کسی نے بھی دلیل کے ساتھ تکلم نہیں کیا ۳۴ھ میں فوت ہوا۔

۲۵۵۷۔م،س۔سلیمان بن داؤد مبارکی ''سلیمان بن محمد بھی کہا جاتا ہے اور یہ زیادہ مضبوط ہے'' ابوداؤد واسطی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۵۵۸۔تخ۔سلیمان بن راشد مصری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۵۵۹۔تم،ق۔سلیمان بن زیاد حضرمی، مصری:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۵۶۰۔ بخ۔ سلیمان بن زید بن ثابت انصاری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۵۶۱۔ بخ۔ سلیمان بن زید محاربی یا ازدی ابوادام کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے یحییٰ بن معین نے اس پر الزام لگایا ہے۔

۲۵۶۲۔ م، د، س، ق۔ سلیمان بن سحیم، ابوایوب مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۵۶۳۔ ت۔ سلیمان بن سفیان تیمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوسفیان مدنی:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۲۵۶۴۔ تمییز۔ سلیمان بن سفیان، عراقی:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۲۵۶۵۔ د، ت، س۔ سلیمان بن سلم بن سابق ہدادی، ابوداؤد مصاحفی بلخی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۳۸ھ میں فوت ہوا۔

۲۵۶۶۔ م۔ سلیمان بن سلیم کلبی، ابوسلمہ شامی، قاضی حمص:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۴۷ھ میں فوت ہوا۔

۲۵۶۷۔ ت۔ سلیمان بن ابوسلیمان ہاشمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۵۶۸۔ ع۔ سلیمان بن ابوسلیمان، ابواسحاق شیبانی، کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۴۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

☆ سلیمان بن ابوسلیمان:

کہا گیا ہے کہ یہ منبوذ کا نام ہے آئے گا۔ (=۶۸۸۰)

۲۵۶۹۔د۔سلیمان بن سمرہ بن جندب فزاری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۵۷۰۔س۔سلیمان بن سنان مزنی، مدنی:

مصر فروکش ہوا، تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۵۷۱۔س۔سلیمان بن سیف بن یحییٰ بن درہم طائی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوداؤد حرانی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۲۷۲ھ میں فوت ہوا۔

۲۵۷۲۔خ،س۔سلیمان بن صالح لیثی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوصالح مروزی:

اس کا لقب سلمویہ ہے دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۱۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۲۵۷۳۔مد۔سلیمان بن ابوصالح ہاشمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

تیسرے طبقہ سے ہے اس نے مرسل حدیث بیان کی ہے۔

۲۵۷۴۔ع۔سلیمان بن صُرَد ابن جون خزاعی، ابومطرف کوفی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ۶۵ھ میں عین وردہ کے مقام پر قتل ہوئے۔

۲۵۷۵۔ع۔سلیمان بن طرخان تیمی، ابومعتمر بصری:

تیم میں فروکش ہوا اور انہیں کی طرف منسوب کیا گیا، چوتھے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے، بعمر ۹۷ برس ۱۴۳ھ میں فوت ہوا۔

۲۵۷۶۔س،فق۔سلیمان بن عامر بن عمیر کندی، مروزی:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۵۷۷۔س۔سلیمان بن عبداللہ بن حارث ہاشمی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۲۵۷۸۔ق۔سلیمان بن عبداللہ بن زبرقان ''ابن عبدالرحمٰن بن فیروز بھی کہا جاتا ہے'':

ساتویں طبقہ کا ''روایت حدیث میں قدرے کمزور'' راوی ہے۔

۲۵۷۹۔مد۔سلیمان بن عبداللہ بن عویمر اسلمی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۵۸۰۔س۔سلیمان بن عبداللہ بن محمد بن سلیمان ابن ابوداؤد حرانی، ابوایوب:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۳ھ میں فوت ہوا۔

۲۵۸۱۔عس۔سلیمان بن عبداللہ، ابوفاطمہ:

چھٹے طبقہ کا ''روایت حدیث میں قدرے کمزور'' راوی ہے۔

۲۵۸۲۔د۔سلیمان بن ابوعبداللہ:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۵۸۳۔ت۔سلیمان بن عبدالجبار بن زُرَیق خیاط، ابوایوب بغدادی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۵۸۴۔د۔سلیمان بن عبدالحمید بن رافع بہرانی، ابوایوب حمصی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس پر ناصبیت کا الزام لگایا گیا ہے نسائی نے اس کے بارے میں نامناسب کلمات کہے ہیں ۲۷۴ھ میں فوت ہوا۔

۲۵۸۵۔تمییز۔سلیمان بن عبدالحمید بن عبدالعزیز حمصی:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۵۸۶۔س۔سلیمان بن عبدالرحمٰن بن ثوبان عامری ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۵۸۷۔د۔سلیمان بن عبدالرحمٰن بن حماد بن عمران بن موسیٰ بن طلحہ تیمی، ابوداؤد تمار کوفی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۲ھ میں فوت ہوا۔

۲۵۸۸۔خ۔س۔سلیمان بن عبدالرحمٰن بن عیسیٰ تمیمی دمشقی، ابوایوب، شرحبیل کا نواسہ:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غلطی کر جاتا ہے ۲۳۳ھ میں فوت ہوا۔

۲۵۸۹۔س۔سلیمان بن عبدالرحمٰن بن عیسیٰ بصری، خراسانی الاصل:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۵۹۰۔م،س۔سلیمان بن عبیداللہ بن عمرو بن جابر غیلانی مازنی، ابوایوب بصری:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۶۴ھ یا ۷۱ھ میں فوت ہوا۔

۲۵۹۱۔ت،ق۔سلیمان بن عبیداللہ انصاری، ابوایوب الرقی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق غیر قوی'' راوی ہے۔

۲۵۹۲۔قد،ق۔سلیمان بن عتبہ بن ثور بن یزید بن اخنس، ابوربیع دارانی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس سے غریب حدیثیں مروی ہیں۔

۲۵۹۳۔م،د،س،ق۔سلیمان بن عتیق مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے جس نے اسے ابن عتیک کہا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۲۵۹۴۔ق۔سلیمان بن عطاء بن قیس قرشی، ابوعمر جزری:

آٹھویں طبقہ کا ''منکرالحدیث'' راوی ہے ۲۰۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۲۵۹۵۔تمییز۔سلیمان بن عطاء مکی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے جس نے اسے پہلے راوی سے ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۲۵۹۶۔س،ق۔سلیمان بن علی بن عبداللہ بن عباس ہاشمی، احد الاشراف، دو خلیفوں سفاح اور منصور کا چچا:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے عمر ۵۹ برس ۱۴۲ھ میں فوت ہوا۔

۲۵۹۷۔م،س،ق۔سلیمان بن علی ربعی، ازدی، بصری، ابوعکاشہ:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۵۹۸۔۴۔ سلیمان بن عمرو بن احوص جشمی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۵۹۹۔ بخ ،۴۔ سلیمان بن عمرو بن عبد یا عبید، لیثی ابوہیثم مصری:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ سلیمان بن فیروز:

یہ ابن ابوسلیمان ہے گزر چکا۔ (=۲۵۶۸)

۲۶۰۰۔ خت، د، ت، س۔ سلیمان بن قرم ابن معاذ، ابوداود بصری، نحوی:

یہ ان راویوں میں سے ہے جن کی اپنے دادا کی طرف نسبت کی جاتی ہے، ساتویں طبقہ کا ''برے حافظہ والا شیعہ'' راوی ہے۔

☆ سلیمان بن قسیم:

یہ ابن یسیر ہے آئے گا۔ (=۲۶۲۰)

۲۶۰۱۔ ت، ق۔ سلیمان بن قیس یشکری، بصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۸۰ھ سے پہلے جوانی میں ہی فوت ہو گیا تھا۔

۲۶۰۲۔ ع۔ سلیمان بن کثیر عبدی، بصری، ابوداود وابومحمد:

ساتویں طبقہ سے ہے زہری کی احادیث کے علاوہ اس سے حدیث لینے میں کوئی حرج نہیں، ۱۳۳ھ میں فوت ہوا۔

۲۶۰۳۔ د۔ سلیمان بن کنانہ اموی، عثمان کا غلام:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۲۶۰۴۔ د۔ سلیمان بن کندیر، ابوصدقہ عجلی:

چوتھے طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

☆ سلیمان بن کیسان، ابوعیسیٰ خراسانی:

کنیتوں میں آئے گا۔ (=۸۲۹۵)

۲۶۰۵۔ س۔ سلیمان بن محمد بن سلیمان رعینی، ابو ایوب حمصی:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے (حافظ) مزی (رحمہ اللہ) کا بیان ہے کہ میں اس سے مروی کسی روایت پر مطلع نہیں ہو سکا۔

☆ سلیمان بن محمد مبارکی:

ابن داؤد کے ترجمہ میں گزر چکا۔ (=۲۵۵۷)

۲۶۰۶۔ صد۔ سلیمان بن محمد بن محمود بن عبداللہ بن محمد بن مسلمہ انصاری، حارثی، مدنی:

بعض حضرات نے اس کے نسب میں عبداللہ کو گرا دیا ہے، چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۶۰۷۔ مد۔ سلیمان بن محمد بن یحییٰ بن عروہ بن زبیر اسدی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ سلیمان بن مسکین:

سلام کے ترجمہ میں ہے۔ (=۲۷۱۰)

۲۶۰۸۔ ع۔ سلیمان بن ابو مسلم مکی، احول، ابن ابو نجیح کا ماموں:

کہا گیا ہے کہ اس کے والد کا نام عبداللہ ہے پانچویں طبقہ کا (امام) احمد (رحمہ اللہ) کے بیان کے مطابق ''ثقہ ثقہ'' راوی ہے۔

۲۶۰۹۔ م، د، س۔ سلیمان بن مسہر فزاری، کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے جس نے اسے صحابہ کرام میں ذکر کیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۲۶۱۰۔ س۔ سلیمان بن مطر نیشاپوری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ سلیمان بن معاذ:

یہ ابن قرم ہے اس کا ترجمہ گزر چکا۔ (=۲۶۰۰)

۲۶۱۱۔م،ت،س۔سلیمان بن معبد بن کوسجان،ابوداؤد نحوی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ صاحب حدیث رحال (حصول حدیث کے لیے دوردراز ممالک کے سفر کرنے والا) ادیب'' راوی ہے ۵۷ھ میں فوت ہوا۔

۲۶۱۲۔ع۔سلیمان بن مغیرہ قیسی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' بصری،ابوسعید:

ساتویں طبقہ سے ہے یحییٰ بن معین کے بیان کے مطابق ثقہ ثقہ ہے (امام) بخاری (رحمہ اللہ) نے اس کی حدیث مقروناً وتعلیقاً نقل کی ہے ۶۵ھ میں فوت ہوا۔

۲۶۱۳۔ق۔سلیمان بن ابومغیرہ عبسی،کوفی،ابوعبداللہ:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۶۱۴۔س۔سلیمان بن منصور بلخی،بزاز ذہبی ''اس کا لقب زرغندہ ہے'':

دسویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۲۶۱۵۔ع۔سلیمان بن مہران اسدی کاہلی،ابومحمد کوفی،اعمش:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ قراءت کا علم رکھنے والا بڑا پرہیزگار'' راوی ہے مگر تدلیس کرتا ہے ۴۷ھ یا ۴۸ھ میں فوت ہوا جبکہ ۶۱ھ کو پیدا ہوا تھا۔

۲۶۱۶۔م،۴۔سلیمان بن موسیٰ اموی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' دمشقی،الاشدق:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق فقیہ'' راوی ہے اس کی حدیث میں قدرے کمزوری پائی جاتی ہے وفات سے پہلے اس کا تھوڑا سا حافظہ بگڑ گیا تھا۔

۲۶۱۷۔د۔سلیمان بن موسیٰ زہری،ابوداود کوفی،خراسانی الاصل:

پہلے کوفہ پھر دمشق فروکش ہوا،آٹھویں طبقہ سے اس میں قدرے کمزوری پائی جاتی ہے۔

۲۶۱۸۔د۔سلیمان بن ابویحییٰ حجازی:

چوتھے طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

☆ سلیمان بن یزید، ابوثنیٰ کعبی:

کنیتوں میں آئے گا۔ (= ۸۳۴۰)

۲۶۱۹۔ع۔سلیمان بن یسار ہلالی، مدنی، میمونہ کا غلام "یہ بھی کہا گیا ہے کہ ام سلمہ کا غلام ہے":

تیسرے طبقہ کا "فقہاء سبعہ میں سے ایک ثقہ فاضل" راوی ہے ۱۰۰ھ کے بعد فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

۲۶۲۰۔ق۔سلیمان بن یسیر "ابن قسیم بھی کہا گیا ہے" ابوصباح نخعی "ولاء کی وجہ سے ہے" کوفی:

چھٹے طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۲۶۲۱۔و،ت۔سلیمان اسود ناجی، بصری ابومحمد:

چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

☆ سلیمان کلابی:

درست عبدہ بن سلیمان ہے۔ (= ۴۲۶۹)

۲۶۲۲۔د،فق۔سلیمان، منبھی:

کہا جاتا ہے کہ اس کے والد کا نام عبداللہ ہے تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۲۶۲۳۔س۔سلیمان ہاشمی:

تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

☆ سلیمان، ابوفاطمہ:

یہ ابن عبداللہ ہے گزر چکا۔ (= ۲۵۸۱)

☆ سلیمان ابوفاطمہ:

یہ ابن عبداللہ ہے گزر چکا۔ (= ۲۵۸۱)

☆ سلیمان، ام علی کا غلام:

یہ سلیم مکی ہے۔ (=۲۵۳۰)

☆ سلیمان ابوایوب:

اسے عبداللہ بن ابوسلیمان بھی کہا جاتا ہے آئے گا۔ (=۳۳۷۳)

☆ سلیمان، احول:

یہ ابن ابومسلم ہے۔ (=۲۶۰۸)

☆ سلیمان الاعمش:

یہ ابن مہران ہے۔ (=۲۶۱۵)

☆ سلیمان تیمی:

یہ ابن طرخان ہے۔ (=۲۵۷۵)

☆ سلیمان، شیبانی:

یہ ابن ابوسلیمان ہے۔ (=۲۵۶۸)

☆ سلیمان، یشکری:

یہ ابن قیس ہے۔ (=۲۶۰۱)

۲۶۲۴۔ خت، م، ۴۔ سماک ابن حرب بن اوس بن خالد ذہلی، بکری کوفی، ابومغیرہ:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اور عکرمہ سے اس کی روایت خاص طور پر مضطرب ہوتی ہے اور آخر عمر میں اس کا حافظہ متغیر ہوگیا تھا بسا اوقات تلقین کیا جاتا تھا ۱۲۳ھ میں فوت ہوا۔

۲۶۲۵۔ تخ۔ سماک بن سلمہ ضبی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۶۲۶۔ خ، م، د۔ سماک بن عطیہ بصری، مربدی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۶۲۷۔د،ت،س۔سماک بن فضل خولانی،یمانی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۶۲۸۔بخ،م،۴۔سماک بن ولید حنفی،ابوزُمیل،یمامی ثم الکوفی:

تیسرے طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۲۶۲۹۔خ،م،د،ت۔سَمُرہ ابن جنادہ سُوائی،جابر کا والد:

اسے اور اس کے بیٹے کو صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

۲۶۳۰۔ع۔سمرہ بن جندب بن ہلال فزاری،حلیفِ انصار:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے احادیث آتی ہیں،بصرہ میں ۵۸ھ کو فوت ہوئے۔

۲۶۳۱۔ت،س،ق۔سمرہ بن سہم قرشی،اسدی:

دوسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۶۳۲۔د،س۔سمعان بن مُشَنَّج ''مشرج بھی کہا گیا ہے'' کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۶۳۳۔۴۔سمعان،ابویحیٰ اسلمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مدنی:

تیسرے طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۲۶۳۴۔د،ت،س۔سُمَیع ابن قیس یمانی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۶۳۵۔ع۔سُمَی،ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام کا غلام:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۳۰ھ کو قدید کے مقام پر قتل ہوا۔

۲۶۳۶۔س۔سَمَیدَع ابن واہب بن سوار بن زہدم جرمی،بصری:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے جوانی میں ہی فوت ہو گیا تھا۔

۲۶۳۷۔ت۔سمیر'' پہلے راوی کے وزن پر ہے مگر اس کے آخر میں راء ہے'' ابن نہار عبدی، بصری:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ شتیر ہے۔

۲۶۳۸۔خ،م،س،ق۔سمیط بن عمیر'' ابن سمیر بھی کہا جاتا ہے'' سدوسی، بصری، ابوعبداللہ:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۶۳۹۔خ،د،ت،ق۔سنان بن ربیعہ باہلی، بصری، ابوربیعہ:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس میں قدرے کمزوری پائی جاتی ہے (امام) بخاری (رحمہ اللہ) نے اس کی مقرونا حدیث نقل کی ہے۔

☆سنان بن سعد:

اسے سعد بن سنان بھی کہا جاتا ہے۔ (=۲۲۳۸)

۲۶۴۰۔م،د،س،ق۔سنان بن سلمہ بن محبق، بصری ہذلی:

حنین کے روز پیدا ہوا، اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے اور اس نے مرسل حدیثیں بیان کی ہیں، حجاج کے عہد حکومت کے آخر میں فوت ہوا۔

۲۶۴۱۔خ،م،ت،س۔سنان بن ابوسنان دیلی، مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بعمر ۸۱ برس ۱۰۵ھ میں فوت ہوا۔

۲۶۴۲۔ق۔سنان بن سنہ، اسلمی مدنی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں (سیدنا) عثمان (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت میں ۳۲ھ کو فوت ہوئے۔

۲۶۴۳۔د۔سنان بن قیس، شامی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اسے سیار بھی کہا جاتا ہے۔

☆سنان بن منظور:

درست سیار ہے۔ (=۲۷۱۷)

۲۶۴۴۔ت۔سنان بن ہارون برجمی، ابوبشر کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم روایت حدیث میں قدرے کمزور ہے۔

۲۶۴۵۔فق۔سنان بن یزید تمیمی، ابوحکیم رہاوی، ابوفروہ کا والد:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے اس نے علی پھر عمر کو بھی دیکھا ہے یہاں تک کہ ۱۳۶ھ تک جا پہنچا۔

۲۶۴۶۔ق۔سُنَید ابن داود مصیصی محتسب:

اس کا نام حسین ہے امامت ومعرفت کے باوصف روایت حدیث میں اس کی تضعیف کی گئی ہے یہ اپنے شیخ حجاج بن محمد کو تلقین کرتا تھا۲۲۶ھ میں فوت ہوا۔

۲۶۴۷۔خ،کد،کن۔سُنَین ''پہلے کی طرح ہے مگر اس کے آخر میں نون ہے'' ابوجمیلہ، سلمی:

کہا جاتا ہے کہ ان کے والد محترم کا نام فرقد ہے صغیر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کی صحیح بخاری میں ایک حدیث آتی ہے۔

۲۶۴۸۔فق۔سہل بن اسحاق بن ابراہیم مازنی، ابوہشام واسطی:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام سہم ہے، گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۶۴۹۔ت۔سہل بن اسلم عدوی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' بصری، ابوسعید:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۸۱ھ میں فوت ہوا۔

۲۶۵۰۔م،۴۔سہل بن ابوامامہ بن سہل بن حنیف انصاری، مدنی:

مصر فروکش ہوا، پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اسکندریہ میں فوت ہوا۔

۲۶۵۱۔خ،د،س۔سہل بن بکار بن بشر دارمی، بصری، ابوبشر مکفوف:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بسا اوقات وہم کرجاتا ہے ۲۲۷ھ یا ۲۲۸ھ کو فوت ہوا۔

۲۶۵۲۔د۔سہل بن تمام بن بُزیع، سعدی بصری، ابوعمرو:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غلطی کرجاتا ہے۔

۲۶۵۳۔ع۔سہل بن ابوحثمہ بن ساعدہ بن عامر انصاری خزرجی، مدنی:

صغیر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ہجرت کے تیسرے سال پیدا ہوئے ان سے احادیث آتی ہیں (سیدنا) معاویہ (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت میں فوت ہوئے۔

۲۶۵۴۔م،س۔سہل بن حماد، ابوعتاب، الدلال، بصری:

نویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۲۰۸ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے فوت ہوا۔

۲۶۵۵۔بخ،د،س۔سہل بن حنظلیہ، انصاری اوسی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں حنظلیہ ان کی والدہ ہیں یا ان کی امہات میں سے ہے اور ان کے والد محترم کے نام میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

۲۶۵۶۔ع۔سہل بن حنیف بن واہب انصاری، اوسی:

بدری صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں (سیدنا) علی (رضی اللہ عنہ) نے انہیں بصرہ پر حاکم مقرر کیا تھا اور (حضرت) علی (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت میں ہی فوت ہوئے۔

۲۶۵۷۔ق۔سہل بن زنجلہ بن ابوصغدی رازی، ابوعمرو خیاط، الاشتر الحافظ:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۲۴۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۲۶۵۸۔ع۔سہل بن سعد بن مالک بن خالد انصاری، خزرجی ساعدی، ابوالعباس:

انہیں اور ان کے والد محترم کو صحابیت کا شرف حاصل ہے مشہور (صحابی رضی اللہ عنہ) ہیں ۱۰۰ برس سے زائد عمر پا کر ۸۸ھ میں فوت ہوئے۔

☆ سہل بن ابوسہل:

یہ ابن زنجلہ ہے گزر چکا۔ (=۲۶۵۷)

۲۶۵۹۔د،س۔سہل بن صالح بن حکیم انطاکی، ابوسعید بزار:

گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۲۶۶۰۔ تمییز۔ سہل بن صالح، ابومغیوف:

دسویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۶۶۱۔ تمییز۔ سہل بن صالح بغدادی:

دسویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ سہل بن ابوسعدی:

یہ ابن زنجلہ ہے گزر چکا۔ (=۲۶۵۷)

۲۶۶۲۔ ق۔ سہل بن صقیر، ابوالحسن خلاطی، بصری الاصل:

دسویں طبقہ کا ''منکرالحدیث'' راوی ہے خطیب نے اسے متہم بالوضع کیا ہے۔

۲۶۶۳۔ قد۔ سہل بن ابوصلت عیشی، بصری، السراج:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس سے منفرد احادیث مروی ہیں، قطان (رحمہ اللہ) اس سے خوش نہیں تھے۔

۲۶۶۴۔ م۔ سہل بن عثمان بن فارس کندی، ابومسعود عسکری:

روی کے مقام پر فروکش ہوا، حفاظ میں سے ایک ہے اس سے غریب احادیث مروی ہیں دسویں طبقہ سے ہے ۳۵ھ میں فوت ہوا۔

☆ سہل بن ابوعقیل:

یہ ابن ہاشم ہے آئے گا۔ (=۲۶۶۸)

۲۶۶۵۔ د، س۔ سہل بن محمد بن زبیر عسکری:

بصرہ فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ابوزرعہ نے اسے پیسے راوی پر ترجیح دی ہے ۲۷ھ میں فوت ہوا۔

۲۶۶۶۔ د، س۔ سہل بن محمد بن عثمان، ابوحاتم سجستانی، نحوی مقری، بصری:

گیارہویں طبقہ کا 'صدوق' راوی ہے اس کے مزاج میں مزاح پایا جاتا ہے، ۵۵ھ میں فوت ہوا۔

☆ سہل بن مروان:

درست سہیل بن مہران ہے۔ (=۲۶۰۲)

۲۶۶۷۔ بخ، د، ت، ق۔ سہل بن معاذ بن انس جہنی:

مصر فروکش ہوا۔ اس میں کوئی خرابی نہیں ہے مگر اس سے زبان کی روایات میں۔

۲۶۶۸۔ س۔ سہل بن ہاشم بن بلال، ابو سلام حبشی کی اولاد میں سے ہے، واسطی الاصل:

شام فروکش ہوا، اس میں کوئی خرابی نہیں ہے نوویں طبقہ سے ہے۔

۲۶۶۹۔ بخ، م۔ سہل بن یوسف انماطی، بصری:

نوویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے اس پر قدری ہونے کا الزام لگایا گیا ہے، ۱۹۰ھ میں فوت ہوا۔

☆ سہل ابو الاسد:

کنی نام کے راویوں کے آخر میں آئے گا۔ (=۴۸۱۸)

☆ سہل السراج:

یہ ابن ابو صلت ہے گزر چکا۔ (=۲۶۶۳)

☆ سہم بن اسحاق:

سہل کے ترجمہ میں گزر چکا۔ (=۲۶۴۸)

۲۶۷۰۔ س۔ سہم بن معتمر بصری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۶۷۱۔ م، د، تم، س، ق۔ سہم بن منجاب بن راشد ضبی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، اگر ثابت ہو جائے کہ یہ وہی راوی ہے جس نے علاء بن حضرمی سے روایت کیا ہے تو

پھر یہ تیسرے طبقہ سے ہے مگر ابن حبان نے ان دونوں میں فرق کیا ہے۔

۲۶۷۲۔ م۔ سُہَیل ابن ابو حزم مہران یا عبداللہ قُطعی، ابو بکر بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

☆ سہیل بن خلیفہ بن عبدہ، ابوسویہ تمیمی:

یہ بات صحیح نہیں ہے کہ (امام) ابوداود (رحمہ اللہ) نے اس سے روایت کیا ہے عنقریب کنیتوں میں اس کا بیان آئے گا۔ (=۸۱۵۵)

۲۶۷۳۔س۔سہیل بن خلاد عبدی، بصری:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۶۷۴۔بخ۔سہیل بن ذراع، ابوذراع کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۶۷۵۔ع۔سہیل بن ابوصالح ذکوان سمان، ابویزید مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم آخر عمر میں اس کا حافظہ متغیر ہوگیا تھا، (امام) بخاری (رحمہ اللہ) نے اس سے مقروناً تعلیقاً روایت کیا ہے منصور کے دور خلافت میں فوت ہوا۔

☆ سہیل بن عبداللہ:

یہ ابن مہران ہے جو کہ ابن ابوحزم ہے گزر چکا۔ (=۲۶۷۲)

۲۶۷۶۔بخ،ق۔سواء بن خالد حبہ کا بھائی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آئی ہے۔

۲۶۷۷۔د،س۔سواء خزاعی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۶۷۸۔م۔سوادہ بن ابواسود عبداللہ یا مسلم بن مخراق قطان بصری، ابوبکرہ کا غلام:

کہا جاتا ہے کہ یہ مسلم قُرَشی ہے، ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۶۷۹۔س۔سوادہ بن ابوالجعد یا ابن الجعد الجعفی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۶۸۰۔ م، د، ت، س۔ سوادہ بن حنظلہ قشیری، بصری:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۶۸۱۔ (م) ۴۔ سوادہ بن عاصم عنزی، ابو حاجب بصری:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے کہا جاتا ہے کہ (امام) مسلم (رحمہ اللہ) نے اس کی حدیث نقل کی ہے۔

۲۶۸۲۔ د، ق۔ سوار ابن داود مزنی، ابو حمزہ صیرفی بصری، صاحب حلی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس سے وہم سرزد ہوئے ہیں۔

۲۶۸۳۔ کد۔ سوار بن سہل بصری:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۶۸۴۔ د، ت، س۔ سوار بن عبداللہ بن سوار بن عبداللہ ابن قدامہ تمیمی عنبری، ابو عبداللہ بصری، رصافہ وغیرہ کا قاضی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے جس نے اس پر تکلم کیا ہے اس نے غلطی کی ہے، بعمر ۶۳ برس ۲۴۵ھ میں فوت ہوا۔

۲۶۸۵۔ تمییز۔ سوار بن عبداللہ بن قدامہ تمیمی، عنبری ''پہلے راوی کا دادا:

یہ بصرہ پر قاضی تھا اور پہلے راوی سے قضاء میں بہت زیادہ مشہور تھا اور وہ حدیث میں اس سے بہت زیادہ مشہور تھا، ساتویں طبقہ کا ''صدوق محمود السیرۃ'' راوی ہے قضاء کے عہدے میں چپکے جانے کی وجہ سے ثوری نے اس پر کلام کیا ہے ۱۵۶ھ میں فوت ہوا۔

۲۶۸۶۔ مد۔ سوار بن عمارہ ربعی، رملی، ابو عمارہ:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات مخالفت کرتا ہے۔

☆ سوار، ابو ادریس مرہبی:

کنیتوں میں آئے گا۔ (=۸۱۲۸ے)

۲۶۸۷۔ بخ۔ سوید بن ابراہیم جحدری، ابو حاتم حناط بصری:

اسے صاحب طعام کہا جاتا ہے ساتویں طبقہ کا ''صدوق برے حافظہ والا'' راوی ہے اس سے غلطیاں سرزد ہوئی ہیں۔

ابن حبان نے اس کے بارے میں نازیبا کلمات کہے ہیں۔

۲۶۸۸۔م،۴۔سوید بن حجیر باہلی، ابوقزعہ بصری:

چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے (امام) ابوداؤد (رحمہ اللہ) نے کہا ہے کہ اس نے عمران بن حصین سے سماع نہیں کیا۔

۲۶۸۹۔د،ق۔سوید بن حنظلہ کوفی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث اور وائل بن حجر کے ساتھ قصہ مروی ہے، کوفہ فروکش ہوئے۔

۲۶۹۰۔م،ق۔سوید بن سعید بن سہل ہروی الاصل ثم حدثانی "اسے انباری بھی کہا جاتا ہے" ابومحمد:

فی نفسہ صدوق راوی ہے مگر اندھا ہوگیا تھا اور ایسی باتوں کو قبول کرتا تھا جو اس کی حدیث میں نہیں ہوتی تھیں، ابن معین کا اس کے بارے میں قول حد سے زیادہ غلط ہے، دسویں طبقہ کے قدماء رواۃ میں سے ہے عمر ۱۰۰ برس ۲۴۰ھ میں فوت ہوا۔

۲۶۹۱۔تمییز۔سوید بن سعید، دوسرا:

اسے طحان کہا جاتا ہے گیارہویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۲۶۹۲۔ت،ق۔سوید بن عبدالعزیز بن نمیر سلمی "ولاء کی وجہ سے ہے" دمشقی:

کہا گیا ہے کہ یہ حمصی الاصل ہے، نویں طبقہ کے کبار رواۃ میں سے "ضعیف" راوی ہے ۱۹۴ھ میں فوت ہوا۔

۲۶۹۳۔عس۔سوید بن عبید عجلی، صاحب قصب:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے (امام) بخاری (رحمہ اللہ) نے اپنی تاریخ میں کہا ہے کہ اس نے ابوموسیٰ سے سماع کیا ہے۔

۲۶۹۴۔م،ت،س،ق۔سوید بن عمرو کلبی، ابوالولید کوفی عابد:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ثقہ" راوی ہے ۲۰۳ھ یا ۲۰۴ھ میں فوت ہوا، ابن حبان نے اس کے بارے میں گھٹیا کلمات کہے ہیں مگر ان پر دلیل نہیں لائے۔

☆سوید بن العلاء:

اسود کے ترجمہ میں ہے۔ (=۵۰۵)

۲۶۹۵۔ع۔سوید بن غفلہ، ابوامیہ جعفی:

کبار تابعین میں سے مخضرمی راوی ہے جس دن نبی کریم ﷺ کو دفن کیا گیا اسی دن مدینہ منورہ آیا اور اپنی پوری زندگی مسلمان رہا پھر کوفہ فروکش ہو گیا اور ۱۳۰ھ برس عمر پا کر ۸۰ھ میں فوت ہوا۔

۲۶۹۶۔۴۔سوید بن قیس:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے شلواروں کے متعلقہ حدیث آئی ہے، کوفہ فروکش ہوا۔

☆سوید بن قیس، ابو مرحب:

مرحب میں ہے۔(=۶۵۵۱)

۲۶۹۷۔د،س،ق۔سوید بن قیس تجیبی، مصری:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۲۶۹۸۔بخ،م،د،ت،س۔سوید بن مقرن مزنی:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، کوفہ فروکش ہوئے۔

۲۶۹۹۔ت،س۔سوید بن نصر بن سوید مروزی، ابوالفضل:

اس کا لقب شاہ ہے اور ابن مبارک (رحمہ اللہ) سے روایت کرتا ہے دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے بعمر ۹۰ برس ۲۴۰ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۰۰۔خ،س،ق۔سوید بن نعمان بن مالک انصاری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، غزوہ احد اور اس کے بعد والے غزوات میں شریک ہوئے تھے، بشیر بن یسار کے سواء ان سے کسی نے روایت نہیں کیا۔

۲۷۰۱۔د۔سوید بن وہب:

چھٹے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۲۷۰۲۔ق۔سلّام ابن سلیم یا سلم، ابوسلیمان مدائنی:

اسے طویل کہا جاتا ہے ساتویں طبقہ کا "متروک" راوی ہے ۷۷ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۰۳۔ع۔سَلَّام بن سلیم حنفی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابوالاحوص کوفی:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ متقن صاحب حدیث" راوی ہے ۹۷ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۰۴۔ق۔سلام بن سلیمان بن سوار مدائنی، شبابہ کا بھتیجا:

دمشق فروکش ہوا، کبھی اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے، نوویں طبقہ کے صغار رواۃ میں سے "ضعیف" راوی ہے ۲۱۰ھ یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۲۷۰۵۔ت،س۔سلام بن سلیمان مزنی، ابومنذر قاری، نحوی، بصری:

کوفہ فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے وہم کر جاتا ہے، اس نے (مشہور قاری) عاصم سے فن قراءت حاصل کیا ۱۷۱ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۰۶۔د۔سلام بن ابوسلام حبشی، شامی:

پانچویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۲۷۰۷۔بخ،ق۔سلام بن شرحبیل، ابوشرحبیل:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۷۰۸۔بخ۔سلام بن عمرو یشکری:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے جس نے کہا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے اس سے غلطی ہوئی ہے۔

۲۷۰۹۔ت۔سلام بن ابوعمرہ خراسانی، ابوعلی:

چھٹے طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۲۷۱۰۔خ،م،د،س،ق۔سلام بن مسکین بن ربیعہ ازدی، بصری، ابوروح:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام سلیمان ہے ساتویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے اس پر قدری ہونے کا الزام لگایا گیا ہے ۱۶۷ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۱۱۔خ،م،ل،ت،س،ق۔سلام بن ابومطیع، ابوسعید خزاعی "ولاء کی وجہ سے ہے" بصری:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ متبع سنت" راوی ہے قتادہ سے اس کی روایت میں ضعف پایا جاتا ہے ۱۶۴ھ میں فوت ہوا اور یہ

بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۲۷۱۲۔ کن۔ سلامہ ابن بشر بن بدیل عذری، ابو کلثم، دمشقی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۷۱۳۔ خت، س، ق۔ سلامہ بن روح بن خالد، ابو روح ایلی، عقیل بن خالد کا بھائی:

اس کی کنیت ابوخُرَیق ہے ''تصغیر کے صیغہ کے ساتھ بھی کہا گیا ہے'' نویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ اس نے اپنے چچا سے سماع نہیں کیا ان کی کتابوں سے احادیث بیان کرتا ہے، ۱۹۷ھ یا ۱۹۸ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۱۴۔ ت، س، ق۔ سیّار ابن حاتم عنزی، ابو سلمہ بصری:

نویں طبقہ کے کبار راویوں میں سے ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے ۲۰۰ھ یا اس سے پہلے فوت ہوا۔

۲۷۱۵۔ ع۔ سیار بن سلامہ ریاحی، ابو منہال بصری:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۹ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۱۶۔ د، ق۔ سیار بن عبدالرحمٰن صدفی، مصری:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۷۱۷۔ د، س۔ سیار بن منظور بن سیار فزاری، بصری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۷۱۸۔ ع۔ سیار ابوالحکم عنزی:

اس کے والد محترم کی کنیت ابو سیار ہے اور اس کا نام وردان ہے وردو غیرہ بھی کہا گیا ہے اور یہ اپنی والدہ کی طرف سے مساور وراق کا بھائی ہے۔ چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اور یہ وہ راوی نہیں ہے جو طارق بن شہاب سے روایت کرتا ہے ۲۲ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۱۹۔ بخ، د، ت، ق۔ سیار، ابو حمزہ، کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، سند میں ''عن سیار ابی الحکم عن طارق'' آیا ہے جبکہ درست ''عن سیار ابی

حمزۃ'' ہے۔

۲۷۲۰۔ت۔سیار اموی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' دمشقی:

بصرہ فروکش ہوا، طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ اس کے والد کا نام عبداللہ ہے۔

۲۷۲۱۔خ۔سیدان ابن مضارب باہلی، بصری، ابو محمد:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۷۲۲۔خ،م،د،س،ق۔سیف بن سلیمان یا ابن ابوسلیمان مخزومی، مکی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے اس پر قدری ہونے کا الزام لگایا گیا ہے، آخر میں بصرہ فروکش ہو گیا تھا ۱۵۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۲۷۲۳۔س۔سیف بن عبیداللہ جرمی، ابوالحسن سراج، بصری:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات مخالفت کرتا ہے۔

۲۷۲۴۔ت۔سیف بن عمر تمیمی، صاحب کتاب الردۃ، کوفی:

اسے ضبی وغیرہ بھی کہا جاتا ہے آٹھویں طبقہ کا روایت حدیث میں ضعیف اور تاریخ میں عمدہ راوی ہے، ابن حبان نے اس کے بارے میں گھٹیا کلمات کہے ہیں، رشید کے دور میں میں فوت ہوا۔

۲۷۲۵۔تمییز۔سیف بن عمیرہ کوفی نخعی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے۔

۲۷۲۶۔ت۔سیف بن محمد کوفی، سفیان ثوری کا بھانجا:

بغداد فروکش ہوا، محدثین نے اس کی تکذیب کی ہے آٹھویں طبقہ کے صغار راویوں میں سے ہے ۱۹۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۲۷۲۷۔ت،ق۔سیف بن ہارون برجمی، ابوورقاء کوفی:

آٹھویں طبقہ کے صغار رواۃ میں سے ''ضعیف'' راوی ہے ابن حبان نے اس کے بارے میں گھٹیا کلمات کہے ہیں۔

۲۷۲۸۔ بخ۔ سیف بن وہب۔ تمیمی، ابو وہب بصری:

پانچویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۲۷۲۹۔ د، س۔ سیف، شامی:

(حافظ) عجلی (رحمہ اللہ) نے اس کی توثیق کی ہے تیسرے طبقہ سے ہے۔

حرف الشین

۲۷۳۰۔ د س۔ شاذ ابن فیاض، ابوعبیدہ یشکری، بصری:

اس کا نام ہلال تھا مگر (اس کا لقب) شاذ اس پر غالب آ گیا، دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس سے اوہامات اور متفرد احادیث آئی ہیں۔

۲۷۳۱۔ ل۔ شاذ بن یحییٰ واسطی:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے

۲۷۳۲۔ تمییز۔ شاذ بن یحییٰ خراسانی:

دسویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ شاذان:

یہ اسود بن عامر ہے گزر چکا۔ (=۵۰۳)

☆ شاذان بن عثمان:

اس کا نام عبدالعزیز ہے آئے گا۔ (=۴۱۱۲)

☆ شباب، عصفری:

یہ خلیفہ بن خیاط ہے گزر چکا۔ (=۱۷۴۳)

۲۷۳۳۔ ع۔ شبابہ بن سوار مدائنی، خراسانی الاصل، بنوفزارہ کا غلام:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام مروان تھا، نویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے اس پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے، ۲۰۴ھ یا ۲۰۵ھ یا ۲۰۶ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۳۴۔د،س،ق۔ شِبَاک ضبی کوفی، اعمٰی (نابینا):

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس کا صحیح مسلم میں ذکر آیا ہے اور یہ تدلیس کرتا تھا۔

۲۷۳۵۔د،س۔ شَبَث ابن رِبْعی، تمیمی یربوعی، ابوعبدالقدوس کوفی، مخضرمی:

سجاح کا موذن تھا (منافقانہ طور) پر اسلام آیا اور (سیدنا) عثمان (رضی اللہ عنہ) کے مخالفین کا مددگار رہا، پھر حضرت علی (رضی اللہ عنہ) کا ساتھی بنا بعد و حضرت علی کیخلاف خوارج کے ساتھ جا ملا، پھر (منافقانہ طور) پر اس نے توبہ کی اور (حضرت) حسین (رضی اللہ عنہ) کے قتل میں شریک ہوا، اور پھر مختار کے ساتھ (حضرت) حسین (رضی اللہ عنہ) کے خون کے قصاص کا مطالبہ کرنے والوں کے ساتھ جا کھڑا ہوا پھر کوفہ میں پولیس کا نگران مقرر ہوا بعد و مختار کے قتل میں شریک ہوا اور کوفہ کے مقام پر ۸۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۲۷۳۶۔س۔ شِبل بن حامد یا ابن خلید مزنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے جس نے اسے شبل بن معبد کہا ہے اس سے غلطی ہوئی ہے۔

۲۷۳۷۔خ،د،س،فق۔ شِبل بن عباد مکی، قاری:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس پر قدری ہونے کا الزام لگایا گیا ہے، کہا گیا ہے کہ ۱۴۸ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۲۷۳۸۔ت،ق۔ شبیب ''طویل کے وزن پر ہے'' ابن بشر، ابوبشر بجلی، کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غلطی کر جاتا ہے۔

۲۷۳۹۔خ،خد،س۔ شبیب بن سعید تمیمی حبطی، بصری، ابوسعید:

اس سے ابن وہب اور اس کے بیٹے احمد کی نقل کردہ حدیث میں کوئی خرابی نہیں ہے، آٹھویں طبقہ کے صغار راویوں سے ہے ۱۸۶ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۴۰۔ت۔ شبیب بن شیبہ بن عبداللہ تمیمی، منقری، ابومعمر بصری، الخطیب البلیغ:

ساتویں طبقہ کا ''مورخ صدوق'' راوی ہے تاہم روایت حدیث میں وہم کر جاتا ہے ۱۷۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۲۷۴۱۔د۔شبیب بن شیبہ،شامی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے،کہا گیا ہے کہ درست شعیب بن رزیق ہے۔

۲۷۴۲۔د،س۔شبیب بن عبدالملک تمیمی،بصری:

خرسان فروکش ہوا،نوویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۰۰ھ سے پہلے جوانی میں ہی فوت ہو گیا تھا،اس سے معتمر بن سلیمان نے روایت کیا ہے اور وہ اس سے بڑے ہیں۔

۲۷۴۳۔ع۔شبیب بن غرقدہ:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۷۴۴۔د،س۔شبیب بن نعیم،ابوروح:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے،جس نے اسے صحابہ میں شمار کیا ہے اس نے غلطی کی ہے۔

۲۷۴۵۔د۔شبیل ابن عزرہ،ضبعی،ابوعمرو،بصری نحوی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے وہم کر جاتا ہے۔

۲۷۴۶۔بخ۔شبیل بن عوف احمسی،ابوطفیل کوفی ''تصغیر کے بغیر شبل بھی کہا جاتا ہے'':

مخضرمی ''ثقہ'' راوی ہے اس کی صحبت صحیح نہیں ہے جنگ قادسیہ میں شریک ہوا تھا۔

۲۷۴۷۔بخ،م،۴۔شتیر ابن شکل عبسی،کوفی:

کہا جاتا ہے کہ اس نے جاہلیت کا دور پایا ہے،دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆شتیر بن نہار:

سمیر کے ترجمہ میں گزر چکا۔(=۲۶۳۷)

۲۷۴۸۔بخ،م،۴۔م،د،ق۔شجاع بن مخلد فلاس،ابوفضل بغوی:

بغداد فروکش ہوا،دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اسے صرف ایک حدیث میں وہم ہوا ہے اس نے اسے مرفوعا بیان کیا ہے حالانکہ وہ موقوف تھی عقیلی نے اسی علت کے ساتھ اسے ذکر کیا ہے،۳۵ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۴۹۔تم۔شجاع بن ابونصر بلخی،ابونعیم مقری:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۷۵۰۔ع۔شجاع بن ولید بن قیس سکونی،ابو بدر کوفی:

نویں طبقہ کا ''صدوق بڑا پرہیز گار'' راوی ہے اس سے اوہامات سرزد ہوئے ہیں ۲۰۴ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۵۱۔خ۔شجاع بن ولید بخاری،ابولیث،مؤدب:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے بخاری میں اس کی صرف ایک حدیث آتی ہے۔

۲۷۵۲۔ع۔شداد بن اوس بن ثابت انصاری،ابویعلی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ۶۰ھ سے پہلے یا اس کے بعد شام کی سرزمین پر فوت ہوئے اور یہ حسان بن ثابت کے بھتیجے ہیں۔

۲۷۵۳۔بخ،د،ت،ق۔شداد بن حی،ابوحی حمصی،مؤذن:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۷۵۴۔تمییز۔شداد بن حی،ابوعبداللہ شامی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۷۵۵۔م،صد،ت،س۔شداد بن سعید،ابوطلحہ راسبی،بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غلطی کرجاتا ہے۔

۲۷۵۶۔بخ،م،۴۔شداد بن عبداللہ قرشی،ابوعمار دمشقی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ارسال کرتا ہے۔

۲۷۵۷۔د۔شداد بن ابوعمرو بن حماس،لیثی،مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۷۵۸۔ خ۔ شداد بن معقل کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے صحیح بخاری میں اس کا ذکر آتا ہے۔

۲۷۵۹۔ س۔ شداد بن ہاد لیثی:

کہا گیا ہے اس کا نام اسامہ ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے والد کا نام ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے خندق اور اس کے بعد والے غزوات میں شریک تھا۔

۲۷۶۰۔ د۔ شداد، عیاض جزری کا غلام:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ارسال کرتا ہے۔

۲۷۶۱۔ بخ، م، ۴۔ شراحیل بن آدہ، ابو الاشعث صنعانی:

کہا جاتا ہے کہ آدہ اس کے والد محترم کا دادا ہے اور یہ ابن شرحبیل بن کلیب ہے دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے فتح دمشق میں شریک تھا۔

۲۷۶۲۔ (م)۔ شراحیل بن مرثد، ابو عثمان صنعانی:

مخضرمی ''ثقہ'' راوی ہے جنگ یمامہ میں شریک ہوا تھا (امام) مسلم (رحمہ اللہ) کا اس کی حدیث نقل کرنا ثابت نہیں۔

۲۷۶۳۔ خ، م۔ شراحیل بن یزید معافری، مصری:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

☆ شرحبیل ابن حسنہ:

یہ ابن عبداللہ ہے آئے گا۔ (=۲۷۶۹)

۲۷۶۴۔ بخ، د، ق۔ شرحبیل بن سعد، ابو سعد مدنی، غلامِ انصار:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے آخری عمر میں عارضہ اختلاط میں مبتلا ہو گیا تھا، ۱۰۰ برس کے قریب عمر پا کر ۲۳ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۶۵۔س۔شرحبیل بن سعید بن سعد بن عبادہ انصاری:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۷۶۶۔م،۴۔شرحبیل بن سمط، کندی، شامی:

ابن سعد کو اس بات پر اعتماد ہے کہ اسے وفد میں آنے کا شرف حاصل ہے پھر جنگ قادسیہ اور فتح مصر میں شریک ہوا اور وہیں (سیدنا) معاویہ (رضی اللہ عنہ) کی طرف سے عامل مقرر رہا، ۴۰ھ یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۲۷۶۷۔بخ،م،د،ت،س۔شرحبیل بن شریک معافری، ابومحمد مصری:

اسے شرحبیل بن عمرو بن شریک بھی کہا جاتا ہے، چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۷۶۸۔ق۔شرحبیل بن ظلفعہ شامی، ابویزید:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۷۶۹۔ق۔شرحبیل بن عبداللہ بن مطاع کندی، بنوزہرہ کا حلیف:

یہ حسنہ کا بیٹا ہے اور وہ اس کی ماں ہے یا اس نے اسے پال پوس کر بڑا کیا ہے جلیل القدر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے فتح مصر میں امیر لشکر تھا اور وہیں ۱۸ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۷۰۔س۔شرحبیل بن مدرک جعفی، کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۷۷۱۔د،ت،ق۔شرحبیل بن مسلم بن حامد خولانی، شامی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم روایت حدیث میں اس میں قدرے کمزوری پائی جاتی ہے۔

☆شرحبیل بن یزید معافری:

کہا گیا ہے کہ یہ ابن شریک ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ شراحیل بن یزید ہے اور یہ دونوں گزر چکے ہیں۔ (=۲۷۶۷،۲۷۶۳)

۲۷۷۲۔قد۔شَرَقی، بصری:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے شعبہ کے شیوخ میں سے ہے۔

۲۷۷۳۔س۔شریح بن ارطاۃ نخعی،کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۷۷۴۔بخ،س۔شریح بن حارث بن قیس کوفی نخعی،قاضی،ابوامیہ:

مخضری ''ثقہ'' راوی ہے،کہا گیا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے،۱۰۸برس یا اس سے زائد عمر پا کر ۸۰ھ سے پہلے یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۲۷۷۵۔د،س،ق۔شریح بن عبید بن شریح،حضرمی،حمصی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اور بکثرت ارسال کرتا تھا،۱۰۱ھ کے بعد فوت ہوا۔

۲۷۷۶۔خ،س۔شریح بن مسلمہ تنوخی،کوفی:

دسویں طبقہ کے قدماء میں سے ''صدوق'' راوی ہے۲۲۲ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۷۷۔۴۔شریح بن نعمان صائدی،کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۷۷۸۔بخ،م،۴۔شریح بن ہانی بن یزید حارثی،مذحجی،ابومقدام کوفی:

مخضری ''ثقہ'' راوی ہے،ابن ابوبکرہ کے ساتھ سجستان میں قتل ہوا۔

۲۷۷۹۔تمییز۔شریح بن ہانی حارثی اصغر،موصلی:

یہ پہلے راوی کی اولاد میں سے ہے آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۱۸۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۲۷۸۰۔د،س۔شریح بن یزید حضرمی،ابوحیوہ حمصی،مؤذن:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۲۰۳ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۸۱۔خت۔شریح حجازی:

اسے صحابیت اور نقل حدیث کا شرف حاصل ہے۔

۲۷۸۲۔ت۔شریح:

بنو زہرہ کے کسی شیخ سے اس نے روایت کیا ہے حدیث طلحہ میں محبوبی کی روایت میں اسی طرح آیا ہے جبکہ (حافظ) مزی (رحمہ اللہ) کا کہنا ہے کہ شیخ بنو زہرہ کی زیادتی اس کے سوا کسی نے ذکر نہیں کی۔

۲۷۸۳۔بخ،م،د،تم،س،ق۔شرید "طویل کے وزن پر ہے" ثقفی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں بیعت رضوان میں شریک ہوئے تھے،کہا گیا ہے کہ ان کا نام مالک تھا۔

۲۷۸۴۔د،س۔شریق،ہوزنی،حمصی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۷۸۵۔د،ت۔شریک بن حنبل عبسی،کوفی "ابن شرحبیل بھی کہا گیا ہے":

دوسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے اس کی صحبت ثابت نہیں ہے۔

۲۷۸۶۔س۔شریک بن شہاب حارثی،بصری:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۷۸۷۔خت،م،۴۔شریک بن عبداللہ نخعی،کوفی،قاضی واسط ثم کوفہ،ابوعبداللہ:

آٹھویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے بکثرت غلطیاں کرتا ہے کوفہ میں جب قضاء کے عہدے پر مقرر ہوا تو اس وقت اس کا حافظہ بدل گیا تھا اور "عادل فاضل عابد اہل بدعت کے بارے میں انتہائی سخت" تھا۔ ۷۷ھ یا ۷۸ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۸۸۔خ،م،د،تم،س،ق۔شریک بن عبداللہ بن ابونمر،ابوعبداللہ مدنی:

پانچویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے غلطی کرجاتا ہے ۱۴۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۲۷۸۹۔بخ۔شریک بن نملہ کوفی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۷۹۰۔ع۔شعبہ بن حجاج بن ورد عتکی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابوبسطام واسطی ثم بصری:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ حافظ متقن" راوی ہے (امام) ثوری (رحمہ اللہ) اسے امیر المؤمنین فی الحدیث کہا کرتے تھے

اور یہ پہلا شخص ہے جس نے عراق میں راویوں کی جانچ پڑتال کی اور سنت کی حمایت کی اور عبادت گزار تھا ۱۶۰ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۹۱۔ س۔ شعبہ بن دینار کوفی:

چھٹے طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۲۷۹۲۔ د۔ شعبہ بن دینار ہاشمی "ابن عباس کا غلام، مدنی:

چوتھے طبقہ کا "صدوق برے حافظہ والا راوی ہے ہشام کی خلافت کے وسط میں فوت ہوا۔

۲۷۹۳۔ خ، م، د، س، ق۔ شعیب بن اسحاق بن عبدالرحمٰن اموی "ولاء کی وجہ سے ہے" بصری ثم دمشقی:

نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ثقہ" راوی ہے اس پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے اور ابن ابوعروبہ سے اس کا سماع آخر میں ہے ۱۸۹ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۹۴۔ د۔ شعیب بن ایوب بن رزیق صریفینی، قاضی، واسطی الاصل:

گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے تدلیس کرتا ہے ۲۶۱ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۹۵۔ س۔ شعیب بن بیان بن زیاد صفار بصری:

نویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے غلطی کر جاتا ہے۔

۲۷۹۶۔ خ، م، د، ت، س۔ شعیب بن حبحاب ازدی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابو صالح بصری:

چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۱۳۰ھ میں یا اس سے پہلے فوت ہوا۔

۲۷۹۷۔ خ، د، س۔ شعیب بن حرب مدائنی، ابوصالح:

مکہ فروکش ہوا، نویں طبقہ کا "ثقہ عابد" راوی ہے ۱۹۷ھ میں فوت ہوا۔

۲۷۹۸۔ ع۔ شعیب بن ابوحمزہ اموی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابو بشر حمصی:

اس کے والد محترم کا نام دینار ہے ساتویں طبقہ کا "ثقہ عابد" راوی ہے۔ (امام) ابن معین (رحمہ اللہ) کا کہنا ہے کہ زہری کی احادیث میں بہت زیادہ قابل اعتماد لوگوں میں سے ہے ۱۶۲ھ میں یا اس سے پہلے فوت ہوا۔

۲۷۹۹۔د۔شعیب بن خالد بجلی رازی، قاضی:

ساتویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۲۸۰۰۔تمییز۔شعیب بن خالد خثعمی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۸۰۱۔قد، ت۔شعیب بن رزیق، شامی، ابوشیبہ:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غلطی کرجاتا ہے۔

۲۸۰۲۔س۔شعیب بن شعیب بن اسحاق دمشقی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے عمر ۷۴ برس ۲۶۴ھ میں فوت ہوا۔

۲۸۰۳۔م، تم، س۔شعیب بن صفوان بن ربیع ثقفی، ابویحیٰ کوفی، کاتب:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۸۰۴۔ق۔شعیب بن عمرو بن سلیم انصاری:

ابن حبان نے گمان کیا ہے کہ یہ صہیب رومی کا پوتا ہے مگر پہلی بات زیادہ قابل اعتماد ہے، چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۸۰۵۔د، س۔شعیب بن لیث بن سعد فہمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوعبدالملک مصری:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ شریف فقیہ'' راوی ہے عمر ۶۴ برس ۱۹۹ھ میں فوت ہوا۔

۲۸۰۶۔ر، ۴۔شعیب بن محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عاص:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس کا اپنے دادا سے سماع ثابت ہے۔

۲۸۰۷۔عس، فق۔شعیب بن میمون واسطی، صاحب بزور:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف عابد'' راوی ہے۔

۲۸۰۸۔س۔شعیب بن یحییٰ بن سائب تجیبی مصری:

دسویں طبقہ کا ''صدوق عابد'' راوی ہے۔

۲۸۰۹۔س۔شعیب بن یوسف نسائی، ابوعمرو:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ صاحب حدیث'' راوی ہے۔

۲۸۱۰۔د۔شعیب طیلسان فروخت کرنے والا:

ساتویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے، کہا جاتا ہے کہ اس کے والد کا نام بیان ہے۔

☆شعیب، ابواسرائیل جشمی:

کنیتوں میں آئے گا۔(=۸۳۹۶ھ)

۲۸۱۱۔د۔شعیث ابن عبیداللہ بن زُبَیب، تمیمی عنبری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۸۱۲۔د۔شفعہ سمعی حمصی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۸۱۳۔ع، د، ت، س، ق۔شُفَیّ ابن ماتع، اصبحی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس نے مرسل حدیث بیان کی ہے بعض حضرات نے اسے صحابہ میں ذکر کیا ہے مگر یہ خطاء ہے، خلیفہ کے بیان کے مطابق ہشام کے دور خلافت میں فوت ہوا۔

۲۸۱۴۔ت۔شُقران نبی کریم ﷺ کا غلام:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام صالح ہے، غزوہ بدر میں شریک ہوا پہلے غلام تھا پھر آزاد کر دیا گیا، میرے گمان کے مطابق ((سیدنا) عثمان (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت میں فوت ہوا ہے۔

۲۸۱۵۔س۔شقیق بن ثور بن عفیر، سدوسی، ابوالفضل بصری:

صدوق مخضرمی راوی ہے ۶۴ھ میں فوت ہوا۔

۲۸۱۶۔ع۔شقیق بن سلمہ اسدی، ابووائل کوفی:

ثقہ مخضرمی راوی ہے ۱۰۰ برس عمر پا کر عمر بن عبدالعزیز (رحمہ اللہ) کے دورِ خلافت میں فوت ہوا۔

۲۸۱۷۔س۔شقیق بن ابوعبداللہ کوفی، مولیٰ آل الحضرمی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۸۱۸۔م،خد۔شقیق بن عقبہ عبدی، کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆شقیق عقیلی:

ایک موہومہ روایت میں آیا ہے، جبکہ درست ''عن عبداللہ بن شقیق عن عبداللہ بن ابی الحساء'' ہے۔

(=۳۳۸۵،۳۲۸۳)

۲۸۱۹۔د۔شقیق ابولیث:

اس نے عاصم بن کلیب سے روایت کیا ہے عاصم بن شتیم بھی کہا جاتا ہے، چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۸۲۰۔بخ،و،ت،س۔شکل ابن حمید عبسی، کوفی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

۲۸۲۱۔مد،ت،س۔شمر ابن عطیہ اسدی کاہلی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۸۲۲۔د،س،ق۔شمعون بن زید، ابوریحانہ ازدی، حلیفِ انصار:

انہیں نبی کریم ﷺ کا غلام بھی کہا جاتا ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، فتح دمشق میں شریک ہوئے، مصر تشریف لائے اور بیت المقدس میں فروکش ہو گئے۔

۲۸۲۳۔د،ت،س۔شمیر بن عبدالمدان، یمامی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆شمیط:

مہملہ میں ہے۔(= ۲۶۲۸)

۲۸۲۴۔د۔شُتَیم:

(امام)ابوداؤد(رحمہ اللہ)نے"شقیق عن عاصم عن ابیہ" کی سند سے حدیث روایت کی ہے جبکہ ابن قانع نے اسے روایت کرتے ہوئے"عن عاصم بن شتیم" کہا ہے،الصحابہ میں(امام)بغوی(رحمہ اللہ)نے کہا ہے کہ میں نے اس کا صرف اسی حدیث میں ذکر سنا ہے۔

۲۸۲۵۔د۔شہاب بن خراش بن حوشب شیبانی،ابوصلت واسطی،عوام بن حوشب کا بھتیجا:

کوفہ فرد کش ہوا،اس کا مسلم کے مقدمہ میں ذکر آتا ہے ساتویں طبقہ کا"صدوق" راوی ہے غلطی کرجاتا ہے۔

۲۸۲۶۔خ،م،ت،ق۔شہاب بن عباد عبدی،ابوعمر کوفی:

دسویں طبقہ کا"ثقہ" راوی ہے ۲۲۴ھ میں فوت ہوا۔

۲۸۲۷۔بخ۔شہاب بن عباد عبدی،بصری:

چوتھے طبقہ کا"مقبول" راوی ہے۔

۲۸۲۸۔ت۔شہاب بن مجنون:

کہا جاتا ہے کہ اس کے والد محترم کا نام کلیب یا شتیر ہے اور یہ عاصم بن کلیب کا دادا ہے صحابہ میں مذکور ہے۔

۲۸۲۹۔بخ۔شہاب بن معمر بلخی،ابوازہر،بصری الاصل:

دسویں طبقہ کا"ثقہ صاحب حدیث" راوی ہے۔

۲۸۳۰۔بخ،م،۴۔شہر بن حوشب اشعری،شامی،اسماء بنت یزید بن سکن کا غلام:

تیسرے طبقہ کا"صدوق کثیر الارسال والا وہام" راوی ہے ۱۱۲ھ میں فوت ہوا۔

۲۸۳۱۔تم۔شُوَیس ابن جیاش،عدوی بصری:

اس کی کنیت ابورُقاد ہے تیسرے طبقہ کا"مقبول" راوی ہے۔

۲۸۳۲۔د۔شیبان بن امیہ یا ابن قیس قتبانی، ابوحذیفہ مصری:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۸۳۳۔ع۔شیبان بن عبدالرحمٰن تمیمی ''ولاء کی وجہ سے۔ ہے'' نحوی، ابومعاویہ بصری:

کوزہ فروش ہوا، ساتویں طبقہ کا ''ثقہ صاحب کتاب'' راوی ہے، کہا جاتا ہے کہ ہوازد کے ایک قبیلۂ نحو کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے نحوی کہلاتا ہے نہ کہ علم نحو کی وجہ سے ۱۶۴ھ میں فوت ہوا۔

۲۸۳۴۔م،د،س۔شیبان بن فروخ ابوشیبہ حبطی، ابلی، ابومحمد:

نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے وہم کرجاتا ہے اور اس پر قدری ہونے کا الزام لگایا گیا ہے (امام) ابوحاتم (رحمہ اللہ) نے کہا ہے کہ آخر عمر میں لوگ اس سے حدیث لینے پر مجبور ہوئے، نوے سے کچھ زائد برس عمر پاکر ۲۳۵ھ یا ۲۳۶ھ میں فوت ہوا۔

۲۸۳۵۔عس۔شیبان بن مُخَرَّم ''اس لفظ کو ابن ماکولا نے قلمبند کیا ہے'':

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۸۳۶۔ق۔شبیہ بن احنف، واسطی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۸۳۷۔تمییز۔شبیہ بن احنف واسطی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۸۳۸۔خ،د،ق۔شیبہ بن عثمان بن ابوطلحہ عبدری حجبی، مکی:

فتح مکہ کے روز مسلمان ہونے والے حضرات میں سے ہیں انہیں صحابیت اور نقل احادیث کا شرف حاصل ہے ۵۹ھ میں فوت ہوئے۔

۲۸۳۹۔س۔شیبہ بن نصاح، قاری مدنی، قاضی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۳۰ھ میں فوت ہوا۔

☆شیبہ، بے نسبت:

ابوجعفر سے روایت کرتا ہے اور یہ ابن نصاح ہے۔ (=۲۸۳۹)

۲۸۴۰۔س۔شیبہ خُضری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۸۴۱۔و،ت،س۔شُیَیم ابن بیتان ''لفظ بیت کے تثنیہ سے ہے'' قِتْبانی، مصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۸۴۲۔ ت،ق۔ صاعد بن عبید بجلی، ابو محمد یا ابو سعید حرانی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''مقبول'' راوی ہے۔

صالح نام کے راویوں کا ذکر

۲۸۴۳۔خ،م۔صالح بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف زہری، ابوعبدالرحمٰن مدنی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ابراہیم بن ہشام کے عہد حکومت میں سن۱۲۷ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۲۸۴۴۔ ۴۔صالح بن ابوالاخضر یمامی، ہشام بن عبدالملک کا غلام:

بصرہ فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے تاہم اس کی حدیث معتبر ہیں، ۱۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۲۸۴۵۔ت۔صالح بن بشیر بن وادع مُرّی، ابوبشر بصری، قصہ گو، زاہد:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۱۷۲ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۲۸۴۶۔عخ۔صالح بن جبیر صُدائی، ابومحمد طبرانی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے عمر بن عبدالعزیز (رحمہ اللہ) کا کاتب ہے۔

۲۸۴۷۔ت۔صالح بن ابوجبیر غفاری ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۸۴۸۔م۔صالح بن حاتم بن وردان بصری، ابومحمد:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۶۳ھ میں فوت ہوا۔

۲۸۴۹۔مد،ت،ق۔صالح بن حسان نَضری، ابوحارث مدنی:

بصرہ فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

۲۸۵۰۔ت،س۔صالح بن ابوحسان مدنی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۸۵۱۔فق۔صالح بن حیان قرشی،کوفی:

چھٹے طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

☆صالح بن حیان:

یہ صالح بن صالح بن حیان ہے بخاری کے کتاب العلم میں اپنے دادا کی طرف نسبت کیا گیا ہے جس نے اسے پہلے والا راوی گمان کیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۲۸۵۲۔ع۔صالح بن خَوّات بن جبیر بن نعمان انصاری،مدنی:

چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۲۸۵۳۔تخ۔صالح بن خوات بن صالح بن خوات "پہلے راوی کا پوتا" آٹھویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۸۵۴۔د۔صالح بن خَیوان،سَبَئی "خولانی بھی کہا جاتا ہے":

چوتھے طبقہ سے ہے(امام) عجلی (رحمہ اللہ) نے اس کی توثیق کی ہے۔

۲۸۵۵۔د۔صالح بن درہم باہلی،ابوالازہر بصری:

چوتھے طبقہ سے ہے(امام) ابن معین (رحمہ اللہ) نے اس کی توثیق کی ہے۔

۲۸۵۶۔س۔صالح بن دینار جعفی یا ہلالی:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۸۵۷۔ق۔صالح بن دینار مدنی التمار،انصار کا غلام:

چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

☆صالح بن ذکوان السمان:

یہ ابن ابو صالح ہے آئے گا۔(=۲۸۶۶)

۲۸۵۸۔س۔صالح بن ربیعہ بن ہدیر تیمی،مدنی:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۸۵۹۔ق۔صالح بن رزیق عطار، ابوشعیب:

دسویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۸۶۰۔د۔صالح بن رستم ہاشمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوعبدالسلام دمشقی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، صحیح قول کے مطابق یہ اس ابوعبدالسلام کے علاوہ ہے جس نے ثوبان سے روایت کیا ہے۔

۲۸۶۱۔خت، م ۴۔صالح بن رستم مزنی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوعامر خزاز، بصری:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق کثیر الخطاء'' راوی ہے ۱۵۲ھ میں فوت ہوا۔

☆صالح بن رومان:

موسیٰ بن مسلم بن رومان کے ترجمہ میں ہے۔ (=۷۰۱۱)

۲۸۶۲۔س۔صالح بن زیاد بن عبداللہ، ابوشعیب مقری سوسی:

رقہ فرد کش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۶۱ھ میں فوت ہوا۔

۲۸۶۳۔س۔صالح بن سعید، موذن، حجازی، ابوطالب یا ابوغالب:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۸۶۴۔د۔صالح بن سہیل نخعی، ابواحمد کوفی، ابن ابوزائدہ کا غلام:

گیارہویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۸۶۵۔ع۔صالح بن صالح بن حی:

کہا جاتا ہے کہ ابن صالح اور حی کے درمیان مسلم ہے، حیان بھی کہا جاتا ہے اور حی حیان کا لقب ہے اور بعض دفعہ اسے اپنے والد کے دادا کی طرف منسوب کر کے صالح بن حی اور صالح بن حیان کہا جاتا ہے۔ (امام) احمد (رحمہ اللہ) نے ''ثقہ ثقہ'' کہا ہے چھٹے طبقہ سے ہے ۱۵۳ھ میں فوت ہوا، (حافظ) عجلی (رحمہ اللہ) نے بھی اس کی توثیق کی ہے اور سابقہ صفحات میں گزرنے والے راوی ''صالح بن حیان قرشی'' کی تضعیف کی ہے۔

۲۸۶۶۔م،ت۔صالح بن ابوصالح السمان، ابوعبدالرحمٰن:

اس کے والد کا نام ذکوان ہے پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۸۶۷۔مد،ت۔صالح بن ابوصالح کوفی، عمرو بن حریث کا غلام:

اس کے والد کا نام مہران ہے چوتھے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۲۸۶۸۔س۔صالح بن ابوصالح اسدی، شعبی کا ساتھی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۸۶۹۔تمییز۔صالح بن صالح اسدی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اور جس نے اسے پہلے راوی سے ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

☆صالح بن ابوصالح، توامہ کا غلام:

یہ ابن نبہان ہے آئے گا۔(=۲۸۹۲)

۲۸۷۰۔ق۔صالح بن صہیب بن سنان رومی:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

☆صالح بن عامر:

اس نے بنو تمیم کے کسی شیخ سے روایت کیا ہے، درست صالح ابوعامر ہے اور یہ خزاز ہے سعید بن منصور نے اسے اپنی سنن میں بیان کیا ہے۔(حافظ) مزی (رحمہ اللہ) کو اس سلسلے میں وہم ہوا ہے اور انہوں نے کہہ دیا ہے کہ درست '' صالح عن عامر ای ابن حی عن الشعبی '' ہے مگر معاملہ ایسا نہیں ہے جیسا انہوں نے کہا ہے۔

۲۸۷۱۔ت۔صالح بن عبداللہ بن ذکوان باہلی، ابوعبداللہ ترمذی:

بغداد فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۳۱ھ میں یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۲۸۷۲۔ق۔صالح بن عبداللہ بن صالح عامری ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مدنی:

نویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۸۷۳۔ق۔صالح بن عبداللہ بن ابوفروہ، ابوعروہ اموی "ولاء کی وجہ سے ہے" مدنی:

ابن معین نے اس کی توثیق کی ہے چھٹے طبقہ سے ہے۔

۲۸۷۴۔ت۔صالح بن عبدالکبیر بن شعیب بن حباب بصری، مغولی:

دسویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۲۸۷۵۔تمییز۔صالح بن عبدالکبیر مسمعی، بصری:

دسویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۸۷۶۔د۔صالح بن عبید:

قبیصہ بن وقاص سے روایت کرتا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ وہ نہیں ہے جس سے عمرو بن حارث مصری نے روایت کیا ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ وہی ہے۔ چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۸۷۷۔ی۔صالح بن عبید یمانی، ابومصعب:

آٹھویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۸۷۸۔د، ق۔صالح بن عجلان، حجازی:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۸۷۹۔س۔صالح بن عدی بن ابوعمارہ نمیری، ابوہیثم بصری ذارع:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۲۸۸۰۔د، س، ق۔صالح بن ابوعریب:

اس کا نام قُلَیب ہے، چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۸۸۱۔خ، م۔صالح بن عمرو واسطی:

حلوان فروش ہوا، آٹھویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۸۵ھ یا ۸۶ھ یا ۸۷ھ میں فوت ہوا۔

۲۸۸۲۔س۔صالح بن قدامہ بن ابراہیم بن محمد ابن حاطب قرشی، جمحی، مدنی:

آٹھویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۸۸۳۔مد۔صالح بن کثیر مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۸۸۴۔ع۔صالح بن کیسان مدنی، ابو محمد یا ابو حارث، عمر بن عبد العزیز کی اولاد کے اتالیق:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار فقیہ'' راوی ہے ۱۳۰ھ یا ۱۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۲۸۸۵۔۴۔صالح بن محمد بن زائدہ مدنی، ابو واقد لیثی، صغیر:

پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۱۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۲۸۸۶۔کد، ق۔صالح بن محمد بن یحییٰ بن سعید قطان:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۸۸۷۔ع۔صالح بن ابو مریم ضبعی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو خلیل بصری:

ابن معین اور نسائی نے اس کی توثیق کی ہے اور ابن عبد البر نے تعجب خیز بات کی ہے کہ اس سے احتجاج نہ کیا جائے، چھٹے طبقہ سے ہے۔

☆صالح بن مسلم بن رومان:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے، اس کی وضاحت موسیٰ بن مسلم بن رومان کے ترجمہ میں آئے گی۔

۲۸۸۸۔م، ت۔صالح بن مسمار سلمی، ابو فضل ''ابو عباس بھی کہا جاتا ہے'' مروزی، کشمیہنی:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۲۸۸۹۔تمییز۔صالح بن مسمار، بصری:

جزیرہ فروش ہوا، ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۸۹۰۔س۔صالح بن مہران شیبانی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو سفیان اصبہانی:

اسے حکیم کہا جاتا تھا، گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ زاہد'' راوی ہے۔

☆ صالح بن مہران:

یہ ابن ابوصالح ہے اس کا ترجمہ گزر چکا۔ (=۲۸۶۷)

۲۸۹۱۔ت،ق۔صالح بن موسیٰ بن اسحاق بن طلحہ تیمی، کوفی:

آٹھویں طبقہ کا "متروک" راوی ہے۔

۲۸۹۲۔د،ت،ق۔صالح بن نبہان مدنی، توأمہ کا غلام:

چوتھے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے عارضہ اختلاط میں مبتلا ہو گیا تھا، (حافظ) ابن عدی (رحمہ اللہ) نے کہا ہے کہ اس سے قدماء جیسے ابن ابوذئب اور ابن جریج وغیرہ کی روایت میں کوئی خرابی نہیں ہے ۲۵ھ یا ۲۶ھ میں فوت ہوا اور جس نے گمان کیا ہے کہ (امام) بخاری (رحمہ اللہ) نے اس سے روایت نقل کی ہے اس سے غلطی ہوئی ہے۔

۲۸۹۳۔ق۔صالح بن ہیثم واسطی، ابوشعیب صیرفی، الطحان:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے "صدوق" راوی ہے۔

۲۸۹۴۔د،س،ق۔صالح بن یحییٰ بن مقدام بن معدی کرب کندی شامی:

چھٹے طبقہ کا کمزور راوی ہے۔

☆ صالح اسدی:

یہ ابن ابوصالح ہے گزر چکا۔ (=۲۸۶۸)

۲۸۹۵۔صالح، بیاع الاکسیہ:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆ صالح، ابوخلیل:

یہ ابن ابومریم ہے۔ (=۲۸۸۷)

☆ صالح، مولی توامہ:

یہ ابن نبہان ہے گزر چکا۔ (=۲۸۹۲)

۲۸۹۶۔ تمییز۔ صباح بن عبداللہ عبدی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۸۹۷۔ق۔ صباح بن محارب تیمی، کوفی:

ری کے مقام پر قیام پذیر ہوا، آٹھویں طبقہ کا 'صدوق' راوی ہے بسا اوقات مخالفت کرتا ہے۔

۲۸۹۸۔ت۔ صباح بن محمد بن ابوحازم بجلی، احمسی، کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ابن حبان نے اس کے بارے میں افراط سے کام لیا ہے۔

۲۸۹۹۔د۔ صُبیح بن محرز، مقرائی، حمصی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، اس بات میں اختلاف پایا جاتا ہے کہ آیا اس کا نام مصغر ہے یا اس کے پہلے لفظ کے اوپر فتحہ ہے۔

۲۹۰۰۔ت،ق۔ صُبَیح، ام سلمہ کا غلام ''زید بن اسلم کا بھی غلام کہا جاتا ہے'':

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆صَبیح:

یہ ابو ملیح ہے کنیتوں میں آئے گا۔ (=۸۳۹۱)

۲۹۰۱۔د،س،ق۔ صُبَی ابن معبد تغلبی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ مخضرم'' راوی ہے کوفہ فروکش ہوا۔

۲۹۰۲۔د۔ صخر بن اسحاق، بنو غفار کا غلام، حجازی:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۲۹۰۳۔د۔ صخر بن بدر عجلی، بصری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۹۰۴۔خ،م،د،ت،س۔صخر بن جویریہ،ابونافع،بنوتمیم یا بنوہلال کا غلام:

(امام) احمد (رحمہ اللہ) نے کہا کہ "ثقہ ثقہ" ہے (امام) قطان (رحمہ اللہ) کا کہنا ہے کہ اس کی کتاب گم ہوگئی تھی پھر مل گئی اسی وجہ سے اس پر کلام کیا گیا ہے۔

۲۹۰۵۔خ،م،د،ت،س۔صخر بن حرب بن امیہ بن عبد شمس ابن عبد مناف اموی،ابوسفیان:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں فتح مکہ کے روز مسلمان ہوئے ۳۲ھ میں فوت ہوئے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد فوت ہوئے۔

۲۹۰۶۔د۔صخر بن عبداللہ بن بریدہ بن حُصَیب،اسلمی،مروزی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۹۰۷۔ت۔صخر بن عبداللہ بن حرملہ مدلجی،حجازی:

مقبول راوی ہے۔ابن جوزی سے غلطی ہوئی ہے انہوں نے نقل کیا ہے کہ ابن عدی نے اسے متہم کیا ہے حالانکہ ابن عدی نے صخر بن عبداللہ حاجبی کو متہم کیا ہے۔

۲۹۰۸۔د۔صخر بن عَیلَہ ابن عبداللہ بن ربیعہ احمسی:

قلیل الحدیث صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں،کہا جاتا ہے کہ عیلہ ان کی والدہ محترمہ کا نام ہے۔

۲۹۰۹۔۴۔صخر بن وداعہ غامدی،حجازی:

طائف فروکش ہوئے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے کم حدیثیں آئی ہیں (حافظ) ازدی (رحمہ اللہ) نے کہا ہے کہ ان سے صرف عمارہ بن حدید نے ہی روایت کیا ہے۔

۲۹۱۰۔ق۔صدقہ بن بشیر،مدنی،مولی آل عمر،ابومحمد:

آٹھویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۲۹۱۱۔خ،د،س،ق۔صدقہ بن خالد اموی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابوعباس دمشقی:

آٹھویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۱۷۱ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۸۰ھ یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۲۹۱۲۔ قد،س،ق۔ صدقہ بن سعید حنفی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۹۱۳۔ ت،س،ق۔ صدقہ بن عبداللہ سمین، ابومعاویہ یا ابومحمد، دمشقی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۶۶ھ میں فوت ہوا۔

۲۹۱۴۔ فق۔ صدقہ بن عمرو غسانی:

آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۹۱۵۔ تمییز۔ صدقہ بن عمرو مکی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۹۱۶۔ خت،م،ق۔ صدقہ بن ابوعمران کوفی، قاضی اہواز:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۹۱۷۔ صدقہ بن عیسیٰ حنفی:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے اصحاب صحاح ستہ نے اس کی حدیث نقل نہیں کی، عبدالغنی کو اس کے ذکر میں وہم ہوا ہے۔

۲۹۱۸۔ خ۔ صدقہ بن فضل، ابوفضل مروزی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۳ھ یا ۲۶ھ میں فوت ہوا۔

۲۹۱۹۔ د،س،ق۔ صدقہ بن مثنیٰ بن ریاح حنفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۹۲۰۔ تمییز۔ صدقہ بن مثنیٰ کعبی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۹۲۱۔ بخ، د، ت۔ صدقہ بن موسیٰ دقیقی، ابومغیرہ یا ابومحمد، سلمی، بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے۔

۲۹۲۲۔ م، د، س، ق۔ صدقہ بن یسار جزری:

مکہ مکرمہ فروکش ہوا، چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۳۲ھ کو بنوعباس کے ابتدائی دور خلافت میں فوت ہوا۔

۲۹۲۳۔ ع۔ صُدَیّ ابن عجلان، ابوامامہ باہلی:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، شام فروکش ہوئے اور وہیں ۸۶ھ میں فوت ہوئے۔

۲۹۲۴۔ د۔ صُرَد ابن ابومنازل، بصری:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۹۲۵۔ ع۔ صَعب ابن جثّامہ لیثی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، کہا گیا ہے کہ خلافت صدیقی میں فوت ہوئے، مگر زیادہ صحیح یہ ہے کہ خلافت عثمانی تک زندہ رہے۔

۲۹۲۶۔ بخ۔ صعب بن حکیم بن شریک کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۹۲۷۔ د، س۔ صعصعہ بن صُوحان، عبدی:

کوفہ فروکش ہوا، کبیر تابعی ہے اور مخضرمی، فصیح، ثقہ راوی ہے (سیدنا) معاویہ (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت میں فوت ہوا (حافظ) مزی (رحمہ اللہ) نے ''د'' کی علامت چھوڑ دی ہے حالانکہ (سنن ابی داؤد کے) کتاب الادب (باب الشعر) میں اس کی حدیث موجود ہے۔

۲۹۲۸۔ د۔ صعصعہ بن مالک:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۹۲۹۔ بخ، س، ق۔ صعصعہ بن معاویہ بن حصین تمیمی، سعدی، احنف کا چچا:

انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ مخضرمی ہیں، عراق پر حجاج کے عہد حکومت میں فوت

ہوئے۔

۲۹۳۰۔ س۔ صعصعہ بن ناجیہ بن عقال تمیمی، مجاشعی، فرزدق کا چچا:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے احادیث آتی ہیں۔

۲۹۳۱۔ بخ، م، مد، س۔ صعق بن حزن ابن قیس بکری، بصری ابوعبداللہ:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے وہم کر جاتا ہے اور زاہد تھا۔

۲۹۳۲۔ خت، م، ۴۔ صفوان بن امیہ بن خلف بن وہب بن قدامہ بن جمح قرشی، جمحی، مکی:

مؤلفۃ القلوب حضرات میں سے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں (سیدنا) عثمان (رضی اللہ عنہ) کی شہادت کے ایام میں فوت ہوئے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۴۱ھ یا ۴۲ھ کو (سیدنا) معاویہ (رضی اللہ عنہ) کی خلافت کے ابتدائی دور میں فوت ہوئے۔

۲۹۳۳۔ ع۔ صفوان بن سلیم مدنی، ابوعبداللہ زہری "ولاء کی وجہ سے ہے":

چوتھے طبقہ کا "ثقہ مفتی عابد" راوی ہے اس پر قدری ہونے کا الزام لگایا گیا ہے بعمر ۷۲ برس ۱۳۲ھ میں فوت ہوا۔

۲۹۳۴۔ د، ت، س، فق۔ صفوان بن صالح بن صفوان ثقفی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابوعبدالملک دمشقی:

ابوزرعہ دمشقی نے کہا ہے کہ ثقہ ہے اور تدلیس تسویہ کرتا تھا، دسویں طبقہ سے ہے، بعمر ۷۰ برس ۲۳۷ھ یا ۲۳۸ھ یا ۲۳۹ھ میں فوت ہوا۔

۲۹۳۵۔ عخ۔ صفوان بن ابوصہباء تیمی، کوفی:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے، ابن حبان کا اس کے بارے اختلاف ہے۔

۲۹۳۶۔ بخ، م، س، ق۔ صفوان بن عبداللہ بن صفوان بن امیہ قرشی:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

☆ س، ق۔ صفوان بن عبداللہ بن یعلیٰ بن امیہ تیمی:

درست صفوان بن یعلیٰ ہے عنقریب آئے گا۔ (= ۲۹۴۵)

۲۹۳۷۔ت،س،ق۔صفوان بن عسال،مرادی:

معروف صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں،کوفہ فروکش ہوئے۔

۲۹۳۸۔بخ،م،۴۔صفوان بن عمرو بن ہرم سکسکی،ابو عمرو حمصی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۵۵ھ یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۲۹۳۹۔س۔صفوان بن عمرو حمصی،صغیر:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۹۴۰۔خت،م،۴۔صفوان بن عیسیٰ زہری،ابو محمد بصری القسام:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۰۰ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے تھوڑا سا پہلے یا بعد میں فوت ہوا۔

۲۹۴۱۔خ،م،ت،س،ق۔صفوان بن محرز بن زیاد مازنی یا باہلی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ، عابد'' راوی ہے ۷۴ھ میں فوت ہوا۔

۲۹۴۲۔س۔صفوان بن موہب،حجازی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۹۴۳۔ق۔صفوان بن ہبیرہ عیشی،ابو عبدالرحمٰن بصری:

نویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۲۹۴۴۔بخ،س۔صفوان بن ابو یزید ''ابن سلیم مدنی بھی کہا جاتا ہے'':

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۹۴۵۔ع۔صفوان بن یعلیٰ بن امیہ تمیمی،مکی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۹۴۶۔بخ۔صقعب ''جعفر کے وزن پر ہے'' ابن زہیر ابن عبداللہ بن زہیر ازدی،کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۹۴۷۔ت،ق۔صَلت ابن دینار ازدی ہنائی، بصری ابوشعیب مجنون:

زیادہ تر اپنی کنیت سے مشہور ہے چھٹے طبقہ کا ''متروک ناصبی'' راوی ہے۔

۲۹۴۸۔د،ت۔صلت بن عبداللہ بن نوفل بن حارث ابن عبدالمطلب، عبداللہ بن حارث کا چچازاد بھائی:

اس کا لقب ببہ ہے چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۹۴۹۔خ،م۔صلت بن محمد بن عبدالرحمٰن بصری، ابوہمام خارکی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۲۲۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۲۹۵۰۔م۔صلت بن مسعود بن طریف جحدری، ابوبکر یا ابومحمد، بصری قاضی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے ۲۴۰ھ یا اس سے ایک سال پہلے فوت ہوا۔

۲۹۵۱۔مد۔صلت، سدوسی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

چوتھے طبقہ کا ''تابعی'' روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے اس نے مرسل حدیث بیان کی ہے۔

۲۹۵۲۔ع۔صِلَہ ابن زُفَر عبسی، ابوالعلاء یا ابوبکر، کوفی:

کبیر تابعی ہے دوسرے طبقہ کا ''جلیل القدر ثقہ'' راوی ہے ۷۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۲۹۵۳۔ق۔صُنابح ابن اعسر احمسی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں کوفہ فروکش ہوئے، جس نے اس کے بارے میں صنابحی کہا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۲۹۵۴۔ع۔صہیب بن سنان ابویحییٰ رومی نمری الاصل:

کہا جاتا ہے کہ ان کا نام عبدالملک تھا اور صہیب لقب ہے، مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں حضرت علی کے دور خلافت میں ۳۸ھ کو فوت ہوئے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوئے۔

۲۹۵۵۔بخ۔صہیب، عباس کا غلام:

اسے صُہبان بھی کہا جاتا ہے تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۹۵۶۔م،د،س۔صہیب،ابوصہباء بکری،بصری یا مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۹۵۷۔س۔صہیب حذاء،ابوموسیٰ مکی،ابن عامر کا غلام:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۹۵۸۔س۔صہیب،عُتْوارِیْن:

نعیم مجمر اس سے روایت کرنے میں متفرد ہے اور جس نے اس کے علاوہ کہا ہے اسے وہم ہوا ہے،چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۹۵۹۔ت۔صیفی بن ربعی انصاری،ابوہشام کوفی:

نویں طبقہ کا صدوق راوی ہے وہم کر جاتا ہے۔

۲۹۶۰۔م،د،ت،س۔صیفی بن زیاد انصاری''ولاء کی وجہ سے ہے''ابوزیاد یا ابوسعید،مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۹۶۱۔ق۔صیفی بن صہیب بن سنان:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

حرف الضاد

۲۹۶۲۔ بخ، د، س، ق۔ ضبارہ ابن عبداللہ بن مالک بن ابو سُلیل حضرمی، ابوشریح حمصی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۹۶۳۔ م، د، ت۔ ضبہ بن محصن عنزی، بصری:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۹۶۴۔ د۔ ضُبَیعہ ابن حصین ثعلبی ''ثعلبہ بن ضبیعہ بھی کہا جاتا ہے:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۹۶۵۔ ق۔ ضحاک بن ایمن کلبی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۹۶۶۔ ت۔ ضحاک بن حمرہ، اُملوکی، واسطی:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۲۹۶۷۔ ۴۔ ضحاک بن سفیان بن عوف بن کعب بن ابی بکر بن کلاب کلابی، ابوسعید:

معروف صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، صدقات کی وصولی پر مقرر نبی کریم ﷺ کے عمال میں سے تھے۔

۲۹۶۸۔ خ، م، س۔ ضحاک بن شراحیل ''شرحبیل بھی کہا جاتا ہے'' مشرقی، ہمدانی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۹۶۹۔ د، ت، ق۔ ضحاک بن شرحبیل غافقی، ابوعبداللہ مصری:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے وہم کر جاتا ہے۔

۲۹۷۰۔س۔ضحاک بن عبدالرحمٰن بن ابو حوشب نصری، دمشقی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۹۷۱۔قد،ت،ق۔ضحاک بن عبدالرحمٰن بن عرزب، ابوعبدالرحمٰن یا ابوزرعہ طبرانی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۵ھ میں فوت ہوا۔

۲۹۷۲۔م،۴۔ضحاک بن عثمان بن عبداللہ بن خالد ابن حزام اسدی، حزامی، ابوعثمان مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے وہم کر جاتا ہے۔

۲۹۷۳۔تمییز۔ضحاک بن عثمان بن ضحاک بن عثمان حزامی، پہلے راوی کا پوتا:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''علامہ مؤرخ صدوق'' راوی ہے ۲۰۰ھ میں فوت ہوا۔

۲۹۷۴۔تمییز۔ضحاک بن عثمان عزربی:

دسویں طبقہ کا غیر مشہور راوی ہے۔

۲۹۷۵۔د،ت،ق۔ضحاک بن فیروز دیلمی فلسطینی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۹۷۶۔س۔ضحاک بن قیس بن خالد بن وہب فہری، ابوانیس، الامیر المشہور:

صغیر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ۶۴ھ میں راہط کی چراگاہ کے واقعہ میں قتل ہوئے۔

۲۹۷۷۔ع۔ضحاک بن مخلد بن ضحاک بن مسلم شیبانی، ابوعاصم النبیل البصری:

نویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے ۲۱۲ھ یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۲۹۷۸۔۴۔ضحاک بن مزاحم ہلالی، ابوقاسم یا ابومحمد، خراسانی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق کثیر الارسال'' راوی ہے ۱۰۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۲۹۷۹۔س،ق۔ضحاک بن منذر بن جریر بن عبداللہ بجلی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۹۸۰۔ بخ۔ ضحاک بن نبراس ازدی، جہضمی، ابوالحسن بصری:

ساتویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۲۹۸۱۔ ق۔ ضحاک مَعافری، دمشقی بزاز:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۹۸۲۔ تمییز۔ ضرار ابن صُرَد تیمی، ابونعیم الطحان، کوفی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس سے اوہامات اور غلطیاں سرزد ہوئیں ہیں اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے اور فرائض کا عالم تھا، ۲۹ھ میں فوت ہوا۔

۲۹۸۳۔ بخ، م، مد، ت، س۔ ضرار بن مرہ کوفی، ابوسنان شیبانی اکبر:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے ۳۲ھ میں فوت ہوا۔

۲۹۸۴۔ م، ۴۔ ضُرَیب ابن نُقَیر ابوسُلَیل، قیسی جُریری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۹۸۵۔ بخ۔ ضمام ابن اسماعیل بن مالک مرادی، ابواسماعیل مصری:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات غلطی کرجاتا ہے، بعمر ۸۸ برس ۸۵ھ میں فوت ہوا۔

۲۹۸۶۔ ۴۔ ضمرہ بن حبیب بن صہیب زُبَیدی، ابوعتبہ حمصی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۳۰ھ میں فوت ہوا۔

۲۹۸۷۔ تمییز۔ ضمرہ بن حبیب مقدسی:

دسویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۹۸۸۔ بخ، ۴۔ ضمرہ بن ربیعہ فلسطینی، ابوعبداللہ، دمشقی الاصل:

نویں طبقہ کا ''صدوق قلیل الوہم'' راوی ہے ۲۰۲ھ میں فوت ہوا۔

۲۹۸۹۔م،۴۔ضمرہ بن سعید بن ابوحنۃ، انصاری مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۹۹۰۔د،س۔ضمرہ بن عبداللہ بن انیس جہنی، حلیفِ انصار:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۹۹۱۔۴۔ضمضم بن جوس ''ابن حارث بن جوس بھی کہا جاتا ہے'' یمامی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۲۹۹۲۔د،فق۔ضمضم بن زرعہ بن ثوب، حضرمی، حمصی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے وہم کر جاتا ہے۔

۲۹۹۳۔بخ۔ضمضم بن عمرو حنفی، ابوالاسود بصری:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۹۹۴۔د،ق۔ضمضم بن ابومثنی املوکی حمصی:

چوتھے طبقہ سے ہے (حافظ) عجلی (رحمہ اللہ) نے اس کی توثیق کی ہے۔

۲۹۹۵۔د،ق۔ضمیرہ اسلمی، سعد کا والد:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں جنگ حنین میں شریک ہوئے تھے۔

حرف الطاء

۲۹۹۶۔خ،م،ت،س،ق۔طارق بن اشیم ''احمر کے وزن پر ہے'' ابن مسعود اشجعی، ابو مالک کا والد:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے احادیث مروی ہیں (امام) مسلم (رحمہ اللہ) نے کہا ہے کہ ان سے اس کے بیٹے کے سواء کسی نے روایت نہیں کیا۔

۲۹۹۷۔قد۔طارق بن ابو حسناء:

کہا جاتا ہے کہ اس کے والد کا نام عبدالرحمٰن ہے چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۹۹۸۔ص۔طارق بن زیاد، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۹۹۹۔د،ق، طارق بن سوید یا سوید بن طارق، حضرمی ''جعفی بھی کہا جاتا ہے'':

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے پینے کی اشیاء کے متعلقہ حدیث آتی ہے۔

۳۰۰۰۔ع۔طارق بن شہاب بن عبد شمس بجلی، احمسی، ابو عبداللہ کوفی:

(امام) ابوداؤد (رحمہ اللہ) نے کہا ہے کہ اس نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا ہے مگر آپ ﷺ سے سماع نہیں کیا ۸۲ھ یا ۸۳ھ میں فوت ہوا۔

۳۰۰۱۔عخ،س۔طارق بن عبداللہ محاربی، کوفی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے دو یا تین حدیثیں مروی ہیں۔

۳۰۰۲۔د۔طارق بن عبدالرحمٰن بن قاسم قرشی، حجازی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۲۹ھ میں فوت ہوا۔

۳۰۰۳۔ع۔طارق بن عبدالرحمٰن بجلی احمسی، کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس سے اوہامات سرزد ہوئے ہیں۔

۳۰۰۴۔م،د۔طارق بن عمرو مکی اموی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

عبدالملک کی طرف سے مدینہ کا امیر تھا، ابوزرعہ نے حدیث میں اس کی توثیق کی ہے اور مشہور ہے کہ یہ ظالم حکمرانوں میں سے تھا، تیسرے طبقہ کا ہے ۸۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۳۰۰۵۔د،س۔طارق بن مخاسن، حجازی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۰۰۶۔س۔طارق بن مرقع، حجازی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے بقول بعض یہ وہی ہے جس سے کردم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جھگڑا کیا تھا۔

۳۰۰۷۔د۔طالب بن حبیب بن عمرو بن سہل انصاری، مدنی:

اسے ابن ضجیع بھی کہا جاتا ہے ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے وہم کرجاتا ہے۔

۳۰۰۸۔بخ،ت۔طالب بن حُجیر، عبدی بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۰۰۹۔ع۔طاؤس بن کیسان یمانی ابوعبدالرحمٰن حمیری ''ولاء کی وجہ سے ہے'' فارسی:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام ذکوان ہے اور طاؤس لقب ہے، تیسرے طبقہ کا ''ثقہ فقیہ فاضل'' راوی ہے ۱۰۶ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۳۰۱۰۔د،س۔طخفہ، ابن قیس غفاری ''قیس بن طخفہ بھی کہا جاتا ہے'':

انہیں طہفہ، طغفہ وغیرہ بھی کہا جاتا ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں پیٹ کے بل سونے کے بارے میں ان سے حدیث آئی ہے، ۶۰ھ کے بعد فوت ہوئے۔

۳۰۱۱۔د۔طرَفہ ابن عرفجہ ابن اسعد تمیمی:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۳۰۱۲۔د۔طرفہ حضرمی، ابن ابواوفیٰ کا ساتھی:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ابوداؤد کی روایت میں اس کا نام نہیں آیا۔

☆طریف بن سلمان، ابوعاتکہ:

کنیتوں میں آئے گا۔(=۸۱۹۳)

۳۰۱۳۔ت،ق۔طریف بن شہاب یا ابن سعد سعدی، بصری، الاشل:

اسے اعسم بھی کہا جاتا ہے، چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۳۰۱۴۔خ ۴۔طریف بن مجالد ہجیمی، ابوتمیمہ، بصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے زیادہ تر اپنی کنیت سے مشہور ہے ۹۷ھ میں یا اس سے پہلے یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۳۰۱۵۔د،ت۔طعمہ بن عمرو جعفری، کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق عابد'' راوی ہے۔

۳۰۱۶۔عس۔طعمہ بن غیلان جعفی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆طغفہ:

طخفہ میں ہے۔(=۳۰۱۰)

۳۰۱۷۔بخ،ت،ق۔طفیل بن ابی بن کعب انصاری، خزرجی:

پیٹ بڑھ جانے کی وجہ سے اسے ابوبطن کہا جاتا تھا دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، کہا جاتا ہے کہ نبی کریم ﷺ کے عہد مبارک میں پیدا ہوا تھا۔

۳۰۱۸۔ق۔طفیل بن سخبرہ ''ابن عبداللہ بن حارث بن سخبرہ بھی کہا جاتا ہے:

والدہ کی طرف سے عائشہ کے بھائی اور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آئی ہے۔

۳۰۱۹۔ت،س،ق۔طلحہ بن خراش ابن عبدالرحمٰن انصاری، مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۰۲۰۔ق۔طلحہ بن زید قرشی، ابو مسکین یا ابو محمد، الرقی، دمشقی الاصل:

آٹھویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے، (امام) احمد (امام) علی اور (امام) ابوداود (رحمہم اللہ) نے کہا ہے کہ یہ حدیثیں گھڑتا تھا۔

۳۰۲۱۔خ،س۔طلحہ بن ابوسعید اسکندرانی، ابو عبدالملک قرشی، مدنی الاصل:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس سے کم حدیثیں آتی ہیں ۱۴۷ھ میں فوت ہوا۔

۳۰۲۲۔(د)۔طلحہ بن عبداللہ بن خلف بن اسعد بن عامر خزاعی، المعروف طلحہ طلحات، ابو مطرف بصری، امیر سجستان:

قیاض لوگوں میں سے ایک ہے تیسرے طبقہ کا ہے (امام) ابوداود (رحمہ اللہ) کا اس سے روایت نقل کرنا ثابت نہیں۔

۳۰۲۳۔قد،س،ق۔طلحہ بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابوبکر الصدیق تیمی، مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۰۲۴۔خ،د،س۔طلحہ بن عبداللہ بن عثمان بن عبیداللہ ابن معمر تیمی، مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۳۰۲۵۔خ،۴۔طلحہ بن عبداللہ بن عوف زہری، مدنی قاضی، عبدالرحمٰن کا بھتیجا:

طلحہ ندی کے لقب سے مشہور ہے تیسرے طبقہ کا ''ثقہ مکثر فقیہ'' راوی ہے بعمر ۷۲ برس ۹۷ھ میں فوت ہوا۔

۳۰۲۶۔خ،۴۔طلحہ بن عبدالملک ایلی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۳۰۲۷۔ع۔طلحہ بن عبیداللہ بن عثمان بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ تیمی، ابومحمد مدنی:

عشرہ مبشرہ میں سے مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ۶۳ برس عمر پا کر ۳۶ھ کو جنگ جمل میں شہید ہوئے۔

۳۰۲۸۔م،د۔ طلحہ بن عبیداللہ بن کریز خزاعی، ابومطرف:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۳۰۲۹۔تمییز۔ طلحہ بن عبیداللہ عقیلی:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۳۰۳۰۔ق۔ طلحہ بن عمرو بن عثمان حضرمی، مکی:

ساتویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ۵۲ھ میں فوت ہوا۔

۳۰۳۱۔فق۔ طلحہ بن العلاء، احمسی، ابوالعلاء کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۰۳۲۔مد۔ طلحہ بن ابوقنان عبدری ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوقنان دمشقی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، اس نے مرسل حدیث بیان کی ہے۔

۳۰۳۳۔ت۔ طلحہ بن مالک خزاعی یا سلمی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں بصرہ فروکش ہوئے ان سے حدیث آتی ہے۔

۳۰۳۴۔ع۔ طلحہ بن مصرف بن عمرو بن کعب یامی، کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ قاری فاضل'' راوی ہے ۱۲ھ یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۳۰۳۵۔ع۔ طلحہ بن نافع واسطی، ابوسفیان اسکاف:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے مکہ مکرمہ فروکش ہوا۔

۳۰۳۶۔م،۴۔ طلحہ بن یحییٰ بن طلحہ بن عبیداللہ تیمی، مدنی:

کوفہ فروکش ہوا، چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غلطی کرجاتا ہے ۴۸ھ میں فوت ہوا۔

۳۰۳۷۔خ،م،د،س،ق۔ طلحہ بن یحییٰ بن نعمان بن ابوعیاش زرقی انصاری، مدنی:

بغداد فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے وہم کرجاتا ہے۔

۳۰۳۸۔خ،ہ۔طلحہ بن یزید ایلی، ابوحمزہ، غلام انصار:

کوفہ فروکش ہوا، (امام) نسائی (رحمہ اللہ) نے اس کی توثیق کی ہے تیسرے طبقہ سے ہے۔

۳۰۳۹۔د۔طلحہ:

سر کے مسح کے متعلق "عن ابیہ عن جدہ" کی سند سے اس نے حدیث روایت کی ہے، کہا گیا ہے کہ یہ ابن مصرف ہے ورنہ مجہول ہے، چھٹے طبقہ سے ہے۔

۳۰۴۰۔بخ،م،ہ۔طلق ابن حبیب عنزی، بصری:

تیسرے طبقہ کا "صدوق عابد" راوی ہے اس پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے ۹۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۳۰۴۱۔س۔طلق بن سمح، ابو سمح مصری، اسکندرانی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "مقبول" راوی ہے ۲۱۱ھ کو فوت ہوا۔

۳۰۴۲۔۴۔طلق بن علی بن منذر حنفی سحیمی، ابوعلی یمامی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں انہیں وفد میں آنے کا شرف حاصل ہے۔

۳۰۴۳۔خ،ہ۔طلق بن غنام ابن طلق ابن معاویہ نخعی، ابو محمد کوفی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ثقہ" راوی ہے ۲۱۱ھ کو رجب کے مہینے میں فوت ہوا۔

۳۰۴۴۔بخ،م،س۔طلق بن معاویہ نخعی، ابوعتاب، کوفی، پہلے راوی کا دادا:

کبیر تابعی مخضرمی "مقبول" راوی ہے۔

۳۰۴۵۔تمییز۔طلق بن معاویہ بن یزید:

ثوری سے روایت کرتا ہے ساتویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۳۰۴۶۔ق۔طلیق ابن عمران بن حصین "ابن محمد بن عمران بھی کہا جاتا ہے":

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۳۰۴۷۔ بخ،م۔طلیق بن قیس حنفی،کوفی:

تیسرے طبقہ کا''ثقہ''راوی ہے۔

۳۰۴۸۔س۔طلیق بن محمد بن سکن بن مروان واسطی،ابوسہل بزاز:

گیارہویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے''ثقہ''راوی ہے۔

☆طلحہ:

طخفہ میں ہے۔(=۲۰۱۰)

۳۰۴۹۔س۔طلق وابن عبدالملک قیسی،بصری:

ساتویں طبقہ کا''مقبول''راوی ہے۔

۳۰۵۰۔بخ،ل۔طیسلہ ابن علی بہدلی،یمامی:

تیسرے طبقہ کا''مقبول''راوی ہے،بردیجی نے کہا ہے کہ یہ ابن میاس ہے اور یہ علی کا لقب ہے۔

☆طیسلہ بن میّاس:

یہ پہلے والا ہی راوی ہے،(حافظ)مزی(رحمہ اللہ)نے ان دونوں میں فرق کیا ہے جو کہ ان کا وہم ہے اور میں اصل(یعنی تہذیب التہذیب)میں اسے بیان کرچکا ہوں۔

☆ ظالم، ابوالاسود دؤلی:

کنیتوں میں آئے گا۔ (۷۹۴۰)

☆ ظلیم، ابو نجیب:

کنیتوں میں آئے گا۔ (=۸۴۰۹)

۳۰۵۱۔ خ، م، س، ق۔ ظُہیر ابن رافع بن عدی انصاری، اوسی:

کبار صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) میں سے ہیں غزوہ بدر میں شریک تھے اور یہ رافع بن خدیج کے چچا ہیں۔

حرف العین

۳۰۵۲۔ع۔عابس ابن ربیعہ نخعی، کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ مخضرمی'' راوی ہے۔

۳۰۵۳۔تمیز۔عابس بن ربیعہ غُطیفی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں فتح مصر میں شریک ہوئے تھے، جس نے اسے پہلے راوی سے ملادیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۳۰۵۴۔ع۔عاصم بن بہدلہ ''یہ ابن ابو نجود ہے'' ''اسدی'' ولاء کی وجہ سے ہے'' کوفی، ابوبکر مقری:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے قراءت میں حجت ہے اور صحیحین میں اس کی حدیث مقرونا آئی ہے۔۲۸ھ میں فوت ہوا۔

۳۰۵۵۔بخ، د۔عاصم بن حکیم، ابومحمد، عبداللہ بن شوذب کا بھانجا:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۰۵۶۔د، تم، س، ق۔عاصم بن حمید سکونی، حمصی:

دوسرے طبقہ کا ''صدوق مخضرمی'' راوی ہے۔

۳۰۵۷۔تمیز۔عاصم بن حمید کوفی، الحناط:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۰۵۸۔د، ت، ق۔عاصم بن رجاء بن حیوہ کندی، فلسطینی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے وہم کرجاتا ہے۔

۳۰۵۹۔۴۔عاصم بن سفیان بن عبداللہ ثقفی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۰۶۰۔ ع۔ عاصم بن سلیمان احول، ابو عبدالرحمٰن بصری:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے حاکمیت میں داخل ہونے کی وجہ سے اس پر صرف قطان نے کلام کیا ہے ۱۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۳۰۶۱۔ س۔ عاصم بن سوید بن عامر انصاری، قبائی، مسجد قباء کا امام:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۰۶۲۔ د۔ عاصم بن شُمیخ، ابو الفرجَل، یمامی:

(حافظ) عجلی (رحمہ اللہ) نے اس کی توثیق کی ہے چوتھے طبقہ سے ہے۔

☆ عاصم بن شُتَیم:

شُقیق کے ترجمہ میں ہے۔ (=۲۸۱۹)

۳۰۶۳۔ ۴۔ عاصم بن ضمرہ، سلولی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۷۴ھ میں فوت ہوا۔

۳۰۶۴۔ ت، ق۔ عاصم بن عبدالعزیز بن عاصم اشجعی، مدنی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے وہم کر جاتا ہے۔

۳۰۶۵۔ تخ ۴۔ عاصم بن عبیداللہ بن عاصم بن عمر بن خطاب عدوی، مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۱۳۲ھ کو بنو عباس کے عہد حکومت کی ابتداء میں فوت ہوا۔

۳۰۶۶۔ ۴۔ عاصم بن عدی بن جد بن عجلان انصاری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں غزوہ احد میں شریک ہوئے تھے ۱۰۰ برس سے زائد عمر پاکر (سیدنا) معاویہ (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت میں فوت ہوئے۔

۳۰۶۷۔ خ، ت، ق۔ عاصم بن علی بن عاصم بن صہیب واسطی، ابو الحسن تیمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے۔

۳۰۶۸۔ت،ق۔عاصم بن عمر بن حفص بن عاصم بن عمر بن خطاب عمری، ابو عمر مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے اور یہ عبید اللہ عمری کا بھائی ہے۔

۳۰۶۹۔خ،م،د،ت،س۔عاصم بن عمر بن خطاب، پہلے راوی کا دادا:

نبی کریم ﷺ کی زندگی میں پیدا ہوا اور ۷۰ھ کو فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد فوت ہوا۔

۳۰۷۰۔ق۔عاصم بن عمر بن عثمان:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد کا ہے۔

۳۰۷۱۔ع۔عاصم بن عمر بن قتادہ بن نعمان اوسی، انصاری، ابو عمر مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ اور مغازی کا عالم'' راوی ہے ۱۲۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۳۰۷۲۔ت،س۔عاصم بن عمر یا ابن عمرو، حجازی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۳۰۷۳۔ق۔عاصم بن عمرو یا ابن عوف بجلی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے۔

۳۰۷۴۔د،ق۔عاصم بن عمیر:

یہ ابن ابو عمرہ عنزی ہے، چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۰۷۵۔خت،م،۴۔عاصم بن کلیب بن شہاب بن مجنون جرمی، کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے ۱۳۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۳۰۷۶۔بخ،۴۔عاصم بن لقیط بن صبرہ، عقیلی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۳۰۷۷۔د۔عاصم بن لقیط بن عامر بن منتفق، عقیلی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ پہلے والا ہی راوی ہے۔

۳۰۷۸۔ع۔عاصم بن محمد بن زید بن عبداللہ بن عمر ابن خطاب عمری، مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۰۷۹۔د،ق۔عاصم بن منذر بن زبیر بن عوام اسدی، مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆عاصم بن منصور اسدی:

حصین کے ترجمہ میں ہے۔(=۱۳۸۷)

☆عاصم بن ابونجود:

یہ ابن بہدلہ ہے گزر چکا۔(=۳۰۵۴)

۳۰۸۰۔م،د،س۔عاصم بن نضر بن منتشر احول، تیمی، ابوعمر بصری:

کہا گیا ہے کہ یہ عاصم بن محمد بن نضر ہے، دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۰۸۱۔س۔عاصم بن ہلال بارقی، ابونضر بصری، مسجد ایوب کا امام:

روایت حدیث میں قدرے کمزور ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۳۰۸۲۔خ،ت،س۔عاصم بن یوسف یربوعی، ابوعمرو خیاط، کوفی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۲۲۰ھ میں فوت ہوا۔

۳۰۸۳۔ت،س۔عاصم، عدوی، کوفی:

کعب بن عجرہ سے روایت کرتا ہے (امام) نسائی (رحمہ اللہ) نے اس کی توثیق کی ہے تیسرے طبقہ سے ہے۔

۳۰۸۴۔س۔عافیہ ابن یزید بن قیس قاضی، اودی، کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، عہدہ قضاء کی وجہ سے حضرات نے اس پر کلام کیا ہے ۱۶۰ھ میں فوت ہوا۔

۳۰۸۵۔س۔عامر بن ابراہیم بن واقد اصبہانی، موذن، ابوموسیٰ اشعری کا غلام:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۰۱ھ یا ۲۰۲ھ میں فوت ہوا۔

☆عامر بن اسامہ، ابوملیح:

کنیتوں میں آئے گا۔(=۸۳۹۰)

۳۰۸۶۔س۔عامر بن ابوامیہ حذیفہ "سہیل بھی کہاجاتا ہے" ابن مغیرہ بن عبداللہ بن عمر بن مخزوم قرشی، ام المؤمنین ام سلمہ (رضی اللہ عنہا) کا بھائی:

اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے اور اس نے صرف اپنی بہن سے ہی روایت کیا ہے۔

۳۰۸۷۔مد،س۔عامر بن جشیب، ابوخالد حمصی:

(امام) دارقطنی (رحمہ اللہ) نے اس کی توثیق کی ہے اور کہا ہے کہ اس نے ابودرداء سے سماع نہیں کیا، پانچویں طبقہ سے ہے۔

۳۰۸۸۔ع۔عامر بن ربیعہ بن کعب بن مالک عنزی، حلیف آل خطاب:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں بہت پہلے اسلام لائے، ہجرت کی اور غزوہ بدر میں شریک ہوئے اور (سیدنا) عثمان (رضی اللہ عنہ) کے قتل کی راتوں میں فوت ہوئے۔

۳۰۸۹۔ع۔عامر بن سعد بن ابووقاص زہری، مدنی:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۱۰۴ھ میں فوت ہوا۔

۳۰۹۰۔م،د،ت،س۔عامر بن سعد بجلی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۳۰۹۱۔عس۔عامر بن سمط، تمیمی، ابوکنانہ کوفی:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

☆عامر بن شداد:

رفاعہ بن شداد کے ترجمہ میں ہے۔(=۱۹۴۷)

۳۰۹۲۔ع۔عامر بن شراحیل شعبی، ابوعمرو:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ مشہور فقیہ فاضل" راوی ہے، مکحول کا بیان ہے کہ میں نے اس سے بڑا کوئی فقیہ نہیں

دیکھا، ۸۰ برس کے قریب عمر پا کر ۱۰۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۳۰۹۳۔و،ت،ق۔عامر بن شقیق بن جمرہ، اسدی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''روایت حدیث میں قدرے کمزور'' راوی ہے۔

۳۰۹۴۔د۔عامر بن شہر ہمدانی، ابوالکنود:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، کوفہ فروکش ہوئے اور یہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے یمن میں اسود کذاب پر اعتراض کیا۔

۳۰۹۵۔ت،فق۔عامر بن صالح بن رستم، مزنی، ابوبکر ابن ابوعامر خزاز، بصری:

صدوق برے حافظہ والا راوی ہے، ابن حبان نے حد سے بڑھتے ہوئے کہا ہے کہ یہ روایت گھڑتا ہے۔

۳۰۹۶۔ت۔عامر بن صالح بن عبداللہ بن عروہ بن زبیر قرشی، اسدی زبیری، ابوحارث مدنی:

بغداد فروکش ہوا، آٹھویں طبقہ کا ''متروک الحدیث'' راوی ہے، ابن معین نے اس کے بارے میں افراط سے کام لیتے ہوئے اس کی تکذیب کی ہے اور یہ تاریخ کا عالم تھا، ۱۹۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۳۰۹۷۔ت۔عامر بن ابوعامر اشعری:

اس کے والد کا نام عبید بن وہب ہے، دوسرے طبقہ کا ''تابعی مخضرمی'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے، عبدالملک کے دور خلافت میں فوت ہوا۔

۳۰۹۸۔ع۔عامر بن عبداللہ بن جراح بن ہلال بن اہیب بن ضبہ بن حارث بن فہر قرشی فہری، ابوعبیدہ بن جراح:

عشرہ مبشرہ میں سے مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں بہت پہلے اسلام لائے غزوہ بدر میں شریک تھے، عمر ۵۸ برس طاعون کے طاعون میں ۱۸ھ کو فوت ہوئے۔

۳۰۹۹۔ع۔عامر بن عبداللہ بن زبیر بن عوام اسدی، ابوحارث مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے، ۱۲۱ھ میں فوت ہوا۔

☆عامر بن عبداللہ بن قیس، ابوبردہ بن ابوموسیٰ:

کنیتوں میں آئے گا۔ (۷۹۵۲)

۳۱۰۰۔مد۔عامر بر عبداللہ بن لحی ،ابو یمان بن ابو عامر ہوزنی حمصی:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆عامر بن عبداللہ بن مسعود،ابو عبیدہ:

کنیتوں میں آئے گا۔(=۸۲۳۱)

۳۱۰۱۔ق۔عامر بن عبداللہ،رواد بن جراح کا شیخ:

نویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔میرے گمان کے مطابق اس کے دادا کا نام یوسف ہے شیخ روایت حدیث میں قدرے کمزور ہے۔

۳۱۰۲۔س۔عامر بن عبداللہ:

دوسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے،اس نے حضرت عمر کا مکتوب پڑھا تھا۔

۳۱۰۳۔ر،م،۴۔عامر بن عبدالواحد احول،بصری:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غلطی کر جاتا ہے یہ وہی عامر احول ہے جو عائذ بن عمرو مزنی صحابی سے روایت کرتا ہے مگر انہیں اس نے نہیں پایا۔

۳۱۰۴۔م،قد۔عامر بن عبدہ بجلی،ابو ایاس کوفی:

ابن معین نے اس کی توثیق کی ہے تیسرے طبقہ سے ہے۔

۳۱۰۵۔خت۔عامر بن عبیدہ باہلی،بصری،قاضی بصرہ:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۳۱۰۶۔ت۔عامر بن عقبہ''ابن عبداللہ عقیلی بھی کہا جاتا ہے'':

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆د۔عامر بن عمرو مزنی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں کہا جاتا ہے کہ درست رافع بن عمرو ہے۔(=۱۸۶۷)

۳۱۰۷۔س۔عامر بن مالک بصری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۱۰۸۔فق۔عامر بن مدرک بن ابو صفیراء:

روایت حدیث میں قدرے کمزور ہے۔

۳۱۰۹۔ت۔عامر بن مسعود بن امیہ بن خلف جمحی:

کہا جاتا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے جبکہ ابن حبان وغیرہ نے اسے تابعین میں ذکر کیا ہے۔

☆عامر بن مسعود، ابو سعید زرقی:

کنیتوں میں ہے۔(=۸۱۲۹)

۳۱۱۰۔خ،س۔عامر بن مصعب، ابن جریج کا شیخ:

ابن جریج نے اسے عمرو بن دینار کے ساتھ جوڑا ہے اور ابن حبان نے اپنی عادت کے موافق اس کی توثیق کی ہے تیسرے طبقہ سے ہے۔

۳۱۱۱۔ع۔عامر بن واثلہ بن عبداللہ بن عمرو بن جحش لیثی، ابو طفیل:

بسا اوقات اس کا نام عمر بھی ذکر کیا جاتا ہے، احد کے سال پیدا ہوا اور اس نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا ہے (سیدنا) ابوبکر (رضی اللہ عنہ) اور ان کے بعد (سیدنا) عمر (رضی اللہ عنہ) سے روایت کیا ہے یہاں تک کہ صحیح قول کے مطابق ۱۱۰ھ کو فوت ہوا اور (امام) مسلم وغیرہ کے بیان کے مطابق یہ صحابہ میں سب سے آخر میں فوت ہونے والا ہے۔

۳۱۱۲۔م،ت،ق۔عامر بن یحییٰ معافری، ابو خنیس:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۲۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۳۱۱۳۔۴۔عامر ابو رملہ، ابن عون کا شیخ:

تیسرے طبقہ کا ''غیر معروف'' راوی ہے۔

☆عامر مجری:

درست ابو عامر ہے آئے گا۔(=۸۲۰۰)

۳۱۱۴۔د۔عامر رامی، محاربی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کی حدیث مجہول راویوں کی سند سے مروی ہے۔

☆عامر عقیلی:

یہ ابن عقبہ ہے گزر چکا۔ (=۳۱۰۶)

۳۱۱۵۔ع۔عائذ اللہ ابن عبداللہ ابوادریس خولانی:

حنین کے روز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ میں پیدا ہوئے اور انہوں نے کبار صحابہ سے سماع کیا۔ ۸۰ھ کو فوت ہوئے۔ سعید بن عبدالعزیز نے کہا ہے کہ ابودرداء کے بعد شام کے بہت بڑے عالم تھے۔

۳۱۱۶۔ق۔عائذ اللہ مجاشعی، ابومعاذ، سلیمان بن عبدالملک کے قصہ گو:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۳۱۱۷۔س،ق۔عائذ ''اضافت کے بغیر ہے'' ابن حبیب بن ملّاح، ابواحمد کوفی، بیاع الہروی:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے۔

۳۱۱۸۔خ،م،س۔عائذ بن عمرو بن ہلال مزنی، ابوہبیرہ بصری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں حدیبیہ میں شریک تھے ۶۱ھ کو عبیداللہ بن زیاد کے عہد حکومت میں فوت ہوئے۔

۳۱۱۹۔س۔عائش ابن انس بکری، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۱۲۰۔ق۔عباءۃ ابن کلیب لیثی، ابوغسان کوفی:

نویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے۔

عَبّاد نام کے راویوں کا ذکر

۳۱۲۱۔ق۔عباد بن آدم ہذلی، بصری:

نویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ عباد بن اخضر:

یہ ابن عباد سے آئے گا۔(=۳۱۳۳)

☆ عباد بن اسحاق:

یہ عبدالرحمٰن سے آئے گا۔(=۳۸۰۰)

۳۱۲۲۔صد۔عباد بن بشر بن وقش، انصاری:

قدماء صحابہ میں سے ہیں ہجرت سے پہلے اسلام لائے اور غزوہ بدر میں شریک تھے جنگ یمامہ میں خوب جوہر دکھائے اور اسی جنگ میں شہید ہو گئے۔

۳۱۲۳۔ع۔عباد بن تمیم بن غزیہ انصاری، مازنی، مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے، سنن ابن ماجہ کے باب الاستسقاء میں ایک حدیث ''عبداللہ بن ابی بکر ابن حزم عن عباد بن تمیم عن ابیہ عن امہ'' کے طریق سے آتی ہے جبکہ درست ''سمعت عباد بن تمیم یحدث ابی عن امہ'' ہے اور اس کے چچا کا نام عبداللہ بن زید بن عاصم ہے جو کہ اپنی والدہ کی طرف سے اس کے والد محترم کا بھائی ہے۔

۳۱۲۴۔ت۔عباد بن جُحیش، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۱۲۵۔ بخ،م،س۔ عباد بن حمزہ بن عبداللہ بن زبیر اسدی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۳۱۲۶۔ خ،د،س،ق۔ عباد بن راشد تمیمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' بصری بزار:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے، داود بن ابو ہند کے قریب کا ہے۔

۳۱۲۷۔ م،د،س۔ عباد بن زیاد، عبید اللہ کا بھائی:

ابوحرب کی کنیت سے معروف ہے ابن حبان نے اس کی توثیق کی ہے اور ۵۳ھ میں سجستان کا حاکم تھا، ۱۰۰ھ کو فوت ہوا۔

۳۱۲۸۔ کد۔ عباد بن زیاد بن موسیٰ اسدی، ساجی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس پر قدری اور تشیع کا الزام لگایا گیا ہے۔ اسے عبادہ بھی کہا جاتا ہے۔

۳۱۲۹۔ د،س،ق۔ عباد بن ابوسعید مقبری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۱۳۰۔ د،س،ق۔ عباد بن شرحبیل یشکری، غُبری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں بصرہ فروکش ہوئے۔

۳۱۳۱۔ ق۔ عباد بن شیبان انصاری، سَلمی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے دو حدیثیں آتی ہیں۔

☆ عباد بن ابوصالح السمان:

یہ عبداللہ ہے آئے گا۔ (=۳۳۹۰)

۳۱۳۲۔ ع۔ عباد بن عباد بن حبیب بن مہلب بن ابوصفرہ ازدی، ابومعاویہ بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے ۱۷۹ھ میں یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۳۱۳۳۔ س۔ عباد بن عباد بن علقمہ مازنی، بصری، المعروف ابن اخضر ''اخضر اس کا سوتیلا باپ ہے'':

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۱۳۴۔د۔عباد بن عباد رملی، ارسوفی، ابوعتبہ خواص:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے وہم کر جاتا ہے، ابن حبان نے اس کے بارے میں بڑی گھٹیا بات کہی ہے اور اسے مستحق ترک کہا ہے۔

۳۱۳۵۔ع۔عباد بن عبداللہ بن زبیر بن عوام:

اپنے والد عبداللہ بن زبیر کے دور میں مکہ مکرمہ کا قاضی تھا اور جب وہ حج کے لئے جاتے تو ان کا نائب ہوتا تھا، تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۳۱۳۶۔س،ق۔عباد بن عبداللہ اسدی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

☆عباد بن عبیداللہ اشجعی، ابوعبیدہ:

زیادہ تر اپنی کنیت سے مشہور ہے اس کا ترجمہ آئے گا۔(=۸۲۳۲)

۳۱۳۷۔خت۔عباد بن ابوعلی بصری:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆عباد بن عمر بن موسیٰ:

درست عیسیٰ ہے۔(=۵۳۱۳)

۳۱۳۸۔ع۔عباد بن عوام بن عمر کلابی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوسہل واسطی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۷۰ برس کے قریب عمر پا کر ۸۵ھ کو یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۳۱۳۹۔د،ق۔عباد بن کثیر ثقفی، بصری:

ساتویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے (امام) احمد (رحمہ اللہ) کا کہنا ہے کہ اس نے جھوٹی احادیث روایت کی ہیں۔ ۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۳۱۴۰۔تخ،ق۔عباد بن کثیر رملی فلسطینی ''تمیمی بھی کہا جاتا ہے'':

اس کے دادا کا نام قیس ہے ضعیف راوی ہے (امام) ابن عدی (رحمہ اللہ) نے کہا کہ یہ عباد ثقفی سے بہتر ہے

۲۷۰ھ کی حدود تک زندہ رہا۔

۳۱۴۱۔ت،س،ق۔عباد بن لیث کرابیسی، ابوالحسن بصری:

نویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے غلطی کر جاتا ہے۔

۳۱۴۲۔خت،۴۔عباد بن منصور ناجی، ابوسلمہ بصری، قاضی بصرہ:

چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے اس پر قدری ہونے کا الزام لگایا گیا ہے اور تدلیس کرتا تھا اور آخر عمر میں اس کا حافظہ متغیر ہو گیا تھا ۱۵۲ھ میں فوت ہوا۔

۳۱۴۳۔خ،م،د،س۔عباد بن موسیٰ ختّلی، ابومحمد:

بغداد فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے صحیح قول کے مطابق ۲۳۰ھ میں فوت ہوا۔

۳۱۴۴۔تمییز۔عباد بن موسیٰ بن راشد عکلی، المعروف سندولہ، محمد کا والد:

ساتویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۳۱۴۵۔تمییز۔عباد بن موسیٰ بن شداد سعدی، ابوایوب بصری:

نویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۳۱۴۶۔تمییز۔عباد بن موسیٰ جہنی:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۳۱۴۷۔تمییز۔عباد بن موسیٰ قرشی، ابوعقبہ بصری عبادانی:

بغداد فروکش ہوا، بعض حضرات نے اسے ختلی سے ملا دیا ہے اور انہیں وہم ہوا ہے، دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ہے۔

۳۱۴۸۔تمییز۔عباد بن ابوموسیٰ حجازی:

آٹھویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۳۱۴۹۔ت،س،فق۔عباد بن میسرہ منقری، بصری معلم:

ساتویں طبقہ کا "روایت حدیث میں قدرے کمزور عابد" راوی ہے۔

۳۱۵۰۔د،عس،ق۔عباد بن نُسَیب، ابوالوضیّ:

زیادہ تر اپنی کنیت سے مشہور ہے اور کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عبداللہ ہے، تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۳۱۵۱۔ق۔عباد بن ولید بن خالد غُبری، ابوبدر مؤدب:

بغداد فروکش ہوا، گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۸ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۶۲ھ میں ہوا۔

۳۱۵۲۔ت۔عباد بن ابویزید یا ابن یزید کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۳۱۵۳۔خ،ت،ق۔عباد بن یعقوب رَوَاجنی، ابوسعید کوفی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق رافضی'' راوی ہے بخاری میں اس کی حدیث مقرونۃً آئی ہے ابن حبان نے مبالغہ سے کام لیتے ہوئے اسے مستحق ترک کہا ہے ۲۵۰ھ میں فوت ہوا۔

۳۱۵۴۔ق۔عباد بن یوسف کندی، ابوعثمان حمصی، کرابیسی:

نویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۲۰۶ھ میں فوت ہوا۔

۳۱۵۵۔ت۔عباد بن یوسف ''ابن سعد بھی کہا جاتا ہے'' کوفی:

ابوبردہ سے روایات کرتا ہے چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عبادہ ہے۔

۳۱۵۶۔د۔عباد السماک:

ثوری سے روایت کرتا ہے آٹھویں طبقہ کا مجہول راوی ہے۔

☆عباد:

یحییٰ بن عباد کے ترجمہ میں ہے۔ (=۷۶۱۳)

عُبَادَہ نام کے راویوں کا ذکر

۳۱۵۷۔ع۔عبادہ بن صامت بن قیس انصاری، خزرجی، ابوالولید مدنی:

نقباء میں سے ایک ہیں اور مشہور بدری صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں بعمر ۷۲ برس رملہ کے مقام پر ۳۴ھ کو فوت ہوئے۔اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ (سیدنا) معاویہ (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت تک زندہ رہے، سعید بن عفیر کا کہنا ہے کہ ان کا قد دس بالشت لمبا تھا۔

☆عبادہ بن زیاد:

عباد کے ترجمہ میں گزر چکا۔(=۳۱۲۸)

۳۱۵۸۔س۔عبادہ بن عمر بن ابوثابت یمامی:

نویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

عبادہ بن کلیب:

درست عباءۃ ہے عباد کے ترجمہ میں گزر چکا۔(۳۱۲۰)

۳۱۵۹۔بخ،ہم۔عبادہ بن مسلم فزاری، ابو یحییٰ بصری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، اس کے بارے میں ابن حبان کا قول مضطرب ہے۔

۳۱۶۰۔ہم۔عبادہ بن نُسَیّ، کندی، ابوعمر شامی، قاضی طبریہ:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ فاضل'' راوی ہے ۱۱۸ھ میں فوت ہوا۔

۳۱۶۱۔خ،م،د،س،ق۔عبادہ بن ولید بن عبادہ بن صامت انصاری:

اسے عبداللہ بھی کہا جاتا ہے چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ **عبادہ بن یوسف:**

عباد کے ترجمہ میں گزر چکا۔ (۳۱۵۵=)

۳۱۶۲۔ بخ۔ عبادہ انصاری، زرقی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں تحریم مدینہ کے بارے میں ان سے حدیث آتی ہے، کہا گیا ہے کہ یہ ابو عبادہ سعید بن عثمان بن خالد خزرجی بدری ہیں۔

عباس نام کے راویوں کا ذکر

۳۱۶۳۔ق۔عباس بن جعفر بن عبداللہ بن زبرقان بغدادی، ابومحمد بن ابوطالب، یحییٰ کا بھائی، واسطی الاصل:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۵۸ھ میں فوت ہوا۔

۳۱۶۴۔د،ت۔عباس بن جلید حجری، مصری:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۰ھ کو فوت ہوا۔

۳۱۶۵۔خ۔عباس بن حسین قنطری، ابوفضل بغدادی ''بصری بھی کہا گیا ہے'':

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۴۰ھ کو فوت ہوا۔

۳۱۶۶۔تمییز۔عباس بن حسین، قاضی رقی:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۱۶۷۔تمییز۔عباس بن حسن، بلخی:

بغداد فروکش ہوا، گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۵۸ھ کو فوت ہوا۔

۳۱۶۸۔خ،د،س،ق۔عباس بن ذریح کلبی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆عباس بن رزمہ:

کہا جاتا ہے کہ درست عبدالعزیز بن ابورزمہ ہے عنقریب آئے گا۔م (=۴۰۹۴)

۳۱۶۹۔د،ت،ق۔عباس بن سالم لخمی، دمشقی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۳۱۷۰۔خ،م،د،ت،ق۔عباس بن سہل بن سعد ساعدی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۰ھ کی حدود میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

☆عباس بن ابو طالب:

یہ ابن جعفر ہے گزر چکا۔ (=۳۱۶۳)

۳۱۷۱۔س۔عباس بن عبداللہ بن عباس بن سندی اسدی، ابو حارث انطا کی:

بارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۱۷۲۔ق۔عباس بن عبداللہ بن ابو عیسیٰ واسطی، المعروف ترقفی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۶۷ھ یا ۶۸ھ میں فوت ہوا۔

۳۱۷۳۔د۔عباس بن عبداللہ بن معبد بن عباس بن عبدالمطلب ہاشمی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۳۱۷۴۔مد،ق۔عباس بن عبدالرحمٰن بن مینا اشجعی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۱۷۵۔مد۔عباس بن عبدالرحمٰن، بنو ہاشم کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۳۱۷۶۔خت،م،۴۔عباس بن عبدالعظیم بن اسماعیل عنبری، ابوفضل بصری:

گیارہویں طبقہ کے کبر راویوں میں سے ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۴۰ھ کو فوت ہوا۔

۳۱۷۷۔ع۔عباس بن عبدالمطلب بن ہاشم، نبی کریم ﷺ کے چچا:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں عمر ۸۸ برس ۳۲ھ کو یا اس کے بعد فوت ہوئے۔

۳۱۷۸۔د،س۔عباس بن عبید اللہ بن عباس ہاشمی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۱۷۹۔ق۔عباس بن عثمان بن شافع، مطلبی، امام شافعی کا دادا:

اس کا حال غیر معروف ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۳۱۸۰۔ق۔عباس بن عثمان بن محمد بجلی، ابو فضل دمشقی معلم:

گیارہویں طبقہ کے کبار راویوں میں سے ''صدوق'' راوی ہے غلطی کر جاتا ہے عمر ۲۳ برس ۳۹ھ کو فوت ہوا۔

۳۱۸۱۔د۔عباس بن فرج، ریاشی، ابو فضل بصری نحوی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے زنگیوں کے ہاتھوں ۵۷ھ کو شہید ہوا۔

۳۱۸۲۔ع۔عباس بن فرُّوخ، جُریری، بصری، ابو محمد:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۰اھ کے بعد جوانی میں فوت ہوا۔

۳۱۸۳۔ق۔عباس بن فضل بن عمرو بن عبید بن حنظلہ بن رافع انصاری، واقفی، بصری:

موصل فروکش ہوا اور رشید کے دور میں وہاں قاضی رہا، نویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے، ابوزرعہ نے اسے متہم کیا ہے، ابن حبان (رحمہ اللہ) نے کہا ہے کہ کوفیوں کی بنسبت بصریوں سے اس کی حدیث ارجح ہوتی ہے۔

۳۱۸۴۔تمییز۔عباس بن فضل بن زکریا ہروی، ابو منصور نضروی:

''ثقہ مشہور'' راوی ہے بارہویں طبقہ کا ہے بلکہ اس سے بعد والے کا ہے، صاحب کمال کو اپنے اس گمان کہ ''ابن ماجہ نے اس سے روایت کیا ہے'' میں وہم ہوا ہے کیونکہ یہ (امام) ابن ماجہ کی وفات کے بعد پیدا ہوا ہے اور ۳۷۲ھ کو فوت ہوا۔

۳۱۸۵۔تمییز۔عباس بن فضل بن ابو رافع، نبی کریم ﷺ کا غلام:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۳۱۸۶۔تمییز۔عباس بن فضل بن عباس بن یعقوب، ابو عثمان ازرق:

نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے (امام) ابن عدی (رحمہ اللہ) نے وہم کا شکار ہو کر اسے موصلی کے ساتھ ملا دیا ہے اور (امام) ابن معین نے اسے جھوٹا کہا ہے۔

۳۱۸۷۔ تمییز۔ عباس بن فضل، عدنی:

بصرہ فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۱۸۸۔ تمییز۔ عباس بن فضل بصری:

شام فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۱۸۹۔ ۴۔ عباس بن محمد بن حاتم دوری، ابوالفضل بغدادی، خوارزمی الاصل:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۲۷۱ھ میں فوت ہوا اور ۸۸ برس عمر پائی۔

۳۱۹۰۔ د، ق۔ عباس بن مرداس ابن ابوعامر سلمی:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں غزوہ احزاب کے بعد مسلمان ہوئے اور اس کے بعد بصرہ فروکش ہو گئے۔

۳۱۹۱۔ ق۔ عباس بن ولید بن صُبح، خَلّال دمشقی، سلمی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۱۹۲۔ د، س۔ عباس بن ولید بن مزید عذری، بیروتی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق عابد'' راوی ہے ۲۶۹ھ میں فوت ہوا۔

۳۱۹۳۔ خ، م، س۔ عباس بن ولید بن نصر نرسی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۳۸ھ میں فوت ہوا۔

۳۱۹۴۔ ق۔ عباس بن یزید بن حبیب بحرانی، بصری:

اس کا لقب عباسویہ ہے اور زیادہ تر عبدی کے لقب سے پہچانا جاتا ہے، ہمدان میں قاضی تھا، دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے غلطی کر جاتا ہے۔

۳۱۹۵۔ ۴۔ عباس، جُشمی:

کہا جاتا ہے کہ اس کے والد کا نام عبداللہ ہے تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۱۹۶۔ع۔عَبَایَہ ابن رفاعہ بن رافع بن خدیج انصاری، زرقی، ابو رفاعہ مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۳۱۹۷۔ع۔عَبْثَر ابن قاسم زُبیدی، ابو زبید، کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۷۹ھ میں فوت ہوا۔

عبداللہ نام کے راویوں کا ذکر

۳۱۹۸۔د،س۔عبداللہ بن ابراہیم بن عمر بن کیسان صنعانی، ابو یزید:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۱۹۹۔د،ت۔عبداللہ بن ابراہیم بن ابو عمرو غفاری، ابو محمد مدنی:

دسویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ابن حبان نے اس کی وضع حدیث کی طرف نسبت کی ہے۔

☆عبداللہ بن ابراہیم بن قارظ:

ابراہیم بن عبداللہ بن قارظ کے ترجمہ میں ہے۔(=۱۹۷)

۳۲۰۰۔س۔عبداللہ بن ابی بن کعب انصاری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے نسائی کی روایت میں اسے مبہم رکھا گیا ہے جبکہ ابو یعلیٰ کی روایت میں بعینہ اس کا ذکر کیا گیا ہے۔

۳۲۰۱۔خ۔عبداللہ بن ابی خوارزمی قاضی:

بارہویں طبقہ سے ہے، کہا گیا ہے کہ بخاری نے اس سے روایت کیا ہے۔

۳۲۰۲۔ت،ق۔عبداللہ بن اجلح کندی، ابو محمد کوفی:

اجلح کا نام یحییٰ بن عبداللہ ہے، نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۲۰۳۔د،ق۔عبداللہ بن احمد بن بشیر بن ذکوان بہرانی، دمشقی، جامع مسجد کا امام، مقری:

دسویں طبقہ کا ''صدوق فن قراءت میں متقدم'' راوی ہے ۷۰ برس کے قریب عمر پا کر ۲۴۲ھ میں فوت ہوا۔

☆عبداللہ بن احمد بن زرارہ:

درست عبداللہ بن عامر ہے عنقریب آئے گا۔(=۳۴۰۴)

۳۲۰۴۔ت،س۔عبداللہ بن احمد بن عبداللہ بن یونس یربوعی، ابوحصین، کوفی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۸؁ھ میں فوت ہوا۔

۳۲۰۵۔س۔عبداللہ بن احمد بن محمد بن حنبل شیبانی، ابوعبدالرحمٰن، امام کا بیٹا:

بارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۷۰ سے کچھ زائد برس عمر پا کر ۹۰؁ھ میں فوت ہوا۔

۳۲۰۶۔و۔عبداللہ بن ابواحمد بن جحش اسدی:

نبی کریم ﷺ کی حیات مبارکہ میں پیدا ہوا تھا اور اس نے عمر وغیرہ سے روایت کیا ہے ایک جماعت نے اسے ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے۔

۳۲۰۷۔ع۔عبداللہ بن ادریس بن یزید بن عبدالرحمٰن، اؤدی، ابومحمد کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ فقیہ عابد'' راوی ہے ۷۰ سے کچھ زائد برس عمر پا کر ۹۲؁ھ میں فوت ہوا۔

۳۲۰۸۔م۔عبداللہ بن ارقم بن عبدیغوث بن وہب بن عبدمناف بن زہرہ، قرشی زہری:

معروف صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں (سیدنا) عمر (رضی اللہ عنہ) نے انہیں بیت المال پر نگران مقرر کیا تھا (سیدنا) عثمان (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت میں فوت ہوئے۔

۳۲۰۹۔ق۔عبداللہ بن اسحاق بن محمد الناقد، ابوجعفر واسطی:

بغداد فروکش ہوا، گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۲۱۰۔س۔عبداللہ بن اسحاق جوہری بصری، ابوعاصم کے مستملی:

اسے بذعہ کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۵۷؁ھ میں فوت ہوا۔

۳۲۱۱۔قد۔عبداللہ بن ابواسحاق زید بن حارث حضرمی، بصری، نحوی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۲۱۲۔ت، ق۔عبداللہ بن اسماعیل بن ابوخالد:

نویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۳۲۱۳۔ت،س،ق۔عبداللہ بن ارقم بن زید خزاعی،ابو معبد:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے کم حدیثیں آئی ہیں۔

۳۲۱۴۔د،ق۔عبداللہ بن ابوامامہ بن ثعلبہ انصاری،حارثی،مدنی:

کہا جاتا ہے کہ اس کی کنیت ابور ... ہے چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۲۱۵۔د۔عبداللہ بن انسان ثقفی،طائفی:

چھٹے طبقہ کا روایت حدیث میں کمزور راوی ہے۔

۳۲۱۶۔بخ،م،۴۔عبداللہ بن انیس جہنی،ابویحیٰی مدنی،حلیف انصار:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں عقبہ اور احد میں شریک تھے شام کی سرزمین پر ۵۴ھ کو (سیدنا) معاویہ (رضی اللہ عنہ) کے دور خلافت میں فوت ہوئے۔جس نے کہا ہے کہ ۸۰ھ میں فوت ہوئے اسے وہم ہوا ہے۔

۳۲۱۷۔د،ت۔عبداللہ بن انیس انصاری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے ان سے ان کے بیٹے عیسٰی نے روایت کیا ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ پہلے والے ہی راوی ہیں۔

۳۲۱۸۔د،ت۔عبداللہ بن اوس خزاعی:

چوتھے طبقہ کا ''روایت حدیث میں کمزور'' راوی ہے۔

۳۲۱۹۔ع۔عبداللہ بن ابواوفی علقمہ بن خالد بن حارث اسلمی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں حدیبیہ میں شریک تھے نبی کریم ﷺ کے بعد انہوں نے کافی عمر پائی ہے، ۸۷ھ میں فوت ہوئے اور کوفہ میں فوت ہونے والے صحابہ میں سے یہ سب سے آخر میں فوت ہوئے ہیں۔

۳۲۲۰۔م،۴۔عبداللہ بن باباہ ''ہاء کے بغیر بابا بھی کہا جاتا ہے'' مکی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۳۲۲۱۔مد۔عبداللہ بن بُجَیر (تصغیر ہے) بن حمران،تمیمی یا قیسی،ابوحمران بصری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۳۲۲۲۔ د، ت، ق۔ عبداللہ بن بَحیر بن رَیسان، ابووائل، صنعانی، قصہ گو:

ابن معین نے اس کی توثیق کی ہے جبکہ ابن حبان کا کلام اس کے بارے میں مضطرب ہے۔

☆ عبداللہ بن بحینہ:

یہ ابن مالک ہے آئے گا۔ (=۳۵۶۷)

۸۰ھ میں فوت ہوئے اسے وہم ہوا ہے۔

۳۲۲۳۔ ۲۔ عبداللہ بن بدر بن عمیرہ حنفی، سُحَیمی، یمامی:

اشراف میں سے ایک ہے، چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۳۲۲۴۔ خت، د، س۔ عبداللہ بن بدیل بن ورقاء ''ابن بدیل بن بشر خزاعی اور لیثی بھی کہا جاتا ہے'' المکی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غلطی کرجاتا ہے۔

۳۲۲۵۔ تمییز۔ عبداللہ بن بدیل بن ورقاء خزاعی:

یہ اپنے والد محترم کے ساتھ فتح مکہ کے موقع پر مسلمان ہوئے اور صحابی بنے اور یہ باپ بیٹا دونوں خزاعہ کے سردار تھے حضرت عبداللہ (رضی اللہ عنہ) جنگ صفین میں شہید ہوئے۔

۳۲۲۶۔ خت، م۔ عبداللہ بن براد بن یوسف بن ابوبردہ ابن ابوموسیٰ اشعری، ابوعامر:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆ عبداللہ بن براد:

یہ ابن عامر بن براد ہے آئے گا۔ ق (=۳۴۰۲)

۳۲۲۷۔ ع۔ عبداللہ بن بریدہ بن حصیب اسلمی، ابوسہل مروزی، قاضی مروز:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۰ برس عمر پا کر ۱۰۵ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۱۵ھ میں فوت ہوا۔

۳۲۲۸۔ ع۔ عبداللہ بن بُسر مازنی:

صغیر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کے والد محترم کو بھی صحابیت کا شرف حاصل ہے بعمر ۱۰۰ برس ۸۸ھ میں فوت

[illegible] ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۹۶ھ میں ہوئے۔ اور یہ شام میں وفات پانے والے صحابہ میں سب سے آخر میں فوت [illegible]

۳۲۲۹۔ تمییز۔ عبداللہ بن بسر بصری، عبدالواحد کا والد:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں اور جس نے انہیں پہلے راوی سے ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۳۲۳۰۔ د، ت، ق۔ عبداللہ بن بسر سکسکی، حبرانی، ابوسعید حمصی:

بصرہ فروکش ہوا پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' [illegible] ہے۔

۳۲۳۱۔ س، ق۔ عبداللہ بن بشر [illegible] قاضی، کوفی الاصل:

اس کے بارے ابن حبان اور ابن معین کا اختلاف ہے اور (امام) ابوزرعہ اور (امام) نسائی (رحمہما اللہ) نے کہا ہے کہ اس میں کوئی خرابی نہیں ہے اور (امام) بزار (رحمہ اللہ) نے نقل کیا ہے کہ خاص طور پر زہری کی احادیث میں ضعیف ہے، ساتویں طبقہ سے ہے۔

۳۲۳۲۔ ت، س۔ عبداللہ بن بشر خثعمی، ابوعمیر کاتب، کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۲۳۳۔ د، س، ق۔ عبداللہ بن ابوبصیر عبدی، کوفی:

(امام) عجلی (رحمہ اللہ) نے اس کی توثیق کی ہے تیسرے طبقہ سے ہے۔

۳۲۳۴۔ ع۔ عبداللہ بن بکر بن حبیب سہمی، باہلی، ابووہب بصری:

بغداد فروکش ہوا، نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس نے منصب قضاء قبول کرنے سے انکار کر دیا تھا محرم کے مہینہ میں ۲۰۸ھ کو فوت ہوا۔

۳۲۳۵۔ د، س، ق۔ عبداللہ بن بکر بن عبداللہ مزنی، بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۲۳۶۔ ت، س۔ عبداللہ بن ابوبکر بن زید بن مہاجر:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۳۲۳۷۔س،ق۔عبداللہ بن ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام مخزومی، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۲۳۸۔بخ۔عبداللہ بن ابوبکر سکن بن فضل ابن مؤتمن عتکی، ازدی، ابوعبدالرحمٰن بصری:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے [illegible] فوت ہوا۔

۳۲۳۹۔ع۔عبداللہ بن ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم انصاری، مدنی، قاضی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے [illegible] میں فوت ہوا۔

۳۲۴۰۔د،ت،س۔عبداللہ بن ابوہلال خزاعی، شامی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۲۴۱۔د۔عبداللہ بن ثابت مروزی یا جعفر نحوی:

آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۳۲۴۲۔خ،د،س۔عبداللہ بن ثعلبہ بن صُعَیر ''ابن ابوصعیر بھی کہا جاتا ہے'':

اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے مگر سماع ثابت نہیں۔ ۹۰ برس کے قریب عمر پا کر ۸۷ھ یا ۸۹ھ میں فوت ہوا۔

۳۲۴۳۔س۔عبداللہ بن ثعلبہ حضرمی، مصری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆عبداللہ بن ثُوَب:

یہ ابومسلم خولانی ہے کنیتوں میں آئے گا۔ (= ۸۲۶۷)

۳۲۴۴۔د،ت۔عبداللہ بن جابر ابوحمزہ ''ابوحازم بھی کہا جاتا ہے'' بصری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۲۴۵۔س،ق۔عبداللہ بن جبر بن عتیک انصاری، مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۲۴۶۔فق۔عبداللہ بن جبیر خزاعی:

اس نے مرسل حدیث بیان کی ہے چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۳۲۴۷۔ت،ق۔عبداللہ بن ابوجدعاء:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے دو حدیثیں آتی ہیں عبداللہ بن شقیق ان سے روایت کرنے میں متفرد ہے۔

۳۲۴۸۔د،کن،ق۔عبداللہ بن جراح بن سعید تمیمی، ابومحمد قہستانی:

نیشاپور فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غلطی کر جاتا ہے ۳۲ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۳۷ھ میں ہوا۔

۳۲۴۹۔ت۔عبداللہ بن جرہد اسلمی:

اسے ابن مسلم بن جرہد بھی کہا جاتا ہے بخاری نے اسے ترجیح دی ہے، چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۲۵۰۔س،ق۔عبداللہ بن ابوجعد اشجعی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۲۵۱۔ع۔عبداللہ بن جعفر بن ابوطالب ہاشمی:

فیاض لوگوں میں سے ایک ہیں حبشہ میں پیدا ہوئے اور انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے ۸۰ برس کی عمر میں ۸۰ھ کو فوت ہوئے۔

۳۲۵۲۔خت،م،۴۔عبداللہ بن جعفر بن عبدالرحمٰن بن مسور بن مخرمہ، ابومحمد مدنی مخرمی:

آٹھویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے ۷۰ سے کچھ زائد برس عمر پا کر ۷۰ھ میں فوت ہوا۔

۳۲۵۳۔ع۔عبداللہ بن جعفر بن غیلان الرقی، ابوعبدالرحمٰن قرشی ''ولاء کی وجہ سے ہے''

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے لیکن آخر عمر میں اس کا حافظہ متغیر ہو گیا تھا تاہم عارضہ اختلاط میں مبتلا نہیں ہوا، ۲۰ھ میں فوت ہوا۔

۳۲۵۴۔تمییز۔عبداللہ بن جعفر الرقی، المعقلی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۲۵۵۔ت،ق۔عبداللہ بن جعفر بن نجیح سعدی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابوجعفر مدینی بصری، مدنی الاصل، علی کے والد:

آٹھویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے، کہا جاتا ہے کہ آخر عمر میں اس کا حافظہ متغیر ہو گیا تھا، ۱۷۸ھ میں فوت ہوا۔

۳۲۵۶۔م،د۔عبداللہ بن جعفر بن یحییٰ بن خالد بن برمک، برمکی ابومحمد:

بصرہ میں جوان ہوا پھر بغداد فروکش ہو گیا، گیارہویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۳۲۵۷۔د۔عبداللہ بن ابوجعفر رازی:

نویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے غلطی کر جاتا ہے۔

۳۲۵۸۔عس۔عبداللہ بن ابوجمیلہ میسرہ، طہوی، کوفی:

ساتویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۳۲۵۹۔د۔عبداللہ بن جہم رازی، ابوعبدالرحمٰن:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے شیعیت کی طرف مائل تھا۔

☆عبداللہ بن حاتم:

درست محمد ہے۔

۳۲۶۰۔د۔عبداللہ بن حاجب بن عامر بن منتفق، لقیط بن عامر کا بھتیجا:

چوتھے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۳۲۶۱۔بخ۔عبداللہ بن حارث بن ابزی مکی:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۳۲۶۲۔د،ت،ق۔عبداللہ بن حارث بن جزء، ابوحارث زبیدی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں مصر فروکش ہو گئے تھے اور مصر میں وفات پانے والے صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) میں سے سب سے آخر میں ۸۵ھ یا ۸۶ھ یا ۸۷ھ یا ۸۸ھ میں فوت ہوئے، دوسرا قول زیادہ صحیح ہے۔

۳۲۶۳۔م،۴۔عبداللہ بن حارث بن عبدالملک مخزومی، ابو محمد مکی:

آٹھویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۳۲۶۴۔تمییز۔عبداللہ بن حارث بن محمد بن محمد بن عمر بن محمد بن حاطب حاطبی، ابو حارث شدنی، المکفوف:

آٹھویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۳۲۶۵۔ع۔عبداللہ بن حارث بن نوفل بن حارث ابن عبدالمطلب ہاشمی، ابو محمد مدنی، نزیل بصرہ:

اسے رویت کا اور اس کے والد محترم اور دادا کو صحابیت کا شرف حاصل ہے۔(امام) ابن عبدالبر (رحمہ اللہ) کا بیان ہے کہ محدثین کا اس کی ثقاہت پر اجماع ہے، ۷۹ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۸۴ھ میں فوت ہوا۔

۳۲۶۶۔ع۔عبداللہ بن حارث انصاری، بصری ابو ولید، ابن سیرین کا ہم نسب:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۳۲۶۷۔د۔عبداللہ بن حارث ازدی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۳۲۶۸۔بخ،م،۴۔عبداللہ بن حارث زُبیدی، نجرانی، کوفی المعروف مکتب:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

☆عبداللہ بن حارث باہلی:

کنیتوں میں ابو مجیبہ کے ترجمہ میں ہے۔(=۶۴۹۱)

۳۲۶۹۔د،س۔عبداللہ بن حُبشی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ابو قُتیلہ کی کنیت سے یاد کیے جاتے ہیں، مکہ مکرمہ فروکش ہو گئے تھے ان سے حدیث آتی ہے۔

۳۲۷۰۔م،س۔عبداللہ بن حبیب بن ابو ثابت اسدی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۳۲۷۱۔ع۔عبداللہ بن حبیب رُبَیّعہ،ابوعبدالرحمٰن سلمی،کوفی،مقرئ:

زیادہ تر اپنی کنیت سے مشہور ہیں ان کے والد محترم کو صحابیت کا شرف حاصل ہے اور یہ دوسرے طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے۷۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

٭عبداللہ بن حجاج،الصواف:

یہ ابن محمد بن حجاج ہے آئے گا۔(=۳۵۸۱)

۳۲۷۲۔س۔عبداللہ بن حذافہ بن قیس بن عدی بن سُعَید ابن سعد بن سہم قرشی،سہمی،ابوحذافہ:

بہت پہلے اسلام لانے والے مہاجرین میں سے ہیں(سیدنا)عثمان(رضی اللہ عنہ)کی خلافت کے دور میں مصر کی سرزمین پر فوت ہوئے۔

۳۲۷۳۔تخ،د،ت۔عبداللہ بن حسان تمیمی،ابوجنید عنبری:

اس کا لقب عتریس ہے ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۲۷۴۔۴۔عبداللہ بن حسن بن حسن بن علی بن ابوطالب ہاشمی مدنی،ابومحمد:

پانچویں طبقہ کا ''جلیل القدر ثقہ'' راوی ہے۷۵ برس عمر پا کر۱۴۵ھ کی ابتداء میں فوت ہوا۔

☆عبداللہ بن حسن:

اپنے چچا ابراہیم بن محمد بن طلحہ سے روایت کرتا ہے اور اسے جدا کرنے میں صاحب کمال کو وہم ہوا ہے یہ پہلے والا ہی راوی ہے اور ابراہیم اپنی والدہ کی طرف سے اس کا چچا ہے۔

۳۲۷۵۔تخ،ق۔عبداللہ بن حسین بن عطاء بن یسار ہلالی،مدنی،میمونہ کا غلام:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۳۲۷۶۔خت،۴۔عبداللہ بن حسین ازدی،ابوحَرِیز،بصری،قاضی سجستان:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غلطی کرجاتا ہے۔

۳۲۷۷۔ع۔عبداللہ بن حفص بن عمر بن سعد بن ابووقاص زہری،ابوبکر مدنی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۳۲۷۸۔ت۔عبداللہ بن حفص ارطبانی، ابو حفص بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۳۲۷۹۔س۔عبداللہ بن حفص ''حفص بن عبداللہ بھی کہا گیا ہے'':

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے عطاء بن سائب کے علاوہ اس سے کسی نے روایت نہیں کیا۔

۳۲۸۰۔و، ت، ق۔عبداللہ بن حکم بن ابو زیاد قطوانی، ابو عبدالرحمٰن کوفی، دہقان:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۵۵ھ میں فوت ہوا۔

۳۲۸۱۔خ۔عبداللہ بن حماد بن ایوب، ابو عبدالرحمٰن لآملی:

بخاری نے ''عبداللہ بے نسبت سے اس نے یحیٰی بن معین اور سلیمان بن عبدالرحمٰن سے روایت کیا ہے'' جبکہ ابن سکن کی روایت میں ''عن الفربری عبداللہ بن حماد'' آیا ہے جو کہ بخاری کا شاگرد اور وراق ہے اور بارہویں طبقہ کا راوی ہے ٦٩ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد فوت ہوا۔

۳۲۸۲۔خت، م، و، س۔عبداللہ بن حمران، ابو عبدالرحمٰن بصری:

نویں طبقہ کا ''صدوق قلیل الخطاء'' راوی ہے۔۲۰۹ھ یا ۲۱۰ھ میں فوت ہوا۔

۳۲۸۳۔د۔عبداللہ بن ابو حمساء عامری:

اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے بصرہ فروکش ہو گیا تھا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ مصر ہوا تھا۔

۳۲۸۴۔ت۔عبداللہ بن حنطب بن حارث بن عبید ابن عمر بن مخزوم:

اس کی صحابیت اور اس کی حدیث کی سند مختلف فیہ ہے۔

۳۲۸۵۔د۔عبداللہ بن حنظلہ بن ابو عامر راہب انصاری:

اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے اور اس کے والد غسیل ملائکہ ہیں جو احد میں شہید ہوئے اور اس کی والدہ ام عبداللہ جمیلہ بنت عبداللہ بن ابی ہے، عبداللہ حرہ کے روز ذوالحجہ کے مہینے میں ٦٣ھ کو شہید ہوا اور وہاں انصار کا امیر تھا۔

۳۲۸٦۔ع۔عبداللہ بن حنین ہاشمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۰ھ کی ابتداء میں یزید بن عبدالملک کے ابتدائی دور خلافت میں فوت ہوا۔

۳۲۸۷۔د۔عبداللہ بن حوالہ ازدی،ابوحوالہ:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں شام فروکش ہوئے اور وہیں بعمر ۷۲ برس ۵۸ھ کو فوت ہوئے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۸۰ھ کو فوت ہوئے۔

۳۲۸۸۔عبداللہ بن خازم سلمی،ابوصالح:

بصرہ فروکش ہوئے خراسان کے حاکم رہے اور وہیں مصعب بن زبیر کے قتل کے بعد ۷۱ھ میں شہید ہوئے، کہا جاتا ہے کہ یہ وہی ہیں جن سے دمشقی نے روایت کیا ہے فرمایا: ''میں نے خراسان میں ایک شخص دیکھا ہے جس نے سیاہ عمامہ باندھ رکھا تھا، وہ کہہ رہا تھا کہ مجھے یہ عمامہ رسول اللہ ﷺ نے پہننے کیلئے دیا ہے۔'' یہ روایت ابوداؤد، ترمذی اور نسائی نے نقل کی ہے۔

۳۲۸۹۔د۔عبداللہ بن خالد بن سعید بن ابومریم، مدنی، ابوشاکر تیمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

نویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے ازدی نے اس پر کلام کیا ہے۔

☆عبداللہ بن خالد نمیری:

درست عبدربہ بن خالد ہے آئے گا۔ (=۳۷۸۵)

۳۲۹۰۔ت،س۔عبداللہ بن خباب بن ارت مدنی، حلیف بنوزہرہ:

کہا جاتا ہے کہ اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے، عجلی نے اس کی توثیق کی ہے کہا کہ کبار تابعین میں سے ثقہ راوی ہے، اسے حروریہ نے ۳۸ھ میں قتل کر دیا تھا۔

۳۲۹۱۔ع۔عبداللہ بن خباب انصاری، نجاری ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۳۲۹۲۔بخ،م۔عبداللہ بن خُبَیب جہنی، حلیف انصار، مدنی:

انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

۳۹۸۷۔م،د،س۔عبدالرحمٰن بن قیس، ابوصالح حنفی کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ حذیفہ سے اس کی روایت مرسل ہوتی ہے۔

۳۹۸۸۔د۔عبدالرحمٰن بن قیس عتکی، ابوروح بصری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۹۸۹۔تم۔عبدالرحمٰن بن قیس ضبی، ابومعاویہ زعفرانی:

نوویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ابوحاتم وغیرہ نے اس کی تکذیب کی ہے۔

۳۹۹۰۔د،ت۔عبدالرحمٰن بن ابوکریمہ، اسماعیل سدی کا والد:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۳۹۹۱۔ع۔عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک انصاری، ابوخطاب مدنی:

کبار تابعین میں سے ثقہ راوی ہے، کہا جاتا ہے کہ نبی کریم ﷺ کے عہد مبارک میں پیدا ہوا تھا، سلیمان کے عہد خلافت میں فوت ہوا۔

۳۹۹۲۔ق۔عبدالرحمٰن بن کیسان، خالد بن اسید کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

☆ عبدالرحمٰن بن ابولبیبہ:

یہ ابن عطاء ہے گزر چکا۔(=۳۹۵۳)

۳۹۹۳۔ع۔عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ انصاری، مدنی ثم الکوفی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے حضرت عمر سے اس کے سماع میں اختلاف پایا جاتا ہے ۸۳ھ کو جماجم کے واقعہ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ غرق ہوا۔

۳۹۹۴۔ت،س۔عبدالرحمٰن بن ماعز:

محمد بن عبدالرحمٰن بن ماعز اور ماعز بن عبدالرحمٰن بھی کہا جاتا ہے زہری پر اس میں اختلاف پایا جاتا ہے اور پہلا زیادہ مضبوط ہے، تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۹۹۵۔خ،ق۔عبدالرحمٰن بن مالک بن جُعْشُم:

نسائی نے اس کی توثیق کی ہے تیسرے طبقہ سے ہے۔

۳۹۹۶۔خ،د،س۔عبدالرحمٰن بن مبارک عَیْشی، طفاوی بصری:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ عبدالرحمٰن بن محمد بن اشعث:

یہ ابن قیس ہے۔(=۳۹۸۶)

☆ عبدالرحمٰن بن محمد بن ابوبکر الصدیق:

درست عبدالرحمٰن بن قاسم بن محمد ہے۔(=۳۹۸۰)

۳۹۹۷۔مد،س۔عبدالرحمٰن بن محمد بن ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم انصاری، مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۹۹۸۔عخ۔عبدالرحمٰن بن محمد بن حبیب بن ابوحبیب جرمی، صاحب انماط:

نویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۳۹۹۹۔ع۔عبدالرحمٰن بن محمد بن زیاد محاربی، ابو محمد کوفی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے تاہم تدلیس کرتا تھا یہ بات امام احمد نے کہی ہے۔نوویں طبقہ سے ہے ۹۵ھ کو فوت ہوا۔

۴۰۰۰۔د،س۔عبدالرحمٰن بن محمد بن سلام ابن ناصح بغدادی ثم الطرسوسی، ابو قاسم، بنو ہاشم کا غلام:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے،اس میں کوئی خرابی نہیں ہے گیارہویں طبقہ سے ہے۔

☆عبدالرحمٰن بن محمد بن ابو رجال:

یہ ابن ابو رجال محمد ہے گزر چکا۔(=۳۸۵۸)

۴۰۰۱۔بخ،ت۔عبدالرحمٰن بن محمد:

اس نے اپنی دادی کے واسطے سے ام سلمہ سے روایت کیا ہے اور اس سے داؤد بن ابو عبداللہ مولی بنی ہاشم نے روایت کیا ہے بخاری کی روایت میں اسی طرح آیا ہے اور بخاری نے اپنی تاریخ میں بیان کیا ہے کہ یہ عبدالرحمٰن بن محمد بن زید بن جدعان ہے اور ترمذی میں ''عن ابن جدعان'' ہے اس کی اس کے والد کے دادا کی طرف نسبت کردی گئی ہے۔نسائی ن اس کی توثیق کی ہے چوتھے طبقہ کا ہے۔

۴۰۰۲۔م۔عبدالرحمٰن بن محیریز جمحی:

کہا گیا ہے کہ نبی کریم ﷺ کے عہد مبارک میں پیدا ہوا تھا،اور ابن حبان نے اسے ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے۔

۴۰۰۳۔س۔عبدالرحمٰن بن مرزوق:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۰۰۴۔د،ت،س۔عبدالرحمٰن بن مسعود بن نیار، انصاری، مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆عبدالرحمٰن بن مسلمہ:

ابن سلمہ کے ترجمہ میں گزر چکا۔(=۳۸۸۴)

۴۰۰۵۔م۔عبدالرحمٰن بن مسور بن مخرمہ بن نوفل زہری، ابومسور مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۹۰ھ کو فوت ہوا۔

۴۰۰۶۔ت، مس، ق۔عبدالرحمٰن بن مصعب بن یزید ازدی ثم المعنی، ابویزید قطان کوفی:

ری کے مقام پر فروکش ہوا، نویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۰۰۷۔ع۔عبدالرحمٰن بن مُطعِم بنانی، ابومنہال بصری:

مکہ مکرمہ فروکش ہوا، تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۶ھ کو فوت ہوا۔

۴۰۰۸۔خ،م۔عبدالرحمٰن بن مطیع بن اسود بن حارثہ عدوی، مدنی:

کہا جاتا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے جبکہ ابونعیم نے اسے تابعین میں ذکر کیا ہے۔

۴۰۰۹۔د،س۔عبدالرحمٰن بن معاذ بن عثمان بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ تیمی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں فتح مکہ میں شریک تھے ان سے ایک حدیث آتی ہے۔

۴۰۱۰۔بخ۔عبدالرحمٰن بن معاویہ بن حُدَیج۔ابومعاویہ مصری، قاضی مصر:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۹۵ھ کو فوت ہوا۔

۴۰۱۱۔د،ق۔عبدالرحمٰن بن معاویہ بن حویرث، انصاری زرقی، ابوالحویرث مدنی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے چھٹے طبقہ کا ''صدوق برے حافظہ والا'' راوی ہے اس پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے۔

۴۰۱۲۔د۔عبدالرحمٰن بن معقل بن مقرن مزنی، ابوعاصم کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، اس کے چھوٹے ہونے کی وجہ سے محدثین نے اس کے والد سے اس کی روایت پر کلام کیا ہے جس نے اسے صحابہ میں ذکر کیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

☆عبدالرحمٰن بن معن:

درست ابن مغراء ہے جو کہ اس کے بعد والا ہے۔

۴۰۱۳۔بخ،۴۔عبدالرحمٰن بن مَغْراء، دوسی، ابوزہیر کوفی:

ری کے مقام پر فروکش ہوا، نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے اعمش سے اس کی حدیث پر

کلام کیا گیا ہے ۹۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۴۰۱۴۔ س۔ عبدالرحمٰن بن مُغیث:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۰۱۵۔ خ، د۔ عبدالرحمٰن بن مغیرہ بن عبدالرحمٰن ابن عبداللہ بن خالد بن حکیم بن حزام اسدی حزامی، مدنی، ابوقاسم:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۰۱۶۔ د۔ عبدالرحمٰن بن مقاتل تُستری، ابوسہل، قعنبی کا ماموں:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۰۱۷۔ ع۔ عبدالرحمٰن بن مُل، ابوعثمان نَہدی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے دوسرے طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ پختہ کار عابد مخضری'' راوی ہے، ۹۵ھ کو فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا، ۱۳۰ برس تک زندہ رہا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے بھی زیادہ عرصہ زندہ رہا۔

☆ عبدالرحمٰن بن ابوملیکہ:

یہ ابن ابوبکر ہے گزر چکا۔ (=۳۸۱۳)

☆ عبدالرحمٰن بن منہال:

ابن سلمہ کے ترجمہ میں گزر چکا۔ (=۳۸۸۴)

۴۰۱۸۔ ع۔ عبدالرحمٰن بن مہدی بن حسان عنبری ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوسعید بصری:

نویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار حافظ رجال اور حدیث کا علم رکھنے والا'' راوی ہے، ابن مدینی کا کہنا ہے کہ میں نے اس سے بڑا کوئی عالم نہیں دیکھا، بعمر ۷۳ برس ۹۸ھ کو فوت ہوا۔

۴۰۱۹۔ م، س۔ عبدالرحمٰن بن مہران مدنی، ابومحمد ازد کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۰۲۰۔ د، ق۔ عبدالرحمٰن بن مہران مدنی، بنو ہاشم کا غلام:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۰۲۱۔ خ، ۴۔ عبدالرحمٰن بن ابو موال ''اس کا نام زید ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ابو موال اس کا دادا ہے'' ابو محمد، مولیٰ آل علی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے ۱۷۳ھ کو فوت ہوا۔

۴۰۲۲۔ د، ق۔ عبدالرحمٰن بن میسرہ حضرمی، ابو سلمہ حمصی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۰۲۳۔ تمییز۔ عبدالرحمٰن بن میسرہ حضرمی، ابو میسرہ مصری:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے بعمر ۷۰ برس ۱۸۱ھ کو فوت ہوا۔

۴۰۲۴۔ تمییز۔ عبدالرحمٰن بن میسرہ حضرمی، ابو شریح:

آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے تفسیر میں اس کے کلام میں سے کچھ نقل کیا گیا ہے۔

۴۰۲۵۔ تمییز۔ عبدالرحمٰن بن میسرہ کلبی یا حضرمی، ابو سلیمان دمشقی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۰۲۶۔ ق۔ عبدالرحمٰن بن میمون بصری، عبدالرحمٰن بن سمرہ کا غلام:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۰۲۷۔ بخ، س۔ عبدالرحمٰن بن نافع بن عبدالحارث خزاعی:

صحابہ کرام کی اولاد میں سے ہے اس نے ابو موسیٰ سے روایت کیا ہے اور کہا جاتا ہے کہ اسے بھی صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

۴۰۲۸۔ ع۔ عبدالرحمٰن بن ابو نُعم بجلی، ابو الحکم کوفی، عابد:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۰۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۴۰۲۹۔د۔عبدالرحمٰن بن نعمان بن معبد بن ہوذہ انصاری، ابونعمان کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے۔

۴۰۳۰۔خ،م،د،س۔عبدالرحمٰن بن نمر، یحصبی، ابوعمرو دمشقی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ولید کے علاوہ اس سے کسی نے روایت نہیں کیا۔

۴۰۳۱۔ق۔عبدالرحمٰن بن نمران، حجری:

درست عبداللہ ہے آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆عبدالرحمٰن بن نہشل:

اس نے ضحاک سے روایت کیا ہے اور اس سے محاربی نے روایت کیا ہے، درست عبدالرحمٰن ہے اور یہ محاربی ہے ،اس نے نہشل سے روایت کیا ہے، اور یہ ابن سعید ہے۔ق (ت=۳۹۹۹، ۱۹۸ھ)

۴۰۳۲۔د،ق۔عبدالرحمٰن بن ہانی بن سعید کوفی، ابونعیم نخعی، ابراہیم نخعی کا پوتا:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم اس سے غلطیاں سرزد ہوئی ہیں، ابن حبان نے افراط سے کام لیتے ہوئے اس کی تکذیب کی ہے جبکہ بخاری کا کہنا ہے کہ یہ اصل میں ''صدوق'' ہے، ۱۱ھ کو فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۶ھ کو ہوا۔

۴۰۳۳۔ع۔عبدالرحمٰن بن ہرمز اعرج، ابوداؤد مدنی، ربیعہ بن حارث کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار عالم'' راوی ہے ۱۷ھ کو فوت ہوا۔

☆عبدالرحمٰن بن ہعاب یا ابن ہصاض:

ابن صامت کے ترجمہ میں گزر چکا۔(=۳۸۹۹)

۴۰۳۴۔قد۔عبدالرحمٰن بن ہنیدہ یا ابن ابوہنیدہ عدوی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مدنی، عبدالملک کا دودھ شریک بھائی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۰۳۵۔ بخ،م،د،س،ق۔ عبدالرحمٰن بن ابوہلال عبسی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۰۳۶۔ ت،ق۔ عبدالرحمٰن بن واقد بن مسلم بغدادی، ابومسلم واقدی، بصری الاصل:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غلطی کر جاتا ہے ۲۴۷ھ کو فوت ہوا۔

۴۰۳۷۔ تمییز۔ عبدالرحمٰن بن واقد عطار، بصری:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۰۳۸۔ د۔ عبدالرحمٰن بن وردان غفاری، ابوبکر مکی مؤذن:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۰۳۹۔ م،۴۔ عبدالرحمٰن بن وعلہ، مصری:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆ عبدالرحمٰن بن ولید بن ہلال:

کہا گیا ہے کہ یہ ابومعشر مدنی کا نام ہے۔ (=۱۰۰۷)

☆ عبدالرحمٰن بن یربوع مخزومی:

دارقطنی کا کہنا ہے کہ درست عبدالرحمٰن بن سعید بن یربوع ہے ت، ق۔ (=۳۸۸۰)

۴۰۴۰۔ س،ق۔ عبدالرحمٰن بن یزید بن تمیم سلمی، دمشقی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے نسائی میں اس کی صرف ایک حدیث آتی ہے۔

۴۰۴۱۔ ع۔ عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر ازدی، ابوعتبہ شامی، دارانی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۵۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۴۰۴۲۔ خ،۴۔ عبدالرحمٰن بن یزید بن جاریہ انصاری، ابومحمد مدنی:

اپنی والدہ کی طرف سے عاصم ابن عمر کا بھائی ہے، کہا جاتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں پیدا ہوا، ابن

حبان نے اسے ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے ۹۲ھ کو فوت ہوا۔

۴۰۴۳۔ ع۔ عبدالرحمٰن بن یزید بن قیس نخعی، ابوبکر کوفی:

تیسرے طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۸۳ھ کو فوت ہوا۔

۴۰۴۴۔ س، ق۔ عبدالرحمٰن بن یزید بن معاویہ بن ابوسفیان:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس نے مرسل حدیث بیان کی ہے ۱۰۰ھ کو فوت ہوا۔

۴۰۴۵۔ ت۔ عبدالرحمٰن بن یزید یمانی، ابومحمد صنعانی، قصہ گو:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆ عبدالرحمٰن بن یسار، ابومزرد:

کنیتوں میں ہے۔ (=۸۳۶۳)

۴۰۴۶۔ ر، م، ۴۔ عبدالرحمٰن بن یعقوب جہنی، مدنی، حُرقہ کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ عبدالرحمٰن بن یعلی:

اس نے عمرو بن شعیب سے روایت کیا ہے، درست عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن یعلی طائفی ہے۔ ق (=۳۴۲۸)

۴۰۴۷۔ ۴۔ عبدالرحمٰن بن یعمر، دیلی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں کوفہ فروکش ہوئے، اور کہا جاتا ہے کہ خراسان میں فوت ہوئے۔

۴۰۴۸۔ خ۔ عبدالرحمٰن بن یونس بن ہاشم ابومسلم مستملی بغدادی، منصور کا غلام:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے رائے کی وجہ سے محدثین نے اس پر طعن کیا ہے ۲۴ھ کو یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۴۰۴۹۔ تمیز۔ عبدالرحمٰن بن یونس بن محمد رقی، ابومحمد سراج:

دسویں طبقہ کا ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے ۴۰ھ کو یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۴۰۵۰۔ د۔ عبدالرحمٰن ازدی، جرمی بصری، اشعث کے والد:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆عبدالرحمٰن اصم:

ابن اصم کے ترجمہ میں گزر چکا۔(=۳۸۰۴)

۴۰۵۱۔ت،عبدالرحمٰن قرشی،تیمی،محمد بن منکدر کا بھتیجا:

آٹھویں طبقہ کا''مجہول''راوی ہے۔

۴۰۵۲۔د،س،ق۔عبدالرحمٰن مُسْلی،کوفی:

تیسرے طبقہ کا''مقبول''راوی ہے۔

۴۰۵۳۔ت۔عبدالرحمٰن،مولیٰ قیس،بصری:

آٹھویں طبقہ کا''مجہول''راوی ہے۔

☆عبدالرحمٰن سراج:

یہ ابن عبداللہ ہے گزر چکا۔(=۳۹۲۸)

☆عبدالرحمٰن ملیکی:

یہ ابن ابوبکر بن عبداللہ بن ابوملیکہ ہے گزر چکا۔(=۳۸۱۳)

عبدالرحمٰن بن فلان:

اس نے ابوبردہ سے روایت کیا ہے یہ ابن جابر ہے گزر چکا۔(=۳۸۲۵)

☆عبدالرحمٰن:

اس نے غالب بن ابجر سے روایت کیا ہے یہ ابن معقل ہے۔(=۴۰۱۲)

عبدالرحیم اور اس کے بعد والے نام کے راویوں کا ذکر

۴۰۵۴۔ق۔عبدالرحیم بن داؤد:

صالح بن صہیب سے روایت کرتا ہے، کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عبدالرحمٰن یا داود بن علی ہے، آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۰۵۵۔ق۔عبدالرحیم بن زید بن حواری، عمی، بصری، ابوزید:

آٹھویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ابن معین نے اس کی تکذیب کی ہے ۸۴؁ کو فوت ہوا۔

۴۰۵۶۔ع۔عبدالرحیم بن سلیمان کنانی یا طائی، ابوعلی اشل، مروزی:

کوفہ فروکش ہوا، آٹھویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ صاحب تصانیف'' راوی ہے ۸۷؁ کو فوت ہوا۔

۴۰۵۷۔خ،ق۔عبدالرحیم بن عبدالرحمٰن بن محمد محاربی، ابوزیاد کوفی:

دسویں طبقہ کے کبار راویوں میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۱۱؁ کو فوت ہوا۔

۴۰۵۸۔د،س۔عبدالرحیم بن مطرف بن انیس بن قدامہ رُؤاسی، ابوسفیان کوفی:

سروج فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۳۲؁ کو فوت ہوا۔

۴۰۵۹۔۴۔عبدالرحیم بن میمون مدنی، ابومرحوم:

مصر فروکش ہوا، چھٹے طبقہ کا ''صدوق زاہد'' راوی ہے ۴۳؁ کو فوت ہوا، اور کہا گیا ہے کہ اس کا نام یحییٰ ہے۔

۴۰۶۰۔ت۔عبدالرحیم بن ہانی غسانی، ابوہشام واسطی:

بغداد فروکش ہوا، نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے دارقطنی نے اس کی تکذیب کی ہے ۲۰۰؁ کے بعد فوت ہوا۔

۴۰۶۱۔د۔عبدالرزاق بن عمر بن مسلم دمشقی، عابد:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۰۶۲۔تمییز۔عبدالرزاق بن عمر دمشقی،ابوبکر ثقفی:

زہری کی روایات میں ''متروک الحدیث'' ہے اور اس کے علاوہ میں قدرے کمزور ہے۔آٹھویں طبقہ سے ہے۔

۴۰۶۳۔تمییز۔عبدالرزاق بن عمر بزیعی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۰۶۴۔ع۔عبدالرزاق بن ہمام بن نافع حمیری ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوبکر صنعانی:

نویں طبقہ کا مشہور ''ثقہ حافظ مصنف'' راوی ہے تاہم آخر عمر میں نابینا ہوگیا تھا اور اس کا حافظہ متغیر ہوگیا تھا اور شیعہ تھا،بعمر ۸۵ برس ۲۱۱ھ کو فوت ہوا۔

۴۰۶۵۔ق۔عبدالسلام بن ابوبخوب،مدنی:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے،ابن حبان کے اسے ''ثقات'' میں ذکر کرنے سے کسی کو دھوکہ نہ ہو کیونکہ انہوں نے اسے ''ضعفاء'' میں بھی ذکر کیا ہے۔

۴۰۶۶۔د۔عبدالسلام بن ابوحازم شداد عبدی،ابوطالوت بصری:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۰۶۷۔ع۔عبدالسلام بن حرب بن سلم نہدی،مُلائی،ابوبکر کوفی،بصری الاصل:

آٹھویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ حافظ'' راوی ہے اس سے منکر حدیثیں مروی ہیں بعمر ۹۶ برس ۱۸۷ھ کو فوت ہوا۔

۴۰۶۸۔د،ت،س۔عبدالسلام بن حفص ابومصعب ''ابن مصعب بھی کہا جاتا ہے'' لیثی یا سلمی،مدنی:

ابن معین نے اس کی توثیق کی ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

☆ عبدالسلام بن شداد:

یہ ابن ابوحازم ہے۔(=۴۰۶۶)

۴۰۶۹۔ت۔عبدالسلام بن شعیب بن حبحاب بصری:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۴۸ھ کو فوت ہوا۔

۴۰۷۰۔ق۔عبدالسلام بن صالح بن سلیمان، ابوصلت ہروی، مولیٰ قریش:

نیشاپور فروکش ہوا، صدوق راوی ہے اس سے منکر حدیثیں مروی ہیں اور شیعہ تھا، عقیلی نے افراط سے کام لیتے ہوئے اسے کذاب کہا ہے۔

۴۰۷۱۔ق۔عبدالسلام بن عاصم جعفی، ہسنجانی، رازی:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۰۷۲۔م مد۔عبدالسلام بن عبدالرحمٰن بن صخر بن عبدالرحمٰن بن وابصہ بن معبد، ابوفضل وابصی، قاضی رقہ ثم بغداد:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۲۴۹ھ یا اس کے بعد فوت ہوا، مسلم کے مقدمہ میں اس سے کچھ مروی ہے۔

۴۰۷۳۔ق۔عبدالسلام بن عبدالقدوس بن حبیب ابومحمد کلاعی، دمشقی:

نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۴۰۷۴۔د س۔عبدالسلام بن عتیق عنسی دمشقی، ابوہشام:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۷ھ کو فوت ہوا، مزی نے نسائی کی علامت چھوڑ دی ہے احیاء موات میں اس کی حدیث پائی جاتی ہے۔

☆عبدالسلام بن مصعب:

اسے ابن حفص کہا جاتا ہے گزرچکا۔ (=۴۰۶۸)

۴۰۷۵۔خ، د۔عبدالسلام بن مطہر بن حسام ازدی، ابوظفر بصری:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۲۴ھ کو فوت ہوا۔

۴۰۷۶۔عس۔عبدالسلام کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۰۷۷۔د۔عبدالصمد بن حبیب یا ابن عبداللہ بن حبیب ازدی:

احمد نے اس کی تضعیف کی ہے اور ابن معین نے کہا ہے کہ اس میں کوئی خرابی نہیں ہے، آٹھویں طبقہ سے ہے۔

۴۰۷۸۔ت۔ عبدالصمد بن سلیمان بن ابومطرف عتکی، ابوبکر بلخی، اعرج:

اس کا لقب عبدوس ہے، گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۲۴۶ھ کو فوت ہوا۔

۴۰۷۹۔تمییز۔ عبدالصمد بن سلیمان، ازرق:

آٹھویں طبقہ کا ''منکر الحدیث'' راوی ہے۔

۴۰۸۰۔ع۔ عبدالصمد بن عبدالوارث بن سعید عنبری ''ولاء کی وجہ سے ہے'' تنوری، ابوسہل بصری:

نویں طبقہ کا ''شعبہ کی احادیث میں صدوق پختہ کار'' راوی ہے ۲۰۷ھ کو فوت ہوا۔

۴۰۸۱۔س۔ عبدالصمد بن عبدالوہاب حضرمی، ابوبکر ''ابومحمد بھی کہا جاتا ہے'' نصری، حمصی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۰۸۲۔فق۔ عبدالصمد بن معقل بن منبہ یمانی، وہب کا بھتیجا:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق معمر (طویل عمر پانے والا)'' راوی ہے۔

☆ عبدالصمد:

اس نے حسن سے روایت کیا ہے درست عبید الصید ہے عنقریب آئے گا۔ (=۴۳۸۲)

۴۰۸۳۔ت۔ عبدالعزیز بن ابان بن محمد بن عبداللہ ابن سعید بن عاص اموی سعدی، ابوخالد کوفی:

بغداد فروکش ہوا، نویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ابن معین وغیرہ نے اس کی تکذیب کی ہے، ۲۰۷ھ کو فوت ہوا۔

۴۰۸۴۔س۔ عبدالعزیز بن اَسید طاحی، بصری:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۰۸۵۔قد۔ عبدالعزیز بن بُشیر ابن کعب عدوی بصری:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۰۸۶۔خت، د، ت، ق۔ عبدالعزیز بن ابوبکرہ ثقفی، بصری:

اسے ابن عبداللہ بن ابوبکرہ بھی کہا جاتا ہے، تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆ عبدالعزیز بن ابوثابت:

یہ ابن عمران ہے۔ (=۴۱۱۴)

۴۰۸۷۔ ۴۔ عبدالعزیز بن جریج مکی، قریش کا غلام:

چوتھے طبقہ کا قدرے کمزور راوی ہے، عجلی کا کہنا ہے کہ اس نے عائشہ سے سماع نہیں کیا خصیف سے غلطی ہوئی ہے اور اس نے اس کے سماع کی تصریح کر دی ہے۔

۴۰۸۸۔ ع۔ عبدالعزیز بن ابوحازم سلمہ بن دینار مدنی:

آٹھویں طبقہ کا "صدوق فقیہ" راوی ہے ۱۸۴ھ کو فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

۴۰۸۹۔ س۔ عبدالعزیز بن خالد بن زیاد ترمذی:

نویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۴۰۹۰۔ ص، ق۔ عبدالعزیز بن خطاب کوفی، ابوالحسن:

بصرہ فروکش ہوا، دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "صدوق" راوی ہے ۲۲۴ھ کو فوت ہوا۔

☆ عبدالعزیز بن خلیفہ:

کہا گیا ہے کہ یہ ابواسرائیل کا نام ہے اسماعیل کے ترجمہ میں گزر چکا (=۴۴۰)

۴۰۹۱۔ م، د۔ عبدالعزیز بن ربیع بن سبرہ جہنی:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے۔

۴۰۹۲۔ بخ۔ عبدالعزیز بن ربیع باہلی، ابوعوام بصری:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۴۰۹۳۔ ت۔ عبدالعزیز بن ربیعہ بنانی، ابوربیعہ بصری:

نویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۴۰۹۴۔ د، ت۔ عبدالعزیز بن ابورزمہ، یشکری "ولاء کی وجہ سے ہے" ابومحمد مروزی:

نویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۰۶ھ کو فوت ہوا۔

۴۰۹۵۔ع۔عبدالعزیز بن رُفیع، ابوعبداللہ مکی:

کوفہ فروکش ہوا، چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۹۰ برس سے زائد عمر پاکر ۱۳۰ھ کو فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد فوت ہوا۔

۴۰۹۶۔خت،۴۔عبدالعزیز بن ابورواد:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق عابد'' راوی ہے بسا اوقات وہم کرجاتا ہے اور اس پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے، ۱۵۹ھ کو فوت ہوا۔

۴۰۹۷۔و۔عبدالعزیز بن سری ناقد ''دال کی بجائے طاء سے بھی کہا جاتا ہے'':

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆عبدالعزیز بن ابوسلمہ بن عبیداللہ بن عبداللہ بن عمر، ابوعبدالرحمٰن مدنی:

بغداد فروکش ہوا، اس میں کوئی خرابی نہیں ہے دسویں طبقہ سے ہے۔

۴۰۹۸۔س۔عبدالعزیز بن ابوسلمہ بن عبیداللہ بن عبداللہ بن عمر، ابوعبدالرحمٰن مدنی:

بغداد فروکش ہوا، دسویں طبقہ سے ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔

۴۰۹۹۔د،ت،س۔عبدالعزیز بن ابوسلیمان ہذلی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابومودود مدنی، قصہ گو:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۱۰۰۔خ،م،ت،س،ق۔عبدالعزیز بن سیاہ اسدی کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق شیعہ'' راوی ہے۔

۴۱۰۱۔س،ق۔عبدالعزیز بن ابوصعبہ تیمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوصعبہ مصری:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے تیسرے طبقہ سے ہے۔

۴۱۰۲۔ع۔عبدالعزیز بن صُہیب بُنانی، بصری:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۳۰ھ کو فوت ہوا۔

☆عبدالعزیز بن عباس:

ابن عیاش کے ترجمہ میں آئے گا۔(=۴۱۱۵)

۴۱۰۳۔د،ت،س۔عبدالعزیز بن عبداللہ بن خالد بن اُسید اموی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے مکہ مکرمہ حاکم مقرر ہوا اور ہشام کے دور خلافت میں فوت ہوا، اور جس نے اسے صحابہ میں ذکر کیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۴۱۰۴۔ع۔عبدالعزیز بن عبداللہ بن ابوسلمہ ماجشون، مدنی، مولیٰ آل الہدیر:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ فقیہ مصنف'' راوی ہے ۱۶۴ھ کو فوت ہوا۔

۴۱۰۵۔س۔عبدالعزیز بن عبداللہ بن عبداللہ بن عمر عدوی، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اور یہ عبداللہ زاہد عمری کا والد ہے۔

۴۱۰۶۔خ،د،ت،کن،ق۔عبدالعزیز بن عبداللہ بن یحییٰ بن عمرو ابن اویس بن سعد بن ابوسرح اویسی، ابوقاسم مدنی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۱۰۷۔ت،ق۔عبدالعزیز بن عبداللہ قرشی، ابویحییٰ کریزی، رازی:

آٹھویں طبقہ کا ''منکر الحدیث'' راوی ہے۔

۴۱۰۸۔ع۔عبدالعزیز بن عبدالصمد العمی، ابوعبداللہ بصری:

نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۱۸۷ھ کو فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۴۱۰۹۔۴۔عبدالعزیز بن عبدالملک بن ابومحذورہ جمحی، مکی، مؤذن:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۱۱۰۔د۔عبدالعزیز بن عبدالملک قرشی:

آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے جس نے اسے پہلے والا راوی گمان کیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

☆عبدالعزیز بن عبدالملک:

اس نے محمد بن ابوبکر بن حزم سے روایت کیا ہے اور اس سے ابن ابوذئب نے روایت کیا ہے، درست عبدالعزیز بن عبداللہ ہے جو کہ ماقبل میں گزرنے والا ابن عبداللہ بن عمر ہے۔س (=۴۱۰۵)

۴۱۱۱۔ق۔عبدالعزیز بن عبیداللہ بن حمزہ بن صہیب بن سنان حمصی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے اس سے اسماعیل بن عیاش کے علاوہ کوئی روایت نہیں کرتا ہے۔

۴۱۱۲۔خ،س۔عبدالعزیز بن عثمان بن جبلہ ابن ابورواد، ازدی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوفضل مروزی:

اس کا لقب شاذان ہے اور یہ عبدان کا بھائی ہے، دسویں طبقہ کا ''مقبول'' ہے ۲۱ھ کو فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۵ھ یا ۲۹ھ کو فوت ہوا۔

۴۱۱۳۔ع۔عبدالعزیز بن عمر بن عبدالعزیز بن مروان اموی، ابومحمد مدنی:

کوفہ فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غلطی کر جاتا ہے ۵۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۴۱۱۴۔ت۔عبدالعزیز بن عمران بن عبدالعزیز بن عمر بن عبدالرحمٰن بن عوف زہری، مدنی اعرج، المعروف ابن ابوثابت:

آٹھویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے اس کی کتابیں جل گئی تھیں اس نے اپنے حافظہ سے احادیث بیان کیں اور سخت غلطیاں کیں اور انساب کا عالم تھا، ۹۷ھ کو فوت ہوا۔

۴۱۱۵۔س۔عبدالعزیز بن عیاش، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۱۱۶۔بخ۔عبدالعزیز بن قریر عبدی، مصری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے جس نے اسے اصمعی گمان کیا ہے وہ شخص غلطی پر ہے، اور امام مالک سے اس کے نام میں غلطی ہوئی ہے جب کہ یحییٰ بن بکیر نے اسے درست قرار دیا ہے۔

۴۱۱۷۔ر۔عبدالعزیز بن قیس عبدی بصری:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۱۱۸۔تمییز۔عبدالعزیز بن قیس بن عبدالرحمٰن قرشی،بصری:

آٹھویں طبقہ کا''مقبول'' راوی ہے۔

☆عبدالعزیز بن ماجشون:

یہ ابن عبداللہ ہے گزر چکا۔(=۴۱۰۴)

۴۱۱۹۔ع۔عبدالعزیز بن محمد بن عبید،دراوردی،ابومحمد جہنی''ولاء کی وجہ سے ہے'' مدنی:

آٹھویں طبقہ کا''صدوق'' راوی ہے دوسروں کی کتابوں سے حدیث بیان کرتے وقت غلطی کرجاتا تھا،نسائی کا کہنا ہے کہ عبید اللہ عمری سے اس کی حدیث منکر ہوتی ہے،۸۶ھ یا ۸۷ھ کو فوت ہوا۔

۴۱۲۰۔ع۔عبدالعزیز بن مختار دباغ بصری،حفصہ بنت سیرین کا غلام:

ساتویں طبقہ کا''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۱۲۱۔د۔عبدالعزیز بن مروان بن حکم،ابواَصبغ،خلیفہ عبدالملک کا بھائی،عمر کا والد:

اس کے والد محترم نے اسے مصر پر امیر مقرر کیا اور یہ وہاں بیس برس سے زائد عرصے تک امیر رہا،چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۸۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۴۱۲۲۔خ،م،د،ت،س۔عبدالعزیز بن مسلم قَسمَلی،ابوزید مروزی ثم بصری:

ساتویں طبقہ کا''ثقہ عابد'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے ۱۷ھ کو فوت ہوا۔

۴۱۲۳۔د،ق۔عبدالعزیز بن مسلم مدنی،آل رفاعہ کا غلام:

ساتویں طبقہ کا''مقبول'' راوی ہے۔

۴۱۲۴۔خت،م،ت،ق۔عبدالعزیز بن مطلب بن عبداللہ بن حنطب مخزومی،ابوطالب مدنی:

ساتویں طبقہ کا''صدوق'' راوی ہے منصور کے عہد خلافت میں فوت ہوا۔

۴۱۲۵۔مد۔عبدالعزیز بن معاویہ بن عبداللہ بن خالد ابن اَسید اموی،عتابی بصری،ابوخالد:

گیارہویں طبقہ کا''صدوق'' راوی ہے اس سے غلطیاں سرزد ہوئیں ہیں،شام میں منصب قضاء پر فائز تھا،۸۴ھ

کوفوت ہوا مراسیل ابی داؤد میں اس کی حدیث آتی ہے، مزی نے اس کا ذکر نہیں کیا۔

۴۱۲۶۔ق۔عبدالعزیز بن مغیرہ بن امی منقری، ابوعبدالرحمٰن صفار بصری:

ری کے مقام پر فروکش ہوا، نوویں طبقہ کے صغار راویوں میں سے ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۱۲۷۔ق۔عبدالعزیز بن مُنیب، ابودرداء مروزی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۷۶ھ کوفوت ہوا۔

۴۱۲۸۔ت۔عبدالعزیز بن مہران بصری، مرحوم کا والد:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۱۲۹۔س۔عبدالعزیز بن موسیٰ بن روح لاحُونی، ابوروح بہرانی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۱۳۰۔د،س۔عبدالعزیز بن یحییٰ بن یوسف بکائی، ابواصبغ حرانی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے ۲۳۵ھ کوفوت ہوا۔

۴۱۳۱۔تمییز۔عبدالعزیز بن یحییٰ مدنی:

نیشاپور فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ابراہیم بن منذر نے اس کی تکذیب کی ہے۔

۴۱۳۲۔تمییز۔عبدالعزیز بن یحییٰ بن عبدالعزیز بن مسلم کنانی، مکی، صاحب کتاب الحیدہ:

اسے غُول کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے، دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق فاضل'' راوی ہے ۲۳۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۴۱۳۳۔تمییز۔عبدالعزیز بن یحییٰ:

اس نے سعید بن صفوان سے روایت کیا ہے نوویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۱۳۴۔د۔عبدالعزیز، حذیفہ کا بھائی ''اس کا بھانجا بھی کہا جاتا ہے'':

ابن حبان نے اس کی توثیق کی ہے دوسرے طبقہ کا ہے بعض حضرات نے اسے صحابہ میں ذکر کیا ہے۔

۴۱۳۵۔عس۔عبدالغفار بن حکم اموی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوسعید:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔ ۲۷اھ کو فوت ہوا۔

۴۱۳۶۔خ، د، س، ق۔عبدالغفار بن داؤد بن مہران، ابوصالح حرانی:

مصر فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ فقیہ'' راوی ہے بعمر ۸۴ برس صحیح قول کے مطابق ۲۲۴ھ کو فوت ہوا۔

۴۱۳۷۔تمییز۔عبدالغفار بن داؤد:

ابن مبارک سے روایت کرتا ہے دسویں طبقہ کے صغار میں سے ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۱۳۸۔د۔عبدالغنی بن رفاعہ بن عبدالملک، ابوجعفر بن ابوعقیل مصری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ فقیہ'' راوی ہے بعمر ۹۲ برس ۲۵۵ھ کو فوت ہوا۔

۴۱۳۹۔قد۔عبدالغنی بن عبداللہ بن نعیم قینی اردنی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول زاہد'' راوی ہے۔

۴۱۴۰۔س۔عبدالغنی بن عبدالعزیز بن سلام قرشی، ابومحمد عسال مصری:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق فقیہ'' راوی ہے امام شافعی کے اصحاب میں سے ہے ۲۵۱ھ کو فوت ہوا۔

۴۱۴۱۔د، ق۔عبدالقاہر بن سری سلمی، ابورفاعہ یا ابوبشر بصری:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۱۴۲۔د، ت۔عبدالقاہر بن شعیب بن حبحاب، ابوسعید بصری:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے نوویں طبقہ سے ہے۔

۴۱۴۳۔مد۔عبدالقاہر بن عبداللہ:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۱۴۴۔ت، ق۔عبدالقدوس بن بکر بن خنیس، کوفی ابوجہم:

ابوحاتم کا کہنا ہے کہ اس میں کوئی خرابی نہیں ہے، نوویں طبقہ سے ہے۔

۴۱۴۵۔ع۔عبدالقدوس بن حجاج خولانی، ابومغیرہ حمصی:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۱۲ھ کو فوت ہوا۔

۴۱۴۶۔خ،ت،س،ق۔عبدالقدوس بن محمد بن عبدالکبیر بن شعیب بن حبحاب۔عطار بصری:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۱۴۷۔ع۔عبدالکریم بن عبدالمجید بن عبیداللہ بصری، ابوبکر حنفی:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۰۴ھ کو فوت ہوا۔

۴۱۴۸۔م،س۔عبدالکریم بن حارث بن یزید حضرمی، ابوحارث مصری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے اور مستورد سے اس کی روایت منقطع ہے۔

۴۱۴۹۔س۔عبدالکریم بن رشید یا ابن راشد بصری:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۱۵۰۔ق۔عبدالکریم بن روح بن عنبسہ بزاز، ابوسعید بصری:

دسویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۲۱۵ھ کو فوت ہوا۔

۴۱۵۱۔س۔عبدالکریم بن سلیط مروزی:

بصرہ فروکش ہوا، چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۱۵۲۔د۔عبدالکریم بن عبداللہ بن شقیق عقیلی، بصری:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۱۵۳۔ق۔عبدالکریم بن عبدالرحمٰن بجلی، کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۱۵۴۔ع۔عبدالکریم بن مالک جزری، ابوسعید بنوامیہ کا غلام، خضرمی ''یمامہ کی ایک بستی کی طرف نسبت ہے'':

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ متقن'' راوی ہے ۱۲۷ھ کو فوت ہوا۔

۴۱۵۵۔ت۔عبدالکریم بن محمد جرجانی، قاضی:

نویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے ۱۸۰ھ کی حدود میں جوانی کی حالت میں فوت ہوا۔

۴۱۵۶۔خ،م،ل،ت،س،ق۔عبدالکریم بن ابوالمخارق، ابوامیہ معلم، بصری:

مکہ مکرمہ فروکش ہوا، اس کے والد کا نام قیس ہے طارق بھی کہا گیا ہے، چھٹے طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۴۱۵۷۔تمیز۔عبدالکریم عقیلی:

اس نے انس سے روایت کیا ہے یہ بھی احتمال ہے کہ یہ ابن عبداللہ بن شقیق یا ابن وہب، عبدالمجید کا بھائی ہے۔

پانچویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۴۱۵۸۔خ۔عبدالمتعال بن طالب انصاری، ابومحمد بغدادی، بلخی الاصل:

دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۲۲ھ کو فوت ہوا۔

۴۱۵۹۔خ،م،د،س۔عبدالمجید بن سہیل بن عبدالرحمٰن بن عوف زہری، ابووہب وابومحمد:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۴۱۶۰۔م،۴۔عبدالمجید بن عبدالعزیز بن ابورواد:

نویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے غلطی کر جاتا ہے اور مرجی تھا، ابن حبان نے افراط سے کام لیتے ہوئے اسے "متروک" کہا ہے، ۲۰۶ھ کو فوت ہوا۔

۴۱۶۱۔۴۔عبدالمجید بن ابویزید وہب عقیلی، بصری:

ابن معین نے اس کی توثیق کی ہے چوتھے طبقہ سے ہے۔

۴۱۶۲۔م،د،س۔عبدالمطلب بن ربیعہ بن حارث بن عبدالمطلب بن ہاشم ہاشمی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں شام فروکش ہوئے اور ۶۲ھ کو فوت ہوئے، کہا جاتا ہے کہ ان کا نام مطلب ہے۔

☆عبدالملک بن ابجر:

یہ ابن سعید ہے۔ (=۴۱۸۱)

۴۱۶۳۔ خ، د، ت، س۔ عبدالملک بن ابراہیم جُدّی مکی، بنو عبدالدار کا غلام:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۰۴ھ یا ۲۰۵ھ کو فوت ہوا۔

۴۱۶۴۔ ع۔ عبدالملک بن اعین کوفی، بنو شیبان کا غلام:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق شیعہ'' راوی ہے صحیحین میں اس کی صرف ایک حدیث متابعۃً آئی ہے۔

۴۱۶۵۔ د۔ عبدالملک بن ایاس شیبانی، کوفی، اعور:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ عبدالملک بن ایمن:

ابن محمد بن ایمن میں ہے۔ (= ۴۲۰۸)

۴۱۶۶۔ بخ، د، ت، س، ق۔ عبدملک بن ابوبشیر بصری:

مدائن فروکش ہوا، چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۱۶۷۔ ع۔ عبدالملک بن ابوبکر بن عبدالرحمٰن ابن حارث بن ہشام مخزومی، مدنی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ہشام کے ابتدائی دورِ خلافت میں فوت ہوا۔

۴۱۶۸۔ (م)۔ عبدالملک بن ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے مسلم کا اس کی حدیث نقل کرنا ثابت نہیں۔

۴۱۶۹۔ د، ت۔ عبدالملک بن جابر بن عتیک انصاری، مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۱۷۰۔ ت۔ عبدالملک بن ابوجمیلہ:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۱۷۱۔ ق۔ عبدالملک بن حارث بن ہشام:

اس نے اپنے والد سے روایت کیا ہے تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۱۷۲۔ ع۔ عبدالملک بن حبیب ازدی یا کندی، ابوعمران جونی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے چوتھے طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۱۲۸ھ کو فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۴۱۷۳۔ د۔ عبدالملک بن حبیب مصیصی، ابومروان بزار:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۲۳۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۴۱۷۴۔ تمییز۔ عبدالملک بن حبیب اندلسی، ابومروان، الفقیہ المشہور:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق، کمزور حافظے والا، کثیر الغلط'' راوی ہے ۲۳۹ھ کو فوت ہوا۔

۴۱۷۵۔ س۔ عبدالملک بن حسن بن ابوحکیم الجاری'' حارثی بھی کہا جاتا ہے'' مدنی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

☆ عبدالملک بن حسین، ابومالک نخعی:

کنیتوں میں ہے۔ (=۸۳۲۷)

۴۱۷۶۔ ع۔ عبدالملک بن حمید بن ابوغنیّہ، خزاعی کوفی، اصبہانی الاصل:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۱۷۷۔ بخ۔ عبدالملک بن خطاب بن عبیداللہ بن ابوبکرہ ثقفی، بصری:

نوویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۱۷۸۔ م، د، ت، ق۔ عبدالملک بن ربیع بن سبرہ بن معبد جہنی:

عجلی نے اس کی توثیق کی ہے، ساتویں طبقہ سے ہے۔

۴۱۷۹۔ د، س۔ عبدالملک بن زید بن سعید بن زید بن عمرو بن نفیل عدوی مدنی:

نسائی کا کہنا ہے کہ اس میں کوئی خرابی نہیں ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۴۱۸۰۔ خ، د، ت۔ عبدالملک بن سعید بن جبیر اسدی'' ولاء کی وجہ سے ہے'' کوفی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے چھٹے طبقہ سے ہے۔

۴۱۸۱۔م،د،ت،س۔عبدالملک بن سعید بن حیان ابن ابجر،کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے۔

36

۴۱۸۲۔م،د،س،ق۔عبدالملک بن سعید بن سوید انصاری،مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۱۸۳۔س۔عبدالملک بن سلع ہمدانی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۱۸۴۔خت،م،۴۔عبدالملک بن ابوسلیمان میسرہ عرزمی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس سے اوہامات سرزد ہوئے ہیں ۱۴۵ھ کوفوت ہوا۔

۴۱۸۵۔م،د،س۔عبدالملک بن شعیب بن لیث بن سعد فہمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مصری ابوعبداللہ:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۴۸ھ کوفوت ہوا۔

۴۱۸۶۔خ،م،س،ق۔عبدالملک بن صباح مسمعی،ابومحمد صنعانی ثم بصری:

صدوق راوی ہے ۲۰۰ھ کوفوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

۴۱۸۷۔تمییز۔عبدالملک بن صباح:

اس نے مالک سے روایت کیا ہے، خلیلی نے کہا کہ یہ حدیث چوری کرتا تھا، دسویں طبقہ سے ہے۔

۴۱۸۸۔س۔عبدالملک بن طفیل جزری:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۱۸۹۔قد۔عبدالملک بن عبداللہ بن محمد بن سیرین بصری:

ساتویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۴۱۹۰۔س۔عبدالملک بن عبدالمجید بن عبدالحمید بن میمون بن مہران جزری ثم الرقی، ابوالحسن میمونی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ فاضل'' راوی ہے بیس برس سے زائد عرصہ امام احمد کی خدمت میں رہا، ۱۰۰ برس کے قریب

عمر پا کر ۱۷۱ھ کو فوت ہوا۔

۴۱۹۱۔ د،س۔ عبدالملک بن عبدالرحمٰن بن ہشام، ابوہشام ذماری، اَبنا وی:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے نویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے تصحیف کرتا تھا۔

۴۱۹۲۔ تمییز۔ عبدالملک بن عبدالرحمٰن شامی، ابوالعباس:

بصر دفروش ہوا، نویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے جس نے اسے پہلے راوی سے ملایا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۴۱۹۳۔ ع۔ عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج اموی "ولاء کی وجہ سے ہے" مکی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ فقیہ فاضل" راوی ہے تاہم تدلیس اور ارسال کرتا تھا ۱۵۰ھ یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۴۱۹۴۔ م،س۔ عبدالملک بن عبدالعزیز قشیری، نسائی، ابونصر تمار:

نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے "ثقہ عابد" راوی ہے بعمر ۹۱ برس ۲۲۸ھ کو فوت ہوا۔

۴۱۹۵۔ کد،س،ق۔ عبدالملک بن عبدالعزیز بن عبداللہ بن ابوسلمہ ماجشون، ابومروان مدنی، فقیہ، اہل مدینہ کا مفتی:

نویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے تاہم روایت حدیث میں اس سے غلطیاں ہوئی ہیں اور یہ امام شافعی کا رفیق تھا، ۲۱۳ھ کو فوت ہوا۔

۴۱۹۶۔ س۔ عبدالملک بن عبید سدوسی:

چھٹے طبقہ کا "مجہول الحال" راوی ہے۔

۴۱۹۷۔ س۔ عبدالملک بن عبید یا ابن عبیدہ:

پانچویں طبقہ کا "مجہول الحال" راوی ہے۔

۴۱۹۸۔ س۔ عبدالملک بن عمرو بن قیس انصاری، مدنی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۴۱۹۹۔ ع۔ عبدالملک بن عمرو قیسی، ابوعامر عقدی:

نویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۰۴ھ یا ۲۰۵ھ کو فوت ہوا۔

۴۲۰۰۔ ع۔ عبدالملک بن عمیر بن سوید لخمی، حلیف بنو عدی، کوفی ''فرس کی طرف نسبت کرتے ہوئے فرسی بھی کہا جاتا ہے اور قبطی بھی کہا جاتا تھا'':

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ فصیح عالم'' راوی ہے تاہم اس کا حافظہ متغیر ہوگیا تھا اور بسا اوقات تدلیس کرتا تھا، بعمر ۱۰۳ برس ۱۳۶ھ کو فوت ہوا۔

۴۲۰۱۔ ت۔ عبدالملک بن علّاق:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ عبدالملک بن عیاش:

عبدالرحمٰن بن عیاش کے ترجمہ میں ہے۔ (=۳۹۷۶)

۴۲۰۲۔ ت۔ عبدالملک بن عیسیٰ بن عبدالرحمٰن بن العلاء بن جاریہ ثقفی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۲۰۳۔ د، س، ق۔ عبدالملک بن قتادہ بن ملحان ''قتادہ کی جگہ ابن قدامہ بھی کہا جاتا ہے اور عبدالملک بن منہال بھی کہا جاتا ہے'':

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۲۰۴۔ ق۔ عبدالملک بن قدامہ بن ابراہیم بن محمد ابن حاطب جمحی، مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۴۲۰۵۔ م، د، ت۔ عبدالملک بن قریب بن عبدالملک بن علی بن اصمع، ابوسعید باہلی اصمعی، بصری:

نویں طبقہ کا ''صدوق سنی'' راوی ہے ۹۰ برس کے قریب عمر پاکر ۲۱۶ھ کو فوت ہوا، وقیل غیرذلک۔

☆ عبدالملک بن کردوس، ابوعبدالدائم ہدادی:

کنیتوں میں ہے۔ (=۸۲۱۸)

۴۲۰۶۔د۔عبدالملک بن ابوکریمہ انصاری "ولاء کی وجہ سے ہے" مغربی:

دسویں طبقہ کا "صدوق صالح" راوی ہے ۲۰۴ھ کو فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۱۰ھ کو ہوا۔

☆عبدالملک بن ماجشون:

یہ ابن عبدالعزیز ہے گزر چکا۔ (=۴۱۹۵)

۴۲۰۷۔ع،د،ت،س۔عبدالملک بن ابومحذورہ جمحی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۴۲۰۸۔د۔عبدالملک بن محمد بن ایمن:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے دسویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۴۲۰۹۔س۔عبدالملک بن محمد بن نُسیر کوفی:

چھٹے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۴۲۱۰۔ق۔عبدالملک بن محمد بن محمد بن عبداللہ بن محمد بن عبدالملک رَقاشی، ابوقلابہ بصری:

اسے ابومحمد کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے اور ابوقلابہ اس کا لقب ہے گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے غلطی کرجاتا ہے جب بغداد فروکش ہوا تو اس کا حافظہ متغیر ہو گیا تھا۔ عمر ۸۶ برس ۲۷۶ھ کو فوت ہوا۔

۴۲۱۱۔د،س،ق۔عبدالملک بن محمد حمیری، بَرْسَمی "اہل صنعاء دمشق میں سے ہے":

نویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۴۲۱۲۔س۔عبدالملک بن مروان بن حارث بن ابوذُباب، دوسی مدنی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۴۲۱۳۔تخ۔عبدالملک بن مروان بن حکم بن ابوعاص اموی، ابوولید مدنی ثم الدمشقی:

خلافت سے پہلے علم کا طالب تھا پھر جب امور خلافت میں مشغول ہوا تو اس کا حال بدل گیا ۱۳سال تک استقلالاً اور اس سے پہلے نو سال تک ابن زبیر سے متنازعاً حاکم رہا، چوتھے طبقہ سے ہے، ۶۰ برس سے زائد عمر پا کر شوال میں

۸۶ھ کو فوت ہوا۔

۴۲۱۴۔د۔عبدالملک بن مروان بن قارظ، بصری حذاء، طیالسی کا پڑوسی، ابومروان، مسجد ابو عاصم کا امام:

گیارہویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۰۵ھ کو فوت ہوا۔

۴۲۱۵۔تمیز۔عبدالملک بن مروان اہوازی، ابوبشر:

رقہ کے مقام پر فروکش ہوا، گیارہویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے ۲۵۶ھ کو فوت ہوا۔

۴۲۱۶۔ت،س۔عبدالملک بن مسلم بن سلام حنفی، ابوسلام کوفی:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ شیعہ" راوی ہے۔

۴۲۱۷۔عس۔عبدالملک بن مسلم رقاشی، ابوقلابہ (جس کا ذکر سابقہ صفحات میں گزرا) کے دادا:

ساتویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

☆عبدالملک بن معدان:

ابن ولید کے ترجمہ میں آئے گا۔ (=۴۲۲۷)

۴۲۱۸۔م،د،س،ق۔عبدالملک بن معن بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود ہذلی، ابوعبیدہ مسعودی:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۴۲۱۹۔ر،ق۔عبدالملک بن مغیرہ بن نوفل بن حارث بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف ہاشمی، نوفلی، ابومحمد:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۴۲۲۰۔مد،ت۔عبدالملک بن مغیرہ طائفی:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆عبدالملک بن منہال:

ابن قتادہ کے ترجمہ میں ہے۔ (=۴۲۰۳)

۴۲۲۱۔ع۔عبدالملک بن میسرہ ہلالی، ابوزید عامری کوفی، زراد:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۲۲۲۔تمییز۔عبدالملک بن میسرہ بصری:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۲۲۳۔تمییز۔عبدالملک بن میسرہ شامی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۲۲۴۔س۔عبدالملک بن نافع شیبانی، کوفی، قعقاع کا بھتیجا ''اسے قعقاع کا بیٹا بھی کہا جاتا ہے'':

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۲۲۵۔خد، ق۔عبدالملک بن ابونضرہ عبدی، بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے۔

۴۲۲۶۔د، ت، س۔عبدالملک بن نوفل بن مساحق بن عبداللہ بن مخرمہ عامری، عامر قریش، مدنی:

اسے ابونوفل کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۲۲۷۔ت، ق۔عبدالملک بن ولید بن معدان ضبعی، بصری:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۴۲۲۸۔س۔عبدالملک بن یسار ہلالی، مدنی، میمونہ کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۱۰ھ کو فوت ہوا۔

۴۲۲۹۔مت۔عبدالملک بن یعلیٰ لیثی، بصری، قاضی بصرہ:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

☆ عبدالملک اعور:

یہ ابن ایاس ہے گزر چکا۔ (۴۱۶۵=)

☆عبدالملک ذماری، صنعانی:

یہ ابن محمد ہے گزر چکا۔

۴۲۳۰۔ق۔عبدالملک زبیری:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۲۳۱۔س۔عبدالملک قیسی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۲۳۲۔ق۔عبدالملک، ابوجعفر، بصری ''مدنی بھی کہا جاتا ہے'':

اس نے ابونضرہ سے روایت کیا ہے، ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے یہ بھی احتمال ہے کہ یہ ابن ابونضرہ ہو۔(=۴۲۲۵)

۴۲۳۳۔مد۔عبدالملک ابن اخی عمرو بن حریث ''کہا جاتا ہے کہ یہ ابن سعد ہے'':

کہا گیا ہے کہ یہ عبدالملک بن عمرو بن حریث ہے اور عمرو بن عبدالملک بن حویرث بھی کہا گیا ہے، تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے اس نے کچھ مرسلاً روایت کیا ہے۔

☆عبدالملک:

اس نے عطاء سے روایت کیا ہے اور یہ ابن ابوسلیمان ہے۔(=۴۱۸۴)

☆عبدالملک:

اس نے عکرمہ سے روایت کیا ہے یہ ابن ابوبشیر ہے۔(=۴۱۲۶)

☆عبدالملک:

اس نے مجاہد سے روایت کیا ہے اور یہ ابن جریج ہے۔(=۴۱۹۳)

☆عبدالملک:

اس نے اپنے والد سے روایت کیا ہے اور یہ ابن قدامہ ہے۔(=۴۲۰۳)

۴۲۳۴۔ت۔عبدالمنعم بن نعیم اسواری،ابوسعید بصری،صاحب سقاء:

آٹھویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

۴۲۳۵۔ت،ق۔عبدالمہیمن بن عباس بن سہل بن سعد ساعدی انصاری مدنی:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۷۰اھ کے بعد فوت ہوا۔

۴۲۳۶۔د،ت،س۔عبدالمؤمن بن خالد حنفی،ابوخالد مروزی قاضی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۴۲۳۷۔قد،فق۔عبدالمؤمن بن عبیداللہ سدوسی،ابوعبیدہ بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۲۳۸۔خ،م،س۔عبدالواحد بن ایمن مخزومی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوقاسم مکی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے پانچویں طبقہ سے ہے۔

۴۲۳۹۔م،ت،س۔عبدالواحد بن حمزہ بن عبداللہ بن زبیر اسدی،ابوحمزہ مدنی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے چھٹے طبقہ سے ہے۔

۴۲۴۰۔ع۔عبدالواحد بن زیاد عبدی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے تاہم اکیلے اعمش سے اس کی حدیث میں کلام ہے، ۷۶اھ کو فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۴۲۴۱۔ت۔عبدالواحد بن سلیم مالکی،بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۴۲۴۲۔ق۔عبدالواحد بن صالح:

گیارہویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۲۴۳۔ فق۔ عبدالواحد بن صفوان بن ابوعیاش اموی، عثمان کا غلام، مدنی:

بصرہ میں فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۲۴۴۔ خ، بم۔ عبدالواحد بن عبداللہ بن کعب بن عمیر نصری، ابوبُسر دمشقی ''حمصی بھی کہا جاتا ہے'':

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۲۴۵۔ تمییز۔ عبدالواحد بن عبداللہ بن بسر مازنی، حمصی:

ابن جوصاء نے کہا ہے کہ یہ پہلے والا راوی نہیں ہے جبکہ ابوزرعہ دمشقی نے ان دونوں کو ملادیا ہے اور یہ پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۲۴۶۔ خت، ق۔ عبدالواحد بن ابوعون مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غلطی کرجاتا ہے ۱۴۴ھ کو فوت ہوا۔

۴۲۴۷۔ د۔ عبدالواحد بن غیاث بصری، ابوبحر صیرفی:

نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۲۴۰ھ کو فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

۴۲۴۸۔ ق۔ عبدالواحد بن قیس سلمی، ابوحمزہ دمشقی، افطس نحوی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس سے اوہامات اور مرسل احادیث آئی ہیں۔

۴۲۴۹۔ خ، ت، د، س۔ عبدالواحد بن واصل سدوسی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوعبیدہ حداد بصری:

بغداد فروکش ہوا، نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ازدی نے بلادلیل اس پر کلام کیا ہے ۱۹۰ھ کو فوت ہوا۔

۴۲۵۰۔ س۔ عبدالوارث ''عبدالاکبر اور عبدالاکرم بھی کہا جاتا ہے'' ابن ابوحنیفہ کوفی، شعبہ کا شیخ:

اس کے صحابی ہونے کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے، ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۲۵۱۔ ع۔ عبدالوارث بن سعید بن ذکوان عنبری ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوعبیدہ تنوری، بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے اس پر قدری ہونے کا الزام لگایا گیا ہے مگر اس کا قدری ہونا ثابت

نہیں، ۱۸۰ھ کو فوت ہوا۔

۴۲۵۲۔ م، ت، س، ق۔ عبدالوارث بن عبدالصمد بن عبدالوارث، ابوعبیدہ، اس سے پہلے والے راوی کا پوتا:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۲ھ کو فوت ہوا۔

۴۲۵۳۔ ت۔ عبدالوارث بن عبیداللہ عتکی، مروزی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۳۹ھ کو فوت ہوا۔

۴۲۵۴۔ د، س، ق۔ عبدالوہاب بن بخت، مکی:

پہلے شام پھر مدینہ فروکش ہوا، پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۳۲ھ کو فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۱۱ھ کو ہوا۔

۴۲۵۵۔ د، س۔ عبدالوہاب بن ابوبکر مدنی، وکیل زہری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ابوداؤد نے کہا ہے کہ یہ ابن بخت ہے جبکہ دارقطنی کا کہنا ہے کہ جس نے اسے عبدالوہاب بن بخت سمجھا ہے اس سے غلطی ہوئی ہے۔

☆ عبدالوہاب بن حکم:

یہ ابن عبدالحکم ہے آ رہا ہے۔ (=۴۲۵۹)

۴۲۵۶۔ س، ق۔ عبدالوہاب بن سعید بن عطیہ سلمی، ابومحمد دمشقی:

وہب سے معروف ہے دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۲۵۷۔ ق۔ عبدالوہاب بن ضحاک بن ابان عرضی، ابوحارث حمصی:

سلمیہ فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ابوحاتم نے اس کی تکذیب کی ہے ۲۴۵ھ کو فوت ہوا۔

۴۲۵۸۔ تمییز۔ عبدالوہاب بن ضحاک نیشاپوری:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۲۵۹۔ د، ت، س۔ عبدالوہاب بن عبدالحکم بن نافع، ابوالحسن وراق بغدادی:

اسے ابن حکم بھی کہا جاتا ہے، گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۵۵ھ کو فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے

بعد ہوا۔

۴۲۶۰۔ د۔ عبد الوہاب بن عبد الرحیم بن عبد الوہاب اشجعی، ابو عبداللہ دمشقی، جوبری "جعفری کے وزن پر ہے":

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۲۴۹ھ کو فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۵۰ھ کو ہوا۔

۴۲۶۱۔ ع۔ عبد الوہاب بن عبد المجید بن صلت ثقفی، ابو محمد بصری:

آٹھویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے اس کی وفات سے تین سال پہلے اس کا حافظہ متغیر ہو گیا تھا، ۸۰ برس کے قریب عمر پا کر ۱۹۴ھ کو فوت ہوا۔

۴۲۶۲۔ خ م، ۴۔ عبد الوہاب بن عطاء خفاف، ابو نصر عجلی "ولاء کی وجہ سے ہے" بصری:

بغداد فروکش ہوا، نویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے بسا اوقات خطاء کر جاتا ہے، عباس کی فضیلت کے متعلقہ محدثین نے اس کی حدیث کا انکار کیا ہے اور کہا جاتا ہے اس حدیث میں اس نے ثور سے تدلیس کی ہے، ۲۰۴ھ کو فوت ہوا، اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ۲۰۶ھ کو ہوا۔

۴۲۶۳۔ ق۔ عبد الوہاب بن مجاہد بن جبر مکی:

ساتویں طبقہ کا "متروک" راوی ہے ثوری نے اس کی تکذیب کی ہے۔

۴۲۶۴۔ د س۔ عبد الوہاب بن نجدہ، حوطی، ابو محمد:

دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۳۲ھ کو فوت ہوا۔

☆ عبد الوہاب بن ورد:

صحیح قول کے مطابق یہ وہیب ہے عنقریب آئے گا۔ (=۴۸۹۷)

۴۲۶۵۔ ت۔ عبد الوہاب بن یحییٰ بن عباد بن عبداللہ ابن زبیر:

پانچویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۴۲۶۶۔ خت، م، ت۔ عبد "اضافت کے بغیر ہے" ابن حمید بن نصر کشی، ابو محمد:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام عبد الحمید ہے ابن حبان اور دیگر حضرات نے اسی پر اعتماد کیا ہے، گیارہویں طبقہ کا "ثقہ

حافظ' راوی ہے ۳۹ھ کو فوت ہوا۔

☆عبد بن عبد جدلی:

یہ ابوعبداللہ ہے آئے گا۔(=۸۲۰۷)

۴۲۶۷۔ق۔عبد مزنی، یزید کا والد:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے عقیقہ کے بارے میں حدیث آئی ہے۔

☆عبدان بن حریث:

درست عیزار ہے عنقریب آئے گا۔(=۵۲۸۳)

۴۲۶۸۔تخ۔عبدہ بن حزن نصری، ابوولید کوفی:

اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے اسے نصر بن حزن بھی کہا جاتا ہے، بکریاں چرانے کے بارے میں اس سے حدیث مروی ہے۔

۴۲۶۹۔ع۔عبدہ بن سلیمان کلابی، ابومحمد کوفی:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عبدالرحمٰن ہے آٹھویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے "ثقہ پختہ کار" راوی ہے ۸۷ھ کو فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۴۲۷۰۔د۔عبدہ بن سلیمان مروزی:

مصیصہ فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ابن عدی نے ذکر کیا ہے کہ بخاری نے اس کی حدیث نقل کی ہے مگر صحیح بخاری میں ہمیں اس کی حدیث نہیں ملی، کہا جاتا ہے کہ ۳۹ھ کو فوت ہوا۔

۴۲۷۱۔تمییز۔عبدہ بن سلیمان بصری:

مصر فروکش ہوا، بارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۳۷ھ کو فوت ہوا۔

۴۲۷۲۔خ ۴۔عبدہ بن عبداللہ صفار خزاعی، ابوسہل بصری، کوفی الاصل:

گیارہویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۵۸ھ کو فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۵۹ھ کو ہوا۔

۴۲۷۳۔ خ، س۔ عبدہ بن عبدالرحیم بن حسان مروزی، ابوسعید:

دمشق فروکش ہوا، دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۲۴۴ھ کو فوت ہوا۔

۴۲۷۴۔ خ، م، ل، ت، س، ق۔ عبدہ بن ابولبابہ اسدی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مولا قریش بھی کہا جاتا ہے ''ابو القاسم بزاز، کوفی:

دمشق فروکش ہوا، چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

عُبَید اللہ نام کے راویوں کے ذکر

۴۲۷۵۔ع۔عبید اللہ بن اخنس نخعی، ابو مالک خزاز:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ابن حبان نے کہا ہے کہ غلطی کر جاتا ہے۔

۴۲۷۶۔رخ، م، د، س۔عبید اللہ بن اسود''ابن اسد بھی کہا جاتا ہے''خولانی، ام المؤمنین میمونہ کے پروردہ:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆عبید اللہ بن اصم:

یہ ابن عبد اللہ ہے آئے گا۔(=۴۳۰۴)

☆عبید اللہ بن انس بن مالک انصاری، بصری:

(کتاب) الادب (للبخاری) میں اسی طرح ''عن ابی بکر بن عبید اللہ عن ابیہ عن جدہ'' ہے درست ''عن عبید اللہ بن ابی بکر عن جدہ'' ہے یہ بات ترمذی نے کہی ہے اور عبید اللہ بن ابوبکر کا ذکر عنقریب آرہا ہے۔(=۴۲۷۹)

۴۲۷۷۔بخ، م، د، ت، س، ق۔عبید اللہ بن ایاد بن لقیط سدوسی، ابو سلیل، کوفی:

اپنی قوم کا سردار تھا، ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اکیلے بزار نے اسے قدرے کمزور کہا ہے ۱۶۹ھ کو فوت ہوا۔

☆عبید اللہ بن ابو بردہ:

یہ ابن مغیرہ آئے گا۔(=۴۳۴۲)

۴۲۷۸۔ت، س۔عبید اللہ بن بُسر حمصی:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے ترمذی نے کہا ہے کہ شاید یہ عبد اللہ بن بسر مازنی صحابی کا بھائی ہو۔

۴۲۷۹۔ع۔عبیداللہ بن ابوبکر بن انس بن مالک، ابومعاذ:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۲۸۰۔ق۔عبیداللہ بن جریر بن عبداللہ بجلی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۲۸۱۔ع۔عبیداللہ بن ابوجعفر مصری، ابوبکر فقیہ۔ بنوکنانہ یا بنوامیہ کا غلام:

کہا جاتا ہے کہ اس کے والد کا نام یسار ہے پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، امام احمد سے نقل کیا گیا ہے کہ انہوں نے اسے قدرے کمزور کہا ہے اور یہ فقیہ عابد تھا، ابوحاتم نے کہا ہے کہ یہ یزید بن ابوحبیب کی مثل ہے ۱۳۲ھ کو فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ ۱۳۴ھ یا ۱۳۵ھ یا ۱۳۶ھ کو فوت ہوا۔

۴۲۸۲۔ق۔عبیداللہ بن جہم انماطی بصری:

گیارھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۲۵۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۴۲۸۳۔م، خد۔عبیداللہ بن حسن بن حصین بن ابوحر عنبری، بصری، قاضی بصرہ:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ فقیہ'' راوی ہے مگر محدثین نے ایک مسئلہ میں اس کی عیب جوئی کی ہے جس میں اس نے ادلہ کو برابر کہا ہے، ۱۶۸ھ کو فوت ہوا، صحیح مسلم میں صرف ایک ہی مقام پر جنائز میں اس سے حدیث آئی ہے۔

☆عبیداللہ بن حصین:

یہ ابن عبداللہ ہے آئے گا۔(=۴۳۰۸)

☆عبیداللہ بن حفص بن انس بن مالک ''اسی طرح آیا ہے'':

درست حفص بن عبیداللہ بن انس ہے اسی وجہ سے اس کی حدیث نقل کرتے وقت بخاری نے اس کے نام کو مخفی رکھا ہے۔(=۱۴۱)

۴۲۸۴۔د۔عبیداللہ بن حمید بن عبدالرحمن حمیری، بصری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۲۸۵۔ق۔عبیداللہ بن ابوحمید ہذلی، ابوخطاب بصری "ابوحمید کا نام غالب ہے":

ساتویں طبقہ کا "متروک الحدیث" راوی ہے۔

۴۲۸۶۔س،ق۔عبیداللہ بن خلیفہ، ابوغریف، ہمدانی مرادی کوفی:

تیسرے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے اس پر شیعیت کا الزام لگایا گیا ہے۔

۴۲۸۷۔تمییز۔عبیداللہ بن خلیفہ کوفی:

اس نے عمر سے روایت کیا ہے اور اس سے زہری نے روایت کیا ہے تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۴۲۸۸۔ع۔عبیداللہ بن رافع مدنی، مولی النبی ﷺ

حضرت علی کا کاتب تھا اور یہ تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

☆عبیداللہ بن ابورافع:

اس نے داؤد بن حصین سے روایت کیا ہے اور اس سے مندل نے روایت کیا ہے، ابن ماجہ میں وہماً ایسے ہی آیا ہے جبکہ درست محمد بن عبیداللہ ہے، ق۔(=۶۱۰۶)

☆عبیداللہ بن ابوزائدہ:

اس نے ابن عباس سے روایت کیا ہے، الکشمیہنی کی روایت میں کتاب الطہارۃ میں عبیداللہ بن ابوزائدہ ہی آیا ہے مگر یہ وہم ہے درست عبیداللہ بن ابویزید ہے، خ۔(=۴۳۵۴)

۴۲۸۹۔د۔عبیداللہ بن زُبَیب تمیمی، عنبری:

صاحب کمال نے ذکر کیا ہے کہ اس سے اس کے بیٹے شعیث نے روایت کیا ہے سنن ابی داؤد کی روایت میں "عن ابیہ" موجود نہیں بلکہ "شعیث عن جدہ الزبیب" ہے تاہم مطین کی روایت میں "عن ابیہ عن جدہ" آیا ہے۔اور عبیداللہ کو ابن حبان نے ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے اور یہ تیسرے طبقہ کا راوی ہے۔

۴۲۹۰۔بخ،م۔عبیداللہ بن زحر، ضمری "ولاء کی وجہ سے ہے" افریقی:

چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے غلطی کر جاتا ہے۔

37

۴۲۹۱۔خت۔عبیداللہ بن ابوزیاد رصافی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۲۹۲۔د،ت،ق۔عبیداللہ بن ابوزیاد قداح،ابوالحصین مکی:

پانچویں طبقہ سے ہے مضبوط نہیں ہے ۱۵۰ھ کو فوت ہوا۔

۴۲۹۳۔د۔عبیداللہ بن زیادہ ''زیاد بھی کہا جاتا ہے'' ابوزیادہ بکری یا کندی،دمشقی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اور بلال سے اس کی روایت مرسل ہے۔

۴۲۹۴۔خ،د،ت،س۔عبیداللہ بن سعد بن ابراہیم بن سعد بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف زہری، ابوالفضل بغدادی،قاضی اصبہان:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بعمر ۷۵ برس ۲۶۰ھ کو فوت ہوا۔

۴۲۹۵۔بخت۔عبیداللہ بن سعید بن مسلم جعفی،ابومسلم کوفی،قائدِ اعمش:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۴۲۹۶۔خ،م،س۔عبیداللہ بن سعید بن یحییٰ یشکری،ابوقدامہ سرخسی:

نیشاپور فروکش ہوا،دسویں طبقہ کا ''ثقہ مامون سنی'' راوی ہے ۲۴۱ھ کو فوت ہوا۔

☆عبیداللہ بن سعید اموی:

یہ عبید ہے آئے گا۔(=۴۳۷۴)

۴۲۹۷۔د۔عبیداللہ بن سعید ثقفی،کوفی:

اس نے مغیرہ سے روایت کیا ہے چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے،ابن حبان نے اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ مغیرہ سے اس کی حدیث منقطع ہے۔

۴۲۹۸۔د۔عبیداللہ بن سلمان:

اس نے ایک صحابی (رضی اللہ عنہ) سے فتح خیبر کے بارے میں روایت کیا ہے اور اس سے ابوسلام نے روایت کیا

ہے تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۲۹۹۔خ،ت،کن،ق۔عبیداللہ بن سلمان اغر:

یہ ابن ابوعبداللہ ہے چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۳۰۰۔تمییز۔عبیداللہ بن سلمان عبدی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۳۰۱۔ت۔عبیداللہ بن شمیط ابن عجلان شیبانی،بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۸۱ھ کو فوت ہوا۔

۴۳۰۲۔د،ق۔عبیداللہ بن طلحہ بن عبیداللہ بن کریز،ابومطرف:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆عبیداللہ بن عامر:

عبدالرحمن کے ترجمہ میں ہے۔(=۳۹۰۹)

۴۳۰۳۔س۔عبیداللہ بن عباس بن عبدالمطلب ہاشمی،نبی کریم ﷺ کا چچازاد بھائی،ابومحمد،عبداللہ بن عباس کا حقیقی بھائی:

صغار صحابہ میں سے ہے مدینہ منورہ میں ۵۸ھ کو فوت ہوا۔

☆عبیداللہ بن عباس:

درست عباس بن عبیداللہ ہے۔(=۳۱۷۸)

۴۳۰۴۔م،د،س،ق۔عبیداللہ بن عبداللہ بن عبداللہ بن اصم عامری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۳۰۵۔ت،س،ق۔عبیداللہ بن عبداللہ بن اقرم خزاعی،حجازی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۳۰۶۔ت۔عبیداللہ بن عبداللہ بن عبداللہ بن ثعلبہ انصاری، مدنی ''عبداللہ بن عبیداللہ بھی کہا گیا ہے'' زہری کا شیخ:

تیسرے طبقہ کا ''غیر معروف'' راوی ہے اس پر اس کی حدیث کی سند میں اختلاف کیا گیا ہے۔

۴۳۰۷۔ع۔عبیداللہ بن عبداللہ بن ابوثور مدنی، بنو نوفل کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆عبیداللہ بن عبداللہ بن حارث بن نوفل بن حارث بن عبدالمطلب بن ہاشم، ''عبداللہ بھی کہا گیا ہے'' مکبر:

گزر چکا ہے (=۴۳۰۴)

۴۳۰۸۔س۔عبیداللہ بن عبداللہ بن حصین بن محصن انصاری، خطمی، ابومیمون مدنی، ''عبداللہ بھی کہا گیا ہے'' مکبر:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے چوتھے طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

☆عبیداللہ بن عبداللہ بن رافع بن خدیج:

عبیداللہ بن عبدالرحمن کے ترجمہ میں آئے گا۔(=۴۳۱۳)

۴۳۰۹۔ع۔عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود ہذلی، ابوعبداللہ مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ فقیہ پختہ کار'' راوی ہے ۹۴ھ کو فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۹۸ھ کو فوت ہوا وغیرہ بھی۔

☆عبیداللہ بن عبداللہ بن عثمان:

عبداللہ کے ترجمہ میں گزر چکا نسائی کی روایت میں عثمان کی جگہ عمر ہے۔(=۴۳۱۲)

۴۳۱۰۔ع۔عبیداللہ بن عبداللہ بن عمر بن خطاب عدوی مدنی، ابوبکر، سالم کا حقیقی بھائی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۶ھ کو فوت ہوا۔

۴۳۱۱۔بخ، د، ت، عس، ق۔عبیداللہ بن عبداللہ بن موہب، ابویحییٰ تیمی، مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۳۱۲۔د،س،ق۔عبید اللہ بن عبداللہ، ابومُنیب، عتکی، مروزی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غلطی کر جاتا ہے۔

☆عبید اللہ بن عبدالرحمٰن بن ابوذباب:

عبداللہ کے ترجمہ میں ہے۔(=۳۴۲۷)

۴۳۱۳۔د،ت،س۔عبید اللہ بن عبدالرحمٰن بن رافع انصاری ''ابن عبداللہ بھی کہا جاتا ہے'':

یہ حدیث بئر بضاعہ کا راوی ہے اور چوتھے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۴۳۱۴۔ر،س،ق۔عبید اللہ بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن موہب تیمی، ''عبداللہ بھی کہا جاتا ہے'':

اس نے اپنے چچا عبید اللہ بن عبداللہ بن موہب سے روایت کیا ہے ساتویں طبقہ سے ہے مضبوط نہیں ہے۔

☆عبید اللہ بن عبدالرحمٰن:

اس نے ام سلمہ سے روایت کیا ہے اور اس سے زید نے روایت کیا ہے۔درست عبداللہ ہے گزر چکا۔(=۳۴۲۵)

۴۳۱۵۔کن۔عبید اللہ بن عبداللہ:

کہا جاتا ہے کہ اس کے دادا کا نام سائب بن عمیر ہے چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۳۱۶۔م،ت،س،ق۔عبید اللہ بن عبدالکریم بن یزید بن فروخ، ابوزرعہ رازی:

گیارہویں طبقہ کا ''امام حافظ ثقہ مشہور'' راوی ہے بعمر ۶۴ برس ۲۶۴ھ کو فوت ہوا۔

۴۳۱۷۔ع۔عبید اللہ بن عبدالمجید حنفی، ابوعلی بصری:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے امام یحییٰ بن معین کا اسے ضعیف کہنا ثابت نہیں، ۲۰۹ھ کو فوت ہوا۔

۴۳۱۸۔خ،م،ت،س،ق۔عبید اللہ بن عبیدالرحمٰن اشجعی، ابوعبدالرحمٰن کوفی:

نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ مامون'' راوی ہے ثوری کی احادیث میں اس کی کتاب تمام لوگوں سے زیادہ قابل اعتماد ہے ۱۸۲ھ کو فوت ہوا۔

۴۳۱۹۔ د، ق۔ عبید اللہ بن عبید، ابو وہب کلاعی:

چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۱۳۲ھ کو فوت ہوا۔

☆ عبید اللہ بن عتبہ:

درست عبید اللہ بن ابو عتبہ ہے۔ (=۴۳۶۴)

۴۳۲۰۔ خ، م، د، س۔ عبید اللہ بن عدی بن خیار، ابن عدی بن نوفل بن عبد مناف قرشی نوفلی، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے ۱۳۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۴۶۹۳۔س۔علی بن بکار بصری، زاہد:

ثغر کی سرحدی چھاؤنی میں فروکش ہوا، نوویں طبقہ کا ''صدوق عابد'' راوی ہے ۲۰۷ھ سے پہلے یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۴۶۹۴۔تمییز۔علی بن بکار مصیصی، دوسرا:

پہلے والے راوی سے متاخر ہے دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۴۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۴۶۹۵۔ت،ق۔علی بن ابوبکر بن سلیمان اسفذنی ''مرو کی ایک بستی کی طرف نسبت ہے'':

نوویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے اور عبادت گزار تھا۔

۴۶۹۶۔د،ت۔علی بن ثابت جزری، ابواحمد ہاشمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

نوویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے، ازدی نے بلا دلیل اس کی تضعیف کی ہے۔

۴۶۹۷۔س،ق۔علی بن ثابت دہان عطار کوفی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۲۱۹ھ میں فوت ہوا۔

۴۶۹۸۔خ،د۔علی بن جعد بن عبید جوہری، بغدادی:

نوویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے ۲۳۰ھ میں فوت ہوا۔

۴۶۹۹۔ت۔علی بن جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی علوی، موسیٰ کا بھائی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''مقبول'' راوی ہے ۲۱۰ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۰۰۔خ،م،ت،س۔علی بن حجر ابن ایاس سعدی، مروزی:

پہلے بغداد پھر مرو فروکش ہوا، نوویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۱۰۰ برس کے قریب یا ۱۰۰ برس عمر پا کر ۲۴۴ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۰۱۔س۔علی بن حرب بن محمد بن علی طائی:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق فاضل'' راوی ہے نوے برس سے متجاوز عمر پا کر ۲۶۵ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۰۲۔تمییز۔علی بن حرب بن عبدالرحمٰن جُندَیسا پوری:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۵۸ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۰۳۔ق۔علی بن حَزوّر، کوفی ''یہ علی ابن ابو فاطمہ ہے'':

چھٹے طبقہ کا ''متروک، متشدد شیعہ'' راوی ہے ۳۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۴۷۰۴۔ق۔علی بن حسن بن ابوحسن بزّاد، مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۷۰۵۔م،ق۔علی بن حسن بن سلیمان حضرمی، واسطی الاصل، کوفی، المعروف ابوشعثاء:

اس کی کنیت ابوالحسن یا حسین ہے دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۳۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۴۷۰۶۔ع۔علی بن حسن بن شقیق، ابوعبدالرحمٰن مروزی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۱۵ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

۴۷۰۷۔د۔علی بن حسن بن موسیٰ ہلالی ''یہ ابن ابوعیسیٰ دارابجردی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۶۷ھ میں فوت ہوا۔

☆علی بن حسن بن نشیط:

علی ابن حفص کے ترجمہ میں آئے گا۔ (=۴۷۲۰)

۴۷۰۸۔س۔علی بن حسن اللانی، کوفی:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۷۰۹۔ت۔علی بن حسن کوفی:

گویا یہ پہلے والا ہی راوی ہے۔

۴۷۱۰۔تمییز۔علی بن حسن تمیمی، بزاز کوفی:

کُراع کے لقب سے معروف ہے دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۷۱۱۔تمییز۔علی بن حسن سماک یا سمان ابوالحسین کوفی:

ابن مندہ نے اسے کنیتوں میں ذکر کیا ہے اور میرے نزدیک یہ الملائی ہے۔

۴۷۱۲۔فق۔علی بن حسن ہزشمی:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۷۱۳۔د،ق۔علی بن حسین بن ابراہیم بن حر عامری، ابن إشکاب ''یہ اس کے والد کا لقب ہے'':

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۶۱ھ میں فوت ہوا۔ کہا جاتا ہے کہ بخاری کے قول ''حدثنا علی بن ابراہیم'' سے یہی مراد ہے۔

۴۷۱۴۔س۔علی بن حسین بن حرب قاضی، ابوعبید بن حربویہ:

بارہویں طبقہ کا جلیل القدر ''ثقہ فقیہ مشہور'' راوی ہے دارقطنی نے اسی بات پر اعتماد کیا ہے کہ نسائی نے اس کی حدیث نقل کی ہے ۳۱۹ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۱۵۔ع۔علی بن حسین بن علی بن ابوطالب ہاشمی، زین العابدین:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار عابد فقیہ فاضل مشہور'' راوی ہے ابن عیینہ نے کہا ہے کہ میں نے اس سے افضل کوئی قرشی نہیں دیکھا، ۹۳ھ میں فوت ہوا، وقیل غیر ذالک۔

۴۷۱۶۔د،س۔علی بن حسین بن مطر درہمی بصری:

گیارہویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۳ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۱۷۔بخ،م،۴۔علی بن حسین بن واقد مروزی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم وہم کر جاتا ہے ۲۱۱ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۱۸۔د۔علی بن حسین رقی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۰ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۱۹۔م،و،ت،س۔علی بن حفص مدائنی:

بغداد فروکش ہوا، نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۷۲۰۔خ۔علی بن حفص مروزی:

عسقلان فروکش ہوا، بخاری نے کہا ہے کہ میں نے ۲۱۷ھ کو عسقلان میں اس سے ملاقات کی ہے، ابوحاتم نے اس پر تعاقب کیا ہے کہ یہ علی بن حسن بن نجیط ہے جس سے اس سال عسقلان میں بخاری کی ملاقات ہوئی تھی۔ اور یہ دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۷۲۱۔خ،س۔علی بن حکم بن ظبیان، انصاری مروزی، مؤدب:

نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے غریب حدیثیں بیان کرتا ہے ۲۲۶ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۲۰ھ میں ہوا۔

۴۷۲۲۔خ،۴۔علی بن حکم بنانی، ابوالحکم مصری:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ازدی نے بلا دلیل اس کی تضعیف کی ہے ۱۳۱ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۲۳۔خ،م،س۔علی بن حکیم بن ذبیان، اودی، کوفی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۳۱ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۲۴۔تمییز۔علی بن حکیم بن زاہر خراسانی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق عابد'' راوی ہے ۲۳۵ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۲۵۔تمییز۔علی بن حکیم عبداللہ بن شوذب کا بھانجا:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۷۲۶۔تمییز۔علی بن حکیم بحدری:

نویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۷۲۷۔د۔علی بن حوشب ''جعفر کے وزن پر ہے'' ابوسلیمان دمشقی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے آٹھویں طبقہ سے ہے۔

۴۷۲۸۔س۔علی بن خالد مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، ابو ہریرہ اور ابوامامہ سے روایت کرتا ہے اور اس سے ضحاک بن عثمان اور سعید بن ابو ہلال نے روایت کیا ہے، اور کہا گیا ہے کہ یہ دو ہیں۔

۴۷۲۹۔م،ت،س۔علی بن خشرم ''جعفر کے وزن پر ہے'' مروزی:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۰ برس کے قریب عمر پا کر ۲۵۷ھ یا اس کے بعد فوت ہوا۔

☆علی بن ابو خصیب:

یہ ابن محمد ہے آئے گا۔ (=۴۷۹۲)

۴۷۳۰۔ق۔علی بن داؤد بن یزید قنطری، ادمی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۷۲ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۳۱۔ع۔علی بن داود ''ابن دُؤاد بھی کہا جاتا ہے''، ابو المتوکل ناجی، بصری:

اپنی کنیت سے مشہور ہے تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۸ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

۴۷۳۲۔بخ،م،۴۔علی بن رباح بن قصیر ''طویل کی ضد ہے'' لخمی، ابو عبداللہ مصری:

تیسرے طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے اور عُلَی (تصغیر ہے) سے مشہور ہے مگر یہ عُلَی کہنے سے ناراض ہو جاتا تھا، ۱۱۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۴۷۳۳۔ع۔علی بن ربیعہ بن نضلہ والبی، ابو المغیرہ کوفی:

تیسرے طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے، کہا جاتا ہے کہ یہ وہی ہے جس سے العلاء بن صالح نے روایت کیا ہے اور ''حدثنا علی بن ربیعۃ البجلی'' کہا ہے جبکہ بخاری نے ان دونوں میں فرق کیا ہے۔

☆علی بن زیاد یمامی:

درست ابو العلاء بن زیاد ہے اور اس کا نام عبداللہ ہے گزر چکا، اور یہ نوویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے، ق۔ (۳۳۲۸)

۴۷۳۴۔ بخ،م،۴۔علی بن زید بن عبداللہ بن زہیر بن عبداللہ بن جدعان تیمی، بصری، حجازی الاصل:

یہ علی بن زید بن جدعان کے نام سے معروف ہے اس کے والد محترم کو اپنے دادا کے دادا کی طرف منسوب کیا جاتا ہے، چوتھے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۱۳۱ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

۴۷۳۵۔س۔علی بن ابوسارہ شیبانی یا ازدی بصری:

اسے علی بن محمد بن ابوسارہ بھی کہا جاتا ہے، ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۴۷۳۶۔ق۔علی بن سالم بن شوال ''مہینے کے نام پر ہے''

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۴۷۳۷۔س،فق۔علی بن سعید بن جریر نسائی:

نیشاپور فروکش ہوا، گیارھویں طبقہ کا ''صدوق صاحب حدیث'' راوی ہے ۲۵۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۴۷۳۸۔ت،س۔علی بن سعید بن مسروق کندی، کوفی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۴۹ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۳۹۔ق۔علی بن سلمہ بن عقبہ قرشی لبقی، نیشاپوری:

گیارھویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۲ھ میں فوت ہوا، کہا جاتا ہے کہ بخاری نے اس سے روایت کیا ہے۔

۴۷۴۰۔ق۔علی بن سلیمان شامی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۷۴۱۔د،س۔علی بن سہل بن قادم رملی، نسائی الاصل:

گیارھویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۲۶۱ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۴۲۔تمییز۔علی بن سہل بن مغیرہ بزاز، بغدادی، نسائی الاصل:

عفان بن مسلم کی خدمت میں رہنے کی وجہ سے عفانی کے لقب سے معروف تھا، یہ گیارھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اور پہلے والا راوی اس سے کافی بڑا ہے، جس نے ان دونوں کو ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے

۴۷۴۳۔تمییز۔علی بن سہل مدائنی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۷۴۴۔خ۔علی بن سوید بن منجوف،ابوالفضل سدوسی بصری:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے چھٹے طبقہ سے ہے۔

۴۷۴۵۔س۔علی بن شعیب بن عدی سمسار بزاز بغدادی،فارسی الاصل:

گیارہویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۲۵۳ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۴۶۔د،س۔علی بن شماخ:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۷۴۷۔بخ،د،ق۔علی بن شیبان بن محرز یمامی،حنفی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے کم حدیثیں آتی ہیں ان سے ان کا بیٹا عبدالرحمن روایت کرنے میں منفرد ہے۔

۴۷۴۸۔م،۴۔علی بن صالح بن صالح بن حی،ہمدانی،ابومحمد کوفی،حسن کا بھائی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۱۵۱ھ میں فوت ہوا،اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۴۷۴۹۔ت۔علی بن صالح مکی،عابد:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۷۵۰۔تمییز۔علی بن صالح،بیاع الاکسیہ:

آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۷۵۱۔تمییز۔علی بن صالح بغدادی،صاحب مصلی:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۲۹ھ میں فوت ہوا،اور کہا جاتا ہے کہ بے پرواہ تھا۔

۴۷۵۲۔تمییز۔علی بن صالح مدنی:

گیارہویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۴۷۵۳۔ع۔علی بن ابو طالب بن عبدالمطلب بن ہاشم ہاشمی، نبی کریم ﷺ کے چچا کا بیٹا اور آپ ﷺ کا داماد:

سابقین اولین میں سے ہیں ایک جماعت نے اس بات کو ترجیح دی ہے کہ انہوں نے (بچوں میں سے) سب سے پہلے اسلام قبول کیا ہے، اور یہ عشرہ مبشرہ میں سے ایک ہیں ۴۰ھ کو رمضان کے مہینے میں فوت ہوئے اور یہ اس روز زمین پر زندہ تمام بنی آدم سے باجماع اہل السنہ افضل تھے۔ راجح کے قول کے مطابق انہوں نے ۶۳ برس عمر پائی۔

۴۷۵۴۔م،د،س،ق۔علی بن ابو طلحہ سالم، بنو عباس کا غلام:

حمص فروکش ہوا، اس نے ابن عباس سے ارسال کیا ہے اور انہیں دیکھا نہیں، چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے ۱۴۳ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۵۵۔د،ت،س۔علی بن طلق بن منذر بن قیس حنفی، یمامی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیثیں مروی ہیں۔

۴۷۵۶۔ق۔علی بن ظبیان ابن ہلال عبسی کوفی، قاضی بغداد:

نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۹۲ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۵۷۔ت۔علی بن عابس، اسدی کوفی:

نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۴۷۵۸۔د،ت،ق۔علی بن عاصم بن صہیب واسطی تیمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم بسا اوقات غلطی کرتا ہے اور اس پر اڑ جاتا ہے مزید برآں اس پر تشیع کا الزام بھی لگایا گیا ہے، ۹۰ برس سے زائد عمر پا کر ۲۰۱ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۵۹۔خ۔علی بن عبداللہ بن ابراہیم بغدادی:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۷۶۰۔خ،د،ت،س،ق۔علی بن عبداللہ بن جعفر بن نجیح سعدی ''ولاء کی وجہ سے ہے''ابو الحسن بن المدینی،بصری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار امام،اپنے معاصرین میں سے حدیث اور اس کی علل کی سب سے زیادہ معرفت رکھنے والا'' راوی ہے یہاں تک کہ بخاری نے کہا ہے کہ جتنا میں نے اپنے آپ کو علی بن مدینی کے سامنے چھوٹا پایا ہے اتنا کسی استاد کے سامنے نہیں پایا،اور اس کے بارے میں اس کے شیخ ابن عیینہ فرماتے ہیں کہ جتنا یہ مجھ سے فائدہ اٹھاتا ہے میں اس سے کہیں زیادہ اس سے علمی فائدہ حاصل کرتا ہوں،نسائی فرماتے ہیں کہ یوں لگتا ہے کہ اسے اللہ رب العزت نے حدیث کی خدمت کے لئے ہی پیدا کیا ہے۔حضرات نے اس پر فتنہ خلق قرآن میں اس مسئلہ کو قبول کرنے کا عیب لگایا ہے لیکن یہ اپنے بارے میں خوف کھاتے تھے جلد ہی سنبھل گئے اور انہوں نے اس مسئلہ سے توبہ کر لی،صحیح قول کے مطابق ۲۳۴ھ میں فوت ہوئے۔

۴۷۶۱۔بخ،م،۴۔علی بن عبداللہ بن عباس ہاشمی،ابو محمد:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے صحیح قول کے مطابق ۱۱۸ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۶۲۔م،۴۔علی بن عبداللہ بارقی،ازدی،ابو عبداللہ بن ابو ولید:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے۔

۴۷۶۳۔۴۔علی بن عبدالاعلیٰ ثعلبی،کوفی احول:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی تاہم بسا اوقات وہم کر جاتا ہے۔

۴۷۶۴۔خت،ت،س۔علی بن عبدالحمید بن مصعب مَعْنی،کوفی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اور نابینا تھا،۲۲۲ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۶۵۔س۔علی بن عبدالرحمٰن بن محمد بن مغیرہ مخزومی''ولاء کی وجہ سے ہے''مصری:

اس کا لقب علّان ہے اور اصلاً کوفہ کا رہنے والا تھا،گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۷۲ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۶۶۔م،د،س۔علی بن عبدالرحمٰن مُعاوی انصاری،مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆علی بن عبد العزیز:

یہ ابن غراب ہے آئے گا، ق۔(=۴۷۸۳)

☆علی بن عبید اللہ بن ابو رافع:

درست عبید اللہ بن علی بن ابو رافع ہے گزر چکا۔(=۴۳۲۲)

☆علی بن عبید اللہ بن طراخ:

یہ علی بن ابو ہاشم ہے آئے گا۔(=۴۸۱۲)

۴۷۶۷۔ بخ، د، ق۔ علی بن عبید انصاری، مدنی، ابو اسید کا غلام:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۷۶۸۔ م، س۔ علی بن عثام ابن علی عامری کوفی:

نیشا پور فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ فاضل'' راوی ہے ۲۸ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۶۹۔ س۔ علی بن عثمان بن محمد بن سعید نفیلی، حرانی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے گیارہویں طبقہ سے ہے ۲۷ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۷۰۔ س۔ علی بن عثمان بن محمد بن سعید بصری:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے مزی نے کہا ہے کہ یہ بھی احتمال ہے کہ پہلے والا راوی ہی ہو۔

۴۷۷۱۔ ق۔ علی بن عروہ قرشی دمشقی:

آٹھویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

۴۷۷۲۔ ت، س۔ علی بن علقمہ انماری، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۷۷۳۔ بخ، ہ۔ علی بن علی بن نجاد، رفاعی یشکری، ابو اسماعیل بصری:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے اس پر قدری ہونے کا الزام لگایا گیا ہے اور عبادت گزار تھا، اور کہا جاتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مشابہت رکھتا تھا، ساتویں طبقہ سے ہے۔

۴۷۷۴۔بخ۔علی بن عمارہ:

تیسرے طبقہ کا''مقبول''راوی ہے۔

۴۷۷۵۔د۔علی بن عمر بن علی بن حسین بن علی ابن ابوطالب ہاشمی:

آٹھویں طبقہ کا''مستور''راوی ہے۔

۴۷۷۶۔ق۔علی بن عمرو بن حارث بن سہل انصاری،ابوہُبَیرہ،بغدادی:

دسویں طبقہ کا''صدوق صاحب اوہام''راوی ہے ۲۶۰ھ کی ابتداء میں فوت ہوا۔

۴۷۷۷۔مد۔علی بن عمرو ثقفی:

ساتویں طبقہ کا''مجہول''راوی ہے اور اس نے مرسل حدیث بیان کی ہے۔

۴۷۷۸۔بخ۔علی بن العلاء خزاعی:

چھٹے طبقہ کا''مقبول''راوی ہے۔

۴۷۷۹۔خ،۴۔علی بن عیاش الہانی،حمصی:

نویں طبقہ کا''ثقہ پختہ کار''راوی ہے ۲۱۹ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۸۰۔ت۔علی بن عیسیٰ بن یزید بغدادی،کراجکی:

گیارہویں طبقہ کا''مقبول''راوی ہے ۲۴۷ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۸۱۔تمییز۔علی بن عیسیٰ نخزمی:

دسویں طبقہ کا''ثقہ''راوی ہے ۲۳۳ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۸۲۔تمییز۔علی بن عیسیٰ کوفی:

بغداد فروکش ہوا،بارہویں طبقہ کا''مقبول''راوی ہے۔

۴۷۸۳۔س،ق۔علی بن غراب''پرندے کے نام سے ہے''فزاری''ولاء کی وجہ سے ہے''،کوفی قاضی:

فلکی نے کہا ہے کہ غراب لقب ہے اور یہ عبدالعزیز ہے مروان بن معاویہ نے اس کا نام رکھا ہے اور ایک مرتبہ علی بن

ابو ولید کہا ہے، آٹھویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے تدلیس کرتا تھا اور شیعہ تھا، ابن حبان نے اس کی تضعیف میں افراط سے کام لیا ہے ۱۸۲ھ میں فوت ہوا۔

☆علی بن ابو فاطمہ:

یہ ابن حزور ہے گزر چکا۔ (=۴۷۰۳)

۴۷۸۴۔س۔علی بن فضیل بن عیاض تمیمی:

نویں طبقہ کا "ثقہ عابد" راوی ہے اپنے والد سے پہلے فوت ہوا۔

۴۷۸۵۔د،ت،س۔علی بن قادم خزاعی، کوفی:

نویں طبقہ کا "صدوق شیعہ" راوی ہے ۲۱۳ھ میں یا اس سے پہلے فوت ہوا۔

☆علی بن قاسم:

درست عبد الاعلیٰ ہے۔ (=۳۷۳۶)

۴۷۸۶۔د۔علی بن ماجدہ سہمی:

تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۴۷۸۷۔ع۔علی بن مبارک ہُنائی:

ساتویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ثقہ" راوی ہے اس کے پاس یحییٰ بن ابو کثیر سے دو کتابیں تھیں ان میں سے ایک کا سماع ہے اور دوسری کا ارسال ہے فلہٰذا اس سے کوفیوں کی حدیث میں کچھ کلام ہے۔

۴۷۸۸۔س۔علی بن مثنیٰ طہوی:

گیارہویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے ۲۵۶ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۸۹۔تمیز۔علی بن مثنیٰ بن یحییٰ تمیمی، موصلی، حافظ ابو یعلیٰ کا والد:

دسویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۴۷۹۰۔ت۔علی بن مجاہد بن مسلم قاضی، کابلی:

نویں طبقہ کا "متروک" راوی ہے امام احمد کے شیوخ میں اس سے زیادہ کوئی ضعیف نہیں ہے ۱۸۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۴۷۹۱۔عس،ق۔علی بن محمد بن اسحاق طنافسی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۳۳ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۳۵ھ میں ہوا۔

۴۷۹۲۔ق۔علی بن محمد بن ابو خصیب، قرشی کوفی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے ۵۸ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۹۳۔س۔علی بن محمد بن زکریا بغدادی، ابو مضاء:

رقہ فروکش ہوا، اس کا لقب میمون ہے بارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے۔

۴۷۹۴۔س۔علی بن محمد بن عبداللہ بصری:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے یہ بھی احتمال ہے کہ یہ نفیلی علی بن عثمان ہو۔ (=۴۷۶۹)

۴۷۹۵۔س۔علی بن محمد بن علی بن ابو مضاء مصیصی، قاضی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۷۹۶۔ع۔علی بن مدرک نخعی، ابو مدرک کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۲۰ھ میں فوت ہوا۔

۴۷۹۷۔تمییز۔علی بن مدرک کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۷۹۸۔بخ،ت،ق۔علی بن مسعدہ باہلی، ابو حبیب بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے۔

۴۷۹۹۔خ،د،س۔علی بن مسلم بن سعید طوسی:

بغداد فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۵۳ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۰۰۔ع۔علی بن مُسہر، قرشی کوفی، قاضی موصل:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے نابینا ہونے کے بعد اس نے غریب حدیثیں بیان کی ہیں ۸۹ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۰۱۔ت،س۔علی بن معبد بن شداد رقی:

مصر فروکش ہو، دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ فقیہ'' راوی ہے ۲۱۸ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۰۲۔س۔علی بن معبد بن نوح بغدادی، الصغیر:

مصر فروکش ہوا گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۵۹ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۰۳۔ت،س،ق۔علی بن منذر طریقی، کوفی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق شیعہ'' راوی ہے ۲۵۶ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۰۴۔ق۔علی بن موسیٰ بن جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی ہاشمی:

اسے رضی کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے، دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے، اور گڑبڑ جو اس سے روایت کرنے والے بعض حضرات کی طرف سے ہے، ۲۰۳ھ میں فوت ہوا، اور پچاس برس مکمل نہیں کر پایا۔

۴۸۰۵۔س،ق۔س،ق۔علی بن میمون رقی عطار:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۴۶ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۰۶۔ت،ق۔علی بن نزار بن حیان اسدی کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۴۸۰۷۔ع۔علی بن نصر بن علی جہضمی، بصری:

نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۱۸۷ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۰۸۔م،د،ت،س۔علی بن نصر بن علی بن نصر بن علی جہضمی، پہلے والے راوی کا پوتا:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۲۵۰ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۰۹۔د،ق۔علی بن نفیل جزری:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے چھٹے طبقہ سے ہے ۱۲۵ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۱۰۔ خ م ت۔ علی بن ہاشم بن برید کوفی:

آٹھویں طبقے کے صغار حضرات میں سے "صدوق شیعہ" راوی ہے ۱۷۹ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۸۱ھ میں ہوا۔

۴۸۱۱۔ ق۔ علی بن ہاشم بن مرزوق ہاشمی، رازی:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۴۸۱۲۔ خ۔ علی بن ابو ہاشم عبید اللہ بن طبراخ:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے قرآن (کے غیر مخلوق ہونے) میں توقف کرنے کی وجہ سے اس پر کلام کیا گیا ہے۔

۴۸۱۳۔ خ۔ علی بن ہیثم بغدادی، صاحب طعام:

گیارہویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے خطیب نے بخاری کے شیخ اور صاحب طعام محاملی کے شیخ میں فرق کیا ہے۔

۴۸۱۴۔ خ، د، س، ق۔ علی بن یحییٰ بن خلاد بن رافع بن مالک ابن عجلان زرقی، انصاری:

چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۱۲۹ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۱۵۔ د، ق۔ علی بن یزید بن رکانہ بن عبد یزید مطلبی:

چوتھے طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۴۸۱۶۔ عس۔ علی بن یزید بن سلیم صدائی، اکفانی:

اس میں قدرے کمزوری پائی جاتی ہے نویں طبقے سے ہے۔

۴۸۱۷۔ ت، ق۔ علی بن یزید بن ابو زیاد الہانی، ابو عبد الملک دمشقی، قاسم بن عبد الرحمٰن کا ساتھی:

چھٹے طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے ۱۱۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۴۸۱۸۔ س۔ علی ابوالاسود کوفی:

درست یہی ہونا ممکن ہے، دارقطنی وغیرہ کا کہنا ہے کہ اس کے نام اور کنیت میں شعبہ نے غلطی کی ہے۔ چوتھے طبقہ کا

''مقبول'' راوی ہے۔

☆علی بن المدینی:

یہ ابن عبداللہ ہے گزر چکا۔(=۴۷۶۰)

☆علی، بلانسبت:

اسحاق بن سعید اور خلف بن خلیفہ سے اس نے روایت کیا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ ابن جعد ہے، رخ۔(=۴۶۹۸)

☆علی، بلانسبت:

اس نے مالک بن سعیر سے روایت کیا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ ابن سلمہ یا ابن مدینی ہے، رخ۔(=۴۷۳۹، ۴۷۶۰)

عَمّار اور عُمارہ نام کے راویوں کا ذکر

☆ عمار بن اکیمہ:

عمارہ کے ترجمہ میں آئے گا۔ (=۴۸۳۷)

۴۸۱۹۔ س۔ عمار بن حسن ہلالی، ابوالحسن رازی:

نسا فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے عمر ۸۳ برس ۴۲ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۲۰۔ س، ق۔ عمار بن خالد بن یزید بن دینار واسطی، تمار، ابوالفضل یا ابواسماعیل:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۶۰ ۲ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۲۱۔ م، د، س، ق۔ علی بن رُزَیق ضبی یا تیمی، ابوالاحوص کوفی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے آٹھویں طبقہ سے ہے ۵۹ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۲۲۔ تمییز۔ عمار بن رزیق عامری ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے مرسل احادیث روایت کرتا ہے۔

۴۸۲۳۔ ق۔ عمار بن سعد قرظ۔ مؤذن:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، جس نے اسے صحابی گمان کیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۴۸۲۴۔ بخ، د۔ عمار بن سعد سلہمی، مصری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اس نے عمر سے ارسال کیا ہے ۴۸ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۲۵۔ تمییز۔ عمار بن سعد تجیبی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۱۰۵ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۲۶۔ت،ق۔عمار بن سیف ضبی، ابو عبدالرحمٰن کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف الحدیث عابد'' راوی ہے تاہم ۱۶۰ھ میں اپنے معاصرین میں سے سب سے پہلے فوت ہوا۔

☆ عمار بن شبیب:

عمارہ کے ترجمہ میں ہے۔(=۴۸۴۹)

۴۸۲۷۔د۔عمار بن شعیب ابن عبید اللہ عنبری:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۸۲۸۔ق۔عمار بن طالوت بن عباد جحدری:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۸۲۹۔م،۴۔عمار بن ابو عمار، بنو ہاشم کا غلام، ابو عمر ''ابو عبداللہ بھی کہا جاتا ہے'':

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے ۱۲۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۴۸۳۰۔د۔عمار بن عمارہ، ابو ہاشم زعفرانی بصری:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۴۸۳۱۔س،ق۔عمار بن ابو فروہ اموی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مدنی ابو عمرو'' عمارہ بھی کہا جاتا ہے'':

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۸۳۲۔م،ت،ق۔عمار بن محمد ثوری، ابو الیقظان کوفی، سفیان ثوری کا بھانجا:

بغداد فروکش ہوا، آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم غلطی کر جاتا ہے اور عبادت گزار تھا ۱۸۲ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۳۳۔م،۴۔عمار بن معاویہ دُہنی، ابو معاویہ بجلی کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق شیعہ'' راوی ہے ۱۳۳ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۳۴۔فق۔عمار بن نصر سعدی ابو یاسر، مروزی:

بغداد فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۲۹ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۳۵۔تمییز۔عمار بن ہارون، ابو یاسر مستملی بصری، دلال:

دسویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۴۸۳۶۔ع۔عمار بن یاسر بن عامر بن مالک عنسی، ابوالیقظان، مولی بنی مخزوم:

سابقین اولین میں سے بدری جلیل القدر مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں جنگ صفین میں ۳۷ھ کو قتل ہوئے۔

☆ عمار، مولی بنی حارث اور ابن عباس کا غلام:

یہ ابن ابو عمار ہے گزر چکا۔(=۴۸۲۹)

☆ عمار، ابو نملہ انصاری:

کنیتوں میں آئے گا۔(=۸۴۱۸)

۴۸۳۷۔ر،۴۔عمارہ ابن اُکیمہ لیثی، ابو ولید مدنی:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام عمار یا عمرو یا عامر ہے اور بغیر نام کے آتا ہے، تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے عمر ۷۹ برس ۱۰۱ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۳۸۔س۔عمارہ بن بشیر شامی:

نویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۸۳۹۔بخ،د،ق۔عمارہ بن ثوبان حجازی:

پانچویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۴۸۴۰۔تمییز،ت،ق۔عمارہ بن جوین، ابو ہارون عبدی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے چوتھے طبقہ کا ''متروک شیعی'' راوی ہے بعض حضرات نے اس کی تکذیب کی ہے۔

۴۸۴۱۔۴۔عمارہ بن حدید بجلی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۸۴۲۔س۔عمارہ بن ابوحسن انصاری مازنی، مدنی:

ثقہ راوی ہے کہا جاتا ہے کہ اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے، اور جس نے اسے صحابی شمار کیا ہے اسے وہم ہوا ہے

کیونکہ صحابیت کا شرف اس کے والد محترم کو حاصل ہے۔

۴۸۴۳۔خ،۴۔عمارہ بن ابوحفصہ ثابت "ثابت بھی کہا جاتا ہے مگر یہ تصحیف ہے فلاس نے اسی پر اعتماد کیا ہے":

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۱۳۲ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۴۴۔۴۔عمارہ بن خزیمہ بن ثابت انصاری، اوسی، ابوعبداللہ یا ابومحمد، مدنی:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے عمر ۷۵ برس ۱۰۵ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۴۵۔م،د،ت،س۔عمارہ بن رُؤیبہ ثقفی ابوزہیر:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں کوفہ فروکش ہو گئے تھے ۷۰ھ کے بعد تک زندہ رہے۔

۴۸۴۶۔تمییز۔عمارہ بن رویبہ، دوسرا:

اس نے حضرت علی سے روایت کیا ہے اور حضرت علی نے اسے ماں باپ میں سے کسی ایک کو اختیار کرنے کا حکم دیا تھا۔ جس نے اسے پہلے راوی سے ملایا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۴۸۴۷۔بخ،د،ت،ق۔عمارہ بن زاذان صیدلانی، ابوسلمہ بصری:

ساتویں طبقہ کا "صدوق کثیر الخطاء" راوی ہے۔

۴۸۴۸۔ت۔عمارہ بن زعکرہ، کندی ابوعدی حمصی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

☆عمارہ بن سمط:

درست عامر ہے گزر چکا۔ (=۳۰۹۱)

۴۸۴۹۔ت،س۔عمارہ بن شعیب سبئی "اسے عمار بھی کہا جاتا ہے":

کہا جاتا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے جبکہ ابن حبان نے کتاب الثقات میں کہا ہے کہ جس نے اسے صحابی گمان کیا ہے اسے وہم ہوا ہے، ان کی حدیث مصریوں کے ہاں ملتی ہے۔

۴۸۵۰۔د۔عمارہ بن ابو شعثاء:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے بقیہ کے شیوخ میں سے ہے۔

۴۸۵۱۔ت،ق۔عمارہ بن عبداللہ بن صیاد، ابوایوب مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ فاضل'' راوی ہے ۱۳۰ھ کے بعد فوت ہوا اور اس کا والد وہی ہے جسے دجال کہا جاتا تھا۔

۴۸۵۲۔د۔عمارہ بن عبداللہ بن طعمہ، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۸۵۳۔عس۔عمارہ بن عبید کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۸۵۴۔س۔عمارہ بن عثمان بن حنیف انصاری، مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۸۵۵۔د،ق۔عمارہ بن عمرو بن حزم انصاری، مدنی:

تیسرے طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے حرہ کے روز شہید ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ابن زبیر کے ساتھ ہوا۔

۴۸۵۶۔ع۔عمارہ بن عمیر تیمی، کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے ۱۰۰ھ کے بعد فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے دو سال پہلے فوت ہوا۔

۴۸۵۷۔بخ،د۔عمارہ بن غُراب، یحصبی:

تابعی مجہول راوی ہے جس نے اسے صحابی شمار کیا ہے اس نے غلطی کی ہے بلکہ یہ چھٹے طبقہ سے ہے۔

۴۸۵۸۔خت،م،۴۔عمارہ بن غزیہ ابن حارث انصاری مازنی، مدنی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے اور حضرت انس سے اس کی روایت مرسل ہے چھٹے طبقہ سے ہے ۱۴۰ھ میں فوت ہوا۔

☆ عمارہ بن ابو فروہ:

عمار کے ترجمہ میں ہے۔ (۴۸۳۱=)

۴۸۵۹۔ ع۔ عمارہ بن قعقاع بن شبرمہ، ضبی کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس نے ابن مسعود سے ارسال کیا ہے۔

۴۸۶۰۔ بخ۔ عمارہ بن مہران معولی، ابو سعید بصری:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے عابد ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۴۸۶۱۔ ر، د۔ عمارہ بن میمون:

چھٹے طبقہ کا ''میمون'' راوی ہے لگتا ہے کہ یہ جزری یا بصری ہے۔

عمر نام کے راویوں کا ذکر

ہر وہ راوی جس کی کنیت میں نے ذکر نہیں کی اس کی کنیت ابوحفص ہے۔

۴۸۶۲۔س۔عمر بن ابراہیم بن سلیمان بغدادی، ابوالآذان''اذن کی جمع ہے اور یہ لقب ہے اور اس کی کنیت ابوبکر ہے''جزری الاصل:

عراق فرد کش ہوا، بارہویں طبقہ کا''ثقہ حافظ''راوی ہے۲۹۰ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۴۸۶۳۔قد، ت،س،ق۔عمر بن ابراہیم عبدی بصری، ہَرَوی کا ساتھی:

ساتویں طبقہ کا''صدوق''راوی ہے تاہم قتادہ سے اس کی حدیث میں ضعف پایا جاتا ہے۔

۴۸۶۴۔ت۔عمر بن اسحاق بن عبداللہ بن ابوطلحہ مدنی:

ساتویں طبقہ کا''مجہول الحال''راوی ہے۔

۴۸۶۵۔م۔عمر بن اسحاق مدنی، زائدہ کا غلام، حجازی:

چھٹے طبقہ کا''مقبول''راوی ہے۔

۴۸۶۶۔ت۔عمر بن اسماعیل بن مجالد ہمدانی کوفی:

بغداد فرد کش ہوا، دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے''متروک''راوی ہے۔

۴۸۶۷۔م،د،س،ق۔عمر بن ایوب عبدی موصلی:

نویں طبقہ کا''صدوق صاحب اوہام''راوی ہے ۱۸۸ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۶۸۔س۔عمر بن ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام مخزومی، مدنی:

چھٹے طبقہ کا''مقبول''راوی ہے۔

۴۸۶۹۔د۔عمر بن بیان تغلبی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۸۷۰۔م،۴۔عمر بن ثابت انصاری خزرجی، مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے جس نے اسے صحابہ میں شمار کیا ہے اس سے غلطی ہوئی ہے۔

۴۸۷۱۔بخ،د۔عمر بن جابر حنفی، یمامی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆عمر بن جاوان:

عمرو کے ترجمہ میں ہے۔(=۴۹۹۸)

۴۸۷۲۔د،س۔عمر بن جُعْثُم حمصی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۸۷۳۔بخ۔عمر بن حبیب مکی، قاضی:

یمن فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے۔

۴۸۷۴۔ق۔عمر بن حبیب بن محمد عدوی قاضی بصری:

نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۲۰۶ھ یا ۲۰۷ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۷۵۔د،ت،س۔عمر بن حرملہ یا ابن ابو حرملہ'' کہا گیا ہے کہ اس کا نام عمرو ہے'':

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆عمر بن حسن بن ابراہیم:

درست محمد بن حسین ہے اور یہ ابن اشکاب ہے۔(=۵۸۲۱)

۴۸۷۶۔م،ف۔عمر بن حسین بن عبداللہ جمحی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو قدامہ مکی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۸۷۷۔ت۔عمر بن حفص بن صبیح شیبانی بصری:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۴۸۷۸۔ق۔عمر بن حفص بن عمر بن سعد قرظ، مدنی، مؤذن:

اس میں قدرے کمزوری پائی جاتی ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۴۸۷۹۔د۔عمر بن حفص بن عمر بن سعد بن مالک حمیری الوصابی:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''مقبول'' راوی ہے ۲۴۶ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۸۰۔خ،م،د،ت،س۔عمر بن حفص بن غیاث ابن طلق کوفی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بسا اوقات وہم کرجاتا ہے ۲۲۲ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۸۱۔د۔عمر بن حفص مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۸۸۲۔خت،م،د،س،ق۔عمر بن حکم بن ثوبان مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے عمر ۸۰ برس ۱۱۷ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۸۳۔خت،م،د،ت،س۔عمر بن حکم بن رافع بن سنان مدنی انصاری، حلیفِ اوس:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ پہلے والا ہی راوی ہے۔

☆عمر بن حکم سلمی:

درست معاویہ ہے اس کے بارے میں مالک کو وہم ہوا ہے، س۔(=۶۷۵۳)

۴۸۸۴۔خت،م،د،ت،ق۔عمر بن حمزہ بن عبداللہ بن عمر بن خطاب عمری، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

☆عمر بن حنہ:

درست عمرو ہے آئے گا۔(=۵۰۱۸)

۴۸۸۵۔مد۔عمر بن حوشب صنعانی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۸۸۶۔ت۔عمر بن حیان، دمشقی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆عمر بن ابو خثعم:

ابن عبداللہ کے ترجمہ میں آئے گا۔(=۴۹۲۸)

۴۸۸۷۔ق۔عمر بن خطاب بن زکریا راسبی، بصری:

نویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۸۸۸۔ع۔عمر بن خطاب بن نفیل ابن عبدالعزی ابن ریاح ابن عبداللہ بن قُرط ابن رزاح ابن عدی بن کعب قرشی عدوی، امیر المؤمنین، مشہور:

قدرت نے آپ (رضی اللہ عنہ) کی شخصیت میں بہت سی خوبیاں ودیعت کر رکھی تھیں، ذوالحجہ ۲۳ھ میں شہید ہوئے، اور ۱۰ برس چھ ماہ تک خلیفہ رہے۔

۴۸۸۹۔د۔عمر بن خطاب سجستانی، قُشیری:

اہواز فروکش ہوا، گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۹۰ برس کے قریب عمر پا کر شوال ۲۴۴ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۹۰۔د،ق۔عمر بن خلدہ ''ابن عبدالرحمٰن بن خلدہ بھی کہا جاتا ہے'' انصاری، مدنی، قاضی مدینہ:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۸۹۱۔س۔عمر بن ابو خلیفہ حجاج عبدی بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۱۸۹ھ میں فوت ہوا۔

۴۸۹۲۔ق۔عمر بن دُرَّیس غسانی، دمشقی ''کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عمرو ہے'':

آٹھویں طبقہ سے ہے۔

۴۸۹۳۔ خ، د، ت، س، فق۔ عمر بن ذر بن عبداللہ بن زرارہ ہمدانی، مرہبی ابوذر کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے ۱۵۳ھ میں فوت ہوا، وقیل غیر ذالک۔

۴۸۹۴۔ ت، ق۔ عمر بن راشد بن شجرہ، یمامی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے، جس نے کہا ہے کہ اس کا نام عمرو ہے اسے وہم ہوا ہے اسی طرح جس نے اسے ابن ابو خثعم گمان کیا ہے اسے بھی وہم ہوا ہے۔

☆ عمر بن ربیعہ ابو ربیعہ:

کنیتوں میں ہے۔ (=۸۰۹۴)

☆ عمر بن رماح:

یہ ابن میمون ہے آئے گا۔ (=۴۹۷۲)

۴۸۹۵۔ ۴۔ عمر بن رُؤبہ:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۸۹۶۔ ق۔ عمر بن ریاح عبدی بصری، نابینا:

آٹھویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے بعض حضرات نے اس کی تکذیب کی ہے۔

۴۸۹۷۔ خ، م، س۔ عمر بن ابوزائدہ ہمدانی، وادعی کوفی، زکریا کا بھائی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس پر قدری ہونے کا الزام لگایا گیا ہے ۱۵۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۴۸۹۸۔ د، ت، ق۔ عمر بن زید صنعانی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۴۸۹۹۔ س۔ عمر بن سالم بن عجلان افطس جزری:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ عمر بن سالم، ابوعثمان انصاری:

کنیتوں میں ہے۔ (=۸۲۳۹)

۴۹۰۰۔د۔عمر بن سائب بن ابوراشد مصری، مولی بنی زہرہ، ابوعمرو:

چھٹے طبقہ کا''صدوق فقیہ''راوی ہے ۱۳۴ھ میں فوت ہوا۔

۴۹۰۱۔ر۔عمر بن ابوسُحَیم، ابومعقل بہزی، بصری:

چوتھے طبقہ کا''مقبول''راوی ہے۔

۴۹۰۲۔ق۔عمر بن سعد مؤذن، عمار کا بھائی:

تیسرے طبقہ کا''مقبول''راوی ہے۔

۴۹۰۳۔س۔عمر بن سعد بن ابووقاص مدنی:

کوفہ فروکش ہوا، دوسرے طبقہ کا''صدوق''راوی ہے تاہم لوگ اس سے بغض اس لئے رکھتے ہیں کہ یہ حضرت حسین بن علی (رضی اللہ عنہما) کو قتل کرنے والے لشکر کا امیر تھا، اسے مختار نے ۶۵ھ میں یا اس کے بعد قتل کیا، جس نے اسے صحابہ میں ذکر کیا ہے کہ اسے وہم ہوا ہے کیونکہ ابن معین نے اس بات پر اعتماد کیا ہے کہ یہ حضرت عمر بن خطاب (رضی اللہ عنہ) کی وفات کے روز پیدا ہوا تھا۔

۴۹۰۴۔م،۴۔عمر بن سعد بن عبید، ابوداؤد حفری''کوفہ میں واقع ایک جگہ کی طرف نسبت ہے'':

نویں طبقہ کا''ثقہ عابد''راوی ہے ۲۰۳ھ میں فوت ہوا۔

☆عمر بن سعد، ابوکبشہ انماری:

کنیتوں میں ہے۔(=۸۳۱۹)

☆عمر بن سعد:

درست بحیر ہے(=۶۴۰)

☆عمر بن سعید بن ابوحسین نوفلی مکی:

چھٹے طبقہ کا''ثقہ''راوی ہے۔

۴۹۰۵۔خ،م،مد،ت،س،ق۔عمر بن سعید بن ابوحسین نوفلی مکی:

چھٹے طبقہ کا''ثقہ''راوی ہے۔

۴۹۰۶۔م،د،س۔عمر بن سعید بن مسروق ثوری،سفیان کا بھائی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۹۰۷۔ق۔عمر بن سعید یا محمد بن سعید:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆عمر بن سفیان:

اس نے اپنے والد سے روایت کیا ہے درست عمرو ہے آئے گا۔(=۵۰۳۷)

☆عمر بن ابوسفیان ثقفی:

عمرو کے ترجمہ میں آئے گا۔(=۵۰۳۹)

۴۹۰۸۔د،ت۔عمر بن سفینہ،ام سلمہ کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۹۰۹۔ع۔عمر بن ابوسلمہ بن عبدالاسد مخزومی،نبی کریم ﷺ کا پروردہ:

ان کی والدہ زوجہ رسول (ﷺ) ام سلمہ ہیں اور انہیں حضرت علی نے بحرین پر امیر مقرر کیا تھا،صحیح قول کے مطابق ۸۳ھ میں فوت ہوئے۔

۴۹۱۰۔خت،۴۔عمر بن ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بن عوف زہری،قاضی مدینہ:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غلطی کر جاتا ہے،۱۳۲ھ میں اسے قتل کر دیا گیا۔

۴۹۱۱۔د،ق۔عمر بن سلیم باہلی یا مزنی بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے۔

۴۹۱۲۔۴۔عمر بن سلیمان بن عاصم بن عمر بن خطاب:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے،کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عمرو ہے۔

۴۹۱۳۔فق۔عمر بن ابوسلیمان،حجازی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۹۱۴۔ق۔عمر بن سہل بن مروان مازنی تمیمی، بصری:

مکہ مکرمہ فروکش ہوا، نویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے تاہم غلطی کر جاتا ہے۔

۴۹۱۵۔د۔عمر بن سوید بن غیلان کوفی ثقفی یا عجلی "یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ دو ہیں":

ساتویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۴۹۱۶۔بخ۔عمر بن سلام:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۴۹۱۷۔ت۔عمر بن شاکر بصری:

پانچویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۴۹۱۸۔ق۔عمر بن شبہ ابن عبیدہ بن زید نمیری، ابوزید بن ابومعاذ بصری:

بغداد فروکش ہوا، گیارہویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "صدوق صاحب تصانیف" راوی ہے نوے برس سے زائد عمر پا کر ۲۶۲ھ میں فوت ہوا۔

۴۹۱۹۔ق۔عمر بن شبیب، مُسلی، کوفی:

آٹھویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے "ضعیف" راوی ہے ۲۰۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۴۹۲۰۔تمییز۔عمر بن شبیب واسطی:

دسویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۴۹۲۱۔د۔عمر بن شقیق بن اسماء جرمی بصری:

آٹھویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۴۹۲۲۔ق۔عمر بن صبح بن عمران تمیمی، عدوی، ابونعیم خراسانی:

ساتویں طبقہ کا "متروک" راوی ہے ابن راہویہ نے اس کی تکذیب کی ہے۔

۴۹۲۳۔ق۔عمر بن صہبان" کہا جاتا ہے کہ اس کے والد کا نام محمد ہے" اسلمی، ابوجعفر مدنی، ابراہیم بن ابویحییٰ کا ماموں:

آٹھویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے ۱۵۷ھ میں فوت ہوا۔

☆عمر بن طلحہ بن عبید اللہ:

درست عمران ہے، ق۔(=۵۱۵۷)

۴۹۲۴۔ بخ۔عمر بن طلحہ بن علقمہ بن وقاص لیثی، مدنی:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۴۹۲۵۔م،س۔عمر بن عامر سلمی، بصری، قاضی بصرہ:

چھٹے طبقہ کا "صدوق صاحب اوہام" راوی ہے ۱۳۵ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۴۹۲۶۔تمییز۔عمر بن عامر بجلی، کوفی:

آٹھویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۴۹۲۷۔خ،م،د،س۔عمر بن عبداللہ بن ارقم زہری مدنی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۴۹۲۸۔ت،ق۔عمر بن عبداللہ بن ابوخثعم:

بسااوقات اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے اور جس نے اسے عمر بن راشد سمجھا ہے اسے وہم ہوا ہے، ساتویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۴۹۲۹۔م،د۔عمر بن عبداللہ بن رزین سلمی، ابوعباس نیشاپوری:

نویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے اس سے غریب حدیثیں مروی ہیں ۲۰۳ھ میں فوت ہوا۔

۴۹۳۰۔بخ۔عمر بن عبداللہ بن رومی" اس کے دادا کا نام عبدالرحمٰن ہے" بصری:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۴۹۳۱۔خ،م،س۔عمر بن عبداللہ بن عروہ بن زبیر بن عوام اسدی،مدنی:

اس کی والدہ ام حکیم بنت عبداللہ بن زبیر ہے،چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اور جس نے اسے عمر بن عروہ سمجھا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۴۹۳۲۔ق۔عمر بن عبداللہ بن عمر بن خطاب:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۹۳۳۔د،ق۔عمر بن عبداللہ بن یعلیٰ بن مرہ ثقفی،کوفی:

بسا اوقات اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۴۹۳۴۔د،ت۔عمر بن عبداللہ مدنی،غفرہ کا غلام:

پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے اور بکثرت ارسال کرتا تھا ۴۵ھ یا ۴۶ھ میں فوت ہوا۔

☆عمر بن عبدالرحمٰن بن امیہ ثقفی:

درست عمرو ہے آئے گا۔(=۵۰۶۹)

۴۹۳۵۔س۔عمر بن عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام مخزومی،مدنی،ابو بکر کا بھائی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے،جس روز حضرت عمرؓ فوت ہوئے اس دن پیدا ہوا،زندہ رہا یہاں تک کہ ابن زبیر نے اسے کوفہ پر والی مقرر کیا اور پھر یہ حجاج کے ساتھ ہو گیا اور ۷۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۴۹۳۶۔د۔عمر بن عبدالرحمٰن بن عوف زہری،مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۹۳۷۔تخ،د،س،ق۔عمر بن عبدالرحمٰن بن قیس الابار،کوفی:

بغداد فروکش ہوا،آٹھویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے حدیث کا حافظ تھا اور نابینا ہو گیا تھا۔

۴۹۳۸۔م،ت،س۔عمر بن عبدالرحمٰن بن محیصن،سہمی،اہل مکہ کا قاری:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام محمد ہے،پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۲۳ھ میں فوت ہوا۔

۴۹۳۹۔س۔عمر بن عبدالعزیز بن عمران بن مقلاص، خزاعی مصری:

بارہویں طبقہ کا ''ثقہ فاضل'' راوی ہے ۲۳۴ھ میں فوت ہوا۔

۴۹۴۰۔ع۔عمر بن عبدالعزیز بن مروان بن حکم ابن ابوالعاص اموی، امیر المؤمنین:

اس کی والدہ ام عاصم بنت عاصم بن عمر بن خطاب ہے ولید کی طرف سے مدینہ پر والی رہا سلیمان کے ساتھ وزیر کی طرح تھا اور اس کے بعد مستقل طور پر خلیفہ بنا اور اسے خلفاء راشدین کے ساتھ شمار کیا جاتا ہے چوتھے طبقہ سے ہے، عمر ۴۰ برس رجب ۱۰۱ھ میں فوت ہوا، اور اس کی مدت خلافت دو سال چھ ماہ ہے۔

۴۹۴۱۔مد۔عمر بن عبدالعزیز بن وہب انصاری:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے اس نے کچھ مرسلاً روایت کیا ہے۔

۴۹۴۲۔س۔عمر بن عبدالملک بن حکیم طائی، حمصی:

بارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۹۴۳۔د،س،ق۔عمر بن عبدالواحد بن قیس سلمی دمشقی:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۰۰ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۴۹۴۴۔م،س۔عمر بن عبدالوہاب بن رباح بن عبیدہ ریاحی، بصری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۱۲ھ میں فوت ہوا۔

۴۹۴۵۔ع۔عمر بن عبید بن ابوامیہ طنافسی، کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۸۵ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۴۹۴۶۔ل۔عمر بن عثمان بن عاصم بن صہیب واسطی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆عمر بن عثمان بن عبدالرحمٰن بن سعید:

عمرو کے ترجمہ میں آئے گا۔ (=۵۰۷۶)

☆عمر بن عثمان بن عفان:

حدیث اسامہ (کی سند) میں اسی طرح ہے مگر درست عمرو ہے اسے عمر کہنے میں امام مالک متفرد ہیں۔(=۵۰۷۷)

۴۹۴۷۔ر،ق۔عمر بن عثمان بن عمر بن موسیٰ بن عبید اللہ بن معمر تیمی، مدنی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بصرہ میں قضاء کے منصب پر فائز تھا اور مدینہ میں ۹۶ھ کو فوت ہوا۔

☆عمر بن عروہ:

عمر بن عبداللہ بن عروہ کے ترجمہ میں ہے۔(=۴۹۳۱)

۴۹۴۸۔م،د۔عمر بن عطاء بن ابو خوارکی، مولی بنی عامر:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۹۴۹۔د،ق۔عمر بن عطاء بن وَرَاز، حجازی:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے جس نے اسے پہلے والے راوی سے ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۴۹۵۰۔بخ،م،مد،ت،س۔عمر بن علی بن حسین بن علی ہاشمی، مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق فاضل'' راوی ہے۔

۴۹۵۱۔۴۔عمر بن علی بن ابو طالب ہاشمی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، ولید کے زمانے میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

۴۹۵۲۔ع۔علی بن علی بن عطاء بن مقدم ''محمد کے وزن پر ہے'' بصری، واسطی الاصل:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی اور شدید تدلیس کرتا تھا ۱۹۰ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۴۹۵۳۔ق۔عمر بن ابو عمر کلاعی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے بقیہ کے مجہول شیوخ میں سے ہے۔

۴۹۵۴۔خ۔عمر بن علاء مازنی، بصری، ابو عمرو کا بھائی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اور کہا گیا ہے کہ درست معاذ بن العلاء ہے، خ۔(=۶۷۳۷)

۴۹۵۵۔مد۔عمر بن فرُّوخ،بصری بیاع الاقتاب:

اسے صاحب ساج کہا جاتا ہے،ساتویں طبقہ کا''صدوق''راوی ہے تاہم بسااوقات وہم کرجاتا ہے۔

۴۹۵۶۔بخ،عس۔عمر بن فضل سلمی یا حرشی،بصری:

ساتویں طبقہ کا''صدوق''راوی ہے۔

۴۹۵۷۔ت۔عمر بن قتادہ بن نعمان ظفری،انصاری مدنی:

تیسرے طبقہ کا''مقبول''راوی ہے۔

۴۹۵۸۔بخ،د۔عمر بن قیس ماصر،ابوصباح کوفی،مولیٰ ثقیف:

چھٹے طبقہ کا''صدوق''راوی ہے بسااوقات وہم کرجاتا ہے اور اس پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے۔

۴۹۵۹۔ق۔عمر بن قیس مکی،المعروف سُندل:

ساتویں طبقہ کا''متروک''راوی ہے۔

۴۹۶۰۔خ،م،د،ت،کن،ق۔عمر بن کثیر بن افلح مدنی،ابوایوب کا غلام:

چوتھے طبقہ کا''ثقہ''راوی ہے۔

☆عمر بن کثیر بن افلح مکی:

عمرو کے ترجمہ میں آئے گا۔(=۵۱۰۲)

۴۹۶۱۔م،د،س۔عمر بن مالک شرعبی،مصری:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے ساتویں طبقہ کا''فقیہ''راوی ہے۔

۴۹۶۲۔ق۔عمر بن مثنی اشجعی رقی:

آٹھویں طبقہ کا''مستور''راوی ہے۔

۴۹۶۳۔خ۔عمر بن محمد بن جبیر بن مطعم:

چھٹے طبقہ کا''ثقہ''راوی ہے اس سے زہری کے علاوہ کسی نے روایت نہیں کیا اور یہ زہری سے عمر میں چھوٹا ہے۔

۴۹۶۴۔خ،س۔عمر بن محمد بن حسن بن زبیر اسدی، کوفی المعروف ابن تل:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے ۲۵۰ھ میں فوت ہوا۔

۴۹۶۵۔خ،م،د،س،ق۔عمر بن محمد بن زید بن عبد اللہ بن عمر بن خطاب مدنی:

عسقلان فروکش ہوا، چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۵۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

☆عمر بن محمد بن صہبان:

عمر بن صہبان کے ترجمہ میں گزر چکا۔(=۴۹۲۳)

۴۹۶۶۔قد۔عمر بن محمد بن عبد اللہ بن مہاجر شعیثی:

ساتویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۴۹۶۷۔ق۔عمر بن محمد بن علی بن ابو طالب:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۴۹۶۸۔م،د،س۔عمر بن محمد بن منکدر تیمی، مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۴۹۶۹۔د،س۔عمر بن مرقع ابن صیفی، تیمی کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۴۹۷۰۔د،ت۔عمر بن مرہ شنی، بصری:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆عمر بن مسلم بن عمارہ:

عمرو کے ترجمہ میں ہے۔(=۵۱۱۳)

۴۹۷۱۔د،س،ق۔عمر بن مغّب ''ابن ابو مغّب بھی کہا جاتا ہے'' مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۴۹۷۲۔ت۔عمر بن میمون بن بحر بن سعد رماح بلخی، ابوعلی قاضی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے آخر عمر میں نابینا ہو گیا تھا ۱۷۱ھ میں فوت میں ہوا۔

۴۹۷۳۔خ،م،د،س،ق۔عمیر بن نافع عدوی، ابن عمر کا غلام:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے منصور کے عہد خلافت میں فوت ہوا۔

۴۹۷۴۔تمییز۔عمر بن نافع ثقفی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۴۹۷۵۔د۔عمر بن نبہان عبدی ''غُبَرِی بھی کہا جاتا ہے'' بصری، محمد بن بکر کا ماموں:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۴۹۷۶۔تمییز۔عمر بن نبہان:

دوسرے طبقہ کا ''مجہول شیخ'' ہے قدیم ہے اس نے حضرت عمر سے روایت کیا ہے۔

۴۹۷۷۔تمییز۔عمر بن نبہان، دوسرا:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۹۷۸۔م،س۔عمر بن نُبَیہ کعبی، حجازی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے چھٹے طبقہ سے ہے۔

۴۹۷۹۔ت،ق۔عمر بن ہارون بن یزید ثقفی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' بلخی:

نویں طبقہ کے حضرات میں سے ''متروک'' راوی ہے اور حافظ تھا ۱۹۴ھ میں فوت ہوا۔

۴۹۸۰۔ق۔عمر بن ہشام نسوی:

مظالم ری پر والی مقرر ہوا، گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۹۸۱۔مد۔عمر بن ہشام قبطی یا لقیطی، کوفی:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے جس نے اسے پہلے راوی سے ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۴۹۸۲۔ فق۔ عمر بن ہیثم ہاشمی:

آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۴۹۸۳۔ د۔ عمر بن یزید سیاری، صفار بصری:

ثغر فردکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، ۲۴۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

☆ عمر بن یعلی ثقفی:

یہ ابن عبداللہ ہے گزر چکا۔ (=۴۹۳۳)

۴۹۸۴۔ ع۔ عمر بن یونس بن قاسم یمامی:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۰۶ھ میں فوت ہوا۔

☆ عمر، دمشقی:

یہ ابن حیان ہے گزر چکا۔ (=۴۸۸۶)

☆ عمر، غفرہ کا غلام:

یہ ابن عبداللہ ہے گزر چکا۔ (=۴۹۳۴)

☆ عمر، ابوالمغلس:

صحیح قول کے مطابق اس کا نام میمون ہے آئے گا۔ (=۷۰۵۸)

عَمرو نام کے راویوں کا ذکر

۴۹۸۵۔د۔عمرو بن ابان بن عثمان بن عفان اموی، مدنی:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۹۸۶۔۴۔عمرو بن احوص جُشَمی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حجۃ الوداع کے بارے میں حدیث آتی ہے۔

۴۹۸۷۔س۔عمرو بن اُحَیحہ ابن جُلاح، انصاری مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے جس نے اسے صحابی سمجھا ہے اسے وہم ہوا ہے، لگتا ہے کہ اس کے دادا کا دادا صحابی تھا اس کا نام اور اس کے والد کا نام ایک جیسا ہے۔

۴۹۸۸۔م،۴۔عمرو بن اخطب ابوزید انصاری:

جلیل القدر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں بصرہ فروکش ہوئے اور اپنے کنیت سے مشہور ہیں۔

۴۹۸۹۔خ،م،د،س،ق۔عمرو بن اسود عنسی ''تصغیر کے ساتھ بھی آتا ہے'' حمصی:

اسے ابوعیاض کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے داریا کے مقام پر فروکش ہوا، کبار تابعین میں سے ''مخضرمی، ثقہ عابد'' راوی ہے خلافت معاویہ میں فوت ہوا۔

☆عمرو بن اکیمہ:

عمارہ کے ترجمہ میں گزر چکا۔ (=۴۸۳۷)

۴۹۹۰۔ع۔عمرو بن امیہ بن خویلد بن عبداللہ، ابوامیہ ضمری:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں سب سے پہلے بئر معونہ میں شریک ہوئے تھے خلافت معاویہ میں فوت ہوا۔

۴۹۹۱۔ع۔عمرو بن اوس بن ابواوس ثقفی، طائفی:

دوسرے طبقہ سے کبیر تابعی ہیں جس نے انہیں صحابہ میں ذکر کیا ہے اسے وہم ہوا ہے ۹۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۴۹۹۲۔۴۔عمرو بن بُجدان عامری، بصری:

اس سے ابوقلابہ روایت کرنے میں متفرد ہے دوسرے طبقہ سے ہے اس کا حال غیر معروف ہے۔

۴۹۹۳۔ق۔عمرو بن بکر بن تمیم سکسکی، شامی:

نویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

۴۹۹۴۔خ،س،ق۔عمرو بن تغلب، نمری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ۴۰ھ کے بعد تک زندہ رہے۔

۴۹۹۵۔د،فق۔د،فق۔عمرو بن ثابت ''یہ ابن ابومقدام ہے'' کوفی، بکر بن وائل کا غلام:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے اس پر رافضیت کا الزام لگایا گیا ہے ۷۲ھ میں فوت ہوا۔

☆عمرو بن ثابت:

اس نے ابوایوب سے روایت کرتا ہے درست عمر ہے۔ (۔۰۷۸٤)

۴۹۹۶۔ت،ق۔عمرو بن جابر حضرمی، ابوزرعہ مصری:

چوتھے طبقہ کا ''ضعیف شیعی'' راوی ہے ۱۲۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۴۹۹۷۔عخ،د،ت،ق۔عمرو بن جاریہ لخمی، شامی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆عمرو بن جاریہ:

ابن ابوسفیان کے ترجمہ میں آئے گا۔ (=۵۰۳۹)

۴۹۹۸۔س۔عمرو بن جاوان، تمیمی بصری:

اسے عُمر بھی کہا جاتا ہے چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۴۹۹۹۔ق۔عمرو بن جراد تمیمی، ربیع بن بدر کا دادا:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆عمرو بن جریر:

درست ابوزرعہ بن عمرو بن جریر ہے۔ (=۸۱۰۳)

۵۰۰۰۔قد۔عمرو بن ابوجندب:

کہا جاتا ہے کہ یہ ابوعطیہ وادعی ہے جبکہ درست یہ ہے کہ یہ اس کے علاوہ ہے، تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۰۰۱۔بخ،د۔عمرو بن حارث بن ضحاک زُبیدی حمصی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۰۰۲۔ع۔عمرو بن حارث بن ابوضرار خزاعی مصطلقی، ام المؤمنین جویریہ کا بھائی:

قلیل الحدیث صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ۵۰ھ کے بعد تک زندہ رہے۔

۵۰۰۳۔ع۔عمرو بن حارث ثقفی، زینب ثقفیہ کا بھتیجا:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔ راجح قول کے مطابق یہ خزاعی کے علاوہ ہے۔

۵۰۰۴۔ع۔عمرو بن حارث بن یعقوب انصاری ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مصری، ابوایوب:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ فقیہ حافظ'' راوی ہے، قدیماً ۱۵۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۵۰۰۵۔مد۔عمرو بن حباب، ابوعثمان علاف بصری:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۰۰۶۔س۔عمرو بن حُبشی زُبیدی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۰۰۷۔د۔عمرو بن ابوحجاج میسرہ منقری، بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۰۰۸۔ع۔عمرو بن حریث بن عمرو بن عثمان بن عبداللہ بن عمر بن مخزوم قرشی مخزومی:

صغیر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ۸۵ھ میں فوت ہوئے۔

۵۰۰۹۔تمییز۔عمرو بن حریث، دوسرا مصری:

اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے اس کی حدیث ابویعلی نے نقل کی ہے اور اسے ابن حبان نے صحیح کہا ہے ابن معین وغیرہ کا کہنا ہے کہ تابعی ہے اور اس کی حدیث مرسل ہے۔

۵۰۱۰۔د۔عمرو بن حُرَیش زُبیدی:

اس سے مشہور حدیث آتی ہے اور یہ چوتھے طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۵۰۱۱۔مد، س، ق۔عمرو بن حزم بن زید بن لوذان انصاری:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں خندق اور اس کے بعد والے غزوات میں شریک تھے اور نبی کریم ﷺ کی طرف سے نجران پر عامل تھے ۵۰ھ کے بعد فوت ہوئے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ خلافت عمر میں ہوئے مگر یہ وہم ہے۔

۵۰۱۲۔ق۔عمرو بن حصین عُقَیلی بصری ثم الجزری:

دسویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ۳۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۵۰۱۳۔د، س۔عمرو بن ابوحکیم واسطی، ابن کردی:

اسے آل زبیر کا غلام کہا جاتا ہے جبکہ ابن حبان نے ازد کا غلام کہا ہے چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۰۱۴۔بخ م، د، س، فق۔عمرو بن حماد بن طلحہ قناد ابومحمد کوفی:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس پر رافضیت کا الزام لگایا گیا ہے ۲۲ھ میں فوت ہوا۔

۵۰۱۵۔تمییز۔عمرو بن حماد ازدی، بصری:

دسویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۵۰۱۶۔تمییز۔عمرو بن حماد عبدی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۰۱۷۔س،ق۔عمرو بن حَمِق ابن کاہل'' کاہن بھی کہا جاتا ہے'' ابن حبیب خزاعی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں پہلے کوفہ پھر مصر فروکش ہوئے خلافت معاویہ میں قتل ہوئے۔

۵۰۱۸۔د۔عمرو بن حثمہ'' حیہ بھی کہا جاتا ہے'':

اسے عمر بھی کہا جاتا ہے چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۰۱۹۔ت،س،ق۔عمرو بن خارجہ اسدی'' اشعری یا انصاری بھی کہا جاتا ہے'':

انہیں خارجہ بن عمرو بھی کہا جاتا ہے مگر پہلے والا ہی نام زیادہ صحیح ہے ابوسفیان کے حلیف تھے اور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیثیں مروی ہیں۔

۵۰۲۰۔خ،ق۔عمرو بن خالد بن فروخ بن سعید تمیمی'' خزاعی بھی کہا جاتا ہے'' ابوالحسن حرانی:

مصر فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۹ھ میں فوت ہوا۔

۵۰۲۱۔ق۔عمرو بن خالد قرشی'' ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوخالد کوفی:

واسط فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے وکیع نے اس پر کذب کا الزام لگایا ہے ۱۲۰ھ میں فوت ہوا۔

۵۰۲۲۔تمییز۔عمرو بن خالد، ابوحفص اعشی:

نویں طبقہ کا ''منکر الحدیث'' راوی ہے، کہا جاتا ہے کہ یہ عمرو بن خالد ابویوسف اسدی ہے جبکہ ابن عدی نے ان دونوں میں فرق کیا ہے۔

۵۰۲۳۔د،ق۔عمرو بن خزیمہ مزنی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۰۲۴۔ع۔عمرو بن دینار مکی، ابومحمد اثرم جمحی'' ولاء کی وجہ سے ہے'':

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ ثبت'' راوی ہے ۱۲۶ھ میں فوت ہوا۔

۵۰۲۵۔ت،ق۔عمرو بن دینار بصری، اعور، آل زبیر کا منتظم:

اسے ابو یحییٰ کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۵۰۲۶۔تمییز۔عمرو بن دینار ابو طلحہ کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۵۰۲۷۔د،ت۔عمرو بن راشد اشجعی، ابو راشد کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۰۲۸۔ق۔عمرو بن رافع بن فرات قزوینی بجلی، ابو حجر:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے ۲۳۷ھ میں فوت ہوا۔

۵۰۲۹۔کن۔عمرو بن رافع عدوی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۰۳۰۔خ،م،د۔عمرو بن ربیع بن طارق کوفی:

مصر فروکش ہوا، دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۱۹ھ میں فوت ہوا۔

۵۰۳۱۔د،س،ق۔عمرو بن زائدہ یا ابن قیس بن زائدہ ''زیادہ بھی کہا جاتا ہے'' قرشی عامری:

ابن ام مکتوم مشہور نابینا صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں بہت پہلے اسلام لائے'' کہا جاتا ہے کہ ان کا نام عبد اللہ ہے بقول بعض حصین ہے، نبی کریم ﷺ انہیں مدینہ میں اپنا نائب مقرر فرمایا کرتے تھے خلافت عمر کے آخر میں فوت ہوئے۔

۵۰۳۲۔خ،م،س۔عمرو بن زرارہ بن واقد کلابی، ابو نیشاپوری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے ۲۳۸ھ میں فوت ہوا اور ۱۶۰ھ کو پیدا ہوا تھا۔

☆عمرو بن سالم، ابو عثمان انصاری:

کنیتوں میں ہے۔(=۸۲۳۹)

☆ عمرو بن سائب:

درست عمر ہے گزر چکا۔ (=۴۹۰۰)

☆ عمرو بن سعد بن معاذ:

عمرو بن معاذ کے ترجمہ میں آئے گا۔ (=۵۱۱۶)

۵۰۳۳۔ ر، س، ق۔ عمرو بن سعد فدکی یا یمامی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

☆ عمرو بن سعد بصری:

درست ابن سعید ہے۔

۵۰۳۴۔ م، مد، ت، س، ق۔ م، مد، ت، س، ق۔ عمرو بن سعید بن العاص بن سعید بن العاص بن امیہ قرشی، اموی المعروف اشدق:

(سیدنا) معاویہ (رضی اللہ عنہ) اور ان کے بیٹے کی طرف سے مدینہ پر گورنر مقرر رہا، عبدالملک بن مروان نے ۷۰ھ میں اسے قتل کر دیا اور جس نے اسے صحابی سمجھا ہے اسے وہم ہوا ہے تاہم اس کے والد کو رؤیت کا شرف حاصل ہے اور عمرو اپنے آپ پر بڑی زیادتی کرنے والا تھا، صحیح مسلم میں اس کی کوئی روایت نہیں پائی جاتی سوائے ایک حدیث کے۔

۵۰۳۵۔ بخ، م، ۴۔ عمرو بن سعید قرشی یا ثقفی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابو سعید بصری:

پانچویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۵۰۳۶۔ تمییز۔ عمرو بن سعید خولانی:

پانچویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

☆ عمرو بن سعید:

اس نے عمرو بن شعیب سے روایت کیا ہے درست عمر ہے (=۴۹۰۷)

۵۰۳۷۔ س۔ عمرو بن سفیان بن عبداللہ بن ربیعہ ثقفی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۰۳۸۔خد،کس۔عمرو بن سفیان ثقفی، دوسرا:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۰۳۹۔خ،م،د،س۔عمرو بن ابوسفیان بن اَسید ابن جاریہ ثقفی، مدنی، حلیف بنوزہرہ:

بسا اوقات اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے اور اسے عمر بھی کہا جاتا ہے تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۰۴۰۔بخ،د،ت،س۔عمرو بن ابوسفیان بن عبدالرحمٰن بن صفوان بن امیہ جمحی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۰۴۱۔بخ۔عمرو بن سلمہ بن خرب ہمدانی یا کندی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۸۵ھ میں فوت ہوا۔

۵۰۴۲۔خ،د،س۔عمرو بن سلمہ بن قیس جرمی، ابو بُرَید ''یزید بھی کہا جاتا ہے'':

بصرہ فروکش ہوئے صغیر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں۔

۵۰۴۳۔ع۔عمرو بن ابوسلمہ تیمی، ابوحفص دمشقی، مولی بنی ہاشم:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے ۲۱۳ھ یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۵۰۴۴۔ع۔عمرو بن سلیم بن خلدہ انصاری، زُرَقی:

کبار تابعین میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۴ھ میں فوت ہوا، کہا جاتا ہے کہ اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے۔

۵۰۴۵۔ق۔عمرو بن سلیم زنی، بصری:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆عمرو بن سہل:

درست عمر ہے۔ (=۴۹۱۴)

۵۰۴۶۔م،د،س،ق۔عمرو بن سواد ابن اسود بن عمرو عامری، ابومحمد بصری:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۴۵ھ میں فوت ہوا۔

۵۰۴۷۔س۔عمرو بن شرحبیل بن سعید بن سعد بن عبادہ انصاری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۰۴۸۔خ م، د، ت، س۔عمرو بن شرحبیل ہمدانی، ابو میسرہ کوفی:

''ثقہ عابد مخضرمی'' راوی ہے ۶۳ھ میں فوت ہوا۔

۵۰۴۹۔خ، م، د، تم، س، ق۔عمرو بن شرید ثقفی، ابو ولید طائفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۰۵۰۔ر، ۴۔عمرو بن شعیب بن محمد بن عبداللہ بن عمرو بن العاص:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۱۸ھ میں فوت ہوا۔

۵۰۵۱۔بخ۔عمرو بن صُلَیع محاربی:

صغیر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ابن حبان نے اسے ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے۔

۵۰۵۲۔عمرو بن ضحاک بن مخلد، بصری، ابو عاصم نبیل کا بیٹا:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے شام میں منصب قضاء پر فائز تھا ۲۴۲ھ میں فوت ہوا۔

☆عمرو بن طلحہ قناد:

یہ ابن حماد ہے گزر چکا۔ (نمبر ۵۰۱۴)

۵۰۵۳۔ع۔عمرو بن عاص بن وائل سہمی:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں حدیبیہ والے سال مسلمان ہوئے اور دو مرتبہ مصر کے گورنر مقرر ہوئے اور یہ وہی ہیں جنہوں نے مصر فتح کیا تھا، ۴۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوئے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۵۰ھ کے بعد ہوئے۔

۵۰۵۴۔بخ، د، ت، س۔عمرو بن عاصم بن سفیان بن عبداللہ بن ربیعہ ثقفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۰۵۵۔ع۔عمرو بن عاصم بن عبید اللہ کلابی، قیسی، ابوعثمان بصری:

نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے تاہم اس کے حافظہ میں قدرے کمزوری پائی جاتی ہے ۱۳ھ میں فوت ہوا۔

۵۰۵۶۔بخ۔عمرو بن عاصم ''ابن عامر بھی کہا جاتا ہے'' انصاری، مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۰۵۷۔ع۔عمرو بن عامر انصاری، کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۰۵۸۔تمییز۔عمرو بن عامر بجلی، کوفی، اسد بن عمرو کا والد:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۰۵۹۔خ۔عمرو بن عباس باہلی، ابوعثمان بصری یا اہوازی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم بسا اوقات وہم کر جاتا ہے ۳۵ھ میں فوت ہوا۔

۵۰۶۰۔د۔عمرو بن عبد اللہ بن اسواری یمانی:

اسے عمرو برق بھی کہا جاتا ہے، ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم اس میں قدرے کمزوری پائی جاتی ہے۔

۵۰۶۱۔س۔عمرو بن عبد اللہ بن انیس جہنی جمحی حجازی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۰۶۲۔ق۔عمرو بن عبد اللہ بن حَنَش ''ابن محمد بن حلش بھی کہا جاتا ہے'' اودی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۵۰ھ میں فوت ہوا۔

۵۰۶۳۔بخ،م۔عمرو بن عبد اللہ بن صفوان بن امیہ بن خلف جمحی مکی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق شریف'' راوی ہے۔

۵۰۶۴۔م،صد۔عمرو بن عبد اللہ بن ابوطلحہ انصاری:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے۔

۵۰۶۵۔ع۔عمرو بن عبداللہ بن عبید "علی بھی کہا جاتا ہے اور ابن ابوشعیرہ ہمدانی بھی کہا جاتا ہے" ابواسحاق سبیعی:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ مکثر عابد" راوی ہے تاہم آخر عمر میں عارضہ اختلاط میں مبتلا ہوگیا تھا، ۱۲۹ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

☆عمرو بن عبداللہ بن قیس، ابوبکر بن ابوموسیٰ:

کنیتوں میں آئے گا۔ (=۹۹۰ے)

۵۰۶۶۔۴۔عمرو بن عبداللہ بن کعب بن مالک انصاری مدنی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۵۰۶۷۔خ،س،ق۔عمرو بن عبداللہ بن وہب نخعی کوفی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۵۰۶۸۔د۔عمرو بن عبداللہ سیبانی، ابوعبدالجبار "ابوعجماء بھی کہا جاتا ہے" حضرمی، حمصی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے، دولابی اور ابواحمد نے ابوعبدالجبار اور ابوعجماء میں فرق کیا ہے محدثین نے ابو عجماء کا نام ذکر نہیں کیا۔

۵۰۶۹۔س۔عمرو بن عبدالرحمٰن بن امیہ تیمی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۰۷۰۔م،۴۔عمرو بن عبسہ ابن عامر بن خالد سلمی، ابونجیح:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں بہت پہلے اسلام لائے تھے اور انہوں نے احد کے بعد ہجرت کی تھی پھر شام فروکش ہوگئے۔

۵۰۷۱۔قد،فق۔عمرو بن عبید بن باب تیمی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابوعثمان بصری:

مشہور معتزلی ہے بدعت کی طرف دعوت دیتا تھا عبادت گزاری کے باوصف محدثین کی ایک جماعت نے اسے متہم

کیا ہے ۴۳ھ میں یا اس سے پہلے فوت ہوا۔

۵۰۷۲۔ س، ق۔ عمرو بن عتبہ بن فرقد سلمی، کوفی:

مخضرمی ہے خلافت عثمانی میں شہید ہوا۔

۵۰۷۳۔ د، س، ق۔ عمرو بن عثمان بن سعید بن کثیر بن دینار قرشی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابو حفص حمصی:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۲۵۰ھ میں فوت ہوا۔

۵۰۷۴۔ ق۔ عمرو بن عثمان بن سیار کلابی "ولاء کی وجہ سے ہے" رقی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ضعیف" راوی ہے اور نابینا ہو گیا تھا ۲۱۷ھ یا ۲۱۹ھ میں فوت ہوا۔

۵۰۷۵۔ خ، م، س۔ عمرو بن عثمان بن عبد اللہ بن موہب تیمی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابو سعید کوفی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے شعبہ نے اس کا نام محمد ذکر کیا ہے۔

۵۰۷۶۔ بخ، د۔ عمرو بن عثمان بن عبد الرحمٰن بن سعید ابن یربوع مخزومی:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عمر ہے ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۰۷۷۔ ع۔ عمرو بن عثمان بن عفان بن ابو العاص اموی، ابو عثمان:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۵۰۷۸۔ د، ق۔ عمرو بن عثمان بن ہانی مدنی، عثمان کا غلام:

اسے عثمان بن عمرو بن ہانی بھی کہا جاتا ہے بعض حضرات نے اسے الٹ پلٹ کر دیا ہے، ساتویں طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۵۰۷۹۔ ت۔ عمرو بن عثمان بن یعلی بن مرہ ثقفی:

ساتویں طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۵۰۸۰۔ ت، س، ق۔ عمرو بن علقمہ بن وقاص لیثی مدنی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۰۸۱۔ع۔عمرو بن علی بن بحر بن کنیز، ابو حفص فلاس صیرفی، باہلی بصری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۲۴۹ھ میں فوت ہوا۔

۵۰۸۲۔مج،د،س،ق۔عمرو بن عمرو یا ابن عامر، بن مالک بن نضلہ جُشَمی، ابو زعراء، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۰۸۳۔ع۔عمرو بن ابو عمرو میسرہ، مولی المطلب، مدنی، ابو عثمان:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے ۱۵۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۵۰۸۴۔د،س۔عمرو بن عمران نہدی، ابو سوداء کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۰۸۵۔د۔عمرو بن عمیر حجازی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۵۰۸۶۔خت،د،ت،ق۔عمرو بن عوف بن زید بن مِلحہ، ابو عبداللہ مزنی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں (سیدنا) معاویہ کے عہد ولایت میں فوت ہوئے۔

۵۰۸۷۔خ،م،ت،س،ق۔عمرو بن عوف انصاری، حلیفِ بنو عامر بن لؤی، بدری:

اسے عُمیر بھی کہا جاتا ہے خلافت عمر میں فوت ہوا۔

۵۰۸۸۔ع۔عمرو بن عون بن اوس واسطی، ابو عثمان بزاز، بصری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے ۲۲۵ھ میں فوت ہوا۔

۵۰۸۹۔م،قد،تم،ق۔عمرو بن عیسٰی بن سوید بن ہبیرہ عدوی، ابو نعامہ بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے عارضہ اختلاط میں مبتلا ہو گیا تھا۔

۵۰۹۰۔خ،س۔عمرو بن عیسٰی ضُبَعی، ابو عثمان بصری، ادمی:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۰۹۱۔ت،س۔عمرو بن غالب ہمدانی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۰۹۲۔عس۔عمرو بن عُزَّی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۵۰۹۳۔ق۔عمرو بن غیلان بن سلمہ ثقفی:

اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے اس سے حدیث آتی ہے۔

۵۰۹۴۔د۔عمرو بن فغواء یا ابن ابو الفغواء، خزاعی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کی حدیث کی سند میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

۵۰۹۵۔س۔عمرو بن قتادہ یمامی، حجازی:

ابن معین نے اس کی توثیق کی ہے چھٹے طبقہ سے ہے۔

۵۰۹۶۔س۔عمرو بن قتیبہ صوری:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۰۹۷۔بخ،د۔عمرو بن ابو قرہ سلمہ بن معاویہ بن وہب کندی کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ مخضرمی'' راوی ہے۔

۵۰۹۸۔د۔عمرو بن قسط یا قسیط سلمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو علی رقی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۳۳ھ میں فوت ہوا۔

☆عمرو بن قہید بن مطرف:

درست عمرو بن قہید ہے قہید عنقریب آئے گا اور عمرو یہ ابن ابو عمرو، مولی مطلب ہے۔ (=۵۵۶۱، ۵۰۸۳)

۵۰۹۹۔۴۔عمرو بن قیس بن ثور بن مازن کندی، ابو ثور حمصی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بعمر ۱۰۰ برس ۱۴۰ھ میں فوت ہوا۔

☆ **عمرو بن قیس بن زائدہ:**

ابن زائدہ کے ترجمہ میں گزر چکا۔ (=۵۰۳۱)

۵۱۰۰۔ بخ،م۴۔ عمرو بن قیس مُلائی، ابو عبداللہ کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ عابد متقن'' راوی ہے ۱۴۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۵۱۰۱۔ خت،۴۔ عمرو بن ابو قیس رازی، ازرق، کوفی:

ری کے مقام پر فروکش ہوا، آٹھویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے۔

۵۱۰۲۔ ق۔ عمرو بن کثیر بن افلح مکی:

اسے عمر بھی کہا جاتا ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

☆ **عمرو بن کردی:**

یہ ابن ابو حکیم ہے گزر چکا۔ (=۵۰۱۳)

☆ **عمرو بن کعب:**

کعب بن عمرو کے ترجمہ میں آئے گا۔ (=۵۶۴۵)

۵۱۰۳۔ ت۔ عمرو بن مالک راسبی، ابو عثمان بصری:

دسویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۲۵۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۵۱۰۴۔ عخ،۴۔ عمرو بن مالک نکری، ابو یحییٰ یا ابو مالک، بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے ۱۲۹ھ میں فوت ہوا۔

۵۱۰۵۔ بخ،۴۔ عمرو بن مالک ہمدانی، ابو علی جنبی، مصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۳ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۰۲ھ میں ہوا۔

☆ **عمرو بن مالک شرعبی:**

درست عمر ہے گزر چکا۔ (=۴۹۶۱)

۵۱۰۶۔خ،م،د،س۔عمرو بن محمد بن بکیر ناقد،ابوعثمان بغدادی:

رقہ کے مقام پر فروکش ہوا،دسویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے تاہم روایت حدیث میں وہم کر جاتا ہے ۲۳۲ھ میں فوت ہوا۔

۵۱۰۷۔ت۔عمرو بن محمد بن ابورزین خزاعی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوعثمان بصری:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم بسا اوقات وہم کر جاتا ہے ۲۰۶ھ میں فوت ہوا۔

۵۱۰۸۔خت،م،۴۔عمرو بن محمد عنقزی،ابوسعید کوفی:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۹۹ھ میں فوت ہوا۔

۵۱۰۹۔بخ،م،۴۔عمرو بن مرثد،ابواسماء رحبی،دمشقی:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عبداللہ ہے تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے خلافت عبدالملک میں فوت ہوا۔

۵۱۱۰۔خ،د۔عمرو بن مرزوق باہلی،ابوعثمان بصری:

نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ فاضل صاحب اوہام'' راوی ہے ۲۲۴ھ میں فوت ہوا۔

۵۱۱۱۔تمییز۔عمرو بن مرزوق واشحی،بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆عمرو بن مرقع:

درست عمر ہے گزر چکا۔(=۴۹۶۹)

۵۱۱۲۔ع۔عمرو بن مرہ بن عبداللہ بن طارق جملی مرادی،ابوعبداللہ کوفی،نابینا:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے تدلیس نہیں کرتا تھا اور اس پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے،۱۱۸ھ میں فوت ہوا،اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

۵۱۱۳۔ت۔عمرو بن مرہ جہنی،ابوطلحہ یا ابومریم:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں شام کی سرزمین پر خلافت معاویہ میں فوت ہوئے۔

۵۱۱۴۔م،۴۔عمرو بن مسلم بن عمارہ بن اُکیمہ لیثی مدنی:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام ''عمر'' ہے چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆عمرو بن مسلم بن نذیر:

درست سند عیاش بن عمرو عن مسلم بن نذیر ہے اسحاق بن ازرق کو اس میں وہم ہوا ہے۔

۵۱۱۵۔خ م،د،ت،س۔عمرو بن مسلم جَندی، یمانی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے۔

۵۱۱۶۔بخ،کن۔عمرو بن معاذ بن سعد بن معاذ اشہلی، مدنی، ابو محمد:

بسا اوقات اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے، بعض حضرات نے اسے الٹ کر معاذ بن عمرو کہہ دیا ہے، تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆عمرو بن ابو مقدام:

یہ ابن ثابت ہے گزر چکا۔(=۴۹۹۵)

☆عمرو بن ام مکتوم:

ابن زائدہ کے ترجمہ میں گزر چکا۔(=۵۰۳۱)

۵۱۱۷۔د۔عمرو بن منصور ہمدانی، مشرقی، کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم وہم کر جاتا ہے۔

۵۱۱۸۔ر۔عمرو بن منصور قیسی بصری، قداح ابو عثمان:

نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۱۵ھ میں فوت ہوا۔

۵۱۱۹۔س۔عمرو بن منصور نسائی، ابو سعید:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے۔

۵۱۲۰۔ی،د،ق۔عمرو بن مہاجر بن ابو مسلم انصاری، ابو عبید دمشقی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے عمر ۷۴ یا ۷۵ برس ۳۹ھ میں فوت ہوا۔

۵۱۲۱۔ع۔عمرو بن میمون بن مہران جزری، ابوعبداللہ وابوعبدالرحمٰن، سعید بن جبیر کا پوتا:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ فاضل'' راوی ہے ۱۴۷ھ میں فوت ہوا، وقیل غیر ذالک۔

۵۱۲۲۔ع۔عمرو بن میمون اودی، ابوعبداللہ ''ابو یحییٰ بھی کہا جاتا ہے'':

مشہور مخضرمی ''ثقہ عابد'' راوی ہے کوفہ فروکش ہوا ۷۴ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۵۱۲۳۔ق۔عمرو بن نعمان باہلی، بصری:

نویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے۔

۵۱۲۴۔د۔عمرو بن ابو نعمہ، معافری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۱۲۵۔ل۔عمرو بن ہارون مقرئ، ابوعثمان بصری:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۱۲۶۔د،س۔عمرو بن ہاشم ابومالک جنبی، کوفی:

نویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے ابن حبان نے اس کے بارے میں افراط سے کام لیا ہے۔

۵۱۲۷۔ق۔عمرو بن ہاشم بیروتی:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم غلطی کر جاتا ہے۔

۵۱۲۸۔خت،م،ت،س،ق۔عمرو بن ہرم ازدی بصری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے قتادہ سے پہلے فوت ہوا۔

۵۱۲۹۔س۔عمرو بن ہشام حرانی، ابوامیہ:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۴۵ھ میں فوت ہوا۔

۵۱۳۰۔بخ،م،س۔عمرو بن ہیثم بن قطن قطعی، ابوقطن بصری:

نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۲۰۰ھ میں فوت ہوا۔

44

۵۱۳۱۔د۔عمرو بن وابصہ بن معبد اسدی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۱۳۲۔ت،ق۔عمرو بن واقد دمشقی، ابو حفص، مولی قریش:

چھٹے طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ۱۳۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۵۱۳۳۔ق۔عمرو بن ولید بن عبدہ سہمی، مولی عمرو بن العاص، مصری:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۰۳ھ میں فوت ہوا۔

۵۱۳۴۔د۔عمر بن ولید، ہانی بن کلثوم کا شیخ:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۵۱۳۵۔ر،س۔عمرو بن وہب ثقفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۱۳۶۔بخ۔عمرو بن وہب طائفی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۱۳۷۔س۔عمرو بن یحیٰ بن حارث حمصی:

بارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۸۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۵۱۳۸۔خ،ق۔عمرو بن یحیٰ بن سعید بن عمرو بن سعید بن عاص اموی، ابوامیہ سعیدی مکی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۱۳۹۔ع۔عمرو بن یحیٰ بن عمارہ بن ابوحسن مازنی، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۳۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۵۱۴۰۔ق۔عمرو بن یزید تیمی، ابوبردہ کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۵۱۴۱۔س۔عمرو بن یزید، ابو یزید، جرمی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۱۴۲۔س۔عمرو ذومر ہمدانی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆عمرو انصاری، محمد کا والد:

درست عمران ہے۔(=۵۱۷۶)

☆عمرو صینی:

درست ابو عمر ہے کنیتوں میں آئے گا۔(=۸۲۲۶)

عمران نام کے راویوں کا ذکر

۵۱۴۳۔س۔عمران بن ابان بن عمران سلمی یا قرشی، ابوموسیٰ الطحان الواسطی:

نوویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۲۰۵ھ میں فوت ہوا۔

۵۱۴۴۔د، ت۔عمران بن انس، ابوانس مکی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۵۱۴۵۔بخ، م، د، ت، س۔عمران بن ابوانس قرشی عامری مدنی:

اسکندریہ فروکش ہوا، پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، مدینہ منورہ کے ۱۱۷ھ میں فوت ہوا۔

۵۱۴۶۔س۔عمران بن بکار بن راشد کلاعی، بزاد، حمصی مؤذن:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۷۱ھ میں فوت ہوا۔

۵۱۴۷۔م، س۔عمران بن حارث سلمی، ابوالحکم کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۱۴۸۔م، د، ت، س۔عمران بن حدیر سدوسی، ابوعبیدہ بصری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ ثقہ'' راوی ہے ۱۴۹ھ میں فوت ہوا۔

۵۱۴۹۔س، ق۔عمران بن حذیفہ:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۱۵۰۔ع۔عمران بن حصین بن عبید بن خلف خزاعی، ابونجید:

خیبر والے سال مسلمان ہونے والے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں فاضل تھے اور کوفہ میں قضاء کے عہدے پر فائز تھے

۵۲ھ کو کوفہ میں فوت ہوئے۔

۵۱۵۱۔تمییز۔عمران بن حصین ضبی ،تابعی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۱۵۲۔خ،د،س۔عمران بن حطّان،سدوسی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے مگر خارجی المذہب تھا یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس نے اس سے رجوع کر لیا تھا، ۸۴ھ میں فوت ہوا۔

۵۱۵۳۔س۔عمران بن خالد بن یزید بن مسلم قرشی ''طائی بھی کہا جاتا ہے'' دمشقی:

بعض دفعہ اسے الٹ پلٹ کر دیا جاتا ہے یا اسے اپنے دادا کی طرف منسوب کر دیا جاتا ہے، دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۴۴ھ میں فوت ہوا۔

۵۱۵۴۔خت،۴۔عمران بن دَاوَر،ابو العوام قطان،بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم وہم کر جاتا ہے اور اس پر خارجی نظریات رکھنے کا الزام لگایا گیا ہے ۶۰ھ یا ۷۰ھ میں فوت ہوا۔

☆عمران بن ریاح:

ابن مسلم کے ترجمہ میں آئے گا۔(۵۱۶۷)

۵۱۵۵۔د،ت،ق۔عمران بن زائدہ بن نشیط کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۱۵۶۔ت،ق۔عمران بن زید ثعلبی،ابو یحییٰ،مُلائی،طویل:

ساتویں طبقہ کا قدرے کمزور راوی ہے۔

۵۱۵۷۔بخ،د،ت،ق۔عمران بن طلحہ بن عبید اللہ تیمی ،مدنی:

اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے عجلی نے اسے ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے۔

☆عمران بن طلحہ خزاعی:

یہ ابن عبداللہ ہے آ گے آئے گا۔(=۵۱۵۹)

۵۱۵۸۔بخ،س۔عمران بن ظبیان،کوفی:

ساتویں طبقہ کا''ضعیف''راوی ہے اور ابن حبان نے اس کی تاریخ وفات ۷۵ھ بتلائی ہے۔

۵۱۵۹۔بخ۔عمران بن عبداللہ بن طلحہ خزاعی،بصری:

بسا اوقات اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے چھٹے طبقہ کا''صدوق''راوی ہے۔

۵۱۶۰۔د،ق۔عمران بن عبد''اضافت کے بغیر ہے''معافری،ابوعبداللہ مصری:

چوتھے طبقہ کا''ضعیف''راوی ہے۔

۵۱۶۱۔ت۔عمران بن عصام ضُبَعی،ابوعمارہ بصری،ابوجمرہ کا والد:

زاویہ کے روز ۸۳ھ میں قتل ہوا،دوسرے طبقہ سے ہے اور کہا گیا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

۵۱۶۲۔تمییز۔عمران بن عِصام عنزی،بصری،شاعر:

تیسرے طبقہ کا''مجہول الحال''راوی ہے پہلے راوی سے ایک عرصہ بعد تک زندہ رہا اور جس نے ان دونوں کو ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۵۱۶۳۔ی،م۔عمران بن ابوعطاء اسدی''ولاء کی وجہ سے ہے''ابوحمزہ قصاب،واسطی:

چوتھے طبقہ کا''صدوق صاحب اوہام''راوی ہے۔

۵۱۶۴۔۴۔عمران بن عیینہ بن ابوعمران ہلالی،ابوالحسن کوفی،سفیان کا بھائی:

آٹھویں طبقہ کا''صدوق صاحب اوہام''راوی ہے۔

۵۱۶۵۔مد۔عمران بن محمد بن سعید بن مسیب قرشی،مخزومی:

ساتویں طبقہ کا''مقبول''راوی ہے۔

۵۱۶۶۔ت،ق۔عمران بن محمد بن عبدالرحمٰن ابن ابولیلیٰ:

آٹھویں طبقہ کا''مقبول''راوی ہے۔

۵۱۶۷۔ بخ۔عمران بن مسلم بن ریاح ثقفی، کوفی:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۱۶۸۔خ،م،د،ت،س۔عمران بن مسلم منقری، ابوبکر قصیر، بصری:

چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے تاہم بسا اوقات وہم کرجاتا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ وہی ہے جس نے عبداللہ بن دینار سے روایت کیا ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے علاوہ ہے، اور یہ مکی ہے۔

۵۱۶۹۔تمییز۔عمران بن مسلم جعفی، کوفی، نابینا:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۵۱۷۰۔تمییز۔عمران بن مسلم "ابن ابو مسلم بھی کہا جاتا ہے" فزاری یا ازدی، کوفی:

شیخ ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۵۱۷۱۔ع۔عمران بن ملحان "ابن تیم بھی کہا جاتا ہے" ابورجاء عطاردی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے اس کے والد کا نام اور بھی بتلایا گیا ہے، مخضرمی "ثقہ معمر" راوی ہے عمر ۱۲۰ برس ۱۰۵ھ میں فوت ہوا۔

۵۱۷۲۔ت،س،ق۔عمران بن موسیٰ قزاز، لیثی، ابوعمرو بصری:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۲۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۵۱۷۳۔د،ت۔عمران بن موسیٰ بن عمرو بن سعید بن عاص، ایوب کا بھائی:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۱۷۴۔خ،د۔عمران بن میسرہ، ابوالحسن بصری، ادمی:

دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۲۳ھ میں فوت ہوا۔

۵۱۷۵۔س۔عمران بن نافع مدنی:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆عمران بن یزید:

ابن خالد کے ترجمہ میں گزر چکا۔(=۵۱۵۳)

۵۱۷۶ بس۔عمران انصاری:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۱۷۷۔د۔عمران بارقی:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆عمران قصیر:

یہ ابن مسلم ہے گزر چکا۔(=۵۱۶۸)

۵۱۷۸۔تمییز۔عمران قصیر، دوسرا:

انس سے روایت کرتا ہے اور اس سے جعفر بن برقان نے روایت کیا ہے پانچویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

☆عمران القطان:

یہ ابن داور ہے گزر چکا۔(=۵۱۵۴)

عُمیر اور عَمیرہ نام کے راویوں کا ذکر

۵۱۷۹۔خ،س۔عمیر بن اسحاق، ابو محمد، مولیٰ بنی ہاشم:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆عمیر بن اسود:

یہ عمرو بن اسود ہے گزر چکا۔(=۴۹۸۹)

☆عمیر بن حبیب:

یہ آنے والا عمیر بن قتادہ ہے اور ابن ماجہ کو اس کے والد کے نام میں وہم ہوا ہے،ق۔(=۵۱۸۶)

۵۱۸۰۔عمیر بن حبیب:

یہ ابو جعفر خطمی کا دادا ہے اور وہ صحابی ہیں حضرات نے اس کی حدیث نقل نہیں کی۔

۵۱۸۱۔ت،س۔عمیر بن سعد انصاری اوسی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں حضرت عمر اسے ''نَسِیْجُ وَحْدَہٗ'' (یکتہ ویگانہ) کے نام سے یاد کرتے تھے۔

۵۱۸۲۔خ،م،د،عس،ق۔عمیر بن سعید نخعی صُہْبانی،کوفی:

اسے ابو یحییٰ کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۷ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے ۱۱۵ھ میں ہوا۔

۵۱۸۳۔س۔عمیر بن سلمہ ضمری مدنی:

اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے اور اس سے حدیث بھی آتی ہے۔

۵۱۸۴۔مد۔عمیر بن عبد اللہ بن بشر خثعمی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۱۸۵۔خ،م،د،س۔عمیر بن عبداللہ ہلالی، ابوعبداللہ مدنی، مولی ام الفضل "اسے ابن عباس کا غلام بھی کہا جاتا ہے":

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۱۰۴ھ میں فوت ہوا۔

۵۱۸۶۔د،س،ق۔عمیر بن قتادہ بن سعد بن عامر لیثی:

فتح مکہ کے روز مسلمان ہونے والے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں نبی کریم ﷺ کے ساتھ (کسی غزوہ) میں شہید ہوئے۔

۵۱۸۷۔ت۔عمیر بن ماموم "مامون بھی کہا جاتا ہے" ابن زرارہ تیمی کوفی:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۱۸۸۔س۔عمیر بن نیار "ابن عقبہ بن نیار بھی کہا جاتا ہے":

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

۵۱۸۹۔ع۔عمیر بن ہانی عنسی، ابوولید دمشقی، دارانی:

چوتھے طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ثقہ" راوی ہے ۱۲۷ھ میں قتل ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

۵۱۹۰۔۴۔عمیر بن یزید بن عمیر بن حبیب انصاری، ابوجعفر خطمی، مدنی:

بصرہ فروکش ہوا، چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۵۱۹۱۔م،۴۔عمیر، مولی آبی اللحم، غفاری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں خیبر میں شریک تھے ۷۰ھ کے قریب تک زندہ رہے۔

۵۱۹۲۔ق۔عمیر، مولی ابن مسعود:

تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۵۱۹۳۔ق۔عمیر، عمر بن خطاب کا غلام:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆عمیر، ام فضل کا غلام:

یہ ابن عبداللہ ہے گزر چکا۔ (=۵۱۸۵)

۵۱۹۴۔د۔عمیر ثقفی، حرب بن عبداللہ کا دادا:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

۵۱۹۵۔س۔عُمیرہ بن سعد ہمدانی، ابو سَکَن، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۱۹۶۔د،س۔عمیرہ بن ابو ناجیہ حریث رُعینی مصری، ابو یحییٰ:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۱۵۳ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

ان راویوں کا ذکر جن کے نام کی ابتداء ''ع ن'' سے ہوتی ہے

۵۱۹۷۔ س۔ عَنْبَسہ ابن ازہر شیبانی، ابو یحییٰ کوفی، قاضی جرجان:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے۔

۵۱۹۸۔ خ، د۔ عنبسہ بن خالد بن یزید اموی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ایلی:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۹۸ھ میں فوت ہوا۔

۵۱۹۹۔ د۔ عنبسہ بن ابو رائطہ غنوی، اعور:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۲۰۰۔ خت، ت، س۔ عنبسہ بن سعید بن ضُرَیس اسدی، ابو بکر کوفی، قاضی رَی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۲۰۱۔ خ، م، د۔ عنبسہ بن سعید بن عاص بن سعید بن عاص بن امیہ اموی، عمرو اشدق کا بھائی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے تقریباً ۱۰۰ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۰۲۔ ق۔ عنبسہ بن سعید بن ابو عیاش اموی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۵۲۰۳۔ د۔ عنبسہ بن سعید بن کثیر بن عبید قرشی، ابو بکر کا غلام:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۲۰۴۔ (د) ۔ عنبسہ بن سعید قطان، واسطی یا بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے یہ بات صحیح نہیں ہے کہ ابوداؤد نے اس سے روایت کیا ہے۔

۵۲۰۵۔م،۴۔عنبسہ بن ابوسفیان بن حرب ابن امیہ قرشی اموی، معاویہ کا بھائی:

اسے ابوولید کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے، ابونعیم نے کہا ہے کہ ائمہ کرام کا اس بات پر اتفاق ہے کہ یہ تابعی ہے اور ابن حبان نے اسے ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے اپنے بھائی سے پہلے فوت ہوا۔

۵۲۰۶۔ت،ق۔عنبسہ بن عبدالرحمٰن بن عنبسہ بن سعید ابن عاص اموی:

اس کے دادا کا ذکر گزر چکا اور یہ آٹھویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ابوحاتم نے اس پر وضع کا الزام لگایا ہے۔

۵۲۰۷۔خت،د۔عنبسہ بن عبدالواحد بن امیہ بن عبداللہ ابن سعید بن عاص اموی، ابوخالد کوفی اعور:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے۔

۵۲۰۸۔بخ۔عنبسہ بن عمار دوسی ''قرشی بھی کہا جاتا ہے'' حجازی:

کوفہ فروکش ہوا، چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆عنبسہ بن ہلال:

درست عیسیٰ ہے آئے گا۔(=۵۳۳۷)

۵۲۰۹۔س۔عنترہ ''پہلے راوی کے وزن پر ہے'' ابن عبدالرحمٰن کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے جس نے اسے صحابی (رضی اللہ عنہ) سمجھا ہے اس سے وہم ہوا ہے اور یہ عبدالملک بن ہارون بن عنترہ کوفی ہے۔

ان راویوں کا ذکر جن کے نام کی ابتداء "ع و" سے ہوتی ہے۔

۵۲۱۰۔ ر۔ عوام بن حمزہ مازنی، بصری:

چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے تاہم بسا اوقات وہم کر جاتا ہے۔

۵۲۱۱۔ ع۔ عوام بن حوشب بن یزید شیبانی، ابو عیسیٰ واسطی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ پختہ کار فاضل" راوی ہے ۱۴۸ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۱۲۔ ق۔ عوام بن عباد بن عوام واسطی، کلابی "ولاء کی وجہ سے ہے":

دسویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۲۱۳۔ س۔ عوسجہ ابن رماح، کوفی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۲۱۴۔ ۴۔ عوسجہ مکی، ابن عباس کا غلام:

یہ مشہور نہیں ہے چوتھے طبقہ سے ہے۔

۵۲۱۵۔ ع۔ عوف بن ابو جمیلہ اعرابی عبدی، بصری:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے اس پر قدری اور تشیع کا الزام لگایا گیا ہے عمر ۸۶ برس ۱۴۶ھ یا ۱۴۷ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۱۶۔ خ، د، س، ق۔ عوف بن حارث بن طفیل بن سخبرہ، ازدی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۲۱۷۔ ع۔ عوف بن مالک اشجعی ابو حماد "اس کے علاوہ بھی اس کی کنیت ذکر کی جاتی":

فتح مکہ کے روز مسلمان ہونے والے مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں دمشق فروکش ہو گئے تھے ۷۳ھ میں فوت ہوئے۔

۵۲۱۸۔بخ م ۴۔عوف بن مالک بن نضلہ، جشمی ، ابوالاحوص کوفی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے عراق پر حجاج کے عہد ولایت میں قتل ہوا۔

۵۲۱۹۔ع۔عون بن ابوجحیفہ سوائی، کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۱۶ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۲۰۔م۔عون بن سلام، ابوجعفر کوفی، بنو ہاشم کا غلام:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۳۰ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۲۱۔ق۔عون بن ابوشداد عقیلی ''عبدی بھی کہا گیا ہے'' ابومعمر بصری:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۲۲۲۔س۔عون بن صالح بارقی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۲۲۳۔م ۴۔عون بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود ہذلی، ابوعبداللہ کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۱۲۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۵۲۲۴۔ق۔عون بن عمارہ قیسی، ابومحمد بصری:

نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۲۱۲ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۲۵۔د۔عون بن کہمس بن حسن تمیمی، ابوالحسن بصری:

نویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۲۲۶۔ق۔عویم بن ساعدہ بن عابس ابن قیس بن نعمان انصاری، ابوعبدالرحمٰن مدنی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں عقبہ اور بدر میں شریک تھے حضرت عمر کے عہد خلافت میں فوت ہوئے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں فوت ہوئے۔

۵۲۲۷۔ق۔عوَیمر ''آخر میں راء کی زیادتی کے ساتھ ہے'' ابن اشقر انصاری:

جلیل القدر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے قربانی کے متعلقہ حدیث مروی ہے۔

۵۲۲۸۔ع۔عویمر بن زید بن قیس انصاری، ابو درداء:

اس کے والد کے نام میں اختلاف پایا جاتا ہے اپنی کنیت سے مشہور ہے کہا گیا ہے کہ اس کا نام عامر ہے اور عویمر لقب ہے جلیل القدر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے سب سے پہلے غزوہ احد میں شریک ہوئے اور عابد تھے حضرت عثمان کی خلافت کے آخر میں فوت ہوئے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد تک زندہ رہے۔

ذکر۔ علا

☆ **العلاء بن بدر:**

العلاء بن عبد اللہ کے ترجمہ میں ہے۔ (=۵۲۴۴)

۵۲۲۹۔د۔علاء بن بشیر مزنی، بصری:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۵۲۳۰۔م،۴۔علاء بن حارث بن عبد الوارث حضرمی، ابو وہب دمشقی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق فقیہ'' راوی ہے تاہم اس پر قدری ہونے کا الزام لگایا گیا ہے اور عارضہ اختلاط میں مبتلا ہو گیا تھا عمر ۷۰ برس (۱۳۶ھ) میں فوت ہوا۔

۵۲۳۱۔ع۔علاء بن حضرمی:

اس کے والد کا نام عبد اللہ ابن عماد ہے اور بنوامیہ کا حلیف تھا جلیل القدر صحابی ہے، نبی کریم ﷺ، حضرت ابوبکر (رضی اللہ عنہ) اور حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) کی طرف سے بحرین پر عامل مقرر رہا، ۱۴ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۵۲۳۲۔عخ،ت،س۔علاء بن ابو حکیم یحییٰ شامی، سیاف معاویہ (معاویہ کے حکم سے مجرموں کی گردن مارنے والا):

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۲۳۳۔م،ت۔علاء بن خالد اسدی کاہلی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۲۳۴۔ت۔علاء بن خالد واسطی یا بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ابوسلمہ نے اس پر کذب کا الزام لگایا ہے اور جس نے اسے پہلے والے راوی سے ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

45

۵۲۳۵۔تمییز۔علاء بن خالد بن وردان حنفی، ابوشیبہ بصری:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۲۳۶۔تمییز۔علاء بن خالد مجاشعی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۵۲۳۷۔س۔علاء بن زہیر بن عبداللہ ازدی، ابوزہیر کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۲۳۸۔خت،م،د،س،ق۔علاء بن زیاد بن مطر عدوی ابونصر بصری:

عبادت گزار لوگوں میں سے ایک ہے چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۹۴ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۳۹۔ق۔علاء بن زید ''لام کی زیادتی کے ساتھ زیدل بھی کہا جاتا ہے'' ثقفی ابومحمد بصری:

پانچویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ابوولید نے اس پر کذب کا الزام لگایا ہے۔

۵۲۴۰۔ق۔علاء بن سالم طبری، ابوالحسن حذاء (موچی):

بغداد فروکش ہوا، گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۵۸ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۴۱۔تمییز۔علاء بن سالم عبدی، کوفی عطار:

نویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۲۴۲۔د،ت،س۔علاء بن صالح تیمی یا اسدی، کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے۔

۵۲۴۳۔تمییز۔علاء بن صالح نیشاپوری، ابوالحسین:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۲۴۴۔قد۔علاء بن عبداللہ بن بدر بصری:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۵۲۴۵۔د،س۔علاء بن عبداللہ بن رافع حضرمی، جزری:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۲۴۶۔خ،ت،س،ق۔علاء بن عبدالجبار انصاری "ولاء کی وجہ سے ہے" عطار بصری:

مکہ مکرمہ فروکش ہوا، نویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۱۲ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۴۷۔ر،م،۴۔علاء بن عبدالرحمٰن بن یعقوب حرقی، ابو شبل، مدنی:

پانچویں طبقہ کا "صدوق" راوی: ہے تاہم بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے ۳۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۵۲۴۸۔قد،فق۔علاء بن عبدالکریم یامی، ابو عون کوفی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ عابد" راوی ہے ذہبی نے کہا ہے کہ ۱۵۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۵۲۴۹۔د۔علاء بن عتبہ حمصی:

چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۵۲۵۰۔س۔علاء بن عرار خارفی، کوفی:

چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۵۲۵۱۔س۔علاء بن عصیم جعفی، ابو عبداللہ کوفی مؤذن:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے صدوق" راوی ہے ۲۰۹ھ یا ۲۰۸ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۵۲۔ت،ق۔علاء بن فضل بن عبدالملک منقری، ابو ہذیل بصری:

نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے "ضعیف" راوی ہے ۲۲۰ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۵۳۔ی۔علاء بن کثیر اسکندرانی، مولی قریش:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ عابد" راوی ہے ۱۴۳ھ یا اس سے پہلے فوت ہوا۔

۵۲۵۴۔ تمییز۔ علاء بن کثیر لیثی، ابوسعد، بنوامیہ کا غلام، دمشقی:

کوفہ فروکش ہوا، چھٹے طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ابن حبان نے اس پر وضع کا الزام لگایا ہے۔

۵۲۵۵۔ ت۔ علاء بن لجلاج، شامی ''کہا جاتا ہے کہ یہ خالد کا بھائی ہے'':

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۲۵۶۔ ت۔ علاء بن مسلمہ بن عثمان رواس، مولی بنی تمیم، بغدادی:

اسے ابوسالم کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے دسویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ابن حبان نے اس پر وضع کا الزام لگایا ہے۔

۵۲۵۷۔ تمییز۔ علاء بن مسلمہ ہذلی:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۲۵۸۔ خ، م، د، س، ق۔ علاء بن مسیب بن رافع کاہلی ''تغلبی بھی کہا جاتا ہے'' کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے۔

۵۲۵۹۔ س۔ علاء بن ہلال بن عمر بن ہلال باہلی، ابو محمد رقی:

روایت حدیث میں قدرے کمزور ہے بعمر ۶۵ برس ۲۱۵ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۶۰۔ تمییز۔ علاء بن ہلال بن ابوعطیہ بصری:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۲۶۱۔ د۔ العلاء بن اخی شعیب بن خالد بجلی، رازی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۲۶۲۔ س۔ علاء جزری:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ علاء:

اس نے داؤد بن عبیداللہ سے روایت کیا ہے اور یہ ابن حارث ہے، س۔ (= ۵۲۳۰)

۵۲۶۳۔ فق۔ علاء خزاز:

اس نے یعقوب قمی سے روایت کیا ہے ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۵۲۶۴۔ د۔ علاج ابن عمرو:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۲۶۵۔ ق۔ علاق بن مسلم یا ابن ابو مسلم:

پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۵۲۶۶۔ د، س۔ علاقہ بن صحار:

کہا گیا ہے کہ یہ خارجہ بن صلت کے چچا ہیں، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے رقیہ کے بارے میں حدیث مروی ہے۔

ان راویوں کا ذکر جن کے نام کی ابتداء "ع ی" سے ہوتی ہے

۵۲۶۷۔ د۔ عیاش ابن ازرق "ابن ولید بن ازرق بھی کہا جاتا ہے" ابو النجم بصری:

اَزدی فردکش ہوا، گیارہویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۷ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۶۸۔ ق۔ عیاش بن ابو ربیعہ بن مغیرہ بن عبداللہ ابن عمر بن مخزوم قرشی مخزومی:

اس کے والد کا نام عمرو ہے اور اسے ذوالرمحین کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے بہت پہلے اسلام لایا اور دو ہجرتیں کی ،اور یہ ان مستضعفین میں سے ایک ہے جن کے لئے نبی کریم ﷺ دعا مانگا کرتے تھے، جنگ یمامہ میں شریک تھا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یرموک میں بھی شریک تھا، بقول بعض ۱۵ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۶۹۔ ر، م، ۴۔ عیاش بن عباس قتبانی مصری:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ابن یونس نے کہا ہے کہ کہا جاتا ہے کہ ۱۳۳ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۷۰۔ د، س۔ عیاش بن عقبہ بن کلیب حضرمی، ابو عقبہ مصری:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۶۰ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۷۱۔ م، س۔ عیاش بن عمرو کوفی:

پانچویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے اور یہ وہی ہے جس نے مسلم بن نذیر سے روایت کیا ہے۔

۵۲۷۲۔ خ، د، س۔ عیاش بن ولید رقام، ابو ولید بصری:

دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۲۶ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۷۳۔ س۔ عیاش سلمی:

تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۵۲۷۴۔ بخ، م، ۴۔ عیاض ابن حمار تمیمی مجاشعی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں بصرہ فروکش ہوگئے تھے اور ۵۰ھ کی حدود تک زندہ رہے۔

۵۲۷۵۔ بخ۔ عیاض بن خلیفہ:

دوسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۲۷۶۔ تمییز۔ عیاض بن ابوزہیر فہری:

اس سے یحییٰ بن ابوکثیر اور زید بن اسلم نے روایت کیا ہے تیسرے طبقہ سے ہے علی بن مدینی نے اسے "مجہول" کہا ہے اور اس میں اور آنے والے عیاض بن عبداللہ میں فرق کیا ہے جبکہ دیگر حضرات نے اس کی مخالفت کی ہے اور میرے نزدیک اسی کا قول راجح ہے۔

۵۲۷۷۔ ع۔ عیاض بن عبداللہ بن سعد بن ابوسرح، قرشی عامری مکی:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۱۰۰ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۷۸۔ م، د، س، ق۔ عیاض بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن فہری مدنی:

مصر فروکش ہوا، اس میں قدرے ضعف پایا جاتا ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۵۲۷۹۔ تمییز۔ عیاض بن عبداللہ کوفی، مسلمہ بن کہیل کا شیخ:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆ عیاض بن عروہ:

عروہ بن عیاض کے ترجمہ میں گزر چکا۔ (=۵۲۶۶)

۵۲۸۰۔ م، ق۔ عیاض بن عمرو اشعری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث مروی ہے اور ابو حاتم نے اس بات پر اعتماد کیا ہے کہ ان کی حدیث مرسل ہے

اور انہوں نے ابوعبیدہ بن جراح کو دیکھا ہے پس اس صورت میں یہ مخضرمی ہونگے۔

☆ **عیاض بن غطیف:**

غطیف میں آئے گا۔ (=۵۳۶۱)

۵۲۸۱۔ ۴۔ عیاض بن ہلال ''ابن ابوزہیر بھی کہا گیا ہے'' انصاری:

بعض حضرات نے اسے ہلال بن عیاض کہا ہے مگر یہ مرجوح ہے، تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، یحییٰ بن ابوکثیر اس سے روایت کرنے میں متفرد ہے۔

۵۲۸۲۔ س۔ عیاض بجلی، ابوخالد:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ **عیاض:**

اس نے زید بن ثابت سے روایت کیا ہے درست ابوعیاض ہے جو کہ عمرو بن اسود ہے۔ (=۴۹۸۹)

۵۲۸۳۔ م، د، ت، س۔ عیزار ابن حریث عبدی کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۱۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۵۲۸۴۔ د۔ عیسیٰ بن ابراہیم شعیری بزکی، بصری:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے ۲۲۸ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۸۵۔ د، س۔ عیسیٰ بن ابراہیم بن عیسیٰ بن مثرود، غافقی، ابوموسیٰ مصری:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے نوے برس سے متجاوز عمر پا کر ۲۶۱ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۸۶۔ ت، س۔ عیسیٰ بن احمد بن عیسیٰ بن وردان عسقلانی، ''عسقلان بلخ سے ہے'':

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے غریب حدیثیں بیان کرتا ہے نوے برس کے قریب عمر پا کر ۲۶۸ھ میں فوت ہوا۔

☆عیسیٰ بن ادریس:

ابن ابورزین کے ترجمہ میں آئے گا۔(=۵۲۹۳)

☆عیسیٰ بن ازداد:

ابن یزداد میں ہے۔(=۵۳۳۸)

۵۲۸۷۔د۔عیسیٰ بن ایوب قشیری، ابوہاشم دمشقی:

ساتویں طبقہ کا "صدوق زاہد" راوی ہے۔

۵۲۸۸۔ق۔عیسیٰ بن جاریہ انصاری، مدنی:

اس میں قدرے ضعف پایا جاتا ہے چوتھے طبقہ سے ہے۔

۵۲۸۹۔د،ت،س۔عیسیٰ بن حطان، رقاشی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۲۹۰۔خ،م،د،س،ق۔عیسیٰ بن حفص بن عاصم بن عمر بن خطاب عدوی، ابوزیاد مدنی:

اس کا لقب رباح ہے اور اسے عیسیٰ بن حفص انصاری کہا جاتا ہے کیونکہ اس کی والدہ انصاریہ تھی، چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۱۵۷ھ میں فوت ہوا۔

۵۲۹۱۔م،د،س،ق۔عیسیٰ بن حماد بن مسلم تجیبی، ابوموسیٰ انصاری:

اس کا لقب زُغبہ ہے اور اس کے والد کا بھی یہی لقب ہے دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے نوے برس سے زائد عمر پاکر ۲۴۸ھ میں فوت ہوا اور یہ آخری ہے جس نے ثقہ حضرات میں سے لیث سے روایت کیا ہے۔

۵۲۹۲۔ع،د،ت۔عیسیٰ بن دینار خزاعی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابوعلی کوفی مؤذن:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۵۲۹۳۔س۔عیسی بن ابورزین" کہا جاتا ہے کہ اس کے والد کا نام راشد ہے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ عیسیٰ بن ادریس شمالی ہے"، حمصی:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۲۹۴۔م،س۔عیسیٰ بن سلیم حمصی، رَسْتنی، ابوحمزہ:

ساتویں طبقہ کا "صدوق صاحب اوہام" راوی ہے۔

۵۲۹۵۔خ،قد،ت،ق۔عیسی بن سنان حنفی، ابوسنان قَسْمَلی، فلسطینی:

بصرہ فروکش ہوا، چھٹے طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۵۲۹۶۔س۔عیسی بن سہل بن رافع بن خدیج انصاری حارثی، مدنی:

اسکندریہ فروکش ہوا، اور کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عثمان ہے، چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆عیسی بن سیلان:

جابر کے ترجمہ میں ہے۔(=۸۶۸)

۵۲۹۷۔د۔عیسی بن شاذان قطان، بصری:

مصر فروکش ہوا، گیارہویں طبقہ کا "ثقہ حافظ" راوی ہے کہولت کی عمر میں ۲۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۵۲۹۸۔س۔عیسی بن شعیب بن ابراہیم نحوی بصری ضریر، ابوفضل:

نویں طبقہ کا "صدوق صاحب اوہام" راوی ہے۔

۵۲۹۹۔تمییز۔عیسی بن شعیب بن ثوبان دِیلی، مدنی:

اس میں قدرے ضعف پایا جاتا ہے پانچویں طبقہ سے ہے۔

۵۳۰۰۔ع۔عیسی بن طلحہ بن عبیداللہ تیمی، ابومحمد مدنی:

تیسرے طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ثقہ فاضل" راوی ہے ۱۰۰ھ میں فوت ہوا۔

۵۳۰۱۔ خ تم، س۔ عیسی بن طہمان جشمی، ابوبکر بصری:

کوفہ فروکش ہوا، پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ابن حبان نے اس کے بارے میں افراط سے کام لیا ہے۔

۵۳۰۲۔ بخ، د، ت، ق۔ عیسی بن عاصم اسدی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۳۰۳۔ د، ت۔ عیسیٰ بن عبداللہ بن انیس انصاری، مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۳۰۴۔ د، س، ق۔ عیسیٰ بن عبداللہ بن مالک الدار بن عیاض عمری ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

اسے عبداللہ بن عیسیٰ بھی کہا گیا ہے چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۳۰۵۔ د، ق۔ عیسی بن عبدالاعلی بن عبداللہ بن ابوفروہ اموی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۵۳۰۶۔ ق۔ عیسی بن عبدالرحمٰن بن فروہ ''ابن سَبُرَہ بھی کہا گیا ہے'' انصاری، ابوعبادہ زرقی:

ساتویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

۵۳۰۷۔ ۴۔ عیسی بن عبدالرحمٰن بن ابولیلی انصاری کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۳۰۸۔ بخ، قد، عس۔ عیسی بن عبدالرحمٰن السلمی ثم البجلی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۵۰ھ میں فوت ہوا۔

☆ عیسی بن عبدالرحمٰن:

درست بکر بن عبدالرحمٰن عن عیسی ہے۔ (=۷۴۴)

۵۳۰۹۔ د، ت، س۔ عیسی بن عبید ''بغیر اضافت کے ہے'' بن مالک کندی، ابومُنیب:

اسے عبیداللہ بھی کہا گیا ہے، آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۳۱۰۔ت۔عیسی بن عثمان بن عیسی بن عبدالرحمٰن تمیمی ،کوفی کسائی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۱ھ میں فوت ہوا۔

۵۳۱۱۔مد، ت، س۔عیسی بن ابوعزہ کوفی ،عبداللہ بن حارث کا غلام:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم بسا اوقات وہم کر جاتا ہے۔

۵۳۱۲۔د، ت۔عیسی بن علی بن عبداللہ بن عباس ہاشمی ،حجازی ثم البغدادی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس سے کم حدیثیں مروی ہیں اور یہ اقتدار سے الگ تھا عمر ۸۰ برس ۱۶۳ھ میں فوت ہوا۔

☆عیسی بن علی بن عبیداللہ:

درست عیسی بن طلحہ ہے۔(=۵۳۰۰)

۵۳۱۳۔ق۔عیسی بن عمر بن موسیٰ بن عبیداللہ بن معمر تیمی ،حجازی:

بسا اوقات اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۳۱۴۔ت، س۔عیسی بن عمر اسدی، ہمدانی ،ابوعمر ،کوفی، قاری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۵۶ھ میں فوت ہوا۔

۵۳۱۵۔تمییز۔عیسی بن عمر نحوی ،ابوعمر ثقفی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۴۹ھ میں فوت ہوا۔

۵۳۱۶۔س۔عیسی بن عمر یا ابن عمیر ،حجازی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۳۱۷۔ق۔عیسی بن ابوعیسی حناط ،غفاری ،ابوموسیٰ مدنی ،کوفی الاصل:

اس کے والد کا نام میسرہ ہے اور اسے خیاط بھی کہا جاتا ہے، چھٹے طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ۱۵۱ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

۵۳۱۸۔ د،س۔ عیسیٰ بن ابوعیسیٰ ہلال بن یحییٰ طائی "سلیحی بھی کہا گیا ہے" حمصی، المعروف ابن براد:

گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

☆ عیسیٰ بن ابوعیسیٰ، ابوجعفر رازی:

کنیتوں میں آئے گا اور یہ ابن ماہان ہے۔ (=۸۰۱۹)

۵۳۱۹۔ د۔ عیسیٰ بن فائد، امیر رقہ:

چھٹے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے اور اس کی صحابہ سے روایت مرسل ہے۔

۵۳۲۰۔ فق۔ عیسیٰ بن قرطاس کوفی:

چھٹے طبقہ کا "متروک" راوی ہے اور ساجی نے اس کی تکذیب کی ہے۔

۵۳۲۱۔ د،س،ق۔ عیسیٰ بن محمد بن اسحاق، ابوعمیر بن نحاس رملی:

کہا جاتا ہے کہ اس کے دادا کا نام عیسیٰ ہے دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے "ثقہ فاضل" راوی ہے ۵۶ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۵۳۲۲۔ د،س،ق۔ عیسیٰ بن مختار بن عبداللہ بن عیسیٰ بن عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ انصاری، کوفی:

نوویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۵۳۲۳۔ س۔ عیسیٰ بن مساور جوہری، ابوموسیٰ بغدادی:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے "صدوق" راوی ہے ۲۵۱ھ یا ۵۵ھ میں فوت ہوا۔

۵۳۲۴۔ عس۔ عیسیٰ بن مسعود بن حکم انصاری، زرقی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۳۲۵۔ فق۔ عیسیٰ بن مسلم ابوداؤد طہوی، کوفی، نابینا:

ساتویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۵۳۲۶۔د۔عیسیٰ بن معقل بن ابو معقل اسدی، حجازی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۳۲۷۔د۔عیسیٰ بن معمر حجازی:

چھٹے طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۵۳۲۸۔بخ۔عیسیٰ بن مغیرہ بن ضحاک بن عبداللہ بن خالد بن حزام اسدی حزامی، مدنی:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے۔

۵۳۲۹۔تمییز۔عیسیٰ بن مغیرہ تمیمی، بحرانی، کوفی:

اسے ابوشہاب کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۳۳۰۔م۔عیسیٰ بن منذر سلمی، ابوموسیٰ حمصی:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۳۳۱۔خت، ق۔عیسیٰ بن موسیٰ بخاری، ابواحمد ازرق:

اس کا لقب غنجار ہے، آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے اور بسا اوقات تدلیس بھی کرتا ہے ۱۸۷ھ میں فوت ہوا۔

۵۳۳۲۔عخ، د، س، ق۔عیسیٰ بن موسیٰ قرشی، ابومحمد یا ابوموسیٰ، دمشقی، سلیمان بن موسیٰ فقیہ کا بھائی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆عیسیٰ بن موسیٰ دمشقی:

اس نے عطاء خراسانی سے روایت کیا ہے درست موسیٰ بن عیسیٰ بن موسیٰ ہے، تمییز۔

۵۳۳۳۔بخ۔عیسیٰ بن موسیٰ مدنی:

اس نے محمد بن عباد بن جعفر سے روایت کیا ہے، چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆عیسیٰ بن میسرہ:

یہ ابن ابوعیسیٰ ہے گزر چکا۔ (= ۵۳۱۷)

۵۳۳۴۔خد۔عیسیٰ بن میمون جُرشی ثم المکی، ابوموسیٰ، المعروف ابن دابہ:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۳۳۵۔ت، ق۔عیسیٰ بن میمون مدنی، قاسم بن محمد کا غلام:

واسطی سے معروف ہے اور اسے ابن تلیدان بھی کہا جاتا ہے جبکہ ابن معین، ابن حبان اور ابن میمون نے اس میں اور ابن تلیدان میں فرق کیا ہے، چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۵۳۳۶۔د۔عیسیٰ بن نُمَیلہ فزاری حجازی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆عیسیٰ بن ہلال سلیحی:

یہ ابن ابوعیسیٰ ہے گزر چکا۔ (= ۵۳۱۸)

۵۳۳۷۔بخ، د، ت، س۔عیسیٰ بن ہلال صدفی، مصری:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۳۳۸۔مد، ق۔عیسیٰ بن یزداد یا ازداد، یمانی، فارسی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۵۳۳۹۔س، ق۔عیسیٰ بن یزید ازرق، ابومعاذ مروزی نحوی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے سرخس میں قضاء کے منصب پر فائز تھا۔

۵۳۴۰۔س، ق۔عیسیٰ بن یونس بن ابان فاخوری، ابوموسیٰ رملی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے، اور یہ بات صحیح نہیں ہے کہ ابوداؤد نے اس سے روایت کیا ہے۔

۵۳۴۱۔ع۔عیسیٰ بن یونس بن ابو اسحاق سبیعی، اسرائیل کا بھائی، کوفی:

شام کی سرحدی چھاؤنی میں سکونت پزیر ہوا، آٹھویں طبقہ کا "ثقہ مامون" راوی ہے بعمر ۹۱ برس ۱۸۷ھ میں فوت ہوا۔

۵۳۴۲۔د۔عیسیٰ بن یونس طرطوسی:

گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۵۳۴۳۔بخ،م۔عُیَینہ ابن عبدالرحمٰن بن جوشن، غطفانی:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۱۵۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

تقریب التہذیب اردو

جلد دوم

مرتبہ

علامہ ابن حجر عسقلانی المتوفی ۸۵۲ھ

مترجم

مولانا نیاز احمد دامت برکاتہم

مکتبہ رحمانیہ (رجسٹرڈ)

اقرأ سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

فون: 042-37224228-37355743

مکتبہ رحمانیہ (رجسٹرڈ)

نام کتاب

تقریب التہذیب اردو (جلد دوم)

مترجم

مولانا نیاز احمد دامت برکاتہم

ناشر

مکتبہ رحمانیہ (رجسٹرڈ)

مطبع

خضر جاوید پرنٹرز لاہور

اقراء سنٹر غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
فون: 042-37224228-37355743

ضروری وضاحت

ایک مسلمان جان بوجھ کر قرآن مجید، احادیث رسول ﷺ اور دیگر دینی کتابوں میں غلطی کرنے کا تصور بھی نہیں کر سکتا بھول کر ہونے والی غلطیوں کی تصحیح و اصلاح کے لیے بھی ہمارے ادارہ میں مستقل شعبہ قائم ہے اور کسی بھی کتاب کی طباعت کے دوران اغلاط کی تصحیح پر سب سے زیادہ توجہ اور عرق ریزی کی جاتی ہے۔ تاہم چونکہ یہ سب کام انسانوں کے ہاتھوں ہوتا ہے اس لیے پھر بھی غلطی کے رہ جانے کا امکان ہے۔ لہٰذا قارئین کرام سے گزارش ہے کہ اگر ایسی کوئی غلطی نظر آئے تو ادارہ کو مطلع فرمادیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح ہو سکے۔ نیکی کے اس کام میں آپ کا تعاون صدقہ جاریہ ہوگا۔ (ادارہ)

تنبیہ

فہرست جلد دوم

کنیتوں کا بیان (مرد حضرات)

باب: خواتین کے بیان میں

خواتین کی کنیتوں کا بیان

حرف الغین

۵۳۴۴۔د۔غالب بن ابجر "احمد کے وزن پر ہے، اسے ابن ذیخ بھی کہا جاتا ہے" مزنی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے کوفہ فروکش ہو گئے تھے۔

۵۳۴۵۔د۔غالب بن حُجرہ، تمیمی عنبری:

ساتویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۵۳۴۶۔ع۔غالب خُطّاف "خَطَّاف بھی کہا گیا ہے":

یہ ابن ابوغیلان قطان ابوسلیمان بصری ہے چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۵۳۴۷۔مد،فق۔غالب بن سلیمان عتکی، جہضمی، ابوصالح یا ابوسلمہ خراسانی، بصری الاصل:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۵۳۴۸۔د،س،ق۔غالب بن مہران "ابن میمون بھی کہا گیا ہے" تمار، عبدی، ابوغفار بصری:

چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۵۳۴۹۔ت۔غالب بن نجیح، ابوبشر کوفی:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۳۵۰۔س۔غالب بن ہذیل اودی، کوفی:

پانچویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے اس پر رافضیت کا الزام لگایا گیا ہے۔

۵۳۵۱۔د۔عرفہ بن حارث کندی، ابوحارث، یمنی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں حجۃ الوداع میں شریک تھے پھر مصر فتح کیا اور وہیں فروکش ہو گئے بعض حضرات نے انہیں

مہملہ کے ساتھ ذکر کیا ہے۔

۵۳۵۲۔د،س۔غُرَیف ابن عیاش ابن فیروز دیلمی:

اپنے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے پانچویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۳۵۳۔د۔غزوان بن جریر ضبی "ولاء کی وجہ سے" کوفی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۳۵۴۔خت،د،ت،س۔غزوان غفاری، ابو مالک کوفی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۵۳۵۵۔د۔غزوان شامی:

چوتھے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۵۳۵۶۔س۔غسان بن اغر بن حصین نہشلی، ابو اغر کوفی:

ساتویں طبقہ کیا "مقبول" راوی ہے۔

۵۳۵۷۔ق۔غسان بن بُرزین، طہوی ابو مقدام بصری:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے۔

۵۳۵۸۔د۔غسان بن عوف مازنی، بصری:

آٹھویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۵۳۵۹۔مد۔غسان بن فضل، ابو عمرو سجستانی:

مکہ مکرمہ فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۳۶۰۔س۔غسان بن مضر ازدی، ابو مضر بصری، مکفوف:

آٹھویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۸۴ھ میں فوت ہوا۔

۵۳۶۱۔ بخ، د، س، ق۔ غُضَیف ''غطیف بھی کہا جاتا ہے'' ابن حارث سکونی ''ثمالی بھی کہا جاتا ہے'' حمصی:

اسے ابو اسماء کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے ابن حبان نے کہا ہے کہ جس نے اسے حارث بن غطیف کہا ہے اسے وہم ہوا ہے بعض حضرات نے فرق کرتے ہوئے غضیف بن حارث کو صحابی ثابت کیا ہے اور غطیف بن حارث کے بارے کہا ہے کہ یہ تابعی ہے اور یہی صحیح تر قول ہے، صاحب ترجمہ ۶۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

وہم:

۵۳۶۲۔ س۔ عیاض بن غطیف، دوسرا:

مخضری ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۳۶۳۔ بخ، س۔ غُضَیف بن ابوسفیان طائفی ثقفی ''اسے طاء کے ساتھ بھی کہا جاتا ہے'':

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے جس نے اسے صحابہ میں ذکر کیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

☆غطیف ''ابو غطیف بھی کہا گیا ہے'':

کنیتوں میں آئے گا۔ (=۸۳۰۲)

۵۳۶۴۔ ت۔ غطیف بن اعین شیبانی جزری ''اسے ضاد کے ساتھ بھی کہا جاتا ہے'':

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۵۳۶۵۔ م، ۴۔ غُنیم بن قیس مازنی، ابو عنبر بصری:

دوسرے طبقہ کا مخضرمی ''ثقہ'' راوی ہے ۹۰ھ میں فوت ہوا۔

☆غلاق:

مہملہ میں ہے۔ (=۵۲۶۵)

۵۳۶۶۔ ق۔ غیاث بن جعفر شامی، من رحبۃ مالک بن طوق:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۳۶۷۔ی،د،ق۔غیلان بن انس کلبی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو یزید دمشقی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۳۶۸۔م،د،س،ق۔غیلان بن جامع بن اشعث محاربی،ابوعبداللہ کوفی،قاضی کوفہ:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۳۲ھ میں فوت ہوا۔

۵۳۶۹۔ع۔غیلان بن جریر معولی ازدی،بصری:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۲۹ھ میں فوت ہوا۔

۵۳۷۰۔ت۔غیلان بن عبداللہ عامری:

ساتویں طبقہ کا قدرے کمزور راوی ہے۔

حرف الفاء

۵۳۷۱۔ ت۔ فاتک بن فضالہ بن شریک اسدی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا "مجہول الحال" راوی ہے۔

۵۳۷۲۔ ق۔ فاکہ ابن سعد انصاری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے عید الفطر کے روز غسل کے متعلق حدیث مروی ہے مگر اس کی سند کمزور ہے۔

۵۳۷۳۔ ت، ق۔ فائد بن عبد الرحمن کوفی، ابو ورقاء عطار:

پانچویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے "متروک" راوی ہے محدثین نے اسے متہم کیا ہے ۱۶۰ھ کی حدود تک زندہ رہا۔

۵۳۷۴۔ د، س، ق۔ فائد بن کیسان باہلی، ابو عوام جزار:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۳۷۵۔ د، ت، ق۔ فائد، عبادل کا غلام:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۵۳۷۶۔ د۔ فجیع ابن عبد اللہ عامری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں کوفہ فروکش ہوئے ان سے صرف ایک ہی حدیث آئی ہے۔

۵۳۷۷۔ ی۔ فدیک بن سلیمان "ابن ابو سلیمان بھی کہا جاتا ہے" قیسرانی، عابد

کہا جاتا ہے کہ اس کے والد کا نام قیس ہے نویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۳۷۸۔ د۔ فرات بن حیان ابن عطیہ بن عبد العزی عجلی، حلیف بنو سہم:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں کوفہ فروکش ہو گئے تھے ان سے کم حدیثیں مروی ہیں۔

☆فرات بن حیان:

درست نزار ہے نون میں آئے گا۔(۷۱۰۴)

۵۳۷۹۔ تخ۔ فرات بن خالد ضبی، ابو اسحاق رازی، حافظ ابو مسعود کا والد:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۳۸۰۔ ع۔ فرات بن ابو عبد الرحمٰن قزاز کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۳۸۱۔ ع۔ فراس ابن یحییٰ ہمدانی خارفی، ابو یحییٰ کوفی مکتب:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم بسا اوقات وہم کر جاتا ہے۔

☆فراسی:

انساب میں ہے۔

۵۳۸۲۔ د، ق۔ فرج بن سعید بن علقمہ بن سعید بن ابیض ماربی، ابو روح یمانی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۳۸۳۔ د، ت، ق۔ فرج بن فضالہ بن نعمان تنوخی، شامی:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۷۷ھ میں فوت ہوا۔

۵۳۸۴۔ ت، ق۔ فرقد بن یعقوب سبخی، ابو یعقوب بصری:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق روایت حدیث میں قدرے کمزور، کثیر الخطاء'' راوی ہے ۱۳۱ھ میں فوت ہوا۔

۵۳۸۵۔ ت۔ فرقد، ابو طلحہ:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۵۳۸۶۔ ق۔ فروخ، عثمان کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۳۸۷۔ق۔فروہ بن قیس حجازی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۵۳۸۸۔د۔فروہ بن مجاہد یا مجالد لخمی'' ولاء کی وجہ سے ہے'' فلسطینی، نابینا:

اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے اور عابد تھا۔

۵۳۸۹۔د،ت۔فروہ بن مُسَیک مرادی ثم الغطیفی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں کوفہ فروکش ہوئے، انہیں ابو عمیر کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) نے انہیں صدقات کی وصولی پر مقرر کیا تھا۔

۵۳۹۰۔خ،ت۔فروہ بن ابومغراء، کندی، کوفی:

اس کے والد کا نام معدی کرب ہے اور اسے ابوقاسم کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے، دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۲۵ھ میں فوت ہوا۔

☆فروہ بن مغیرہ:

مغیرہ بن فروہ کے ترجمہ میں آئے گا۔ (=۶۸۸۴)

۵۳۹۱۔م،د،س،ق۔فروہ بن نوفل اشجعی:

اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے درست یہ ہے کہ اس کے والد محترم کو صحابیت کا شرف حاصل ہے اور یہ تیسرے طبقہ سے ہے خلافت معاویہ میں قتل ہوا۔

۵۳۹۲۔ق۔فروہ بن یونس کلابی، ابو یونس بصری:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۳۹۳۔د،ت،ق۔فضاء ابن خالد جہضمی، بصری:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۵۳۹۴۔ت۔ فضالہ بن ابراہیم تیمی، ابوابراہیم وابواحمد، النسائی ثم المروزی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ثقہ مضبوط" راوی ہے۔

۵۳۹۵۔بخ،م،۴۔ فضالہ بن عبید بن نافذ بن قیس انصاری اوسی:

سب سے پہلے غزوہ احد میں شریک ہوئے پھر دمشق فروکش ہوگئے اور وہیں قضاء کے منصب پر فائز ہوئے ۵۸ھ میں فوت ہوئے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوئے۔

۵۳۹۶۔ت۔ فضالہ بن فضل بن فضالہ تمیمی، ابوفضل کوفی:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے "صدوق" راوی ہے بسا اوقات غلطی کرجاتا ہے ۲۵۰ھ میں فوت ہوا۔

۵۳۹۷۔د۔ فضالہ لیثی زہرانی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کے والد کا نام عبداللہ اور وہب بھی بتلایا گیا ہے ان سے حدیث آتی ہے۔

فضل نام کے راویوں کا ذکر

۵۳۹۸۔ت۔ فضل بن جعفر بن عبداللہ بغدادی، ابو سہل بن ابو طالب، یحییٰ بن ابو طالب کا بھائی، واسطی الاصل:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے عمر ۶۶ برس ۲۵۷ھ میں فوت ہوا۔

۵۳۹۹۔د۔ فضل بن حسن بن عمرو بن امیہ ضمری، مدنی:

مصر فروکش ہوا، تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اسکندریہ میں فوت ہوا۔

۵۴۰۰۔عس۔ فضل بن ابو حکم طاحی، بصری:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۴۰۱۔ع۔ فضل بن دکین کوفی ''دکین کا نام عمرو بن حماد بن زہیر تیمی ''ولاء کی وجہ سے ہے''، احول، ابونعیم ملائی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے نویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے ۲۱۸ھ میں فوت ہوا یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۱۹ھ میں فوت ہوا، اور ۱۳۰ھ کو پیدا ہوا تھا اور یہ بخاری کے کبار شیوخ میں سے ہے۔

۵۴۰۲۔د، ت، ق۔ فضل بن دلہم الواسطی ثم البصری، القصاب:

ساتویں طبقہ کا قدرے کمزور راوی ہے اور اس پر اعتزال کا الزام لگایا گیا ہے۔

☆فضل بن زہیر:

یہ ابن دکین ہے۔(=۵۴۰۱)

۵۴۰۳۔خ، م، د، ت، س۔ فضل بن سہل بن ابراہیم اعرج، بغدادی، خراسانی الاصل:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۷۰ برس سے زائد عمر پا کر ۲۵۵ھ میں فوت ہوا۔

۵۴۰۴۔قد۔ فضل بن سوید کوفی:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۴۰۵۔ت،ق۔ فضل بن صباح بغدادی، سمسار:

اصلاً نہاوند سے ہے، دسویں طبقہ کا "ثقہ عابد" راوی ہے ۲۴۵ھ میں فوت ہوا۔

☆فضل بن ابو طالب:

یہ ابن جعفر ہے گزر چکا۔ (= ۵۳۹۸)

۵۴۰۶۔س۔ فضل بن عباس بغدادی:

گیارہویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۵۴۰۷۔ع۔ فضل بن عباس بن عبدالمطلب بن ہاشم ہاشمی، نبی کریم ﷺ کا چچازاد بھائی، عباس کا بڑا بیٹا:

حضرت عمر کے دور خلافت میں شہید ہوا۔

۵۴۰۸۔س۔ فضل بن عبیداللہ بن ابورافع مدنی:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۵۴۰۹۔س،ق۔ فضل بن عطیہ بن عمرو بن خالد مروزی، مولی بنی عبس، محمد کا والد:

چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے تاہم بسا اوقات وہم کر جاتا ہے۔

۵۴۱۰۔عس۔ فضل بن عمیرہ طفاوی، ابوقتیبہ بصری:

اس میں قدرے ضعف پایا جاتا ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۵۴۱۱۔خ،س۔ فضل بن عنبسہ خزاز، واسطی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ثقہ" راوی ہے ابن قانع اسے ضعیف کہنے میں متفرد ہے اور ابن قانع کی جرح معتبر نہیں ہے ۲۰۰ھ کے بعد فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

۵۴۱۲۔خ،س۔ فضل بن علاء، ابوالعباس ''ابوالعلاء بھی کہا جاتا ہے'' کوفی:

بصرو فروکش ہوا، نوویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے۔

۵۴۱۳۔ق۔ فضل بن عیسیٰ بن ابان رقاشی، ابوعیسیٰ بصری واعظ:

چھٹے طبقہ کا ''منکر الحدیث'' راوی ہے اور اس پر قدری ہونے کا الزام لگایا گیا ہے۔

۵۴۱۴۔س۔ فضل بن فضل مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۵۴۱۵۔تمییز۔ فضل بن فضل بن فضل سعدی، ابوعبیدہ بن ابوسوید سقطی بصری:

دسویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۵۴۱۶۔بخ،ق۔ فضل بن مبشر انصاری، ابوبکر مدنی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے اس میں قدرے ضعف پایا جاتا ہے پانچویں طبقہ سے ہے۔

۵۴۱۷۔خ،س۔ فضل بن مُساور، ابومساور بصری، ابوعوانہ کا داماد:

نوویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے۔

۵۴۱۸۔بخ۔ فضل بن مقاتل ازدی، ابومقاتل بلخی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۴۱۹۔ع۔ فضل بن موسیٰ سِینانی، ابوعبداللہ مروزی:

نوویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے تاہم بسا اوقات غریب احادیث روایت کرتا ہے ربیع الاول ۱۹۲ھ میں فوت ہوا۔

۵۴۲۰۔ق۔ فضل بن موفق بن ابومنذر ثقفی، ابوجہم کوفی:

اس میں قدرے ضعف پایا جاتا ہے نوویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ہے۔

۵۴۲۱۔ت۔ فضل بن یزید ثُمالی ''بجلی بھی کہا جاتا ہے'' کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۴۲۲۔خ،ق۔فضل بن یعقوب بن ابراہیم بن موسیٰ رخامی، ابوالعباس بغدادی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۵۸ھ میں فوت ہوا۔

۵۴۲۳۔د،ق۔فضل بن یعقوب بصری، المعروف جزری:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۵۶ھ میں فوت ہوا۔

۵۴۲۴۔تمییز۔فضل بن یعقوب جھنی، کوفی، ابوالعباس:

بارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۴۲۵۔ت۔فِضّہ، ابومودود بصری:

خربوزہ فروش ہوا، اپنی کنیت سے مشہور ہے اس میں قدرے ضعف پایا جاتا ہے آٹھویں طبقہ سے ہے۔

فُضَیل سے حرف فاء کے آخر تک کے راویوں کا ذکر

۵۴۲۶۔خت،م،د،س۔ فضیل بن حسین بن طلحہ جحدری، ابو کامل:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۸۰ برس سے زائد عمر پا کر ۲۳۷ھ میں فوت ہوا، اور یہ اپنے چچا کامل بن طلحہ سے زیادہ ثقہ ہے۔

☆فضیل بن رافع، ولید کا شیخ:

درست اسماعیل بن رافع ہے،ق۔(=۴۴۲)

۵۴۲۷۔ع۔ فضیل بن سلیمان نُمَیری، ابو سلیمان بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق کثیر الخطاء'' راوی ہے ۱۸۳ھ میں فوت ہوا، وقیل غیر ذالک۔

۵۴۲۸۔د،ت،س۔ فضیل بن ابو عبداللہ مدنی، مَہری کا غلام:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۴۲۹۔د۔ فضیل بن عبدالوہاب بن ابراہیم غطفانی، ابو محمد قناد، سکری، کوفی، اصبہانی الاصل:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۵۴۳۰۔م،قد،ت،س،ق۔ فضیل بن عمرو فُقَیمی، ابو نضر کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۱۰ھ میں فوت ہوا۔

۵۴۳۱۔خ،م،د،ت،س۔ فضیل بن عیاض بن مسعود تمیمی، ابو علی، مشہور زاہد، خراسانی الاصل:

مکہ مکرمہ فروکش ہوا، آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ عابد امام'' راوی ہے ۱۸۷ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے فوت ہوا۔

۵۴۳۲۔تمییز۔فضیل بن عیاض خولانی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۵۴۳۳۔تمییز۔فضیل بن عیاض صدفی، مصری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۱۲۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۵۴۳۴۔ع۔فضیل بن غزوان ابن جریر ضبی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوفضل کوفی:

ساتویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۱۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۵۴۳۵۔س۔فضیل بن فضالہ، قیسی بصری:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۴۳۶۔مد،س۔فضیل بن فضالہ ہوزنی، شامی:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اس نے ایک مرسلا روایت کیا ہے۔

۵۴۳۷۔ی م،۴۔فضیل بن مرزوق اغر، رقاشی کوفی، ابوعبدالرحمٰن:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم وہم کرجاتا ہے اور اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے ۱۶۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۵۴۳۸۔بخ۔فضیل بن مسلم:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۵۴۳۹۔بخ، د، س، ق۔فضیل بن میسرہ، ابومعاذ بصری:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۵۴۴۰۔فق۔فضیل، ناجی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۱۹۲۔تمییز۔محمد بن عمرو واقفی، ابوسہل بصری:

اپنی کنیت سے مشہور ہے اس کے دادا کے نام میں اختلاف پایا جاتا ہے ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

☆ محمد بن عمرو انصاری:

اس نے اپنے والد سے روایت کیا ہے اور اس سے محمد بن عمرو بن حلحلہ نے روایت کیا ہے، درست ابن عمران ہے۔(=۶۱۹۸)

۶۱۹۳۔خ،ت۔محمد بن عمرو سواق بلخی:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۲۳۶ھ میں فوت ہوا۔

۶۱۹۴۔تمییز۔محمد بن عمرو، ابو احمد بلخی، ابن ابو دنیا کا شیخ:

گیارہویں طبقہ کا "مستور" راوی ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ یہ سواق ہو۔

۶۱۹۵۔ق۔محمد بن عمرو حدثانی:

اس نے سعید بن داؤد سے روایت کیا ہے بارہویں طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۶۱۹۶۔م،س۔محمد بن عمرو یافعی، رعینی:

نویں طبقہ کا "صدوق صاحب اوہام" راوی ہے۔

☆ محمد بن عمرو:

اس نے مکی بن ابراہیم سے روایت کیا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ بلخی ہے، مروزی، زنیج اور ابن جبلہ بھی کہا گیا ہے، خ۔(=۶۱۹۳، ۶۱۸۰، ۶۱۸۶)

۶۱۹۷۔بخ،ت۔محمد بن عمران بن محمد بن عبدالرحمٰن بن ابو لیلیٰ، ابو عبدالرحمٰن کوفی:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۶۱۹۸۔س۔محمد بن عمران انصاری، محمد بن عمرو بن حلحلہ کا شیخ:

چھٹے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۶۱۹۹۔د۔محمد بن عمران حجبی، حجازی:

پانچویں طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۶۲۰۰۔س۔محمد بن عُمیر ،محاربی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۲۰۱۔س۔محمد بن ابوعُمیرہ:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں شام فروکش ہو گئے تھے۔

۶۲۰۲۔د،عس۔محمد بن عوف بن سفیان طائی ،ابوجعفر حمصی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۲۷۱ھ یا ۲۷۳ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۰۳۔ق۔محمد بن عون،خراسانی:

چھٹے طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ۱۵۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۶۲۰۴۔ع۔محمد بن العلاء بن کریب ہمدانی ،ابوکریب کوفی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے دسویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے عمر ۸۷ برس ۲۴۷ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۰۵۔س۔محمد بن عیسی بن زیاد دامغانی ،ابوحسین:

ری کے مقام پر فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۲۰۶۔محمد بن عیسیٰ بن سورہ بن موسیٰ بن ضحاک سلمی ترمذی ابوعیسیٰ ،صاحب الجامع:

ائمہ کرام میں سے ایک ہے بارہویں طبقہ سے ہے ۲۷۹ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۰۷۔کن۔محمد بن عیسی بن شیبہ سدوسی ،بصری ،حافظ یعقوب بن شیبہ کا بھتیجا:

بارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۲۹۴ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۰۸۔تمییز۔محمد بن عیسیٰ بن محمد بن عبداللہ بن عیسیٰ بن عبداللہ بن علی بن عبداللہ بن عباس ہاشمی ،بیاضی:

بارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۲۹۴ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۰۹۔د،س،ق۔محمد بن عیسیٰ بن قاسم بن سمیع دمشقی ،اموی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم غلطی کر جاتا ہے اور تدلیس کرتا ہے اور اس پر قدری ہونے کا الزام لگایا

ہے ۹۰ برس کے قریب عمر پا کر ۲۰۷ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۲۰۶ھ میں ہوا۔

☆ محمد بن عیسی قرشی:

اس نے زید بن واقد سے روایت کیا ہے اور یہ پہلے والا ہی راوی ہے امام بخاری کو وہم ہوا ہے اور انہوں نے اسے دو بنا دیا ہے۔

۶۲۱۰۔ خت، د، تم، س، ق۔ محمد بن عیسیٰ بن نجیح بغدادی، ابو جعفر بن طباع:

اذنہ فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ فقیہ'' راوی ہے ہشیم کی حدیث کو تمام لوگوں سے زیادہ جاننے والا تھا، عمر ۷۴ برس ۲۲۴ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۱۱۔ س۔ محمد بن عیسیٰ النقاش، ابو جعفر بغدادی:

دمشق فروکش ہوا، گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۲۱۲۔ ت۔ محمد بن عیینہ فزاری، مصیصی:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۲۱۳۔ تمییز۔ محمد بن عیینہ ہلالی، سفیان کا بھائی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے۔

فصل: ''غ''

۶۲۱۴۔خ،د۔محمد بن ابو غالب قومسی،طیالسی:

بغداد فروکش ہوا،گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۵۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۱۵۔تمییز۔محمد بن ابو غالب بغدادی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۴ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۱۶۔خ۔محمد بن غُرَیر،ابن ولید بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف زہری،مدنی:

سمرقند فروکش ہوا،گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

فصل: "ف۔ق"

☆ محمد بن فاطمہ بنت النبی ﷺ، اوزاعی کا شیخ:

یہ ابوجعفر الباقر محمد بن علی بن حسین ہے گزر چکا۔ (=۶۱۵۱)

☆ محمد بن ابوفدیک:

یہ ابن اسماعیل ہے گزر چکا۔ (=۵۷۳۶)

۶۲۱۷۔ق۔ محمد بن فرات تمیمی یا جرمی، ابوعلی کوفی:

محدثین نے اس کی تکذیب کی ہے آٹھویں طبقہ سے ہے۔

☆ محمد بن ابوفرات:

یہ ابن دینار ہے گزر چکا۔ (=۵۸۷۰)

۶۲۱۸۔ت،ق۔ محمد بن فراس، ابوہریرہ صیرفی بصری:

گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۲۴۵ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۱۹۔م،د۔ محمد بن فرج بن عبدالوارث قرشی "ولاء کی وجہ سے ہے" بغدادی، احمد کا پڑوسی:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۲۳۶ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۲۰۔تمییز۔ محمد بن فرج بن محمود بغدادی، ابوبکر ازرق:

گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے تاہم بسا اوقات وہم کرجاتا ہے ۲۸۲ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۲۱۔س۔ محمد بن فرخان رافقی:

گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۶۲۲۲۔ تمییز۔ محمد بن فرخان دوری، بغدادی:

بارہویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۶۲۲۳۔ د، ت، ق۔ محمد بن قُضاء، ازدی، ابو بحر بصری:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۶۲۲۴۔ تمییز۔ محمد بن قضاء، جوہری، بصری:

بارہویں سے متاخر الطبقہ ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۲۲۵۔ ت، ق۔ محمد بن فضل بن عطیہ بن عمر عبدی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' کوفی:

بخاری فروش ہوا، محدثین نے اس کی تکذیب کی ہے آٹھویں طبقہ سے ہے ۱۸۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۲۶۔ ع۔ محمد بن فضل سدوسی، ابو نعمان بصری:

اس کا لقب عارم ہے نوویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے تاہم آخر عمر میں اس کا حافظہ بدل گیا تھا ۲۲۳ھ یا ۲۲۴ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۲۷۔ ع۔ محمد بن فضیل بن غزوان ضبی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو عبدالرحمٰن کوفی:

نوویں طبقہ کا ''صدوق عارف'' راوی ہے اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے ۱۹۵ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۲۸۔ خ، س، ق۔ محمد بن فلیح بن سلیمان اسلمی یا خزاعی، مدنی:

نوویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے وہم کر جاتا ہے ۱۹۷ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۲۹۔ ت۔ محمد بن قاسم اسدی، ابو قاسم کوفی، شامی الاصل:

اس کا لقب ''کاؤ'' ہے محدثین نے اس کی تکذیب کی ہے نوویں طبقہ سے ہے ۲۰۷ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۳۰۔ تمییز۔ محمد بن قاسم اسدی، کوفی دوسرا:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۲۳۱۔ خت، د، ت۔ محمد بن ابو قاسم طویل، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ محمد بن ابو قاسم:

ابن ہیثم کے ترجمہ میں آئے گا۔ (= ۶۳۶۷)

۶۲۳۲۔م۔محمد بن قدامہ بن اسماعیل سلمی، بخاری:

مرو فروکش ہوا، گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۲۳۳۔د،س۔محمد بن قدامہ بن اعین ہاشمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مصیصی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے تقریباً ۲۵۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۳۴۔تخ۔محمد بن قدامہ جوہری انصاری، ابو جعفر بغدادی:

اس میں قدرے ضعف پایا جاتا ہے دسویں طبقہ سے ہے ۲۳۷ھ میں فوت ہوا، جس نے اسے پہلے والے راوی سے ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۶۲۳۵۔تمییز۔محمد بن قدامہ حنفی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۲۳۶۔تمییز۔محمد بن قدامہ کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۶۲۳۷۔تمییز۔محمد بن قدامہ طوسی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی تاہم وہم کر جاتا ہے۔

۶۲۳۸۔تمییز۔محمد بن قدامہ النحاس:

دسویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۶۲۳۹۔تمییز۔محمد بن قدامہ رازی:

گیارہویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۲۴۰۔تمییز۔محمد بن قدامہ بلخی:

بارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۲۴۱۔س۔محمد بن قرظہ ابن کعب، انصاری:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۲۴۲۔م، مد، ت، س۔محمد بن قیس بن مخرمہ بن مطلب مطلبی:

کہا جاتا ہے کہ اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے اور ابوداؤد وغیرہ نے اس کی توثیق کی ہے۔

۶۲۴۳۔بخ، م، د، س۔محمد بن قیس اسدی والبی، کوفی:

ساتویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۲۴۴۔عس۔محمد بن قیس ہمدانی مرہبی کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۲۴۵۔م، ت، س، ق۔محمد بن قیس مدنی، قصہ گو:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اور اس کی صحابہ سے حدیث مرسل ہے۔

۶۲۴۶۔تمییز۔محمد بن قیس، ابو معشر کا شیخ:

چوتھے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے اور جس نے اسے پہلے والے راوی سے ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۶۲۴۷۔تمییز۔محمد بن قیس الزیات المدنی، ابوزُکیر کا والد:

اس میں قدرے ضعف پایا جاتا ہے ساتویں طبقہ سے ہے جس نے اسے قاص کے ساتھ ملایا اسے وہم ہوا ہے۔

۶۲۴۸۔تمییز۔محمد بن قیس یشکری، بصری، سلیمان کا بھائی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

فصل: ''ک۔ل''

۶۲۴۹۔ت،س۔محمد بن کامل مروزی:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۲۵۰۔تمییز۔محمد بن کامل عمانی، بلقاوی:

دسویں طبقہ کا ''بہت زیادہ ضعیف'' راوی ہے۔

۶۲۵۱۔د،ت،س۔محمد بن کثیر بن ابوعطاء ثقفی، صنعانی، ابو یوسف:

مصیصہ فروکش ہوا،نوویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق کثیر الغلط'' راوی ہے ۲۱۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۶۲۵۲۔ع۔محمد بن کثیر عبدی بصری:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے جس نے اس کی تضعیف کی ہے اس نے اچھا نہیں کیا،عمر نوے برس ۲۲۳ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۵۳۔تمییز۔محمد بن کثیر قرشی کوفی، ابو اسحاق:

نوویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۶۲۵۴۔تمییز۔محمد بن کثیر بصری، سلمی، القصاب:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۶۲۵۵۔تمییز۔محمد بن کثیر بن مروان فہری شامی:

نوویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ۲۰۳ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۵۶۔ق۔محمد بن کریب، مولی ابن عباس:

چھٹے طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے ۵۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۶۲۵۷۔ع۔محمد بن کعب بن سلیم بن اسد، ابوحمزہ قرظی، مدنی:

ایک عرصہ کوفہ فروکش رہا، تیسرے طبقہ کا "ثقہ عالم" راوی ہے صحیح قول کے مطابق ۴۰ھ کو پیدا ہوا، جس نے کہا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں پیدا ہوا اسے وہم ہوا ہے، بخاری نے کہا ہے کہ اس کا والد بنوقریظہ کے نابالغ قیدیوں میں سے تھا محمد ۲۰ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

۶۲۵۸۔م،ق۔محمد بن کعب بن مالک انصاری، سلمی، مدنی:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

اس کے بڑے بھائی کا نام:

۶۲۵۹۔محمد (ہے):

صحابی (رضی اللہ عنہ) کہا جاتا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ میں ہی فوت ہوگئے تھے۔

☆محمد بن کناسہ:

یہ ابن عبداللہ ہے گزر چکا۔ (=۶۰۲۷)

فصل: ''م''

۶۲۶۰۔ بخ۔ محمد بن مالک بن منتصر:

پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۲۶۱۔ ق۔ محمد بن مالک جوزجانی، ابومغیرہ، براء کا غلام:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم بکثرت غلطیاں کرتا ہے۔

۶۲۶۲۔ ع۔ محمد بن مبارک صوری، قلانسی، قرشی:

دمشق فروکش ہوا، دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے بعمر ۶۲ برس ۲۱۵ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۶۳۔ د۔ محمد بن متوکل بن عبدالرحمٰن ہاشمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' عسقلانی، المعروف ابن ابوسری:

دسویں طبقہ کا ''صدوق عارف، کثیرالاوہام'' راوی ہے ۲۳۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۶۴۔ ع۔ محمد بن مثنیٰ بن عبید عنزی، ابوموسیٰ بصری، المعروف بالزمن:

اپنی کنیت اور اپنے نام سے مشہور ہے دسویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے یہ اور بندار (علم کی انتہائی جستجو میں) باہم عروج پر پہنچے اور ایک ہی سال کو فوت ہوئے۔

☆ محمد بن ابومجالد:

عبداللہ کے ترجمہ میں گزر چکا۔ (=۳۵۷۲)

۶۲۶۵۔ د، س، ق۔ محمد بن محبب ''محمد کے وزن پر ہے'' القرشی، ابوہمام الدلال بصری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۲۱ھ میں فوت ہوا، حاکم کو وہم ہوا ہے اور انہوں نے کہا ہے کہ بخاری نے اس کی روایت نقل کی ہے۔

۶۲۶۶۔ تمییز۔ محمد بن مجیب "مطیع کے وزن پر ہے" الثقفی، الکوفی، الصائغ:

بغداد فروکش ہوا، آٹھویں طبقہ کا "متروک" راوی ہے۔

۶۲۶۷۔ خ، د، س۔ محمد بن محبوب بنانی، بصری:

دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۲۳ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۶۸۔ ق۔ محمد بن محصن عکاشی:

اسے اپنے جد اعلیٰ کی طرف منسوب کیا گیا ہے اور وہ محمد بن اسحاق بن ابراہیم بن محمد بن عکاشہ بن محصن اسدی ہے، محدثین نے اس کی تکذیب کی ہے اور یہ آٹھویں طبقہ سے ہے۔

۶۲۶۹۔ تم۔ محمد بن محمد بن اسود زہری:

چھٹے طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۶۲۷۰۔ د۔ محمد بن محمد بن خلاد باہلی، ابو عمر بصری، ابوبکر بن خلاد کا بھتیجا:

گیارہویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۵۷ھ میں قتل ہوا۔

۶۲۷۱۔ م، ت، ق۔ محمد بن محمد بن مرزوق باہلی، بصری، ابن بنت مہدی:

بسا اوقات اپنے دادا مرزوق کی طرف منسوب کیا جاتا ہے گیارہویں طبقہ کا "صدوق صاحب اوہام" راوی ہے ۲۴۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۷۲۔ د، س۔ محمد بن محمد بن مصعب صوری:

اس کا لقب وحشی ہے گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۲۶۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۶۲۷۳۔ س۔ محمد بن محمد بن نافع طائفی، ابو نافع:

مدینہ فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۲۷۴۔ د۔ محمد بن محمد بن نعمان بصری:

گیارہویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۲۷۵۔ تمییز۔ محمد بن محمد بن نعمان بن شبل باہلی بصری:

دسویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

۶۲۷۶۔ د۔ محمد بن ابو محمد انصاری، زید بن ثابت کا غلام، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے ابن اسحاق اس سے روایت کرنے میں متفرد ہے۔

۶۲۷۷۔ تمییز۔ محمد بن ابو محمد مدنی، عبدالرزاق کا شیخ:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ محمد بن مدویہ:

یہ ابن احمد ہے گزر چکا۔ (=۵۷۱۰)

۶۲۷۸۔ ر۔ محمد بن مرداس انصاری، بصری:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۲۴۹ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۷۹۔ تمییز۔ محمد بن مرداس رازی، قطان:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۲۸۰۔ تمییز۔ محمد بن مرزوق بن نعمان بصری:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۲۸۱۔ مد۔ محمد بن مرہ قرشی، کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۲۸۲۔ خد، ق۔ محمد بن مروان بن قدامہ عقیلی، ابوبکر بصری ''بقول بعض عجلی'':

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے۔

۶۲۸۳۔ س۔ محمد بن مروان ذہلی، ابوجعفر کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۲۸۴۔ تمییز۔ محمد بن مروان بن عبداللہ بن اسماعیل السدی، الصغیر، الکوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''متہم بالکذب'' راوی ہے۔

☆ محمد بن مروان:

اس نے ابن ابورزمہ سے روایت کیا ہے درست ''سعید'' ہے۔

۶۲۸۵۔ ت۔ محمد بن مزاحم عامری'' ولاء کی وجہ سے ہے'' ابووہب مروزی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۲۰۹ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۸۶۔ تمییز۔ محمد بن مزاحم بن مجاہد مروزی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۲۸۷۔ تمییز۔ محمد بن مزاحم، ضحاک کا بھائی:

ساتویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

۶۲۸۸۔ د۔ محمد بن مسعود بن یوسف نیشاپوری، ابوجعفر بن عجمی:

طرطوس اور مصیصہ فروکش ہوا، گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ عارف'' راوی ہے ۲۷ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۸۹۔ تمییز۔ محمد بن مسعود:

اس نے عبدالرحمٰن بن مہدی سے روایت کیا ہے ابوحاتم نے کہا ہے کہ'' مجہول'' ہے گیارہویں طبقہ سے ہے مگر میرے گمان کے مطابق یہ پہلے والا ہی راوی ہے۔

۶۲۹۰۔ خ، م، د، س۔ محمد بن مسکین بن نُمَیلہ، ابوالحسن یمامی:

بغداد فروکش ہوا، گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۲۹۱۔ ع۔ محمد بن مسلم بن تدرس اسدی'' ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوزبیر مکی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم تدلیس کرتا ہے ۱۲۶ھ میں فوت ہوا۔

۶۲۹۲۔ د۔ محمد بن مسلم بن سائب بن خباب مدنی، کشادہ مکان والے:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۲۹۳۔ خت، م، ۴۔ محمد بن مسلم طائفی:

اس کے دادا کا نام سوس ہے سوسن بھی کہا گیا ہے، آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے جب حافظہ سے احادیث بیان کرتا ہے بسا اوقات غلطی کرجاتا ہے ۱۹۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۶۲۹۴۔ تمییز۔ محمد بن مسلم طائفی، دوسرا متاخر:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۲۹۵۔ س۔ محمد بن مسلم بن عائذ مدنی:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۲۹۶۔ ع۔ محمد بن مسلم بن عبید اللہ بن عبداللہ ابن شہاب بن عبداللہ بن حارث بن زہرہ بن کلاب قرشی زہری، ابوبکر، الفقیہ الحافظ:

اس کی جلالت قدر اور اتقان پر سب کا اتفاق ہے چوتھے طبقہ سے ہے ۱۲۵ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے ایک یا دو سال پہلے فوت ہوا۔

۶۲۹۷۔ س۔ محمد بن مسلم بن عثمان بن عبداللہ رازی، المعروف ابن وارہ:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۲۷۰ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے اس سے پہلے ہوا۔

☆ محمد بن مسلم بن مہران:

محمد بن ابراہیم بن مسلم کے ترجمہ میں گزر چکا۔ (=۵۷۰۱)

۶۲۹۸۔ خت، م، ۴۔ محمد بن مسلم بن ابو وضاح المثنی القضاعی، الجزری، ابوسعید مؤدب:

بغداد فروکش ہوا، اپنی کنیت سے مشہور ہے آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم وہم کرجاتا ہے ۱۸۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۶۲۹۹۔ فق۔ محمد بن مسلم مدنی:

بصرہ فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۳۰۰۔ع۔محمد بن مسلمہ بن سلمہ انصاری:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں اور محمد نام کے تمام صحابہ سے بڑے ہیں ۴۰ھ کے بعد فوت ہوئے اور فضلاء میں سے تھے۔

۶۳۰۱۔س۔محمد بن مسمار بصری:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۳۰۲۔ت،ق۔محمد بن مصعب بن صدقہ قرقسانی:

نوویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق کثیر الغلط'' راوی ہے ۲۰۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۰۳۔تمییز۔محمد بن مصعب صنعانی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۳۰۴۔د،س،ق۔محمد بن مصفی بن بہلول حمصی قرشی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے اور تدلیس کرتا تھا، ۲۴۶ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۰۵۔ع۔محمد بن مطرف بن داود لیثی، ابو غسان مدنی:

عسقلان فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۶۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۶۳۰۶۔م،د۔محمد بن معاذ بن عباد بن معاذ عنبری:

اپنے دادا کی طرف منسوب کیا جاتا ہے دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم وہم کر جاتا ہے۔

۶۳۰۷۔تمییز۔محمد بن معاذ بن محمد بن ابی بن کعب:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۳۰۸۔س۔محمد بن معاویہ بن عبدالرحمٰن زیادی، بصری:

اس کا لقب عصیدہ ہے گیارہویں طبقہ کا ''صدوق عارف'' راوی ہے۔

۶۳۰۹۔س۔محمد بن معاویہ بن مالج ''اس کے دادا کا نام یزید ہے'' انماطی، ابو جعفر بغدادی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے۔

۶۳۱۰۔ تمییز۔ محمد بن معاویہ بن اعین نیشاپوری، خراسانی:

پہلے بغداد پھر مکہ مکرمہ فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا معرفت کے باوصف ''متروک'' راوی ہے کیونکہ یہ تلقین قبول کرتا تھا اور ابن معین نے اس پر کذب کا اطلاق کیا ہے ۲۲۹ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۱۱۔ س۔ محمد بن معدان بن عیسیٰ حرانی:

بارھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۶۰ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

☆ محمد بن ابو معشر:

یہ ابن نجیح ہے آئے گا۔ (=۶۳۴۹)

۶۳۱۲۔ س۔ محمد بن معلیٰ بن عبدالکریم ہمدانی یامی، کوفی:

رے فروکش ہوا، آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۳۱۳۔ ع۔ محمد بن معمر بن ربعی قیسی، بصری، بحرانی:

گیارہویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۱۴۔ د، س۔ محمد بن معمر حضرمی:

گیارہویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے۔

☆ محمد بن معن، ابو معن:

کنیتوں میں ہے۔ (=۸۳۸۴)

۶۳۱۵۔ خ، د، ت، ق۔ محمد بن معن بن محمد بن معن غفاری، ابو یونس مدنی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے نوے برس سے زائد عمر پا کر ۱۹۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۶۳۱۶۔ مد۔ محمد بن مغیرہ بن اسماعیل بن ایوب مخزومی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غریب احادیث لاتا ہے۔

۶۳۱۷۔ تمییز۔ محمد بن مغیرہ قرشی، ابو علی بصری، مولی عثمان، بیاع السابری:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۳۱۸۔ خ۔ محمد بن مقاتل، ابو الحسن کسائی مروزی:

پہلے بغداد پھر مکہ مکرمہ فروکش ہوا، دسویں طبقہ سے ہے ۲۲۶ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۱۹۔ تمییز۔ محمد بن مقاتل رازی:

گیارہویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۶۳۲۰۔ ل۔ محمد بن مقاتل، ابو جعفر عبادانی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق عابد'' راوی ہے ۲۳۶ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۲۱۔ تمییز۔ محمد بن مقاتل ہلالی، کوفی:

قدیم، ساتویں طبقہ کا مستور راوی ہے۔

۶۳۲۲۔ تمییز۔ محمد بن مقاتل صیرفی:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۳۲۳۔ د، س۔ محمد بن مکی بن عیسیٰ مروزی:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۳۲۴۔ ع۔ محمد بن منتشر بن اجدع ہمدانی، کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۳۲۵۔ س۔ محمد بن منصور بن ثابت بن خالد، خزاعی، الجواز:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۵۲ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۲۶۔ د، س۔ محمد بن منصور بن داود طوسی، ابو جعفر العابد:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے عمر ۸۸ برس ۲۵۲ھ یا ۲۵۶ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۲۷۔ع۔محمد بن منکدر بن عبداللہ بن ہدیر تیمی، مدنی:

تیسرے "ثقہ فاضل" راوی ہے ۱۳۰ھ یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۶۳۲۸۔خ،م،د،س۔محمد بن منہال الضریر، ابوعبداللہ یا ابوجعفر، بصری، تیمی:

دسویں طبقہ کا "ثقہ حافظ" راوی ہے ۲۳۱ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۲۹۔تمییز۔محمد بن منہال عطار، بصری، حجاج کا بھائی:

دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۳۱ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۳۰۔س۔محمد بن مُنیب، ابوالحسن عدَنی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ہے۔

۶۳۳۱۔بخ،م،۴۔محمد بن مہاجر انصاری، شامی، عمرو کا بھائی:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۱۷۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۳۲۔س۔محمد بن مہاجر قرشی، کوفی:

ساتویں طبقہ کا قدرے کمزور راوی ہے۔

۶۳۳۳۔خ،م،د۔محمد بن مہران، الجمال، ابوجعفر رازی:

دسویں طبقہ کا "ثقہ حافظ" راوی ہے ۲۳۹ھ یا ۲۳۸ھ میں فوت ہوا۔

☆محمد بن مہران:

محمد بن ابراہیم بن مسلم بن مہران کے ترجمہ میں ہے۔(=۵۷۰۱)

۶۳۳۴۔خ،س۔محمد بن موسیٰ بن اعین جزری، ابویحییٰ حرانی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "صدوق" راوی ہے ۲۲۳ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۳۵۔م،۴۔محمد بن موسیٰ فِطری، مدنی:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے۔

۶۳۳۶۔خ،م،ق۔محمد بن موسیٰ بن عمران القطان،ابوجعفر واسطی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۳۳۷۔ق۔محمد بن موسیٰ بن ابونعیم واسطی،ہذلی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے مگر ابن معین نے اسے پھینک دیا ہے (یعنی اسے کچھ نہیں سمجھا) ۲۳ھ میں فوت ہوا،ابوداؤد نے خارج السنن اس سے روایت کیا ہے۔

۶۳۳۸۔ت،س۔محمد بن موسیٰ بن نفیع حرشی:

دسویں طبقہ کا قدرے کمزور راوی ہے ۲۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۳۹۔تمییز۔محمد بن موسیٰ بن نفیع حارثی:

نویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۳۴۰۔تمییز۔محمد بن موسیٰ حرشی،ابوجعفر:

اس کا لقب شاباص ہے بارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے۔

۶۳۴۱۔ت۔محمد بن موسیٰ الاصم:

بارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆محمد بن موسیٰ:

اس نے زہری سے روایت کیا ہے درست محمد دموسی ہے محمد یہ ابن ابوعتیق ہے اور موسی یہ ابن عقبہ ہے،س۔(=۶۰۲۷،۶۹۹۲)

☆محمد بن موسیٰ خراسانی:

درست حرشی ہے،ق۔(=۶۳۴۰)

۶۳۴۲۔بخ۔محمد بن ابوموسیٰ:

چوتھے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۶۳۴۳۔ق۔محمد بن مؤمل بن صباح بزادی، ابوقاسم بصری:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۶۳۴۴۔ت۔محمد بن میسر'' محمد کے وزن پر ہے'' جعفی، ابوسعد صاغانی بلخی، الضریر:

بغداد فروکش ہوا، اسے محمد بن ابوزکریا بھی کہا جاتا ہے نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے اس پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے۔

☆محمد بن میسرہ:

ابن عبدالرحمن کے ترجمہ میں ہے۔(=۶۰۷۳)

☆محمد بن میسرہ:

یہ ابن ابوحفصہ ہے۔(=۵۸۲۶)

☆محمد بن میمون بن مسیکہ:

ابن عبداللہ بن میمون کے ترجمہ میں ہے۔(=۶۰۵۱)

۶۳۴۵۔ت،س،ق۔محمد بن میمون خیاط بزاز، ابوعبداللہ مکی، بغدادی الاصل:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات غلطی کرجاتا ہے ۲۵۲ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۴۶۔د۔محمد بن میمون زعفرانی، ابونضر کوفی، المفلوج:

یہ پہلے والا راوی نہیں ہے نویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے۔

۶۳۴۷۔ق۔محمد بن میمون:

اس نے ابن ابوزناد سے روایت کیا ہے احتمال ہے کہ یہ پہلے والا ہی راوی ہو۔

۶۳۴۸۔ع۔محمد بن میمون مروزی، ابوحمزہ سکری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ فاضل'' راوی ہے، ۱۶۷ھ یا ۱۶۸ھ میں فوت ہوا۔

فصل: ''ن''

۶۳۴۹۔ت۔محمد بن نجیح سندی:

یہ ابن ابو معشر ہے دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۰۰ برس کے قریب عمر پا کر ۲۴۷ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۵۰۔بخ۔محمد بن نُشر، ہمدانی، کوفی، ابن حنفیہ کا مؤذن:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۳۵۱۔س۔محمد بن نصر فراء، نیشاپوری:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۳۵۲۔تمییز۔محمد بن نصر مروزی الفقیہ، ابوعبداللہ:

بارہویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ حافظ امام جبل'' راوی ہے ۲۹۴ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۵۳۔س۔محمد بن نضر بن سلمہ عامری، ابوبکر جارودی، نیشاپوری:

بارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۲۹۱ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۵۴۔خ۔محمد بن نضر بن عبدالوہاب، احمد کا بھائی:

بارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۳۵۵۔د،س۔محمد بن نضر بن مساور مروزی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۳۹ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۵۶۔خ،م،ت،س،ق۔محمد بن نعمان بن بشیر انصاری، ابوسعید:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۳۵۷۔تمییز۔محمد بن نعمان بن بشیر مقدسی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ متاخر'' راوی ہے ابوعوانہ اور طحاوی کے شیوخ میں سے ہے۔

۶۳۵۸۔ق۔محمد بن نعیم مجمر مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

☆محمد بن ابونعیم واسطی:

یہ محمد بن موسیٰ ہے۔(=۶۳۳۷)

فصل: ''ھ''

۶۳۵۹۔س۔محمد بن ہارون بن ابراہیم ربعی، ابوجعفر بغدادی، البزاز، ابونشیط:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۵۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۶۰۔تمییز۔محمد بن ہارون، ابونشیط مقری، صاحب قالون:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۳۶۱۔س۔محمد بن ہاشم بن سعید بعلبکی، قرشی:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۵۴ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۶۲۔ع۔محمد بن ہدیہ، صدفی، ابویحیی مصری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۳۶۳۔د،س۔محمد بن ہشام بن ابوخیرہ، بصری:

مصر فروش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ مصنف'' راوی ہے ۵۱ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۶۴۔خ،د،س۔محمد بن ہشام بن عیسیٰ بن سلیمان طالقانی مروزی:

بغداد فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۵۲ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۶۵۔کن۔محمد بن ہمام حلبی، ابوبکر الخفاف:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۳۶۶۔بخ،د،س،ق۔محمد بن ہلال بن ابوہلال مدنی، مولی بنی کعب:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۶۲ھ میں فوت ہوا۔

☆محمد بن ہلال:

اس نے عبداللہ بن ادریس سے روایت کیا ہے درست محمد بن العلاء ابوکریب ہے گزر چکا۔(=۶۲۰۴)

۶۳۶۷۔ق۔محمد بن ہیثم بن حماد بن واقد ثقفی'' ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوالاحوص البغدادی ثم عکبری۔قاضی عکبر:

گیارہویں طبقہ کا'' ثقہ حافظ'' راوی ہے ۳۰۰ھ سے ایک سال پہلے ۲۹۹ھ میں فوت ہوا۔

فصل: "و"

۶۳۶۸۔ م، د، ت، س۔ محمد بن واسع بن جابر بن اخنس ازدی، ابو بکر یا ابو عبد اللہ، بصری:

پانچویں طبقہ کا "ثقہ عابد کثیر المناقب" راوی ہے ۱۲۳ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۶۹۔ د۔ محمد بن وزیر بن حکم سلمی، دمشقی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ثقہ" راوی ہے ۵۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۷۰۔ ت۔ محمد بن وزیر بن قیس عبدی، واسطی:

دسویں طبقہ کا "ثقہ عابد" راوی ہے ۵۷ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۷۱۔ د۔ محمد بن وزیر مصری:

گیارہویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆ محمد بن ابو وزیر:

یہ ابن عمر ہے گزر چکا۔ (=۶۱۷۳)

۶۳۷۲۔ خ، م، د، س، ق۔ محمد بن ولید بن عامر زُبَیدی، ابو ہذیل حمصی قاضی:

زہری کے کبار حضرات میں سے ساتویں طبقہ کا "ثقہ پختہ کار" راوی ہے ۴۶ھ یا ۴۷ھ یا ۴۹ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۷۳۔ خ، م، س، ق۔ محمد بن ولید بن عبد الحمید قرشی، بُسری، بصری:

اسے حمدان کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۵۰ھ یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۶۳۷۴۔ د۔ محمد بن ولید بن نویفع اسدی، مولی آل الزبیر:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۳۷۵۔ س۔ محمد بن ولید الفحام، البغدادی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۵۲ھ میں فوت ہوا، اور یہ احمد کا بھائی ہے۔

۶۳۷۶۔ د۔ محمد بن ولید بن ہبیرہ ہاشمی، ابو ہبیرہ دمشقی، قلانسی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۸۶ھ میں فوت ہوا۔

☆ محمد بن ولید کندی:

یہ ابن عمر ہے گزر چکا۔ (=۶۱۷۶)

۶۳۷۷۔ خ، ق۔ محمد بن وہب بن سعید بن عطیہ دمشقی:

اسے محمد بن وہب بن عطیہ بھی کہا گیا ہے، دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۳۷۸۔ تمییز۔ محمد بن وہب بن مسلم قرشی، دمشقی:

نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے جس نے اسے پہلے والے راوی سے ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۶۳۷۹۔ س۔ محمد بن وہب بن عمر بن ابو کریمہ، ابو المعافی الحرانی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۴۳ھ میں فوت ہوا۔

فصل: ''ی''

۶۳۸۰۔ت،س۔محمد بن یحییٰ بن ایوب بن ابراہیم ثقفی، ابو یحییٰ مروزی، قصری المعلم:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے۔

☆محمد بن یحییٰ بن ابوحاتم:

آئے گا، اس کے دادا کا نام عبدالکریم ہے۔(=۶۳۸۹)

۶۳۸۱۔ع۔محمد بن یحییٰ بن حبان، ابن منقذ انصاری، مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ فقیہ'' راوی ہے عمر ۷۴ برس ۱۲۱ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۸۲۔م،د،ت،س۔محمد بن یحییٰ بن ابوحزم، قُطَعی، بصری:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۳ھ میں فوت ہوا۔

☆محمد بن یحییٰ بن خالد:

یہ ذہلی ہے آئے گا۔(=۶۳۸۷)

۶۳۸۳۔تمییز۔محمد بن یحییٰ بن خالد مروزی، ابو یحییٰ مُشْعَرانی:

بارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۳۸۴۔خت،م،ل،س۔محمد بن یحییٰ بن سعید القطان، ابو صالح بصری، عالم شہیر کا بیٹا:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے صحیح قول کے مطابق ۲۳۳ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۸۵۔س۔محمد بن یحییٰ بن سلیمان مروزی، ابو بکر الوراق، ابو عبید کا ساتھی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے صحیح قول کے مطابق ۹۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۸۶۔د۔محمد بن یحییٰ بن ابو سمینہ، بغدادی، ابو جعفر تمار:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۳۹ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۸۷۔خ،۴۔محمد بن یحییٰ بن عبداللہ بن خالد بن فارس بن ذویب ذہلی، نیشاپوری:

گیارہویں طبقہ کا "جلیل القدر ثقہ حافظ" راوی ہے بعمر ۸۶ برس صحیح قول کے مطابق ۵۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۸۸۔خ،م،س۔محمد بن یحییٰ بن عبدالعزیز یشکری، ابو علی صائغ مروزی:

گیارہویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۵۲ھ میں فوت ہوا۔

۶۳۸۹۔قد،ت،ق۔محمد بن یحییٰ بن عبدالکریم بن نافع ازدی بصری:

بغداد فروکش ہوا، گیارہویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ثقہ" راوی ہے ۵۲ھ میں فوت ہوا۔

☆محمد بن یحییٰ بن عبدویہ:

اس کے دادا کا نام ایوب ہے گزر چکا۔(=۶۳۸۰)

۶۳۹۰۔خ۔محمد بن یحییٰ بن علی بن عبدالحمید کنانی، ابو غسان مدنی:

دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے سلیمانی نے اسے ضعیف کہہ کر اچھا نہیں کیا۔

۶۳۹۱۔م،ت،س،ق۔محمد بن یحییٰ بن ابو عمر عدنی:

مکہ مکرمہ فروکش ہوا، کہا جاتا ہے کہ ابو عمر، یحییٰ کی کنیت ہے دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے اس نے مسند کی تصنیف کی اور ابن عیینہ کی خدمت میں کافی عرصے تک رہا مگر ابو حاتم نے کہا ہے کہ اس میں غفلت پائی جاتی ہے ۴۳ھ میں فوت ہوا۔

☆محمد بن یحییٰ بن فارس:

یہ ذہلی ہے گزر چکا۔(=۶۳۸۷)

۶۳۹۲۔د،س۔محمد بن یحییٰ بن فیاض زمانی، الحنفی، ابو الفضل بصری:

دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۵۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۶۳۹۳۔د،ت،س۔محمد بن یحییٰ بن قیس سَبائی، ابوعمر یمانی:

نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''روایت حدیث میں قدرے کمزور'' راوی ہے جوانی میں ہی ۲۰۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۶۳۹۴۔س۔محمد بن یحییٰ بن محمد بن کثیر حرانی، کلبی:

اس کا لقب لولو ہے گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ صاحب حدیث'' راوی ہے ۲۶۷ھ میں فوت ہوا۔

☆محمد بن یحییٰ:

اس نے یوسف بن عبداللہ ابن سلام سے روایت کیا ہے اور یہ اس کے مذکور راوی محمد بن ابویحییٰ ہے، ر۔(=۶۳۹۵)

۶۳۹۵۔د،تم،س،ق۔محمد بن ابویحییٰ اسلمی، مدنی:

ابویحییٰ کا نام سمعان ہے پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۴۷ھ میں فوت ہوا۔

☆محمد بن ابویحییٰ:

اس نے اپنے والد سے روایت کیا ہے اور اس سے ابن وہب نے روایت کیا اور یہ محمد بن فلیح بن سلیمان ہے گزر چکا، خ۔(=۶۲۲۸)

☆محمد بن یزید بن ابراہیم تستری:

یہ محمد بن سعید بن یزید ہے اپنے دادا کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔

۶۳۹۶۔ت،ق۔محمد بن یزید بن خنیس مخزومی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مکی:

نویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اور عبادت گزار حضرات میں سے تھا ۲۲۰ھ کے بعد تک زندہ رہا۔

۶۳۹۷۔د۔محمد بن یزید بن رکانہ:

اس نے اپنے والد کے واسطے سے اپنے دادا سے روایت کیا ہے بخاری نے کہا ہے کہ سند مجہول ہے چھٹے طبقہ سے ہے۔

۶۳۹۸۔د،ت،ق۔محمد بن یزید بن ابوزیاد ثقفی:

مصر فروکش ہوا، چھٹے طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۶۳۹۹۔عس۔محمد بن یزید بن سنان جزری، ابوعبداللہ بن ابوفروہ رہاوی:

قوی نہیں ہے نویں طبقہ سے ہے ۲۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۰۰۔قد،ق۔محمد بن یزید بن عبدالملک اسفاطی بصری، اعور، عباس بن فضل کا ماموں:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۴۰۱۔س۔محمد بن یزید بن مالک بن خلیل بصری:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۴۰۲۔م،د،ق۔محمد بن یزید بن محمد بن کثیر عجلی، ابوہشام رفاعی، کوفی قاضی مدائن:

قوی نہیں ہے دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ہے اور ابن عدی نے ذکر کیا ہے کہ یہ بخاری کے شیوخ میں سے ہے اور خطیب نے بھی اس بات پر اعتماد کیا ہے بخاری نے اس سے روایت کیا ہے لیکن بخاری نے کہا ہے کہ محدثین اس کے ضعیف ہونے پر متفق ہیں ۲۴۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۰۳۔د،ت،س۔محمد بن یزید کلاعی، مولیٰ خولان، ابوسعید یا ابویزید یا ابواسحاق، واسطی، شامی الاصل:

نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ پختہ کار عابد'' راوی ہے ۹۰ھ میں یا اس سے پہلے یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۶۴۰۴۔د۔محمد بن یزید یمامی:

ساتویں طبقہ کا مجہول راوی ہے ابراہیم بن عمر بن ابووزیر کے شیوخ میں سے ہے۔

۶۴۰۵۔خ۔محمد بن یزید حزامی، کوفی بزاز:

دسویں طبقہ سے ہے کہا جاتا ہے کہ یہ وہی ہے جس سے بخاری نے روایت کیا ہے ابن عدی نے اسے محمد بن یزید بن محمد بن کثیر ابوہشام سمجھا ہے جبکہ بخاری نے اپنی تاریخ میں اور ابوحاتم نے ان دونوں میں فرق کیا ہے اور باجی کا گمان ہے کہ

یہ دونوں ایک ہی ہیں، واللہ اعلم۔

۶۴۰۶۔ تمییز۔ محمد بن یزید نخعی کوفی:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۴۰۷۔ تمییز۔ محمد بن یزید حنفی، کوفی عطار:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۲۶۷ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۰۸۔ س۔ محمد بن یزید ادمی، ابو جعفر خراز، بغدادی:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۲۴۵ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۰۹۔ محمد بن یزید ربعی، قزوینی ابو عبداللہ ابن ماجہ:

ائمہ کرام میں سے ایک، صاحب سنن، حافظ ہیں انہوں نے سنن تفسیر اور تاریخ میں کتابیں تصنیف کی ہیں عمر ۶۴ برس ۲۷۳ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۱۰۔ تمییز۔ محمد بن یسار، خراسانی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۴۱۱۔ س۔ محمد بن یعقوب بن عبدالوہاب بن یحییٰ بن عباد بن عبداللہ بن زبیر بن العوام، ابو عمر زبیری، مدنی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۵۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

☆ محمد بن ابو یعقوب ضبی:

یہ ابن عبداللہ ہے گزر چکا۔ (=۶۰۵۵)

☆ محمد بن ابو یعقوب کرمانی:

یہ ابن اسحاق ہے گزر چکا۔ (=۵۷۲۴)

۶۴۱۲۔ ت، ق۔ محمد بن یعلیٰ سلمی، ابو لیلیٰ کوفی:

اس کا لقب زنبور ہے نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۲۰۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

☆ محمد بن یوسف بن ثابت بن قیس:

یوسف بن محمد بن ثابت کے ترجمہ میں ہے۔ (=۷۸۹۷)

۶۴۱۳۔ت۔محمد بن یوسف بن عبداللہ بن سلام اسرائیلی، مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۴۱۴۔خ،م،ت،س۔محمد بن یوسف بن عبداللہ کندی، مدنی، اعرج:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے ۱۴۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۶۴۱۵۔ع۔محمد بن یوسف بن واقد بن عثمان ضبی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' فِرْیابی:

ساحل شام سے قیساریہ فروکش ہوا نویں طبقہ کا ''ثقہ فاضل'' راوی ہے کہا جاتا ہے کہ سفیان کی ایک حدیث میں اس سے غلطی ہوئی ہے مگر اس کے باوجود محدثین کے نزدیک یہ عبدالرزاق پر اس میں مقدم ہے، ۲۱۲ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۱۶۔س،ق۔محمد بن یوسف قرشی، عثمان کا غلام، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۴۱۷۔خ۔محمد بن یوسف بخاری، ابواحمد بیکندی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ محمد بن یوسف زیادی:

اس نے ابوقرہ سے روایت کیا ہے ابن عساکر نے اسے پہلے والے راوی سے جدا کیا ہے مگر بظاہر یہ وہی ہے، د۔

۶۴۱۸۔د۔محمد بن یوسف زبیدی، ابوحمہ، ابوقرہ کا ساتھی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

☆ محمد بن یونس بن محمد مؤدب:

درست ابراہیم بن یونس ہے۔ (=۲۷۷)

۶۴۱۹۔(د) محمد بن یونس بن موسیٰ بن سلیمان کدیمی، ابوالعباس سامی، بصری:

گیارہویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ضعیف'' راوی ہے ابوداؤد کا اس سے روایت کرنا ثابت نہیں ہے

۸۶ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۲۰۔(م) محمد بن یونس، جمال، بغدادی:

دسویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے مسلم کا اس سے روایت کرنا ثابت نہیں ہے۔

۶۴۲۱۔د۔محمد بن یونس نسائی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆محمد بن یونس القطان:

یہ ابن موسیٰ ہے گزر چکا۔(=۶۳۳۶)

۶۴۲۲۔بخ۔محمد بن فلان بن طلحہ، ابن ابوذئب کا شیخ:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆محمد، مغیرہ بن شعبہ کا غلام:

یہ ابن یزید ہے گزر چکا۔(=۶۳۹۸)

☆محمد، بخاری میں بلانسبت آیا ہے:

اگر اس نے متقدمین جیسے ابن عیینہ اور ابومعاویہ سے روایت کیا ہے تو پھر یہ ابن سلام ہے اور اگر اس نے متاخرین جیسے مقریٔ وعثمان بن ہیثم اور یعلی بن عبید ومحاضر سے روایت کیا ہے تو پھر یہ محمد بن یحییٰ ذہلی ہے، ان میں سے بعض میں اختلاف پایا گیا ہے جیسا کہ میں نے بخاری کی شرح کے مقدمہ میں دلائل کے ساتھ وضاحت کر دی ہے۔(۵۹۴۵، ۶۳۸۷)

بالترتیب حرف میم کے باقی راویوں کا ذکر: م ا

۶۴۲۳۔ق۔الماضی بن محمد بن مسعود غافقی، ابومسعود مصری، کاتب مصاحف:

نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۱۸۳ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۲۴۔ع۔مالک بن اسماعیل نہدی، ابوغسان کوفی، حماد بن ابوسلیمان کا پوتا:

نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ متقن صحیح الکتاب عابد'' راوی ہے ۲۱۷ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۲۵۔ع۔مالک بن انس بن مالک بن ابوعامر بن عمرو اصبحی، ابوعبداللہ مدنی، فقیہ، امام دارالہجرہ:

متقنین کے سردار بڑے پختہ کار حضرات میں سے ہیں یہاں تک کہ بخاری نے کہا ہے کہ سب سندوں سے زیادہ صحیح سند ''مالک عن نافع عن ابن عمر'' ہے ساتویں طبقہ سے ہیں ۱۷۹ھ میں فوت ہوئے اور ۹۳ھ کو پیدا ہوئے تھے، واقدی کا کہنا ہے کہ انہوں نے نوے برس عمر پائی۔

۶۴۲۶۔ع۔مالک بن اوس بن حدثان، نصری ابوسعید مدنی:

اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے اور اس نے عمر سے روایت کیا ہے ۹۲ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۹۱ھ میں ہوا۔

۶۴۲۷۔خ،س۔مالک بن نُحَیْمِرَہ:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں بخاری اور نسائی میں اسی طرح آیا ہے اور اکثر حضرات کا کہنا ہے کہ اس کے بیٹے عبداللہ بن مالک کو صحابیت اور روایت کا شرف حاصل ہے۔

۶۴۲۸۔د۔مالک بن ثعلبہ بن ابومالک قرظی، ''ابومالک بھی کہا جاتا ہے'':

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ مالک بن جعشم:

یہ ابن مالک سے آئے گا۔ (=۶۴۴۷)

۶۴۲۹۔ س۔ مالک بن حارث بن عبد یغوث بن سلمہ نخعی:

اسے اشتر کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے مخضرمی ہے یرموک وغیرہ میں شرکت کے بعد کوفہ فروکش ہوگیا تھا اور اسے مصر پر گورنر مقرر کیا گیا مگر یہ مصر داخل ہونے سے پہلے ہی ۳۷ھ میں فوت ہوگیا۔

۶۴۳۰۔ بخ م، د، س۔ مالک بن حارث سلمی رقی "کوفی بھی کہا جاتا ہے":

چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۹۴ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۳۱۔ عس۔ مالک بن حارث ہمدانی، ابوموسیٰ کوفی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے ۹۵ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۳۲۔ د، ق۔ مالک بن حمزہ بن ابواُسید، انصاری ساعدی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆ مالک بن ابوحمزہ الوادعی، ابوعطیہ کوفی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے آئے گا۔ (=۸۲۵۳)

۶۴۳۳۔ ع۔ مالک بن حُویرث، ابوسلیمان لیثی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں بصرہ فروکش ہوگئے تھے ۷۴ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۳۴۔ س۔ مالک بن خلیل ازدی، ابوغسان بصری:

گیارہویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "صدوق" راوی ہے ۲۵۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۳۵۔ خت، ۴۔ مالک بن دینار بصری، زاہد، ابویحییٰ:

پانچویں طبقہ کا "صدوق عابد" راوی ہے ۱۳۰ھ کو یا اس کے قریب قریب فوت ہوا۔

۶۴۳۶۔ ع۔ مالک بن ربیعہ بن بدن، ابواسید ساعدی:

اپنی کنیت سے مشہور ہیں غزوہ بدر وغیرہ میں شریک تھے ۳۰ھ میں فوت ہوئے یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد

ہوئے یہاں تک کہ مدائنی نے کہا ہے کہ ۲۰ ھ میں فوت ہوئے اور کہا ہے کہ بدری صحابہ میں سے فوت ہونے والے آخری ہیں۔

۶۴۳۷۔ س۔ مالک بن ربیعہ، ابو مالک سلولی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں نبی کریم ﷺ نے ان کیلئے دعا کی تھی۔

۶۴۳۸۔ بخ۔ مالک بن زبید ہمدانی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۴۳۹۔ س۔ مالک بن سعد قیسی، ابو غسان بصری:

گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۶۴۴۰۔ خ، م، ت، س، ق۔ مالک بن سُعَیر، ابن الخمس:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے نوویں طبقہ سے ہے ۲۰۰ ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۴۱۔ بخ، د۔ مالک بن ابو سُلَیک:

ساتویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۶۴۴۲۔ خ، م، ت، س۔ مالک بن صعصعہ انصاری مازنی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں انس نے ان سے حدیث معراج روایت کی ہے غالباً جوانی میں ہی فوت ہوگئے تھے۔

۶۴۴۳۔ ع۔ مالک بن ابو عامر اصبحی:

اس نے عمر سے سماع کیا ہے دوسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے صحیح قول کے مطابق ۷۴ ھ میں فوت ہوا۔

☆ مالک بن عامر، ابو عطیہ الوادعی:

کنیتوں میں آئے گا۔ (=۸۲۵۳)

۶۴۴۴۔ م، د۔ مالک بن عبد الواحد، ابو غسان مسمعی، بصری:

دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۳۰ ھ میں فوت ہوا۔

☆ مالک بن عرفطہ:

درست خالد بن علقمہ ہے گزر چکا، د، س۔ (=۱۶۵۹)

۶۴۴۵۔د، س۔ مالک بن عمیر حنفی، کوفی:

مخضرمی ہیں یعقوب بن سفیان نے انہیں صحابہ میں شمار کیا ہے۔

۶۴۴۶۔د، س، ق۔ مالک بن عُمیرہ ''عمیر بھی کہا گیا ہے'' ابوصفوان:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے ایک مختلف فیہ آتی ہے۔

☆ مالک بن عوف:

ابن نضلہ کے ترجمہ میں آئے گا۔ (۶۴۵۳)

۶۴۴۷۔خ، ق۔ مالک بن مالک بن جُعْشُم، مدلجی، سراقہ صحابی کا بھائی:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۴۴۸۔بخ، ت، س، ق۔ مالک بن مَرْثد ابن عبداللہ یمانی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۴۴۹۔د، ق۔ مالک بن ابومریم حکمی، شامی:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۴۵۰۔ت۔ مالک بن مسروح شامی:

چھٹے طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۴۵۱۔ع۔ مالک بن مغول، کوفی، ابوعبداللہ:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے صحیح قول کے مطابق ۵۹ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۵۲۔س۔ مالک بن مہران، ابوبشر دمشقی:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۴۵۳۔ خ م۔ مالک بن نضلہ "ابن عوف بن نضلہ" جشمی بھی کہا جاتا ہے "ابوالاحوص کے والد:

قلیل الحدیث صحابی ہیں۔

۶۴۵۴۔ د، س، ق۔ مالک بن نمیر خزاعی، بصری:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۴۵۵۔ د، ت، ق۔ مالک بن ہبیرہ بن خالد بن مسلم سکونی یا کندی، ابوسعد:

صحابی ہیں حمص ومصر فروکش ہوئے اور مروان کے ایام خلافت میں فوت ہوئے۔

۶۴۵۶۔ خ، ۴۔ مالک بن یخامر حمصی، معاذ کا ساتھی:

مخضری ہے کہا جاتا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے ۷۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۵۷۔ د۔ مالک بن یسار سکونی:

قلیل الحدیث صحابی ہیں۔

☆ مالک حضرمی:

یہ ابن ابوسلیک ہے گزر چکا۔ (=۶۴۴۱)

۶۴۵۸۔ ق۔ مالک طائی، کوفی:

اس سے کم حدیثیں آتی ہیں دوسرے طبقہ سے ہے۔

۶۴۵۹۔ س۔ ماہان حنفی، ابوصالح کوفی اعور:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ عابد" راوی ہے اسے حجاج نے ۸۳ھ میں قتل کر دیا تھا۔ نسائی میں سند "عن ابی صالح ماہان عن

الحی تول" ہے درست عبدالرحمن بن قیس ہے اور ماہان کی کنیت ابوسالم ہے۔

۶۴۶۰۔ بخ، ق۔ مبارک بن حسان سلمی، ابویونس یا ابوعبداللہ بصری:

مکہ مکرمہ فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۶۴۶۱۔ ق۔ مبارک بن سحیم، ابوسحیم بصری، عبدالعزیز بن صہیب کا غلام:

آٹھویں طبقہ کا "متروک" راوی ہے۔

۶۴۶۲۔س۔مبارک بن سعید یمامی:

بصرہ فروکش ہوا، آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۴۶۳۔د، ت، س۔مبارک بن سعید بن مسروق ثوری، نابینا، ابو عبدالرحمٰن کوفی:

بغداد فروکش ہوا، آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۸۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۶۴۔خت، د، ت، ق۔مبارک بن فضالہ، ابو فضالہ بصری:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تدلیس تسویہ کرتا ہے صحیح قول کے مطابق ۱۶۶ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۶۵۔ع۔مبشر ابن اسماعیل حلبی، ابو اسماعیل کلبی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

نوویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۰۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۶۶۔س۔مبشر بن عبداللہ بن رزین، سلمی، ابوبکر نیشاپوری:

نوویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے صحیح قول کے مطابق ۱۸۹ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۶۷۔ق۔مبشر بن عبید حمصی، ابو حفص کوفی الاصل:

ساتویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے احمد نے اس پر وضع کا الزام لگایا ہے ابن ماجہ میں اس کی صرف ایک حدیث آئی ہے۔

☆مثنی ابن ثمامہ: اپنے والد سے روایت کرتا ہے:

درست عبداللہ بن مثنی ہے اپنے چچا ثمامہ سے روایت کرتا ہے، ق۔(۳۵۷۱، ۸۵۳)

۶۴۶۸۔ر۔مثنی بن دینار قطان، احمری، بصری:

چھٹے طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۶۴۶۹۔بخ، د، ت، س۔مثنی بن سعد یا سعید طائی، ابو غفار ''ابو غفار بھی کہا گیا ہے'' بصری:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے چھٹے طبقہ سے ہے۔

۶۴۷۰۔ع۔مثنی بن سعید ضبعی، ابو سعید بصری، القسام القصیر:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ابو حاتم نے کہا ہے کہ پہلے والے راوی سے زیادہ ثقہ ہے۔

۶۴۷۱۔ د، ت، ق۔ مثنّٰی بن صباح، یمانی ابناوی، ابوعبداللہ یا ابویحیٰی:

مکہ مکرمہ فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ضعیف" راوی ہے تاہم آخر عمر میں عارضہ اختلاط میں مبتلا ہوگیا تھا اور عبادت گزار تھا، ۱۴۹ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۷۲۔ د، س۔ مثنّٰی بن عبدالرحمٰن خزاعی:

تیسرے طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۶۴۷۳۔ م۔ مثنّٰی بن معاذ بن معاذ عنبری، عبیداللہ کا بھائی:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے "ثقہ" راوی ہے بعمر ۶۱ برس ۲۲۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۷۴۔ د، س۔ مثنّٰی بن یزید، بصری یا مدنی:

آٹھویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۶۴۷۵۔ تمییز۔ مثنّٰی بن یزید ثقفی، شامی:

آٹھویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۶۴۷۶۔ خ، م، د، ق۔ مُجَاشع ابن مسعود بن ثعلبہ بن وہب سلمی:

صحابی ہیں جمل کے روز ۳۶ھ میں قتل ہوئے۔

۶۴۷۷۔ د۔ مُجّاعہ ابن مرّارہ، حنفی یمامی:

صحابی ہیں ان سے حدیث آتی ہے خلافت معاویہ تک زندہ رہے۔

۶۴۷۸۔ م، ۴۔ مُجَالد ابن سعید بن عمیر ہَمدانی، ابوعمرو کوفی:

مضبوط نہیں ہے آخر عمر میں اس کا حافظہ بدل گیا تھا چھٹے طبقہ کے صغار حضرات میں سے ہے ۱۴۴ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۷۹۔ د، س۔ مجالد بن عوف یا عوف بن مجالد، حجازی:

چوتھے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۶۴۸۰۔ خ، م۔ مجالد بن مسعود سلمی، مجاشع کا بھائی، ابومعبد:

صحابی ہیں صحیح قول کے مطابق ۳۶ھ تک زندہ رہے۔

۶۴۸۱۔ع۔مجاہد بن جَبر، ابوالحجاج مخزومی "ولاء کی وجہ سے ہے" مکی:

تیسرے طبقہ کا ثقہ تفسیر اور علم (حدیث) میں امام راوی ہے عمر ۸۳ برس ۱۰۱ھ یا ۱۰۲ھ یا ۱۰۳ھ یا ۱۰۴ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۸۲۔س۔مجاہد بن فرقد:

اس نے ابومنیب جرشی سے روایت کیا ہے مزی نے اس کا ذکر نہیں کیا۔

۶۴۸۳۔م،۴۔مجاہد بن موسیٰ خوارزمی خُتَّلی، ابوعلی:

بغداد فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے عمر ۸۶ برس ۲۴۴ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۸۴۔۴۔مجاہد بن وردان مدنی:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۶۴۸۵۔خ،م،س۔مجزأہ ابن زاہر بن اسود سلمی کوفی:

چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۶۴۸۶۔ق۔مجزاہ بن سفیان ثقفی، بصری:

گیارہویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۴۸۷۔د،ت،ق۔مُجَمِّع ابن جاریہ، ابن عامر انصاری اوسی مدنی:

صحابی ہیں خلافت معاویہ میں فوت ہوئے۔

۶۴۸۸۔م،س۔مجمع بن یحییٰ بن یزید بن جاریہ انصاری، کوفی:

پانچویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۶۴۸۹۔خ،د،س،ق۔مجمع بن یزید بن جاریہ انصاری:

صحابی ہیں اور کہا گیا ہے کہ یہ ماقبل میں گزرنے والے مجمع بن جاریہ ہی ہیں۔

۶۴۹۰۔د،س۔مجمع بن یعقوب بن مجمع بن یزید بن جاریہ انصاری، پہلے والے راوی کا پوتا:

آٹھویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۱۶۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۹۱۔ س۔ مُجیبہ، الباہلی:

کہا گیا ہے کہ صحابہ میں سے ایک خاتون ہیں ان سے روزے کے بارے میں حدیث مروی ہے۔

۶۴۹۲۔ ع۔ محارب ابن دِثار، سدوسی، کوفی، قاضی:

چوتھے طبقہ کا "ثقہ امام زاہد" راوی ہے ۱۱۶ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۹۳۔ خت، م، د، س۔ محاضر ابن مُوَرِّع، کوفی:

نویں طبقہ کا "صدوق صاحب اوہام" راوی ہے ۲۰۶ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۹۴۔ بخ، ت۔ محبوب بن محرز تمیمی، قواریری عطار، ابو محرز کوفی:

نویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۶۴۹۵۔ د، س۔ محبوب بن موسیٰ، ابو صالح انطاکی، الفراء:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے یہ بات صحیح نہیں ہے کہ بخاری نے اس کی روایت نقل کی ہے عمر ۸۰ برس ۲۳۱ھ میں فوت ہوا۔

۶۴۹۶۔ بخ، د، س۔ مِحجن ابن ادرع اسلمی:

صحابی ہیں اور یہ وہی ہیں جنہوں نے بصرہ کی مسجد کا نقشہ بنایا تھا خلافت معاویہ کے آخر میں فوت ہوئے۔

۶۴۹۷۔ س۔ مِحجن بن ابو مِحجن دیلی:

قلیل الحدیث صحابی ہیں۔

۶۴۹۸۔ ق۔ محدوج، الباہلی:

چھٹے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے جس نے اسے صحابی سمجھا ہے اس سے غلطی ہوئی ہے۔

۶۴۹۹۔ ت۔ محرر "صحیح قول کے مطابق محمد کے وزن پر ہے" ابن عبداللہ تیمی:

ساتویں طبقہ کا "متروک" راوی ہے۔

۶۵۰۰۔ س، ق۔ محرر بن ابوہریرہ دوسی، مدنی:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے عمر بن عبدالعزیز کے دور خلافت میں فوت ہوا۔

٦٥٠١۔ق۔مُحرِز ابن سلمہ عدنی پھر مکی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے نوے برس سے زائد عمر پا کر ۲۳۴ھ میں فوت ہوا۔

٦٥٠٢۔بخ،ق۔محرز بن عبداللہ جزری، ابورجاء، ہشام بن عبدالملک کا غلام:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم تدلیس کرتا ہے۔

٦٥٠٣۔م۔محرز بن عون ہلالی، ابوالفضل بغدادی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بعمر ۸۷ برس ۲۳۱ھ میں فوت ہوا۔

٦٥٠٤۔س۔محرز بن وضاح بن محرز مروزی:

نویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆محرز:

اس نے حسن سے روایت کیا ہے اور یہ ابورجاء محرز بن عبداللہ جزری ہے۔(=٦٥٠٢)

٦٥٠٥۔د،ت،س۔مُحرِّش 'مُحرِّش بھی کہا گیا ہے' ابن عبداللہ، یا سوید بن عبداللہ کعبی خزاعی:

صحابی ہیں مکہ مکرمہ فروکش ہو گئے تھے عمرہ جعرانہ کے بارے میں ان سے حدیث آتی ہے۔

٦٥٠٦۔د،س۔مُحصِن ابن علی فہری، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

٦٥٠٧۔د،مس،ق۔محفوظ بن علقمہ حضرمی، ابوجنادہ حمصی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

٦٥٠٨۔خ،د،س،ق۔مُحِلّ ابن خلیفہ طائی، کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

٦٥٠٨م۔محل بن محرز، الضبی، الکوفی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے چھٹے طبقہ سے ہے ۱۵۳ھ میں فوت ہوا، بخ۔

۶۵۰۹۔(خ) محمود بن آدم مروزی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۵۸ھ میں فوت ہوا، ابن عدی نے اسے بخاری کے شیوخ میں ذکر کیا ہے۔

۶۵۱۰۔د،س،ق۔محمود بن خالد سلمی، ابوعلی دمشقی:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے بعمر ۷۳ برس ۴۷ھ میں فوت ہوا۔

۶۵۱۱۔ت،عس،ق۔محمود بن خداش، طالقانی:

بغداد فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بعمر نوے برس ۵۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۵۱۲۔ع۔محمود بن ربیع بن سراقہ بن عمرو خزرجی، ابونعیم یا ابومحمد، مدنی:

صغیر صحابی ہیں ان کی زیادہ تر روایات صحابہ سے ہی ہیں۔

۶۵۱۳۔س۔محمود بن سلیمان بلخی:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے اور نسائی کے مشائخ میں سے ہے۔

☆محمود بن سلیمان عدنی:

درست محرز بن سلمہ ہے، ق۔(=۶۵۰۱)

۶۵۱۴۔د،س۔محمود بن عمرو بن یزید بن سکن انصاری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۵۱۵۔س۔محمود بن عمیر بن سعد انصاری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۵۱۶۔خ،م،ت،س،ق۔محمود بن غیلان عدوی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابواحمد مروزی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بغداد فروکش ہوگیا تھا، ۳۹ھ میں فوت ہوا، یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۶۵۱۷۔بخ،م،۴۔محمود بن لبید بن عقبہ بن رافع اوسی اشہلی، ابونعیم مدنی:

صغیر صحابی ہیں ان کی زیادہ تر روایات صحابہ سے ہی ہیں بعمر ۹۹ برس ۹۶ھ میں فوت ہوئے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ

۹۷ھ میں ہوئے۔

۶۵۱۸۔ د۔ محمود بن لبید شامی:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۵۱۹۔ ۴۔ مُحَیِّصہ ابن مسعود بن کعب خزرجی، ابوسعد مدنی:

معروف صحابی ہیں۔

۶۵۲۰۔ خ، قد، ت، س۔ مخارق بن خلیفہ ''ابن عبداللہ بھی کہا گیا ہے'' احمسی، ابوسعید کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۵۲۱۔ س۔ مخارق بن سلیم شیبانی، ابوقابوس:

اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے اور ابن حبان نے اسے ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے۔

۶۵۲۲۔ م۔ د۔ مختار بن عُکَیّی کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے صحیح مسلم میں اس کی صرف ایک ہی حدیث متابعۃً آتی ہے۔

۶۵۲۳۔ ق۔ مختار بن غسان التمار، کوفی عبدی:

نویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۵۲۴۔ م، د، ت، س۔ مختار بن فُلفُل، عمرو بن حریث کا غلام:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے۔

۶۵۲۵۔ ت۔ مختار بن نافع تیمی ''عکلی بھی کہا جاتا ہے'' ابواسحاق تمار، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

☆ مخرش کعبی:

مخرش کے ترجمہ میں گزر چکا۔ (=۶۵۰۵)

۶۵۲۶۔ بخ، م، د، س۔ مخرمہ بن بکیر بن عبداللہ بن اشج، ابومسور مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے احمد اور ابن معین وغیرہما نے کہا ہے کہ اس کی روایت اپنے والد سے ان کی

کریب سے وجہ رد ہے اور ابن مدینی نے کہا ہے کہ اس نے اپنے والد سے کم سماع کیا ہے ۹۵ھ میں فوت ہوا۔

۶۵۲۷۔ ع۔ مخرمہ بن سلیمان اسدی والبی، مدنی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۳۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۵۲۸۔ س۔ مخلد ابن حسن بن ابوزمیل، حرانی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے بغداد فروکش ہو گیا تھا، نوویں طبقہ سے ہے۔

۶۵۲۹۔ تمییز۔ مخلد بن حسن، دوسرا، بصری:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۵۳۰۔ م س۔ مخلد بن حسین ازدی مہلبی، ابومحمد بصری:

مصیصہ فروکش ہوا، نوویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ فاضل'' راوی ہے ۱۹۱ھ میں فوت ہوا۔

۶۵۳۱۔ م، د۔ مخلد بن خالد بن یزید شعیری، ابومحمد عسقلانی:

طرطوس فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۵۳۲۔ تمییز۔ مخلد بن خالد بن عبداللہ تمیمی، ابوعبداللہ نیشاپوری:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۵۳۳۔ س۔ مخلد بن خداش بصری ''کہا جاتا ہے کہ خالد کا بھائی ہے'':

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اور یہ نسائی کے کبار شیوخ میں سے ہے۔

۶۵۳۴۔ تمییز۔ مخلد بن خداش ابوخداش، کوفی:

نوویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۵۳۵۔ تمییز۔ مخلد بن خداش:

اس نے مالک سے روایت کیا ہے احتمال ہے کہ یہ پہلے والا ہی راوی ہو۔

۶۵۳۶۔ بخ۔ مخلد بن خفاف، غفاری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۵۳۷۔ق۔مخلد بن ضحاک بن مسلم شیبانی، ابو عاصم کا والد:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے بعمر ۷۵ برس ۱۷۶ھ میں فوت ہوا۔

۶۵۳۸۔خ۔مخلد بن مالک بن جابر جمال، ابو جعفر رازی:

نیشاپور فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۴۱ھ میں فوت ہوا۔

۶۵۳۹۔عس۔مخلد بن مالک بن شیبان حرانی، ابو محمد، مولی قریش:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے دسویں طبقہ سے ہے ۲۴۲ھ میں فوت ہوا۔

۶۵۴۰۔خ،م،د،س،ق۔مخلد بن یزید قرشی، حرانی:

نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے ۱۹۳ھ میں فوت ہوا۔

۶۵۴۱۔ق۔مُخَمر ابن معاویہ نمیری:

قلیل الحدیث صحابی ہیں۔

۶۵۴۲۔۴۔مخنف ابن سلیم بن حارث بن عوف ازدی غامدی:

صحابی ہیں کوفہ فروکش ہو گئے تھے صفین میں ان کے ساتھ ازد کا پرچم تھا عین وردہ کے روز ۶۴ھ میں شہید ہوئے۔

۶۵۴۳۔ع۔مکحول ''محمد کے وزن پر ہے یہ بھی کہا گیا ہے کہ پہلے والے راوی کے وزن پر ہے'' ابن راشد، ابو راشد بن ابو مجالد نہدی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' کوفی، حناط:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اسے تشیع کی طرف منسوب کیا گیا ہے ۱۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۶۵۴۴۔د۔مدرک بن سعد یا ابن ابو سعد فزاری، ابو سعید دمشقی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۶۵۴۵۔خ،ق۔مَرّار ابن حمویہ ثقفی، ابو احمد ہمذانی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ فقیہ'' راوی ہے ۲۵۴ھ میں فوت ہوا۔

۶۵۴۶۔بخ،ت،س،ق۔مرثد یزنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۵۴۷۔ع۔مرثد بن عبداللہ یزنی،ابوالخیر مصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ فقیہ'' راوی ہے ۹۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۵۴۸۔د،ت،س۔مرثد بن ابو مرثد غنوی:

بدری صحابی ہیں نبی کریم ﷺ کے عہد میں ۳ھ کو شہید ہوئے۔

۶۵۴۹۔د۔مرثد بن وداعہ جعفی ''اس کے نسب متعلقہ اور اقوال بھی پائے جاتے ہیں'' ابوقُعَیلہ:

صحابی ہیں ان سے کم حدیثیں آتی ہیں اور انہیں بعض صحابہ سے روایت کرنے کا شرف حاصل ہے۔

۶۵۵۰۔خت۔مرجّی ابن رجاء یشکری،ابو رجاء بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم وہم کر جاتا ہے۔

۶۵۵۱۔د۔مرحب یا ابو مرحب:

اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے۔

۶۵۵۲۔ع۔مرحوم بن عبدالعزیز بن مہران العطار الاموی،ابو محمد بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے عمر ۸۵ برس ۸۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۵۵۳۔خ۔مرداس ابن مالک اسلمی:

قلیل الحدیث صحابی ہیں بیعت رضوان میں شریک تھے۔

۶۵۵۴۔صد،ق۔مرزوق بن ابو ہذیل ثقفی،ابوبکر دمشقی:

ساتویں طبقہ کا ''روایت حدیث میں قدرے کمزور'' راوی ہے۔

۶۵۵۵۔ت۔مرزوق باہلی،ابوبکر بصری،طلحہ کا غلام:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

٦٥٥٦۔ت۔مرزوق،ابوبکر تیمی:

چھٹے طبقہ کا''مقبول'' راوی ہے۔

٦٥٥٧۔تمییز۔مرزوق ابوبُکَیر تیمی،کوفی،مؤذن:

رسی فروش ہوا،چھٹے طبقہ کا''مقبول'' راوی ہے۔

٦٥٥٨۔ت۔مرزوق،ابوعبداللہ حمصی:

بصرہ فروکش ہوا،اس میں کوئی خرابی نہیں ہے چھٹے طبقہ سے ہے۔

٦٥٥٩۔تمییز۔مرزوق ابوعبداللہ مدنی،سعید بن مسیب کا غلام:

چھٹے طبقہ کا''مقبول'' راوی ہے۔

٦٥٦٠۔بخ۔مرزوق ثقفی،حجاج کا غلام:

چوتھے طبقہ کا''مقبول'' راوی ہے۔

٦٥٦١۔د،س،ق۔مُرَقَّع ابن صیفی''ابن عبداللہ بن صیفی بھی کہا گیا ہے''التمیمی الحنظلی:

تیسرے طبقہ کا''صدوق'' راوی ہے۔

٦٥٦٢۔ع۔مرہ بن شراحیل ہمدانی،ابواسماعیل کوفی:

یہ وہی ہے جسے''مرۃ الطیب'' کہا جاتا ہے دوسرے طبقہ کا''ثقہ عابد'' راوی ہے ٧٦ھ میں فوت ہوا،اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

☆مرہ بن عقبہ بن نافع،ابوعبیدہ:

کنیتوں میں ہے۔(=٨٢٣٣)

٦٥٦٣۔بخ۔مرہ بن عمرو بن حبیب بن واثلہ فہری مدنی:

قلیل الحدیث صحابی ہیں۔

☆مرہ بن کعب یا کعب بن مرہ،بہزی:

کاف میں ہے۔(=٥٦٥٠)

۶۵۶۴۔ق۔مرہ بن وہب بن جابر ثقفی،یعلی کا والد:

کہا جاتا ہے کہ بشرط ثبوت سند اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

☆مرہ بہزی:

یہ ابن کعب ہے گزر چکا۔(=۶۵۶۰)

☆مرہ فہری:

یہ ابن عمرو ہے گزر چکا۔(=۶۵۶۳)

۶۵۶۵۔س۔مرہ،شیخ:

اس سے منہال بن عمرو نے روایت کیا ہے غیر معروف ہے چھٹے طبقہ سے ہے۔

۶۵۶۶۔و،ق۔مروان بن جناح اموی''ولاء کی وجہ سے ہے''دمشقی،کوفی الاصل:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے چھٹے طبقہ سے ہے۔

۶۵۶۷۔خ،۴۔مروان بن حکم بن ابوالعاص بن امیہ،ابوعبدالملک اموی مدنی:

۶۴ھ کے آخر میں منصب خلافت پر فائز ہوا اور رمضان ۶۵ھ میں فوت ہوا،اس نے ۶۳ یا ۶۱ برس عمر پائی،اس کی صحبت ثابت نہیں ہے۔

☆مروان بن خاقان:

یہ اصغر ہے آئے گا۔(=۶۵۷۶)

۶۵۶۸۔د۔مروان بن رؤبہ تغلبی،ابوحصین حمصی:

پانچویں طبقہ کا''مقبول''راوی ہے۔

۶۵۶۹۔د،س۔مروان بن سالم مقفع مصری:

چوتھے طبقہ کا''مقبول''راوی ہے۔

۶۵۷۰۔ق۔مروان بن سالم غفاری،ابوعبداللہ جزری:

نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے''متروک''راوی ہے ساجی وغیرہ نے اس پر وضع کا الزام لگایا ہے۔

☆ مروان بن سوار:

یہ شبابہ کا نام ہے گزر چکا۔ (=۲۷۳۳)

۶۵۷۱۔ت،ق۔ مروان بن شجاع جزری، ابو عمرو و ابو عبداللہ اموی "ولاء کی وجہ سے ہے":

بغداد فروکش ہوا، آٹھویں طبقہ کا "صدوق صاحب اوہام" راوی ہے ۸۴ھ میں فوت ہوا۔

۶۵۷۲۔بخ،س۔ مروان بن عثمان بن ابو سعید بن معلّی انصاری زرقی:

چھٹے طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۶۵۷۳۔م،۴۔ مروان بن محمد بن حسان اسدی دمشقی طاطری:

نویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے عمر ۶۳ برس ۲۱۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۵۷۴۔تمییز۔ مروان بن محمد سنجاری:

دسویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۶۵۷۵۔ع۔ مروان بن معاویہ بن حارث بن اسماء فزاری، ابو عبداللہ کوفی:

مکہ و دمشق فروکش ہوا، آٹھویں طبقہ کا "ثقہ حافظ" راوی ہے شیوخ کے اسماء میں تدلیس کرتا تھا ۹۳ھ میں فوت ہوا۔

۶۵۷۶۔خ،م،د،ت۔ مروان اصغر، ابو خلیفہ بصری:

کہا گیا ہے کہ اس کے والد کا نام خاقان ہے سالم بھی کہا گیا ہے چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۶۵۷۷۔ت۔ مروان ابولبابہ بصری:

چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے کہا جاتا ہے کہ یہ عائشہ یا ہند جت مہلب یا عبدالرحمٰن بن زیاد کا غلام ہے۔

☆ مروان مقفع:

یہ ابن سالم ہے گزر چکا۔ (=۶۵۶۹)

۶۵۷۸۔۴۔ مُرّی ابن قطریِ، کوفی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۵۷۹۔ت۔مزاحم بن ذوّاد حارثی کوفی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے دسویں طبقہ سے ہے۔

۶۵۸۰۔خت،م،بں۔مزاحم بن زفر بن حارث ضبی ”عامری بھی کہاجاتا ہے“ کوفی:

اسے مزاحم بن ابومزاحم میں بھی کہاجاتا ہے چھٹے طبقہ کا ”ثقہ“ راوی ہے۔

۶۵۸۱۔تمییز۔مزاحم بن زفر تیمی ،ابوخزیمہ کوفی:

نویں طبقہ کا ”مقبول“ راوی ہے۔

۶۵۸۲۔د،ت،بں۔مزاحم بن ابومزاحم مکی،عمر بن عبدالعزیز کا غلام ”طلحہ کاغلام بھی کہاجاتا ہے“:

چھٹے طبقہ کا ”مقبول“ راوی ہے۔

☆مزاحم بن ابومزاحم:

کہاجاتا ہے کہ یہ ابن زفر ہے گزر چکا۔(=۶۵۸۱)

۶۵۸۳۔بخ،ت۔مزیدہ ”کبیرہ کے وزن پر ہے“ ابن جابر یا ابن مالک ”یہی زیادہ صحیح ہے“ عَصَری عبدی:

صحابی ہیں ان سے کم حدیثیں آتی ہیں۔

۶۵۸۴۔تمییز۔مزیدہ بن جابر،دوسرا:

ابوزرعہ نے انہیں ضعیف کہاہے اور امام احمد نے انہیں برقرار رکھا ہے چھٹے طبقہ سے ہیں۔

۶۵۸۵۔قد۔مسافر شامی:

ساتویں طبقہ کا ”مقبول“ راوی ہے۔

۶۵۸۶۔م،د،ت۔مسافع بن عبداللہ بن شیبہ بن عثمان عبدری،ابوسلیمان مکی حجبی:

اپنے دادا کی طرف منسوب کیا جاتا ہے تیسرے طبقہ کا ”ثقہ“ راوی ہے،کہاجاتا ہے کہ جمل کے روز قتل ہوا مگر یہ بات صحیح نہیں ہے بلکہ خلافت ولید تک زندہ رہا۔

۶۵۸۷۔ت،ق۔ مساور حمیری:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۵۸۸۔م،۴۔ مساور الوراق الکوفی، الشاعر:

اسلم واسطی نے کہا ہے کہ اس کے والد کا نام سوار بن عبدالحمید ہے، ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۵۸۹۔عس۔ مساور، بلانسبت، مروان بن معاویہ کا شیخ:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ مستقیم بن عبدالملک:

یہ عثمان ہے گزر چکا۔ (=۴۴۹۸)

۶۵۹۰۔۴۔ مستلم بن سعید ثقفی، واسطی:

نویں طبقہ کا ''صدوق عابد'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے۔

۶۵۹۱۔م،د،ت،س۔ مستمر بن ریان ایادی زہرانی، ابو عبداللہ بصری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے۔

۶۵۹۲۔تمییز۔ مستمر ناجی، ابراہیم کا والد، بصری:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۵۹۳۔بخ۔ مستغیر ابن اخضر بن معاویہ بن قرہ مزنی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۵۹۴۔س۔ مستور بن عباد ہُنائی، ابو ہمام بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۵۹۵۔م،۴۔ مستورد بن احنف کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۵۹۶۔ خت، م، ۴۔ مستورد بن شداد بن عمرو قرشی، فہری حجازی:

کوزہ فروش ہوا، اسے اور اس کے والد محترم کو صحابیت کا شرف حاصل ہے ۴۵ھ میں فوت ہوا۔

۶۵۹۷۔ د۔ مُشَاج ابن موسیٰ ضبی، ابوموسیٰ کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۵۹۸۔ خ، د، ت، س۔ مسدد بن مسرہد بن مسربل بن مستورد اسدی بصری، ابوالحسن:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ'' راوی ہے کہا جاتا ہے کہ یہ پہلا شخص ہے جس نے بصرہ میں مسند تصنیف کی ۲۸ھ میں فوت ہوا، کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عبدالملک بن عبدالعزیز ہے اور مسدد لقب ہے۔

۶۵۹۹۔ د۔ مُسَرَّہ ابن معبد لخمی فلسطینی قدسی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے۔

۶۶۰۰۔ د۔ مسروح، مؤذن، عمر کا غلام:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام مسعود ہے دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۶۰۱۔ ع۔ مسروق بن اجدع بن مالک ہمدانی وادعی، ابوعائشہ کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ فقیہ عابد، مخضرمی'' راوی ہے ۶۲ھ میں فوت ہوا، بقول بعض ۶۳ھ میں ہوا۔

۶۶۰۲۔ د، س، ق۔ مسروق بن اوس ''اوس بن مسروق بھی کہا جاتا ہے'' تمیمی:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۶۰۳۔ ق۔ مسروق بن مَرْزُبان کندی، ابوسعید کوفی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے ۴۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۶۰۴۔ د۔ مُسَعَّر ابن حبیب جرمی، ابوحارث بصری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۶۰۵۔ ع۔ مسعر بن کِدَام ابن ظہیر ہلالی، ابوسلمہ کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار فاضل'' راوی ہے ۵۳ھ یا ۵۵ھ میں فوت ہوا۔

۶۶۰۶۔ق۔ مسعود بن اسود بن حارثہ عدوی، عدی قریش، المعروف ابن عجماء:

صحابی ہیں بیعت رضوان میں شریک تھے مؤتہ میں شہید ہوئے۔

۶۶۰۷۔ تمییز۔ مسعود بن اسود، دوسرے صحابی:

فتح مصر میں شریک تھے ان کے والد کے نام میں اختلاف پایا جاتا ہے اور جس نے انہیں پہلے والے راوی ملایا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۶۶۰۸۔س۔ مسعود بن جویریہ بن داود موصلی، ابوسعید:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۴۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۶۰۹۔م، ہم۔ مسعود بن حکم بن ربیع بن عامر انصاری زرقی، ابوہارون مدنی:

اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے اس کی بعض صحابہ سے روایات آتی ہیں۔

۶۶۱۰۔قد، س۔ مسعود بن سعد، جعفی، ابوسعد کوفی:

نویں طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے۔

۶۶۱۱۔م، س۔ مسعود بن مالک اسدی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۶۱۲۔بخ، م، ۴۔ مسعود بن مالک، ابورزین اسدی، کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ فاضل'' راوی ہے ۸۵ھ میں فوت ہوا، اور یہ ابورزین کے علاوہ ہے جسے عبیداللہ بن زیاد نے بصرہ میں قتل کیا تھا اور جس نے ان دونوں کو ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۶۶۱۳۔س۔ مسعود بن ہبیرہ یا ہنیدہ ''یہی زیادہ صحیح ہے'' فروہ اسلمی کا غلام:

قلیل الحدیث صحابی ہیں۔

۶۶۱۴۔ت، ق۔ مسعود بن واصل ازرق بصری، صاحب سابری:

نویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۶۶۱۵۔خ،م،د،س۔ مسکین بن بکیر حرانی، ابوعبدالرحمٰن الحذاء (موچی):

نوویں طبقہ کا "صدوق صاحب حدیث" راوی ہے تاہم غلطی کر جاتا ہے ۹۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۶۱۶۔ع۔ مسلم بن ابراہیم ازدی فراہیدی، ابوعمرو بصری:

نوویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے "ثقہ مامون، کثیر الحدیث" راوی ہے تاہم آخر عمر میں نابینا ہو گیا تھا ۲۲ھ میں فوت ہوا، اور یہ ابوداؤد کا سب سے بڑا شیخ ہے۔

۶۶۱۷۔م،د،ت،س۔ مسلم بن ابوبکرہ بن حارث ثقفی، بصری:

تیسرے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۹۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۶۶۱۸۔د،س۔ مسلم بن شِفنہ "شعبہ بھی کہا جاتا ہے اور یہی زیادہ صحیح ہے" حجازی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۶۱۹۔د۔ مسلم بن جبیر:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۶۲۰۔بخ،ت۔ مسلم بن جندب ہذلی، مدنی قاضی:

تیسرے طبقہ سے "ثقہ فصیح قاری" ہے ۱۰۶ھ میں فوت ہوا۔

۶۶۲۱۔د،ت۔ مسلم بن حاتم انصاری، ابوحاتم بصری:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے۔

۶۶۲۲۔د۔ مسلم بن حارث "حارث بن مسلم بھی کہا جاتا ہے" تمیمی:

قلیل الحدیث صحابی ہیں۔

۶۶۲۳۔ت۔ مسلم بن حجاج بن مسلم قشیری نیشاپوری:

ثقہ حافظ امام مصنف فقہ کا عالم ہے بعمر ۵۷ برس ۶۱ھ میں فوت ہوا۔

۶۶۲۴۔س۔ مسلم بن ابوحرہ مدنی:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۶۲۵۔د،ق۔مسلم بن خالد مخزومی "ولاء کی وجہ سے ہے" مکی، المعروف زنجی:

آٹھویں طبقہ کا "فقیہ صدوق کثیر الاوہام" راوی ہے، ۹ے ھ میں یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۶۶۲۶۔بخ،د،ت،س۔مسلم بن زیاد حمصی:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۶۲۷۔خ،م،د،س،ق۔مسلم بن سالم نہدی، ابوفروہ اصغر کوفی "جہنی بھی کہا جاتا ہے":

اپنی کنیت سے مشہور ہے چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۶۶۲۸۔تمییز۔مسلم بن سالم جہنی، بصری "پہلے مکہ رہا کرتا تھا":

ضعیف ہے اسے مسمہ بھی کہا جاتا ہے۔

۶۶۲۹۔س۔مسلم بن سائب بن خباب مدنی، کشادہ مکان والے:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۶۳۰۔ت،س۔مسلم بن ابوسہل النبال:

اسے محمد کہا جاتا ہے چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۶۳۱۔د،ت،س۔مسلم بن سلام حنفی، ابو عبدالملک:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆مسلم بن شعبہ:

ابن ثفنہ کے ترجمہ میں گزر چکا۔(=۶۶۱۸)

۶۶۳۲۔ع۔مسلم بن صُبَیح ہمدانی، ابوالضحیٰ کوفی، العطار:

اپنی کنیت سے مشہور ہے چوتھے طبقہ کا "ثقہ فاضل" راوی ہے ۱۰۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۶۳۳۔ت،ق۔مسلم بن صفوان:

تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۶۶۳۴۔د۔ مسلم بن عبداللہ بن خُبَیب:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۶۳۵۔ق۔ مسلم بن عبداللہ:

دسویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے بقیہ کے شیوخ میں سے ہے۔

☆مسلم بن عبداللہ، ابوحسان الاعرج:

کنیتوں میں ہے۔(=۸۰۴۶)

۶۶۳۶۔و،ت،س۔ مسلم بن عبداللہ یا ابن عبیداللہ ''یہی راجح ہے'':

بعض حضرات نے اسے نسب پلٹ دیا ہے تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆مسلم بن عبید، ابونصیرہ:

کنیتوں میں ہے۔(=۸۳۱۴)

☆مسلم بن عمرو بن ابوعقرب، ابوعقرب:

کنیتوں میں ہے۔(=۸۲۵۸، ن، بل:۸۳۲۱)

۶۶۳۷۔ت،س۔ مسلم بن عمرو بن وہب الحذاء (موچی)، ابوعمرو مدینی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۶۳۸۔ع۔ مسلم بن عمران بطین ''ابن ابوعمران بھی کہا جاتا ہے'' ابوعبداللہ کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۶۳۹۔د،س۔ مسلم بن قُرظ مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۶۴۰۔م۔ مسلم بن قُرظہ اشجعی عوف بن مالک کا بھتیجا:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۶۴۱۔ت،ق۔ مسلم بن کیسان ضبی، ملائی، البراد الاعور، ابوعبداللہ کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۶۶۴۲۔د،ت،س۔ مسلم بن مثنیٰ ''ابن مہران بن مثنیٰ بھی کہا جاتا ہے'' کوفی، مؤذن:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام مہران ہے چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۶۴۳۔م،د،س۔ مسلم بن مخراق عبدی قری، بصری:

اسے ابوالاسود کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے اور یہ بھی کہا جاتا ہے ابوالاسود اس کے علاوہ ایک دوسرا راوی ہے، چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۶۴۴۔تمییز۔ مسلم بن مخراق، حذیفہ بن یمان کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۶۴۵۔تمییز۔ مسلم بن مخراق، عائشہ کا غلام، حجازی:

مصر فروکش ہوا، تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۶۴۶۔د،س،ق۔ مسلم بن مخشی، مدلجی، ابومعاویہ مصری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۶۴۷۔خ،م،د،س،ق۔ مسلم بن ابومریم یسار مدنی، مولی الانصار:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۶۴۸۔د،س،ق۔ مسلم بن مشکم خزاعی ابوعبداللہ دمشقی، ابودرداء کا کاتب:

تیسرے طبقہ کے کبار حضرات میں ''ثقہ مقری'' راوی ہے۔

☆مسلم بن مہران، ابومثنیٰ:

مسلم بن مثنیٰ کے ترجمہ میں ہے۔ (=۶۶۴۲)

۶۶۴۹۔بخ،ت،س،ق۔ مسلم بن نذیر ''ابن یزید بھی کہا جاتا ہے'' کوفی:

اسے ابوعیاض کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۶۵۰۔م،د،س،ق۔ مسلم بن ہیصم عبدی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆مسلم بن یزید:

ابن مذیہ کے ترجمہ میں ہے۔(=۶۶۴۹)

۶۶۵۱۔تمییز۔ مسلم بن یزید سعدی حجازی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۶۵۲۔د،س،ق۔ مسلم بن یسار بصری، ابو عبداللہ الفقیہ:

مکہ مکرمہ فروکش ہوا، اسے ''مسلم سکرہ'' اور ''مسلم مصبح'' بھی کہا جاتا ہے چوتھے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے

۱۰۰ھ میں یا اس سے کچھ عرصے بعد فوت ہوا۔

۶۶۵۳۔بخ،م،د،ت،ق۔ مسلم بن یسار مصری، ابو عثمان طنبذی، مولی الانصار:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۶۵۴۔د،ت،س۔ مسلم بن یسار جہنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۶۵۵۔م،س۔ مسلم بن یناق، الخزاعی، ابو الحسن المکی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۶۵۶۔بخ۔ مسلم، بلا نسبت:

اس نے علی سے روایت کیا ہے تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۶۵۷۔بخ۔ مسلم قرشی، رائطہ کا والد:

صحابی ہیں ان سے حدیث آئی ہے۔

۶۶۵۸۔د۔ مسلم، ابو عبداللہ خزاعی، معاویہ کے محافظ کا ساتھی:

اس نے معاذ سے روایت کیا ہے دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆مسلم قرشی:

عبید اللہ بن موسیٰ کے ترجمہ میں ہے۔(=۴۳۳۸،۶۶۳۶)

☆مسلم الاعور:

یہ ابن کیسان ہے۔(=۶۶۴۱)

☆مسلم بطین:

یہ ابن عمران ہے۔(=۶۶۳۸)

☆مسلم قری:

یہ ابن مخراق ہے۔(=۶۶۴۳)

☆مسلم ابوالعلانیہ:

کنیتوں میں آئے گا۔(=۸۴۸۹)

۶۶۵۹۔د،س،ق۔مسلمہ بن عبد اللہ بن ربعی جہنی،حمیری دمشقی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۶۶۰۔د۔مسلمہ بن عبد الملک بن مروان بن حکم اموی،امیر:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۲۰ھ میں یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۶۶۶۱۔م،صد،ت،س،ق۔مسلمہ بن علقمہ مازنی،ابومحمد بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے۔

۶۶۶۲۔ق۔مسلمہ بن علی خشنی،ابوسعید دمشقی بلاطی:

آٹھویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ۹۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۶۶۶۳۔ت،مسلمہ بن عمرو شامی،ابوعمرو:

آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۶۶۴۔د۔ مسلمہ بن قعنب حارثی، بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۶۶۵۔د۔ مسلمہ بن محمد ثقفی، بصری:

نویں طبقہ کا ''روایت حدیث میں قدرے کمزور'' راوی ہے۔

۶۶۶۶۔د۔ مسلمہ بن مخلد انصاری زرقی:

صغیر صحابی ہیں مصر فروکش ہوگئے تھے اور وہاں ایک دفعہ گورنر مقرر ہوئے ۶۲ھ میں فوت ہوئے۔

۶۶۶۷۔س۔ مسہر بن عبدالملک بن سلع ہمدانی، کوفی:

نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۶۶۶۸۔س۔ مسور بن ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف زہری:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اور اس کی اپنے دادا عبدالرحمٰن سے روایت مرسل ہے ۱۰۷ھ میں فوت ہوا۔

۶۶۶۹۔ق۔ مسور بن حسن:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۶۷۰۔بخ، کن۔ مسور بن رفاعہ بن ابو مالک قرظی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۱۳۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۶۷۱۔د۔ مسور بن عبدالملک بن سعید بن یربوع مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، سنن ابی داؤد میں کتاب الطہارۃ میں اس کی حدیث آتی ہے حافظ مزی نے اس راوی کا ذکر نہیں کیا۔

۶۶۷۲۔ع۔ مسور بن مخرمہ بن نوفل بن اہیب بن عبد مناف بن زہرہ زہری، ابوعبدالرحمٰن:

اسے اور اس کے والد محترم کو صحابیت کا شرف حاصل ہے ۶۴ھ میں فوت ہوا۔

۶۶۷۳۔د۔ مسور بن یزید اسدی کاہلی:

صحابی ہیں کوفہ فروکش ہوگئے تھے، امیر نے انہیں واؤ پر تشدید کے ساتھ لکھا ہے۔

۶۶۷۴۔خ،م،د،س۔مسیّب بن حزن،ابن ابووہب مخزومی،ابوسعید:

اسے اور اس کے والد محترم کو صحابیت کا شرف حاصل ہے خلافت عثمان تک زندہ رہا۔

۶۶۷۵۔ع۔مسیّب بن رافع اسدی کاہلی،ابوالعلاء کوفی،نابینا:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۵ھ میں فوت ہوا۔

۶۶۷۶۔د،س۔مسیّب بن عبد خیر:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۶۷۷۔ت۔مسیّب بن نَجَبہ کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول،مخضرمی'' راوی ہے ۶۵ھ میں قتل ہوا۔

۶۶۷۸۔س۔مُشَاش،ابوساسان یا ابوالازہر،سُلیمی،بصری یا مروزی ''یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ دو ہیں'':

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۶۷۹۔خ،د،ت،ق۔مِشْرَح ابن ہاعان مَعافری مصری،ابومصعب:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۱۲۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۶۸۰۔د،ق۔مشعث ''مُنْبَعِث بھی کہا گیا ہے'' ابن طریف،قاضی ہرات:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۶۸۱۔ق۔مشمعِل ابن ایاس ''ابن عمرو بن ایاس مزنی بھی کہا گیا ہے'' بصری:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۶۸۲۔تمییز۔مشمعل بن ملحان طائی،کوفی:

بغداد فروکش ہوا، آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم غلطی کر جاتا ہے۔

۶۶۸۳۔م،۴۔مِصْدَع،ابویحیٰ الاعرج،المعرقب:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۲۶۸۴۔د۔مصرّف بن عمرو بن سری یامی، ہمدانی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۳ھ میں فوت ہوا۔

۲۶۸۵۔د۔مصرف بن عمرو بن کعب یا ابن کعب بن عمرو، یامی کوفی:

اس سے طلحہ بن مصرف نے روایت کیا ہے چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۲۶۸۶۔د،س،ق۔مصعب بن ثابت بن عبداللہ بن زبیر بن العوام الاسدی:

ساتویں طبقہ کا ''روایت حدیث میں قدرے کمزور'' راوی ہے تاہم عبادت گزار تھا عمر ۷۳ برس ۱۵۷ھ میں فوت ہوا۔

۲۶۸۷۔س۔مصعب بن حیان بلخی، مقاتل بلخی کا بھائی:

روایت حدیث میں قدرے کمزور ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۲۶۸۸۔ع۔مصعب بن سعد بن ابووقاص زہری، ابوزرارہ مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس نے عکرمہ بن ابوجہل سے ارسال کیا ہے ۱۰۳ھ میں فوت ہوا۔

۲۶۸۹۔م،د،تم،س۔مصعب بن سلیم اسدی، آل زبیر کا غلام ''اسے زہری کہا جاتی ہے'' کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۲۶۹۰۔ت۔مصعب بن سلاّم، التمیمی، الکوفی:

بغداد فروکش ہوا، آٹھویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے۔

۲۶۹۱۔م،۴۔مصعب بن شیبہ بن جبیر بن شیبہ بن عثمان عبدری، مکی حجبی:

روایت حدیث میں قدرے کمزور ہے پانچویں طبقہ سے ہے۔

۲۶۹۲۔ق۔مصعب بن عبداللہ بن ابوامیہ بن مغیرہ مخزومی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۶۹۳۔س،ق۔مصعب بن عبداللہ بن مصعب بن ثابت بن عبداللہ بن زبیر بن العوام اسدی،ابوعبداللہ زبیری،مدنی:

بغداد فروکش ہوا،دسویں طبقہ کا انساب کا عالم،صدوق راوی ہے ۳۶ھ میں فوت ہوا۔

۶۶۹۴۔مد۔مصعب بن ماہان مروزی:

عسقلان فروکش ہوا،آٹھویں طبقہ کا ''صدوق عبادت گزار کثیر الخطاء'' راوی ہے ۸۰ھ میں یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۶۶۹۵۔د،س،ق۔مصعب بن محمد بن عبدالرحمٰن بن شرحبیل عبدری،مکی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے پانچویں طبقہ سے ہے۔

۶۶۹۶۔م،ت،س،ق۔مصعب بن مقدام خثعمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوعبداللہ کوفی:

نوویں طبقہ کا ''صدوق،صاحب اوہام'' راوی ہے ۳۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۶۹۷۔عس۔مصبح ''مصبح بھی کہا جاتا ہے'' العامری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۶۹۸۔ق۔مضا ب بن حزن ''بقول بعض ابن بشیر'' تمیمی ''بقول بعض عجلی'' ابوعبداللہ بصری:

بعض حضرات نے عجلی وتمیمی میں اور ابن حزن وابن بشیر میں فرق کیا ہے،تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆معرب بن یحییٰ

درست مصرف بن عمرو ہے گزر چکا۔(=۶۶۸۴)

۶۶۹۹۔خت،م،۴۔مطر ابن طہمان الوراق،ابورجاء سلمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' خراسانی:

بصرہ فروکش ہوا،چھٹے طبقہ کا ''صدوق کثیر الخطاء'' راوی ہے اور عطاء سے اس کی حدیث ضعیف ہے ۲۵ھ میں فوت ہوا بقول بعض ۲۹ھ میں ہوا۔

۶۷۰۰۔بخ،د۔مطر بن عبدالرحمٰن عبدی اعنق،ابوعبدالرحمٰن بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۷۰۱۔ مطر بن عُکَامس، سلمی:

صحابی ہیں کوفہ فرد کش ہو گئے تھے۔

۶۷۰۲۔ خ۔ مطر بن فضل مروزی:

گیارہویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے فربری نے کہا ہے کہ ہمارے نزدیک ۵۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۶۷۰۳۔ ق۔ مطر بن میمون محاربی، اسکاف، ابو خالد کوفی:

پانچویں طبقہ کا "متروک" راوی ہے۔

۶۷۰۴۔ ق۔ مُطَّرِح ابن یزید، ابو المہلب کوفی:

شام فرد کش ہوا، کہا جاتا ہے کہ یہ اسدی ہے جبکہ بعض حضرات نے ان دونوں میں فرق کیا ہے، چھٹے طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۶۷۰۵۔ ع۔ مُطَرِّف ابن طریف کوفی، ابو بکر یا ابو عبدالرحمٰن:

چھٹے طبقہ کے صغار حضرات میں سے "ثقہ فاضل" راوی ہے ۴۱ھ میں یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۶۷۰۶۔ ع۔ مطرف بن عبداللہ بن شخیر، عامری، حَرَشی، ابو عبداللہ بصری:

دوسرے طبقہ کا "ثقہ عابد فاضل" راوی ہے ۹۵ھ میں فوت ہوا۔

۶۷۰۷۔ خ، ت، ق۔ مطرف بن عبداللہ بن مطرف یَسَاری، ابو مصعب مدنی، مالک کا بھانجا:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ثقہ" راوی ہے ابن عدی نے اسے ضعیف کہہ کر اچھا نہیں کیا عمر ۸۳ برس صحیح قول کے مطابق ۲۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۷۰۸۔ د، س۔ مطعم ابن مقدام صنعانی شامی:

چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

☆ مطلب ابن ربیعہ بن حارث بن عبدالمطلب ہاشمی:

صحابی ہیں، یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ ماقبل میں گزرنے والے عبدالمطلب ہیں، ۴۔ (=۴۱۶۲)

۶۷۰۹۔ بخ،س،ق۔ مطلب بن زیاد بن ابوزہیر ثقفی "ولاء کی وجہ سے ہے" کوفی:

آٹھویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے ۸۵ھ میں فوت ہوا۔

۶۷۱۰۔ ر،۴۔ مطلب بن عبداللہ بن مطلب بن حنطب بن حارث مخزومی:

چوتھے طبقہ کا "صدوق، بکثرت ارسال وتدلیس کرنے والا" راوی ہے۔

۶۷۱۱۔ ت۔ مطلب بن عبداللہ بن قیس بن مخرمہ مطلبی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۷۱۲۔ م،۴۔ مطلب بن ابووداعہ حارث بن صبیرہ ابن سُعَید سہمی، ابوعبداللہ:

ان کی والدہ اروی بنت حارث بن عبدالمطلب، نبی کریم ﷺ کے چچا کی بیٹی ہے، صاحب ترجمہ صحابی ہیں فتح مکہ روز مسلمان ہوئے اور مدینہ منورہ فروکش ہوگئے اور وہیں فوت ہوئے۔

۶۷۱۳۔ ق۔ مطہر ابن ہیثم بن حجاج طائی، بصری:

نویں طبقہ کا "متروک" راوی ہے۔

۶۷۱۴۔ ۴۔ مطوِس، بقول بعض ابومطوس:

اس نے ابوہریرہ سے روایت کیا ہے چوتھے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۶۷۱۵۔ د۔ مُطیر ابن سلیم الوادی:

تیسرے طبقہ کا "مجہول الحال" راوی ہے۔

۶۷۱۶۔ بخ،م۔ مطیع بن اسود بن حارثہ عدوی:

صحابی ہیں فتح مکہ کے روز مسلمان ہوئے اور عبداللہ کے والد ہیں حضرت عثمان کے عہد خلافت میں فوت ہوئے۔

۶۷۱۷۔ د۔ مطیع بن راشد بصری:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۷۱۸۔ د۔ مطیع بن عبداللہ بن مطیع بن راشد بکری:

بارہویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے حافظ مزی نے کہا ہے کہ میں اس سے ابوداؤد کی روایت پر مطلع نہیں ہوسکا، ابو

داؤداس سے بڑے ہیں اوراس کے والد محترم مسلم کے شیوخ میں سے ہیں۔

۶۷۱۹۔س۔مطیع بن عبداللہ الغزال القرشی، الکوفی، ابوالحسن یا ابوعبداللہ:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۷۲۰۔د،س۔مطیع بن میمون عنبری، ابوسعید بصری:

روایت حدیث میں قدرے کمزور ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۶۷۲۱۔د،ت،ق۔مظاہر بن اسلم مخزومی، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۶۷۲۲۔ت،س۔مظفر ابن مدرک خراسانی، ابوکامل:

بغداد فروکش ہوا، نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ متقن'' راوی ہے صرف ثقہ راوی سے ہی حدیث بیان کرتا تھا، ۲۰۷ھ میں فوت ہوا، ابن عدی وغیرہ نے اسے بخاری کے شیوخ میں ذکر کیا ہے مگر یہ وہم ہے کیونکہ یہ ان سے نہیں ملا۔

۶۷۲۳۔خ،د۔معاذ بن اسد مروزی، ابن مبارک کے کاتب، ابوعبداللہ:

بصرہ فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۶۷۲۴۔بخ،د،ت،ق۔معاذ بن انس جہنی، انصاری:

صحابی ہیں مصر فروکش ہوئے اور عبدالملک کے عہد خلافت تک زندہ رہے۔

۶۷۲۵۔ع۔معاذ بن جبل بن عمرو بن اوس انصاری خزرجی، ابوعبدالرحمٰن:

چوٹی کے صحابہ کرام میں سے مشہور صحابی ہیں بدر اور اس کے بعد والے غزوات میں شریک تھے احکام اور (تفسیر) قرآن کا علم ان پر ختم ہے ۱۸ھ کو شام میں فوت ہوئے۔

۶۷۲۶۔س۔معاذ بن حارث بن رفاعہ انصاری، نجاری، المعروف ابن عفراء:

عفراء ان کی والدہ ہیں اور یہ صحابی ہیں حضرت علی کے عہد خلافت تک زندہ رہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد

تک رہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ نبی کریم ﷺ کے زمانے میں ہی شہید ہو گئے تھے۔

۶۷۲۷۔ل۔معاذ بن حارث انصاری نجاری قاری:

بقول بعض ابوحلیمہ ہیں، اور ان حضرات میں سے ایک ہیں جنہیں حضرت عمر نے تراویح پڑھانے پر مقرر کیا تھا اور بقول بعض یہ دوسرے ہیں، انہیں ابوحارث کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے صغیر صحابی ہیں حرہ کے روز ۶۳ھ میں شہید ہوئے۔

۶۷۲۸۔س۔معاذ بن خالد بن شقیق بن دینار، عبدی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوبکر مروزی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۲۰۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۷۲۹۔تمییز۔معاذ بن خالد عسقلانی:

نویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

☆ معاذ بن رباح ثقفی، ابوزہیر:

کنیتوں میں ہے۔ (=۸۱۰۵)

۶۷۳۰۔خ، د، ت، س۔معاذ بن رفاعہ بن رافع انصاری زرقی، مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۷۳۱۔د۔معاذ بن زہرہ ''بقول بعض ابوزہرہ'':

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اس نے مرسلاً حدیث بیان کی ہے جس نے اسے صحابہ میں ذکر کیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۶۷۳۲۔خ۔معاذ بن سعد یا سعد بن معاذ انصاری:

اس کی حدیث اسی طرح شک کے ساتھ آئی ہے اور ابن مندہ وغیرہ نے اسے صحابہ میں ذکر کیا ہے۔

۶۷۳۳۔تمییز۔معاذ بن سعد سکسکی:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۷۳۴۔تمییز۔معاذ بن سعد بقول بعض سعید:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۷۳۵۔ تمییز۔ معاذ بن سعد یا سعد بن معاذ:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۷۳۶۔ بخ،م۔ معاذ بن عبداللہ بن خُبَیب، جہنی، مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے۔

۶۷۳۷۔ خ،م،س۔ معاذ بن عبدالرحمٰن بن عثمان بن عبیداللہ ابن عثمان التیمی، آل طلحہ سے ہے:

اس کے والد محترم کو صحابیت کا شرف حاصل ہے اور یہ تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم بقول بعض اسے بھی صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

☆ معاذ بن عفراء:

یہ ابن حارث ہے گزر چکا۔ (=۶۷۲۶)

☆ معاذ بن العلاء، بن عمار مازنی، ابو غسان بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، خت،ت۔ (=۴۹۵۴)

۶۷۳۸۔ خ۔ معاذ بن فضالہ زہرانی یا طفاوی، ابو زید بصری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اور یہ بخاری کے کبار شیوخ میں سے ہے ۲۱۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۶۷۳۹۔ ق۔ معاذ بن محمد بن معاذ بن محمد بن ابی ابن کعب:

بقول بعض اس کے نسب میں دوسرا محمد نہیں ہے اور بعض کے نزدیک معاذ نہیں ہے، آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۷۴۰۔ ع۔ معاذ بن معاذ بن نصر بن حسان عنبری، ابو المثنیٰ بصری قاضی:

نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ متقن'' راوی ہے ۹۶ھ میں فوت ہوا۔

۶۷۴۱۔ خ،م۔ معاذ بن ہانی قیسی، بصری، ابو ہانی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۲۰۹ھ میں فوت ہوا۔

۶۷۴۲۔ع۔معاذ بن ہشام بن ابو عبداللہ دستوائی، بصری:

یمن فروکش ہوگیا تھا، نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے، ۲۰۰ھ میں فوت ہوا۔

☆ معاذ قرشی:

یہ ابن حارث ہے گزر چکا۔ (=۶۷۲۶)

۶۷۴۳۔ت۔مُعارک ابن عباد یا ابن عبداللہ، عبدی، بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۶۷۴۴۔س۔معافی بن سلیمان جزری، ابو محمد رسعنی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۳۴ھ میں فوت ہوا۔

۶۷۴۵۔خ، د، س۔معافی بن عمران ازدی فہمی، ابو مسعود موصلی:

نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ عابد فقیہ'' راوی ہے ۸۵ھ میں فوت ہوا، بقول بعض ۸۶ھ میں ہوا۔

۶۷۴۶۔کن۔معافی بن عمران ظہری، حمیری، ابو عمران حمصی:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۷۴۷۔ق۔مُعان ابن رفاعہ سلامی، شامی:

روایت حدیث میں قدرے کمزور ہے اور بکثرت ارسال کرتا ہے ساتویں طبقہ سے ہے ۱۵۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۶۷۴۸۔خ، قد، س، ق۔معاویہ بن اسحاق بن طلحہ بن عبید اللہ تیمی، ابو الازہر:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے۔

۶۷۴۹۔س، ق۔معاویہ بن جاہمہ ابن عباس بن مرداس سلمی:

اس کے والد اور دادا کو صحابیت کا شرف حاصل ہے اور بقول بعض اسے بھی حاصل ہے۔

۶۷۵۰۔بخ، د، س۔معاویہ بن حُدَیج کندی، ابو عبدالرحمٰن یا ابو نعیم:

صغیر صحابی ہیں اور یعقوب بن سفیان نے انہیں تابعین میں ذکر کیا ہے۔

۶۷۵۱۔تمییز۔معاویہ بن حدیج، دوسرا، متاخر، کوفی، جعفی:

یہ ابوخیثمہ اور اس کے بھائیوں کا والد ہے۔

۶۷۵۲۔س۔معاویہ بن حفص شعبی، کوفی:

حلب فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۷۵۳۔ر،م،د،س۔معاویہ بن حکم سلمی:

صحابی ہیں مدینہ فروکش ہو گئے تھے۔

۶۷۵۴۔ت۔معاویہ بن حکیم بن معاویہ نمیری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۷۵۵۔خت،۴۔معاویہ بن حیدہ بن معاویہ بن کعب قشیری:

صحابی ہیں بصرہ فروکش ہو گئے تھے اور خراسان میں فوت ہوئے اور یہ بہز بن حکیم کے دادا ہیں۔

۶۷۵۶۔بخ۔معاویہ بن سَبْرہ سُوائی، ابوالعُبَیْدَین:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۹۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۷۵۷۔ق۔معاویہ بن سعید بن شریح تجیبی، مصری، بقول بعض معاویہ بن یزید:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۷۵۸۔ع۔معاویہ بن ابوسفیان صخر بن حرب بن امیہ اموی، ابوعبدالرحمٰن، خلیفہ:

صحابی ہیں فتح مکہ سے پہلے مسلمان ہوئے اور وحی لکھی ۸۰ برس کے قریب عمر پا کر رجب ۶۰ھ میں فوت ہوئے۔

۶۷۵۹۔ق۔معاویہ بن سلمہ نصری، ابوسلمہ کوفی:

دمشق فروکش ہوئے آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۷۶۰۔ع۔معاویہ بن سوید بن مقرن مزنی، ابوسوید کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، وہ شخص غلطی پر ہے جس نے اسے صحابی سمجھا ہے۔

۶۷۶۱۔ع۔معاویہ بن سلّام ابن ابوسلام، ابوسلام دمشقی:

حمص فروکش ہو گیا تھا ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۷۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۶۷۶۲۔رم،۴۔معاویہ بن صالح بن حُدَیر حضرمی، ابوعمرو وابوعبدالرحمٰن حمصی، قاضی اندلس:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے ۱۵۸ھ میں فوت ہوا، اور بقول بعض ۱۷۰ھ کے بعد ہوا۔

۶۷۶۳۔س۔معاویہ بن صالح بن ابوعبیداللہ اشعری، ابوعبیداللہ دمشقی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۶۳ھ میں فوت ہوا۔

۶۷۶۴۔بخت، س، ق۔معاویہ بن عبداللہ بن جعفر بن ابوطالب ہاشمی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۷۶۵۔بخت۔معاویہ بن عبدالکریم ثقفی، ابوعبدالرحمٰن بصری، المعروف ضال:

چھٹے طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۱۰۰ برس کے قریب عمر پا کر ۱۸۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۷۶۶۔خ،م،ل،س۔معاویہ بن عمار بن ابومعاویہ دُہنی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۷۶۷۔م،د،س۔معاویہ بن عمرو بن خالد بن غَلّاب، نصری، بصری:

اپنے والد کے دادا کی طرف منسوب کیا جاتا ہے چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۷۶۸۔ع۔معاویہ بن عمرو بن مہلب بن عمرو ازدی، مَعْنی، ابوعمرو بغدادی المعروف ابن کرمانی:

نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے عمر ۸۶ برس صحیح قول کے مطابق ۲۱۴ھ میں فوت ہوا۔

☆معاویہ بن عمرو، ابومہلب جرمی:

کنیتوں میں ہے۔(=۸۴۹۸)

☆معاویہ بن عمرو، ابونوفل بن ابوعقرب:

کنیتوں میں ہے۔(=۸۴۲۱)

☆ معاویہ بن غلاب:

یہ ابن عمرو ہے گزر چکا۔ (=۶۷۶۷)

۶۷۶۹۔ع۔معاویہ بن قرہ بن ایاس بن ہلال مزنی، ابوایاس بصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بعمر ۷۶ برس ۱۱۳ھ میں فوت ہوا۔

۶۷۷۰۔خ،م،س۔معاویہ بن ابومُزَرِّد، عبدالرحمٰن بن یسار، بنو ہاشم کا غلام، مدنی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے چھٹے طبقہ سے ہے۔

۶۷۷۱۔بخ،م،۴۔معاویہ بن ہشام القصار، ابوالحسن کوفی، بنی اسد کا غلام:

اسے معاویہ بن ابوعباس بھی کہا جاتا ہے نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے ۲۰۴ھ میں فوت ہوا۔

۶۷۷۲۔ت،ق۔معاویہ بن یحیٰی صدفی، ابوروح دمشقی:

رئی فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے اس نے شام میں جو حدیثیں بیان کی ہیں ان حدیثوں سے قدرے اچھی ہیں جو اس نے رئی میں بیان کی ہیں۔

۶۷۷۳۔س،ق۔معاویہ بن یحیٰی طرابلسی، ابومطیع، دمشقی الاصل یا حمصی الاصل:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے جس شخص نے اسے پہلے والے راوی سے ملایا ہے اس سے غلطی ہوئی ہے، ابن معین اور ابوحاتم وغیرہما کا کہنا ہے کہ طرابلسی صدفی سے زیادہ مضبوط ہے جبکہ دارقطنی نے اس کے برعکس کہا ہے۔

☆ معاویہ بن یزید:

ابن سعید میں ذکر ہوا ہے۔ (=۶۷۶۱)

۶۷۷۴۔ع۔معبد بن خالد بن مُرَیْن جدَلی ''قیس کے قبیلہ سے ہے'' کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۱۱۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۷۷۵۔ تمییز۔ معبد بن خالد بن انس:

پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے بقیہ کے شیوخ میں سے ہے۔

۶۷۷۶۔ تمییز۔ معبد بن خالد جہنی:

صحابی ہیں اور ان حضرات میں سے ایک ہیں جنہوں نے فتح مکہ کے روز جہینہ کے جھنڈے اٹھائے تھے ان کی ابو بکر وغیرہ سے روایت آتی ہے ۷۲ھ میں فوت ہوئے۔

۶۷۷۷۔ تمییز۔ معبد بن خالد جہنی قدری ''بقول بعض یہ ابن عبداللہ بن عکیم ہے اور بقول بعض اس کے دادا کا نام عویمر ہے'':

تیسرے طبقہ کا ''صدوق بدعتی'' راوی ہے اور یہ پہلا شخص ہے جس نے بصرہ میں قدریت کو رائج کیا ۸۰ھ میں اسے قتل کر دیا گیا ہے۔

۶۷۷۸۔ خ، ل۔ معبد بن راشد، ابو عبدالرحمٰن، کوفی یا واسطی:

بغداد فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''مقبول فقیہ'' راوی ہے۔

۶۷۷۹۔ خ، م، د، س۔ معبد بن سیرین انصاری، بصری، اکبر اخوتہ:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۹۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۷۸۰۔ ق۔ معبد بن عبداللہ بن ہشام بن زہرہ بن عثمان تیمی، ابو عقیل کا والد:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۷۸۱۔ خ، م، خد، س، ق۔ معبد بن کعب بن مالک انصاری سلمی، مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۷۸۲۔ د۔ معبد بن ہرمز مدنی:

چھٹے طبقہ کا مجہول راوی ہے۔

۶۷۸۳۔ د۔ معبد بن ہوذہ:

صحابی ہیں ان سے حدیث آتی ہے اور یہ عبدالرحمٰن بن نعمان کے دادا ہیں۔

۶۷۸۴۔ خ،م،س۔ معبد بن ہلال عنزی، بصری:

چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

☆معبد جہنی:

ابن خالد میں اس کا ذکر ہوا ہے۔ (=۶۷۷۷)

۶۷۸۵۔ ع۔ معتمر بن سلیمان تیمی، ابومحمد بصری:

اسے طفیل کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے نوویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ثقہ" راوی ہے ۸۰ برس سے متجاوز عمر پاکر ۱۸۷ھ میں فوت ہوا۔

۶۷۸۶۔ مد۔ معدان بن حُدَیر، ابوجُماہر، حمصی:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۷۸۷۔ م،۴۔ معدان بن ابوطلحہ "بقول بعض ابن طلحہ" یعمری، شامی:

دوسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۶۷۸۸۔ ت،ق۔ معدی بن سلیمان، ابوسلیمان صاحب طعام:

آٹھویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے تاہم عبادت گزار تھا۔

۶۷۸۹۔ م،د۔ مُعَرِّف ابن واصل سعدی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۶۷۹۰۔ ع۔ معرور بن سوید اسدی، ابوامیہ کوفی:

دوسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے اس نے ۱۲۰ برس عمر پائی۔

۶۷۹۱۔ خ،م،د،ق۔ معروف بن خَرَّبُوذ، مکی، مولی آل عثمان:

پانچویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے بسا اوقات وہم کرجاتا ہے مؤرخ اور بہت بڑا عالم تھا۔

۶۷۹۲۔ بخ۔ معروف بن سہیل برجمی:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۷۹۳۔د،س۔معروف بن سوید جذامی، ابوسلمہ مصری:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے تقریباً ۱۵۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۷۹۴۔ق۔معروف بن عبداللہ خیاط، ابوخطاب دمشقی:

پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے اور اس نے کافی لمبی عمر ۱۳۰ برس یا اس سے بھی زیادہ پائی۔

۶۷۹۵۔ق۔معروف بن مشکان مکی، بانی کعبہ، ابوولید:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق مشہور مقری'' راوی ہے بعمر ۶۵ برس ۱۶۵ھ میں فوت ہوا۔

۶۷۹۶۔۴۔معقل بن سنان بن مطہر اشجعی:

صحابی ہیں پہلے مدینہ پھر کوفہ فروکش ہوئے اور حرہ کے روز ۶۳ھ میں فوت ہوئے۔

۶۷۹۷۔م،د،س۔معقل بن عبیداللہ جزری، ابوعبداللہ عبسی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم غلطی کر جاتا ہے ۱۶۶ھ میں فوت ہوا۔

۶۷۹۸۔ر،ت۔معقل بن مالک باہلی، ابوشریک بصری:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، ازدی نے اسے ''متروک'' سمجھا ہے اور غلطی کی ہے۔

۶۷۹۹۔د،س،ق۔معقل بن ابومعقل ''یہ ابن ابوہیثم ہے اور بقول بعض ابن ہیثم'' اسدی:

اسے اور اس کے والد محترم کو صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

۶۸۰۰۔ع۔معقل بن یسار مزنی:

صحابی ہیں اور ان حضرات میں سے ہیں جنہوں نے درخت کے نیچے بیعت کی تھی مشہور قول کے مطابق ان کی کنیت ''ابوعلی'' ہے اور یہ وہی معقل ہیں جن کی طرف بصرہ کی نہر معقل منسوب ہے ۶۰ھ کے بعد فوت ہوئے۔

۶۸۰۱۔د۔معقل خثعمی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۸۰۲۔خ،م،قد،ت،س،ق۔معلّٰی ابن اسد عمی، ابوہیثم بصری، بہز کا بھائی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے ابوحاتم نے کہا ہے کہ اس نے صرف ایک ہی حدیث

میں غلطی کی ہے، صحیح قول کے مطابق ۱۸۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۰۳۔ت،ق۔ معلّٰی بن راشد ہذلی، ابو یمان نبال، بصری، البراء:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۸۰۴۔خت،م،ہ۔ معلّٰی بن زیاد قردوسی، ابو الحسن بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق قلیل الحدیث زاہد'' راوی ہے اس کے بارے میں ابن معین کے قول میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

۶۸۰۵۔ق۔ معلّٰی بن عبدالرحمٰن واسطی:

نویں طبقہ کا ''متہم بالوضع'' راوی ہے اس پر رافضیت کا الزام لگایا گیا ہے۔

۶۸۰۶۔ع۔ معلّٰی بن منصور رازی، ابو یعلیٰ:

بغداد فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ سنی فقیہ'' راوی ہے اسے منصب قضاء کے لیے طلب کیا گیا تو اس نے اسے قبول کرنے سے انکار کردیا، وہ شخص غلطی پر ہے جس نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ احمد نے اس پر کذب کا الزام لگایا ہے، صحیح قول کے مطابق ۱۱ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۰۷۔ق۔ معلّٰی بن ہلال بن سوید، ابو عبداللہ الطحان، کوفی:

ناقدین اس کی تکذیب پر متفق ہیں آٹھویں طبقہ سے ہے۔

۶۸۰۸۔ت۔ معمر ابن ابو حبیبہ ''بقول بعض حُیَیَّہ'' عدوی ''ولاء کی وجہ سے ہے'':

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۸۰۹۔ع۔ معمر بن راشد ازدی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو عروہ بصری:

یمن فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ پختہ کار فاضل'' راوی ہے تاہم ثابت، اعمش اور ہشام بن عروہ سے اس کی روایت میں قدرے کمزوری پائی جاتی ہے اسی طرح اس نے جو حدیثیں بصرہ میں بیان کی ہیں ان میں بھی کمزوری پائی جاتی ہے، عمر ۵۸ برس ۱۵۴ھ میں فوت ہوا۔

☆ معمر بن سام:

یہ ابن یحییٰ ہے آئے گا۔ (=۶۸۱۴)

۶۸۱۰۔ د۔ معمر بن عبداللہ بن حنظلہ، مدنی:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۸۱۱۔ م، د، ت، ق۔ معمر بن عبداللہ بن نافع بن نضلہ عدوی ''یہ ابن ابو معمر ہے'':

مہاجرین حبشہ میں سے کبیر صحابی ہیں۔

۶۸۱۲۔ خ،ت، د۔ معمر بن مثنی، ابوعبیدہ تیمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' بصری نحوی لغوی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق مورخ'' راوی ہے اس پر خارجی نظریات رکھنے کا الزام لگایا گیا ہے ۱۰۰ برس کے قریب عمر پا کر ۲۰۸ھ میں فوت ہوا، اور بقول بعض اس کے بعد ہوا۔

۶۸۱۳۔ س۔ معمر بن مخلد سُرُوجی، بقول بعض مُعَمَّر:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ملطیہ میں ۲۳۱ھ کو فوت ہوا۔

۶۸۱۴۔ خ۔ معمر بن یحییٰ بن سام ضبی، کوفی، بقول بعض مُعَمَّر:

اپنے دادا کی طرف منسوب کیا جاتا ہے چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۸۱۵۔ ت، س، ق۔ مُعَمَّر ابن سلیمان نخعی، ابوعبداللہ الرقی:

نویں طبقہ کا ''ثقہ فاضل'' راوی ہے ازدی نے اسے قدرے ضعیف کہہ کر غلطی کی ہے اسی طرح اس شخص نے بھی غلطی کی ہے جس نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ بخاری نے اس کی حدیث نقل کی ہے، ۱۹۱ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۱۶۔ ق۔ معمر بن محمد بن عبیداللہ بن ابورافع ہاشمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مدنی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''منکر الحدیث'' راوی ہے۔

☆ معمر بن مخلد: (=۶۸۱۳)

☆ و معمر بن یحییٰ:

دونوں گزر چکے۔ (=۶۸۱۴)

۶۸۱۷۔س۔ معمر بن یعمر لیثی، ابو عامر دمشقی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۸۱۸۔قد۔ مغن ابن عبدالرحمٰن بن مغوہ، مہری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۸۱۹۔خ،م۔ معن بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود ہذلی مسعودی، کوفی، ابو القاسم قاضی:

ساتویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۸۲۰۔ع۔ معن بن عیسیٰ بن یحییٰ اشجعی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو یحییٰ مدنی، قزاز:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے ابو حاتم نے کہا ہے کہ مالک کے اصحاب میں سب سے زیادہ پختہ ہے ۱۹۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۲۱۔تمییز۔ معن بن عیسیٰ بجلی، ابو سعید نہاوندی، مورخ:

بارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۸۲۲۔خ،م،س،ق۔ معن بن محمد بن معن بن ابو نضلہ غفاری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۸۲۳۔خ،د۔ معن بن یزید بن اخنس بن حبیب سلمی، ابو یزید مدنی:

اسے اس کے والد محترم اور اس کے دادا کو صحابیت کا شرف حاصل ہے معن پہلے کوفہ پھر مصر پھر شام فروکش ہوا، اور مرج راہط میں ۶۴ھ کو قتل ہوا۔

۶۸۲۴۔بخ۔ معن بن یزید یا ابو یزید، سہیل بن ذراع کا شیخ:

تیسرے طبقہ کا غیر معروف راوی ہے۔

۶۸۲۵۔ع۔ معیقیب ابن ابو فاطمہ دوسی، حلیف بنی عبد شمس:

سابقین اولین میں سے ہیں دو ہجرتیں کیں اور تمام معرکوں میں شریک تھے اور حضرت عمر کی طرف سے بیت المال

پر مقرر رہے اور خلافت عثمان یا علی میں فوت ہوئے۔

۶۸۲۶۔ بخ،د۔ مُغْراء عبدی، ابو مخارق کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۸۲۷۔ ق۔ مُغیث ابن سُمَیّ، اوزاعی، ابوایوب شامی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۸۲۸۔ بخ۔ مغیث، بلانسبت:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۸۲۹۔ ۴۔ مغیرہ بن ابو بردہ ''بقول بعض ابن عبداللہ بن ابو بردہ، اور بعض حضرات نے اسے الٹ پلٹ دیا ہے'':

نسائی نے اس کی توثیق کی ہے مغرب کے غزوہ میں امیر مقرر ہوا، تیسرے طبقہ سے ہے ۱۰۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۶۸۳۰۔ تمییز۔ مغیرہ بن ابو بردہ:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۸۳۱۔ تمییز۔ مغیرہ بن ابو برزہ، اسلمی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۸۳۲۔ س،ق۔ مغیرہ بن ابو حُر، کندی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم بسا اوقات وہم کر جاتا ہے۔

۶۸۳۳۔ خت،م،ت،س۔ مغیرہ بن حکیم صنعانی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۸۳۴۔ ۴۔ مغیرہ بن زیاد بجلی، ابو ہشام یا ہاشم، موصلی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے ۱۵۲ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۳۵۔ت،س،ق۔مغیرہ بن شُبَیل عجلی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۸۳۶۔ت۔مغیرہ بن سعد بن اخرم طائی:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اور جس نے اسے پہلے راوی سے ملایا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۶۸۳۷۔س۔مغیرہ بن سلمان خزاعی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۸۳۸۔خت،م،د،س،ق۔مغیرہ بن سلمہ مخزومی،ابوہشام بصری:

نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے ۲۰۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۳۹۔۴۔مغیرہ بن شبل ''تصغیر سے بھی کہا جاتا ہے''بجلی احمسی،ابوطفیل کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۸۴۰۔ع۔مغیرہ بن شعبہ بن مسعود بن معتب ثقفی:

مشہور صحابی ہیں حدیبیہ سے پہلے مسلمان ہوئے اور پہلے بصرہ پھر کوفہ پر امیر مقرر ہوئے، صحیح قول کے مطابق ۵۰ھ میں فوت ہوئے۔

۶۸۴۱۔د،س۔مغیرہ بن ضحاک بن عبداللہ قرشی اسدی،مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۸۴۲۔م،د،تم،س۔مغیرہ بن عبداللہ بن ابوعقیل یشکری،کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۸۴۳۔خ،د،س،ق۔مغیرہ بن عبدالرحمٰن بن حارث بن عبداللہ بن عیاش ابن ابوربیعہ مخزومی،ابوہاشم یا ہشام،مدنی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق فقیہ'' راوی ہے تاہم وہم کرجاتا تھا ۱۸۶ھ یا ۱۸۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۴۴۔مد۔مغیرہ بن عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام مخزومی، ابوہاشم یا ہشام مدنی، ابوبکر کا بھائی:

پانچویں طبقہ کا "ثقہ سخاوت پسند" راوی ہے ۱۰۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۶۸۴۵۔ع۔مغیرہ بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن خالد بن حزام، حزامی، مدنی:

اس کا لقب قصی ہے ساتویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے اسے غریب حدیثیں مروی ہیں ابوداؤد نے کہا ہے کہ یہ عسقلان فروکش ہو گیا تھا۔

۶۸۴۶۔س۔مغیرہ بن عبدالرحمٰن بن عون بن حبیب اسدی، اسد خزیمہ، حرانی، ابواحمد:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے "ثقہ" راوی ہے ۲۴۳ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۴۷۔س۔مغیرہ بن عبیداللہ بن جبیر بن حیہ، ثقفی:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۸۴۸۔د۔مغیرہ بن فروہ ثقفی، ابوازہر دمشقی "بعض حضرات نے اسے الٹ پلٹ دیا ہے":

اپنی کنیت سے مشہور ہے تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۸۴۹۔قد،ت۔مغیرہ بن ابوقرہ سدوسی:

پانچویں طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۶۸۵۰۔بخ،ت،س،ق۔مغیرہ بن مسلم قسملی، ابوسلمہ سراج، مدائنی، اصلاً مرو سے ہے":

چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۶۸۵۱۔ع۔مغیرہ بن مقسم، الضبی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابوہشام کوفی، نابینا:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ متقن" راوی ہے تاہم تدلیس کرتا تھا خصوصاً ابراہیم سے۔صحیح قول کے مطابق ۱۳۶ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۵۲۔خ،م،د،ت،س۔مغیرہ بن نعمان نخعی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۶۸۵۳۔ق۔ مغیرہ بن نَہِیک الحجری، مصری:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆مغیرہ، ابوالولید یا ابوالمغیرہ الولید:

کنیتوں میں ہے۔(=۸۳۸۶)

☆مغیرہ ازدی:

یہ قسملی ہے۔(=۶۸۵۰)

۶۸۵۴۔ت۔ مفضل بن صالح الاسدی النخاس، الکوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۶۸۵۵۔ق۔ مفضل بن عبداللہ کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ابوحاتم نے کہا ہے کہ یہ ابن صالح ہے، بعض حضرات نے اس کے والد کے نام میں غلطی کی ہے۔

۶۸۵۶۔تمییز۔ مفضل بن عبداللہ یربوعی بصری:

بغداد فروکش ہوا، نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۸۵۷۔د،ت،ق۔ مفضل بن فضالہ بن ابوامیہ، ابومالک بصری، مبارک کا بھائی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۶۸۵۸۔ع۔ مفضل بن فضالہ بن عبید بن ثمامہ قِتْبانی، مصری، ابومعاویہ قاضی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ فاضل عابد'' راوی ہے، ابن سعد نے اس کی تضعیف میں غلطی کی ہے ۱۸۱ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۵۹۔تمییز۔ مفضل بن فضالہ مصری، پہلے والے راوی کا پوتا:

دسویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے ۲۵۱ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۶۰۔تمییز۔ مفضل بن فضالہ نسوی، ابوالحسن:

بارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ابن عدی نے اس سے استفادہ کیا ہے۔

۶۸۶۱۔د،س۔ مفضل بن مہلب بن ابوصفرہ ازدی، ابوغسان بصری:

مشہور امراء میں سے چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۰۲ھ میں قتل ہوا۔

۶۸۶۲۔م،س،ق۔ مفضل بن مہلہل سعدی، ابوعبدالرحمٰن کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار شریف عابد'' راوی ہے ۱۶۷ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۶۳۔بخ۔ مفضل بن لاحق بصری، ابوبشر:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۸۶۴۔د۔ مفضل بن یونس جعفی، ابویونس کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۷۲ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۶۵۔تمییز۔ مفضل بن یونس کنانی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۸۶۶۔د،س۔ مقاتل بن بشیر عجلی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۸۶۷۔م،۴۔ مقاتل بن حیان نَبَطی، ابوبسطام بلخی، خزاز:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق فاضل'' راوی ہے ازدی نے اپنے اس گمان کہ ''وکیع نے اس کی تکذیب کی ہے'' میں غلطی کی ہے کیونکہ وکیع نے اس کے بعد والے راوی کی تکذیب کی ہے (نہ کہ اس کی)۔ ہند کی سرزمین پر ۱۵۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۶۸۶۸۔ل۔ مقاتل بن سلیمان بن بشیر ازدی خراسانی، ابوالحسن بلخی:

مرو فروکش ہوا، اور اسے ابن دوال دوز بھی کہا جاتا ہے محدثین نے اس کی تکذیب کی ہے اور اسے چھوڑ دیا تھا، مزید برآں اس پر تجسیم کا الزام لگایا گیا ہے ساتویں طبقہ سے ہے ۱۵۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۶۹۔ع۔ مقداد بن عمرو بن ثعلبہ بن مالک بن ربیعہ البہرانی ثم الکندی ثم الزہری:

مقداد کے والد عمرو بن ثعلبہ نے کندہ سے معاہدہ حلف کیا تھا (جس کی بناء پر انہیں کندی کہا جاتا ہے) اور اسود بن

عبد یغوث زہری نے مقداد کو اپنا (منہ بولا بیٹا) بنایا تھا اسی مناسبت سے مقداد کو زہری بھی کہا جاتا ہے۔

مقداد سابقین میں سے مشہور صحابی ہیں (بدر کے روز صرف یہی گھڑ سوار تھے یہاں تک کہ) ان کے علاوہ بدر میں کسی کا گھڑ سوار ہونا ثابت نہیں، بعمر ۷۰ برس ۳۳ھ میں فوت ہوئے۔

14

۶۸۷۰۔ بخ،م،۴۔مقدام بن شریح بن ہانی بن یزید حارثی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۸۷۱۔ خ،۴۔مقدام بن معدی کرب بن عمرو کندی:

مشہور صحابی ہیں شام فروکش ہوئے اور عمر ۹۱ برس صحیح قول کے مطابق ۸۷ھ میں فوت ہوئے۔

۶۸۷۲۔ خ۔مقدم ''محمد کے وزن پر ہے'' ابن محمد بن یحییٰ ابن عطاء بن مقدم ہلالی مقدمی، واسطی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے۔

۶۸۷۳۔ خ،۴۔مقسم ابن بُجرہ ''بقول بعض نَجدہ''، ابوالقاسم، عبداللہ بن حارث کا غلام:

ابن عباس کی خدمت میں رہنے کی وجہ سے اسے ابن عباس کا بھی غلام کہا جاتا ہے، چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اور ارسال کرتا تھا ۱۰۱ھ میں فوت ہوا، صحیح بخاری میں اس کی صرف ایک ہی حدیث آتی ہے۔

۶۸۷۴۔ت۔مکتوم بن عباس، ابوالفضل مروزی ''بقول بعض ترمذی'':

بارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۸۷۵۔ر،م،۴۔مکحول شامی، ابوعبداللہ:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ فقیہ بکثرت ارسال کرنے والا، مشہور'' راوی ہے ۱۱۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۶۸۷۶۔ بخ۔مکحول ازدی، بصری، ابوعبداللہ:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۸۷۷۔ع۔مکی بن ابراہیم بن بشیر تمیمی بلخی، ابوسکن:

نویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے بعمر ۹۰ برس ۲۱۵ھ میں فوت ہوا۔

☆ملحان:

عبدالملک بن قتادہ کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(۴۲۰۳=)

۶۸۷۸۔د۔مِلْقام"بلقام" بھی کہا جاتا ہے"ابن تَلِب، تمیمی عنبری:

پانچویں طبقہ کا"مستور"راوی ہے۔

۶۸۷۹۔بخ،م،۴۔ممطور اسود حبشی، ابوسلام:

تیسرے طبقہ کا"ثقہ"راوی ہے تاہم ارسال کرتا ہے۔

۶۸۸۰۔س۔مَنْبوذ ابن ابوسلیمان مکی:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام سلیمان ہے اور منبوذ اس کا لقب ہے، چھٹے طبقہ کا"مقبول"راوی ہے۔

۶۸۸۱۔س۔منبوذ مدنی"آل ابورافع سے ہے":

چھٹے طبقہ کا"مقبول"راوی ہے۔

۶۸۸۲۔م،فق۔منجاب ابن حارث بن عبدالرحمٰن تمیمی، ابومحمد کوفی:

دسویں طبقہ کا"ثقہ"راوی ہے ۲۳۱ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۸۳۔د،ق۔مِنْدل ابن علی عنزی، ابوعبداللہ کوفی:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عمرو ہے اور مندل لقب ہے، ساتویں طبقہ کا"ضعیف"راوی ہے ۱۰۳ھ کو پیدا ہوا اور ۱۶۷ھ یا ۱۶۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۸۴۔خ،ق۔منذر بن ابواُسید ساعدی، انصاری:

نبی کریم ﷺ کے عہد میں پیدا ہوا اور نبی کریم ﷺ نے ہی اس کا نام رکھا تھا جس کی وجہ سے اسے صحابہ میں شمار کیا جاتا ہے۔

۶۸۸۵۔د،س،ق۔منذر بن ثعلبہ طائی یا سعدی، ابونضر بصری:

چھٹے طبقہ کا"ثقہ"راوی ہے۔

۶۸۸۶۔م، د، س، ق۔ منذر بن جریر بن عبداللہ بجلی کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆منذر بن سعد:

کہا جاتا ہے کہ یہ ابوحمید ساعدی کا نام ہے۔(=۸۰۶۵)

۶۸۸۷۔بخ، س۔ منذر بن عائذ بن منذر بن حارث عصری، اشج عبدالقیس:

صحابی ہیں بصرہ فروکش ہو گئے تھے اور وہیں فوت ہوئے۔

۶۸۸۸۔س۔ منذر بن عبداللہ بن منذر بن مغیرہ ابن عبداللہ بن خالد بن حزام، اسدی، حزامی، ابراہیم کا والد:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۸۱ھ میں فوت ہوا۔

☆منذر بن عبدالرحمٰن:

مہدی کے ترجمہ میں ہے۔(=۶۹۳۱)

۶۸۸۹۔د، س۔ منذر بن عبید مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۸۹۰۔خت، م، ۴۔ منذر بن مالک بن قطعہ عبدی، عوقی بصری، ابونضرہ:

اپنی کنیت سے مشہور ہے تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۸ھ یا ۱۰۹ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۹۱۔د، س۔ منذر بن مغیرہ مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۸۹۲۔س۔ منذر بن ابومنذر:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۸۹۳۔خ، د۔ منذر بن ولید بن عبدالرحمٰن بن حبیب عبدی، جارودی، بصری:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۸۹۴۔ ع۔ منذر بن یعلیٰ ثوری، ابو یعلیٰ کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۸۹۵۔ق۔ منذر، ابو یحییٰ، بلانسبت:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۸۹۶۔ د،ت،س۔ منصور بن ابو سلام لیثی، کوفی:

کہا جاتا ہے کہ اس کے والد کا نام حازم ہے آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے۔

۶۸۹۷۔م،د،س۔ منصور بن حیان ابن حصین اسدی، اسحاق کا والد:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۸۹۸۔ ع۔ منصور بن زاذان، واسطی، ابو مغیرہ ثقفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار عابد'' راوی ہے صحیح قول کے مطابق ۲۹ھ میں فوت ہوا۔

۶۸۹۹۔خ،س۔ منصور بن سعد بصری، لولو کا ساتھی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۹۰۰۔د۔ منصور بن سعید یا ابن زید بن اصبغ کلبی مصری:

تیسرے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

☆ منصور بن سُقیر:

ابن صقیر کے ترجمہ میں آئے گا۔ (=۶۹۰۳)

۶۹۰۱۔خ،م،مد،س۔ منصور بن سلمہ بن عبدالعزیز، ابو سلمہ خزاعی، بغدادی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ پختہ کار حافظ'' راوی ہے صحیح قول کے مطابق ۲۱۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۰۲۔س۔ منصور بن سلمہ ہذلی ''بقول بعض لیثی'' مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ منصور بن صفیہ:

یہ ابن عبدالرحمٰن ہے۔ (=۶۹۰۴)

۶۹۰۳۔ق۔منصور بن سُقَیر "بقول بعض سقیر" ابونصر بغدادی:

نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے "ضعیف" راوی ہے۔

۶۹۰۴۔خ،م،د،س،ق۔منصور بن عبدالرحمٰن بن طلحہ بن حارث عبدری، حجبی مکی:

یہ ابن صفیہ بنت شیبہ ہے پانچویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ابن حزم نے اس کی تضعیف میں غلطی کی ہے ۱۳۷ھ یا ۱۳۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۰۵۔م،د۔منصور بن عبدالرحمٰن غُدانی، بصری، الاشل:

چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے تاہم وہم کرجاتا ہے۔

۶۹۰۶۔تمییز۔منصور بن عبدالرحمٰن بُرجُمی:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۹۰۷۔م،د،س۔منصور بن ابومزاحم بشیر ترکی، ابونصر بغدادی، کاتب:

دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے بعمر ۸۰ برس ۲۳۵ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۰۸۔ع۔منصور بن معتمر بن عبداللہ سلمی، ابوعتاب، کوفی:

اعمش کے طبقہ کا "ثقہ پختہ کار" راوی ہے تدلیس نہیں کرتا تھا ۱۳۲ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۰۹۔فق۔منصور بن مہاجر واسطی، ابوالحسن، بیاع القصب "اسے بزوری کہا جاتا ہے"

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "مستور" راوی ہے۔

۶۹۱۰۔خت۔منصور بن نعمان یشکری، ابوحفص بصری:

پہلے مرو پھر بخاریٰ فروکش ہوا، چھٹے طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۶۹۱۱۔ت،عس،ق۔منصور بن وردان اسدی عطار، کوفی:

نویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۹۱۲۔ تمییز۔ منصور بن وردان مصری، مولی قریش:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۹۱۳۔ د، س۔ منظور ابن سیار فزاری، بصری ''بقول بعض سیار بن منظور'':

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۹۱۴۔ بخ۔ منقذ بن قیس مصری، ابن سراقہ کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' ہیں۔

۶۹۱۵۔ تمییز۔ منقذ بن قیس مدنی، ابن عمر کا غلام:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے جس نے اسے پہلے والے راوی سے ملایا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۶۹۱۶۔ بخ، ت۔ منکدر بن محمد بن منکدر قرشی تیمی مدنی:

آٹھویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے ۸۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۱۷۔ د، ت، ق۔ منہال بن خلیفہ عجلی، ابوقدامہ کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۶۹۱۸۔ خ، ۴۔ منہال بن عمرو اسدی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے۔

☆ منہال:

عبدالملک بن قتادہ کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔ (=۴۲۰۳)

۶۹۱۹۔ س۔ منیب ابن عبداللہ بن ابوامامہ بن ثعلبہ انصاری حارثی مدنی:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۹۲۰۔ ق۔ منیر شامی، ابوزرارونی:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

☆مُنْیَہ:

سنن ابی داؤد کتاب الحج میں "عن یعلی بن منیہ عن ابیہ" آتا ہے مگر اس کا والد امیہ ہے اور منیہ اس کی والدہ ہے، د۔

۶۹۲۱۔د،ت،س۔مہاجر بن عکرمہ بن عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام مخزومی:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۹۲۲۔د،س،ق۔مہاجر بن عمرو نبال، شامی:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۹۲۳۔د،س،ق۔مہاجر بن قُنْفُذ ابن عمیر بن جُدْعان، تیمی:

صحابی ہیں فتح مکہ کے روز مسلمان ہوئے حضرت عثمان نے اپنے دور میں انہیں پولیس پر مامور کیا تھا بصرہ میں فوت ہوئے۔

۶۹۲۴۔ت،س،ق۔مہاجر بن مخلد ابو مخلد، بَکَرات کا غلام:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۹۲۵۔بخ،د،ق۔مہاجر بن ابو مسلم دینار شامی، انصاری، اسماء بنت یزید کا غلام:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۹۲۶۔م،ت،فق۔مہاجر بن مسمار زہری، سعد مدنی کا غلام:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۹۲۷۔خ،م،د،ت،س۔مہاجر ابو الحسن التیمی "ولاء کی وجہ سے ہے" کوفی، صائغ:

چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۶۹۲۸۔د،س،ق۔مہدی "یہ نام نسب کے الفاظ میں ہے" ابن حرب عبدی "یا ابن ابو مہدی ہجری ہے":

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۹۲۹۔د۔مہدی بن حفص بغدادی، ابو احمد:

دسویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے ۲۲۳ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۳۰۔ تمییز۔ مہدی بن جعفر بن جیہان، رملی زاہد:

دسویں طبقہ کا "صدوق صاحب اوہام" راوی ہے ۲۳۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۳۱۔ق۔ مہدی "بقول بعض مہنّد اور بقول بعض منذر" ابن عبدالرحمٰن بن عبیدہ شامی:

چھٹے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۶۹۳۲۔ع۔ مہدی بن میمون ازدی معولی، ابو یحییٰ بصری:

چھٹے طبقہ کے صغار حضرات میں سے "ثقہ" راوی ہے ۱۷۲ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۳۳۔مد،ق۔ مہران ابن ابو عمر عطار، ابو عبداللہ رازی:

نویں طبقہ کا "صدوق صاحب اوہام برے حافظے والا" راوی ہے۔

۶۹۳۴۔د۔ مہران ابو صفوان، کوفی:

چوتھے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

☆ مہران ابو مثنیٰ:

مسلم بن مثنی کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(۶۶۴۲)

۶۹۳۵۔د،س۔ مہلب بن ابو حبیبہ بصری:

ساتویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "صدوق" راوی ہے۔

۶۹۳۶۔د۔ مہلب بن حجر بہرانی، شامی:

چھٹے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۶۹۳۷۔د،ت،س۔ مہلب بن ابو صفرہ "ابو صفرہ کا نام ظالم بن سارق عتکی"، ازدی، ابو سعید بصری:

ثقہ امراء میں سے ہے جنگی مہارت رکھتا تھا اور اس کے دشمن اس پر کذب کا الزام لگاتے تھے، دوسرے طبقہ سے ہے اس سے مرسل روایت آتی ہے، ابو اسحاق سبیعی نے کہا ہے کہ میں نے اس سے افضل کوئی امیر نہیں دیکھا، صحیح قول کے مطابق ۸۲ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۳۸۔ د، عس۔ مہنا بن عبدالحمید، ابو شبل "بقول بعض ابو سہل" بصری:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ثقہ" راوی ہے۔

☆ مہند بن عبدالرحمن:

مہدی کے ترجمہ میں گزر چکا۔ (=۶۹۳۱)

۶۹۳۹۔ ق۔ مؤثر ابن عفازہ، ابو مثنیٰ کوفی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۹۴۰۔ ع۔ مورق ابن مشمرج، ابن عبداللہ عجلی یا معتمر بصری:

تیسرے طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ثقہ عابد" راوی ہے ۱۰۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۶۹۴۱۔ د، س۔ موسیٰ بن ابراہیم بن عبدالرحمن بن عبداللہ بن ابو ربیعہ مخزومی:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۹۴۲۔ ت، س، ق۔ موسیٰ بن ابراہیم بن کثیر انصاری حرامی، مدنی:

آٹھویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے تاہم خطا کر جاتا ہے۔

۶۹۴۳۔ ع۔ موسیٰ بن اسمٰعیل منقری، ابو سلمہ تبوذکی:

اپنی کنیت اور اپنے نام سے مشہور ہے نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے "ثقہ ثبت" راوی ہے ابن خراش کا قول "کہ لوگوں نے اس پر کلام کیا ہے" تو قابل التفات نہیں ہے ۲۲۳ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۴۴۔ خ م، د، س، ق۔ موسیٰ بن اعین جزری، مولیٰ قریش، ابو سعید:

آٹھویں طبقہ کا "ثقہ عابد" راوی ہے ۱۷۵ھ یا ۱۷۷ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۴۵۔ ع۔ موسیٰ بن انس بن مالک انصاری، قاضی بصرہ:

چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے اپنے بھائی نضر کے بعد فوت ہوا۔

☆ موسیٰ بن انس:

اسے ابن فلان بن انس کہا گیا ہے آگے گا۔ (=۷۰۲۷)

۶۹۴۶۔د،عس،ق۔موسیٰ بن ایوب بن عامر غافقی،مصری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۵۳ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۴۷۔د،س۔موسیٰ بن ایوب بن عیسیٰ نصیبی،ابوعمران انطاکی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۹۴۸۔د،ت،س۔موسیٰ بن ایوب ''بقول بعض ابن ابوایوب'' مَہری،ابوالفیض حمصی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۹۴۹۔د۔موسیٰ بن باذان ''کہا جاتا ہے کہ اس کا نام مسلم ہے'' حجازی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۶۹۵۰۔بخ۔موسیٰ بن بحر مروزی،ابوعمران،عراقی الاصل:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۳۰ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۵۱۔م،س۔موسیٰ بن ابوتمیم مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۹۵۲۔م،د،س۔موسیٰ بن ثردان ''بقول بعض فروان اور بقول بعض سروان ہے''،عجلی،معلم،بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۶۹۵۳۔ت۔موسیٰ بن ابی الجارود،ابوولید مکی،فقیہ،شافعی کا ساتھی:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے۔

۶۹۵۴۔د،ق۔موسیٰ بن جبیر انصاری،مدنی،حذاء (موچی)،بنوسلمہ کا غلام:

مصر فروکش ہوئیوالا چھٹے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۶۹۵۵۔ت،ق۔موسیٰ بن جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی،ابوالحسن ہاشمی،المعروف کاظم:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق عابد'' راوی ہے ۸۳ھ میں فوت ہوا۔

☆موسیٰ بن جمضم:

درست موسیٰ ابو جمضم ہے اور یہ ابن سالم ہے آئے گا،ق۔(=۶۹۶۲)

۶۹۵۶۔خ،ت،س۔موسیٰ بن حزام،ترمذی،ابوعمران:

بلخ فروکش ہونیوالا گیارہویں طبقہ کا''ثقہ فقیہ عابد'' راوی ہے ۲۵۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

☆موسیٰ بن حمزہ:

موسی بن فلان کے ترجمہ میں ذکر ہے۔(=۷۰۲۶)

۶۹۵۷۔م۔موسیٰ بن خالد شامی،ابوالولید حلبی،ابواسحاق فزاری کا داماد:

دسویں طبقہ کا''مقبول'' راوی ہے۔

۶۹۵۸۔خت،د،س۔موسیٰ بن خلف عمّی،ابوخلف بصری:

ساتویں طبقہ کا''صدوق عابد صاحب اوہام'' راوی ہے۔

۶۹۵۹۔م،د،س،ق۔موسیٰ بن داؤد ضبی،ابوعبداللہ طرسوسی،خُلقانی:

بغداد فروکش ہوا پھر طرسوس میں عہدہ قضاء پر مقرر رہا،نوویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے''صدوق فقیہ زاہد صاحب اوہام'' راوی ہے ۲۱۷ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۶۰۔ی۔موسیٰ بن دِہقان،بصری مدنی،کوفی الاصل:

چوتھے طبقہ کا''ضعیف'' راوی ہے اور یہ ان رواۃ میں سے ہے جن کا حافظہ بدل گیا تھا، ۱۵۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

☆موسیٰ بن رومان:

موسیٰ بن مسلم کے ترجمہ میں ذکر ہے۔(=۷۰۱۱)

۶۹۶۱۔س۔موسیٰ بن زیاد بن حِذیم،ابن عمرو سعدی،ابن عمرو سعدی،کوفی:

چھٹے طبقہ کا''مقبول'' راوی ہے۔

۶۹۶۲۔ق۔موسیٰ بن سالم،ابوجہضم،آل عباس کا غلام:

چھٹے طبقہ کا''صدوق'' راوی ہے۔

۶۹۶۳۔د، س۔موسیٰ بن سائب، ابو سعدہ بصری "بقول بعض واسطی":

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

☆موسیٰ بن سائب:

ابن میسب کے ترجمہ میں ذکر ہے۔(=۷۰۱۴)

۶۹۶۴۔ت، س، ق۔موسیٰ بن سَرْجِس، مدنی:

چھٹے طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

☆موسیٰ بن سروان:

ابن ثروان کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=۶۹۵۲)

۶۹۶۵۔بخ۔موسیٰ بن سعد یا سعید، بن زید بن ثابت انصاری، مدنی:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۹۶۶۔بخ۔موسیٰ بن سعد مدنی، آل ابوبکر کا غلام:

ساتویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۶۹۶۷۔س۔موسیٰ بن سعید بن نعمان بن بسام طرسوی، ابوبکر دَنْدَانی:

گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۶۹۶۸۔م، د، س۔موسیٰ بن سلمہ بن مُحَبَّق "محمد کے وزن پر ہے" ہذلی بصری:

چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۶۹۶۹۔س۔موسیٰ بن سلمہ بن ابومریم مصری، بنوجمح کا غلام:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے ۱۶۳ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۷۰۔س۔موسیٰ بن سلیمان بن اسماعیل بن قاسم منبجی:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے بقیہ کی احادیث کے علاوہ میں صالح الحدیث راوی ہے۔

۶۹۷۱۔ مد۔ موسیٰ بن سلیمان بن موسیٰ اموی، ابو عمرو دمشقی:

بیروت فروکش ہونیوالا چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۹۷۲۔ د،س۔ موسیٰ بن سہل بن قادم، ابو عمران رملی، نسائی الاصل:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، صحیح قول کے مطابق ۲۶۲ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۷۳۔ تمییز۔ موسیٰ بن سہل بن کثیر بغدادی، الوشاء:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ضعیف'' راوی ہے ۲۷۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۷۴۔ مد،س۔ موسیٰ بن شیبہ حضرمی مصری:

نویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۶۹۷۵۔ مد۔ موسیٰ بن شیبہ یا ابن ابوشیبہ:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے اس سے مرسل روایات آتی ہیں۔

۶۹۷۶۔ تمییز۔ موسیٰ بن شیبہ بن عمرو بن عبداللہ بن کعب بن مالک انصاری، مدنی:

آٹھویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۶۹۷۷۔ س۔ موسیٰ بن طارق یمانی ابوقُرہ ''قاف پر ضمہ ہے'' زبیدی ''زاء پر فتحہ ہے'' قاضی:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے غریب احادیث لاتا ہے۔

۶۹۷۸۔ ع۔ موسیٰ بن طلحہ بن عبیداللہ تیمی، ابوعیسیٰ یا ابومحمد مدنی:

کوفہ فروکش ہونیوالا دوسرے طبقہ کا جلیل القدر ثقہ راوی ہے، کہا جاتا ہے کہ یہ نبی کریم ﷺ کے عہد میں پیدا ہوا تھا، صحیح قول کے مطابق ۱۰۳ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۷۹۔ د۔ موسیٰ بن عامر بن عمارہ بن خُرَیم الناعم، مری، ابوعامر بن ابوہَیذَام ''ہاء کے اوپر فتحہ یاء ساکن اور پھر ذال ہے'' دمشقی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے ۲۵۵ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۸۰۔ع۔موسیٰ بن ابو عائشہ ہمدانی "میم ساکن ہے" "ہمدانی نسبت ولاء کی وجہ ہے" ابوالحسن کوفی:

پانچویں طبقہ کا "ثقہ عابد" راوی ہے اور ارسال کرتا تھا۔

۶۹۸۱۔بخ۔موسیٰ بن عبداللہ بن اسحاق بن طلحہ بن عبیداللہ تیمی، طلحی، مدنی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۹۸۲۔ق۔موسیٰ بن عبداللہ بن ابو امیہ مخزومی:

چھٹے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۶۹۸۳۔س۔موسیٰ بن عبداللہ بن موسیٰ خزاعی، ابوطلحہ بصری:

گیارہویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "مقبول" راوی ہے۔

۶۹۸۴۔م،د،تم،ق۔موسیٰ بن عبداللہ بن یزید خطمی "خاء کے اوپر فتحہ اور طاء ساکن ہے" کوفی:

چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۶۹۸۵۔م،ت،س،ق۔موسیٰ بن عبداللہ "بقول بعض ابن عبدالرحمٰن" جہنی، ابوسلمہ کوفی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ عابد" راوی ہے یہ بات صحیح نہیں ہے کہ قطان نے اس پر طعن کیا ہے ۱۴۴ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۸۶۔د،س۔موسیٰ بن عبدالرحمٰن بن زیاد حلبی انطاکی، ابوسعید القلاء "قاف اور پھر لام تشدید ہے":

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے غریب احادیث لاتا ہے۔

۶۹۸۷۔ت،س،ق۔موسیٰ بن عبدالرحمٰن بن سعید بن مسروق کندی مسروقی، ابوعیسیٰ کوفی:

گیارہویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ثقہ" راوی ہے ۵۸ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۸۸۔ر،د،س۔موسیٰ بن عبدالعزیز عدنی، ابوشعیب قنباری "قاف کے نیچے کسرہ نون ساکن اور پھر باء ہے اور قنبار لیف حبال ہے":

آٹھویں طبقہ کا "صدوق برے حافظہ والا" راوی ہے ۷۵ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۸۹۔ت،ق۔موسیٰ بن عبیدہ" پہلے لفظ کے اوپر ضمہ ہے" ابن نشیط" نون پر فتحہ شین کے نیچے کسرہ اس کے بعد یاء ساکنہ پھر طاء ہے" ربذی" راء اور باء کے اوپر فتحہ پھر ذال ہے" ابو عبدالعزیز مدنی:

چھٹے طبقہ کے صغار حضرات میں سے "ضعیف" راوی ہے خصوصاً عبداللہ بن دینار کی روایات میں، تاہم عبادت گزار تھا اور ۱۵۳ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۹۰۔خت،بس۔موسیٰ بن ابو عثمان التبان" تاء اور باء کے ساتھ ہے" مغیرہ کا غلام، مدنی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۶۹۹۱۔د،بس،ق۔موسیٰ بن ابو عثمان کوفی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے جس نے اسے پہلے والے راوی سے ملایا ہے اسے وہم ہوا ہے ابن ابو حاتم نے ان دونوں میں فرق کیا ہے۔

۶۹۹۲۔ع۔موسیٰ بن عقبہ بن ابو عیاش" یاء اور شین کے ساتھ ہے" اسدی، آل زبیر کا غلام:

پانچویں طبقہ کا "ثقہ فقیہ مغازی کا امام" راوی ہے یہ بات صحیح نہیں ہے کہ ابن معین نے اسے قدرے کمزور کہا ہے، ۱۴۱ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۶۹۹۳۔ت۔موسیٰ بن ابو علقمہ فروی" فاء اور راء کے اوپر فتحہ ہے" آل عثمان کا غلام:

نویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۶۹۹۴۔بخ،م،۴۔موسیٰ بن علی" تصغیر ہے" ابن رباح" باء کے ساتھ ہے" لخمی، ابو عبدالرحمٰن مصری:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے تاہم بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے ۷۰ برس سے قدرے زائد عمر پا کر ۱۶۳ھ میں فوت ہوا۔

۶۹۹۵۔ت۔موسیٰ بن عمرو بن سعید بن العاص اموی، مکی، سعید کا غلام ایوب کا والد:

چھٹے طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۶۹۹۶۔س۔موسیٰ بن عمیر تمیمی عنبری کوفی:

ساتویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ثقہ" راوی ہے۔

۶۹۹۷۔تمییز۔موسیٰ بن عمیر قرشی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابو ہارون کوفی، نابینا:

آٹھویں طبقہ کا "متروک" راوی ہے ابو حاتم نے اسے جھوٹا کہا ہے۔

۶۹۹۸۔تمییز۔موسیٰ بن عمیر انصاری:

چھٹے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۶۹۹۹۔م۔موسیٰ بن عیسیٰ لیثی، قاریٔ کوفی، الخیاط:

نویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۱۸۳ھ کو جوانی میں فوت ہوا۔

۷۰۰۰۔خت، م، د، ق۔موسیٰ بن ابو عیسیٰ الحناط "حاء اور نون کے ساتھ ہے" غفاری، ابو ہارون مدنی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے اور اس کے والد کا نام میسرہ ہے چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

☆موسیٰ بن فروان:

موسیٰ بن ثروان کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=۶۹۵۴)

۷۰۰۱۔ق۔موسیٰ بن فضل ربعی، بصری:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "مقبول" راوی ہے۔

۷۰۰۲۔م۔موسیٰ بن قریش بن نافع تمیمی، بخاری:

گیارہویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے ۲۵۲ھ میں فوت ہوا۔

۷۰۰۳۔د، س۔موسیٰ بن قیس حضرمی، ابو محمد الفراء، کوفی:

اسے "عصفور الجنۃ" (جنت کی چڑیا) کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے۔

۷۰۰۴۔بخ، س۔موسیٰ بن ابو کثیر انصاری "ولاء کی وجہ سے ہے" ابو صباح:

اسے موسیٰ کبیر کہا جاتا ہے اور یہ اپنی کنیت سے مشہور ہے چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے اس پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے جس نے اس کی تضعیف کی ہے اس نے اچھا نہیں کیا۔

۷۰۰۵۔ق۔موسیٰ بن کردم کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

15

۷۰۰۶۔ت،ق۔موسیٰ بن محمد بن ابراہیم بن حارث تیمی، ابو محمد مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''منکر الحدیث'' راوی ہے ۱۵۱ھ میں فوت ہوا۔

۷۰۰۷۔تمییز۔موسیٰ بن محمد بن ابراہیم ہذلی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے میرے نزدیک بعید نہیں کہ یہ پہلے والا ہی راوی ہو۔

۷۰۰۸۔س۔موسیٰ بن محمد شامی:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۰۰۹۔د،س،ق۔موسیٰ بن مروان ابو عمران التمار بغدادی:

کوزہ فروش ہوا، دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، ۲۴۶ھ کو رقہ میں فوت ہوا۔

۷۰۱۰۔خ،د،ت،ق۔موسیٰ بن مسعود نہدی ''نون پر فتحہ ہے'' ابو حذیفہ بصری:

نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق برے حافظے والا'' راوی ہے اور تصحیف کرتا تھا نوے برس سے زائد عمر پا کر ۲۲۰ھ میں یا اس کے بعد فوت ہوا بخاری میں اس کی حدیث متابعۃً آتی ہے۔

۷۰۱۱۔د۔موسیٰ بن مسلم بن رومان:

(سند) میں اسی طرح آیا ہے مگر درست صالح بن مسلم بن رومان ہے بسا اوقات اپنے دادا کی طرف منسوب کیا جاتا ہے، چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۷۰۱۲۔بخ۔موسیٰ بن مسلم بن ابو مسلم، بنت قارظ کا غلام، مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۰۱۳۔د،س،ق۔موسیٰ بن مسلم کوفی، ابو عیسیٰ الطحان:

اسے موسیٰ صغیر کہا جاتا ہے اس میں کوئی خرابی نہیں ہے سجدہ کی حالت میں فوت ہوا۔

۷۰۱۴۔ تمیز، س، ق۔ موسیٰ بن مسیب یا سائب، ثقفی، ابو جعفر کوفی، البزاز:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس کی تضعیف میں ازدی (کے قول) کی طرف التفات نہیں کیا جائے گا۔

۷۰۱۵۔ ت، ق۔ موسیٰ بن موسیٰ اشعری کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۰۱۶۔ بخ، د، کن۔ موسیٰ بن میسرہ دیلی ''دال پر کسرہ اور یاء ساکن ہے دیلی نسبت ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو عروہ مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۳۳ھ کے بعد فوت ہوا۔

۷۰۱۷۔ تمیز۔ موسیٰ بن میسرہ عبدی، بصری:

چوتھے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۰۱۸۔ خ، م، س۔ موسیٰ بن نافع اسدی ''بقول بعض ہذلی'' ابو شہاب الحناط، بصری، اکبر:

اپنی کنیت سے مشہور ہے چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۰۱۹۔ تمیز۔ موسیٰ بن نافع مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۰۲۰۔ د۔ موسیٰ بن نجدہ حنفی، یمامی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۰۲۱۔ خ، د، س۔ موسیٰ بن ہارون قیسی بردی ''باء کے اوپر ضمہ ہے'' کوفی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے ۲۲۳ھ کو مصر کی سرزمین فیوم میں فوت ہوا۔

۷۰۲۲۔ تمیز۔ موسیٰ بن ہارون بن عبداللہ حمال ''حاء کے ساتھ ہے'' بغدادی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ کبیر حافظ'' راوی ہے ۲۹۴ھ میں فوت ہوا۔

۷۰۲۳۔ بخ، م۔ موسیٰ بن وردان عامری ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو عمر مصری، مدنی الاصل:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم بسا اوقات خطا کر جاتا ہے بعمر ۷۴ برس ۱۱۷ھ کو فوت ہوا۔

۷۰۲۴۔ خت، م، د، س، ق۔ موسیٰ بن یسار مطلبی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۰۲۵۔ بخ، ت۔ موسیٰ بن یسار اردنی ''ہمزہ اور دال پر ضمہ ہے اور ان دونوں کے درمیان راء ساکن ہے پھر نون مشدد ہے'':

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۰۲۶۔ بخ، م۔ موسیٰ بن یعقوب بن عبداللہ بن وہب ابن زمعہ مطلبی زمعی، ابومحمد مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق برے حافظے والا'' راوی ہے ۱۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۷۰۲۷۔ ت، ق۔ موسیٰ بن فلان بن انس بن مالک:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ ابن حمزہ ہے۔

۷۰۲۸۔ س۔ موسیٰ، بلانسبت، سعید جریری کا شیخ:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ موسیٰ:

اس نے زعفرانی سے روایت کیا ہے اور یہ ہمدانی ہے۔ (=۶۹۹۷)

☆ موسیٰ جہنی:

یہ ابن عبداللہ ہے۔ (=۶۹۸۵)

☆ موسیٰ الحناط:

یہ ابن ابوعیسیٰ ہے۔ (=۷۰۰۰)

☆ موسیٰ صغیر:

یہ ابن مسلم ہے۔ (=۷۰۱۳)

☆ موسیٰ کبیر:

یہ ابن ابوکثیر ہے۔ (=۷۰۰۴)

☆موسیٰ قاریٔ:

یہ ابن عیسیٰ ہے۔(=٦٩٩٩)

☆موسیٰ:

اس نے شبل سے روایت کیا ہے اور یہ ابن مسعود ہے مذکورہ بالا تمام حضرات کے تراجم گزر چکے۔

٧٠٢٩۔خت،قد،ت،س،ق۔مؤمل ''محمد کے وزن پر ہے'' ابن اسماعیل بصری،ابوعبدالرحمٰن:

مکہ مکرمہ فروکش ہونیوالا نوویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق برے حافظے والا'' راوی ہے ٢٠٦ھ میں فوت ہوا۔

٧٠٣٠۔د،س۔مؤمل بن اہاب ''پہلے لفظ پر کسرہ ہے'' ربعی عجلی،ابوعبدالرحمٰن کوفی،کرمانی الاصل:

رملہ فروکش ہونیوالا گیارہویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے ٢٥٤ھ میں فوت ہوا۔

☆مؤمل بن عبدالرحمٰن:

درست ابوعبدالرحمٰن ہے اور اس کے والد کا نام اسماعیل ہے گزر چکا۔(=٧٠٢٩)

٧٠٣١۔تمییز۔مؤمل بن عبدالرحمٰن بن عباس بن عبداللہ بن عثمان بن ابوالعاص ثقفی،بصری:

مصر فروکش ہونیوالا آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

٧٠٣٢۔د،س۔مؤمل بن فضل جزری،ابوسعید:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ٢٣٠ھ میں یا اس کے بعد فوت ہوا۔

٧٠٣٣۔خ،د،س۔مؤمل بن ہشام یشکری ''یاء اور شین کے ساتھ ہے'' ابوہشام بصری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ٢٥٣ھ میں فوت ہوا۔

٧٠٣٤۔بخ۔مؤمل بن وہب اللہ مخزومی:

چھٹے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

٧٠٣٥۔م۔ملازم بن عمرو بن عبداللہ بن بدر،ابوعمرو یمامی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۰۳۶۔ت۔میزان بصری، ابوصالح:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اور یہ اپنی کنیت سے مشہور ہے۔

۷۰۳۷۔بخ، د، ت، س۔میسرہ بن حبیب نہدی ''نون کے اوپر فتحہ ہے'' ابوحازم کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۰۳۸۔خ، م، س، فق۔میسرہ بن عمار ''بقول بعض ابن تمام'' اشجعی کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۰۳۹۔د، تم، س، ق۔میسرہ بن یعقوب ابوجمیلہ ''جیم پر فتحہ ہے'' طہوی ''طاء کے اوپر ضمہ ہے'' کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۰۴۰۔د، س۔میسرہ ابوصالح کندی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۰۴۱۔ق۔میسرہ، فضالہ بن عبید کا غلام، دمشقی:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۰۴۲۔ف، ق۔میمون بن ابان بصری:

ساتویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

☆میمون بن استاذ:

کہا گیا ہے کہ یہ میمون ابوعبداللہ ہے عنقریب آئے گا۔(=۷۰۵۱)

۷۰۴۳۔س۔میمون بن اصبغ ''غین کے ساتھ ہے'' ابن فرات نصیبی، ابوجعفر:

گیارہویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''مقبول'' راوی ہے ۵٦ھ میں فوت ہوا۔

۷۰۴۴۔د۔میمون بن جابان، بصری، ابوالحکم:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۰۴۵۔خ،س۔میمون بن سیاہ ''سین کے نیچے کسرہ ہے اور اس کے بعد یاء ہے'' بصری، ابو بحر:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق عابد'' راوی ہے تاہم غلطی کر جاتا ہے۔

۷۰۴۶۔بخ،م،۴۔میمون بن ابوشبیب ربعی، ابونصر کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق بکثرت ارسال کرنیوالا'' راوی ہے حجاج کے واقعہ میں ۸۳ھ کو فوت ہوا۔

۷۰۴۷۔س۔میمون بن عباس بن عطاء رافقی ''فاء پھر قاف ہے'':

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۵۰ھ میں فوت ہوا۔

۷۰۴۸۔د۔میمون بن عبداللہ:

ثابت سے روایت کرتا ہے ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے شاید یہ میمون بن ابان ہو۔

۷۰۴۹۔بخ،م،۴۔میمون بن مہران جزری، ابوایوب، کوفی الاصل:

رقہ فروکش ہوا، چوتھے طبقہ کا ''ثقہ فقیہ'' راوی ہے تاہم ارسال کرتا تھا عمر بن عبدالعزیز کی طرف سے جزیرہ پر والی مقرر ہوا، اور ۱۱۷ھ میں فوت ہوا۔

۷۰۵۰۔ت،ق۔میمون بن موسیٰ ''بقول بعض ابن عبدالرحمٰن'' بن صفوان بن قدامہ مرائی ''میم اور راء کے اوپر فتحہ ہے اور یاء سے پہلے ہمزہ ہے'' ابوموسیٰ بصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق مدلس'' راوی ہے۔

۷۰۵۱۔ت،س،ق۔میمون ابوعبداللہ بصری، ابن سمرہ کا غلام:

چوتھے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے کہا گیا ہے کہ اس کے والد کا نام استاذ ہے جبکہ ابن ابوحاتم نے ان دونوں میں فرق کیا ہے۔

۷۰۵۲۔تمییز۔میمون، ابوعبداللہ الغزال، بصری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۰۵۳۔تمییز۔میمون، ابوعبداللہ الوراق، خراسانی:

ساتویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۰۵۴۔د۔ میمون مکی:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۰۵۵۔د،س۔ میمون القناد ''قاف اور نون کے ساتھ ہے'' بصری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۰۵۶۔عس۔ میمون کردی، ابوبصیر ''باء کے اوپر فتحہ ہے ابونصیر بھی کہا گیا ہے'':

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۰۵۷۔ت،ق۔ میمون ابوحمزہ، اعور:

اپنی کنیت سے مشہور ہے چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۷۰۵۸۔مد۔ میمون ابومغلس ''میم پر ضمہ غین پر فتحہ اور لام پر تشدید ہے پھر سین ہے'':

بقول بعض اس کا نام عمر ہے، چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اور اس کا شیخ ابونجیح صحابی نہیں ہے۔

☆ میمون:

ثابت سے روایت کرتا ہے درست حاتم بن میمون ہے۔(=۹۹۹)

۷۰۵۹۔ت۔ میناء ''میم کے نیچے کسرہ اور یاء ساکن ہے پھر نون ہے'' ابن ابومیناء، الخزاز، عبدالرحمٰن بن عوف کا غلام:

''متروک'' راوی ہے اس پر رافضیت کا الزام لگایا گیا ہے اور ابوحاتم نے اسے جھوٹا قرار دیا ہے، دوسرے طبقہ سے ہے حاکم کو بھول ہوئی ہے اور انہوں نے اسے صحابی بنادیا ہے۔

حرف النون

۷۰۶۰۔ د، ت، س۔ نابل، صاحب عباء و اکسیہ وشمال "شین کے کسرہ کے ساتھ ہے":

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۷۰۶۱۔ س۔ ناتل "تاء کے ساتھ ہے" ابن قیس بن زید شامی فلسطینی:

معاویہ کے امراء اور اولاد میں سے ایک۔ یہ تیسرے طبقہ سے ہے ۶۶ ھ میں قتل ہوا، بلا روایت نسائی میں اس کا ذکر آیا ہے۔

۷۰۶۲۔ س۔ ناجیہ بن جندب بن عمیر بن یعمر اسلمی:

صحابی ہیں ان سے مجزاۃ بن زاہر اور دیگر حضرات نے روایت کیا ہے۔

۷۰۶۳۔ ۴۔ ناجیہ بن جندب بن کعب "بقول بعض ابن کعب بن جندب" خزاعی:

صحابی ہیں عروہ بن زبیر ان سے روایت کرنے میں متفرد ہے جس نے ان دونوں کو ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے، واللہ اعلم۔

۷۰۶۴۔ س۔ ناجیہ بن خُفاف "خاء کے اوپر ضمہ ہے" عنزی "عین اور نون پر ضمہ ہے پھر زاء ہے" کوفی:

عمار سے روایت کرتا ہے تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے روایت میں بلا نسبت آیا ہے ابن مدینی وغیرہ نے اس بات کو صحیح کہا ہے کہ یہ ابن خفاف ہے اور جس نے اسے ابن کعب سمجھا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۷۰۶۵۔ د، ت، س۔ د، ت، س۔ ناجیہ بن کعب اسدی:

علی سے روایت کرتا ہے تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے اور جس نے اسے پہلے والے راوی سے ملایا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

☆ناجیہ بن کعب خزاعی:

ابن جندب کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=۷۰۶۳)

۷۰۶۶۔س۔ناشرہ"شین کے نیچے کسرہ ہے" ابن سمی"تصغیر ہے" یزنی"یاء اور زاء کے اوپر فتحہ ہے اور پھر نون ہے" مصری:

دوسرے طبقہ کا"ثقہ"راوی ہے۔

۷۰۶۷۔ت۔ناصح بن عبداللہ یا ابن عبدالرحمٰن، تمیمی، مُحَلِّمی، ابوعبداللہ حائک، سماک بن حرب کا ساتھی:

ساتویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے"ضعیف"راوی ہے۔

۷۰۶۸۔تمییز۔ناصح بن العلاء، ابوالعلاء بصری، بنوہاشم کا غلام:

آٹھویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے ترمذی نے اسے سماک کا ساتھی گمان کیا ہے۔

۷۰۶۹۔تمییز۔ناصح ابوعبداللہ شامی، بنوامیہ کا غلام:

ساتویں طبقہ کا"ثقہ"راوی ہے۔

۷۰۷۰۔م،۴۔ناعم بن اجیل ہمدانی، ابوعبداللہ مصری، ام سلمہ کا غلام:

تیسرے طبقہ کا"ثقہ فقیہ"راوی ہے ۸۰ھ میں فوت ہوا۔

۷۰۷۱۔ع۔نافذ"فاء اور ذال کے ساتھ ہے" ابومعبد، ابن عباس کا غلام، مکی:

چوتھے طبقہ کا"ثقہ"راوی ہے ۱۰۴ھ میں فوت ہوا۔

☆نافع بن ابوانس:

یہ ابن مالک ہے آئے گا۔(=۷۰۸۱)

۷۰۷۲۔ع۔نافع بن جبیر بن مطعم نوفلی، ابومحمد و ابوعبداللہ مدنی:

تیسرے طبقہ کا"ثقہ فاضل"راوی ہے ۹۹ھ میں فوت ہوا۔

۷۰۷۳۔بخ،س۔نافع بن عاصم بن عروہ بن مسعود ثقفی، مکی:

چوتھے طبقہ کا"صدوق"راوی ہے۔

۷۰۷۴۔ع۔نافع بن عباس "باء اور سین کے ساتھ ہے یا پھر یاء اور شین کے ساتھ عیاش ہے" ابو محمد اقرع مدنی:

قتادہ کی خدمت میں رہنے کی وجہ سے اسے قتادہ کا غلام بھی کہہ دیا جاتا ہے وگرنہ یہ عقیلہ غفاریہ کا غلام تھا، تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۷۰۷۵۔ق۔نافع بن عبداللہ یا ابن کثیر:

ساتویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۷۰۷۶۔بخ،م،د،س،ق۔نافع بن عبدالحارث بن خالد خزاعی:

فتح مکہ کے روز مسلمان ہونے والے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں حضرت عمر نے انہیں مکہ پر امیر مقرر کیا تھا اور یہ اپنی وفات تک وہیں مقیم رہے۔

۷۰۷۷۔فق۔نافع بن عبدالرحمٰن بن ابو نعیم قاری، مدنی، بنو لیث کا غلام، اصبہانی الاصل:

بسا اوقات اپنے دادا کی طرف منسوب کیا جاتا ہے ساتویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے قراءت میں صدوق پختہ کار راوی ہے ۶۹ھ میں فوت ہوا۔

۷۰۷۸۔م،ق۔نافع بن عتبہ بن ابو وقاص زہری:

صغیر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں جوانی میں ہی فوت ہو گئے تھے۔

۷۰۷۹۔د۔نافع بن عجیر "تصغیر ہے" ابن عبد یزید بن ہاشم بن مطلب مطلبی مکی:

کہا گیا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے جبکہ ابن حبان وغیرہ نے اسے تابعین میں ذکر کیا ہے۔

۷۰۸۰۔ع۔نافع بن عمر بن عبداللہ بن جمیل جمحی مکی:

ساتویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے "ثقہ پختہ کار" راوی ہے ۶۹ھ میں فوت ہوا۔

۷۰۸۱۔ع۔نافع بن مالک بن ابو عامر اصبحی تیمی، ابو سہیل مدنی:

چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۱۴۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۷۰۸۲۔ر،د،س۔نافع بن محمود بن ربیع'' کہا جاتا ہے کہ اس کے دادا کا نام ربیعہ ہے'' انصاری، مدنی:

بیت المقدس فروکش ہونیوالا تیسرے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۰۸۳۔د،ت،س۔نافع بن ابونافع البزاز، ابوعبداللہ، ابواحمد کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆نافع بن ابونافع:

یہ نفیع ابوداؤد کوفی ہے اور مزی کا معقل سے روایت کرنے والے اور ابوہریرہ سے روایت کرنے والے کو ایک بنانا وہم ہے میں نے تہذیب التہذیب میں اس کی وضاحت کی ہے۔

۷۰۸۴۔خت،م،د،س،ق۔نافع بن یزید کلاعی، ابویزید مصری:

کہا جاتا ہے کہ یہ شرحبیل بن حسنہ کا غلام ہے، ساتویں طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۱۶۸ھ میں فوت ہوا۔

۷۰۸۵۔س۔نافع، ام سلمہ کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۰۸۶۔ع۔نافع ابوعبداللہ مدنی، ابن عمر کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار فقیہ، مشہور'' راوی ہے ۱۱۷ھ میں یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۷۰۸۷۔م۔نافع، عامر بن سعد کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۰۸۸۔ق۔نافع:

اس نے عائشہ سے روایت کیا ہے تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے جس نے اسے ابن عمر کا غلام گمان کیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

☆نافع ''بقول بعض رافع'' ابوغالب:

کنیتوں میں ہے۔(=۸۲۹۷)

۷۰۸۹۔ق۔نائل ابن نجیح حنفی یا ثقفی، ابو سہل بصری یا بغدادی:

نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۷۰۹۰۔س۔نُباتہ ''نَباتہ بھی کہا گیا ہے'' والبی یا جُعفی، کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۰۹۱۔خ۔نبہان جمحی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' صالح کا والد مولی التوامہ:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۰۹۲۔۴۔نبہان مخزومی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو یحییٰ مدنی، مکاتب ام سلمہ:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۰۹۳۔۴۔نُبیح ''تصغیر ہے'' ابن عبداللہ عنزی، ابو عمرو کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۰۹۴۔م،۴۔نُبیشہ ''تصغیر ہے'' ابن عبداللہ ہذلی:

انہیں نبیشۃ الخیر کہا جاتا ہے قلیل الحدیث صحابی ہیں۔

۷۰۹۵۔د،تم،س،ق۔نُبیط ''تصغیر ہے'' ابن شریط اشجعی کوفی:

صغیر صحابی ہیں انہیں ابو سلمہ کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے۔

۷۰۹۶۔س۔نبیط، بلا نسبت:

اس نے جابان سے روایت کیا ہے چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۰۹۷۔م،۴۔نُبیہ ''تصغیر ہے'' ابن وہب بن عثمان عبدری، مدنی:

تیسرے طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے اس نے نافع سے روایت کیا ہے اور ان سے پہلے ۱۲۷ھ میں فوت ہوا۔

☆تنبیہ:

بند کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(۷۷۰)

۷۰۹۸۔عس۔نجدہ بن مبارک سلمی،کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۰۹۹۔د۔نجدہ بن نفیع حنفی:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۱۰۰۔۴۔نجیح بن عبدالرحمٰن سندی مدنی ابو معشر،بنو ہاشم کا غلام:

اپنی کنیت سے مشہور ہے چھٹے طبقہ کا ضعیف راوی ہے بڑی عمر میں عارضہ اختلاط میں مبتلا ہو گیا تھا ۷۰اھ میں فوت ہوا،کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عبدالرحمٰن بن ولید بن ہلال تھا۔

۷۱۰۱۔بخ۔نُجید ''تصغیر ہے'' ابن عمران بن حصین خزاعی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۱۰۲۔د،س،ق۔نُجَیّ ''تصغیر ہے'' حضرمی کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۱۰۳۔عس۔نُذَیر ''تصغیر ہے'':

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۱۰۴۔ت،ق۔نزار بن حیان اسدی،بنو ہاشم کا غلام:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۷۱۰۵۔خ،د،تم،س،ق۔نزال بن سَبرہ ہلالی کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

۷۱۰۶۔د۔نزال بن عمار بصری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اس نے ابن عباس سے مرسلاً روایت کیا ہے۔

۷۱۰۷۔ نُسیر "تصغیر ہے" ابن ذُعلُوق ثوری "ولاء کی وجہ سے ہے" ابوطعمہ کوفی:

چوتھے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے جس نے اس کی تضعیف کی ہے اس نے اچھا نہیں کیا۔

۷۱۰۸۔ د، ق۔ نُسَیّ "تصغیر ہے" کندی شامی:

تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

☆ نشیط ابوعمر ملیحی:۔

کنیتوں میں ہے۔ (=۸۲۶۷)

۷۱۰۹۔ ق۔ نصر بن حماد بن عجلان بجلی ابوحارث الوراق، بصری:

نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے "ضعیف" راوی ہے ازدی نے افراط سے کام لیتے ہوئے یہ گمان کر رکھا ہے یہ حدیثیں گھڑتا ہے۔

۷۱۱۰۔ س۔ نصر بن دہر بن اخرم اسلمی:

صحابی ہیں مدینہ فروکش ہوئے، ان سے روایت کرنے میں ان کا بیٹا ابوالہیثم متفرد ہے۔

۷۱۱۱۔ د۔ نصر بن زید مجدر، ابوالحسن بنو ہاشم کا غلام، بغدادی، سجستانی الاصل:

نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے "صدوق" راوی ہے جوانی میں فوت ہوا۔

۷۱۱۲۔ فق۔ نصر بن سلام:

آٹھویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے اپنے شیخ عمر بن ہیثم کی طرح۔

☆ نصر بن ابوضمرہ:

یہ ابن محمد ہے آئے گا۔ (=۷۱۲۴)

۷۱۱۳۔ ی، م، د، س، ق۔ نصر بن عاصم لیثی بصری:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے اس پر خارجی نظریات رکھنے کا الزام لگایا گیا ہے جبکہ صحیح بات یہ ہے کہ اس نے ان سے رجوع کرلیا تھا۔

۷۱۱۴۔د۔نصر بن عاصم انطاکی:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۷۱۱۵۔ت،ق۔نصر بن عبدالرحمٰن بن بکار ناجی کوفی،الوشاء:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۴۸ھ میں فوت ہوا۔

۷۱۱۶۔د۔نصر بن عبدالرحمٰن کنانی،شامی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۱۱۷۔س۔نصر بن عبدالرحمٰن مکی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۱۱۸۔س،ق۔نصر بن علقمہ حضرمی،ابوعلقمہ حمصی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۱۱۹۔۴۔نصر بن علی بن صُہبان ازدی،جَہضمی،بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۵۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۷۱۲۰۔ع۔نصر بن علی بن نصر بن علی جہضمی،سابقہ راوی کا پوتا:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے اسے منصب قضاء کیلئے طلب کیا گیا تھا مگر اس نے اسے قبول کرنے سے انکار کر دیا ۵۰ھ میں یا اس کے بعد فوت ہوا۔

☆نصر بن علی کوفی:

ابوقطن سے روایت کرتا ہے درست نصر بن عبدالرحمٰن الوشاء ہے۔(=۷۱۱۵)

۷۱۲۱۔س۔نصر بن عمرو حمصی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۱۲۲۔ع۔نصر بن عمران بن عصام ضُبَعی،ابوجمرہ بصری:

خراسان فروکش ہونیوالا اپنی کنیت سے مشہور تیسرے طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے ۲۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۲۳ے۔ق۔نصر بن قاسم "بقول بعض نصیر":

آٹھویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۱۲۴ے۔ق۔نصر بن محمد بن سلیمان بن ابوضمرہ ابوالقاسم حمصی:

بسا اوقات اپنے والد کے دادا کی طرف نسبت کیا جاتا ہے دسویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۱۲۵ے۔د۔نصر بن مہاجر مصیصی:

دسویں طبقہ کا "ثقہ حافظ" راوی ہے ۲۳۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

☆نصر مجدر:

یہ ابن زید سے گزر چکا۔ (=۱۱۱ے)

۱۲۶ے۔خ۔نصیر "تصغیر ہے" ابن ابوالاشعث اسدی، ابوالولید کوفی:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۱۲۷ے۔بخ۔نصیر بن عمر بن یزید اسدی، ابوعمر:

آٹھویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۱۲۸ے۔د،س۔نصیر بن فرج اسلمی، ابوحمزہ ثغری، ابومعاویہ اسود کا خادم:

گیارہویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۴۵ھ میں فوت ہوا۔

☆نُصیر "بقول بعض نُصیر" ابن قاسم:

نصر کے ترجمہ میں گزر چکا۔ (=۱۲۳ے)

۱۲۹ے۔مد۔نُصیر "بقول بعض نضیر اور بقول بعض نُصیر":

چھٹے طبقہ کا "مستور" راوی ہے اس نے نبی کریم ﷺ اور ابوذر (رضی اللہ عنہ) سے ارسال کیا ہے۔

۱۳۰ے۔ت،س۔نضر ابن اسماعیل بن حازم بجلی، ابومغیرہ کوفی، قصہ گو:

مضبوط نہیں ہے آٹھویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ہے ۱۸۲ھ میں فوت ہوا۔

۷۱۳۱۔ع۔نضر بن انس بن مالک انصاری، ابو مالک بصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۰۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۷۱۳۲۔ت۔نضر بن حماد فزاری ''بقول بعض عتکی'' ابو عبداللہ کوفی:

نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۷۱۳۳۔تم۔نضر بن زرارہ بن عبدالاکرم ذہلی، ابوالحسن کوفی:

بلخ فرد کش ہونیوالا نویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۱۳۴۔س۔نضر بن سفیان دُؤلی:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اسے زمانہ نبوت پانے کا شرف حاصل ہے۔

۷۱۳۵۔ع۔نضر بن شمیل مازنی، ابوالحسن نحوی بصری

مرو فرد کش ہونیوالا نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے بعمر ۸۲ برس ۲۰۴ھ میں فوت ہوا۔

۷۱۳۶۔س،ق۔نضر بن شیبان حدانی:

چھٹے طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۷۱۳۷۔د۔نضر بن عبداللہ بن مطر قیسی بصری:

پانچویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۱۳۸۔ت۔نضر بن عبداللہ الاصم:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۱۳۹۔س۔نضر بن عبداللہ سلمی، مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے اسے عبداللہ بن نضر بھی کہا جاتا ہے۔

۷۱۴۰۔تمییز۔نضر بن عبداللہ ازدی، ابو غالب کوفی:

اصبہان فرد کش ہونیوالا نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۴۱ے۔تمییز۔نضر بن عبداللہ بن ماہان دینوری:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۱۴۲ے۔تمییز۔نضر بن عبداللہ حلوانی:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ یہ پہلے والے ہی راوی ہو۔

۱۴۳ے۔د،س،ق۔نضر بن عبدالجبار مرادی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مصری، ابوالاسود:

اپنی کنیت سے مشہور ہے دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے بعمر ۷۲ برس ۲۱۹ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۴ے۔ت۔نضر بن عبدالرحمٰن، ابوعمر خزاز:

چھٹے طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

۱۴۵ے۔د،ت۔نضر بن عربی باہلی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوروح ''بقول بعض ابوعمر'' حرانی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے چھٹے طبقہ سے ہے ۶۸ھ میں فوت ہوا۔

۱۴۶ے۔بخ۔نضر بن علقمہ، ابومغیرہ:

آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۱۴۷ے۔د،س۔نضر بن کثیر سعدی، ابوسہل بصری، عابد:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۱۴۸ے۔خ،م،د،ت،ق۔نضر بن محمد بن موسیٰ جُرشی، ابومحمد یمامی، بنوامیہ کا غلام:

نوویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس سے منفرد احادیث آتی ہیں۔

۱۴۹ے۔ل،س۔نضر بن محمد مروزی، مولیٰ بنی عامر قریش، ابومحمد یا ابوعبداللہ:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے اور اس پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے ۱۸۳ھ میں فوت ہوا۔

۱۵۰ے۔ت۔نضر بن منصور زہلی، ابوعبدالرحمٰن کوفی:

اس کے نسب کے متعلقہ اور اقوال بھی پائے جاتے ہیں، نوویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

☆نضر قیسی:

یہ ابن عبداللہ ہے گزر چکا۔ (=۷۱۴۷)

☆نضر، بلانسبت:

اس سے ثوری نے روایت کیا ہے اور یہ ابن عربی ہے گزر چکا۔ (=۷۱۴۵)

☆نضرہ "بقول بعض نضلہ" ابن اکثم:

حرف باء میں اس کا ذکر گزر چکا۔ (=۷۳۱)

۷۱۵۱۔ع۔نضلہ بن عبید، ابو برزہ، اسلمی:

اپنی کنیت سے مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں فتح مکہ سے پہلے مسلمان ہوئے اور سات غزوات میں شرکت کی پھر بصرہ فروکش ہوئے خراسان جہاد کیا اور وہیں صحیح قول کے مطابق ۶۵ھ میں فوت ہوئے۔

۷۱۵۲۔ع۔نعمان بن بشیر بن سعد بن ثعلبہ انصاری خزرجی:

اسے اور اس کے والدین کو صحابیت کا شرف حاصل ہے شام رہائش پزیر ہوگیا تھا پھر کوفہ میں گورنر مقرر ہوا اور عمر ۶۴ برس ۶۵ھ کو حمص میں فوت ہوا۔

۷۱۵۳۔ت س۔نعمان بن ثابت کوفی، ابو حنیفہ الامام "بقول بعض فارسی الاصل اور بقول بعض بنو تیم کا غلام:

چھٹے طبقہ کا "مشہور فقیہ" راوی ہے عمر ۷۰ برس صحیح قول کے مطابق ۱۵۰ھ میں فوت ہوا۔

☆نعمان بن حنظلہ:

نعیم کے ترجمہ میں ہے۔ (=۷۱۶۷)

☆نعمان بن خربوذ:

سالم بن سرج کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔ (=۲۱۷۴)

۷۱۵۴۔خت م ۴۔نعمان بن راشد جزری، ابو اسحاق رقی، بنو امیہ کا غلام:

چھٹے طبقہ کا "صدوق برے حافظے والا" راوی ہے۔

۷۱۵۵۔م،۴۔نعمان بن سالم طائفی:

چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے، کہا گیا ہے کہ یہ دو ہیں، واللہ اعلم۔

☆نعمان بن سبرہ:

نعیم بن حنظلہ کے ترجمہ میں ذکر ہے۔(=۷۱۶۷)

۷۱۵۶۔ت۔نعمان بن سعد بن حَبْتَہ "بقول بعض جبتر" انصاری، کوفی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۷۱۵۷۔د۔نعمان بن ابوشیبہ عبید صنعانی یا جندی:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۷۱۵۸۔د،س۔نعمان بن عبدالسلام بن حبیب تیمی، ابومنذر اصبہانی:

نویں طبقہ کا "ثقہ عابد فقیہ" راوی ہے ۸۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۱۵۹۔خ،م،ت،س،ق۔نعمان بن ابوعیاش، زرقی انصاری، ابوسلمہ مدنی:

چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

☆نعمان بن قبیصہ:

نعیم بن حنظلہ کے ترجمہ میں ذکر ہے۔(=۷۱۶۷)

۷۱۶۰۔صد۔نعمان بن مرہ انصاری، زرقی، مدنی:

دوسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے اور جس نے اسے صحابی شمار کیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۷۱۶۱۔د۔نعمان بن معبد بن ہوذہ انصاری مدنی:

چوتھے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۷۱۶۲۔ع۔نعمان بن مقرن بن عائذ، ابوعمرو یا ابوحکیم، مزنی "بھائیوں میں سے ایک":

مشہور صحابی ہیں نہاوند میں ۲۱ھ کو شہید ہوئے۔

اور اس شخص کو وہم ہوا ہے جس نے سمجھ رکھا ہے کہ یہ:

۷۱۶۳۔نعمان بن عمرو بن مقرن ہے:

کیونکہ یہ ایک دوسرا راوی ہے اور یہ اس کا بھتیجا ہے اور تابعی ہے۔

۷۱۶۴۔د،س۔نعمان بن منذر غسانی، ابوالوزیر دمشقی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس پر قدریت کا الزام لگایا گیا ہے ۱۳۲ھ میں فوت ہوا۔

۷۱۶۵۔ی،د،ص۔نعیم بن حکیم مدائنی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے ۱۴۸ھ میں فوت ہوا۔

۷۱۶۶۔خ،مق،د،ت،ق۔نعیم بن حماد بن معاویہ بن حارث خزاعی، ابوعبداللہ مروزی:

مصر فروکش ہونیوالا دسویں طبقہ کا ''صدوق، کثیر الخطاء، فقیہ فرائض کا علم رکھنے والا'' راوی ہے، صحیح قول کے مطابق ۲۲۸ھ میں فوت ہوا، ابن عدی نے اس کی ان احادیث کا تتبع کیا ہے جن میں اس نے غلطی کی ہے اور کہا ہے کہ ان کے علاوہ اس کی احادیث درست (صحیح) ہیں۔

☆ نعیم بن حمار:

ابن ہمار کے ترجمہ میں ذکر ہے۔ (=۷۱۷۷)

۷۱۶۷۔بخ،د۔نعیم:

اسے نعمان بن حنظلہ نعمان بن سبرہ اور ابن قبیصہ بھی کہا جاتا ہے اور بعض حضرات نے اسے الٹ پلٹ دیا ہے تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۱۶۸۔س۔نعیم بن دجاجہ اسدی، کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۱۶۹۔د۔نعیم بن ربیعہ ازدی:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۱۷۰۔ف،س۔نعیم بن زیاد انماری، ابو طلحہ شامی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ارسال کرتا ہے۔

۷۱۷۱۔س۔نعیم بن عبداللہ بن ہمام قینی، شامی، عمر بن عبدالعزیز کا کاتب:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۱۷۲۔ع۔نعیم بن عبداللہ مدنی، آل عمر کا غلام:

یہ اور اس کا والد مُجمر کے لقب سے معروف ہے تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۱۷۳۔بخ،س۔نعیم بن قعنب ریاحی، مخضرمی:

کہا جاتا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے اور ابن حبان نے اسے ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے۔

۷۱۷۴۔د۔نعیم بن مسعود بن عامر بن اُنیف ''تصغیر ہے'' اشجعی:

مشہور صحابی ہیں حضرت علی کے دور خلافت کی ابتداء میں فوت ہوئے۔

۷۱۷۵۔ت،فق۔نعیم بن میسرہ کوفی، نحوی:

رزی فروکش ہوا اسے ابو عمر کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے، آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۷۴ھ میں فوت ہوا۔

۷۱۷۶۔د،س۔نعیم بن ہزال، اسلمی:

صحابی ہیں مدینہ فروکش ہوئے ان سے صرف ان کا بیٹا یزید ہی روایت کرتا ہے۔

۷۱۷۷۔د،س۔نعیم بن ہمار یا ہبار یا ہدار یا خمار ''خاء یا طاء کے ساتھ'' غطفانی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں اکثر حضرات نے اس بات کو ترجیح دی ہے کہ ان کے والد کا نام ہمار ہے۔

۷۱۷۸۔خت،م،مد،ت،س،ق۔نعیم بن ابو ہند نعمان بن اشیم اشجعی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس پر ناصبیت کا الزام لگایا گیا ہے ۱۱۰ھ میں فوت ہوا۔

۷۱۷۹۔بخ،عس۔نعیم بن یزید:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۱۸۰۔ع۔نفیع بن حارث بن کلدہ ابن عمرو ثقفی، ابو بکرہ:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں اور اپنی کنیت سے مشہور ہیں، کہا گیا ہے کہ ان کا نام مسروح ہے طائف میں مسلمان ہوئے اور پھر بصرہ فروکش ہو گئے اور وہیں ۵۱ھ یا ۵۲ھ کو فوت ہوئے۔

۷۱۸۱۔ت، ق۔نفیع بن حارث، ابو داؤد، نابینا، کوفی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے اسے نافع بھی کہا جاتا ہے پانچویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ابن معین نے اس کی تکذیب کی ہے۔

۷۱۸۲۔ع۔نفیع صائغ، ابو رافع مدنی:

بصرہ فروکش ہونیوالا اپنی کنیت سے مشہور دوسرے طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے۔

۷۱۸۳۔کد۔نفیع، مکاتب ام سلمہ:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے غالباً یہ ماقبل میں گزرنے والا نافع ہے۔(۷۰۸۵)

۷۱۸۴۔ق۔نُقادہ ابن عبداللہ اسدی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں انہیں ابو بُہَیسَہ کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے جنگل میں رہتے تھے۔

۷۱۸۵۔ق۔نُقَیب ''تصغیر کے ساتھ، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے آخر میں دال ہے'' ابن حاجب:

آٹھویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۱۸۶۔د، س۔نمر بن تولب عکلی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں سنن میں ان کی حدیث آتی ہے مگر ان کا نام ذکر نہیں کیا گیا تاہم طبقات الشعراء میں محمد بن سلام نے ان کا نام ذکر کیا ہے اور صحیح قول کے مطابق یہ نمر بن تولب مشہور شاعر کے علاوہ ہیں۔

۷۱۸۷۔ق۔نمران ابن جاریہ یا ابن ظفر:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۱۸۸۔د۔نمران بن عتبہ ذِماری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۱۸۹۔ د۔ نملہ بن ابو نملہ انصاری، مدنی:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۱۹۰۔ بخ، ت۔ نُمَیر ''تصغیر کے ساتھ'' ابن اوس اشعری، قاضی دمشق:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۱ھ یا ۲۲ھ میں فوت ہوا، جس نے اسے صحابہ میں شمار کیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۷۱۹۱۔ ت۔ نمیر بن عریب ہمدانی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے جس نے اس کا صحابہ میں ذکر کیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۷۱۹۲۔ فق۔ نمیر بن یزید قینی شامی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۱۹۳۔ د، س، ق۔ نمیر خزاعی، ابو مالک:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

۷۱۹۴۔ د۔ نمیلہ فزاری:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۱۹۵۔ ق۔ نہار بن عبداللہ عبدی، مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۱۹۶۔ تمییز۔ نہار عبدی، شامی، دوسرا:

تیسرے طبقہ سے ہے، کہا گیا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

۷۱۹۷۔ بخ، د، ت، ق۔ نہاس ابن قَہم قیسی، ابو خطاب بصری:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۷۱۹۸۔ ق۔ نہشل بن سعید بن وردان، وردانی، بصری الاصل:

خراسان فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے اسحاق بن راہویہ نے اس کی تکذیب کی ہے۔

۷۱۹۹۔س۔نہشل بن مجمع ضبی، کوفی:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۷۲۰۰۔ق۔نہیک "عظیم کے وزن پر ہے" ابن یریم، الاوزاعی، شامی:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۷۲۰۱۔بخ، م، ۴۔نواس بن سمعان بن خالد کلابی یا انصاری:

مشہور صحابی ہیں شام فروکش ہو گئے تھے۔

۷۲۰۲۔س۔نوح بن ابو بلال مدنی:

پانچویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۷۲۰۳۔د، س۔نوح بن حبیب قُومسی، بذشی، ابو محمد:

دسویں طبقہ کا "ثقہ سنی" راوی ہے ۲۴۲ھ میں فوت ہوا۔

۷۲۰۴۔د۔نوح بن حکیم ثقفی:

چھٹے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۷۲۰۵۔فق۔نوح بن دراج نخعی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابو محمد کوفی، قاضی:

آٹھویں طبقہ کا "متروک" راوی ہے ابن معین نے اس کی تکذیب کی ہے ۸۲ھ میں فوت ہوا، ابن ماجہ نے اپنی روایت میں اس کی کوئی نسبت بیان نہیں کی۔

۷۲۰۶۔ق۔نوح بن ذکوان بصری:

ساتویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۷۲۰۷۔د، س، ق۔نوح بن ربیعہ انصاری "ولاء کی وجہ سے ہے" ابو مکین، بصری:

چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے، وکیع کو اس کے والد کے نام میں وہم ہوا ہے اور انہوں نے نوح بن ابان کہہ دیا ہے اور اس شخص کو بھی وہم ہوا ہے جس نے اسے دو راوی بنا دیا ہے۔

۷۲۰۸۔ د۔ نوح بن صعصعہ، مکی:

چوتھے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۲۰۹۔ م ۴۔ نوح بن قیس بن رباح ازدی، ابوروح بصری، خالد کا بھائی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے ۸۳ھ یا ۸۴ھ میں فوت ہوا۔

۷۲۱۰۔ ت، فق۔ نوح بن ابومریم، ابوعصمہ مروزی، قرشی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' اپنی کنیت سے مشہور ہے:

علوم کے جامع ہونے کی وجہ سے جامع کے لقب سے معروف ہے تاہم روایت حدیث میں محدثین نے اس کی تکذیب کی ہے، ابن مبارک نے کہا ہے کہ یہ حدیثیں گھڑتا تھا، ۱۷۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۲۱۱۔ ل۔ نوح بن میمون بن عبدالحمید بغدادی:

اصلاً مرو سے ہے اور مضروب کے لقب سے معروف ہے دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۱۸ھ میں فوت ہوا۔

۷۲۱۲۔ د۔ نوح بن یزید بن سیار بغدادی، ابومحمد المؤدب:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ نوح بن یزید بن جعونہ:

کہا گیا ہے کہ یہ ابوعصمہ ہے۔ (=۷۲۱۰)

☆ نوح:

اس نے ابواسحاق سے روایت کیا ہے ابن دراج کے ترجمہ میں اس کا ذکر گزر چکا۔ (=۷۲۰۵)

۷۲۱۳۔ خ، م۔ نوف ابن فضالہ بکالی، ابن امراۃ کعب، شامی:

دوسرے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے ابن عباس نے اس کی ان روایات کی تکذیب کی ہے جو اس نے اہل کتاب سے روایت کی ہیں ۹۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۷۲۱۴۔ تم۔ نوفل بن ایاس ہذلی، مدنی:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۲۱۵۔ق۔نوفل بن عبدالملک بن مغیرہ بن نوفل ابن حارث بن عبدالمطلب ہاشمی:

چھٹے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے اس کی ایک مرسل روایت ہے۔

۷۲۱۶۔د۔نوفل بن مساحق بن عبداللہ بن مخرمہ قرشی عامری، مدنی، قاضی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۷۲ھ کے بعد فوت ہوا۔

۷۲۱۷۔خ،م،س۔نوفل بن معاویہ بن عروہ بن صخر دیلی، ابو معاویہ:

فتح مکہ کے روز مسلمان ہونیوالے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں یزید کے ابتدائی دور خلافت تک زندہ رہے اور ۱۲۰ برس عمر پائی۔

۷۲۱۸۔د،ت،س۔نوفل اشجعی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں کوفہ فروکش ہو گئے تھے۔

۷۲۱۹۔ت۔نیار ابن مکرم اسلمی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں معاویہ کے ابتدائی دور خلافت تک زندہ رہے۔

☆نیار:

اس نے عروہ سے روایت کیا ہے عبداللہ بن یزید کے ترجمہ میں گزر چکا (ق(۳۷۸۳)) (=بعدہ ۷۲۱۵، ۷۳۶۱)

حرف الهاء

۷۲۲۰۔س۔ہارون بن ابراہیم اہوازی، ابو محمد:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۲۲۱۔ر،ت،س،ق۔ہارون بن اسحاق بن محمد بن مالک ہمدانی، ابوالقاسم کوفی:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۵۸ھ میں فوت ہوا۔

۷۲۲۲۔خ،م،ت،س،ق۔ہارون بن اسماعیل خزاز، ابوالحسن بصری:

نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۲۰ھ میں فوت ہوا۔

۷۲۲۳۔خ۔ہارون بن اشعث ہمدانی، کوفی الاصل، ابو محمد بخاری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۲۲۴۔س۔ہارون بن حمید دقکی، ابو محمد واسطی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆ہارون بن حیان:

یہ ابن موسیٰ ہے آئے گا۔ (=۷۲۴۴)

۷۲۲۵۔م،د،س۔ہارون بن رئاب، تمیمی، ابوبکر یا ابوالحسن:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے انس سے اس کے سماع میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

۷۲۲۶۔د،س۔ہارون بن زید بن ابوزرقاء تغلبی، ابو محمد موصلی:

رملہ فروکش ہونیوالا دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۵۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۷۲۲۷۔م۔ہارون بن سعد عجلی یا جعفی، کوفی، اعور:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس پر رافضیت کا الزام لگایا گیا ہے اور بقول بعض اس نے اس سے رجوع کر لیا تھا۔

۷۲۲۸۔تمییز۔ہارون بن سعد علی کے صاحب علم، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے جس نے اسے پہلے والے راوی سے ملایا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۷۲۲۹۔تمییز۔ہارون بن سعد مدنی، مولی قریش:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۲۳۰۔م، د، س، ق۔ہارون بن سعید ایلی، سعدی'' ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو جعفر:

مصر فروکش ہونیوالا دسویں طبقہ کا ''ثقہ فاضل'' راوی ہے بعمر ۸۳ برس ۲۵۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۲۳۱۔د، ت، س۔ہارون بن سلمان یا ابن موسیٰ، عمرو بن حریث مخزومی کا غلام، ابو موسیٰ کوفی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

☆ہارون بن سلمان:

اس نے ابن ابو فدیک سے روایت کیا ہے درست ہارون بن اسحاق ہے۔(=۷۲۲۱)

۷۲۳۲۔ت۔ہارون بن صالح بن ابراہیم بن محمد بن طلحہ تیمی طلحی:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۲۲۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۷۲۳۳۔عس۔ہارون بن صالح ہمدانی:

چھٹے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۲۳۴۔د۔ہارون بن عباد ازدی، ابو محمد انطاکی:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۲۳۵۔م، ۴۔ہارون بن عبداللہ بن مروان بغدادی، ابو موسیٰ حمال بزاز:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۸۰ برس عمر پا کر ۲۴۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۲۳۶۔د،س،فق۔ہارون بن عنترہ ابن عبدالرحمٰن شیبانی، ابوعبدالرحمٰن یا ابوعمرو، ابن ابووکیع کوفی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے ۱۴۲ھ میں فوت ہوا۔

۷۲۳۷۔س۔ہارون بن ابوعیسیٰ:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۲۳۸۔د،س۔ہارون بن محمد بن بکار بن بلال عاملی، دمشقی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۲۳۹۔ق۔ہارون بن مسلم بصری:

ساتویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۲۴۰۔تمییز۔ہارون بن مسلم بن ہرمز عجلی، صاحب حِنّاء (مہندی والے)، ابوالحسین بصری:

نوویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۲۴۱۔ت۔ہارون بن معاویہ بن عبداللہ بن یسار اشعری:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۲۴۲۔خ،م،د۔ہارون بن معروف مروزی، ابوعلی خزاز، نابینا:

بغداد فروکش ہونیوالا دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بعمر ۷۴ برس ۲۳۱ھ میں فوت ہوا۔

۷۲۴۳۔د،ت۔ہارون بن مغیرہ بن حکیم بجلی، ابوحمزہ مروزی:

نوویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۲۴۴۔ق۔ہارون بن موسیٰ بن حیان تمیمی، ابوموسیٰ قزوینی:

بسا اوقات اپنے دادا کی طرف منسوب کیا جاتا ہے گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ عالم'' راوی ہے ۲۴۸ھ میں فوت ہوا۔

۷۲۴۵۔ت،س۔ہارون بن موسیٰ بن ابوعلقمہ عبداللہ بن محمد فروی، مدنی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ہے ۸۰ برس کے قریب عمر پا کر ۲۵۳ھ میں

فوت ہوا۔

۷۲۴۶۔خ،م،د،ت،س۔ہارون بن موسیٰ ازدی،عتکی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' اعور،نحوی،بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ مقرئ'' راوی ہے تاہم اس پر قدریت کا الزام لگایا گیا ہے۔

۷۲۴۷۔ق۔ہارون بن ہارون بن عبداللہ تیمی ،مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۷۲۴۸۔خ۔ہارون بن یحییٰ قرشی اسدی،مدنی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے (حافظ) ابن عدی (رحمہ اللہ) اسے بخاری کے شیوخ میں ذکر کرنے میں متفرد ہیں۔

۷۲۴۹۔ت۔ہارون،ابومحمد،حسن بن صالح بن حی کا شیخ:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۲۵۰۔تمییز۔ہارون،ابومحمد بربری،آل مغیرہ کا غلام:

کہا گیا ہے کہ اس کے والد کا نام ابراہیم ہے میمون بھی کہا گیا ہے،چھٹے طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے۔

۷۲۵۱۔س۔ہارون۔ام ہانی کی اولاد میں سے ہے:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۲۵۲۔د،س،ق۔ہاشم بن بَرِید،ابوعلی کوفی:م

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے تاہم اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے۔

۷۲۵۳۔د،س،ق۔ہاشم بن بلال ''بقول بعض ابن سلام'' ابوعقیل،دمشقی،قاضی واسط:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۲۵۴۔ت۔ہاشم بن سعید،ابواسحاق کوفی ثم بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۷۲۵۵۔ق۔ہاشم بن قاسم بن شیبہ حرانی، مولی قریش، ابو محمد:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے تاہم اس کا حافظہ بدل گیا تھا اس نے یعلی بن اشدق ''متروک'' راوی سے سماع کیا ہے جس نے صحابہ سے لقاء کا دعویٰ کیا ہے۔

۷۲۵۶۔ع۔ہاشم بن قاسم بن مسلم لیثی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' بغدادی، ابونضر:

اپنی کنیت سے مشہور ہے اور اس کا لقب قیصر ہے نویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے عمر ۷۳ برس سن ۲۰۷ھ میں فوت ہوا۔

۷۲۵۷۔خد،س۔ہاشم بن مخلد بن ابراہیم ثقفی، مروزی، بزاز:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۲۵۸۔ع۔ہاشم بن ہاشم بن عتبہ بن ابووقاص زہری، مدنی ''بقول بعض ہاشم بن ہاشم بن ہاشم:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے سن ۱۴۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۷۲۵۹۔س۔ہانی بن ایوب حنفی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۲۶۰۔س۔ہانی بن عبداللہ بن شخیر:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۲۶۱۔د،ت۔ہانی بن عثمان جہنی، ابوعثمان کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۲۶۲۔د۔ہانی بن قیس کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۲۶۳۔د۔ہانی بن کلثوم بن عبداللہ کنانی یا کندی، فلسطینی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے اس نے حضرت عمر سے ارسال کیا ہے سن ۱۰۰ھ میں فوت ہوا۔

☆ہانی بن نیار، ابو بردہ انصاری:

کنیتوں میں آئے گا۔(=۷۹۵۳)

17

۷۲۶۴۔بخ ،۴۔ہانی بن ہانی ہمدانی ،کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۲۶۵۔بخ ،د،س۔ہانی بن یزید مذحجی ،ابوشریح:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں کوفہ فروکش ہو گئے تھے۔

۷۲۶۶۔د،ت،ق۔ہانی ،بربری ،ابوسعید ،عثمان کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۲۶۷۔عس۔ہانی علی کا غلام:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۲۶۸۔۴۔ہبیرہ بن یریم ''عظیم کے وزن پر ہے'' شبامی'' بقول بعض خارفی ،ابوحارث کوفی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے تاہم اس پر تشیع کا الزام لگایا ہے، دوسرے طبقہ سے ہے۔

۷۲۶۹۔خ،م،د۔ہدبہ ،ابن خالد بن اسود قیسی ،ابوخالد بصری:

اسے ہدّاب بھی کہا جاتا ہے نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ عابد'' راوی ہے اسے قدرے کمزور کہنے میں (امام) نسائی (رحمہ اللہ) متفرد ہیں ۲۳۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۷۲۷۰۔ق۔ہدیہ ابن عبدالوہاب مروزی ،ابوصالح:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم بسا اوقات وہم کر جاتا ہے ۲۴۱ھ میں فوت ہوا۔

۷۲۷۱۔ق۔ہذیل ''تصغیر ہے'' ابن حکم ازدی مسعودی ،ابومنذر بصری:

آٹھویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۷۲۷۲۔د،س۔ہذیم بن عبداللہ تغلبی:

بقول بعض اس کے والد کا نام ''عثر ملہ'' ہے بسا اوقات ہذیم کی ہاء کو ہمزہ سے بدل کر اسے اُذیم بھی کہا جاتا ہے

دوسرے طبقہ کا "مقبول مخضرمی" راوی ہے۔

☆ ہرم بن خنبش:

وہب کے ترجمہ میں ذکر آئے گا۔ (=۷۴۷۵)

☆ ہرم، ابوزرعہ:

کنیتوں میں آئے گا۔ (=۸۱۰۳)

☆ ہرم ابوالعجفاء، کنیتوں میں ہے۔ (۸۲۴۶)

☆ ہرم یا ہرمز، ابوخالد، کنیتوں میں ہے۔ (=۸۰۷۳)

۷۲۷۳۔ د،ق۔ ہرماس بن حبیب تمیمی عنبری:

ابوحاتم نے کہا ہے کہ دیہاتی شیخ ہے اس سے صرف نضر ہی روایت کرتا ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۷۲۷۴۔ د،س۔ ہرماس بن زیاد بن مالک باہلی، ابوحُدَیر "تصغیر ہے" بصری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں یمامہ فروکش ہوئے اور یہ آخری ہیں جو صحابہ میں سے ۱۰۰ھ کے بعد فوت ہوئے۔

۷۲۷۵۔ خ۔ ہُرمُزان:

بخاری میں اس سے موقوف کلام آیا ہے اور یہ دوسرے طبقہ کا مخضرمی راوی ہے حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) کے ہاتھ پر مسلمان ہوا اور جس دن حضرت عمر قتل ہوئے اسی دن یہ بھی قتل ہوا۔

۷۲۷۶۔ س،ق۔ ہرمی بن عبداللہ خطمی "بقول بعض ابن عتبہ یا ابن عمرو اور بعض حضرات نے اسے الٹ پلٹ کر عبداللہ بن ہرمی کہا ہے جو کہ ان حضرات کا وہم ہے":

دوسرے طبقہ کا "مستور" راوی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ نبی کریم ﷺ کے عہد میں پیدا ہوا تھا اور آپ ﷺ سے مرسلاً روایت کرتا ہے۔

۷۲۷۷۔ تمییز۔ ہرمی بن عبداللہ بن رفاعہ انصاری، واقفی، مدنی:

ابن سعد نے کہا ہے کہ یہ غزوہ تبوک میں بہت رونے والے حضرات میں سے تھا، اور جس نے اسے خطمی کے ساتھ

ملایا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۷۲۷۸۔د۔ہُرَیر "تصغیر کے ساتھ ہے" ابن عبدالرحمٰن بن رافع بن خدیج انصاری، مدنی:

پانچویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۷۲۷۹۔ع۔ہُرَیم "سابقہ راوی کی طرح تصغیر کے ساتھ ہے مگر اس کے آخر میں میم ہے" ابن سفیان بجلی، ابو محمد کوفی:

نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "صدوق" راوی ہے۔

۷۲۸۰۔م۔ہریم بن عبدالاعلیٰ بن فرات اسدی، ابوحمزہ بصری:

دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے صحیح قول کے مطابق ۲۳۵ھ میں فوت ہوا۔

۷۲۸۱۔ت۔ہریم بن مسعر ازدی، ابوعبداللہ ترمذی:

دسویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۷۲۸۲۔س۔ہزال ابن یزید اسلمی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ابن سعد نے خندقیین کے طبقہ میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۷۲۸۳۔خ،۴۔ہُزَیل "تصغیر کے ساتھ ہے" ابن شرحبیل اودی، کوفی:

دوسرے طبقہ کا "ثقہ مخضرمی" راوی ہے۔

۷۲۸۴۔۴۔ہشام بن اسحاق بن عبداللہ بن حارث ابن کنانہ، ابوعبدالرحمٰن مدنی، قرشی:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۷۲۸۵۔د،ت،س۔ہشام بن اسماعیل بن یحییٰ بن سلیمان عطار، ابوعبدالملک دمشقی:

دسویں طبقہ کا "ثقہ فقیہ عابد" راوی ہے ۲۱۶ھ میں فوت ہوا۔

۷۲۸۶۔ر۔ہشام بن اسماعیل مکی:

ساتویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۷۲۸۷۔د،س۔ ہشام بن بہرام مدائنی، ابو محمد:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۲۸۸۔خ،م،س۔ ہشام بن حُجَیر ''تصغیر ہے'' مکی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے۔

۷۲۸۹۔ع۔ ہشام بن حسان ازدی قردوسی، ابو عبداللہ بصری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' ابن سیرین کی احادیث میں تمام لوگوں سے زیادہ قابل اعتماد راوی ہے تاہم حسن اور عطاء سے اس کی روایات میں کلام ہے کیونکہ کہا گیا ہے کہ یہ ان دونوں سے ارسال کرتا تھا، ۱۴۷ھ یا ۱۴۸ھ میں فوت ہوا۔

۷۲۹۰۔م،د،س۔ ہشام بن حکیم بن حزام بن خویلد بن اسد قرشی، اسدی:

صحابی ابن صحابی (رضی اللہ عنہما) ہیں صحیحین میں حدیث عمر میں بایں طور پر ان کا ذکر آتا ہے کہ حضرت عمر نے انہیں سورۃ الفرقان کی قراءت کرتے ہوئے سنا ہے، اپنے والد سے پہلے فوت ہوئے اور جس نے سمجھ رکھا ہے کہ یہ اجنادین کے معرکہ میں شہید ہوئے اسے وہم ہوا ہے۔

۷۲۹۱۔د،ق۔ ہشام بن خالد بن زید بن مروان ازرق، ابو مروان دمشقی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۴۹ھ میں فوت ہوا۔

۷۲۹۲۔ت،ق۔ ہشام بن زیاد بن ابو یزید ''یہ ہشام بن ابو ہشام ہے'' ابو مقدام'' اسے ہشام بن ابو ولید مدنی بھی کہا جاتا ہے'':

چھٹے طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

۷۲۹۳۔ع۔ ہشام بن زید بن انس بن مالک انصاری:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۲۹۴۔خت،م،۴۔ ہشام بن سعد مدنی، ابو عباد یا ابو سعید:

ساتویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے ۱۶۰ھ کو یا

اس سے پہلے فوت ہوا۔

۷۲۹۵۔ بخ، د، س۔ ہشام بن سعید طالقانی، ابو احمد بزاز:

بغداد فروکش ہونیوالا نوویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے اس نے کوئی زیادہ عمر نہیں پائی۔

۷۲۹۶۔ خت، م، ق۔ ہشام بن سلیمان بن عکرمہ بن خالد مخزومی، مکی:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ ہشام بن سنبر:

یہ ابن ابو عبد اللہ ہے آئے گا۔ (=۷۲۹۹)

☆ ہشام بن طلحہ:

کامل بن طلحہ کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔ (=۵۶۰۳)

۷۲۹۷۔ بخ، م، ۴۔ ہشام بن عامر بن امیہ انصاری نجاری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں کہا جاتا ہے کہ پہلے ان کا نام شہاب تھا جسے نبی کریم ﷺ نے تبدیل کر دیا۔

۷۲۹۸۔ س۔ ہشام بن عائذ بن نصیب اسدی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس نے ابن عمر سے مرسلاً روایت کیا ہے۔

☆ ہشام بن عبد اللہ بن کنانہ:

یہ ابن اسحاق ہے اپنے دادا کی طرف نسبت کیا گیا ہے۔ (=۷۲۸۴)

۷۲۹۹۔ ع۔ ہشام بن ابو عبد اللہ سنبر ''جعفر کے وزن پر ہے'' ابو بکر بصری دستوائی:

ساتویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے اس پر قدریت کا الزام لگایا گیا ہے عمر ۷۸ برس ۱۵۴ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۰۰۔ د، س، ق۔ ہشام بن عبد الملک بن عمران یزنی، ابو تقی حمصی:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم بسا اوقات وہم کر جاتا ہے ۲۵۱ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۰۱۔ع۔ ہشام بن عبدالملک باہلی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوالولید طیالسی بصری:

نویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے عمر ۹۴ برس ۲۷ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۰۲۔ع۔ ہشام بن عروہ بن زبیر بن عوام اسدی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ فقیہ'' راوی ہے تاہم بسا اوقات تدلیس کرتا ہے عمر ۸۷ برس ۴۵ھ یا ۴۶ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۰۳۔خ،۴۔ ہشام بن عمار بن نُصَیر ''تصغیر ہے'' سلمی دمشقی، خطیب:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق مقری'' راوی ہے تاہم بڑی عمر میں تلقین قبول کرتا تھا اور اس سے پہلے کی اس کی حدیث صحیح ترین ہے اس نے ''معروف خیاط'' سے سماع کیا ہے مگر معروف ثقہ نہیں ہے، عمر ۹۲ برس صحیح قول کے مطابق ۴۵ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۰۴۔۴۔ ہشام بن عمرو فزاری:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۳۰۵۔خت،۴۔ ہشام بن غاز بن ربیعہ جُرشی، دمشقی:

بغداد فروکش ہونیوالا ساتویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۵۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۷۳۰۶۔صد۔ ہشام بن ہارون انصاری، مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ہشام بن ابو ولید:

یہ ابن زیاد ہے گزر چکا، ق۔(=۷۲۹۲)

۷۳۰۷۔ق۔ ہشام بن یحییٰ بن العاص بن ہشام بن مغیرہ مخزومی، مدنی:

پانچویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۳۰۸۔عس۔ ہشام بن ابو یعلیٰ، ثوری کا شیخ:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۳۰۹۔خ ،ہم۔ہشام بن یوسف صنعانی ،ابوعبدالرحمٰن قاضی:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۹۷ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۱۰۔س۔ہشام بن یوسف سلمی ،حمصی ،قاضی:

واسط فروکش ہونیوالا پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۳۱۱۔ت۔ہشام بن یونس بن وابل ،تمیمی ،نہشلی ،ابوالقاسم کوفی ،لولوی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۵۲ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۱۲۔ع۔ہشیم ''تصغیر کے ساتھ ہے'' ابن بشیر ''عظیم کے وزن پر ہے'' ابن قاسم بن دینار سلمی ،ابومعاویہ بن ابوخازم ،واسطی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار بکثرت تدلیس وارسال خفی کرنیوالا'' راوی ہے ۸۰ برس کے قریب عمر پاکر ۱۸۳ھ میں فوت ہوا۔

ہشیم بن معتمر

درست ہم ہے۔(=۷۶۰۱)

۷۳۱۳۔س ،ق۔ [illegible] ان ابن کا ہن ''بقول بعض کاہم'' عدوی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۳۱۴۔م ،ہم۔ہقل ابن زیاد سکسکی۔دمشقی:

بیروت فروکش ہوا، کہا گیا ہے ہقل لقب ہے اس کا نام محمد یا عبداللہ ہے اور اوزاعی کا کاتب تھا، نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۷۹ھ کو یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۷۳۱۵۔د ،ت ،ق۔ہلب طائی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں کوفہ فروکش ہوئے، کہا گیا ہے ان کا نام یزید ہے اور ہلب لقب ہے۔

☆ہلقام:

ملقام کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=۷۸۶۸)

۷۳۱۶۔ ع۔ ہمام بن حارث بن قیس بن عمرو نخعی، کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۶۵ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۱۷۔ ع۔ ہمام بن منبہ بن کامل صنعانی، ابو عقبہ، وہب کا بھائی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے صحیح قول کے مطابق ۳۲ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۱۸۔ ت۔ ہمام بن نافع حمیری صنعانی۔ عبدالرزاق کا والد:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۳۱۹۔ ع۔ ہمام بن یحییٰ بن دینار عوذی، ابو عبداللہ یا ابوبکر، بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بسا اوقات وہم کر جاتا ہے ۶۴ھ یا ۶۵ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۲۰۔ بخ، م، ۴۔ ہناد بن سری ابن مصعب تمیمی، ابو السری کوفی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بعمر ۹۱ برس ۴۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۲۱۔ تمییز۔ ہناد بن سری بن یحییٰ بن سری تمیمی:

بارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۴۳۱ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۲۲۔ تم۔ ہند بن ابو ہالہ ''اس کا نام نباش ہے'' تمیمی، نبی کریم ﷺ کے پروردہ:

ان کی والدہ خدیجہ بنت خویلد ہے، کہا گیا ہے کہ جنگ جمل میں حضرت علی کی طرف سے شریک ہو کر شہید ہوئے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد زندہ رہے۔

۷۳۲۳۔ د، س۔ ہُنَیدہ بن خالد خزاعی ''بقول بعض نخعی'' حضرت عمر کا پروردہ:

اسے صحابہ میں ذکر کیا گیا ہے، کہا گیا ہے کہ دوسرے طبقہ سے ہے ابن حبان نے دو جگہ اس کا ذکر کیا ہے۔

۷۳۲۴۔ د، ق۔ ہُنَیّ ابن نُوَیرہ، ضبی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے عبادت گزار حضرات میں سے ہے ۸۰ھ سے پہلے قتل ہوا۔

۷۳۲۵۔ خ۔ ہنی، عمر کا غلام:

حضرت عمر نے اسے حمی کا گورنر بنایا دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بخاری میں بلا روایت اس کا ذکر آیا ہے۔

۷۳۲۶۔ بخ، ت۔ ہود بن عبداللہ عبدی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۳۲۷۔ ق۔ ہَوذہ ابن خلیفہ بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابوبکرہ ثقفی، بکراوی، ابوالاشہب بصری، الاصم:

بغداد فروکش ہوا، نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۱۶ھ میں فوت ہوا۔

☆ ہلال بن اِساف:

یہ ابن یساف ہے آئے گا۔ (=۷۳۵۲)

☆ ہلال بن اسامہ:

یہ ابن علی ہے۔ (=۷۳۴۴)

۷۳۲۸۔ تمییز۔ ہلال بن اسامہ فہری، مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' شیخ ہے اس سے صرف اسامہ بن زید لیثی ہی نے روایت کیا ہے۔

۷۳۲۹۔ ر، د، س۔ ہلال بن بشر بن محبوب مزنی، ابوالحسن بصری، مسجد یونس احدب کا امام:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۴۶ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۳۰۔ ق۔ ہلال بن جُبَیر ''بقول بعض ابن جبر بلا تصغیر''، بصری:

پانچویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے ابن حبان نے انس سے اس کے سماع میں شک کا کیا ہے۔

۷۳۳۱۔ تمییز۔ بلال بن جبیر، کوفی:

مسعر کے مشائخ میں سے ہے پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۳۳۲۔ س۔ ہلال بن حق، ابو یحییٰ بصری:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۳۳۳۔خ،م،د،ت،س۔ہلال بن ابوحمید یا ابن حمید یا ابن مقلاص یا ابن عبداللہ،جہنی ''ولاء کی وجہ سے ہے''ابوالجہم،صیرفی،وزان،کوفی:

اس کے والد کے نام اور اس کی کنیت کے متعلقہ اور اقوال بھی پائے جاتے ہیں چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۳۳۴۔۴۔ہلال بن خباب عبدی ''ولاء کی وجہ سے ہے''ابوالعلاء،بصری:

مدائن فروکش ہونیوالا پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے آخر عمر میں اس کا حافظہ بدل گیا تھا ۱۴۴ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۳۵۔خت۔ہلال بن رداد طائی یا کنانی،شامی،کاتب:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۳۳۶۔ق۔ہلال بن زید بن یسار،ابوعقال،بصری:

عسقلان فروکش ہونیوالا پانچویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

۷۳۳۷۔تمییز۔ہلال بن زید بن حسن بن اسامہ بن زید کلبی،ابوعقال دمشقی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۳۳۸۔ق۔ہلال بن ابوزینب فیروز،قرشی ''ولاء کی وجہ سے ہے''بصری:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۳۳۹۔د۔ہلال بن سراج حنفی،یمامی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۱۰۰ھ تک زندہ رہا۔

۷۳۴۰۔مد۔ہلال بن سلمان ہمدانی،ابومحلم ''محمد کے وزن پر ہے مگر لام کے نیچے کسرہ ہے'' کوفی:

ساتویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۳۴۱۔د،س۔ہلال بن عامر بن عمرو مزنی،کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۳۴۲۔د۔ ہلال بن عامر ''ابن عمرو بھی کہا گیا ہے'' بصری:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اسے رویت کا شرف حاصل ہے۔

۷۳۴۳۔ت۔ ہلال بن عبداللہ، باہلی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو ہاشم بصری:

ساتویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

۷۳۴۴۔ع۔ ہلال بن علی بن اسامہ عامری، مدنی:

بسا اوقات اپنے دادا کی طرف منسوب کیا جاتا ہے پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۱۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۷۳۴۵۔د۔ ہلال بن عمرو کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۳۴۶۔س۔ ہلال بن العلاء بن ہلال بن عمر، باہلی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو عمر رقی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۰۰ برس کے قریب عمر پا کر محرم ۲۸۰ھ میں فوت ہوا۔

☆ ہلال بن عیاض:

عیاض بن ہلال کے ترجمہ میں ذکر گزر چکا۔ (=۵۲۸۱)

☆ ہلال بن فیاض:

حرف شین میں شاذ کے ترجمہ میں اس کا ذکر گزر چکا۔ (=۲۷۳۰)

☆ ہلال بن مقلاص:

یہ ابن ابو حمید ہے گزر چکا۔ (=۷۳۳۳)

۷۳۴۷۔د،س۔ ہلال بن میمون جہنی یا ہذلی، رملی:

کوفہ فروکش ہوا، چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ ہلال بن ابو میمونہ:

یہ ابن علی ہے گزر چکا۔ (=۷۳۴۴)

۷۳۴۸۔ق۔ہلال بن ابو ہلال اسلمی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے ایک حدیث آتی ہے۔

۷۳۴۹۔خت،د۔ہلال بن ابو ہلال یا ابن ابو مالک ''یہ ابن میمون ہے'' اس کے والد کے نام کے متعلقہ اور اقوال بھی پائے جاتے ہیں، ابو ظلال قسملی، بصری:

پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے اپنی کنیت سے مشہور ہے۔

۷۳۵۰۔تمیز۔ہلال بن ابو ہلال بصری:

پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے اس سے صرف یحییٰ بن متوکل نے ہی روایت کیا ہے، جس نے اسے پہلے والے راوی سے ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

☆ہلال بن ابو ہلال عامری:

یہ ابن علی ہے گزر چکا۔ (=۷۳۴۴)

۷۳۵۱۔بخ،د،س،ق۔ہلال بن ابو ہلال مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۳۵۲۔خت،م،۴۔ہلال بن یِساف ''ابن اساف بھی کہا جاتا ہے'' اشجعی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ہلال، وزان:

یہ ابن ابو حمید ہے گزر چکا۔ (=۷۳۳۳)

☆ہلال، ابو طعمہ:

کنیتوں میں آئے گا۔ (=۸۱۸۶)

۷۳۵۳۔ت،ق۔ہلال، ربعی کا غلام:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۳۵۴۔ بخ۔ ہیّاج ابن بسّام، عبسی خراسانی:

بصرہ فروکش ہوا، پانچویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۷۳۵۵۔ ق۔ ہیاج بن بسطام تمیمی بُرجُمی، ابوخالد ہروی:

ساتویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے اس سے اس کے بیٹے خالد نے سخت منکر روایتیں نقل کی ہیں ۷۷ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۵۶۔ بخ۔ ہیاج بن عمران بن فَصیل، تمیمی بصری:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۷۳۵۷۔ بخ۔ ہیثم بن اسود مذحجی، ابوالعُریان، کوفی، شاعر:

تیسرے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے اس پر ناصبیت کا الزام لگایا گیا ہے ۸۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۷۳۵۸۔ س۔ ہیثم بن ایوب سلمی، ابوعمران طالقانی:

دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۳۸ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۵۹۔ خ، قد، عس، ق۔ ہیثم بن جَمیل بغدادی، ابوسہل:

انطاکیہ فروکش ہوا، اصحاب حدیث میں سے "ثقہ" راوی ہے نوویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ہے ۱۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۶۰۔۔ ہیثم بن حبیب صیرفی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے عبدالغنی نے اس کا ذکر کیا ہے مگر یہ ذکر نہیں کیا کہ اس کی روایت کس نے نقل کی ہے اور (حافظ) مزی نے کہا ہے کہ ممکن ہے کہ اس کی روایت مراسیل ابی داؤد میں ہو۔

۷۳۶۱۔ تمییز۔ ہیثم بن حبیب، طبرانی کے شیخ محمد بن رزیق کا شیخ:

دسویں طبقہ کا "متروک" راوی ہے۔

۷۳۶۲۔ ۴۔ ہیثم بن حمید غسانی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابواحمد یا ابوحارث:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے اس پر قدریت کا الزام لگایا گیا ہے۔

۷۳۶۳۔ س۔ ہیثم بن حیان، ابوالسمیع، بعلبکی:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۳۶۴۔ خ، س، ق۔ ہیثم بن خارجہ مروذی، ابو احمد یا ابو یحییٰ:

بغداد فروکش ہوا، دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۲۷ھ کے آخری دن میں فوت ہوا۔

۷۳۶۵۔ د۔ ہیثم بن خالد ''بقول بعض ابن جناد'' جہنی، ابوالحسن کوفی:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۳۹ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۶۶۔ تمییز۔ ہیثم بن خالد بجلی، کوفی، خشاب:

دسویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ۳۷ھ میں فوت ہوا اور بقول بعض اس کے بعد ہوا۔

۷۳۶۷۔ تمییز۔ ہیثم بن خالد بن یزید، ابو صالح کوفی، ابو نعیم کا کاتب:

گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۷۱ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۶۸۔ تمییز۔ ہیثم بن خالد بن یزید مصیصی، عثمان کا غلام:

بغداد فروکش ہونے والا گیارہویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۷۳۶۹۔ تمییز۔ ہیثم بن خالد قرشی، ابوالحسن بغدادی، بصری الاصل:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے غریب احادیث بیان کرتا ہے۔

۷۳۷۰۔ تمییز۔ ہیثم بن خالد، ابو فرج:

گیارہویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، میرا گمان ہے کہ یہ مصیصی ہے۔

۷۳۷۱۔ تمییز۔ ہیثم بن خالد کندی:

بارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۳۷۲۔ ق۔ ہیثم بن رافع حنفی یا باہلی، ابو یحییٰ یا ابوالحکم یا ابوالحارث ''بقول بعض یہ تین ہیں'':

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے۔

۷۳۷۳۔ت۔ہیثم بن ربیع عقیلی، ابو مثنیٰ بصری یا واسطی:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۷۳۷۴۔خ۔ہیثم بن ابو سنان مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۳۷۵۔د،س،ق۔ہیثم بن شفیٔ ''صحیح قول کے مطابق علی کے وزن پر ہے'' رعینی، ابوالحسین حجری، مصری:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۳۷۶۔بخ۔ہیثم بن مالک طائی، ابو محمد شامی، نابینا:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۳۷۷۔س۔ہیثم بن مروان بن ہیثم عنسی، ابوالحکم دمشقی:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

حرف الواو

۷۳۷۸۔ د،ت،ق۔ وابصہ ابن معبد بن عتبہ اسدی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں جزیرہ فروکش ہوئے اور نوے برس کے قریب عمر پائی۔

۷۳۷۹۔ع۔ واثلہ بن اسقع ابن کعب لیثی:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں شام فروکش ہوئے ۸۵ھ تک زندہ رہے اور ۱۰۵ برس عمر پائی۔

۷۳۸۰۔ع۔ واسع بن حبان ابن منقذ بن عمرو انصاری مازنی، مدنی:

صحابی ابن صحابی (رضی اللہ عنہما) ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ثقہ ہے دوسرے طبقہ سے ہے۔

۷۳۸۱۔مد۔ واصل بن ابوجمیل شامی، ابوبکر سلامانی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۷۳۸۲۔ع۔ واصل بن حیان بن احدب اسدی، کوفی، بیاع السابری:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ پختہ کار" راوی ہے ۱۲۰ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۸۳۔ت،ق۔ واصل بن سائب رقاشی، ابویحییٰ بصری:

چھٹے طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے ۱۴۲ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۸۴۔م،۴۔ واصل بن عبدالاعلیٰ بن ہلال اسدی، ابوالقاسم یا ابومحمد کوفی:

دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۴۴ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۸۵۔م،قد،س۔ واصل بن عبدالرحمٰن، ابوحُرّہ، بصری:

ساتویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "صدوق" "عابد" راوی ہے اور حسن سے تدلیس کرتا تھا ۵۲ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۸۶۔خ،م،د،س،ق۔واصل،ابوعُیَیْنہ کا غلام:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق عابد'' راوی ہے۔

18

☆واقد بن عبداللہ:

یہ واقد بن محمد بن زید بن عبداللہ ہے اپنے والد کے دادا کی طرف منسوب کیا گیا ہے، د۔

۷۳۸۷۔د۔واقد بن عبدالرحمٰن بن سعد:

پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۳۸۸۔م،د،ت،س۔واقد بن عمرو بن سعد بن معاذ انصاری اشہلی،ابوعبداللہ مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۲۰ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۸۹۔خ،م،د،س۔واقد بن محمد بن زید بن عبداللہ بن عمر بن خطاب عدوی،مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۳۹۰۔د۔واقد بن ابوواقد لیثی:

کہا جاتا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ بلکہ تیسرے طبقہ سے ہے۔

۷۳۹۱۔س۔واقد ابوعبداللہ،زید بن خلیدہ کا غلام،کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆واقد:

وقدان کے ترجمہ میں ذکر ہے۔(=۷۴۱۳)

۷۳۹۲۔بخ،مد۔وہب بن عبداللہ معافری،پھر کعبی،ابوعبداللہ مصری:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۳۷ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۹۳۔ر،م،۴۔وائل بن حُجر ابن سعد بن مسروق حضرمی:

جلیل القدر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں اور یمن کے بادشاہوں میں سے تھے پھر کوفہ فروکش ہو گئے اور (سیدنا)

معاویہ (رضی اللہ عنہ) کے عہد ولایت میں فوت ہوئے۔

۷۳۹۴۔ بخ،۴۔ وائل بن داؤد تیمی، کوفی، بکر کا والد:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ وائل بن علقمہ:

وائل بن حجر سے روایت کرتا ہے اور اس سے عبدالجبار بن وائل نے روایت کیا ہے درست سند ''عن عبدالجبار، عن علقمۃ ابن وائل، عن ابیہ'' ہے، ر۔ (=۷۳۹۳،۴۹۸۴،۳۷۴۴)

۷۳۹۵۔ س۔ وائل بن مہانہ تیمی، کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۳۹۶۔ د،س،ق۔ وبرا بن ابوڈلیلہ ''تصغیر کے ساتھ ہے اس کا نام مسلم ہے'' طائفی:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۳۹۷۔ خ،م،د،س۔ وبرہ ابن عبدالرحمٰن مُسلی، ابوخزیمہ یا ابوالعباس، کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۱۶ھ میں فوت ہوا۔

۷۳۹۸۔ مد،س۔ وبرہ حارثی، کرز کا والد، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۳۹۹۔ د،ق۔ وَحشی ابن حرب بن وحشی بن حرب حبشی، حمصی:

آٹھویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۴۰۰۔ خ،د،ق۔ وحشی بن حرب حبشی، سابقہ راوی کا دادا:

انہیں ابودسمہ کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں حمص فروکش ہوئے اور وہیں فوت ہوئے۔

۷۴۰۱۔ ع۔ وَرّاد ثقفی، ابوسعید یا ابوالورد، کوفی، مغیرہ کا کاتب وغلام:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۴۰۲۔ عس۔ورد بن عبداللہ تمیمی، ابومحمد طبری:

بغداد فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۴۰۳۔ ع۔ ورقاء بن عمر یشکری، ابوبشر کوفی:

مدائن فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم منصور سے اپنی حدیث میں قدرے کمزور ہے۔

۷۴۰۴۔ ق۔ وزیر ابن صبیح، شامی:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول عابد'' راوی ہے۔

۷۴۰۵۔ تمییز۔ وزیر بن صبیح وزان، بصری:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۴۰۶۔ ق۔ وساج ابن عقبہ بن وساج ازدی:

آٹھویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۴۰۷۔ ع۔ وضاح یشکری، واسطی، البزاز، ابوعوانہ:

اپنی کنیت سے مشہور ہے ساتویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے ۷۵ھ یا ۱۷۶ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۰۸۔ د، عس، ق۔ وضین ابن عطاء بن کنانہ، ابوعبداللہ یا ابوکنانہ، خزاعی، دمشقی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق برے حافظے والا'' راوی ہے اس پر قدریت کا الزام لگایا ہے، بعمر ۷۰ برس ۱۴۹ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۰۹۔ بخ، د۔ وعلہ بن عبدالرحمٰن بن وثاب یمامی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۴۱۰۔ د۔ وفاء ابن شریح حضرمی، مصری:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۴۱۱۔ قد، س۔ وقاء ابن ایاس اسدی، ابویزید کوفی:

چھٹے طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۷۴۱۲۔ بخ، د۔ وقاص ابن ربیعہ عنسی، ابورشدین شامی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ابودرداء سے اس کی روایت مرسل ہے۔

۷۴۱۳۔ ع۔ وقدان، ابویعفور، عبدی، کوفی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے اور یہ (وقدان) کبیر ہے اور کہا جاتا ہے کہ اس کا نام واقد ہے، چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے تقریباً ۱۲۰ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۱۴۔ ع۔ وکیع بن جراح بن ملیح رُؤاسی، ابوسفیان کوفی:

نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ حافظ عابد'' راوی ہے بعمر ۷۰ برس ۱۹۶ھ کے آخر اور ۱۹۷ھ کی ابتداء میں فوت ہوئے۔

۷۴۱۵۔ ۴۔ وکیع بن عُدُس ''دوسرے لفظ پر بعض اوقات فتحہ بھی پڑھا جاتا ہے اور حدس بھی کہا جاتا ہے'' ابو مصعب عقیلی، طائفی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۴۱۶۔ ق۔ وکیع بن محرز بن وکیع ناجی، بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق صاحب اوہام'' راوی ہے۔

۷۴۱۷۔ ق۔ ولید بن بُکیر ''تصغیر کے ساتھ ہے'' تمیمی، ابوجناب، کوفی:

آٹھویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۷۴۱۸۔ د، س، ق۔ ولید بن ثعلبہ طائی یا عبدی، بصری:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ ولید بن ابوثور:

یہ ابن عبداللہ ہے آئے گا۔ (=۷۴۳۱)

☆ ولید بن جمیع:

یہ بھی ابن عبداللہ ہے آئے گا۔ (=۷۴۳۲)

۷۴۱۹۔ بخ، ت، ق۔ ولید بن جمیل فلسطینی، ابوالحجاج:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم غلطی کر جاتا ہے۔

۷۴۲۰۔ م۔ ولید بن حرب اشعری، کوفی:

اس کا لقب ولاد ہے چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۴۲۱۔ بخ۔ ولید بن دینار سعدی، ابوفضل بصری، حناس:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۴۲۲۔ خت، د، ت، ق۔ ولید بن رباح مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۱۷ھ میں فوت ہوا۔

☆ولید بن رباح:

رباح بن ولید کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔ (۱۸۷۶)

۷۴۲۳۔ د۔ ولید بن زوران ''بقول بعض زروان'' سلمی، رقی:

پانچویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

☆ولید بن زیاد:

یہ ابن ابوہشام ہے آئے گا۔ (=۷۴۶۳)

☆ولید بن زیاد:

ابن یزید کے ترجمہ میں ذکر آئے گا۔ (=۷۴۶۶)

۷۴۲۴۔ م، س۔ ولید بن سریع، کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۴۲۵۔ د، ت، ق۔ ولید بن سفیان بن ابومریم غسانی، شامی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۴۲۶۔ عس۔ ولید بن سفیان:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ ولید بن سلمہ، ابو بشر:

درست ابن مسلم ہے آئے گا۔ (=۷۴۵۵)

۷۴۲۷۔ صد، س، ق۔ ولید بن سلیمان بن ابو سائب قرشی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۴۲۸۔ م، د، ت، ق۔ ولید بن شجاع بن ولید بن قیس سکونی، ابو ہمام بن ابو بدر کوفی:

بغداد فروکش ہونیوالا دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے صحیح قول کے مطابق ۲۴۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۲۹۔ خ، م۔ ولید بن صالح نخاس، ضبی، ابو محمد جزری:

بغداد فروکش ہونیوالا نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۴۳۰۔ خ، م، ت، س، ق۔ ولید بن عبادہ بن صامت انصاری، مدنی، ابو عبادہ:

نبی کریم ﷺ کے عہد میں پیدا ہوا، دوسرے طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۷۰ھ سے کچھ سال بعد پیدا ہوا۔

۷۴۳۱۔ بخ، د، ت، ق۔ ولید بن عبداللہ بن ابو ثور ہمدانی، کوفی:

بسا اوقات اپنے دادا کی طرف منسوب کیا جاتا ہے آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۱۷۲ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۳۲۔ بخ، م، د، ت، س۔ ولید بن عبداللہ بن جمیع زہری مکی:

کوفہ فروکش ہوا، پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم وہم کر جاتا ہے اور اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے۔

۷۴۳۳۔ خ۔ ولید بن عبداللہ بن ابو مغیث عبدری ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مکی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۴۳۴۔ خ۔ ولید بن عبدالرحمن بن حبیب جارودی، بصری، ابو العباس:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۲۸۲ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۳۵۔ت،س۔ولید بن عبدالرحمٰن بن ابو مالک ہمدانی،ابو عباس دمشقی:

کوفہ فروکش ہوا،بسا اوقات اپنے دادا کی طرف منسوب کیا جاتا ہے پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۲۵ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۳۶۔ع،م،۴۔ولید بن عبدالرحمٰن جُرشی،حمصی زجاج:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۴۳۷۔د۔ولید بن عَبَدَہ،عمرو بن العاص کا غلام:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ عمرو بن ولید ہے، ۱۰۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۳۸۔تمییز۔ولید بن عبدہ کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۴۳۹۔د۔ولید بن عتبہ اشجعی،ابو عباس دمشقی،مقریٔ:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے عمر ۶۴ برس ۲۴۰ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۴۰۔تمییز۔ولید بن عتبہ دمشقی،دوسرا:

نویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۴۴۱۔م۔ولید بن عطاء بن خباب:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۴۴۲۔د۔ولید بن عقبہ بن ابو معیط بن ابو عمرو ابن امیہ قرشی اموی،والدہ کی طرف سے عثمان کا بھائی:

اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے معاویہ کے عہد خلافت تک زندہ رہا۔

۷۴۴۳۔د۔ولید بن عقبہ بن مغیرہ یا ابن کثیر شیبانی،کوفی طحان:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۴۴۴۔ق۔ولید بن عقبہ بن نزار عنسی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۴۴۵۔ق۔ ولید بن عمرو بن سکین بصری، ابو العباس:

گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۷۴۴۶۔خ، م، ت، س۔ ولید بن عیزار بن حریث عبدی، کوفی:

پانچویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۷۴۴۷۔ت، س، ق۔ ولید بن قاسم بن ولید ہمدانی، کوفی:

آٹھویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے تاہم خطاء کر جاتا ہے ۸۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۴۸۔عخ، د، ت۔ ولید بن قیس بن اخرم تجیبی، مصری:

پانچویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے ۱۰۰ھ کو فوت ہوا۔

۷۴۴۹۔س۔ ولید بن قیس سکونی، کوفی ابو ہمام:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۷۴۵۰۔د، س۔ ولید بن کامل بن معاذ بجلی، ابو عبیدہ شامی:

ساتویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۷۴۵۱۔س۔ ولید بن کثیر بن سنان مزنی، سعید مدنی رازانی:

کوزہ فروش ہوا، آٹھویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۷۴۵۲۔ع۔ ولید بن کثیر مخزومی، ابو محمد مدنی پھر کوفی:

چھٹے طبقہ کا "صدوق مغازی کا علم رکھنے والا" راوی ہے اس پر خارجی نظریات رکھنے کا الزام لگایا گیا ہے ۱۵۱ھ میں فوت ہوا۔

☆ولید بن ابو مالک:

یہ ابن عبدالرحمن ہے گزر چکا۔ (=۷۴۳۵)

۷۴۵۳۔ ت،ق۔ ولید بن محمد مُوَقَّری، ابو بشر بلقاوی، بنو امیہ کا غلام:

آٹھویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ۱۸۲ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۵۴۔ د،س۔ ولید بن مَزْیَد، عذری، ابو عباس بیروتی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے (امام) نسائی (رحمہ اللہ) نے کہا ہے کہ غلطی اور تدلیس نہیں کرتا تھا ۲۰۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۵۵۔ ر،م،د،س۔ ولید بن مسلم بن شہاب عنبری، ابو بشر بصری:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۴۵۶۔ ع۔ ولید بن مسلم قرشی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو عباس دمشقی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے مگر بہت زیادہ تدلیس اور تسویہ کرنے والا ہے ۱۹۴ھ کے آخر میں یا ۱۹۵ھ کی ابتداء میں فوت ہوا۔

۷۴۵۷۔ عخ،مد۔ ولید بن مغیرہ بن سلیمان مصری، ابو عباس:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۷۲ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۵۸۔ تمییز۔ ولید بن مغیرہ مخزومی، مکی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۴۵۹۔ س۔ ولید بن نافع:

دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۴۶۰۔ بخ۔ ولید بن نمیر بن اوس اشعری، دمشقی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۴۶۱۔ م،ہم۔ ولید بن ہشام بن معاویہ بن ہشام بن عقبہ بن ابو مُعَیط ''تصغیر کے ساتھ ہے'' اموی، ابو یعیش معیطی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۴۶۲۔د،ت۔ولید بن ہشام یا ابن ابو ہشام کوفی، ہمدان کا غلام:

چھٹے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۴۶۳۔م،۴۔ولید بن ابو ہشام زیاد، ہشام ابو مقدام کا بھائی، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۴۶۴۔بخ،م،۴۔ولید بن ابو ولید عثمان ''بقول بعض ابن ولید'' عثمان یا ابن عمر کا غلام، مدنی، ابو عثمان:

چوتھے طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۷۴۶۵۔د۔ولید بن یزید بن ابو طلحہ ربعی، رملی، عطار:

بسا اوقات اپنے دادا کی طرف منسوب کیا جاتا ہے دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۴۶۶۔مد۔ولید بن یزید ہزاوی، ابو ہاشم بصری:

آٹھویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

☆ولید، ابو مغیرہ بجلی یا مغیرہ ابو ولید:

کنیتوں میں ہے۔(=۸۳۸۶)

☆ولید، ابو زید۔بنو ثعلبہ کا غلام:

کنیتوں میں ہے۔(=۸۱۰۹)

☆ولید ابو ہشام:

فرقد سے روایت کرتا ہے درست ولید بن ابو ہشام، ابو مقدام کا بھائی ہے۔(=۷۴۶۳)

☆وہبان:

یہ وہب بن بقیہ ہے آئے گا۔(=۷۴۶۹)

۷۴۶۷۔د،س۔وہب بن اجدع ہمدانی، کوفی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۴۶۸۔ بخ،ق۔ وہب بن اسماعیل بن محمد بن قیس اسدی، ابومحمد کوفی:

نوویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "صدوق" راوی ہے۔

۷۴۶۹۔ م،د،س۔ وہب بن بقیہ بن عثمان واسطی، ابومحمد:

اسے وہبان بھی کہا جاتا ہے دسویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے بعمر ۹۵ یا ۹۶ برس ۲۳۹ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۷۰۔ د،س۔ وہب بن بیان واسطی، ابوعبداللہ:

مصر فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا "ثقہ عابد" راوی ہے ۲۴۶ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۷۱۔ د،س۔ وہب بن جابر خیوانی، ہمدانی کوفی "بسااوقات بعض حضرات نے اسے الٹ پلٹ دیا ہے":

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۷۴۷۲۔ ع۔ وہب بن جریر بن حازم بن زید، ابوعبداللہ ازدی، بصری:

نوویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۰۶ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۷۳۔ ت۔ وہب بن حذیفہ "بقول بعض حذافہ" غفاری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) اور اصحاب صفہ میں سے ہیں خلافت معاویہ تک زندہ رہے۔

۷۴۷۴۔ د،ت،ق۔ وہب بن خالد حمیری، ابوخالد حمصی:

ساتویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۷۴۷۵۔ س،ق۔ وہب بن خنبش "جعفر کے وزن پر ہے" طائی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں کوفہ فروکش ہوئے اور بقول بعض ان کا نام ہرم ہے مگر وہب زیادہ صحیح ہے۔

۷۴۷۶۔ م،ت۔ وہب بن ربیعہ کوفی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆ وہب بن ابوابی:

یہ ابن عبداللہ ہے۔ (=۷۴۷۸)

۷۴۷۷۔ ر، مق، ت، س۔ وہب بن زمعہ تیمی، ابوعبداللہ مروزی:

دسویں طبقہ کے ثقہ، حضرات میں سے "ثقہ" راوی ہے۔

☆ وہب بن سعید بن عطیہ:

یہ ابن عبدالوہاب ہے گزر چکا۔ (=۴۲۵۶)

☆ وہب بن سفیان:

اس نے بیان سے روایت کیا ہے درست ہریم ابن سفیان ہے۔ (=۷۲۷۹)

۷۴۷۸۔ عس۔ وہب بن عبداللہ بن ابوذَبَی، ہُنَائی، کوفی:

بسااوقات اپنے دادا کی طرف منسوب کیا جاتا ہے پانچویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے اور سلمان سے اس کی روایت مرسل ہے۔

۷۴۷۹۔ ع۔ وہب بن عبداللہ سُوائی "بقول بعض اس کے والد کا نام وہب ہے" ابوجحیفہ:

اپنی کنیت سے مشہور ہے اور اسے وہب الخیر کہا جاتا ہے معروف صحابی ہے حضرت علی کا ساتھی تھا ۷۴ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۸۰۔ ق۔ وہب بن عبد بن زمعہ بن اسود بن مطلب اسدی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ عبداللہ بن وہب بن زمعہ ہے۔ (=۳۶۹۳)

۷۴۸۱۔ خت۔ وہب بن عثمان بن بشر مخزومی، مدنی:

آٹھویں طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۷۴۸۲۔ د۔ وہب بن عقبہ عامری، بکائی، کوفی:

تیسرے طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

☆ وہب بن عمرو:

یہ وہیب ہے آئے گا۔ (=۷۴۸۸)

۷۴۸۳۔ع۔وہب بن کیسان قرشی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو نعیم مدنی، معلم:

چوتھے طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۱۲۷ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۸۴۔د،س۔ وہب بن مانوس ''نون کے ساتھ ہے اور یاء کے ساتھ بھی کہا گیا ہے'' بصری:

یمن فرد کش ہوا، چھٹے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۴۸۵۔خ،م،د،ت،س،ق۔ وہب بن منبہ بن کامل یمانی، ابو عبداللہ آبناوی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۱۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۷۴۸۶۔د۔وہب، ابو احمد کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ کنیتوں میں آنے والا ابو سفیان ہے، د۔(=۸۱۳۶)

۷۴۸۷۔ع۔وہیب ''تصغیر کے ساتھ'' ابن خالد بن عجلان باہلی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابو بکر بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار'' راوی ہے تاہم آخر عمر میں اس کا حافظہ قدرے بدل گیا تھا ۱۶۵ھ میں فوت ہوا، اور بقول بعض اس کے بعد ہوا۔

۷۴۸۸۔د،ق۔وہیب بن عمرو بن عثمان نمری، ابو عثمان یا ابو عمرو، بصری:

نویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۴۸۹۔م،د،ت،س۔وہیب بن ورد قرشی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مکی، ابو عثمان یا ابو امیہ ''بقول بعض اس کا نام عبدالوہاب ہے'':

ساتویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ عابد'' راوی ہے۔

۷۴۹۰۔ ع۔ لاحق بن حمید بن سعید سدوسی، بصری، ابو مجلز:

اپنی کنیت سے مشہور ہے تیسرے طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ثقہ" راوی ہے ۱۰۶ھ میں فوت ہوا، بقول بعض ۱۰۹ھ میں اور بقول بعض اس کے بعد ہوا۔

حرف الیاء

۷۴۹۱۔ق۔ یاسین بن شیبان یا ابن سنان یا ابن سیار عجلی، کوفی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے ساتویں طبقہ سے ہے جس نے اسے ابن معاذ زیات سمجھا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۷۴۹۲۔س۔ یاسین بن عبدالاحد بن ابوزرارہ قتبانی، مصری، ابوالیسن:

گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۲۶۹ھ میں فوت ہوا۔

☆ یُحَمِّد، ابوامیہ شعبانی:

کنیتوں میں ہے۔ (=۷۹۴۷)

۷۴۹۳۔م ،س۔ یُحَنَّس ابن عبداللہ، ابوموسیٰ آل زبیر کا غلام، مدنی:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۷۴۹۴۔کن۔ یحییٰ بن ابراہیم بن عثمان بن داود بن ابوحُمَیلہ "تصغیر ہے" سلمی، ابوابراہیم مدنی:

دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے بسا اوقات وہم کا شکار ہو جاتا ہے۔

۷۴۹۵۔س۔ یحییٰ بن ابراہیم بن محمد بن ابوعبیدہ مسعودی:

گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۷۴۹۶۔ع۔ یحییٰ بن آدم بن سلیمان کوفی، ابوزکریا، بنوامیہ کا غلام:

نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ثقہ حافظ فاضل" راوی ہے ۲۰۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۹۷۔د۔ یحییٰ بن ازہر بصری، مولیٰ قریش:

ساتویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۱۶۱ھ میں فوت ہوا۔

۷۴۹۸۔د۔ یحییٰ بن اسحاق بن عبداللہ بن ابوطلحہ انصاری، مدنی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس نے براء بن عازب (رضی اللہ عنہ) نے مرسلاً روایت کیا ہے۔

۷۴۹۹۔م،۴۔ یحییٰ بن اسحاق بن سیلحینی، ابوزکریا یا ابوبکر:

بغداد فروکش ہونے والا دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۲۱۰ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۰۰۔ت،س۔ یحییٰ بن اسحاق یا ابن ابواسحاق انصاری:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۵۰۱۔ع۔ یحییٰ بن ابواسحاق حضرمی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' بصری نحوی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے ۱۳۶ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۰۲۔ق۔ یحییٰ بن ابواسحاق ہُنائی ''یزید بن ابواسحاق اور یزید بن ابویحییٰ بھی کہا جاتا ہے'':

پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۵۰۳۔ق۔ یحییٰ بن ابوامامہ اسعد بن زرارہ انصاری، مدنی:

صغیر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

۷۵۰۴۔س۔ یحییٰ بن اسماعیل بن جریر بجلی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۷۵۰۵۔د۔ یحییٰ بن اسماعیل واسطی، ابوزکریا:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۵۰۶۔تمییز۔ یحییٰ بن اسماعیل بن زکریا خواص، کوفی:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۵۰۷۔ت۔ یحییٰ بن اکثم بن محمد بن قطن تمیمی، مروزی، ابومحمد، مشہور قاضی:

دسویں طبقہ کا ''فقیہ صدوق'' راوی ہے تاہم اس پر حدیث چوری کرنے کا الزام لگایا گیا ہے مگر اس میں کوئی ایسی بات نہیں پائی جاتی البتہ یہ روایت بالا جازہ اور وجادہ کا قائل تھا عمر ۸۳ برس ۲۴۲ھ یا ۲۴۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۰۸۔ت۔ یحییٰ بن ابوحیہ ''تصغیر ہے'' ابو زید جزری:

چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۱۴۶ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۰۹۔س۔ یحییٰ بن ایوب بن بادی ''نادی کے وزن پر ہے'' العلاف، خولانی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۸۹ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۱۰۔خت، د، ت۔ یحییٰ بن ایوب بن ابوزرعہ بن عمرو بن جریر بجلی، کوفی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۷۵۱۱۔ع۔ یحییٰ بن ایوب غافقی، ابوعباس مصری:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات غلطی کرجاتا ہے ۶۸ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۱۲۔مج، م، د، عس۔ یحییٰ بن ایوب مقابری، بغدادی عابد:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بعمر ۷۷ برس ۳۴ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۱۳۔م۔ یحییٰ بن بشر بن کثیر حریری، کوفی:

کبار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۲۷ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۱۴۔خ۔ یحییٰ بن بشر بلخی فلاس:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ زاہد'' راوی ہے ۳۲ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۱۵۔د۔ یحییٰ بن بشیر بن خلاد انصاری، مدنی:

نویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

☆ یحییٰ بن بکیر:

یہ ابن عبداللہ ہے آئے گا۔ (=۷۵۸۰)

۷۵۱۶۔ع۔ یحییٰ بن ابوبکیر ''اس کا نام نسر ہے'' کرمانی، کوفی الاصل:

بغداد فروکش ہوا، نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۰۸ھ یا ۰۹ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۱۷۔ تمییز۔ یحییٰ بن ابوبکیر نخعی، کوفی:

دسویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے ۲۳۰ھ میں فوت ہوا۔

ت۔ث۔خالی ہے۔

۷۵۱۸۔ یحییٰ بن جابر بن حسان طائی، ابوعمرو حمصی، قاضی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، بہت زیادہ ارسال کرتا ہے ۱۲۶ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۱۹۔ م، ۴۔ یحییٰ بن جزار عرنی، کوفی ''کہا گیا ہے کہ اس کے والد کا نام زبان ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ زبان اس کا لقب ہے'':

تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تشیع میں غلو کا اس پر الزام لگایا گیا ہے۔

۷۵۲۰۔ د، تم، س، ق۔ یحییٰ بن جعدہ بن ہبیرہ بن ابووہب مخزومی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ابن مسعود اور ان جیسے حضرات سے بسا اوقات اس نے مرسلا روایت کیا ہے۔

۷۵۲۱۔ خ۔ یحییٰ بن جعفر بن اعین ازدی، بخاری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۴۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۲۲۔ ۴۔ یحییٰ بن حارث ذماری، ابوعمرو شامی، قاریٔ:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بعمر ۷۰ برس ۱۴۵ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۲۳۔ ق۔ یحییٰ بن حارث شیرازی:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۵۲۴۔ تمییز۔ یحییٰ بن حارث:

اپنی بھائی زہدم سے روایت کرتا ہے آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے جس نے اسے پہلے والے راوی سے ملا یا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۷۵۲۵۔ بخ۔ یحییٰ بن حبیب بن اسماعیل اسدی، کوفی، ابوعُقیل، جمال:

نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے بسا اوقات وہم کا شکار ہو جاتا ہے اپنی کنیت سے مشہور ہے۔

۷۵۲۶۔ م ۴۔ یحییٰ بن حبیب بن عربی بصری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، ۲۴۸ھ میں فوت ہوا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد ہوا۔

۷۵۲۷۔ ت، س۔ یحییٰ بن ابوحجاج اہتمی ''اس کے والد کا نام عبداللہ ہے'' ابوایوب بصری:

نویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۷۵۲۸۔ ق۔ یحییٰ بن حرب مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ یحییٰ بن حزام:

درست ابن خذام ہے آئے گا۔ (=۷۵۳۸)

۷۵۲۹۔ خ، م، د، ت، س۔ یحییٰ بن حسان تنیسی، بصری الاصل:

نویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بعمر ۶۴ برس ۲۰۸ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۳۰۔ بخ، س۔ یحییٰ بن حسان فلسطینی بکری:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۵۳۱۔ د۔ یحییٰ بن حسن بن عثمان بن عبدالرحمٰن بن عوف، ابوابراہیم زہری، مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۷۵۳۲۔ د، س، ق۔ یحییٰ بن حصین احمسی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۵۳۳۔ س، ق۔ یحییٰ بن حکیم بن صفوان بن امیہ جمحی، مکی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۵۳۴۔د،س،ق۔ یحییٰ بن حکیم مقوِّم، ابوسعید بصری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ عابد مصنف'' راوی ہے ۵۶ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۳۵۔خ،م،خد،ت،س،ق۔ یحییٰ بن حماد بن ابوزیاد شیبانی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' بصری، ابوعوانہ کا داماد:

نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۱۵ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۳۶۔ع۔ یحییٰ بن حمزہ بن واقد حضرمی، ابوعبدالرحمٰن دمشقی قاضی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اس پر قدریت کا الزام لگایا گیا ہے عمر ۸۰ برس صحیح قول کے مطابق ۸۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۳۷۔د،ت،ق۔ یحییٰ بن ابوحیہ کلبی، ابوجناب:

اپنی کنیت سے مشہور ہے اس کے بہت زیادہ تدلیس کرنے کی وجہ سے محدثین نے اس کی تضعیف کی ہے چھٹے طبقہ سے ہے ۵۰ھ کو یا اس سے پہلے فوت ہوا۔

۷۵۳۸۔ق۔ یحییٰ بن خِذام ابن منصور سقطی بصری:

نویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۵۲ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۳۹۔م،د،ت،ق۔ یحییٰ بن خلف باہلی، ابوسلمہ بصری، جوباری:

دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۴۲ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۴۰۔خ،۴۔ یحییٰ بن خلاد بن رافع بن مالک بن عجلان انصاری، زُرَقی، مدنی:

اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے اور ابن حبان نے اسے ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے ۷۰ھ کی حدود میں فوت ہوا، جس نے کہا ہے کہ ۱۰۰ھ کے بعد فوت ہوا اسے وہم ہوا ہے کیونکہ ۱۰۰ھ کے بعد فوت ہونے والا اس کا پوتا یحییٰ بن علی ہے۔

☆ یحییٰ بن ابوخلید:

یہ یحییٰ بن مسلم بکاء ہے آئے گا۔ (=۷۶۴۵)

۷۵۴۱۔ق۔ یحییٰ بن داود بن میمون واسطی:

دسویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۴۴ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۴۲۔ت،س،ق۔یحییٰ بن دُرُست ابن زیاد بصری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆یحییٰ بن دینار، ابو ہاشم رمانی:

کنیتوں میں آئے گا۔(=۸۴۲۵)

۷۵۴۳۔د۔یحییٰ بن راشد بن مسلم لیثی، ابو ہشام دمشقی، طویل:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۵۴۴۔تمییز۔یحییٰ بن راشد۔دوسرا، شامی، ضمرہ کا شیخ:

پانچویں طبقہ سے ہے بخاری وغیرہ نے ان دونوں میں فرق کیا ہے۔

۷۵۴۵۔ق۔یحییٰ بن راشد مازنی، ابو سعید بصری، البرّاء:

آٹھویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۷۵۴۶۔تمییز۔یحییٰ بن راشد بصری، ابوبکر، ابو عاصم کا مستملی:

نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۱۱ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۴۷۔س۔یحییٰ بن زرارہ بن عبدالکریم ''اس کا لقب کریم ''تصغیر کے ساتھ'' ہے'' ابن حارث بن عمرو باہلی پھر سہمی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۵۴۸۔ع۔یحییٰ بن زکریا بن ابو زائدہ ہمدانی، ابو سعید کوفی:

نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ متقن'' راوی ہے عمر ۶۳ برس ۱۸۲ھ یا ۱۸۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۴۹۔س۔یحییٰ بن زکریا بن یحییٰ نیشاپوری اعرج:

اسے حیویہ کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے بارہویں طبقہ کا ''ثقہ حافظ فقیہ'' راوی ہے ۳۰۷ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۵۰۔خ۔یحییٰ بن ابو زکریا غسانی، ابو مروان واسطی، شامی الاصل:

نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے بخاری میں صرف ایک ہی مقام پر اس کی حدیث متابعۃ آئی ہے ۱۹۰ھ میں

فوت ہوا۔

۷۵۵۱۔ق۔ یحییٰ بن زیاد بن ابوداود اسدی ”ولاء کی وجہ سے ہے“ ابومحمد رقی:

اس کا لقب نُہیر ہے آٹھویں طبقہ کا ”صدوق عابد“ راوی ہے۔

۷۵۵۲۔خت۔ یحییٰ بن زیاد بن عبداللہ اسدی ”ولاء کی وجہ سے ہے“ کوفی فراء، مشہور نحوی:

نویں طبقہ کا ”صدوق“ راوی ہے ۲۰۷ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۵۳۔ت،ق۔ یحییٰ بن سام ابن موسیٰ ضبی:

چوتھے طبقہ کا ”مقبول“ راوی ہے۔

۷۵۵۴۔ع۔ یحییٰ بن سعید بن ابان بن سعید بن العاص اموی، ابوایوب کوفی:

بغداد فرودکش ہوا، اس کا لقب جمل ہے نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ”صدوق“ راوی ہے غریب احادیث لاتا ہے بعمر ۸۰ برس ۱۹۴ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۵۵۔ع۔ یحییٰ بن سعید بن حیان، ابوحیان تیمی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ”ثقہ عابد“ راوی ہے ۱۴۵ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۵۶۔خ،م۔ یحییٰ بن سعید بن العاص اموی، عمرو اشدق کا بھائی:

تیسرے طبقہ کا ”ثقہ“ راوی ہے ۸۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۷۵۵۷۔ع۔ یحییٰ بن سعید بن فرّوخ، تمیمی، ابوسعید قطان بصری:

نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ”ثقہ متقن حافظ امام پیشوا“ راوی ہے بعمر ۷۸ برس ۱۹۸ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۵۸۔تمیز۔ یحییٰ بن سعید عطار، انصاری، شامی:

نویں طبقہ کا ”ضعیف“ راوی ہے پہلے راوی سے کچھ عرصہ پہلے فوت ہوا۔

۷۵۵۹۔ع۔ یحییٰ بن سعید بن سعید انصاری مدنی، ابوسعید قاضی:

پانچویں طبقہ کا ”ثقہ پختہ کار“ راوی ہے ۱۴۴ھ میں یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۷۵۶۰۔ د،ق۔ یحییٰ بن ابوسفیان بن اخنس اخنسی، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے اس نے ابوہریرہ وغیرہ سے مرسلاً روایت کیا ہے۔

۷۵۶۱۔ ت۔ یحییٰ بن سلمہ بن کہیل ''تصغیر کے ساتھ ہے'' حضرمی، ابوجعفر کوفی:

نویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے اور شیعہ تھا ۷۹ھ میں فوت ہوا، بقول بعض اس سے پہلے ہوا۔

☆ یحییٰ بن ابوسلمہ، جعفی:

یہ ابن سلیمان ہے آئے گا۔ (=۷۵۶۴)

☆ یحییٰ بن سلیم، ابوبلج:

کنیتوں میں ہے۔ (=۸۰۰۳)

☆ یحییٰ بن سلیم بکاء:

ابن مسلم کے ترجمہ میں ذکر ہے۔ (=۷۶۴۵)

۷۵۶۲۔ د۔ یحییٰ بن سلیم بن زید:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۵۶۳۔ ع۔ یحییٰ بن سلیم طائفی:

مکہ فروکش ہوا، نویں طبقہ کا صدوق برے حافظے والا راوی ہے ۹۳ھ میں یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۷۵۶۴۔ خ،ت۔ یحییٰ بن سلیمان بن یحییٰ بن سعید جعفی، ابوسعید کوفی:

مصر فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم غلطی کر جاتا ہے ۳۷ھ یا ۳۸ھ میں فوت ہوا۔

☆ یحییٰ بن سلیمان:

ابن جریج سے روایت کرتا ہے درست یحییٰ بن سلیم طائفی ہے۔ (=۷۵۶۳)

۷۵۶۵۔ بخ،د،ت،س۔ یحییٰ بن ابوسلیمان مدنی، ابوصالح:

چھٹے طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۷۵۶۶۔عس۔یحییٰ بن سیرین انصاری "ولاء کی وجہ سے ہے" ابوعمرو بصری:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے اپنے بھائی محمد سے پہلے فوت ہوا۔

۷۵۶۷۔ل۔یحییٰ بن شبل بلخی:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۷۵۶۸۔خ،م،د،ت،ق۔یحییٰ بن صالح وحاظی،حمصی:

اہل رائے میں سے "صدوق" راوی ہے نوویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ہے ۹۰ برس سے زائد عمر پا کر ۲۲۲ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۶۹۔ت۔یحییٰ بن ابوصالح مدنی:

چھٹے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے،کہا گیا ہے کہ اس کا والد ابوصالح سمان ہے۔

۷۵۷۰۔د۔یحییٰ بن صبیح خراسانی،مقری:

ساتویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "صدوق" راوی ہے مکہ مکرمہ فوت ہوا۔

☆یحییٰ بن صیفی:

یحییٰ بن عبداللہ کے ترجمہ میں آئے گا۔(=۷۵۸۹)

☆یحییٰ بن ضحاک:

یہ ابن عبداللہ ہے آئے گا اپنے دادا کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔(=۷۵۸۵)

۷۵۷۱۔م،ت۔یحییٰ بن ضُرَیس "تصغیر ہے" بجلی،رازی قاضی:

نوویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے ۲۰۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۷۲۔ت،س،ق۔یحییٰ بن طلحہ بن عبیداللہ تیمی مدنی:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۷۵۷۳۔ت۔یحییٰ بن طلحہ بن ابوکثیر یربوعی،کوفی:

دسویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

☆ یحییٰ بن عباد بن حمزہ بن زبیر:

درست (سند) ''عن عباد بن حمزہ'' ہے یحییٰ کا اس میں کوئی دخل نہیں، نخ۔ (۳۱۲۵)

۷۵۷۴۔ بخ، م، ۴۔ یحییٰ بن عباد بن شیبان انصاری، ابوہبیرہ کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۷۵۷۵۔ ر، ۴۔ یحییٰ بن عباد بن عبداللہ بن زبیر بن العوام مدنی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے بعمر ۳۶ برس ۱۰۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۷۵۷۶۔ خ، م، ت، س۔ یحییٰ بن عباد ضُبَعی، ابوعباد بصری:

بغداد فروکش ہوا، نوویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۹۸ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۷۷۔ تمییز۔ یحییٰ بن عباد سعدی:

دسویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ یحییٰ بن عباد:

یحییٰ بن عمارہ کے ترجمہ میں ذکر ہے۔ (=۷۶۱۳)

۷۵۷۸۔ عس۔ یحییٰ بن عبداللہ بن ادرع:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۵۷۹۔ د۔ یحییٰ بن عبداللہ بن بُحَیر، مرادی یمنی:

چھٹے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۵۸۰۔ خ، م، ق۔ یحییٰ بن عبداللہ بن بکیر مخزومی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مصری:

بسا اوقات اپنے دادا کی طرف منسوب کیا جاتا ہے دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے تاہم مالک سے اس کے سماع میں محدثین نے کلام کیا ہے بعمر ۷۷ برس ۲۳۱ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۸۱۔ د، ت، ق۔ یحییٰ بن عبداللہ بن حارث جابر، ابوحارث کوفی:

چھٹے طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے اور مقدام سے اس کی روایت مرسل ہے۔

۷۵۸۲۔خ۔ یحییٰ بن عبداللہ بن زیاد سلمی، بلخی:

مرد فروکش ہوا، اس کا لقب خاقان ہے دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۵۸۳۔تمیز۔ یحییٰ بن عبداللہ بن خاقان:

اس نے مالک سے روایت کیا ہے دسویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۵۸۴۔م،د،س۔ یحییٰ بن عبداللہ بن سالم بن عبداللہ بن عمر مدنی:

آٹھویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے ۱۵۳ھ میں فوت ہوا۔

☆ یحییٰ بن عبداللہ بن صیفی:

چار راویوں کے بعد آئے گا۔ (=۷۵۸۹)

۷۵۸۵۔خت،س۔ یحییٰ بن عبداللہ بن ضحاک بابلتی، ابو سعید حرانی، اوزاعی کی بیوی کا بیٹا:

نویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے بعمر ۷۰ برس ۲۱۸ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۸۶۔م،د۔ یحییٰ بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن سعد یا اسعد بن زرارہ انصاری، مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۵۸۷۔قد،ق۔ یحییٰ بن عبداللہ بن عبیداللہ بن ابو ملیکہ، مکی:

ساتویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے ۱۷۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۸۸۔س۔ یحییٰ بن عبداللہ بن مالک بن عیاض:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۵۸۹۔ع۔ یحییٰ بن عبداللہ بن محمد بن یحییٰ بن صیفی مکی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۵۹۰۔صد۔ یحییٰ بن عبداللہ بن یزید بن انیس انصاری، انیسی، مدنی:

آٹھویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

☆ یحییٰ بن عبداللہ، ابوبکر کا غلام:

درست یحییٰ بن عثمان ہے۔ (=۷۶۰۶)

۷۵۹۱۔م۔ یحییٰ بن عبدالحمید بن عبدالرحمٰن ابن بشمین، حِمّانی، کوفی:

نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے "حافظ" راوی ہے تاہم محدثین نے اس پر حدیث چوری کرنے کا الزام لگایا ہے ۲۸ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۹۲۔م،۴۔ یحییٰ بن عبدالرحمٰن بن حاطب بن ابوبلتعہ، ابومحمد یا ابوبکر، مدنی:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۱۰۴ھ میں فوت ہوا۔

۷۵۹۳۔ت،س،ق۔ یحییٰ بن عبدالرحمٰن بن مالک بن حارث ارحبی، کوفی:

نویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے تاہم بسا اوقات غلطی کر جاتا ہے۔

۷۵۹۴۔ق۔ یحییٰ بن عبدالرحمٰن کنانی یا کندی، ابوشیبہ مصری:

ہشیم نے اسے الٹ پلٹ دیا ہے اور عبدالرحمٰن بن یحییٰ کہا ہے، چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۷۵۹۵۔بخ۔ یحییٰ بن عبدالرحمٰن عَصَری، بصری:

ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۷۵۹۶۔س۔ یحییٰ بن عبدالرحمٰن ثقفی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۷۵۹۷۔بخ،د۔ یحییٰ بن عبدالعزیز، ابوعبدالعزیز اُرْدُنّی:

نیام فروش ہوا، ساتویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے اور ابوعبدالرحمٰن شافعی کا والد ہے۔

۷۵۹۸۔خ،م،د،ت،س،ق۔ یحییٰ بن عبدالملک بن حمید بن ابوغنیہ، خزاعی، کوفی، اصبہانی الاصل:

نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "صدوق" راوی ہے اس سے منفرد حدیثیں مروی ہیں ۱۸۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۷۵۹۹۔ت،ق۔یحییٰ بن عبید اللہ بن عبد اللہ بن مَوْہَب، تیمی، مدنی:

چھٹے طبقہ کا "متروک" راوی ہے حاکم نے بری بات کہی ہے اور اس پر حدیثیں گھڑنے کا الزام لگایا ہے۔

☆یحییٰ بن عبید اللہ:

عبید اللہ بن مسلم سے روایت کرتا ہے درست یحییٰ بن عبد اللہ الجابر ہے گزر چکا،ق۔(۷۵۸۱)

۷۶۰۰۔م،د،س،ق۔یحییٰ بن عبید "بلا اضافت" ابوعمر بہرانی، کوفی:

چوتھے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۷۶۰۱۔د،س۔یحییٰ بن عبید مکی، بنو مخزوم کا غلام:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۷۶۰۲۔ت۔یحییٰ بن عبید:

عطاء بن ابو رباح سے روایت کرتا ہے احتمال ہے کہ یہ پہلے والا ہی راوی ہو ورنہ مجہول ہے۔

۷۶۰۳۔ع۔یحییٰ بن عتیق طفاوی، بصری:

چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ایوب سے پہلے فوت ہوا اور ایوب سے چھوٹا تھا۔

۷۶۰۴۔د،س،ق۔یحییٰ بن عثمان بن سعید بن کثیر بن دینار قرشی، حمصی:

دسویں طبقہ کا "صدوق عابد" راوی ہے ۵۵ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۰۵۔ق۔یحییٰ بن عثمان بن صالح سہمی "ولاء کی وجہ سے ہے" مصری:

گیارہویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے اور بعض حضرات نے اسے قدرے کمزور کہا ہے ۸۲ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۰۶۔قد،ق۔یحییٰ بن عثمان تیمی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابو سہل بصری:

آٹھویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۷۶۰۷۔تمییز۔یحییٰ بن عثمان حربی، سجستانی الاصل:

بغداد فروکش ہوا، دسویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے عقیل سے اس کی روایت میں محدثین نے کلام کیا ہے ۳۸ھ

میں فوت ہوا۔

۷۶۰۸۔ خ، م، د۔ یحییٰ بن عروہ بن زبیر بن العوام اسدی، ابوعروہ مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۶۰۹۔ ص۔ یحییٰ بن عفیف کندی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۶۱۰۔ بخ، م، د، س، ق۔ یحییٰ بن عُقیل ''تصغیر کے ساتھ ہے'' بصری:

مروفر و کش ہوا، تیسرے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۶۱۱۔ د، ت، س۔ یحییٰ بن علی بن یحییٰ بن خلاد بن رافع انصاری، زرقی، مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۱۲۹ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۱۲۔ ع۔ یحییٰ بن عمارہ بن ابوحسن انصاری، مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۶۱۳۔ ت، س۔ یحییٰ بن عمارہ ''بقول بعض ابن عباد'' کوفی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۶۱۴۔ ت۔ یحییٰ بن عمرو بن مالک نکری، بصری:

ساتویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے، کہا جاتا ہے کہ حماد بن زید نے اس کی تکذیب کی ہے۔

۷۶۱۵۔ م۔ یحییٰ بن ابوعمر عدنی:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۶۱۶۔ بخ، د، س، ق۔ یحییٰ بن ابوعمرو سَیبانی، ابوزرعہ حمصی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اور صحابہ سے اس کی روایت مرسل ہے ۱۴۸ھ میں یا اس کے بعد فوت ہوا۔

۷۶۱۷۔ س۔ یحییٰ بن عمیر مدنی، بزاز، بنونوفل کا غلام:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۶۱۸۔ د، ق۔ یحییٰ بن العلاء بجلی، ابو عمرو یا ابو سلمہ، رازی:

اس پر وضع حدیث کا الزام لگایا گیا ہے آٹھویں طبقہ سے ہے ۱۶۰ھ کے قریب فوت ہوا۔

۷۶۱۹۔ بخ، م، د، ت، ق۔ یحییٰ بن عیسیٰ تمیمی نہشلی، فاخوری، جرار، کوفی:

رملہ فروکش ہوا نوویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے خطاء کر جاتا ہے اور اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے ۲۰۱ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۲۰۔ م، ت، تمییز۔ یحییٰ بن غیلان بن عبداللہ بن اسماء خزاعی یا اسلمی، بغدادی، ابو الفضل:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے صحیح قول کے مطابق ۲۲۰ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۲۱۔ تمییز۔ یحییٰ بن غیلان راسبی:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۶۲۲۔ د، ق۔ یحییٰ بن فضل بن یحییٰ بن کیسان عنزی، بصری، عرقی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۶ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۲۳۔ د۔ یحییٰ بن فضل سجستانی:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۶۲۴۔ د۔ یحییٰ بن فیاض، زمانی:

نوویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۷۶۲۵۔ مق۔ یحییٰ بن فلان:

اس نے محمد بن کعب سے روایت کیا ہے چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے مسلم کے مقدمہ میں اس کا ذکر آتا ہے۔

۷۶۲۶۔ خ۔ یحییٰ بن قزعہ قرشی مکی، مؤدب:

دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۶۲۷۔ خت۔ یحییٰ بن قیس کندی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۶۲۸۔ د، ت، س۔ یحییٰ بن قیس سبائی، یمنی:

پانچویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۷۶۲۹۔ ع۔ یحییٰ بن کثیر بن درہم عنبری "ولاء کی وجہ سے ہے" بصری، ابوغسان:

نویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۲۰۶ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۳۰۔ ر، د۔ یحییٰ بن کثیر کاہلی، کوفی:

پانچویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۷۶۳۱۔ ق۔ یحییٰ بن کثیر، ابونضر، صاحب بصری:

نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "ضعیف" راوی ہے۔

۷۶۳۲۔ ع۔ یحییٰ بن ابوکثیر طائی "ولاء کی وجہ سے ہے" ابونصر یمامی:

پانچویں طبقہ کا "ثقہ پختہ کار" راوی ہے مگر ارسال اور تدلیس کرتا ہے ۱۳۲ھ میں فوت ہوا یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس سے پہلے ہوا۔

☆ یحییٰ بن ابوکریمہ:

یہ ابن یوسف ہے آنے گا۔ (=۷۶۸۰)

۷۶۳۳۔ مق، د۔ یحییٰ بن متوکل مدنی، ابوعُقَیل، بُہَیَّہ کا ساتھی:

آٹھویں طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے ۱۶۷ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۳۴۔ تمییز۔ یحییٰ بن متوکل باہلی، بصری، ابوبکر:

نویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے تاہم غلطی کرجاتا ہے ۱۹۰ھ میں فوت ہوا۔

☆ یحییٰ بن محمد بن حرب:

ابوعمر سے روایت کرتا ہے درست محمد بن حرب ہے اس میں یحییٰ نہیں ہے۔ (=۵۸۰۵)

۷۶۳۵۔ س۔ یحییٰ بن محمد بن سابق کوفی:

مصیصہ فروکش ہوا، اس کا لقب عصا ابن ادریس ہے، دسویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۷۶۳۶۔خ،د،س۔یحییٰ بن محمد بن سکن بن حبیب قرشی،بزار بصری:

بغداد فروکش ہوا،گیارہویں طبقہ کا''صدوق'' راوی ہے ۲۵۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۷۶۳۷۔ت۔یحییٰ بن محمد بن عباد بن ہانیٔ مدنی،شجری:

نوویں طبقہ کا''ضعیف'' راوی ہے نابینا تھا تلقین قبول کرتا تھا۔

☆یحییٰ بن محمد بن عبداللہ بن صیفی:

یحییٰ بن عبداللہ بن محمد بن صیفی کے ترجمہ میں ذکر گزر چکا۔(=۷۵۸۹)

۷۶۳۸۔د،ت،س۔یحییٰ بن محمد بن عبداللہ بن مہران مدنی،مولی بنی نوفل:

اسے''جاری'' کہا جاتا ہے دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے''صدوق'' راوی ہے تاہم غلطی کرجاتا ہے۔

۷۶۳۹۔بخ،م،د،ت،س،ق۔یحییٰ بن محمد بن قیس محاربی،نابینا،ابومحمد مدنی:

بصرہ فروکش ہوا،اس کا لقب''ابوزُکیر (تصغیر کے ساتھ)'' ہے آٹھویں طبقہ کا''صدوق'' راوی ہے بہت زیادہ غلطیاں کرتا ہے۔

۷۶۴۰۔م۔یحییٰ بن محمد بن معاویہ لؤلؤی،مروزی:

بخاری فروکش ہوا،گیارہویں طبقہ کا''مقبول'' راوی ہے ۲۵۷ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۴۱۔ق۔یحییٰ بن محمد بن یحییٰ ذہلی نیشاپوری:

اس کا لقب''حیکان'' ہے گیارہویں طبقہ کا''ثقہ حافظ'' راوی ہے ۲۶۷ھ میں شہید ہوا۔

☆یحییٰ بن محمد بصری،ابوزکیر:

گزر چکا۔(=۷۶۳۹)

۷۶۴۲۔س۔یحییٰ بن مختار صنعانی:

چھٹے طبقہ کا''مستور'' راوی ہے۔

۷۶۴۳۔س۔یحییٰ بن مخلد مقسمی بغدادی:

گیارہویں طبقہ کا''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۶۴۴۔ت۔یحییٰ بن مسلم بصری:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۶۴۵۔ت،ق۔یحییٰ بن مسلم یا ابن سلیم (تصغیر ہے)'' یہ ابن ابو خلید بصری المعروف یحییٰ البکاء ہے''حُدّ انی'' ولاء کی وجہ سے ہے'':

چوتھے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے ۱۳۰ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۴۶۔د۔یحییٰ بن مسلم،شامی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۶۴۷۔تمییز۔یحییٰ بن مسلم ہمدانی،ابوضحاک کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۶۴۸۔تمییز۔یحییٰ بن مسلم بصری:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے بقیہ کے مشائخ میں سے ہے۔

۷۶۴۹۔ق۔یحییٰ بن ابومطاع قرشی،الاردنی،بلال کا بھانجا:

چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے دحیم نے اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ عرباض سے اس کی روایت مرسل ہے۔

۷۶۵۰۔ق۔یحییٰ بن معلّٰی بن منصور،ابوعوانہ رازی:

بغداد فروکش ہوا،گیارہویں طبقہ کا ''صدوق صاحب حدیث'' راوی ہے۔

۷۶۵۱۔ع۔یحییٰ بن معین بن عون غطفانی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوزکریا بغدادی:

دسویں طبقہ کا ''مشہور جرح وتعدیل کا امام ثقہ حافظ'' راوی ہے ستر سے کچھ زائد برس عمر پاکر ۲۳۳ھ کو مدینہ منورہ میں فوت ہوا۔

۷۶۵۲۔ت۔یحییٰ بن مغیرہ بن اسماعیل بن ایوب مخزومی،ابوسلمہ مدنی:

گیارہویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ۲۵۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۵۳۔د،س،ق۔ یحییٰ بن مقدام بن معدی کرب:

چوتھے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۷۶۵۴۔خ،ت،س۔ یحییٰ بن مہلب بجلی، ابوکدینہ، کوفی:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے۔

۷۶۵۵۔خ،د،ت،س۔ یحییٰ بن موسیٰ بلخی، کوفی الاصل:

اس کا لقب ''خت'' ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ اس کے والد کا لقب ہے، دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۴۰ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۵۶۔د۔ یحییٰ بن میمون بن عطاء قرشی، ابوایوب التمار، بصری:

بغداد فروکش ہوا، آٹھویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ۹۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۷۶۵۷۔د،س۔ یحییٰ بن میمون حضرمی، ابوعمرہ مصری، قاضی:

پانچویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے تاہم قضاء کے متعلقہ اس پر کسی چیز (رشوت خوری) کا عیب لگایا گیا ہے ۱۱۴ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۵۸۔خت،س،ق۔ یحییٰ بن میمون ضبی، ابومعلیٰ عطار کوفی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۳۲ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۵۹۔بخ،صد،ق۔ یحییٰ بن نضر انصاری، مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۶۶۰۔تمییز۔ یحییٰ بن نضر بن عبداللہ اصبہانی، دقاق:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۶۶۱۔د،ت،س۔ یحییٰ بن ہانی بن عروہ مرادی، ابوداود کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اور ابن مسعود سے اس کی روایت مرسل ہے۔

۷۶۶۲۔ بخ،تم۔ یحییٰ بن ابو ہیثم عطار کوفی:

پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۶۶۳۔ ع۔ یحییٰ بن واضح انصاری ''ولاء کی وجہ سے ہے'' ابوتُمیلہ، مروزی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۶۶۴۔ خ،م،ت،س،ق۔ یحییٰ بن وثاب اسدی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' کوفی مقری:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ عابد'' راوی ہے ۱۰۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۶۵۔ تمییز۔ یحییٰ بن وثاب جزری:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے خارجہ بن مصعب کے مشائخ میں سے ہے۔

۷۶۶۶۔ س۔ یحییٰ بن ولید بن عبادہ بن صامت:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۶۶۷۔ د،س،ق۔ یحییٰ بن ولید طائی، ابوزعراء، کوفی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۷۶۶۸۔ خ،م،ت،س۔ یحییٰ بن یحییٰ بن بکر بن عبدالرحمٰن تمیمی، ابوزکریا نیشاپوری:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ پختہ کار امام'' راوی ہے صحیح قول کے مطابق ۲۲۶ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۶۹۔ تمییز۔ یحییٰ بن یحییٰ بن کثیر لیثی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' قرطبی، ابومحمد:

دسویں طبقہ کا ''صدوق فقیہ قلیل الحدیث، صاحب اوہام'' راوی ہے، صحیح قول کے مطابق ۲۳۴ھ میں فوت ہوا۔

☆ یحییٰ بن یحییٰ غسانی:

یہ ابن ابوزکریا ہے گزر چکا۔ (=۷۵۵۰)

۷۶۷۰۔ د۔ یحییٰ بن یحییٰ بن قیس بن حارثہ غسانی، ابوعثمان شامی:

چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے صحیح قول کے مطابق ۱۳۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۷۱۔س۔یحییٰ بن ابو یحییٰ:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۷۶۷۲۔ق۔یحییٰ بن یزداد عسکری، ابو سغر:

گیارہویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۶۷۳۔م،د۔یحییٰ بن یزید ہُنائی:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے بقول بعض یہ ابن ابو اسحاق متقدم ہے۔(۷۵۰۲)

۷۶۷۴۔د۔یحییٰ بن یزید جزری، ابو شیبہ رُہاوی:

ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۷۶۷۵۔خ،م،د،س،ق۔یحییٰ بن یعلیٰ بن حارث محاربی، کوفی:

نویں طبقہ کے صغار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے ۲۱۷ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۷۶۔م،ت،س،ق۔یحییٰ بن یعلیٰ تمیمی، ابو مُحیّاۃ، کوفی:

آٹھویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۷۶۷۷۔بخ،ت۔یحییٰ بن یعلیٰ اسلمی، کوفی:

نویں طبقہ کا ''ضعیف شیعہ'' راوی ہے۔

۷۶۷۸۔ع۔یحییٰ بن یعمُر، بصری، قاضی مرو:

مرو فروکش ہوا، تیسرے طبقہ کا ''ثقہ فصیح'' راوی ہے ارسال کرتا تھا ۱۰۰ھ سے پہلے فوت ہوا اور بقول بعض اس کے بعد ہوا۔

۷۶۷۹۔بخ،م،۴۔یحییٰ بن یمان عجلی، کوفی:

نویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق عابد بکثرت غلطیاں کرنیوالا'' راوی ہے اور اس کا حافظہ بدل گیا تھا ۸۹ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۸۰۔خ،ق۔یحییٰ بن یوسف زمّی،خراسانی:

بغداد فروکش ہوا،اسے ابن ابوکریمہ کہا جاتا ہے دسویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے"ثقہ"راوی ہے ۲۳۰ھ سے کچھ سال بعد فوت ہوا۔

۷۶۸۱۔ق۔یحییٰ انصاری،عبداللہ کا والد:

ساتویں طبقہ کا"مجہول"راوی ہے۔

☆یحییٰ البکاء(بہت زیادہ رونے والا):

یہ ابن مسلم ہے گزر چکا۔(=۷۶۴۵)

☆یحییٰ الجابر:

یہ ابن عبداللہ ہے گزر چکا۔(=۷۵۸۱)

☆یحییٰ الجاری:

یہ ابن محمد ہے گزر چکا۔(=۷۶۳۸)

☆یحییٰ کندی:

ابن قیس کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=۷۶۲۷)

۷۶۸۲۔عس۔یحییٰ:

اس نے عمیر بن سعد سے روایت کیا ہے چھٹے طبقہ کا"مجہول"راوی ہے۔

☆یزداد:

ازداد کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔

۷۶۸۳۔بخ،ت،ق۔یزید بن ابان رقاشی،ابوعمرو بصری،قصہ گو:

پانچویں طبقہ کا"زاہد ضعیف"راوی ہے ۱۲۰ھ سے پہلے فوت ہوا۔

۷۶۸۴۔ع۔یزید بن ابراہیم تُستَری،ابوسعید:

بصرہ فروکش ہوا،ساتویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے"ثقہ پختہ کار"راوی ہے تاہم قتادہ سے اس کی روایت میں

قدرے کمزوری پائی جاتی ہے صحیح قول کے مطابق ۶۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۸۵۔ د، ت، س۔ یزید بن اسود یا ابن ابواسود خزاعی "بقول بعض عامری":

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں طائف فروکش ہوئے جس نے انہیں کوفیوں میں ذکر کیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۷۶۸۶۔ بخ، م، ۴۔ یزید بن اصم "اس کا نام عمرو بن عبید ابن معاویہ بکائی، ابوعوف کوفی، ام المؤمنین میمونہ کی بہن کا بیٹا:

رقہ فروکش ہوا، کہا جاتا ہے کہ اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے مگر یہ بات ثابت نہیں ہے یہ تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۱۰۳ھ میں فوت ہوا۔

۷۶۸۷۔ د، س، ق۔ یزید بن امیہ، ابوسنان دؤلی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے دوسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے بعض حضرات نے اسے صحابہ میں شمار کیا ہے۔

۷۶۸۸۔ قد۔ یزید بن امیہ قرشی، عمر بن ذر کا شیخ:

چھٹے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۷۶۸۹۔ تمییز۔ یزید بن امیہ، دوسرا:

اس سے سعد بن صلت روایت کرتا ہے ساتویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۷۶۹۰۔ د، تم۔ یزید بن ابوامیہ اعور:

چوتھے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۷۶۹۱۔ بخ۔ یزید بن انیس ہذلی:

دوسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۷۶۹۲۔ د، س۔ یزید بن اوس، کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۸۰۰۸۔ت۔ ابو ثور، ازدی حُدانی، کوفی:

کہا گیا ہے کہ یہ حبیب بن ابو ملیکہ ہے، دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابو ثور کلبی فقیہ:

اس کا نام ابراہیم بن خالد ہے۔ (=172)

☆ ابوالشوارب ”تثنیہ کے ساتھ ہے“ جمحی:

اس کا نام محمد بن عبدالرحمٰن ہے، دونوں گزر چکے۔ (=٦٠٦٦)

حرف الجیم

☆ابو جارود، کوفی:

اس کا نام زیاد بن منذر ہے، گزر چکا۔ (=۲۱۰۱)

۸۰۰۹۔ د، ت۔ ابو جاریہ عبدی بصری:

دسویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۸۰۱۰۔ ت۔ ابو جبیر "تصغیر کے ساتھ ہے" حکم بن عمرو غفاری کا غلام:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۰۱۱۔ بخ، ہم۔ ابو جبیرہ ابن ضحاک انصاری، مدنی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں یہ بھی کہا گیا ہے کہ انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

☆ابو جبیرہ، انصاری، دوسرا:

اس کا نام زید بن جبیرہ ہے۔ (=۲۱۲۲)

☆ابو جَحّاف:

اس کا نام داود بن ابو عوف ہے۔ (=۱۸۰۵)

☆ابو جحیفہ "تصغیر کے ساتھ ہے":

اس کا نام وہب بن عبد اللہ ہے، گزر چکے۔ (=۷۴۷۹)

۸۰۱۲۔ د، س۔ ابو الجراح، ام المؤمنین ام حبیبہ کا غلام:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام زبیر ہے، جراح بھی کہا گیا ہے مگر یہ وہم ہے، تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۰۱۳۔ ت۔ ابو الجراح، بَہزی:

ساتویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۸۰۱۴۔ عس۔ ابو جَزْوہ، مازنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ ابوجری ''تصغیر کے ساتھ ہے''، ''ہجیمی'' ''یہ بھی تصغیر کے ساتھ ہے'':

ان کا نام جابر بن سلیم ہے سلیم بن جابر بھی کہا گیا ہے، معروف صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، بخ، د، ت، س۔ (=۸٦٦)

۸۰۱۵۔ ۴۔ ابوالجعد، ضمری:

کہا گیا ہے کہ ان کا نام ادرع ہے عمرو اور جنادہ بھی کہا گیا ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے، کہا گیا ہے کہ جمل کے روز قتل ہوئے۔

☆ ابوالجعد غطفانی، سالم کا والد:

اس کا نام رافع ہے گزر چکا۔ (=۱۸۷۰)

۸۰۱٦۔ د، ت۔ ابوجعفر بن محمد بن رکانہ:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۰۱۷۔ بخ، ۴۔ ابوجعفر مؤذن انصاری، مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے جس نے اسے محمد بن علی بن حسین سمجھا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۸۰۱۸۔ تمییز۔ ابوجعفر انصاری، دوسرا:

پہلے والے راوی سے بڑا ہے اس نے (سیدنا) ابوبکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کو پایا ہے دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ثابت بن عبید نے اس سے روایت کیا ہے۔

☆ ابوجعفر باقر:

یہ محمد بن علی بن حسین ہے۔ (=٦۱۵۱)

☆ ابوجعفر خطمی:

اس کا نام عمیر بن یزید ہے گزر چکے۔ (=۵۱۹۰)

۸۰۱۹۔ بخ ہم۔ ابوجعفر رازی، تمیمی "ولاء کی وجہ سے ہے":

اپنی کنیت سے مشہور ہے اس کا نام عیسیٰ بن ابو عیسیٰ عبداللہ بن ماہان ہے اصلاً مرو کا رہنے والا ہے اور ری تک تجارت کرتا تھا، ساتویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے "صدوق خصوصاً مغیرہ سے روایت کرنے میں برے حافظے والا" راوی ہے، ۱۶۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

☆ ابوجعفر سمنانی:

اس کا نام محمد بن جعفر ہے۔ (=۵۷۸۹)

۸۰۲۰۔ بخ س۔ ابوجعفر الفراء الکوفی:

اس کا نام سلمان ہے کیسان اور زیاد بھی کہا گیا ہے، چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

☆ ابوجعفر:

عمارہ بن خزیمہ سے روایت کرتا ہے، ترمذی نے کہا ہے کہ یہ خطمی نہیں ہے شاید اس کے بعد والا ہے۔

۸۰۲۱۔ د۔ ابوجعفر قاری، مدنی، مخزومی "ولاء کی وجہ سے ہے":

اس کا نام یزید بن قعقاع ہے جندب بن فیروز اور فیروز بھی کہا گیا ہے، چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۱۲۷ھ میں فوت ہوا، یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۳۰ھ میں ہوا۔

☆ ابوجعفر، مسجد عریان کا مؤذن:

اس کا نام محمد بن ابراہیم بن مسلم ہے گزر چکا۔ (=۵۷۰۱)

۸۰۲۲۔ س۔ ابوجعفر، سوادہ بن ابوجعد کا شیخ:

تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ باقر ہے۔

☆ ابوجعفر محمد بن سوقہ کا شیخ:

کہا گیا ہے کہ یہ کثیر بن جمہان ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ باقر ہے، ق۔ (=۵۶۰۷، ۶۱۵۱)

۸۰۲۳۔س۔ابوجعفر:

اس نے ابوسلمان کے واسطے سے ابومحذورہ سے اذان کے متعلقہ حدیث روایت کی ہے ثوری کے شیوخ میں سے ہے، چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ فراء ہے، س۔(=۸۰۲۰)

☆ابوجمرہ ضبعی:

اس کا نام نصر بن عمران ہے۔(=۷۱۲۲)

☆ابوجمیع تیمی:

اس کا نام سالم بن دینار ہے۔(=۲۱۷۲)

☆ابوجمیلہ:

سنین ہے۔(=۲۶۴۷)

☆ابوجمیلہ طہوی:

اس کا نام میسرہ بن یعقوب ہے، گزر چکے۔(=۷۰۳۹)

۸۰۲۴۔ع۔ابوجمعہ انصاری یا کنانی:

ان کا نام حبیب بن سباع ہے جُنَیْد ابن سبع بھی کہا جاتا ہے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں پہلے شام پھر مصر فروکش ہوئے اور ۵۰ ھ کے بعد فوت ہوئے۔

☆ابوجَناب:

اس کا نام یحییٰ بن ابوحیہ ہے۔(=۷۵۳۷)

☆ابوجُنُوب، یشکری:

عقبہ بن علقمہ ہے۔(=۴۶۴۶)

☆ابوجہضم، بنی ہاشم کا غلام:

اس کا نام موسیٰ بن سالم ہے۔(=۶۹۶۴)

24

☆ ابوالجہم، جوزجانی:

سلیمان بن جہم ہے۔ (=۲۵۴۳)

☆ ابوالجہم، حنفی:

ازرق بن علی ہے۔ (=۳۰۱)

☆ ابوجہمہ حنظلی:

زیاد بن حصین ہے، گزر چکے۔ (=۲۰۶۹)

۸۰۲۵۔ ع۔ ابوجہیم "تصغیر کے ساتھ ہے" ابن حارث بن صمۃ ابن عمرو انصاری:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام عبداللہ ہے بسا اوقات اپنے دادا کی طرف منسوب کیا جاتا ہے یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ عبداللہ بن جہیم بن حارث بن صمہ ہے، اس کا نام حارث بن صمہ بھی بتلایا گیا ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے علاوہ دوسرا ہے، معروف صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے اور ابی بن کعب کا بھانجا ہے خلافت معاویہ تک زندہ رہا۔

☆ ابوالجواب، ضبی:

اس کا نام احوص بن جواب ہے۔ (=۲۸۹)

☆ ابوالجوزاء:

اس کا نام اوس بن عبداللہ ربعی ہے، ان دونوں کا ذکر گزر چکا۔ (=۵۷۷)

۸۰۲۶۔ د۔ ابوالجودی، اسدی شامی:

واسط فروکش ہوا، اپنی کنیت سے مشہور ہے اور اس کا نام حارث بن عمیر ہے چھٹے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے اور ابوذر سے اس کی روایت مرسل ہے۔

☆ ابوجویریہ "تصغیر کے ساتھ ہے":

اس کا نام حطان بن خفاف الکبیر ہے، گزر چکا۔ (=۱۳۹۸)

۸۰۲۷۔ تمییز۔ ابو جویریہ صغیر:

اس کا نام عبدالحمید ابن عمران، کوفی ہے مدینہ فروکش ہوا، ساتویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

۸۰۲۸۔ تمییز۔ ابو جویریہ عبدی، دوسرا:

اس کا نام عبدالرحمٰن بن مسعود ہے، چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ ابوالجلاس شامی:

اس کا نام عقبہ بن سیار ہے گزر چکا۔ (=۴۶۳۸)

۸۰۲۹۔ عس۔ ابوالجلاس کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

حرف الحاء

☆ابو حاتم رازی:

محمد بن ادریس ہے۔(=۵۷۱۸)

☆ابو حاتم:

ابن عون سے روایت کرتا ہے اور یہ اشہل بن حاتم ہے، دونوں کا ذکر گزر چکا۔(=۵۳۴)

۸۰۳۰۔مد،ت۔ابو حاتم مزنی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے، بقول بعض انہیں صحابیت کا شرف حاصل نہیں ہے اور بقول بعض ان کا نام عقیل بن مقرن ہے۔

☆ابو حاجب،عنزی:

یہ سوادہ بن عاصم ہے گزر چکا۔(=۲۶۸۱)

۸۰۳۱۔بخ۔ابو الحارث کرمانی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۰۳۲۔د۔ابو حازم بن صخر بن عَیلہ:

تیسرے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے بقول بعض ان کے والد کی کنیت بھی ابو حازم ہے۔

☆ابو حازم اشجعی:

اس کا نام سلمان ہے۔(=۲۴۷۹)

☆ابو حازم،اعرج:

اس کا نام سلمہ بن دینار ہے، گزر چکے۔(=۲۴۸۹)

۸۰۳۳۔ مد۔ ابو حازم انصاری بیاضی "ولاء کی وجہ سے ہے":

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے اور بقول بعض انہیں صحابیت کا شرف حاصل نہیں ہے۔

۸۰۳۴۔ ع ، بس۔ ابو حازم غفاری "ولاء کی وجہ سے ہے" تمار، مدنی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے، جس نے اسے پہلے والے راوی سے ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۸۰۳۵۔ ابو حازم بجلی احمسی، قیس کا والد:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے، کہا گیا ہے کہ ان کا نام حصین ہے عوف اور عبد عوف بھی کہا گیا ہے۔

☆ ابو حاضر، ازدی:

اس کا نام عثمان بن حاضر ہے۔ (=۴۴۵۷)

☆ ابو الحباب:

اس کا نام سعید بن یسار ہے، گزر چکے۔ (=۲۴۲۳)

۸۰۳۶۔ ابو حبہ، انصاری، بدری:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام عامر بن عمرو ہے "بقول بعض ابن عمرو" اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کا نام عمرو ہے، ابن اسحاق نے کہا ہے کہ غزوہ احد میں شہید ہوا جبکہ واقدی کا گمان ہے کہ جس نے بدر میں شرکت کی اور احد میں شہید ہوا وہ ابو حنہ ہے، اور بظاہر "ابو حیہ" جس نے حدیث معراج اور حدیث (لم یکن) روایت کی ہے اور اس سے ابن حزم اور عمار بن ابو عمار نے روایت کیا ہے اسے محدثین نے باء کے ساتھ لکھا ہے اور اس کے علاوہ ہے جس کے غزوہ احد میں شہید ہونے کا اہل مغازی نے ذکر کیا ہے، اور پھر اس بات میں بھی حضرات کا اختلاف ہے کہ آیا وہ باء کے ساتھ ہے یا نون یا تاء کے ساتھ ہے، عمار کا شیخ (ابو حبہ) خلافت معاویہ تک زندہ رہا کیونکہ اس سے عمار نے سماع کی تصریح کی ہے، واللہ اعلم۔

۸۰۳۷۔ تمییز۔ ابو حبہ بن غزیہ انصاری:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام زید بن غزیہ ہے اس کی کنیت بھی سابقہ راوی کی طرح "ابو حبہ" باء کے ساتھ ہے تاہم نون:

کے ساتھ بھی کہا گیا ہے مگر یہ وہم ہے، اور یہ یمامہ میں قتل ہو۔

۸۰۳۸۔ق۔ابوحبیب بن یعلی بن منیہ تمیمی:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۰۳۹۔د،ت،س۔ابوحبیبہ طائی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۰۴۰۔بخ۔ابوحدرد اسلمی، مدنی:

کہا گیا ہے کہ ان کا نام عبد ہے عبید اور سلامہ بن عمیر بھی کہا گیا ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، کہا جاتا ہے کہ یہ عبداللہ بن ابوحدرد صحابی کے والد ہیں، عبداللہ ۷۱ھ میں فوت ہوا۔()

☆ابوحذیفہ ارحبی:

اس کا نام سلمہ بن صہیب ہے۔(=۴۴۹۸)

☆ابوحذیفہ نہدی:

اس کا نام موسیٰ بن مسعود ہے، گزر چکے۔(=۷۰۱۰)

۸۰۴۱۔س۔ابوحذیفہ، بلانسبت، یحییٰ بن ہانی بن عروہ کا شیخ:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عبداللہ بن محمد کوفی ہے۔

۸۰۴۲۔م،۴۔ابوحرب بن ابوالاسود دیلی، بصری:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ اس کا نام محجن ہے عطاء بھی کہا گیا ہے، ۱۰۹ھ میں فوت ہوا۔

۸۰۴۳۔س۔ابوحرب بن زید بن خالد جہنی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابوحرملہ:

ابوحوئل کے ترجمہ میں ذکر آئے گا۔(=۸۰۶۸)

☆ابو حرملہ اسلمی:

اس کا نام عبدالرحمٰن بن حرملہ ہے، گزر چکا۔ (=۳۸۴۰)

☆ابو حرملہ شیبانی:

اس کا نام ایاس بن حرملہ ہے حرملہ بن ایاس بھی کہا گیا ہے، تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

☆ابو حُرہ، بصری:

اس کا نام واصل بن عبدالرحمٰن ہے۔ (=۷۳۸۵)

☆ابو حرہ رقاشی:

اس کا نام حنیفہ ہے۔ (=۱۵۸۸)

☆ابو حُریز:

یہ عبداللہ بن حسین ہے، گزر چکے۔ (=۳۲۷۲)

۸۰۴۴۔ق۔ابو حریز:

وائل بن حجر سے روایت کرتا ہے تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

☆ابو حریز یا حریز "شک کے ساتھ ہے":

(=۱۱۸۲)

اسی طرح:

☆ابو حریز، معاویہ کا غلام:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام حریز ہے، ق۔ (=۱۱۸۵)

☆ابو حَزرہ:

اس کا نام یعقوب بن مجاہد ہے، گزر چکے۔ (=۷۸۳۱)

۸۰۴۵۔تمییز۔ابو حزرہ، دوسرا:

اس کا نام قیس بن سالم ہے چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۰۴۶۔ خت، م، ۴۔ ابوحسان اعرج احرد، بصری:

اپنی کنیت سے مشہور ہے اور اس کا نام مسلم بن عبداللہ ہے چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اس پر خارجی نظریات رکھنے کا الزام لگایا گیا ہے ۱۳۰ھ میں قتل ہوا۔

☆ ابوحسان عامری:

اس کا نام انفت ہے اور اسے الفلیت بھی کہا جاتا ہے۔ (=۵۴۶)

☆ ابوحسان قیسی:

اس کا نام خالد بن غلاق ہے۔ (=۱۶۶۲)

☆ ابوالحسن تیمی، صائغ:

اس کا نام مہاجر ہے۔ (=۶۹۲۷)

☆ ابوالحسن سوائی:

اس کا نام عطاء ہے، گزر چکے۔ (=۴۶۰۸)

۸۰۴۷۔ د، ت۔ ابوالحسن جزری:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے جس نے اس کا نام عبدالحمید ذکر کیا ہے اس سے غلطی ہوئی ہے۔

۸۰۴۸۔ د، ت۔ ابوالحسن عسقلانی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ ابوالحسن، مزنی، کوفی:

اس کا نام عبید بن حسن ہے۔ (=۴۳۶۷)

☆ ابوالحسن، میمونی:

اس کا نام عبدالملک ابن عبدالحمید ہے گزر چکے۔ (=۴۱۹۰)

۸۰۴۹۔ م، د، س، ق۔ ابوالحسن، بنی نوفل کا غلام:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۰۵۰۔بخ،س۔ابوالحسن،مولی الانصار:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۰۵۱۔د۔ابوالحسن،کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۰۵۲۔س۔ابوالحسن،شعبہ کا شیخ:

ابوحاتم نے کہا ہے کہ ''مجہول'' ہے چھٹے طبقہ سے ہے اور نسائی نے کہا ہے کہ احتمال ہے کہ یہ محمد بن عمرو بن علقمہ یا مہاجر ہو، ابن عدی کی نقل کے مطابق باغندی نے دوسرے (یعنی مہاجر ہونے) کو ترجیح دی ہے۔

☆ابوالحسن،صاحب اکفان:

یہ علی بن یزید صدائی ہے، گزر چکا۔ (=۴۸۱۶)

۸۰۵۳۔د،ت،عس۔ابوالحسناء:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام حسن ہے حسین بھی کہا گیا ہے ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابوالحسن عکلی:

یہ زید بن حباب ہے۔ (=۲۱۲۴)

☆ابوحصین ابن احمد بن عبداللہ بن یونس:

اس کا نام عبداللہ ہے، گزر چکے۔ (=۳۲۰۴)

۸۰۵۴۔د۔ابوحصین بن یحیٰ بن سلیمان رازی:

دسویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے کہا گیا ہے کہ اس کا نام عبداللہ ہے۔

☆ابوحصین اسدی:

اس کا نام عثمان بن عاصم ہے۔ (=۴۴۸۴)

☆ابوحصین حجری:

اس کا نام ہیثم بن شفی ہے، گزر چکے۔ (=۷۳۷۵)

۸۰۵۵۔ق۔ابو حصین فلسطینی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ یہ مروان بن رؤبہ تغلبی ہے۔

☆ابوحفص بن عمرو''ابوعمرو بن حفص بھی کہا گیا ہے'':

عبداللہ بن حفص کے ترجمہ میں ذکر گزر چکا۔ (=۳۲۷۹)

☆ابوحفص بن العلاء:

عمر بن العلاء کے ترجمہ میں ذکر گزر چکا۔ (=۴۹۵۴)

☆ابوحفص الاٰبار:

یہ عمر بن عبدالرحمٰن ہے، گزر چکا۔ (=۴۹۳۷)

۸۰۵۶۔س۔ابوحفص بصری، سری بن یحییٰ کا شیخ:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۰۵۷۔ق۔ابوحفص دمشقی:

پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ یہ عمر دمشقی ہے عثمان بن ابوعاتکہ بھی کہا گیا ہے۔

☆ابوحفص الفلاس الصیرفی:

یہ عمرو بن علی الحافظ ہے۔ (=۵۰۸۱)

۸۰۵۸۔س۔ابوحفصہ، مولیٰ عائشہ:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابوحفصہ یا ابوحفص، حبشی شامی:

اس کا نام حبش بن شریح ہے، د۔ (=۱۱۱۶)

☆ابوالحکم بجلی:

اس کا نام عبدالرحمٰن بن ابونعیم ہے، گزر چکے۔ (=۴۰۲۸)

۸۰۵۹۔ت،ابوالحکم بجلی:

تیسرے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ پہلے والا ہی راوی ہے۔

☆ابوالحکم سلمی:

اس کا نام عمران بن حارث ہے۔(=۵۱۴۷)

☆ابوالحکم عنزی،بصری:

اس کا نام زید بن ابوشعثاء ہے۔(=۲۱۴۱)

☆ابوالحکم عنزی،واسطی:

اس کا نام سیار ہے۔(=۱۸۔۔)

☆ابوالحکم:

اس کا یوسف کے ترجمہ میں ذکر ہے،گزر چکے۔(=۷۸۹۷)

۸۰۶۰۔س،ق۔ابوالحکم،بنی لیث کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۰۶۱۔ت۔ابوالحکم،اسماعیل کا والد:

کہا گیا ہے کہ یہ عثمان کا غلام ہے،تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۰۶۲۔ق۔ابو حُلَیس:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے اور بقیہ کے مشائخ میں سے ہے۔

☆ابوحمان:

حمان کے ترجمہ میں ذکر گزر چکا۔(=۱۵۱۱)

۸۰۶۳۔ق۔ابوالحمراء۔نبی کریم ﷺ کا غلام وخادم:

اس کا نام ہلال بن حارث یا ابن ظفر ہے حمص فروکش ہوا۔

☆ابوحمزہ بن سلیم:

اس کا نام عیسیٰ ہے۔(=۵۲۹۴)

☆ابوحمزہ اعور، قصاب:

اس کا نام میمون ہے۔(=۷۰۵۷)

☆ابوحمزہ بصری:

اس کا نام عبداللہ بن حازم ہے۔(=۳۲۴۴)

☆ابوحمزہ ثمالی:

اس کا نام ثابت بن ابوصفیہ ہے۔(=۸۱۸)

☆ابوحمزہ سکری، مروزی:

اس کا نام محمد بن میمون ہے۔(=۶۳۴۸)

☆ابوحمزہ صیرفی:

اس کا نام سوار بن داود ہے۔(=۲۶۸۴)

☆ابوحمزہ عطار:

اس کا نام اسحاق بن ربیع ہے۔(=۳۵۲)

☆ابوحمزہ، قصاب، بیاع القصب:

اس کا نام عمران بن ابوعطاء ہے۔(=۵۱۶۳)

☆ابوحمزہ، مولی الانصار:

اس کا نام طلحہ بن یزید ہے، گزر چکے۔(=۳۰۳۸)

☆☆ابوحمزہ، شعبہ کا پڑوسی:

عبدالرحمٰن بن عبداللہ کے ترجمہ میں ذکر گزر چکا۔(=۳۹۳۰)

☆ابوحمزہ کوفی:

سیار کے ترجمہ میں ذکر گزر چکا۔(=۲۷۱۹)

۸۰۶۴۔د۔ابوحمید،رعینی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۰۶۵۔ع۔ابوحمید ساعدی:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کا نام منذر بن سعید بن منذر یا ابن مالک ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ان کا نام عبدالرحمن ہے عمرو بھی کہا گیا ہے، احد اور اس کے بعد والے غزوات میں شریک تھے ۶۰ھ خلافت یزید کی ابتداء تک زندہ رہے۔

☆ابوحمید،عوذی:

اس کا نام احمد بن محمد بن مغیرہ ہے۔(=۹۹)

☆ابوحمید مصیصی:

اس کا نام عبداللہ بن محمد بن تمیم ہے، گزر چکے۔(=۳۵۸۰)

۸۰۶۶۔ق۔ابوحمید،مسافع کا غلام:

کہا گیا ہے کہ یہ عبدالرحمن بن سعد مقعد ہے ورنہ مجہول ہے، تیسرے طبقہ سے ہے۔

۸۰۶۷۔ق۔ابوحنیفہ کوفی،عبدالاکرم کا والد:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابوحنیفہ:

نعمان بن ثابت مشہور امام ہیں۔(=۷۱۵۳)

☆ابوالحواری:

اس کا نام زید بن حواری ہے۔(=۲۱۳)

☆ابوالحوراء سعدی:

اس کا نام ربیعہ بن شیبان ہے، گزر چکے۔ (=۱۹۰۷)

۸۰۶۸۔ د۔ ابوحومل ''بقول بعض ابوحرمل (امام) ابوداود کے نزدیک یہی راجح ہے'':

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابوحویرث ''تصغیر کے ساتھ ہے'' زرقی:

اس کا نام عبدالرحمٰن بن معاویہ ہے۔ (=۴۰۱۱)

۸۰۶۹۔ فق۔ ابوحویرث:

عائشہ سے روایت کرتا ہے اگر یہ اس سے پہلے والا راوی نہیں ہے تو پھر مجہول ہے، تیسرے طبقہ سے ہے۔

☆ابوحی، مؤذن:

اس کا نام شداد بن حی ہے۔ (=۲۷۵۳)

☆ابوحیان:

اس کا نام یحییٰ بن سعید بن حیان ہے، گزر چکے۔ (=۷۵۵۵)

۸۰۷۰۔ ۴۔ ابوحیہ بن قیس وادعی، کوفی:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام عمرو بن نصر ہے عبداللہ اور عامر بن حارث بھی کہا گیا ہے اور (امام) ابواحمد الحاکم وغیرہ نے کہا ہے کہ اس کا نام معلوم نہیں ہے، تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابوحیہ کلبی، ابوجناب کا والد:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، ق۔

☆ابوحیوہ حضرمی:

اس کا نام شریح بن یزید حمصی ہے، گزر چکا۔ (=۲۷۸۰)

حرف الخاء

☆ابوخالد الاحمر:

اس کا نام سلیمان بن حیان ہے۔ (=۲۵۴۷)

☆ابوخالد واسطی:

اس کا نام عمرو بن خالد ہے، گزر چکے۔ (=۵۰۲۱)

۸۰۷۱۔ بخ، د، ت، ق۔ ابوخالد بجلی، احمسی، اسماعیل کا والد:

اس کا نام سعد یا ہرمز یا کثیر ہے، تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۰۷۲۔ ۴۔ ابوخالد دالانی، اسدی، کوفی:

اس کا نام یزید بن عبدالرحمٰن ہے، ساتویں طبقہ کا "صدوق کثیر خطاء" راوی ہے اور تدلیس کرتا تھا۔

۸۰۷۳۔ د، ت، ق۔ ابوخالد، والبی، کوفی:

اس کا نام ہرمز ہے ہرم بھی کہا جاتا ہے، دوسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے (حضرت) عمر (رضی اللہ عنہ) کے پاس آیا، اور کہا گیا ہے کہ (حضرت) عمر (رضی اللہ عنہ) سے اس کی حدیث مرسل ہے اس صورت میں یہ تیسرے طبقہ سے ہوگا۔

۸۰۷۴۔ د۔ ابوخالد، جعدہ بن ہبیرہ مخزومی کا غلام:

تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۸۰۷۵۔ و۔ ابوخالد، ابن جریج کا شیخ:

احتمال ہے کہ یہ دالانی ہو ورنہ مجہول ہے، چھٹے طبقہ سے ہے۔

☆ابوخالد، قرشی:

یہ عبدالعزیز بن ابان ہے۔ (=۴۰۸۲)

☆ابو خالد:

مہاجر بن مخلد ہے۔(=۶۹۲۴)

☆ابو خِداش:

اس کا نام حبان بن زید ہے، گزر چکے۔(=۱۰۷۳)

۸۰۷۶۔ق۔ابو خراش، رعینی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابو خراش اسلمی:

اس کا نام حدرد بن ابو حدرد ہے، گزر چکا۔(=۱۱۵۱)

۸۰۷۷۔قد، ت، ق۔ابو خزامہ ابن یعمر، سعدی:

بنی حارث بن سعد بن ہذیم میں سے ایک ہیں کہا جاتا ہے کہ ان کا نام زید بن حارث یا حارث ہے مگر یہ دونوں نام وہم ہیں، یہ صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے رقیہ (جھاڑ پھونک وغیرہ) کے متعلقہ حدیث آتی ہے، اور بعض راویوں نے اسے الٹ پلٹ دیا ہے۔

۸۰۷۸۔ق۔ابو خزیمہ عبدی، بصری:

اس کا نام نصر بن مرداس ہے صالح بھی کہا گیا ہے، ساتویں طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''صدوق'' راوی ہے۔

☆ابو خزیمہ مزنی:

اس کا نام عمرو بن خزیمہ ہے۔(=۵۰۲۳)

☆ابو خثیمہ:

اس کا نام حاجب بن عمر ہے۔(۱۰۰۵)

☆ابو خصیب:

اس کا نام زیاد بن عبد الرحمٰن ہے۔(=۲۰۸۹)

☆ابوخطاب:

اس کا نام زیاد بن یحییٰ حسانی ہے، گزر چکے۔ (=۲۱۰۴)

۸۰۷۹۔ق۔ابوخطاب دمشقی:

رزیق سے روایت کرتا ہے اس کا نام حماد ہے اور یہ ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۰۸۰۔س۔ابوخطاب، مصری:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۰۸۱۔ق۔ابوخطاب، ہجری:

اس کا نام عمرو ہے عمر بھی کہا گیا ہے، ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابوخطاب بصری:

اس کا نام حمید بن یزید ہے، گزر چکا۔ (=۱۵۶۵)

۸۰۸۲۔ت۔ابوخطاب، لیث بن ابوسلیم کا شیخ:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابوخلدہ:

اس کا نام خالد بن دینار ہے، گزر چکا۔ (=۱۶۲۷)

۸۰۸۳۔ق۔ابوخلف نابینا، انس کا خادم، موصل فروکش ہونیوالا:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام حازم بن عطاء ہے، پانچویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ابن معین نے اس پر کذب (جھوٹ بولنے) کا الزام لگایا ہے اور جس نے اسے مروان اصفر سمجھا ہے اسے وہم ہوا ہے، (امام) مسلم کے کہنے کے مطابق مروان اصفر کو بھی ابوخلف کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے، واللہ اعلم، ق۔

☆ابوخلف، عمی، بصری:

موسیٰ بن خلف ہے۔ (=۶۹۵۸)

☆ابوخلیفہ یا ابن خلیفہ:

یہ عبداللہ بن خلیفہ ہے، گزر چکے۔(=۳۲۹۵)

۸۰۸۴۔عس۔ابوخلیفہ طائی، بصری:

علی سے روایت کرتا ہے تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابوخلیل، حضرمی:

عبداللہ بن خلیل ہے۔(=۳۲۹۶)

☆ابوخلیل ضبعی:

صالح بن ابومریم ہے، گزر چکے۔(=۲۸۸۷)

۸۰۸۵۔ق۔ابوخلاد:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، کہا جاتا ہے کہ ان کا نام عبدالرحمٰن بن زہیر ہے۔

☆ابوخیثمہ:

زہیر بن معاویہ جعفی ہے۔(=۲۰۵۱)

☆ابوخیثمہ:

زہیر بن حرب بغدادی ہے۔(=۲۰۴۲)

☆ابوالخیر:

مرثد بن عبداللہ یزنی ہے، گزر چکے۔(=۶۵۴۷)

حرف الدال

☆ابوداود، نابینا:

اس کا نام نفیع ہے۔(=۷۱۸۱)

☆ابوداود حرانی:

اس کا نام سلیمان بن سیف ہے۔(=۲۵۷۱)

☆ابوداود حفری:

اس کا نام عمر بن سعد ہے۔(=۴۹۰۴)

☆ابوداود سجستانی، صاحب سنن:

ان کا نام سلیمان بن اشعث ہے۔(=۲۵۳۳)

☆ابوداود سنجی:

سلیمان بن معبد ہے۔(=۲۶۱۱)

☆ابوداود طیالسی:

اس کا نام سلیمان بن داود ہے۔(=۲۵۵۰)

☆ابوداود:

ابوسعید سے روایت کرتا ہے، درست داود سراج ہے، گزر چکے۔(=۱۸۱۹)

☆ابوورداء:

عویمر کے ترجمہ میں گزر چکا۔(=۵۲۲۸)

☆ابو دہماء عدوی، بصری:

قرفہ کے ترجمہ میں گزر چکا۔ (=۵۵۳۶)

۸۰۸۶۔ تمییز۔ ابو دہماء بصری صغیر:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابو دوس حمصی:

عثمان بن عبید ہے، گزر چکا۔ (=۴۴۹۹)

حرف الذال

☆ابوذبیان تمیمی:

اس کا نام خلیفہ بن کعب ہے۔ (=۱۷۴۷)

۸۰۸۷۔ع۔ابوذرغفاری:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں صحیح قول کے مطابق ان کا نام جندب بن جنادہ ہے، بریر "باء کے ساتھ مصغر یا مکبر ہے" بھی کہا گیا ہے، ان کے والد کے نام میں بھی اختلاف ہے کہا گیا ہے کہ جندب یا عشرقہ یا عبداللہ یا سکن ہے، یہ بہت پہلے مسلمان ہوئے تاہم ان کی ہجرت مؤخر ہوگئی بدر میں شریک نہیں ہوئے، اور ان کے مناقب بہت زیادہ پائے جاتے ہیں ۳۲ھ کو خلافت عثمانی میں فوت ہوئے۔

۸۰۸۸۔ بخ، د، ت، ق۔ ابوراشد حُبرانی، شامی:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام اخضر ہے نعمان بھی کہا گیا ہے، دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۸۰۸۹۔ د۔ ابوراشد:

عمار سے روایت کرتا ہے، تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ ابورافع صائغ:

اس کا نام نُفیع ہے۔ (=۷۱۸۲)

☆ ابورافع مدنی، قصہ گو:

اس کا نام اسماعیل بن رافع ہے۔ (=۴۴۲)

۸۰۹۰۔ ع۔ ابورافع، قبطی، مولی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اس کا نام ابراہیم ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اسلم یا ثابت یا ہرمز ہے، صحیح قول کے مطابق (حضرت) علی (رضی اللہ عنہ) کے ابتدائی دورِ خلافت میں فوت ہوا۔

۸۰۹۱۔ د۔ ابورافع:

اس سے رافع بن خدیج نے بٹائی پر زمین دینے کے بارے میں روایت کیا ہے، احتمال ہے کہ یہ ان دو عمیہ میں سے ایک ہو جن سے صحیح میں روایت کیا گیا ہے اور ان دونوں کا نام ظہیر اور مہیر ہے۔

☆ ابورافع:

جابر یا ابن رافع یا رافع سے روایت کرتا ہے، درست عبیداللہ بن عبدالرحمٰن بن رافع بن خدیج ہے، گزر چکا۔ (=۸۱۰۲)

☆ابو ربیع زہرانی:

اس کا نام سلیمان بن داود ہے۔(=۲۵۵۶)

☆ابو ربیع:

اس کا نام اشعث بن سعید ہے۔(=۵۲۳)

☆ابو ربیع مہری:

اس کا نام سلیمان بن داود ہے، گزر چکے۔(=۲۵۵۱)

۸۰۹۲۔ بخ، ت۔ ابو ربیع مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۰۹۳۔ د، ت، ق۔ ابو ربیعہ ایادی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ اس کا نام عمر بن ربیعہ ہے۔

۸۰۹۴۔ د، ت۔ ابو رجاء، ابو بکر صدیق کا غلام:

دوسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابو رجاء حدانی:

اس کا نام محمد بن سیف ہے۔(=۵۹۴۸)

☆ابو رجاء جزری:

اس کا نام محرز بن عبد اللہ ہے۔(=۶۵۰۲)

☆ابو رجاء ہروی:

اس کا نام عبد اللہ بن واقد ہے۔(=۳۶۸۴)

☆ابو رجاء عطاردی:

اس کا نام عمران بن ملحان ہے۔(=۵۱۷۱)

☆ابورجاء، ابوقلابہ کا غلام:

اس کا نام سلمان ہے، گزر چکے۔ (=۲۴۸۰)

۸۰۹۵۔د۔ابورجاء:

ابوصلت سے روایت کرتا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ ہروی ہے وگرنہ مجہول ہے، ہروی کے طبقہ سے ہی ہے۔

☆ابورجال، انصاری:

اس کا نام محمد بن عبدالرحمٰن ہے، گزر چکا۔ (=۶۰۷۰)

۸۰۹۶۔ت۔ابورحال انصاری، بصری:

اس کا نام محمد بن مخلد ہے، خالد بن محمد بھی کہا گیا ہے، پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

۸۰۹۷۔خت۔ابورحال طائی، کوفی:

اس کا نام عقبہ بن عبید ہے پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابورداد لیثی:

رداد کے ترجمہ میں گزر چکا۔ (=۱۹۳۱)

☆ابورزین اسدی:

یہ مسعود بن مالک ہے گزر چکا۔ (=۶۶۱۲)

☆ابورزین عقیلی:

اس کا نام لقیط ہے، گزر چکا۔ (=۵۶۸۰)

☆ابورزین:

علی سے روایت کرتا ہے۔ درست ابن زریر ہے اور ابن زریر عبداللہ ہے گزر چکا۔ (=۳۳۲۲)

۸۰۹۸۔بخ۔ابورزیق مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابو رشدین:

یہ کریب، ابن عباس کا غلام ہے، گزر چکا۔ (=۵۶۳۸)

۸۰۹۹۔ بخ، م، س۔ ابو رفاعہ عدوی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کا نام تمیم بن اسد ہے عبداللہ بن حارث بھی کہا گیا ہے، بصرہ فروکش ہوئے اور بقول بعض ۴۴ھ میں شہید ہوئے۔

☆ابو رفاعہ:

ابوسعید سے روایت کرتا ہے، رفاعہ کے ترجمہ میں گزر چکا۔ (=۱۹۵۱)

۸۱۰۰۔ د، س، ق۔ ابو رفیع "تصغیر کے ساتھ ہے" مخدجی:

بقول بعض اس کا نام رفیع ہے تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۱۰۱۔ عس۔ ابو رقاد نخعی، کوفی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۱۰۲۔ د، ت، س۔ ابو رمثہ، بلوی "بقول بعض تیمی اور بقول بعض تمیمی اور یہ بھی کہا جاتا ہے یہ دو ہیں" کہا گیا ہے کہ اس کا نام رفاعہ بن یثربی ہے اس کے برعکس بھی کہا جاتا ہے اور عمارہ بن یثربی اور حیان بن وہب بھی کہا گیا ہے، اسی طرح جندب اور خشخاش بھی کہا گیا ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے (حافظ) ابن سعد نے کہا ہے کہ افریقہ میں فوت ہوا۔

☆ابو رملہ:

یہ عامر ہے۔ (=۳۱۱۳)

☆ابو رہم سمعی:

یہ احزاب ہے۔ (=۲۸۶)

☆ابو رہم غفاری:

یہ کلثوم ہے۔ (=۵۶۵۶)

☆ابو رواحہ شامی:

یہ یزید بن ایہم ہے۔ (=۷۶۹۳)

☆ابو روح شامی:

یہ شبیب بن نعیم ہے۔ (=۲۷۴۴)

☆ابو روح عتکی:

یہ عبدالرحمٰن بن قیس ہے۔ (=۳۹۸۸)

☆ابو روق ہمدانی:

یہ عطیہ بن حارث ہے۔ (=۴۶۰۵)

☆ابو ریحانہ مدنی:

یہ شمعون ہے۔ (=۲۸۴۴)

☆ابو ریحانہ سعدی:

یہ عبداللہ بن مطر ہے، گزر چکے۔ (=۳۶۲۳)

☆ابو رِیمہ:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے، ابن مندہ نے اسی طرح لکھا ہے جبکہ ابوداود کے نسخوں میں "ابو رمثہ" ہے جو کہ گزر چکا ہے۔ (=۸۱۰۲)

حرف الزاء

☆ابوزاہریہ:

یہ حدیر بن کریب ہے، گزر چکا۔ (=۱۱۵۳)

☆ابوزائد:

ابوزید کے ترجمہ میں ہے۔ (=۸۱۰۸)

☆ابوزبید:

یہ عبثر بن قاسم ہے۔ (=۳۱۹۷)

☆ابوزبیر مکی:

یہ محمد بن مسلم ہے۔ (=۶۲۹۱)

☆ابوزرارہ مصری:

یہ لیث بن عاصم ہے، گزر چکے۔ (=۵۶۸۶)

۸۱۰۳۔ ع۔ ابوزرعہ بن عمرو بن جریر بن عبداللہ بجلی، کوفی:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام ہرم ہے عمرو، وعبداللہ اور عبدالرحمٰن وجریر بھی کہا گیا ہے، تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

☆ابوزرعہ دمشقی حافظ:

یہ عبدالرحمٰن بن عمرو ہے۔ (=۳۹۶۵)

☆ابوزرعہ رازی حافظ:

یہ عبیداللہ بن عبدالکریم ہے۔ (=۴۳۱۶)

☆ابوزرعہ سیبانی:

یہ یحییٰ بن ابوعمرو ہے، گزر چکے۔(=۷۶۱۶)

۸۱۰۴۔ت۔ابوزرعہ:

اس نے ابوادریس خولانی سے روایت کیا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ ابن عمرو بن جریر ہے، بصورت دیگر "مجہول" ہے، پانچویں طبقہ سے ہے۔

☆ابوزعراء ازدی، اکبر:

اس کا نام عبداللہ بن ہانی ہے۔(=۳۶۷۷)

☆ابوزعراء جشمی، اصغر:

یہ عمرو بن عمرو ہے۔(=۵۰۸۲)

☆ابوزعراء طائی:

یہ یحییٰ بن ولید ہے۔(=۷۶۶۷)

☆ابوزکیر "تصغیر کے ساتھ ہے":

یحییٰ بن محمد بن قیس ہے۔(=۷۶۳۹)

☆ابوزُمَیل "تصغیر کے ساتھ ہے":

یہ سماک بن ولید ہے۔(=۲۶۲۸)

☆ابوزناد:

یہ عبداللہ بن ذکوان ہے۔(=۳۳۰۲)

☆ابوزہیر:

یہ عبدالرحمٰن بن مغراء ہے۔(=۴۰۱۳)

☆ابوزہیر ازدی:

یہ العلاء بن زہیر ہے، گزر چکے۔(=۵۲۳۷)

☆ابوزہیر:

ابوالازہر کے ترجمہ میں گزر چکا۔ (=۷۹۳۱)

۸۱۰۵۔ق۔ابوزہیر ثقفی:

یہ معاذ بن رباح ہے، ابن معاذ بن رباح بھی کہا گیا ہے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کا نام عمار بن حمید ہے اسی طرح عمارہ بن رویبہ بھی کہا گیا ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے اس سے حدیث آتی ہے۔

☆ابوزیاد شامی:

یہ خیار بن سلمہ یا ابن سلمہ ہے، گزر چکا۔ (=۱۷۷۱)

۸۱۰۶۔تمییز۔ابوزیاد، شامی، غسانی، دوسرا:

اس کا نام یحییٰ بن عبید ہے، چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۱۰۷۔د۔ابوزیاد کلابی لغوی:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام یزید بن عبداللہ بن حارث ہے، دسویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابوزیادہ:

یہ عبیداللہ بن زیادہ ہے۔ (=۴۲۹۳)

☆ابوزید، انصاری:

یہ عمرو بن اخطب ہے۔ (=۴۹۸۸)

☆ابوزید انصاری نحوی:

سعید بن اوس ہے، گزر چکے۔ (=۲۲۷۲)

۸۱۰۸۔د،ت،ق۔ابوزید مخزومی، عمرو بن حریث کا غلام:

ابوزائد بھی کہا گیا ہے، تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابوزید ہروی:

یہ سعید بن ربیع ہے، گزر چکا۔(=۲۳۰۳)

۸۱۰۹۔د،ق۔ابوزید، بنی ثعلبہ کا غلام:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام ولید ہے، چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۱۱۰۔ق۔ابوزید:

اس نے ابو مغیرہ سے روایت کیا ہے ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ عبدالملک بن میسرہ ہے۔

۸۱۱۱۔س۔ابوزید، ابوجہم کا شیخ:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۱۱۲۔ق۔ابوزینب، حازم بن حرملہ غفاری کا غلام:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

حرف السین

☆ابوساسان:

یہ حضین بن منذر ہے۔ (=۱۳۹۷)

☆ابو سالم جیشانی:

یہ سفیان بن ہانی ہے، گزر چکے۔ (=۲۴۵۵)

۸۱۱۳۔ ر،م،۴۔ ابوسائب انصاری، مدنی، ابن زہرہ کا غلام:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عبداللہ بن سائب ہے، تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

☆ابوسائب:

یہ سلم بن جنادہ ہے۔ (=۲۴۶۴)

☆ابوسبا تجیبی:

یہ عتبہ بن تمیم ہے، گزر چکے، مد۔ (=۴۴۲۶)

۸۱۱۴۔ د،ت،ق۔ ابوسبرہ، نخعی، کوفی:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عبداللہ بن عابس ہے، تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۱۱۵۔ عس۔ ابوسخیلہ:

تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

☆ابو سروعہ:

یہ عقبہ بن حارث ہے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کا بھائی ہے۔ (=۴۶۳۴)

☆ابو سَرِیحہ:

یہ حذیفہ بن اسید ہے، گزر چکے۔(=۱۱۵۴)

۸۱۱۶۔ت،ق۔ابو سعد، بن ابو فضالہ، بقول بعض ابو سعید بن فضالہ، بن ابو فضالہ:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

۸۱۱۷۔ت،ق۔ابو سعد، ازدی، کوفی، قاریٔ ازد، بقول بعض ابو سعید:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابو سعد:

یہ شرحبیل بن سعد ہے۔(=۲۷۶۴)

☆ابو سعد انصاری:

ابو سعید کے ترجمہ میں آئے گا۔(=۸۱۲۵،۸۱۲۹)

☆ابو سعد بقال:

یہ سعید بن مرزبان ہے گزر چکا۔(=۲۳۸۹)

۸۱۱۸۔د۔ابو سعد، حمیری، حمصی، بقول بعض ابو سعید:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۱۱۹۔ق۔ابو سعد ساعدی:

پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابو سعد صغانی:

یہ محمد بن میسر ہے، گزر چکا۔(=۶۳۴۴)

☆ابو سعد مدنی:

ابو رافع سے روایت کرتا ہے کہا گیا ہے کہ یہ شرحبیل بن سعد ہے، ق۔(=۲۷۶۴)

۸۱۲۰۔ق۔ابوسعد، مکی، نابینا:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابوسعد الخیر، بقول بعض ابوسعید حبرانی:

آئے گا۔(=۸۱۲۶)

۸۱۲۱۔قدس۔ابوسعید بن رافع مدنی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۱۲۲۔خ،د،س،ق۔ابوسعید بن معلیٰ انصاری، مدنی:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام رافع بن اوس ہے، حارث بھی کہا گیا ہے اسی طرح ابن نفیع بھی کہا جاتا ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے ۷۳ھ میں فوت ہوا، اس کی تاریخ وفات کے متعلق اور اقوال بھی پائے جاتے ہیں۔

۸۱۲۳۔ت۔ابوسعید بن ابو معلیٰ ''بقول بعض ابن معلیٰ'' مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابوسعید ازدی:

ابوسعد کے ترجمہ میں ہے۔(=۸۱۱۷)

۸۱۲۴۔د۔ابوسعید ازدی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابوسعید الاشج:

یہ عبداللہ بن سعید ہے۔(=۳۳۵۴)

☆ابوسعید البراد:

یہ اسید بن ابوسعید ہے۔(=۵۱۰)

☆ابوسعید جعفی:

یہ یحییٰ بن سلیمان ہے، گزر چکے۔(=۷۵۶۴)

۸۱۲۵۔س۔ابو سعید انصاری "بقول بعض ابو سعد":

بقول بعض یہ عمر بن حفص بن ثابت حلبی ہے، دسویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۱۲۶۔د،ق۔ابو سعید خیرانی حمصی:

اس کا نام زیاد ہے عامر اور عمر بھی کہا گیا ہے، تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۸۱۲۷۔تمییز۔ابو سعید الخیر، الانماری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے جس نے انہیں ان سے پہلے والے راوی کے ساتھ ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۸۱۲۸۔د،ق۔ابو سعید حمیری، شامی:

تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے معاذ بن جبل سے اس کی روایت مرسل ہے۔

☆ابو سعید خدری:

یہ سعد بن مالک ہے۔(=۲۲۵۳)

☆ابو سعید رعینی:

یہ جعثل ابن ہاعان ہے، گزر چکے۔(=۹۲۳)

۸۱۲۹۔س،ق۔ابو سعید زرقی انصاری:

ابو سعد بھی کہا گیا ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کا نام عمارہ بن سعید یا اس کے برعکس ہے ابن حبان نے اسے صحیح کہا ہے، اسی طرح عامر بن مسعود بھی کہا گیا ہے مگر یہ غلطی ہے اور ابن حبان نے اس بات پر اعتماد کیا ہے کہ یہ ابو سعید الخیر ہے۔

۸۱۳۰۔م۔ابو سعید، شامی:

اس نے مغیرہ بن شعبہ کے غلام وراد سے روایت کیا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ عائشہ کا رضاعی بھائی کثیر یا عمرو بن سعید ثقفی یا عبد ربہ یا حسن بصری یا کوئی دوسرا ہے مجہول ہے اس کا نام معلوم نہیں ہے چھٹے طبقہ سے ہے۔

۸۱۳۱_ق_ابوسعید شامی:

اس نے مکحول سے روایت کیا ہے ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابوسعید مقبری:

یہ کیسان ہے۔(=۵۶۷۶)

☆ابوسعید مؤدب:

یہ محمد بن مسلم ہے۔(=۶۲۹۸)

☆ابوسعید، بنی ہاشم کا غلام:

یہ عبدالرحمٰن بن عبداللہ ہے، گزر چکے۔(=۳۹۱۸)

۸۱۳۲_م،د،س،ق_ابوسعید، ابن عامر خزاعی کا غلام:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۱۳۳_م،د،ت،س_ابوسعید، مہری کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۱۳۴_ق_ابوسعید:

اس نے عبدالملک زبیری سے روایت کیا ہے ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابوالسفر:

یہ سعید بن یحمد ہے۔(=۲۳۱۳)

☆ابوسفیان:

یہ صخر بن حرب ہے۔(=۲۹۰۵)

☆ابوسفیان بن عبدربہ:

یہ عبدالرحمٰن ہے، گزر چکے۔(=۳۹۱۶)

۸۱۳۵۔د،س۔ ابوسفیان بن سعید بن مغیرہ بن اخنس ثقفی، مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابوسفیان اصبہانی:

یہ صالح بن مہران ہے۔(=۲۸۹۰)

☆ابوسفیان الالہانی:

یہ محمد بن زیاد ہے۔(=۵۸۸۹)

☆ابوسفیان حمیری:

یہ سعید بن یحییٰ ہے۔(=۲۴۱۷)

☆ابوسفیان سعدی:

یہ طریف بن شہاب ہے۔(=۳۰۱۳)

☆ابوسفیان معمری:

یہ محمد بن حمید ہے۔(=۵۸۳۵)

☆ابوسفیان:

جابر سے روایت کرتا ہے یہ طلحہ بن نافع ہے، گزر چکے۔(=۳۰۳۵)

۸۱۳۶۔ع۔ ابوسفیان، ابن ابواحمد کا غلام:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام وہب ہے قزمان بھی کہا گیا ہے، تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۸۱۳۷۔د۔ ابوسفیان:

عمرو بن حریش سے روایت کرتا ہے چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابوسکین طائی:

یہ زکریا بن یحییٰ ہے، گزر چکا۔(=۲۰۳۴)

۸۱۳۸۔د،س۔ابوسکینہ حمصی:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام محلّم ہے، اس کی صحابیت مختلف فیہ ہے اور اس سے حدیث آتی ہے۔

۸۱۳۹۔س۔ابوسلمان، مؤذن:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام ہمام ہے، تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۱۴۰۔تمییز۔ابوسلمان، حجاج کا مؤذن، دوسرا:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۱۴۱۔س۔ابوسلمی، نبی کریم ﷺ کا چرواہا:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے کہا گیا ہے کہ اس کا نام حریث ہے۔

☆ابوسلمہ بن سفیان مخزومی:

اس کا نام عبداللہ ہے۔(=۳۳۶۱)

☆ابوسلمہ بن عبدالاسد مخزومی:

یہ عبداللہ ہے، گزر چکے۔(=۳۴۲۰)

۸۱۴۲۔ع۔ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بن عوف زہری، مدنی:

اس کا نام عبداللہ ہے اسماعیل بھی کہا گیا ہے، تیسرے طبقہ کا ''ثقہ کثیر الحدیث'' راوی ہے ۹۴ھ یا ۱۰۴ھ میں فوت ہوا جبکہ ۲۰ھ سے کچھ سال بعد پیدا ہوا تھا۔

۸۱۴۳۔د۔ابوسلمہ بن عُبَیہ، مدنی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابوسلمہ، شحام بصری:

یہ عثمان ہے۔(=۴۵۳۱)

☆ابوسلمہ تبوذکی:

یہ موسیٰ بن اسماعیل ہے۔(=۶۹۴۳)

☆ابوسلمہ حمصی:

یہ سلیمان بن سلیم ہے۔(=۲۵۶۲)

☆ابوسلمہ:

ربیع بن حبیب ہے۔(=۱۸۸۲)

☆ابوسلمہ خراسانی:

یہ مغیرہ بن مسلم سراج ہے۔(=۶۸۵۰)

☆ابوسلمہ خزاعی:

یہ منصور بن سلمہ ہے، گزر چکے۔(=۶۹۰۱)

۸۱۴۴۔ق۔ابوسلمہ حمصی:

بلال سے روایت کرتا ہے تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۱۴۵۔ق۔ابوسلمہ، عاملی، شامی:

یہ حکم ابن عبداللہ بن خطاف ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کا نام عبداللہ بن سعد ہے، ساتویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے ابوحاتم نے اس پر کذب (جھوٹ بولنے) کا الزام لگایا ہے۔

۸۱۴۶۔ت۔ابوسلمہ، کندی، زید بن حباب کا شیخ:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابوسلمہ:

یہ یحیٰ بن مغیرہ ہے۔(=۷۶۵۲)

☆ابوسلیل:

یہ ضریب بن نقیر ہے۔(=۲۹۸۴)

☆ابوسلیمان جہنی:

یہ زید بن وہب ہے۔(=۲۱۵۹)

☆ ابوسلیمان عصری:

یہ خلید بن عبداللہ ہے۔ (=۱۷۴۱)

☆ ابوسمح:

یہ دراج ہے، گزر چکے۔ (=۱۸۲۴)

۸۱۴۷۔د،س،ق۔ابوسمح، نبی کریم ﷺ کا خادم:

کہا گیا ہے کہ ان کا نام ایاد ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے ایک حدیث آتی ہے جسے بعض حضرات نے مختصر نقل کیا ہے۔

۸۱۴۸۔ق۔ابوسمیہ "تصغیر کے ساتھ ہے":

جابر سے روایت کرتا ہے چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۱۴۹۔ت،س،ق۔ابوسنابل ابن بعکک "جعفر کے وزن پر ہے" ابن حارث بن عُمیلہ ابن سباق بن عبدالدار قرشی:

کہا گیا ہے کہ ان کا نام عمرو ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ لبید ربہ یا حبہ یا حنہ یا عامر یا اصرم ہے، مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں۔

☆ ابوسنان دؤلی:

یہ یزید بن معاویہ ہے۔ (=۷۶۸۷)

☆ ابوسنان شیبانی اکبر:

یہ ضرار بن مرہ ہے۔ (=۲۹۸۳)

☆ ابوسنان قسملی:

یہ عیسیٰ بن سنان ہے۔ (=۵۲۹۵)

☆ ابوسہل:

یہ کثیر بن زیاد ہے۔ (=۵۶۱۰)

☆ابوسہل:

شعبی سے روایت کرتا ہے یہ محمد بن سالم ہے، گزر چکے۔(=۵۸۹۸)

۸۱۵۰۔قد۔ابوسہل، داود بن سلیک:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابوسہل انصاری:

یہ محمد بن عمرو ہے۔(=۶۱۹۴)

☆ابوسہلہ:

یہ سائب بن خلاد ہے، گزر چکے۔(=۲۱۹۶)

۸۱۵۱۔ت،ق۔ابوسہلہ، عثمان بن عفان کا غلام ''ابوشہلہ بھی کہا جاتا ہے'':

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ابوسہم:

شین میں آئے گا۔(=۸۱۶۴)

☆ابوسہیل بن مالک بن ابوعامر اصبحی:

اس کا نام نافع ہے۔(=۷۰۸۱)

☆ابوسوار عنبری:

یہ عبداللہ بن قدامہ ہے، گزر چکے۔(=۳۵۳۹)

۸۱۵۲۔خ،م،س۔ابوسوار عدوی، بصری:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام حسان بن حریث ہے اس کے برعکس بھی کہا گیا ہے اسی طرح حریف، منقذ اور حجیر بن ربیع بھی کہا گیا ہے، دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ابوسوداء نہدی:

یہ عمرو بن عمران ہے، گزر چکا۔(=۵۰۸۴)

۸۱۵۳۔ بخ س۔ ابوسوداء:

ابن عمر سے روایت کرتا ہے چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆ ابوسودہ:

عنقریب آئے گا۔ (=۸۱۵۵)

۸۱۵۴۔ د،ت،ق۔ ابوسَوْرہ، انصاری، ابوایوب کا بھتیجا:

تیسرے طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۸۱۵۵۔ د۔ ابوسوید "تصغیر کے ساتھ ہے" یا ابوسَوِیّہ، بصری:

یہ حمید بن سویہ ہے ابن حمید بھی کہا گیا ہے اور جس نے اسے ابوسودہ کہا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

☆ ابوسلام اسود حبشی:

یہ مطور ہے۔ (=۶۸۷۹)

☆ ابوسلام حنفی:

یہ عبدالملک بن مسلم ہے، گزر چکے۔ (=۴۲۱۶)

۸۱۵۶۔ ق۔ ابوسلام، نبی کریم ﷺ کے خادم، اسی طرح آیا ہے مگر درست (سند) "عن ابی سلام عن رجل خدم النبی ﷺ" ہے اور اس (سند) میں ابوسلام سے مراد مذکورہ راوی مطور ہے۔

☆ ابوسلامہ:

خداش کے ترجمہ میں ہے، ق۔ (=۱۷۰۴)

۸۱۵۷۔ ق۔ ابوسیّارہ متعی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں کہا جاتا ہے کہ ان کا نام عمیرہ بن عزل ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ عمیر یا عمیر یا حارث بن مسلم ہے۔

حرف الشین

☆ ابوشجاع:

یہ سعید بن یزید ہے۔ (=۲۴۳۲)

☆ ابوشجرہ:

یہ کثیر بن مرہ ہے، گزر چکے۔ (=۵۶۳۱)

۸۱۵۸۔ع۔ابوشریح خزاعی، کعبی:

ان کا نام خویلد بن عمرو ہے یا اس کے برعکس ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ عبدالرحمٰن بن عمرو یا ہانی یا کعب ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں مدینہ فروکش ہوئے اور صحیح قول کے مطابق ۶۸ھ میں فوت ہوئے۔

☆ ابوشریح، کندی:

یہ ہانی بن یزید ہے۔ (=۷۲۶۵)

☆ ابوشریح معافری:

یہ عبدالرحمٰن بن شریح ہے، گزر چکے۔ (=۳۸۹۴)

۸۱۵۹۔ق۔ابوشریح:

ابومسلم عبدی سے روایت کرتا ہے چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۱۶۰۔بخ،م،س۔ابوشعبہ مزنی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' کوفی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ ابوشعثاء:

یہ جابر بن زید ہے۔ (=۸۶۵)

☆ابوشعثاء محاربی:

یہ سلیم بن اسود ہے۔ (=۲۵۲۴)

☆ابوشعیب مجنون:

یہ صلت بن دینار ہے، گزر چکے۔ (=۲۹۴۷)

☆ابوشعیب، صاحب طیالسہ:

یہ شعیب ہے اسماء میں گزر چکا۔ (=۲۸۱۰)

۸۱۶۱۔ت۔ابوشمال:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۱۶۲۔م،س۔ابوشمر ضبعی، بصری:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۱۶۳۔خت۔ابوشموس بلوی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

☆ابوشہاب حناط:

یہ موسیٰ بن نافع ہے۔ (=۷۰۱۸)

☆ابوشہاب حناط، دوسرا، یہ چھوٹا ہے:

اس کا نام عبدربہ بن نافع ہے، گزر چکے۔ (=۳۷۹۰)

۸۱۶۴۔س۔ابوشیم، ابوسہم بھی کہا گیا ہے:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں کوفہ فروکش ہوئے، کہا جاتا ہے کہ ان کا نام یزید بن ابوشیبہ ہے۔

☆ابوشیم:

ابوہریرہ سے روایت کرتا ہے اسی طرح آیا ہے درست ابوسلمہ ابن عبدالرحمٰن ہے، ق۔ (=۸۱۴۲)

☆ابوشیبہ بن ابوشیبہ:

یہ ابراہیم بن عبداللہ ہے۔(=۲۰۰)

☆ابوشیبہ جوہری:

یہ یوسف بن ابراہیم ہے۔(=۷۸۵۵)

☆ابوشیبہ:

یہ یحیٰی بن یزید ہے۔(=۷۶۷۴)

☆ابوشیبہ زبیدی:

یہ سعید بن عبدالرحمٰن ہے۔(=۲۳۵۱)

☆ابوشیبہ کبیر:

یہ ابراہیم بن عثمان ہے۔(=۲۱۵)

☆ابوشیبہ:

یہ یحیٰی بن عبدالرحمٰن کندی ہے۔(=۷۵۹۴)

☆ابوشیبہ واسطی:

یہ عبدالرحمٰن بن اسحاق ہے، گزر چکے۔(=۳۷۹۹)

۸۱۲۵۔ت،ق۔ابوشیبہ:

عبداللہ بن عکیم سے روایت کرتا ہے احتمال ہے کہ یہ مذکورہ حضرات میں سے کوئی ایک ہو بصورت دیگر مجہول ہے

چھٹے طبقہ سے ہے۔

۸۱۲۶۔د،س۔ابوشیخ ہنائی، بصری:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام حیوان "حیوان مہملہ یا معجمہ کے ساتھ ہے" ابن خالد ہے، اور تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۸۱۶۷۔س،ق۔ابوصادق ازدی،کوفی:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام مسلم بن یزید ہے عبداللہ بن ناجذ بھی کہا گیا ہے، چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اور علی سے اس کی روایت مرسل ہے۔

۸۱۶۸۔ق۔ابوصالح اشعری شامی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۱۶۹۔فق۔ابوصالح اشعری یا انصاری:

ابوامامہ سے روایت کرتا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ اس سے پہلے والا ہی راوی ہے بصورت دیگر مجہول ہے پانچویں طبقہ سے ہے۔

☆ابوصالح،لیث کا کاتب:

یہ عبداللہ بن صالح ہے۔(=۳۳۸۸)

☆ابوصالح حرانی:

یہ عبدالغفار بن داود ہے، گزر چکے۔(=۴۱۳۶)

۸۱۷۰۔س۔ابوصالح حارثی:

کہا جاتا ہے کہ خازن یا حادی ہے، پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابوصالح حنفی:

یہ عبدالرحمن بن قیس ہے، گزر چکا۔(=۳۹۸۷)

۸۱۷۱۔ تمییز۔ ابو صالح حنفی، دوسرا:

اس کا نام سمیع زیات ہے چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۱۷۲۔ بخ، ت، ق۔ ابو صالح خوزی:

تیسرے طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

☆ ابو صالح سمان:

یہ ذکوان ہے۔ (=۱۸۴۱)

☆ ابو صالح غفاری:

یہ سعید بن عبدالرحمٰن ہے۔ (=۲۳۵۲)

☆ ابو صالح بن زنبور:

اس کا نام محمد ہے۔ (=۵۸۸۶)

☆ ابو صالح توءمہ کا غلام:

اس کا نام نبہان ہے، گزر چکے۔ (=۷۰۹۱)

۸۱۷۳۔ ت۔ ابو صالح، طلحہ یا ام سلمہ کا غلام:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے بقول بعض اس کا نام زاذان ہے۔

۸۱۷۴۔ ت، س۔ ابو صالح، عثمان کا غلام:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے اس کا نام حارث ہے ترکان بھی کہا جاتا ہے۔

☆ ابو صالح کوفی:

اس کا نام میسرہ ہے۔ (=۷۰۴۰)

☆ ابو صالح ام ہانی کا غلام:

اس کا نام باذان ہے ذکوان بھی کہا جاتا ہے، گزر چکے۔ (=۶۳۴)

۸۱۷۵۔ت۔ابو صالح، مولیٰ ضباعہ:

تیسرے طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے اور اس کا نام مِینَا ہے۔

☆ابو صالح:

ابن عباس سے روایت کرتا ہے اس کا نام میزان ہے، گزر چکا۔(=۷۰۳۶)

☆ابو صالح:

ابن زریر سے روایت کرتا ہے درست ابوفلح ہے۔(=۷۹۴۴)

☆ابو صالح، ابن مبارک کا ساتھی، سلمویہ:

اس کا نام سلیمان ہے، گزر چکا۔(=۲۵۷۲)

☆ابو صالح ایلی:

اس کا نام سعدان بن سالم ہے۔(=۲۲۶۶)

☆ابو صباح، ابراہیم کا غلام:

اس کا نام سلیمان بن یسیر ہے۔(=۲۶۲۰)

☆ابو صباح ریمئی:

اس کا نام محمد بن شمیر ہے۔(=۵۹۵۹)

☆ابو صخر ایلی:

یہ یزید بن ابو سمیہ ہے۔(=۷۷۲۵)

☆ابو صخر الخراط:

یہ حمید بن زیاد ہے۔(=۱۵۶۴)

☆ابو صخرہ:

یہ جامع بن شداد ہے۔(=۸۸۸)

☆ابوصدقہ عجلی:

یہ سلیمان بن کندیر ہے۔(=۲۶۰۴)

☆ابوصدقہ ،انس کا نام:

اس کا نام توبہ ہے۔(=۸۰۹)

☆ابوصدیق:

یہ بکر بن عمرو ناجی ہے، گزر چکے۔(=۷۴۷)

۸۱۷۶۔بخ م ۴۔ابوصرمہ، مازنی انصاری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کا نام مالک بن قیس ہے قیس بن صرمہ بھی کہا گیا ہے، شاعر تھے۔

☆ابوصعبہ:

یہ عبدالعزیز بن ابوصعبہ ہے، گزر چکا۔(=۴۱۰۱)

☆ابوصفوان اموی:

یہ عبداللہ بن سعید ہے۔(=۳۳۵۷)

☆ابوصفوان:

ابن عباس سے روایت کرتا ہے اس کا نام مہران ہے، گزر چکے۔(=۶۹۳۴)

☆ابوصفوان بن عمیرہ:

سوید بن قیس کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=۲۶۹۶)

۸۱۷۷۔قد۔ابوصلت ثقفی:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۱۷۸۔ابوصلت:

ابو ہریرہ سے روایت کرتا ہے تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ ابوصلت ہروی:

یہ عبدالسلام بن صالح ہے، گزر چکا۔ (=۴۰۷۰)

۸۱۷۹۔ د۔ ابوصلت، ابورجاء کا شیخ:

کہا گیا ہے کہ یہ شہاب بن خراش ہے بصورت دیگر مجہول ہے، چھٹے طبقہ سے ہے۔

۸۱۸۰۔ ت، فق۔ ابوصہباء کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ ابوصہباء، ابن عباس کا غلام:

اس کا نام صہیب ہے۔ (=۲۹۵۶)

☆ ابوصیفی واسطی:

اس کا نام بشیر بن میمون ہے، گزر چکے۔ (=۷۲۵)

حرف الضاد

☆ابوالضحیٰ:

یہ مسلم بن صبیح ہے، گزر چکا۔ (=۶۶۳۲)

۸۱۸۱۔ فق۔ ابوضحاک:

ابوہریرہ سے روایت کرتا ہے تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆ابوضمرہ مدنی:

یہ انس بن عیاض ہے، گزر چکا۔ (=۵۶۴)

حرف الطاء

۸۱۸۲۔ت۔ابو طارق سعدی، بصری:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابو طالب:

یہ زید بن اخزم ہے، گزر چکا۔ (=۲۱۱۴)

۸۱۸۳۔ت۔ابو طالوت شامی:

پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابو طالوت بن ابو حازم:

اس کا نام عبدالسلام ہے۔ (=۴۰۶۶)

☆ابو طاہر بن سرح:

یہ احمد بن عمرو ہے، گزر چکے۔ (=۸۵)

۸۱۸۴۔قد۔ابو طریف، عبدالرحمٰن بن طلحہ کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۱۸۵۔تمییز۔ابو طریف، دوسرا، ہذلی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کا نام (یقینی طور پر) معلوم نہیں ہے تاہم کہا جاتا ہے کہ کیسان یا سنان ہے، اور جس نے انہیں پہلے والے راوی کے ساتھ ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۸۱۸۶۔د،س،ق۔ابو طعمہ، شامی:

مصر فروش ہوا اور عمر بن عبدالعزیز کا غلام تھا، کہا جاتا ہے اس کا نام ہلال ہے، چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، یہ

بات ثابت نہیں ہے کہ مکحول نے اس پر کذب (جھوٹ بولنے) کا الزام لگایا ہے۔

☆ابوطعمہ:

یہ نسیر بن ذعلوق ہے حرف نون میں ہے۔ (=۷۱۰۷)

۸۱۸۷۔س۔ابوطعمہ، یحییٰ بن ابوکثیر کا شیخ:

کہا گیا ہے کہ یہ ہلال مذکور ہے ورنہ مجہول ہے، تیسرے طبقہ سے ہے۔

☆ابوطفیل:

عامر بن واثلہ ہے۔ (=۳۱۱۱)

☆ابوطلحہ انصاری:

زید بن سہل ہے۔ (=۲۱۳۹)

☆ابوطلحہ انماری:

نعیم بن زیاد ہے، گزر چکے۔ (=۷۱۷۰)

۸۱۸۸۔د۔ابوطلحہ اسدی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۱۸۹۔ت۔ابوطلحہ خولانی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، نبی کریم ﷺ سے اس کی حدیث مرسل ہے، اور کہا جاتا ہے کہ اس کا نام سفیان بن عبداللہ ہے۔

۸۱۹۰۔تمییز۔ابوطلحہ خولانی:

^ مصر فروکش ہوا، دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اس کی صحبت میں اختلاف پایا جاتا ہے اور اس کا نام ذرع ''ذال یا سین کے ساتھ'' ہے، شاید یہ پہلے والے ہی راوی ہو۔

☆ابوطلحہ راسبی:

یہ شداد بن سعید ہے، گزر چکا۔ (=۲۷۵۵)

☆ابوطہفہ غفاری:

طہفہ کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=۳۰۴۸، ۳۰۱۰)

☆ابوطُوال:

یہ عبداللہ بن عبدالرحمٰن انصاری ہے، گزر چکا۔(=۳۴۳۵)

☆ابوطیبہ کلاعی''ابوظبیہ بھی کہا جاتا ہے'':

(=۸۱۹۴)

☆ابوطیبہ مروزی:

یہ عبداللہ بن مسلم ہے، گزر چکا۔(=۳۶۱۷)

حرف الظاء

☆ابوظبیان جنبی:

یہ حصین بن جندب ہے، گزر چکا۔ (=۱۳۶۶)

۸۱۹۱۔تمییز۔ابوظبیان قرشی:

عمر سے روایت کرتا ہے دوسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۱۹۲۔بخ، د، س، ق۔ابوظبیہ ''ابوطیبہ'' بھی کہا جاتا ہے مگر پہلے والا زیادہ صحیح ہے، سلفی، کلاعی:

حمص فروکش ہوا، دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابوظفر:

یہ عبدالسلام بن مطہر ہے۔ (=۴۰۷۵)

☆ابوظلال:

یہ ہلال بن ابو ہلال ہے۔ (=۷۳۴۹)

۸۱۹۳۔ ت۔ ابو عاتکہ بصری یا کوفی:

اس کا نام طریف بن سلمان ہے یا اس کے برعکس ہے، پانچویں طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے سلیمانی نے اس کے بارے میں مبالغہ سے کام لیا ہے۔

۸۱۹۴۔ ق۔ ابو عازب کوفی:

اس کا نام مسلم بن عمرو یا ابن اراک ہے، چوتھے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

☆ابو عاصم ثقفی:

یہ محمد بن ابو ایوب ہے۔ (=۵۷۵۳)

☆ابو عاصم حنفی:

یہ احمد بن جواس ہے، گزر چکے۔ (=۲۰)

۸۱۹۵۔ ق۔ ابو عاصم عبادانی، بصری:

اس کا نام عبد اللہ بن عبید اللہ ہے یا اس کے برعکس ہے، اسے ابن عبید ''اضافت کے بغیر'' بھی کہا جاتا ہے، آٹھویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۸۱۹۶۔ د۔ ابو عاصم غنوی:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابو عاصم نبیل:

یہ ضحاک بن مخلد ہے۔ (=۲۹۷۷)

☆ابو عاصم بن اصرم:

یہ خشیش ہے۔(=۱۷۱۵)

☆ابو عالیہ ریاحی:

یہ رفیع ہے، گزر چکے۔(=۱۹۵۳)

۸۱۹۷۔خ،م،س۔ابو عالیہ البراء، بصری:

اس کا نام زیاد ہے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ کلثوم یا اذینہ یا ابن اذینہ ہے۔چوتھے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے شوال ۹۰ھ میں فوت ہوا۔

۸۱۹۸۔خت،ت۔ابو عامر اشعری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کا نام عبداللہ ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ عبید بن ہانی یا ابن وہب ہیں عبدالملک کے دور خلافت تک زندہ رہے۔

۸۱۹۹۔تمییز۔ابو عامر اشعری، دوسرے صحابی:

ان کا نام عبید ہے اور ابو موسیٰ اشعری کے چچا ہیں غزوہ حنین میں شہید ہوئے۔

☆ابو عامر الہانی:

اس کا نام عبداللہ بن غابر ہے۔(=۳۵۲۵)

☆ابو عامر اوصابی:

اس کا نام لقمان بن عامر ہے، گزر چکے۔(=۵۶۷۹)

۸۲۰۰۔د،س۔ابو عامر حجری، مصری:

اس کا نام عبداللہ بن جابر ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کا نام عامر ہے درست ابو عامر ہے، تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆ابو عامر عقدی:

اس کا نام عبدالملک بن عمرو ہے۔(=۴۱۹۹)

☆ابو عامر خزاز:

یہ صالح بن رستم ہے۔(=۲۸۶۱)

☆ابو عامر ہوزنی:

یہ عبداللہ بن لحی ہے، گزر چکے۔(=۳۵۶۲)

۸۲۰۱۔س۔ابو عائذ اللہ بن ربیعہ یا ابن عبداللہ بن ربیعہ:

یہ ابراہیم بن عبداللہ ہے وگرنہ مجہول ہے یہ بات ذہلی نے کہی ہے، تیسرے طبقہ سے ہے۔

۸۲۰۲۔ابو عائشہ اموی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' جلیس ابی ہریرہ:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابو عباد ضبعی:

یہ یحییٰ بن عباد ہے۔(=۷۵۷۶)

☆ابو عُبادہ زرقی:

یہ عیسیٰ بن عبدالرحمٰن ہے، گزر چکے۔(=۵۳۰۶)

۸۲۰۳۔تمییز۔بوعبادہ زرقی، دوسرا، مدنی:

اس کا نام معلوم نہیں ہے تیسرے طبقہ سے ہے۔

☆ابو عباس شاعر، نابینا:

یہ سائب بن فروخ ہے، گزر چکا۔(=۲۱۹۹)

۸۲۰۴۔د۔ابو عباس قِلَّوری، عصفری، بصری:

اس کا نام احمد ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ محمد بن عمرو بن عباس بن عبیدہ یا عبدک ہے، گیارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۲۶۲ھ میں فوت ہوا۔

۸۲۰۵۔د،ق۔ابوعبداللہ اشعری، شامی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ابوعبداللہ الاغر:

یہ سلمان ہے۔(=۲۴۷۸)

☆ابوعبداللہ الالہانی:

یہ رزیق ہے۔(=۱۹۳۸)

☆ابوعبداللہ البراد:

یہ سالم ہے۔(=۲۱۸۶)

☆ابوعبداللہ بصری:

یہ میمون ہے، گزر چکے۔(=۷۰۵۱)

۸۲۰۶۔تم۔ابوعبداللہ تمیمی:

ابو ہالہ کی اولاد میں سے ہے چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے کہا گیا ہے کہ اس کا نام یزید بن عمرو ہے۔

۸۲۰۷۔د،ت،س۔ابوعبداللہ جدلی:

اس کا نام عبد یا عبدالرحمن بن عبد ہے تیسرے طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے اس پر تشیع کا الزام لگایا گیا ہے۔

☆ابوعبداللہ جسری:

اس کا نام حمیری ہے۔(=۱۵۷۰)

☆ابوعبداللہ شقری:

اس کا نام سلمہ بن تمام ہے۔(=۲۴۸۶)

☆ابوعبداللہ قراظ:

اس کا نام دینار ہے، گزر چکے۔(=۱۸۳۷)

۸۲۰۸۔د۔ابو عبداللہ جشمی، سعید جریری کا شیخ:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابو عبداللہ دوسی، ابو ہریرہ کا چچازاد بھائی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عبدالرحمن بن ہضہاض ہے ابن صامت بھی کہا گیا ہے، دق۔

۸۲۰۹۔صد۔ابو عبداللہ زرقی ''ابو عبید بھی کہا گیا ہے'':

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے انصار کی فضیلت میں حدیث آتی ہے۔

☆ابو عبداللہ صنابحی:

اس کا نام عبدالرحمن بن عسیلہ ہے، گزر چکا۔ (=۳۹۵۲)

۸۲۱۰۔د۔ابو عبداللہ قرشی ''تصغیر کے ساتھ بھی کہا گیا ہے'' مصری:

چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۲۱۱۔س۔ابو عبداللہ مدنی، جندعیین کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ یہ نافع بن ابو نافع ہے۔

۸۲۱۲۔د۔ابو عبداللہ مصری، اسماعیل کا غلام:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابو عبداللہ:

معاذ بن جبل سے روایت کرتا ہے مسلم کے ترجمہ میں اس کا ذکر گزر چکا۔ (=۶۶۳۸)

۸۲۱۳۔س۔ابو عبداللہ:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں عرفجہ نے ان سے روزے کے بارے میں حدیث روایت کی ہے۔

۸۲۱۴۔د،س۔ابو عبداللہ، بنی تیم کا غلام:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابوعبداللہ، شداد کا غلام:

یہ سالم بن عبداللہ ہے گزر چکا۔(=۲۱۷۷)

۸۲۱۵۔د۔ابوعبداللہ آل ابوبردہ اشعری کا غلام:

چھٹے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۸۲۱۶۔س۔ابوعبداللہ مدنی:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۲۱۷۔بخ،د۔ابوعبداللہ:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے ابوقلابہ نے روایت کیا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ حذیفہ ہیں۔

۸۲۱۸۔مد۔ابوعبدالدائم ہزادی، بصری:

اس کا نام عبدالملک بن کردوس ہے ساتویں طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

۸۲۱۹۔ق۔ابوعبدرب دمشقی زاہد، بقول بعض ابوعبدربہ یا عبدرب العزۃ:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عبدالجبار ہے عبدالرحمٰن اور قسطنطین بھی کہا گیا ہے فلسطین بھی کہا گیا ہے مگر یہ غلط ہے ،تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے ۱۱۲ھ میں فوت ہوا۔

☆ابوعبدالرحمٰن افریقی:

یہ عبداللہ بن عمر بن غانم ہے۔(=۳۴۹۲)

☆ابوعبدالرحمٰن حبلی:

یہ عبداللہ بن یزید ہے، گزر چکے۔(=۳۷۱۲)

☆ابوعبدالرحمٰن:

قتادہ سے روایت کرتا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ سعید بن بشیر ہے۔(=۲۲۷۶)

۸۲۲۰۔ق۔ابوعبدالرحمٰن تمیمی،شامی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۲۲۱۔ق۔ابوعبدالرحمٰن جہنی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، کہا گیا ہے کہ ان کا نام زید ہے، مصر فروکش ہوئے۔

☆ابوعبدالرحمٰن خراسانی:

اس کا نام اسحاق بن اسید ہے۔(=۳۴۲)

☆ابوعبدالرحمٰن سلمی:

اس کا نام عبداللہ بن حبیب ہے۔(=۳۲۷۱)

☆ابوعبدالرحمٰن فزاری:

اس کا نام نضر بن منصور ہے، گزر چکے۔(=۷۱۵۰)

۸۲۲۲۔د۔ابوعبدالرحمٰن فہری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، کہا گیا ہے کہ ان کا نام یزید بن ایاس ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ حارث بن ہشام یا عبید یا کرز بن ثعلبہ ہے، غزوہ حنین اور فتح مصر میں شریک تھے۔

۸۲۲۳۔د،س۔ابوعبدالرحمٰن:

بلال سے روایت کرتا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ مسلم بن یسار ہے وگرنہ مجہول ہے، دوسرے طبقہ سے ہے۔

☆ابوعبدالرحمٰن مقری:

اس کا نام عبداللہ بن یزید ہے۔(=۳۷۱۵)

☆ابوعبدالرحیم حرانی:

اس کا نام خالد بن ابویزید ہے۔(=۱۶۹۷)

☆ابوعبدالسلام:

اس کا نام صالح بن رستم ہے۔(=۲۸۶۰)

☆ ابو عبد الصمد عمی:

یہ عبد العزیز بن عبد الصمد ہے۔ (=۴۱۰۸)

☆ ابو عبد العزیز اردنی:

یہ یحییٰ بن عبد العزیز ہے، گزر چکے۔ (=۷۵۹۷)

۸۲۲۴۔ بخ۔ ابو عبد العزیز:

تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۸۲۲۵۔ بخ۔ ابو عبد الملک، ام مسکین کا غلام:

تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

☆ ابو عبد الملک:

قاسم سے روایت کرتا ہے، یہ علی بن یزید ہے، گزر چکا۔ (=۴۸۱۷)

۸۲۲۶۔ خ، ت، س۔ ابو عبس بن جبر ابن زید بن جشم انصاری:

ان کا نام عبد الرحمٰن ہے عبد اللہ اور معبد بھی کہا گیا ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں بدر اور اس کے بعد والے غزوات میں شریک تھے بعمر ۷۰ برس ۳۴ھ میں فوت ہوئے۔

☆ ابو عبلہ:

درست ابراہیم بن ابو عبلہ ہے۔ (=۲۱۳)

☆ ابو عبید اللہ اشعری "تصغیر کے ساتھ ہے":

یہ معاویہ بن صالح ہے۔ (=۶۷۶۳)

☆ ابو عبید اللہ خزاعی:

یہ مسلم بن مشکم ہے۔ (=۶۶۴۸)

☆ ابو عبید اللہ مخزومی:

یہ سعید بن عبد الرحمٰن ہے۔ (=۲۳۴۸)

☆ابوعبیداللہ، ابن وہب کا بھتیجا:

یہ احمد بن عبدالرحمٰن بن وہب ہے۔(=٦٧)

☆ابوعبیداللہ مکی، مولی ام علی:

اس کا نام سلیم ہے۔(=٢٥٣٠)

☆ابوعبیداللہ وراق:

یہ حماد بن حسن ہے۔(=١٤٩٣)

☆ابوعبید بن سلام:

یہ قاسم ہے، گزر چکے۔(=٥٤٦٢)

☆ابوعبید زرقی:

ابوعبیداللہ کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=٨٢٠٩)

٨٢٢٧۔خت،م،د،س۔ابوعبید مذحجی، سلیمان کا دربان:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام عبدالملک ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ حی یا حیی یا حوی ہے، پانچویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ١٠٠ھ کے بعد فوت ہوا۔

٨٢٢٨۔تم۔ابوعبید، نبی کریم ﷺ کا غلام:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

☆ابوعبید، ابن ازہر کا غلام:

اس کا نام سعد بن عبید ہے۔(=٢٢٤٨)

☆ابوعبیدہ بن جراح:

یہ عامر بن عبداللہ بن جراح فہری ہے، گزر چکے۔(=٣٠٩٨)

٨٢٢٩۔س،ق۔ابوعبیدہ بن حذیفہ بن یمان کوفی:

دوسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۲۳۰۔م،د،س،ق۔ابوعبیدہ بن عبداللہ بن زمعہ بن اسود ابن مطلب بن اسد بن عبدالعزی قرشی اسدی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۲۳۱۔ع۔ابوعبیدہ بن عبداللہ بن مسعود،کوفی:

اپنی کنیت سے مشہور ہے اور زیادہ تر یہی مشہور ہے کہ اس کے علاوہ اس کا کوئی نام نہیں ہے تاہم بقول بعض اس کا نام عامر ہے،تیسرے طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے،اور راجح یہی ہے کہ اس کا اپنے والد سے سماع صحیح نہیں ہے۸۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

☆ابوعبیدہ بن ابوسفر:

اس کا نام احمد بن عبداللہ ہے،گزر چکا۔(=۶۰)

۸۲۳۲۔د۔ابوعبیدہ بن عبیداللہ بن عبیدالرحمٰن اشجعی:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عباد ہے،نویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۲۳۳۔م،س۔ابوعبیدہ بن عقبہ بن نافع فہری:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام مرہ ہے،تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۱۰۰ھ میں فوت ہوا۔

۸۲۳۴۔۴۔ابوعبیدہ بن محمد بن عمار بن یاسر:

سلمہ کا بھائی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ وہی ہے،چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابوعبیدہ بن معن مسعودی:

عبدالملک کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=۴۲۱۸)

۸۲۳۵۔ر۔ابوعبیدہ:

انس سے روایت کرتا ہے،کہا جاتا ہے کہ یہ حمید طویل ہے وگرنہ مجہول ہے،پانچویں طبقہ سے ہے۔

☆ابوعبیدہ حداد:

اس کا نام عبدالواحد بن واصل ہے،گزر چکا۔(=۴۲۴۹)

☆ابوعبیدہ:

عبداللہ بن محمد سے روایت کرتا ہے، یہ ابن ابوسفر ہے، گزر چکا ہے۔ (=۱۰)

☆ابوعبیدہ، سہیل بن ابوصالح کا شیخ:

درست ابوعبیدہ مذحجی ہے، گزر چکا۔ (=۸۲۲۷)

☆ابوالعبیدین ''تثنیہ کے ساتھ ہے'':

اس کا نام معاویہ بن سبرہ ہے۔ (=۶۷۵۶)

☆ابوعتاب:

یہ سہل بن حماد ہے۔ (=۲۶۵۴)

☆ابوعتبہ:

یہ احمد بن فرج ہے، گزر چکے۔

۸۲۳۶۔س۔ابوعتبہ، مسعر کا شیخ:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۲۳۷۔س، ق۔ابوعثمان بن سنّہ، خزاعی دمشقی:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، جس نے اسے صحابی سمجھا ہے اسے وہم ہوا ہے اس کی حدیث مرسل ہے۔

☆ابوعثمان بن نصر:

درست ابوہیثم بن نصر ہے۔ (=۸۴۳۰)

۸۲۳۸۔مد۔ابوعثمان بن یزید، ابن جریج کا شیخ:

پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے اور اس کی حدیث مرسل ہے۔

۸۲۳۹۔ر، ت۔ابوعثمان انصاری، مدنی، قاضی مرو:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام عمر یا عمرو ہے اور اس کا والد سالم یا سلم یا سلیم ہے، جو تھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابوعثمان:

یہ جعد بن دینار ہے۔(=۹۲۴)

☆ابوعثمان صنعانی:

یہ شراحیل بن مرثد ہے۔(=۲۷۶۴)

☆ابوعثمان طبذی:

یہ مسلم بن یسار ہے۔(=۶۶۵۴)

☆ابوعثمان نہدی:

یہ عبدالرحمن بن مل ہے،گزر چکے۔(=۴۰۱۷)

۸۲۴۰۔د،س،ق۔ابوعثمان:

سلیمان تیمی کا شیخ ہے اور انہوں نے اپنی روایت میں کہا ہے کہ یہ نہدی نہیں ہے، کہا گیا ہے اس کا نام سعد ہے، چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۲۴۱۔عس۔ابوعثمان خراسانی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ اس کا نام مروان ہے۔

۸۲۴۲۔خت،د،ت،س۔ابوعثمان تبان، مغیرہ بن شعبہ کا غلام:

کہا گیا ہے کہ اس کا: مسعد یا عمران ہے، تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۲۴۳۔م،د،ت،س۔ابوعثمان، ربیعہ بن یزید دمشقی کا شیخ:

کہا گیا ہے کہ یہ سعید بن ہانی خولانی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ حریز بن عثمان ہے، ورنہ تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابوعثمان:

اس نے انس سے روایت کیا ہے اور اس سے ابراہیم بن طہمان نے روایت کیا ہے اور یہ جعد ہے، گزر چکا،

س۔ (=۹۴۴)

۸۲۴۴۔ ت۔ ابوعثمان، عبدالرحمٰن بن زیاد کا شیخ:

یہ مسلم بن یسار ہے وگرنہ "مجہول" ہے، تیسرے طبقہ سے ہے۔

۸۲۴۵۔ مد۔ ابوعثمان، اوزاعی کا شیخ:

ابوداود نے کہا ہے کہ میرا گمان ہے کہ یہ جسر بن حسن ہے، وگرنہ مجہول ہے چھٹے طبقہ سے ہے۔

۸۲۴۶۔ ۴۔ ابوعجفاء سلمی، بصری:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام ہرم بن نسیب ہے اس کے برعکس بھی کہا گیا ہے اور ابن نصیب بھی کہا گیا ہے، دوسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے (امام) بخاری (رحمہ اللہ) کے کہنے کے مطابق ۹۰ھ کے بعد فوت ہوا۔

۸۲۴۷۔ بخ۔ ابوعجلان محاربی:

اسے ابومخارق بھی کہا گیا ہے، چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۲۴۸۔ د، ق۔ ابوالعدبّس، کوفی:

چھٹے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۸۲۴۹۔ تمییز۔ ابوالعدبس اشعری یا اسدی، کوفی:

یہ پہلے والے راوی سے بڑا ہے اور اس کا نام منیع بن سلیمان ہے چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے بعض حضرات نے اسے اور اس سے پہلے والے راوی کو ایک ہی بنا دیا ہے۔

۸۲۵۰۔ د، ت، ق۔ ابوعذرہ:

اس سے حمام کے متعلقہ حدیث آتی ہے اور یہ دوسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے جس نے اسے صحابی کہا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

☆ ابوالعریان:

یہ ہیثم بن اسود نخعی ہے، بخ۔ (=۷۳۵۷)

☆ابوعزہ ہذلی:

یہ یسار بن عبد ہے۔(=۷۸۰۱)

☆ابوعُشّانہ:

یہ حی بن یؤمن مصری ہے، گزر چکے۔(=۱۶۰۳)

۸۲۵۱_۴_ابوالعُشراء، دارمی:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام اسامہ بن مالک بن قہطم ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ عطارد یا یسار یا سنان بن برز یا بلز ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کا نام بلاز بن یسار ہے، یہ دیہاتی ہے اور چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' ہے۔

۸۲۵۲_م، د، ت، س۔ابوعصام بصری:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام ثمامہ ہے پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابوعصام:

یہ خالد بن عبید ہے، گزر چکا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ اس سے پہلے والا ہی راوی ہے۔(=۱۶۵۴)

☆ابوعصمہ مروزی:

یہ نوح بن ابومریم جامع ہے، گزر چکا۔(=۷۲۱۰)

۸۲۵۳_خ، م، د، ت، س۔ابوعطیہ وادعی ہمدانی:

اس کا نام مالک بن عامر یا ابن ابوعامر یا ابن عوف یا ابن حمزہ یا ابن ابوحمزہ ہے، دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۷۰ھ کی حدود میں فوت ہوا۔

۸۲۵۴_تمییز۔ابوعطیہ وادعی، دوسرا:

اس کا نام عمرو بن ابوجندب یا ابن جندب ہے دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے ۷۰ھ کے بعد فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ اس سے پہلے والا ہی راوی ہے۔

۸۲۵۵_د، ت، س۔ابوعطیہ، بنی عقیل کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابو عِقال:

ہلال بن زید ہے، گزر چکا۔(=۷۳۳۶)

۸۲۵۶۔ تمییز۔ ابو عقبہ، عبدالعزیز بن مختار کا شیخ:

عبدالعزیز بن مختار نے اس کی تعریف کی ہے، چوتھے طبقہ سے ہے۔

۸۲۵۷۔ د،ق۔ ابو عقبہ فارسی، مولی الانصار:

کہا گیا ہے کہ ان کا نام رشید ہے انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے اور ان سے حدیث آتی ہے۔

۸۲۵۸۔ تمییز، س۔ ابو عقرب کنانی، ابو نوفل کا والد:

ان کا نام خویلد بن بجیر ہے، عویج بن خویلد بھی کہا گیا ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں بصرہ فروکش ہوئے اور بڑے بہادر تھے۔

☆ابو عقیل:

یہ عبداللہ بن عقیل ہے۔(=۳۴۸۱)

☆ابو عقیل جمال:

یہ یحییٰ بن حبیب ہے۔(=۷۵۲۵)

☆ابو عقیل دمشقی:

یہ ہاشم بن بلال ہے۔(=۷۲۵۳)

☆ابو عقیل دورقی:

یہ بشیر بن عقبہ ہے۔(=۷۱۷)

ابو عقیل، صاحب بہیہ:

یہ یحییٰ بن متوکل ہے۔(=۷۶۳۳)

☆ابو عقیل تیمی:

یہ زہرہ بن معبد ہے، گزر چکے۔(=۲۰۴۰)

۸۲۵۹۔قد۔ابوعقیل،عمر کا غلام:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۲۶۰۔ق۔ابوعکاشہ ہمدانی،کوفی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابوعلقمہ فروی،الاکبر:

اس کا نام عبداللہ بن محمد بن عبداللہ بن ابوفروہ ہے،گزر چکا۔(=۳۵۸۷)

۸۲۶۱۔تمییز۔ابوعلقمہ فروی،الاصغر:

یہ عبداللہ بن ہارون بن موسیٰ بن ابوعلقمہ الاکبر ہے اور گیارہویں طبقہ کا ''ضعیف'' روای ہے۔

۸۲۶۲۔ر،م،۴۔ابوعلقمہ فارسی مصری،بنوہاشم کا غلام،بقول بعض حلیف انصار:

تیسرے طبقہ کے کبار حضرات میں سے ''ثقہ'' راوی ہے اور افریقہ میں قاضی تھا۔

☆ابوعلقمہ:

ابن عمر سے روایت کرتا ہے درست ابوطعمہ ہے،گزر چکا،د۔(=۸۱۸۶)

۸۲۶۳۔د،ت۔ابوعلی بن یزید ایلی،یونس کا بھائی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۲۶۴۔س۔ابوعلی ازدی:

ابوذر سے روایت کرتا ہے،اس کا نام عبید بن علی ہے اور تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے،اسے ابوالفیض بھی کہا گیا ہے مگر ''ابوعلی'' زیادہ صحیح ہے،س۔

☆ابوعلی اصحی ہمدانی:

یہ ثمامہ بن شفی ہے۔(=۸۵۲)

☆ابوعلی جنبی:

یہ عمرو بن مالک ہے۔(=۵۱۰۵)

☆ابو علی حنفی:

یہ عبید اللہ بن عبد المجید ہے۔ (=۴۳۱۷)

☆ابو علی رحبی:

یہ حسین بن قیس ہے۔ (=۱۳۴۲)

☆ابو عمار دمشقی:

یہ شداد بن عبد اللہ ہے۔ (=۲۷۵۶)

☆ابو عمار مروزی:

یہ حسین بن حریث ہے۔ (=۱۳۱۴)

☆ابو عمار ہمدانی:

یہ عریب بن حمید ہے۔ (=۴۵۷۴)

☆ابو عمارہ انصاری:

اس کا نام قیس ہے۔ (=۵۵۹۸)

☆ابو عمر بزار:

اس کا نام دینار ہے۔ (=۱۸۳۶)

☆ابو عمر بزاز قاری:

اس کا نام حفص بن سلیمان ہے۔ (=۱۴۰۵)

☆ابو عمر بہرانی:

یہ یحییٰ بن عبید ہے۔ (=۷۶۰۰)

☆ابو عمر حوضی:

یہ حفص بن عمر ہے۔ (=۱۴۱۲)

☆ابو عمر دوری:

یہ حفص بن عمر ہے۔(=۱۴۱۶)

☆ابو عمر صفار:

یہ حماد بن واقد ہے۔(=۱۵۰۸)

☆ابو عمر صنعانی:

یہ حفص بن میسرہ ہے۔(=۱۴۳۴)

☆ابو عمر، مولی اسماء بنت ابی بکر:

اس کا نام عبداللہ بن کیسان ہے، گزر چکے۔(=۳۵۵۷)

☆ابو عمر ضریر:

یہ حفص بن عمر ہے، حاء میں گزر چکا۔(=۱۴۲۱)

۸۲۶۵۔س۔ابو عمر "بقول بعض ابو عمرو" دمشقی:

چھٹے طبقہ کا "ضعیف" راوی ہے۔

۸۲۶۶۔س۔ابو عمر صینی:

بقول بعض اس کا نام نشیط ہے مگر یہ وہم ہے اسی طرح اس شخص کو بھی وہم ہوا ہے جس نے اسے خصی کہا ہے، چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے اور ابو درداء سے اس کی روایت مرسل ہے۔

۸۲۶۷۔تخ،ق۔ابو عمر منبہی نخعی یا بجلی، کوفی:

چوتھے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے اور یہ وہی ہے جس کا نام نشیط ہے اور جس نے اسے صینی کے ساتھ ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۸۲۶۸۔د،س۔ابو عمر "بقول بعض ابو عمرو" غُدَانی، بصری:

تیسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے جس نے کہا ہے کہ اس کا نام یحییٰ بن عبید ہے اسے وہم ہوا ہے۔

☆ابوعمرو بن حفص یا ابوحفص بن عمرو:

عبداللہ بن حفص کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=٩٢٧٩)

٨٢٦٩۔س۔ابوعمرو بن حفص بن مغیرہ بن عبداللہ بن عمر بن مخزوم مخزومی، فاطمہ بنت قیس کے شوہر:

کہا گیا ہے کہ ان کا نام عبدالحمید ہے احمد بھی کہا گیا ہے اسی طرح انہیں ابوحفص بن عمرو بن مغیرہ بھی کہا جاتا ہے، صحیح قول کے مطابق نبی کریم ﷺ کی زندگی کے آخری ایام میں یمن میں فوت ہوئے، تاہم یہ بھی کہا گیا ہے کہ خلافت عمر تک زندہ رہے مگر یہ وہم ہے۔

٨٢٧٠۔د۔ابوعمرو بن حماس، لیثی:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے ١٣٩ھ میں فوت ہوا۔

٨٢٧١۔خت، قد، ق۔ابوعمرو بن العلاء بن عمار بن عریان مازنی، نحوی قاری:

اس کا نام زبان یا عریان یا یحییٰ یا جزء ہے پہلے والا زیادہ مشہور ہے اور دوسرا اصولی کے نزدیک زیادہ صحیح ہے، پانچویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے علماء عربیہ میں سے ہے، بعمر ٨٦ برس ١٥٤ھ میں فوت ہوا۔

☆ابوعمرو اوزاعی:

یہ عبدالرحمٰن ابن عمرو ہے۔(=٣٩٦٧)

☆ابوعمرو شعبی:

یہ عامر بن شراحیل ہے، گزر چکے۔(=٣٠٩٢)

٨٢٧٢۔د، ق۔ابوعمرو بن محمد بن حریث یا ابن محمد بن عمرو بن حریث:

اسے ابومحمد بن عمرو بن حریث بھی کہا گیا ہے، چھٹے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

٨٢٧٣۔د۔ابوعمرو سدوسی، مدنی:

یہ سعید بن سلمہ بن ابوحسام ہے وگرنہ مجہول ہے آٹھویں طبقہ سے ہے۔

٨٢٧٤۔بخ۔ابوعمرو شیبانی:

اس کا نام زرعہ ہے دوسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆ابو عمرو شیبانی:

یہ سعد بن ایاس ہے، گزر چکا۔(=۲۲۳۳)

۸۲۷۵۔م۔ابو عمرو شیبانی، دوسرا، متاخر، کوفی:

بغداد فروکش ہوا، اور نحوی و لغوی تھا، اس کا نام اسحاق بن مرار ہے، نویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے ایک سو بیس برس کے قریب عمر پا کر ۲۱۰ھ یا ۲۲۰ھ میں فوت ہوا۔

☆ابو عمرو بن عنترہ کوفی:

یہ ہارون ہے، گزر چکا۔(=۷۲۳۶)

☆ابو عمرو، ولید بن مسلم کا شیخ:

یہ عبدالرحمٰن بن یزید بن تمیم ہے، ابن حبان نے اس پر متنبہ کیا ہے۔(=۴۰۴۰)

☆ابو عمرو، قصہ گو، ملائی:

یہ اسباط کا والد محمد بن عبدالرحمٰن ہے، س۔(=۶۰۷۳)

☆ابو عمرو ندَبی:

یہ بشر بن حرب ہے۔(=۶۸۱)

☆ابو عمرو، مولی عائشہ:

یہ ذکوان ہے، گزر چکے۔(=۱۸۴۲)

۸۲۷۶۔د۔ابو عمران انصاری، شامی، ام درداء کا غلام:

اس کا نام سلیمان یا سلیم بن عبداللہ ہے، چوتھے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے اور نبی کریم ﷺ سے اس کی حدیث مرسل ہے۔

☆ابو عمران جونی:

یہ عبدالملک بن حبیب بصری ہے۔(=۴۱۷۲)

۸۲۷۷۔ تمییز۔ ابو عمران جونی ''بقول بعض جوینی'' حافظ، متاخر:

بغداد فروکش ہوا، بارہویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۸۲۷۸۔ س۔ ابو عمرہ انصاری، نجاری، عبدالرحمٰن کے والد:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، کہا گیا ہے کہ ان کا نام رشید ہے اسامہ بھی کہا گیا ہے، ابن اسحاق نے انہیں بدری حضرات میں ذکر کیا ہے، خلافت علی میں فوت ہوئے۔

☆ ابو عمرہ انصاری:

زید بن خالد سے روایت کرتا ہے درست ''عن ابن ابی عمرۃ '' ہے، اور اس کا نام عبدالرحمٰن ہے، گزر چکا۔ (=۳۹۶۹)

۸۲۷۹۔ د، س، ق۔ ابو عمرہ، زید بن خالد جہنی کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۲۸۰۔ د۔ ابو عمرہ:

گھڑ سواری کے حصہ کے متعلق اس نے اپنے والد سے روایت کیا ہے چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے ورنہ درست یہ ہے کہ یہ انصاری ہیں عبدالرحمٰن کے والد۔

۸۲۸۱۔ د، س، ق۔ ابو عمیر بن انس بن مالک انصاری:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام عبداللہ ہے چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ انس بن مالک کا سب سے بڑا بیٹا تھا۔

☆ ابو عمیر:

یہ حارث بن عمیر ہے۔ (=۱۰۴۱)

☆ ابو عمیس:

یہ عتبہ بن عبداللہ مسعودی ہے۔ (=۴۴۳۲)

☆ابو عُنَیس:

یہ عبداللہ بن صہبان ہے، گزر چکا۔ (=۳۳۹۵)

۸۲۸۲۔ بخ۔ ابو العنبس ثقفی:

اس کا نام محمد بن عبداللہ یا ابن عبدالرحمٰن، ابن اقارب ہے، چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۲۸۳۔ د،ق۔ ابو عنبس کوفی، عدوی، صاحب ابو عدبس:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام حارث بن عبید ہے، چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۲۸۴۔ د،س۔ ابو عنبس کوفی:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام عبداللہ بن مروان ہے، ابو شعثاء سے روایت کرتا ہے، چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆ابو عنبس کوفی، ملائی، الاصغر:

اس کا نام سعید بن کثیر بن عبید ہے، گزر چکا۔ (=۲۳۸۱)

۸۲۸۵۔ تمییز۔ ابو عنبس کوفی نخعی:

اس کا نام عمرو بن مروان ہے چھٹے طبقہ کا "صدوق" راوی ہے۔

۸۲۸۶۔ ق۔ ابو عنبہ، خولانی:

کہا گیا ہے کہ ان کا نام عبداللہ بن عنبہ یا عمارہ ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے، بقول بعض نبی کریم ﷺ کے عہد میں مسلمان ہوئے مگر انہوں نے آپ ﷺ کو دیکھا نہیں ہے، حمص فروکش ہوئے اور صحیح قول کے مطابق عبدالملک کے عہد خلافت میں فوت ہوئے۔

☆ابو العوام باہلی:

یہ عبدالعزیز بن ربیع ہے۔ (=۴۰۹۲)

☆ابو العوام جزار:

یہ فائد بن کیسان ہے۔ (=۵۴۷۴)

☆ ابو العوام قطان:

یہ عمران ہے۔(=۵۱۵۴)

☆ ابو عوانہ یشکری:

یہ وضاح ہے۔(=۷۴۰۷)

☆ ابو عون ثقفی:

یہ محمد بن عبید اللہ ہے، گزر چکے۔(=۶۱۰۷)

۸۲۸۷۔ س۔ ابو عون اعور انصاری، شامی:

اس کا نام عبد اللہ بن ابو عبد اللہ ہے، پانچویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆ ابو العلاء بن شخیر:

یہ یزید بن عبد اللہ ہے، گزر چکا۔(=۷۷۴۰)

☆ ابو العلاء بن لجلاج:

حصین بن لجلاج کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=۱۳۸۱)

☆ ابو العلاء اودی:

یہ داود بن عبد اللہ ہے۔(=۱۷۹۲)

☆ ابو العلاء اسکاف:

یہ سعد بن طریف ہے۔(=۲۲۴۱)

☆ ابو العلاء خفاف:

یہ خالد بن طہمان ہے۔(=۱۶۴۴)

☆ ابو العلاء بن سنان:

یہ برد ہے، گزر چکے۔(=۶۵۳)

☆ابو العلاء عبدی:

یہ بلال بن خباب ہے۔(=۷۳۳۴)

☆ابو العلاء قصاب:

یہ ایوب بن مسکین ہے۔(=۶۲۳)

☆ابو العلاء قیسی:

یہ حیان بن عمیر ہے، گزر چکے۔(=۱۵۹۷)

۸۲۸۸۔ت،ق۔ابو العلاء شامی:

پانچویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۸۲۸۹۔خ،س۔ابو العلانیہ مَرائی، بصری:

اس کا نام مسلم ہے چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۲۹۰۔تمییز۔ابو العلانیہ مرائی، کوفی:

پانچویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۲۹۱۔د،س۔ابو عیاش زرقی انصاری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں صلوۃ الخوف کے بارے میں انہوں نے حدیث نقل کی ہے، کہا گیا ہے کہ ان کا نام زید بن صامت یا ابن نعمان ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ان کا نام عبید یا عبدالرحمن بن معاویہ ہے، احد اور اس کے بعد والے غزوات میں شریک تھے اور ۴۰ھ کے بعد فوت ہوئے۔

☆ابو عیاش زرقی، تابعی:

یہ زید بن عیاش ہے، گزر چکا۔(=۲۱۵۴)

☆ابو عیاش "ابن ابو عیاش یا ابن عائش بھی کہا گیا ہے درست پہلا ہے":

یہ ماقبل میں گزرنے والے زرقی صحابی ہیں۔(=۸۲۹۱)

۸۲۹۲۔ د،ق۔ ابو عیاش بن نعمان معافری، مصری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابو عیاض:

یہ عمرو بن اسود ہے، گزر چکا۔ (=۴۹۸۹)

۸۲۹۳۔ د،س۔ ابو عیاض مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ اس کا نام قیس بن ثعلبہ ہے۔

☆ابو عیاض:

علی سے روایت کرتا ہے اس کا نام مسلم بن نذیر ہے، گزر چکا۔ (=۶۶۴۹)

۸۲۹۴۔ بخ،م۔ ابو عیسیٰ اسواری، بصری:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۲۹۵۔ د۔ ابو عیسیٰ خراسانی، تیمی:

مصر فروکش ہوا، اس کا نام سلیمان بن کیسان ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ محمد بن عبدالرحمٰن یا ابن قاسم ہے، چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اور ابن عمر سے اس کی حدیث مرسل ہے۔

۸۲۹۶۔ تمییز۔ ابو عیسیٰ خراسانی، دوسرا:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، اس کا نام ہارون بن زیاد ہے۔

حرف الغین

۸۲۹۷۔ د، ت، ق۔ ابوغالب باہلی "ولاء کی وجہ سے ہے" خیاط بصری:

اس کا نام نافع یا رافع ہے پانچویں طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۸۲۹۸۔ بخ، ۴۔ ابوغالب، ابوامامہ کا ساتھی، بصری:

اصبہان فروکش ہوا، کہا گیا ہے کہ اس کا نام حزور ہے سعید بن حزور اور نافع بھی کہا گیا ہے، پانچویں طبقہ کا "صدوق" راوی ہے تاہم خطاء کر جاتا ہے۔

۸۲۹۹۔ ق۔ ابوغالب:

ابوسعید سے روایت کرتا ہے، یہ پہلے والا ہی راوی ہے ورنہ مجہول ہے، چوتھے طبقہ سے ہے۔

۸۳۰۰۔ س۔ ابوغالب:

ابن عمر سے روایت کرتا ہے چوتھے طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

☆ ابوغالب عبدی:

یہ دیلم بن غزوان ہے۔ (=۱۸۳۴)

☆ ابوغانم مروزی:

یہ یونس بن نافع ہے۔ (=۷۹۱۷)

☆ ابوغرارہ:

یہ محمد بن عبدالرحمٰن بن ابوبکر ہے۔ (=۶۰۲۵)

☆ ابوغریف، ہمدانی:

یہ عبیداللہ بن خلیفہ ہے۔ (=۴۲۸۶)

☆ابوغسان تستری:

یہ یوسف بن موسیٰ ہے۔(=۷۸۸۸)

☆ابوغسان رازی:

یہ زنیج ہے اور اس کا نام محمد بن عمرو ہے۔(=۶۱۸۰)

☆ابوغسان عنبری:

یہ یحییٰ بن کثیر ہے۔(=۷۶۲۹)

☆ابوغسان کنانی:

یہ محمد بن یحییٰ بن علی ہے۔(=۶۳۹۰)

☆ابوغسان مدنی:

یہ محمد بن مطرف ہے۔(=۶۳۰۵)

☆ابوغسان مسمعی:

یہ مالک بن عبدالواحد ہے۔(=۶۴۴۴)

☆ابوغسان نہدی:

یہ مالک بن اسماعیل ہے۔(=۶۴۲۴)

☆ابوغصن مدنی:

ثابت بن قیس ہے اور یہ وہی ہے جس نے صخر بن اسحاق سے روایت کیا ہے اور جس نے ان دونوں میں فرق کیا ہے اسے وہم ہوا ہے، گزر چکے۔(=۸۲۸)

۸۳۰۱۔تمیز۔ابوغصن مدنی، یحییٰ بن حسان بکری کا شیخ:

تیسرے طبقہ کا''مجہول''راوی ہے۔

۸۳۰۲۔م،د،س،ق۔ابوغطفان ابن طریف یا ابن مالک،مری،مدنی:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام سعد ہے تیسرے طبقہ کے کبار حضرات میں سے''ثقہ''راوی ہے۔

۸۳۰۳۔ د، ت، ق۔ ابو غطیف ''تصغیر کے ساتھ ہے'' ہذلی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ غطیف یا غضیف ہے۔

☆ ابو غفار طائی:

یہ مثنیٰ بن سعید یا ابن سعید ہے۔ (=۶۴۶۹)

۸۳۰۴۔ ق۔ ابو الغوث بن حصین خثعمی:

عوہ خراسانی ان سے روایت کرنے میں متفرد ہے، اور اس نے ان سے تابع نہیں کیا۔

☆ ابو غلاب باہلی:

یہ یونس بن جبیر ہے۔ (=۷۹۰۱)

☆ ابو الغیث، ابن مطیع کا غلام:

یہ سالم ہے۔ (=۲۱۹۰)

☆ ابو الغیث، دوسرا:

یہ خصیب بن سلیمان ہے، گزر چکے۔ (=۶۱۸)

حرف الفاء

☆ابو فاختہ:

یہ سعید بن علاقہ ہے۔(=۲۳۷۶)

۸۳۰۵۔د،س،ق۔ابو فاطمہ لیثی یا دوسی:

اس کا نام انیس یا عبداللہ بن انیس ہے، شام اور مصر فروکش ہوا، ابو احمد حاکم نے لیثی اور داردنی میں فرق کیا ہے بظاہر یہی ہے، واللہ اعلم۔

۸۳۰۶۔د،س۔ابو فراس نہدی:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام ربیع بن زیاد ہے، دوسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆ابو فراس، عبداللہ بن عمرو بن العاص کا غلام:

یہ یزید بن رباح ہے۔(=۷۷۱۱)

☆ابو فروہ اشجعی: (س ۱۰۶۳۹)

درست فردہ ہے۔(=۵۳۹۱)

☆ابو فروہ جزری:

یہ یزید بن سنان ہے۔(=۷۷۲۷)

☆ابو فروہ جہنی:

یہ مسلم بن سالم ہے۔(=۶۶۲۷)

☆ابو فروہ ہمدانی:

یہ عروہ بن حارث ہے، گزر چکے۔(=۴۵۵۹)

☆ابوفروہ:

ابوخلاد سے روایت کرتا ہے اور یہ یزید بن سنان جزری ہی ہے جس نے ان دونوں میں فرق کیا ہے اسے وہم ہوا ہے، ق۔(=۷۷۲۷)

☆ابوفزارہ عبسی:

یہ راشد بن کیسان ہے، گزر چکا۔(=۱۸۵۶)

۸۳۰۷۔د۔ابوفضل بن خلف انصاری:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے اسے میم کی زیادتی کے ساتھ ابومفضل بھی کہا گیا ہے اور اسی طرح ابن فضل بھی کہا گیا ہے۔

۸۳۰۸۔س۔ابوفضل یا ابن فضل ''شک کے ساتھ'':

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابوفیض شامی:

یہ موسیٰ بن ایوب ہے۔(=۶۹۳۸)

☆ابوفیض:

ابوذر سے روایت کرتا ہے، ابوعلی ازدی کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=۸۲۹۳)

حرف القاف

۸۳۰۹۔د،ت۔ابو قابوس، عبداللہ بن عمرو بن العاص کا غلام:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۳۱۰۔ق۔ابو القاسم بن ابو زناد مدنی:

اس میں کوئی خرابی نہیں ہے، نویں طبقہ سے ہے۔

☆ابو قاسم جدلی:

یہ حسین بن حارث ہے، گزر چکا۔ (=۱۳۱۳)

☆ابو قبیل معافری:

یہ حیی بن ہانی ہے، گزر چکا۔ (=۱۶۰۶)

۸۳۱۱۔ع۔ابو قتادہ انصاری، سلمی مدنی:

یہ حارث ہے اور بقول بعض عمرو یا نعمان بن ربعی ابن بلدمہ ہے، (بقول بعض) احد اور اس کے بعد والے غزوات میں شریک تھا مگر (میرے نزدیک) بدر میں اس کی شرکت والا قول صحیح نہیں ہے ۵۴ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۳۸ھ میں فوت ہوا، مگر پہلا قول زیادہ صحیح اور مشہور ہے۔

☆ابو قتادہ حرانی:

یہ عبداللہ بن واقد ہے، گزر چکا۔ (=۳۶۸۷)

۸۳۱۲۔م،د،س۔ابو قتادہ عدوی، بصری:

اس کا نام تمیم بن نذیر ہے ابن زبیر بھی کہا گیا ہے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کا نام نذیر بن قنفذ ہے، دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے تاہم یہ بھی کہا گیا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

☆ابوقتیبہ شعیری:

یہ سلم بن قتیبہ ہے، گزر چکا۔(=۲۴۷۱)

۸۳۱۳۔تمییز۔ابوقتیبہ، دوسرا:

اس نے ابوقلابہ اور اس کے طبقہ کے لوگوں سے روایت کیا ہے، چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆ابوقحیلہ، شرعبی:

اس کا نام مرثد ہے، د۔(=۶۵۴۹)

☆ابوقدامہ:

یہ حارث بن عبید ہے۔(=۱۰۳۳)

☆ابوقدامہ سرخسی:

یہ عبیداللہ بن سعید ہے، گزر چکے۔(=۴۲۹۶)

۸۳۱۴۔تمییز۔ابوقدامہ مروزی:

یہ حصین بن عبدالحکیم ہے گیارہویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆ابوقرصافہ:

یہ جندرہ بن خیشنہ ہے۔(=۹۷۸)

☆ابوقرہ:

یہ موسیٰ بن طارق ہے، گزر چکے۔(=۶۹۷۷)

۸۳۱۵۔ت۔ابوقرہ اسدی:

دیہاتیوں میں سے ہے چھٹے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

☆ابوقطن:

یہ عمرو بن ہیثم ہے۔(=۵۱۳۰)

☆ ابوالقلوص:

یہ حصین بن ابو حر ہے۔ (=۱۳۸۲)

☆ ابوالقلوص، دوسرا:

یہ زید بن علی عبدی ہے۔ (=۲۱۵۲)

☆ ابوقلابہ:

یہ عبد اللہ بن زید جرمی ہے۔ (=۳۳۳۳)

☆ ابوقلابہ متاخر:

یہ عبدالملک بن محمد رقاشی ہے۔ (=۴۲۱۰)

☆ ابوقیس بن ریاح:

اس کا نام زیاد ہے۔ (=۲۰۷۴)

☆ ابوقیس اودی:

یہ عبدالرحمٰن بن ثروان ہے۔ (=۳۸۴۳)

☆ ابوقیس دمشقی:

یہ محمد بن سعید مصلوب ہے، گزر چکے۔ (=۵۹۰۷)

۸۳۱۶۔ ع۔ ابوقیس، عمرو بن العاص کا غلام:

اس کا نام عبدالرحمٰن بن ثابت ہے، ابن حکم بھی کہا گیا ہے مگر یہ غلط ہے، دوسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے ۵۴ھ کو جوانی کی عمر میں فوت ہوا۔

حرف الکاف

☆ابو کامل بغدادی:

مظفر بن مدرک ہے، گزر چکا۔ (=۶۷۲۲)

☆ابو کامل جحدری:

یہ فضیل بن حسین ہے، گزر چکا۔ (=۵۴۲۶)

۸۳۱۷۔س،ق۔ابو کاہل احمسی:

بقول بعض ان کا نام قیس بن عائذ ہے عبد اللہ بن مالک بھی کہا گیا ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

۸۳۱۸۔ت۔ابو کباش ''جمع کے صیغہ کے ساتھ ہے'' سلمی یا عبسی:

کہا گیا ہے کہ یہ ابو عیاش ہے اور ابو کباش لقب ہے، تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۳۱۹۔د،ت،ق۔ابو کبشہ انماری:

یہ سعید بن عمر و یا عمرو بن سعید ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ عمر یا عامر بن سعد ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے شام فروکش ہوا، اس سے حدیث آتی ہے اور اس نے ابو بکر (رضی اللہ عنہ) نے روایت کیا ہے۔

۸۳۲۰۔د۔ابو کبشہ سدوسی، بصری:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۳۲۱۔خ،د،ت،س۔ابو کبشہ سلولی، شامی:

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۸۳۲۲۔تمییز۔ابوکبشہ براء بن قیس:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۳۲۳۔خ،د،ت،س۔ابوکثیر زبیدی ''تصغیر کے ساتھ ہے'' کوفی:

اس کا نام زہیر بن اقمر ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ عبداللہ بن مالک یا جمہان یا حارث بن جمہان ہے، تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ زہیر بن اقمر، عبداللہ بن مالک کے علاوہ ہے، واللہ اعلم۔

۸۳۲۴۔بخ،م،۴۔ابوکثیر سُحیمی، غُبَری، یمامی نابینا:

کہا گیا ہے کہ یہ یزید بن عبدالرحمن ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یزید بن عبداللہ بن اذینہ یا ابن غُفَیلہ ہے، تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۸۳۲۵۔س۔ابوکثیر، مولی آل جحش ''بقول بعض لیثیین کا غلام'':

دوسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے تاہم بقول بعض اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے بعض حضرات نے اسے باء اور تانیث کے ساتھ لکھا ہے۔

☆ابوکثیر مصری:

یہ جُلاح ہے، گزر چکا۔(=۹۹۰)

۸۳۲۵م۔ابوکثیر، مولی ام سلمہ:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابوکُدَینہ ''تصغیر کے ساتھ ہے'':

یہ یحییٰ بن مہلب ہے، گزر چکا۔(۷۶۵۴)

۸۳۲۶۔ق۔ابوکَرِب، ازدی:

ساتویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابوکریب ''تصغیر کے ساتھ ہے'':

یہ محمد بن العلاء ہے۔(=۶۲۰۴)

☆ابو کریمہ:

یہ مقدام ہے۔(=۶۸۷۱)

☆ابو کعب، صاحب حریر:

یہ عبدربہ ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کا نام عبداللہ ہے۔(=۳۷۸۸)

☆ابو کعب سعدی، بلقاوی:

یہ ایوب بن موسیٰ یا ابن محمد ہے۔(=۶۲۶)

☆ابو کلثم:

یہ سلامہ بن بشر ہے، گزر چکے۔(=۲۷۱۴)

۸۳۲۷۔د۔ابو کنانہ قرشی:

ابو موسیٰ سے روایت کرتا ہے، تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے بقول بعض یہ معاویہ بن قرہ ہے مگر یہ ثابت نہیں۔(تخ ۳۵۷)

۸۳۲۸۔ق۔ابوالکنود، ازدی، کوفی:

یہ عبداللہ بن عامر یا ابن عمران یا ابن عویمر ہے ابن سعید اور عمرو بن حبشی بھی کہا گیا ہے، دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۳۲۹۔خ،م،د،ق۔ابولبابہ انصاری،مدنی:

ان کا نام بشیر ہے رفاعہ بن عبدالمنذر بھی کہا گیا ہے،مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں نقباء میں سے ایک تھے اور (حضرت) علی (رضی اللہ عنہ) کے عہد خلافت تک زندہ رہے،جس نے ان کا نام مروان ذکر کیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

☆ابولبابہ قرشی:

یہ عثمان بن فائد ہے۔(=۴۵۰۹)

☆ابولبابہ عقیلی:

یہ مروان ہے۔(=۶۵۷۷)

☆ابولبید:

لمازہ بن زیاد ہے،گزر چکے۔(=۵۶۸۱)

۸۳۳۰۔خ،م،د،س،ق۔ابولیلیٰ بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن سہل انصاری،مدنی:

بقول بعض اس کا نام عبداللہ ہے،چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۸۳۳۱۔م۔ابولیلیٰ انصاری،عبدالرحمٰن کے والد:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کا نام بلال یا بلیل ''تصغیر کے ساتھ'' ہے داود بھی کہا جاتا ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ یسار یا اوس ہیں،احد اور اس کے بعد والے غزوات میں شریک تھے اور (حضرت) علی (رضی اللہ عنہ) کے عہد خلافت تک زندہ رہے۔

۸۳۳۲۔بخ،د،ق۔ابولیلیٰ کندی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' کوفی:

بقول بعض یہ سلمہ بن معاویہ ہے اس کے برعکس بھی کہا گیا ہے اسی طرح سعید بن بشر اور معلیٰ بھی کہا گیا ہے،

دوسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

۸۳۳۳۔ق۔ابولیلی خراسانی:

چھٹے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے تاہم بقول بعض یہ عبداللہ بن میسرہ حارثی ہے۔

۸۳۳۴۔د،ت،ق۔ابو ماجد:

ابن مسعود سے روایت کرتا ہے کہا گیا ہے کہ اس کا نام عائذ بن نضلہ ہے مجہول ہے یحییٰ جابر کے علاوہ اس سے کسی نے روایت نہیں کیا، دوسرے طبقہ سے ہے۔

۸۳۳۵ تمییز۔ابو ماجدہ، ایوب کا شیخ:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے جس نے اسے پہلے والے راوی کے ساتھ ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

☆ابو ماجدہ سہمی یا ابن ماجدہ:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام علی ہے تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے اور عمر سے اس کی روایت مرسل ہے،د۔(=۴۷۸۶)

☆ابو مالک بن ثعلبہ:

یہ مالک بن ثعلبہ ہے۔(=۶۴۲۸)

☆ابو مالک اشجعی:

یہ سعد بن طارق ہے۔(=۲۲۴۰)

☆ابو مالک اشعری:

یہ حارث بن حارث ہے۔(=۱۰۱۴)

☆ابو مالک اشعری:

یہ کعب بن عاصم ہے، گزر چکے۔(=۵۶۴۱)

۸۳۳۶۔خت،د،س،ق۔ابو مالک اشعری:

کہا گیا ہے کہ ان کا نام عبید ہے عبداللہ، عمرو، کعب بن کعب اور عامر بن حارث بھی کہا گیا ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ۱۸ھ کو طاعون عمواس میں فوت ہوئے۔

☆ابو مالک جنبی:

اس کا نام عمرو بن ہاشم ہے۔(=۵۱۲۶)

☆ابو مالک غفاری:

اس کا نام غزوان ہے، گزر چکے۔(=۵۳۵۴)

۸۳۳۷۔ق۔ابو مالک نخعی، واسطی:

اس کا نام عبدالملک ہے عبادہ بن حسین اور ابن ابو حسین بھی کہا گیا ہے اور اسے ابن ذر بھی کہا جاتا ہے، ساتویں طبقہ کا ''متروک'' راوی ہے۔

☆ابو مالک بن اخنس:

یہ عبیداللہ ہے، گزر چکا۔(=۴۲۷۵)

۸۳۳۸۔ت،ق۔ابو مبارک:

عطاء سے روایت کرتا ہے چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے صہیب سے اس کی روایت مرسل ہے۔

☆ابو متوکل ناجی:

یہ علی بن دؤاد ہے۔(=۴۷۳۱)

☆ابو مثنی املوکی:

یہ ضمضم ہے، گزر چکے۔(=۲۹۹۴)

۸۳۳۹۔ت،ق۔ابو مثنی جہنی مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۳۴۰۔ت،ق۔ابوالمثنیٰ خزاعی:

اس کا نام سلیمان بن یزید ہے چھٹے طبقہ کا ''ضعیف'' راوی ہے۔

☆ابوالمثنیٰ مؤذن:

یہ مسلم بن مثنیٰ ہے۔(=۶۶۴۲)

☆ابومجاہد طائی:

یہ سعد ہے۔(=۲۲۶۲)

☆ابومجلز:

یہ لاحق بن حمید ہے، گزر چکے۔(=۷۴۹۰)

☆ابومجیبہ باہلی:

مجیبہ کے ترجمہ میں گزر چکا۔(=۶۴۹۱)

۸۳۴۱۔بخ،م،۴۔ابومحذورہ جمحی مکی، مؤذن:

مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کا نام اوس ہے سمرہ، سلمہ اور سلمان بھی کہا گیا ہے، ان کے والد (کا نام) معیر ہے، عمیر بن لوذان بھی کہا گیا ہے، مکہ مکرمہ میں ۵۹ھ کو فوت ہوئے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کے بعد تک زندہ زندہ رہے۔

☆ابومحمد بن عمرو بن حریث:

ابوعمرو بن حریث کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=۸۲۷۲)

۸۳۴۲۔د،س،ق۔ابومحمد انصاری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں کہا گیا ہے کہ ان کا نام مسعود بن زید یا ابن اوس ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ان کا نام قیس ابن عبایہ ہے، مسعود (رضی اللہ عنہ) غزوہ بدر اور فتح مصر میں شریک تھے، کہا گیا ہے کہ (حضرت) عمر (رضی اللہ عنہ) کے عہد خلافت میں یا اس کے بعد فوت ہوئے، اور یہ حدیث وتر والے ہیں عبادہ بن صامت (رضی اللہ عنہ) نے (وتر کے

متعلقہ) ان (کے مؤقف) کا رد کیا تھا۔

۸۳۴۳۔ خت۔ ابو محمد حضرمی، ابو ایوب کا غلام:

کہا گیا ہے کہ یہ افلح ہے ورنہ مجہول ہے، تیسرے طبقہ۔

☆ ابو محمد زبیدی:

یہ عمرو بن حریش ہے۔ (=۵۰۱۰)

☆ ابو محمد، ابو قتادہ کا غلام:

اس کا نام نافع بن عباس ہے، گزر چکے۔ (=۷۰۷۴)

۸۳۴۴۔ عس۔ ابو محمد ہذلی:

علی سے روایت کرتا ہے، تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

☆ ابو محمد، بنی ہاشم کا غلام:

یہ اسید بن زید جمال ہے۔ (=۵۱۲)

۸۳۴۵۔ ت، ق۔ ابو محمد، (حضرت) عمر بن خطاب (رضی اللہ عنہ) کا غلام "محمد بن ابو محمد بھی کہا گیا ہے":

پانچویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

☆ ابو المحیاۃ:

یہ یحییٰ بن یعلیٰ بن حرملہ ہے، گزر چکے۔ (=۷۶۷۶)

۸۳۴۶۔ ت۔ ابو مخارق:

ابن عمر سے روایت کرتا ہے، چوتھے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۸۳۴۷۔ د۔ ابو مختار اسدی، کوفی:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام سفیان بن مختار یا ابن ابو حبیب ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کا نام عبداللہ ہے، پانچویں طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۳۴۸۔ت،عس۔ابومختار طائی:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام سعد ہے چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابومخلد:

یہ مہاجر بن مخلد ہے، کہا گیا ہے کہ اس کی کنیت ابوخالد ہے۔(=۶۹۲۴)

☆ابومخلد:

ابن عباس سے روایت کرتا ہے درست ابومجلز ہے۔(=۷۴۹۰)

۸۳۴۹۔د،ق۔ابومدِلّہ،عائشہ کا غلام:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عبداللہ ہے، تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۳۵۰۔خ،م،س،ق۔ابومراوح غفاری ''بقول بعض لیثی'' مدنی:

کہا گیا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے بصورت دیگر تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۸۳۵۱۔قد۔ابومراوح:

سلمان فارسی سے روایت کرتا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ پہلے والا ہی راوی ہے وگرنہ مجہول ہے تیسرے طبقہ سے ہے۔

☆ابومرثد غنوی:

اس کا نام کناز ہے، گزر چکا۔(=۵۶۶۶)

☆ابومرحب:

مرحب کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=۶۵۵۱)

☆ابومرحوم:

یہ عبدالرحیم بن میمون ہے، گزر چکا۔(=۴۰۵۹)

۸۳۵۲۔د،ق۔ابومرزوق تُجیبی ''ولاء کی وجہ سے ہے'' مصری:

برتن فروش ہوا، اس کا نام مشہور قول کے مطابق حبیب ابن شہید ہے، پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۹۰۱ھ میں

فوت ہوا۔

۸۳۵۳۔د،ق۔ابومرزوق:

ابو غالب کے واسطے سے ابو امامہ سے روایت کرتا ہے چھٹے طبقہ کا قدرے کمزور راوی ہے اس کا نام معلوم نہیں ہو سکا۔

۸۳۵۴۔س۔ابومرہ طائفی ،مکحول کا شیخ:

بقول بعض اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ درست یہ ہے کہ یہ کثیر بن مرہ ہے ،المتقدم۔(=۵۶۳۱)

☆ابومرہ ،عقیل بن ابو طالب کا غلام:

اس کا نام یزید ہے گزر چکا ،اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کا نام عبدالرحمٰن ہے۔(=۷۷۹۷)

☆ابومروان بن حمویہ:

درست مرار ہے جیسا کہ میم میں گزر چکا ہے۔(=۶۵۴۵)

☆ابومروان عثمانی:

یہ محمد بن عثمان ہے گزر چکا۔(=۶۱۲۸)

۸۳۵۵۔س۔ابومروان اسلمی:

ان کا نام مغیث ہے''معتب بھی کہا گیا ہے''اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ان کا نام سعید یا عبدالرحمٰن ہے ،انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے تاہم ان تک سند کمزور ہے اور یہ عطاء بن ابو مروان کے والد ہیں۔

۸۳۵۶۔د،ت۔ابومریم اشدی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے ،کہا گیا ہے کہ یہ عمرو بن مرہ جہنی ہیں اور یہ حجر بن مالک کے شیخ ''ابو مریم کندی''اور ابو بکر بن عبداللہ بن ابو مریم کے دادا''ابو مریم غسانی''کے علاوہ ہیں ،کہا گیا ہے کہ ان تینوں کو صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

☆ابومریم اسدی:

یہ عبداللہ بن زیاد ہے، گزر چکا۔ (=۳۳۲۷)

۸۳۵۷۔ بخ، د، ت۔ ابومریم انصاری یا حضرمی، دمشق یا حمص کی مسجد کے خادم:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام عبدالرحمٰن بن ماعز ہے اور بقول بعض ابو ہریرہ کے غلام ہیں، دوسرا طبقہ کے ''ثقہ'' راوی ہیں۔

وفی طبقتہ:

۸۳۵۸۔ ابومریم شامی:

عمر سے روایت کرتا ہے، کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عبد (اضافت کے بغیر) ہے۔

۸۳۵۹۔ ی، د، س۔ ابومریم ثقفی:

اس کا نام قیس مدائنی ہے دوسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۳۶۰۔ تمییز۔ ابومریم حنفی قاضی:

اس کا نام ایاس بن ضبیح ہے دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے جس نے اسے پہلے والے راوی کے ساتھ ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ حنفی ابومریم کوفی ہے لیکن ابن ماکولا نے کہا ہے کہ اس کے علاوہ ہے، اور اس کا نام عبداللہ بن سنان ہے اور یہ بھی دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۳۶۱۔ ق۔ ابومریم رقی، مکاتب عائشہ:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابومریم سلولی:

اس کا نام مالک بن ربیعہ یا ابن خرشہ ہے، گزر چکا۔ (=۶۴۳۷)

☆ابومزاحم سمرقندی:

یہ سباع ہے، گزر چکا۔ (=۲۲۰۶)

۸۳۶۲۔ت۔ابو مزاحم مدنی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۳۶۳۔بخ۔ابو مرزد:

اس کا نام عبدالرحمٰن بن یسار ہے اور یہ معاویہ کا والد ہے تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابو مساور:

یہ فضل بن مساور ہے۔(=۵۴۱۷)

☆ابو مسعود انصاری:

یہ عقبہ بن عمرو ہے۔(=۴۶۴۷)

☆ابو مسعود جرار:

یہ عبدالاعلیٰ ہے۔(=۳۷۴۷)

☆ابو مسعود جُریری:

یہ سعید بن ایاس ہے۔(=۲۲۷۳)

☆ابو مسعود رازی:

یہ احمد بن فرات ہے، گزر چکے۔(=۸۸)

۸۳۶۴۔د۔ابو مسعود انصاری زرقی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ مسعود بن حکم ہے۔

☆ابو مسکین:

یہ حر بن مسکین ہے۔(=۱۱۶۱)

☆ابو مسکین، بقیہ کا شیخ:

یہ طلحہ بن زید ہے۔(=۳۰۲۰)

☆ابو مسلم:

یہ اغر ہے۔ (=۵۴۴)

☆ابو مسلم، اعمش کا ہاتھ تھام کر چلنے والا:

یہ عبیداللہ بن سعید ہے، گزر چکے۔ (=۴۲۹۵)

۸۳۶۵۔د،س۔ابو مسلم بجلی:

چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۳۶۶۔ت،س۔ابو مسلم جذمی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۳۶۷۔م،۴۔ابو مسلم خولانی، زاہد، شامی:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام عبداللہ بن ثُوَب ہے واؤ کے اشباع کے ساتھ بھی کہا گیا ہے اسی طرح ''ابن اثوب (احمر کے وزن پر ہے)'' بھی کہا گیا ہے، بقول بعض ابن عوف یا ابن مشکم ہے اور بقول بعض اس کا نام یعقوب بن عوف ہے ''دوسرے طبقہ کا'' ثقہ عابد'' راوی ہے اس نے نبی کریم ﷺ کی طرف رخت سفر باندھا مگر آپ ﷺ کو نہ پا سکا، اور یزید بن معاویہ کے زمانے تک زندہ رہا۔

۸۳۶۸۔ق۔ابو مسلم عبدی، زید بن صوحان کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابو مسلم:

یہ سعید بن یزید ازدی ہے۔ (=۲۴۱۹)

☆ابو مسہر:

یہ عبدالاعلیٰ بن مسہر ہے، گزر چکے۔ (=۳۷۳۸)

۸۳۶۹۔ق۔ابومشجعہ بن ربعی جہنی:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۳۷۰۔د۔ابومصبح مقرائی:

تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے حمص فروکش ہوا۔

☆ابومصعب مدنی:

یہ احمد بن ابوبکر ہے۔(=۱۷)

☆ابومصعب:

یہ عبدالسلام بن مصعب ہے، گزر چکے۔(=۴۰۶۸)

۸۳۷۱۔س۔ابومصلی۔مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۳۷۲۔ل۔ابومصلح خراسانی:

اس کا نام نصر بن مشارس ''الف کی جگہ یاء کے ساتھ بھی کہا گیا ہے''۔

ساتویں طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

۸۳۷۳۔بخ،ت،س۔ابومطر، حجاج بن ارطاۃ کا شیخ:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابومطرف ابن ابووزیر:

یہ محمد بن عمر بن مطرف ہے۔(=۶۱۷۳)

☆ابومطرف خزاعی:

یہ عبیداللہ بن طلحہ بن کریز ہے، گزر چکے۔(=۴۳۰۲)

۸۳۷۴۔م۔ابومطوس:

یہ یزید ہے، اور عبداللہ بن مطوس بھی کہا گیا ہے، چھٹے طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

☆ابو مطیع بن عوف انصاری:

رفاعہ (د) کے ترجمہ گزر چکا اس کے نام اور کنیت میں یحییٰ بن ابوکثیر پر اختلاف پایا جاتا ہے۔

☆ابو معاذ ازدی:

یہ فضیل بن میسرہ ہے۔ (=۵۴۳۹)

☆ابو معاذ بصری:

یہ سلیمان بن ارقم ہے۔ (=۲۵۳۲)

۸۳۷۵۔ق۔ابو معاذ ''ذال کی جگہ نون کے ساتھ بھی کہا گیا ہے'' اور یہی زیادہ راجح ہے:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۳۷۶۔عس۔ابو معاویہ بجلی:

یہ عمار ذہنی ہے ورنہ مجہول الحال ہے، چھٹے طبقہ سے ہے۔

۸۳۷۷۔تمییز۔ابو معاویہ اشجعی:

عمرو بن معاویہ ہے، چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے جس نے اسے پہلے والے راوی کے ساتھ ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

☆ابو معاویہ ضریر:

یہ محمد بن خازم ہے۔ (=۵۸۴۱)

☆ابو معاویہ نحوی:

یہ شیبان بن عبدالرحمٰن ہے۔ (=۲۸۳۳)

☆ابو معاویہ نخعی:

یہ عمرو بن عبداللہ بن وہب ہے۔ (=۵۰۶۷)

☆ابو معاویہ عبادانی:

یہ سعید بن زربی ہے، گزر چکے۔ (۲۳۰۴)

☆ابومعبد، ابن عباس کا غلام:

یہ نافذ ہے۔ (=۷۰۷۱)

☆ابومعبد، سلمی:

یہ مجالد بن مسعود ہے۔ (=۶۴۸۰)

☆ابومعتمر:

یہ حنش بن معتمر ہے، گزر چکے۔ (=۱۵۷۷)

۸۳۷۸۔د،ق۔ابومعتمر بن عمرو بن رافع مدنی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

۸۳۷۹۔ت۔ابومعدان مکی:

اس کا نام عبداللہ بن معدان ہے عامر بن زرارہ بھی کہا جاتا ہے، ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابومعدان، ''بقول بعض ابن معدان'':

درست معدان ہے اور یہ ابن ابوطلحہ ہے جو کہ گزر چکا ہیں۔ ۶۷۸۷)

☆ابومعشر البراء:

یہ یوسف ابن یزید ہے۔ (=۷۸۹۴)

☆ابومعشر کوفی:

یہ زیاد بن کلیب ہے۔ (۲۰۹۶)

☆ابومعشر مدنی:

یہ نجیح ہے، گزر چکے۔ (=۷۱۰۰)

۸۳۸۰۔س،ق۔ابومعقل اسدی انصاری:

کہا جاتا ہے کہ ان کا نام ہیثم ہے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، اور یہ معقل کے والد اور ام معقل کے شوہر ہیں۔

۸۳۸۱۔ د، ق۔ ابو معقل:

اس نے عمامہ پر مسح کے متعلق انس سے روایت کیا ہے اور پانچویں طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۳۸۲۔ ت۔ ابو معلیٰ بن لوذان انصاری:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام زید بن معلیٰ ہے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

☆ابو معلیٰ عطار:

یہ یحییٰ بن میمون ہے۔(=۸۱۵۸ ے)

☆ابو معمر کوفی:

یہ عبداللہ بن سخبرہ ہے۔(=۳۳۴۱)

☆ابو معمر منقری:

یہ عبداللہ بن عمرو ابن ابو حجاج ہے۔(=۳۴۹۸)

☆ابو معمر ہذلی:

یہ اسمٰعیل بن ابراہیم ہے۔(=۴۱۵)

☆ابو معن رقاشی:

یہ زید بن یزید ہے گزر چکے۔(=۲۱۶۲)

۸۳۸۳۔ س۔ ابو معن اسکندرانی، خولانی۔ بصری الاصل:

اس کا نام عبدالواحد بن ابو موسیٰ ہے چھٹے طبقہ کا ''ثقہ زاہد'' راوی ہے ۲۱۵ھ کے بعد فوت ہوا۔

۸۳۸۴۔ تمییز۔ ابو معن محمد بن معن:

اس نے زہرہ بن معبد سے روایت کیا ہے اور اس سے ابن مبارک نے روایت کیا ہے ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، کہا جاتا ہے کہ یہ وہی ہے جس کی نسائی نے حدیث نقل کی ہے۔

۸۳۸۵۔ق۔ابومعن:

انس سے روایت کرتا ہے پانچویں طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

☆ابومعید "تصغیر کے ساتھ ہے":

یہ حفص بن غیلان ہے۔(=۱۴۳۲)

☆ابومغلس مکی:

یہ میمون ہے۔(=۷۰۵۸)

☆ابومغلس نمیری:

یہ عبدربہ بن خالد ہے، گزر چکے۔(=۳۷۸۵)

☆ابومغیث بن عمرو:

یہ ابومروان اسلمی ہے المتقدم، اس کی سند میں روات نے اختلاف کیا ہے ہیں۔(=۸۳۵۵)

۸۳۸۶۔س،ق۔ابومغیرہ بجلی یا خارفی، کوفی:

اس کا نام عبید بن مغیرہ ہے ابن عمرو، مغیرہ بن ابوعبید، ولید اور ابو ولید مغیرہ بھی کہا گیا ہے، اس سے صرف: کیلے ابو اسحاق سبیعی نے روایت کیا ہے، تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۸۳۸۷۔ق۔ابومغیرہ:

اس نے بدعت کی مذمت میں ابن عباس سے روایت کیا ہے، چوتھے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۸۳۸۸۔مد۔ابومغیرہ، تابعی:

تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے اس نے مرسل حدیث بیان کی ہے۔

☆ابومغیرہ:

عبدالقدوس بن حجاج ہے، گزر چکا۔(=۴۱۴۵)

☆ابومفضل:

ابوفضل کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=۸۳۰۷)

☆ابو مقدام:

یہ ثابت بن ہرمز حداد ہے۔(=۸۳۲)

☆ابو مقدام مدنی:

یہ ہشام بن زیاد ہے۔(=۷۲۹۲)

۸۳۸۹۔ت۔ابو مقاتل سمرقندی:

آٹھویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابو مکین:

نوح بن ربیعہ ہے، گزر چکا۔(=۷۲۰۷)

۸۳۹۰۔ع۔ابو ملیح بن اسامہ بن عمیر یا عامر ابن عمیر بن حنیف بن ناجیہ ہذلی:

اس کا نام عامر ہے زید اور زیاد بھی کہا گیا ہے، تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۹۸ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۰۸ھ میں یا اس کے بعد ہوا۔

۸۳۹۱۔تخ، ت، ق۔ابو ملیح فارسی، مدنی، خراط:

اس کا نام صبیح ہے حمید بھی کہا گیا ہے، ساتویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ابو ملیح رقی:

یہ حسن بن عمر ہے۔(=۱۲۶۶)

☆ابو ملیکہ:

یہ زہیر بن عبد اللہ بن جدعان ہے۔(=۲۰۴۴)

☆ابو منذر طفاوی:

یہ محمد بن عبد الرحمن ہے۔(=۶۰۸۷)

☆ابو منذر:

اسماعیل بن عمر ہے، گزر چکے۔(=۴۶۹)

۸۳۹۲۔ د،س،ق۔ ابومنذر، ابوذر کا غلام:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۳۹۳۔ مد۔ ابومنذر تابعی:

دوسرے طبقہ سے ہے اس نے مرسل حدیث بیان کی ہے، بعض حضرات نے اسے صحابہ میں ذکر کیا ہے۔

☆ ابومنذر:

اس نے ابوسلمہ سے روایت کیا ہے اور اس سے مالک نے روایت کیا ہے، درست سالم ابونضر ہے، کن۔ (=۲۱۶۹)

☆ ابومنصور واسطی:

یہ حارث بن منصور ہے۔ (=۱۰۵۰)

۸۳۹۴۔ د۔ ابومنظور شامی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ ابومنہال بصری:

یہ سیار بن سلامہ ہے۔ (=۲۷۱۵)

☆ ابومنہال مکی:

یہ عبدالرحمن بن مطعم ہے، گزر چکے۔ (=۴۰۰۷)

☆ ابومنہال:

عبدالملک بن قتادہ بن ملحان کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔ (=۴۲۰۳)

۸۳۹۵۔ د۔ ابومنیب جُرشی، دمشقی:

چوتھے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۸۳۹۶۔ تمییز۔ ابومنیب بصری، احدب:

دوسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، جس نے اسے پہلے والے راوی کے ساتھ ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

☆ابو منیب عتکی:

یہ عبید اللہ بن عبد اللہ ہے۔ (=۴۳۱۲)

☆ابو مہاجر:

یہ سالم بن عبد اللہ بن ابو مہاجر ہے، گزر چکا۔ (=۲۱۷۹)

☆ابو مہاجر:

عمران بن حصین سے روایت کرتا ہے درست ابو مہلب ہے، اوزاعی کو اس میں وہم ہوا ہے۔ (=۸۳۹۸)

☆ابو مہلب:

بریدہ سے روایت کرتا ہے درست ابو ملیح ہے اوزاعی کو اس میں وہم ہوا ہے۔ (=۸۳۹۱)

☆ابو مہدی حمصی:

یہ سعید بن سنان ہے۔ (=۲۳۳۳)

۸۳۹۷۔ د، ت، ق۔ ابو مہزم، تمیمی، بصری:

اس کا نام یزید ہے عبد الرحمن بن سفیان بھی کہا گیا ہے، تیسرے طبقہ کا "متروک" راوی ہے۔

۸۳۹۸۔ بخ، م، ۴۔ ابو مہلب، جرمی، بصری، ابو قلابہ کا چچا: ی

اس کا نام عمرو یا عبد الرحمن بن معاویہ یا ابن عمرو ہے نضر اور معاویہ بھی کہا گیا ہے، دوسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

☆ابو مہلب بن یزید:

یہ مطرح ہے۔ (=۶۷۰۴)

☆ابو مودود:

یہ فضہ ہے۔ (=۵۴۲۵)

☆ابو مودود بصری:

یہ بحر بن موسیٰ ہے۔

☆ابومودود ہذلی:

یہ عبدالعزیز بن ابوسلیمان ہے، گزر چکے۔(=۴۰۹۹)

۸۳۹۹۔ابومودود:

قیس کے غلام زید سے روایت کرتا ہے اور یہ بحر بن موسیٰ ہے ورنہ مجہول ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔(بخ ۳۲۹)

☆ابومورع:

علی سے روایت کرتا ہے یہ ابومحمد ہذلی ہے۔(=۸۳۴۴)

☆ابوموسیٰ اشعری:

یہ عبداللہ بن قیس ہے۔(=۳۵۴۲)

☆ابوموسیٰ بصری:

یہ اسرائیل بن موسیٰ ہے، گزر چکے۔(=۴۰۰)

۸۴۰۰۔س۔ابوموسیٰ حذاء (موچی)، مکی:

اس کا نام صہیب ہے چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ دو ہیں۔

☆ابوموسیٰ عنزی:

یہ محمد بن مثنیٰ ہے۔(=۶۲۶۴)

☆ابوموسیٰ ہمدانی:

یہ مالک بن حارث ہے، گزر چکے۔(=۶۴۳۱)

☆ابوموسیٰ:

عمرو بن عبید سے روایت کرتا ہے یہ اسرائیل بن موسیٰ ہے۔(=۴۰۰)

۸۴۰۱۔د۔ابوموسیٰ ہلالی:

دوسرے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۴۰۲۔خت۔ابو موسیٰ:

صلوٰۃ الخوف کے بارے میں اس نے جابر سے روایت کیا ہے اور یہ علی بن رباح ہے مالک بن عبادہ غافقی بھی کہا گیا ہے، صحابی (رضی اللہ عنہ) ہے۔

۸۴۰۳۔د۔ابو موسیٰ، معاویہ بن صالح کا شیخ:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۴۰۴۔د،ت،س۔ابو موسیٰ:

اس نے وہب بن منبہ سے روایت کیا ہے چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے، جس نے اسے اسرائیل بن موسیٰ کہا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۸۴۰۵۔عس۔ابو مؤمن ''بقول بعض ابو مؤمر'':

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۴۰۶۔د۔ابو میسرہ عابد:

نویں طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

☆ابو میسرہ کوفی:

یہ عمرو بن شرحبیل ہے، گزر چکا۔ (=۵۰۴۸)

۸۴۰۷۔س۔ابو میمون:

اس نے رافع بن خدیج سے روایت کیا ہے، چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۴۰۸۔۴۔ابو میمونہ فارسی، مدنی، الابار:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام سلیم یا سلمان یا سلمیٰ ہے اسامہ بھی کہا گیا ہے، تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے، بعض حضرات نے فارسی اور الابار میں فرق کیا ہے اور یہ دونوں مدنی ہیں اور ابو ہریرہ سے روایت کرتے ہیں، فاللہ اعلم۔

حرف النون

☆ابو نباتہ مدنی:

یہ یونس بن یحییٰ ہے۔(=۷۹۱۸)

☆ابو نجاشی:

یہ عطاء بن صہیب ہے، گزر چکے۔(=۴۵۹۳)

۸۴۰۹۔ بخ، د، س۔ ابو نجیب "بقول بعض ابو نُجیب" عامری، ابن ابو سرح:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام ظلیم ہے چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے ۸۸ھ کو افریقہ میں فوت ہوا۔

☆ابو نجیح سلمی:

(اس کنیت کے) دو صحابی ہیں ان میں سے ایک عمرو بن عبسہ ہیں اور دوسرے عرباض بن ساریہ ہیں، گزر چکے۔(=۵۰۷۰، ۴۵۵۰)

☆ابو نجیح مکی، عبداللہ کا والد:

اس کا نام یسار ہے یاء میں گزر چکا۔(=۷۸۰۵)

۸۴۱۰۔ بخ س۔ ابو نُخیلہ "بقول بعض ابو نحیلہ" بجلی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں جریر بن عبداللہ سے ان کی روایت آتی ہے۔

۸۴۱۱۔ خت۔ ابو نصر اسدی:

چوتھے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

☆ابو نصر تمار:

یہ عبدالملک بن عبدالعزیز ہے۔(=۴۱۹۴)

☆ابونصر ضبی:

یہ عبداللہ بن عبدالرحمٰن ہے۔ (=۳۴۴۰)

☆ابونصر:

انس سے روایت کرتا ہے یہ خیثمہ بن ابوخیثمہ ہے، گزر چکے۔ (=۱۷۷۲)

۸۴۱۲۔س۔ابونصر ہلالی:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۴۱۳۔س۔ابونصر ہلالی، دوسرا:

بقول بعض اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے وگرنہ مجہول ہے قتادہ کے شیوخ میں سے ہے تیسرے طبقہ کا ہے۔

☆ابونصر، عمرو بن مرہ کا شیخ:

یہ حمید بن ہلال ہے،س۔ (=۱۵۶۳)

۸۴۱۴۔د،ت۔ابونصیر ''تصغیر کے ساتھ ہے'' واسطی:

اس کا نام مسلم بن عبید ہے، پانچویں طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ابونضر بغدادی:

یہ ہاشم بن قاسم ہے۔ (=۷۲۵۶)

☆ابونضر فرادیسی:

یہ اسحاق بن ابراہیم ہے۔ (=۳۳۴)

☆ابونضر:

سالم مدنی ہے۔ (=۲۱۶۹)

☆ابونضرہ عبدی:

یہ منذر بن مالک بن قطعہ ہے۔ (=۶۸۹۰)

☆ابونعامہ حنفی:

یہ قیس بن عبایہ ہے۔(=۵۵۸۳)

☆ابونعامہ عدوی:

یہ عمرو بن عیسیٰ ہے، گزر چکے۔(=۵۰۸۹)

☆ابونعامہ عدوی، دوسرا:

اس کا نام حریث بن مالک ہے ابن حبان نے اس کا ذکر کیا ہے، تمییز۔

۸۴۱۵۔م، د، ت، س۔ابونعامہ سعدی:

اس کا نام عبدربہ ہے عمرو بھی کہا گیا ہے، چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

☆ابونعمان سدوسی:

یہ محمد بن فضل عارم ہے، گزر چکا۔(=۶۲۲۶)

۸۴۱۶۔د، ت۔ابونعمان:

اس نے ابو وقاص سے روایت کیا ہے چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابونعیم ملائی:

یہ فضل بن دکین ہے۔(=۵۴۰۱)

☆ابونعیم طحان:

یہ ضرار بن صرد ہے۔(=۲۹۸۴)

☆ابونعیم نخعی، کوفی، صغیر:

یہ عبدالرحمٰن بن ہانی ہے، گزر چکے۔(=۴۰۳۲)

۸۴۱۷۔تمییز۔ابونعیم نخعی، کبیر، کوفی:

یہ عبدالرحمٰن بن نعیم ہے، ساتویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابونعیم حلبی:

یہ عبید بن ہشام ہے، گزر چکا۔(=۴۳۹۸)

☆ابونہار، ازدی:

یہ عقبہ بن عبدالغافر ہے اپنے نام سے مشہور ہے، گزر چکا۔(=۴۶۴۴)

۸۴۱۸۔د۔ابونملہ انصاری:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، واقدی نے کہا ہے کہ ان کا نام عمار ہے اور ابن سعد نے عمرو اور دیگر حضرات نے عمارہ کہا ہے، اور یہ اوس کے قبیلہ بنوظفر سے تعلق رکھنے والے ابن معاذ بن زرارہ ہیں، غزوہ احد میں شریک تھے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ بدر میں بھی شریک تھے۔

۸۴۱۹۔بخ،د۔ابونہیک، ازدی بصری، قاریٔ:

اس کا نام عثمان بن نہیک ہے تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

۸۴۲۰۔تمییز۔ابونہیک اسدی یاضبی:

اس کا نام قاسم بن محمد ہے۔ چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابونوح:

اس کا لقب قُرَاد اور نام عبدالرحمٰن بن غزوان ہے، گزر چکا۔(=۳۹۷۷)

۸۴۲۱۔خ،م،د،س۔ابونوفل بن ابوعقرب کنانی عُرَیجی:

اس کا نام مسلم ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ عمرو بن مسلم یا معاویہ بن مسلم ہے، تیسرے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے۔

حرف الهاء

☆ابو ہارون عبدی:

اس کا نام عمارہ بن جوین ہے، گزر چکا۔ (=۴۸۴۰)

۸۴۲۲۔خ۔ابو ہارون غنوی:

اس کا نام ابراہیم بن العلاء ہے چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے (جنائز میں) ایک ہی مقام پر بخاری میں اس کی حدیث آتی ہے۔

☆ابو ہارون مدنی:

یہ موسیٰ بن ابو عیسیٰ ہے، گزر چکا۔ (=۷۰۰۰)

۸۴۲۳۔ت،س،ق۔ابو ہاشم بن عتبہ بن ربیعہ بن عبد شمس قرشی عبشمی:

کہا گیا ہے کہ ان کا نام خالد ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ شیبہ یا ہاشم یا ہشیم یا ہشام ہے، فتح مکہ کے روز مسلمان ہونے والے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں (سیدنا) عثمان (رضی اللہ عنہ) کے عہد خلافت میں فوت ہوئے۔

۸۴۲۴۔د۔ابو ہاشم دوسی، ابو ہریرہ کا چچازاد بھائی:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۴۲۵۔ع۔ابو ہاشم رُمانی، واسطی:

اس کا نام یحییٰ بن دینار ہے ابن اسود اور ابن نافع بھی کہا گیا ہے، چھٹے طبقہ کا ''ثقہ'' راوی ہے ۱۲۲ھ میں فوت ہوا، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۱۴۵ھ میں فوت ہوا۔

☆ابو ہاشم خارفی:

اس کا نام قاسم بن کثیر ہے۔ (=۵۴۸۵)

☆ابو ہاشم زعفرانی:

اس کا نام عمار بن عمارہ ہے۔(=۴۸۳۰)

☆ابو ہاشم مکی:

اسماعیل بن کثیر ہے، گزر چکے۔(=۴۷۴)

☆ابو ہانی خولانی:

یہ حمید بن ہانی ہے۔(=۱۵۶۲)

☆ابو ہبیرہ شیبانی:

یہ یحییٰ بن عباد ہے۔(=۷۵۷۴)

☆ابو ہبیرہ دمشقی:

یہ محمد بن ولید بن ہبیرہ ہے۔(=۶۳۷۶)

☆ابو ہذیل:

غالب بن ہذیل ہے، گزر چکے۔(=۵۳۵۰)

۸۴۲۶۔ ع۔ ابو ہریرہ دوسی:

صحابہ کرام میں سے (بہت بڑے) حافظ حدیث جلیل القدر صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، ان کے اور ان کے والد کے نام میں اختلاف ہے: عبدالرحمن بن صخر/ابن غنم/عبداللہ بن عائذ/ابن عامر/ابن عمرو/سکین بن ودمہ/ابن ہانی/ابن مل/ابن صخر/عامر بن عبد شمس/ابن عمیر/یزید بن عشرقہ/عبد نہم/عبد شمس/غنم/عبید بن غنم/عمرو بن غنم/ابن عامر/سعید بن حارث۔() اور اس میں بھی اختلاف ہے کہ (مذکورہ اسماء میں سے) کونسا نام زیادہ راجح ہے پس اکثر حضرات پہلے نام (عبدالرحمن بن صخر) کی طرف گئے ہیں اور اہل نسب عمرو بن عامر کی طرف گئے ہیں، (سیدنا) ابو ہریرہ (رضی اللہ عنہ) عمر ۷۸ برس ۵۷ھ میں اور بقول بعض ۵۸ھ میں یا ۵۹ھ میں فوت ہوئے۔

☆ابو ہریرہ صیرفی:

اس کا نام محمد بن فراس ہے، گزر چکا۔ (=٢٢١٠٩)

☆ابو ہشام رفاعی:

یہ محمد بن یزید بن رفاعہ ہے۔ (=٦٣٠٤)

☆ابو ہشام مخزومی:

یہ مغیرہ بن سلمہ ہے، گزر چکے۔ (=٦٨٣٨)

☆ابو ہمام اہوازی:

یہ محمد بن زبرقان ہے۔ (=٥٨٨٣)

☆ابو ہمام الدلال:

یہ محمد بن محبب ہے۔ (=٦٣٦٥)

☆ابو ہمام سکونی:

یہ ولید بن شجاع ہے۔ (=٧٤٣٨)

☆ابو ہمام کوفی:

یہ عبداللہ بن یسار ہے، گزر چکے۔ (=٣٧١٨)

٨٤٢٧۔ د س۔ ابو ہند بجلی، شامی:

تیسرے طبقہ کا ”مقبول“ راوی ہے۔

٨٤٢٨۔ ق۔ ابو ہند صدیق:

مجہول ہے، نیز یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کا نام ابراہیم بن میمون صائغ ہے، اگر تو وہی ہے، چھٹے طبقے سے ہے۔

٨٤٢٩۔ بخ عس۔ ابو ہند ہمدانی، کوفی:

اس کا نام سعد بن عبدالرحمن ہے، ساتویں طبقہ کا ”مقبول“ راوی ہے۔

☆ابو ہلال راسبی:

محمد بن سلیم ہے، گزر چکا۔(=۵۹۲۳)

☆ابو ہلال:

ابو ہلال: عمر بن عبدالعزیز سے روایت کرتا ہے درست ہلال، ابوطعمہ ہے۔(=۸۱۸۶)

☆ابوالہیاج اسدی:

حیان بن حصین ہے، گزر چکا۔(=۱۵۹۶)

☆ابو ہیثم عتواری:

یہ سلیمان بن عمرو بن عبید ہے، گزر چکا۔(=۲۵۹۹)

۸۴۳۰۔س۔ابو ہیثم بن نصر بن دہر اسلمی:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، کہا گیا ہے کہ اس کا نام عامر ہے۔

۸۴۳۱۔مد۔ابو ہیثم مرادی، کوفی، صاحب قصب:

چھٹے طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے کہا گیا ہے کہ اس کا نام عمار ہے۔

۸۴۳۲۔بخ، د، س۔ابو ہیثم مصری، عقبہ بن عامر کا غلام:

پانچویں طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

حرف الواو

۸۴۳۳۔ ابو واقد لیثی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، کہا گیا ہے کہ ان کا نام حارث بن مالک ہے، ابن عوف اور عوف بن حارث بھی کہا گیا ہے، ۶۸ھ میں فوت ہوئے اور صحیح قول کے مطابق ۸۵ برس عمر پائی۔

☆ ابو واقد، لیثی، صغیر:

یہ صالح بن محمد بن زائدہ ہے، گزر چکا۔ (=۲۸۸۵)

☆ ابو وائل اسدی:

یہ شقیق بن سلمہ ہے۔ (=۲۸۱۶)

☆ ابو وائل صنعانی:

یہ عبداللہ بن بحیر ہے، گزر چکے۔ (=۳۲۲۲)

☆ ابو وجزہ:

یہ یزید بن عبید ہے، گزر چکا۔ (=۷۷۵۳)

☆ ابو وداک:

یہ جبر بن نوف ہے، گزر چکا۔ (=۸۹۴)

۸۴۳۴۔ بخ، د، ت، عس۔ ابو ورد بن ثمامہ بن حزن قشیری بصری:

چھٹے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۴۳۵۔ ق۔ ابو ورد مازنی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں مصر فروکش ہو گئے تھے، ان کا نام حرب ہے، حیۃ بن قیس اور ثمامہ بن حنیف بھی کہا گیا ہے۔

ان سے ایک ہی حدیث آتی ہے۔

۸۴۳۶۔ تمییز۔ ابو ورد، دوسرا صحابی (رضی اللہ عنہ):

ان سے ان کے بیٹے نے روایت کیا ہے۔

☆ ابو ورقاء:

یہ فائد بن عبدالرحمٰن ہے فاء میں گزر چکا۔ (=۵۳۷۳)

☆ ابو ابوالوضیٔ:

یہ عباد بن نسیب ہے، گزر چکا۔ (=۳۱۵۰)

۸۴۳۷۔ د، ت۔ ابو وقاص، ابونعمان کا شیخ:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ ابو وکیع بن ملیح:

یہ جراح ہے۔ (=۹۰۸)

☆ ابو وکیع شیبانی:

یہ عنترہ بن عبدالرحمٰن ہے۔ (=۵۲۰۹)

☆ ابو ولید بن ابو جارود مکی:

اس کا نام موسیٰ ہے۔ (=۶۹۵۳)

☆ ابو ولید بسری:

یہ احمد بن عبدالرحمٰن بن بکار ہے۔ (=۶۵)

☆ ابو ولید طیالسی:

یہ ہشام بن عبدالملک ہے۔ (=۷۳۰۱)

☆ ابو ولید، ابن سیرین کا ہم نسب:

یہ عبداللہ بن حارث ہے۔ (=۳۲۶۶)

☆ابو ولید مجاشعی:

اس کا نام برکہ ہے، گزر چکے۔(=۶۵۵)

۸۴۳۸۔م۔ابو ولید مکی:

جابر سے روایت کرتا ہے یہ سعید بن میناء ہے یسار بن عبدالرحمٰن بھی کہا گیا ہے، چوتھے طبقہ کا''مقبول شیخ'' ہے۔

۸۴۳۹۔د۔ابو ولید:

ابن عمر سے روایت کرتا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ ابن سیرین کا ہم نسب ہے اور ابو حاتم نے کہا ہے کہ یہ رواحہ کا غلام ہے اور یہی راجح ہے، چوتھے طبقہ کا''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابو ولید مغیرہ یا ابو مغیرہ ولید:

ابو مغیرہ کے ترجمہ میں گزر چکا۔(=۸۳۸۶)

☆ابو ولید:

یہ عبید ہے، گزر چکا۔(=۴۴۰۳)

۸۴۴۰۔بخ، د، س۔ابو وہب جشمی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں شام فروکش ہوئے ان سے حدیث آتی ہے۔

۸۴۴۱۔د، ت، ق۔ابو وہب جَیشانی، مصری:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام دیلم بن ہوشع ہے اور ابن یونس نے کہا ہے کہ یہ عبید بن شرحبیل ہے، چوتھے طبقہ کا''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابو وہب کلاعی:

اس کا نام عبیداللہ بن عبید ہے۔(=۴۳۱۹)

۸۴۴۲۔تمییز۔ابو وہب کلاعی، دوسرا:

چوتھے طبقہ کا''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابووہب مروزی:

یہ محمد بن مزاحم ہے، گزر چکا۔ (=۶۲۸۵)

حرف لام الف

☆ابولاس خزاعی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں انہیں ابن لاس کہا جاتا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ عبداللہ بن عنمہ ہیں مگر درست بات یہ ہے کہ اس کے علاوہ ہیں، خت۔ (۳۵۱۸)

حرف الیاء

☆ابو یحییٰ اسلمی:

اس کا نام سمعان ہے۔ (=۲۶۳۳)

☆ابو یحییٰ اعرج بقول بعض اجرد، معرقب:

اس کا نام مصدع ہے۔ (=٦٦٨٣)

☆ابو یحییٰ بزاز، صاعقہ:

یہ محمد بن عبدالرحیم ہے۔ (=٦٠٩٠)

☆ابو یحییٰ تیمی، کوفی:

یہ اسماعیل بن ابراہیم ہے۔ (=۴۲۱)

☆ابو یحییٰ تیمی، مدنی:

یہ عبیداللہ بن عبداللہ بن وہب ہے، گزر چکے۔ (=۴۳۱۱)

۸۴۴۳۔ تمییز۔ ابو یحییٰ تیمی، مدنی دوسرا:

اس کا نام اسماعیل بن عبداللہ ہے آٹھویں طبقہ کا "متروک" راوی ہے۔

☆ابو یحییٰ حمانی:

یہ عبدالحمید بن عبدالرحمٰن ہے۔ (=۳۷۷۱)

☆ابو یحییٰ طویل:

یہ عمران بن زید ہے، گزر چکے۔ (=۵۱٦۵)

۸۴۴۴۔ بخ، د، ت، ق۔ ابو یحییٰ قتات، کوفی:

اس کا نام زاذان ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ دینار یا مسلم یا یزید یا زبان یا عبدالرحمٰن ہے، چھٹے طبقہ کا روایت حدیث میں قدرے کمزور راوی ہے۔

☆ابو یحییٰ قرشی:

یہ زیاد ہے گزر چکا، اسے انصار کا غلام اور قیس بن مخرمہ کا غلام بھی کہا جاتا ہے۔ (=۲۱۱۱)

۸۴۴۵۔ق۔ ابو یحییٰ مکی:

بقول بعض یہ مصدع ہے ورنہ مجہول ہے چھٹے طبقہ سے ہے۔

۸۴۴۶۔عخ، د، س، ق۔ ابو یحییٰ مکی:

کہا جاتا ہے کہ یہ سمعان اسلمی ہے، چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

۸۴۴۷۔ بخ، س، ق۔ ابو یحییٰ، مولیٰ آل جعدہ مخزومی، مدنی:

چوتھے طبقہ کا "مقبول" راوی ہے۔

☆ابو یحییٰ:

سعید بن ابو عروبہ سے روایت کرتا ہے یہ حمانی ہے، ق۔ (=۳۷۷۱)

۸۴۴۸۔ق۔ ابو یحییٰ:

ابو ہشام رفاعی سے روایت کرتا ہے اس کا نام عبدالحی بن سوید ہے اس سے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے اس کا حال نامعلوم ہے بارھویں طبقہ سے ہے، بظاہر یہ ابن قطان کے شیوخ میں سے ہے۔

☆ابو یزید اسدی، والبی:

یہ دقاء بن ایاس ہے، گزر چکا۔ (=۷۴۱۱)

۸۴۴۹۔ت۔ ابو یزید خولانی، مصری:

چوتھے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

۸۴۵۰۔د،ق۔ابو یزید خولانی، مصری، دوسرا:

ساتویں طبقہ کا ''صدوق'' راوی ہے، حاکم نے اس کا نام یزید بن مسلم ذکر کیا ہے جو کہ ان کا وہم ہے۔

۸۴۵۱۔س،ق۔ابو یزید ضنّی:

چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۴۵۲۔خ،س۔ابو یزید مدنی:

بصرہ فروکش ہونیوالا چوتھے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

۸۴۵۳۔د،ت،ق۔ابو یزید مکی حلیف بنی زہرہ:

کہا جاتا ہے کہ انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے اور یہ عبید اللہ کے والد ہیں جبکہ ابن حبان نے ان کی توثیق کی ہے دوسرے طبقہ سے ہیں۔

☆ابو یزید ہنائی:

یہ یحییٰ بن یزید ہے، گزر چکا۔ (=۷۶۷۳)

☆ابو یزید، دوسرا، سہیل بن ذراع کا شیخ:

معن بن یزید کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔ (=۶۸۴۴)

☆ابو یسار:

وہب سے روایت کرتا ہے درست ابو سنان ہے اور یہ سعید بن سنان ہے۔ (=۲۳۳۲)

۸۴۵۴۔د۔ابو یسار:

اس نے ابو ہاشم دوسی سے روایت کیا ہے، چھٹے طبقہ کا ''مجہول الحال'' راوی ہے۔

☆ابو یَسَر، سُلَمی:

یہ کعب بن عمرو صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، گزر چکے۔ (=۵۶۴۶)

☆ابو یعفور، اکبر:

اس کا نام واقد ہے وقدان بھی کہا جاتا ہے۔(=۷۴۱۳)

☆ابو یعفور، اصغر:

یہ عبدالرحمٰن بن عبید بن نسطاس ہے، گزر چکے۔(=۳۹۴۲)

☆ابو یعقوب بغدادی:

یہ اسحاق بن ابو اسرائیل ہے۔(=۳۴۸)

☆ابو یعقوب بویطی:

یہ یوسف بن یحییٰ ہے۔(=۷۸۹۲)

☆ابو یعقوب توام:

یہ عبداللہ بن یحییٰ ثقفی ہے، گزر چکے۔(=۳۶۹۸)

۸۴۵۵۔تمییز۔ابو یعقوب توام، دوسرا:

اس کا نام یوسف بن نافع بصری ہے دسویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

☆ابو یعقوب ثقفی:

اس کا نام اسحاق بن ابراہیم ہے۔(=۳۳۶)

☆ابو یعقوب حنینی:

اس کا نام اسحاق بن ابراہیم ہے، گزر چکے۔(=۳۳۷)

☆ابو یعلیٰ:

یہ محمد بن صلت توزی ہے۔(=۵۹۷۱)

☆ابو یعلیٰ:

یہ منذر بن یعلیٰ ثوری ہے، گزر چکے۔(=۶۸۹۴)

☆ابوالیقظان:

یہ عثمان بن عمیر بجلی ہے، گزر چکا۔(=۴۵۰۷)

☆ابوالیمان:

یہ حکم بن نافع ہے، گزر چکا۔(=۱۴۶۴)

۸۴۵۶۔د۔ابو یمان، رحال، مدنی:

اس کا نام کثیر بن یمان ہے ابن جریج بھی کہا جاتا ہے، ساتویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

☆ابو یمان:

یہ معلی بن راشد نبال ہے۔(=۶۸۰۳)

☆ابو یمان ہوزنی:

یہ عبداللہ بن عامر بن لحی ہے، گزر چکے۔(=۳۱۰۰)

۸۴۵۷۔ق۔ابو یمان مصری:

کتاب الطہارۃ میں اسی طرح آیا ہے مگر درست ابولقمان ہے اور اس کا نام محمد بن عبداللہ بن خالد خراسانی ہے، گیارہویں طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

☆ابو یوسف فارسی:

یہ یعقوب بن سفیان ہے، گزر چکا۔(=۷۸۱۷)

☆ابو یونس قشیری:

یہ حاتم بن ابو صغیرہ ہے۔(=۹۹۸)

☆ابو یونس قوی:

یہ حسن بن یزید ہے۔(=۱۲۹۲)

☆ابو یونس، مولی ابی ہریرۃ:

یہ سلیم بن جبیر ہے۔(=۲۵۲۶)

☆ابو یونس سالم:

یہ ابن ابو حفصہ ہے، گزر چکے۔(=۲۱۷۱)

۸۴۵۸۔ بخ م، د، ت، س۔ابو یونس، مولی عائشۃ:

تیسرے طبقہ کا "ثقہ" راوی ہے۔

32

باب: اپنے والد یا اپنی ماں یا اپنے دادا یا اپنے چچا وغیرہ کی طرف منسوب راویوں کا بیان

☆ابن ابجر:

یہ عبدالملک بن سعید بن حیان ہے۔(=۴۱۸۱)

☆ابن ابزی:

یہ عبدالرحمٰن اور ان کے بیٹے عبداللہ و سعید ہیں۔(=۳۷۹۴،۳۲۲۳،۲۳۴۶)

☆ابن ابی بن کعب:

یہ محمد ہے اور ابی بن کعب کا ایک دوسرا بیٹا بھی ہے اس کا نام عبداللہ ہے۔(=۵۷۰۷،۳۲۰۰)

☆ابن اجلح:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۲۰۲)

☆ابن ادریس کوفی:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۲۰۷)

☆ابن دریس شافعی:

یہ محمد ہے۔(=۵۷۱۷)

☆ابن اردک:

یہ عبدالرحمٰن بن حبیب ہے۔(=۳۸۳۶)

☆ابن ارقم:

یہ عبداللہ صحابی ہے۔(=۳۲۰۸)

☆ وابن ارقم:

یہ اتباع تابعین میں سے سلیمان ہے۔(=۲۵۳۲)

☆ ابن اسحاق:

یہ محمد ہے۔(=۵۷۲۵)

☆ ابن اسقع بکری:

اصحاب صفہ میں سے صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے حدیث آتی ہے، کہا گیا ہے کہ یہ واثلہ ہیں۔(=۹۳۷۷)

☆ ابن ابو اسود:

یہ عبداللہ بن محمد ہے اسے ابوبکر کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے۔(=۳۵۷۸)

☆ ابن اشجعی:

یہ ابوعبیدہ بن عبیداللہ بن عبیدالرحمٰن ہے۔(=۸۲۳۲)

☆ ابن اشوع:

یہ سعید بن عمرو ہے۔(=۲۳۶۸)

☆ ابن اصبہانی:

یہ عبدالرحمٰن بن عبداللہ اور اس کا بھتیجا محمد بن سلیمان اور اس کے بھتیجے کا بیٹا محمد بن سعید بن سلیمان ہے۔(=۳۹۲۶، ۵۹۳۰، ۵۹۱۱)

☆ ابن اعبد:

اس کا نام علی ہے۔(=۴۶۸۹)

☆ ابن افلح:

یہ عمرو ہے اور عمر بن کثیر بھی کہا جاتا ہے۔(=۵۱۰۲)

☆ ابن اقرم:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۲۱۳)

☆ابن اکیمہ:

یہ عمارہ ہے عمرو بھی کہا گیا ہے، اور اس کا پوتا عمرو بن مسلم ہے عمر بھی کہا گیا ہے۔(=۴۸۳۷، ۵۱۱۴)

☆ابن ابوامیہ:

یہ عامر ہے۔(=۳۰۸۶)

☆ابن ابوانس، زہری کا شیخ:

یہ ابوسہیل نافع بن مالک بن ابو عامر ہے۔(=۷۰۸۱)

☆ابن انعم:

یہ عبدالرحمٰن بن زیاد ہے۔(=۳۸۶۲)

۸۴۵۹۔ابن ابواوس ثقفی:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام عبدالرحمٰن ہے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ ابن عمرو بن اوس ہے۔

☆ابن ابواوفی:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۲۱۹)

☆ابن ابواویس:

یہ اسماعیل ہے۔(=۴۶۰)

☆ابن ابوایوب:

یہ سعید ہے۔(=۲۲۷۴)

☆ابن باباہ:

ابن بابیہ اور ابن بابی بھی کہا جاتا ہے، اس کا نام عبداللہ ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ تین ہیں۔

☆ابن بجدان:

یہ عمرو ہے۔(=۴۹۹۲)

☆ابن بجید:

یہ عبدالرحمن ہے۔(۳۸۰۷)

☆ابن بحینہ:

یہ عبداللہ بن مالک ہے۔(=۳۵۶۷)

☆ابن بذیمہ:

اس کا نام علی ہے۔(=۴۶۹۲)

☆ابن براء:

یہ عبید ہے۔(=۴۳۶۱)

☆ابن برادا شعری:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۲۲۶)

☆ابن ابو بردہ:

یہ سعید ہے۔(=۲۲۷۵)

☆ابنا بسر سلمیان:

یہ عبداللہ اور عطیہ دونوں صحابی (رضی اللہ عنہما) ہیں۔(=۳۲۲۸، ۴۶۱۳)

☆ابن بشار:

یہ محمد ہے اور اس کا لقب بندار ہے۔(=۵۷۵۳)

☆ابن بشر عبدی:

یہ محمد ہے۔(=۵۷۵۶)

☆ابن ابو بصیر:

یہ عبداللہ عبدی ہے۔(=۳۲۳۳)

☆ابن بکر برسانی:

یہ محمد ہے۔(=۵۷۶۰)

☆ابن ابوبکر:

ام سلمہ سے روایت کرتا ہے یہ عبداللہ بن عبدالرحمٰن ہے۔(=۳۴۲۵)

☆ابن ابوبکرہ:

یہ عبدالرحمٰن ہے۔(=۳۸۱۶)

☆ابن بکیر:

یہ یحییٰ بن عبداللہ بن بکیر ہے اپنے دادا کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔(=۷۵۸۰)

☆ابن ابوبکیر:

یہ یحییٰ کرمانی ہے۔(=۷۵۱۶)

☆ابن ابوبلال:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۲۴۰)

☆ابن بیلمانی:

یہ محمد بن عبدالرحمٰن ہے، گزر چکے۔(=۶۰۶۷)

☆ابن تعلیٰ:

اس کا نام عبید ہے۔(=۴۳۶۲)

☆ابن تلب:

یہ ملقام ہے، گزر چکے۔(=۶۸۷۸)

☆ابن ابوثابت:

یہ حبیب کوفی ہے ابوثابت کا ایک دوسرا (بیٹا) بھی ہے اس کا نام عبدالعزیز مدنی ہے۔(=۱۰۸۴، ۴۱۱۲)

☆ابن ابو ثلج:

یہ محمد بن عبداللہ بن اسماعیل ہے۔(=۵۹۹۹)

☆ابن ثوبان:

یہ محمد بن عبدالرحمٰن مدنی اور عبدالرحمٰن بن ثابت شامی ہیں۔(=۶۰۶۸،۳۸۲۰)

☆ابن ابو ثور:

جعفر اور عبیداللہ بن عبداللہ ہیں، گزر چکے۔(=۹۳۳،۴۳۰۷)

☆ابن جابر بن عبداللہ:

اس نے احد کے مقتولین کے بارے میں جابر سے روایت کیا ہے اور یہ عبدالرحمٰن یا محمد ہے، ق۔(=۳۸۲۵،۵۷۷۸)

☆ابن جابر بن عتیک:

اس نے غیرت کے بارے میں اپنے والد سے روایت کیا ہے اور یہ عبدالرحمٰن ہے یا اس کا بھائی ہے جس کا نام ذکر نہیں کیا گیا۔(=۳۸۲۶)

☆ابن جابر:

یہ عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر ہے۔(=۴۰۴۱)

☆ابن جارود:

یہ عبدالحمید بن منذر ہے۔(=۳۷۷۶)

☆ابن جبر:

یہ عبداللہ بن عبداللہ ہے۔(=۳۴۱۳)

☆ابن جبیر بن مطعم:

غالباً یہ نافع ہے۔(=۷۰۷۲)

☆ابن جدعان:

یہ علی بن زید بن جدعان ہے۔ (=۴۷۳۴)

☆ابن جرہد:

جرہد کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔ (=۹۱۰)

☆ابن جریج فقیہ:

یہ عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج ہے۔ (=۴۱۹۳)

☆ابن جریر بجلی:

غالباً یہ عبیداللہ ہے۔ (=۴۲۸۰)

☆ابن جریر ضبی:

یہ غزوان ہے۔ (=۵۳۵۴)

☆ابن جزء:

یہ عبداللہ بن حارث ہے۔ (=۳۲۶۲)

☆ابن جعدبہ:

یہ یزید بن عیاض ہے۔ (=۷۷۴۰)

☆ابن ابو جعد:

یہ سالم ہے۔ (=۲۱۷۰)

☆ابن ابو جعفر مصری:

یہ عبیداللہ ہے گزر چکے۔ (=۴۲۸۱)

☆ابن جودان:

جودان کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔ (=۹۸۵)

☆ابن ابوجون:

یہ عبدالرحمٰن بن سلیمان ہے، گزر چکا۔(=۳۸۸۵)

☆ابن ابوحازم:

یہ عبدالعزیز ہے۔(=۴۰۸۸)

☆ابن حبان:

ابن سلام سے روایت کرتا ہے یہ محمد بن یحییٰ بن حبان ہے۔(=۲۳۸۱)

☆ابن جبر:

یہ قیس ہے، گزر چکے۔(=۵۵۶۷)

☆ابن حبیب بن ابوثابت:

یحییٰ بن حبیب بن اسماعیل بن عبداللہ بن حبیب بن ابوثابت کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=۷۵۲۵)

☆ابن ابوحبیب مصری:

یزید ہے۔(=۷۷۰۱)

☆ابن ابوحبیبہ:

ابراہیم بن اسماعیل ہے۔(=۱۴۶)

☆ابن ابوحثمہ:

یہ سلیمان ہے اور ابوبکر و محمد اس کے بیٹے ہیں۔(=۷۹۶۷، ۵۹۲۶)

☆ابن ابوحجاج:

یہ یحییٰ ہے، گزر چکے۔(=۷۵۲۷)

۸۴۶۰۔مد۔ابن حجاج طائی:

اس نے مرسل حدیث بیان کی ہے تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے اس کا نام معلوم نہیں ہوسکا۔

۸۴۶۱۔د۔ابن حجیر عدوی:

اس کا نام ذکر نہیں کیا گیا دوسرے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے۔

☆ابن حجیرہ مصری:

اس کا نام عبدالرحمٰن ہے۔(=۳۸۳۸)

☆ابن حجیرہ،اصغر:

اس کا نام عبداللہ ہے اور یہ اس سے پہلے والے راوی ہے کا بیٹا ہے۔(=۳۳۲۹)

☆ابن ابوحدرہ:

اس کا نام عبدالرحمٰن ہے،گزر چکے۔(=۳۸۳۹)

۸۴۶۲۔د۔ابن حدیر بصری:

چوتھے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے اس کا نام معلوم نہیں ہو سکا۔

☆ابن ابوحر:

یہ حصین عنبری اور مغیرہ کندی ہے۔(=۱۳۸۲،۶۸۳۲)

☆ابن حرب ابرش خولانی:

اس کا نام محمد ہے،گزر چکے۔(=۵۸۰۵)

۸۴۶۳۔د۔ابن حرشف ازدی:

غالباً یہ وہی تمیم ہے جس نے قتادہ سے روایت کیا ہے اور یہ چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆ابن حرملہ اسلمی:

یہ عبدالرحمٰن ہے۔(=۳۸۴۰)

☆ابن ابوحرملہ:

اس کا نام محمد ہے۔(=۵۸۰۶)

☆ابن حزم:

(فی حدیث الاسراء) یہ ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم ہے۔ (=۷۹۸۸)

☆ابن حزن:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں بکریاں چرانے کے بارے میں ان سے روایت آتی ہے ان کا نام نصر ہے عبدہ اور بشر بھی کہا گیا ہے۔ (=۴۲۶۸)

۸۴۶۴۔بخ م۔ابن حسنہ جہنی:

تیسرے طبقہ کا "مستور" راوی ہے اس کا نام ذکر نہیں کیا گیا۔

☆ابن ابوحسین:

عبداللہ بن عبدالرحمٰن مکی اور عمر بن سعید مکی ہیں۔ (=۳۴۳۰، ۴۹۰۵)

☆ابن حضرمی:

یہ العلاء ہے۔ (=۵۲۳۱)

☆ابن ابوحفصہ:

زہری سے روایت کرتا ہے، یہ محمد اور شعبہ کا شیخ عمارہ ہے اور ایک تیسرا سالم بھی ہے، گزر چکے۔ (=۵۸۲۶، ۴۸۴۳، ۲۱۷۱)

۸۴۶۵۔د، ق۔ابن ابوحکم غفاری:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام حسن ہے عبدالکبیر بھی کہا گیا ہے، چھٹے طبقہ کا "مستور" راوی ہے۔

☆ابن ابوحکم یا حکم:

حکم کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔ (=۱۴۴۲)

☆ابن حلحلہ:

یہ محمد بن عمرو ہے۔ (=۶۱۸۴)

☆ابن حمید رازی:

یہ محمد ہے۔ (=5834)

☆ابن ابوحمید مدنی:

یہ محمد ہے۔ (=5836)

☆ابن حمیر حمصی:

یہ محمد ہے۔ (=5837)

☆ابن حنبل:

یہ امام احمد بن محمد بن حنبل ہیں۔ (=96)

☆ابن حنظلہ:

یہ عبداللہ ہے۔ (=3285)

☆ابن حنظلیہ:

یہ سہل ہے۔ (=2655)

☆ابن حنفیہ:

یہ محمد بن علی بن ابوطالب ہے۔ (=6157)

☆ابن حنین:

یہ عبداللہ ہیں ان کے بھائی ابراہیم بن عبداللہ بن حنین ہیں۔ (=3296، 3295)

☆ابن حوالہ ازدی:

یہ عبداللہ ہے۔ (=3297)

☆ابن حوتکیہ:

یہ یزید ہے، گزر چکے۔ (=7705)

۸۴۶۶۔ابن حیان، ہلال بن یساف کا شیخ:

غیر معروف ہے اس کا نام بھی ذکر نہیں کیا گیا، چھٹے طبقہ سے ہے، تاہم بقول بعض اس کا نام حیان بن غالب ہے، د، س۔

☆ابن حیویل:

یہ قرہ ہے۔(=۵۵۴۱)

☆ابن حی:

صالح بن صالح ہے اور اس کے بیٹے حسن وعلی ہیں، گزر چکے۔(=۲۸۶۵، ۱۲۵۰، ۴۷۴۸)

☆ابن خارجہ:

یہ عمرو ہے۔(=۵۰۱۹)

☆ابن ابو خالد:

یہ اسماعیل ہے۔(=۴۳۸)

☆ابن ابو خثیم:

یہ عمر بن عبداللہ ہے۔(=۴۹۲۸)

☆ابن خثیم:

یہ عبداللہ بن عثمان بن خثیم ہے۔(=۳۴۶۶)

☆ابن ابو خداش:

یہ عبداللہ بن عبدالصمد ہے۔(=۳۴۴۲)

☆ابن خراش:

یہ احمد بن حسن ہے۔(=۲۶)

☆ابن خربوذ:

اس کا نام معروف ہے ابن خربوذ ایک اور بھی ہے اس کا نام سالم بن سرج ہے اور بقول بعض اس کا نام نعمان

ہے، گزر چکے۔ (=۲۱۷۴،۶۷۹۱)

۸۴۶۷۔ت،ق۔ابن ابو خزامہ:

(براہ راست) اپنے والد سے روایت کرتا ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ابو خزامہ کے واسطے سے اپنے والد سے روایت کرتا ہے اور یہی صحیح ہے، تیسرے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

☆ابن خزیمہ انصاری:

یہ عمارہ ہے۔ (=۴۸۴۴)

☆ابن خلدہ زرقی:

یہ عمر ہے۔ (=۴۸۹۰)

☆ابن ابو خلف:

یہ محمد بن احمد ہے۔ (=۵۷۱۱)

☆ابن خلی:

اس کا نام خالد ہے اور محمد اس کا بیٹا ہے۔ (=۵۸۴۴،۱۶۴۴)

☆ابن خلیل:

یہ عبداللہ ہے۔ (=۳۴۹۶)

☆ابن خلاد:

یہ سائب صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں۔ (=۲۱۹۶)

☆ابن ابو خیرہ:

یہ سعید ہے اور اس سے ایک متاخر بھی ہے اس کا نام محمد بن ہشام سدوسی ہے۔ (=۶۳۶۲،۲۲۹۷)

☆ابن داب:

یہ محمد ہے۔ (=۵۸۶۶)

☆ابن داود خریبی:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۲۹۷)

☆ابن دابہ:

یا عیسیٰ بن میمون مکی ہے۔(=۵۳۳۴)

☆ابن دکین:

یہ فضل ہے۔(=۵۴۰۱)

☆ابن دیلمی:

یہ عبداللہ بن فیروز ہے اور اس کا بھائی ضحاک ہے۔(=۳۵۳۴،۲۹۷۵)

☆ابن دینار:

عبداللہ وعمر اور محمد بن ابراہیم ہیں، مزید برآں عبداللہ اور عمر بھائی نہیں ہیں، گزر چکے۔(=۳۳۰۰،۵۰۲۴،۵۶۹۲)

☆ابن ابوذباب:

یہ حارث بن عبدالرحمٰن اور عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن حارث بن سعد ہیں۔(=۱۰۳۰،۳۴۲۷)

☆ابن ذر:

یہ عمر ہے۔(=۴۸۹۳)

☆ابن ذکوان:

یہ عبداللہ بن احمد بن بشیر ہے۔(=۳۲۰۳)

☆ابن ابوذویب:

یہ اسماعیل بن عبدالرحمٰن ہے۔(=۴۶۱)

☆ابن ابوذئب:

یہ محمد بن عبدالرحمٰن ہے، گزر چکے۔(=۶۰۸۲)

☆ابن رافع بن خدیج:

اس نے اپنے والد سے مزارعت کی نہی کے بارے میں روایت کیا ہے اس کے دو بیٹے ہیں ہریر اور عبایہ، گزر چکے، م، س۔ (=۳۱۹۶،۲۷۸)

☆ابن رافع:

جابر سے روایت کرتا ہے یہ عبیداللہ بن عبدالرحمٰن ہے۔ (=۴۳۱۳)

☆ابن ابورافع:

علی سے روایت کرتا ہے یہ عبیداللہ ہے۔ (=۴۲۸۸)

☆ابن رباح انصاری:

اس کا نام عبداللہ ہے۔ (=۳۳۰۷)

☆ابن ابورباح:

یہ عطاء ہے۔ (=۴۵۹۱)

☆ابن ربیعہ انصاری:

یہ نافع بن محمود بن ربیعہ ہے اپنے دادا کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔ (=۷۰۸۲)

☆ابن ابوربیعہ:

حفصہ سے روایت کرتا ہے یہ حارث بن عبداللہ مخزومی ہے اور غالب گمان کے مطابق یہ وہی ہے جو عبداللہ بن عمرو بن العاص سے روایت کرتا ہے۔ (=۱۰۲۸)

☆ابن رجاء مکی:

عبداللہ ہے۔ (=۳۳۱۳)

☆ابن رجاء بصری غدانی:

عبداللہ ہے۔ (=۳۳۱۲)

☆ابن ابو رجاء ہروی:

اس کا نام احمد ہے۔(=۵۵)

☆ابن ابو رجاء مصیصی:

یہ احمد بن محمد بن عبید اللہ بن ابو رجاء ہے۔(۹۷)

☆ابن ابو رحال:

یہ عبدالرحمٰن اور ان کے بھائی حارثہ ہیں۔(=۳۸۵۸،۱۰۶۲)

☆ابن ابو رزمہ:

یہ عبدالعزیز اور ان کے بیٹے محمد بن عبدالعزیز ہیں۔(=۴۰۹۴،۶۰۹۲)

☆ابن رقیش:

اس کا نام سعید بن عبدالرحمٰن ہے، گزر چکے۔(=۲۳۵۵)

۸۴۶۸۔مد۔ابن رفیع یا ابن ابو رفیع:

طاؤس سے روایت کرتا ہے ساتویں طبقہ کا غیر معروف راوی ہے۔

☆ابن رماح:

یہ عمر بن میمون ہے۔(۴۹۷۲)

☆ابن ابو رواد:

یہ عبدالعزیز اور ان کے بیٹے عبدالمجید ہیں، گزر چکے۔(=۴۰۹۶،۴۱۶۰)

☆ابن ابو زائدہ:

یہ زکریا اور ان کے بیٹے یحییٰ ہیں۔(=۲۰۲۲،۷۵۴۸)

☆ابن زبیر:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۵۲۱)

☆ابن زحر:

یہ عبید اللہ ہے۔(=۴۲۹۰)

☆ابن زریر:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۳۲۲)

☆ابن زغب:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۳۲۳)

☆ابن زغبہ:

یہ عیسیٰ بن حماد اور ان کے بھائی احمد ہیں۔(=۵۲۹۱، ۲۸)

☆ابن ابوزکریا:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۳۲۴)

☆ابن ابوزمیل:

یہ محمد بن حسن ہے۔(=۶۵۲۸)

☆ابن ابوزناد:

یہ عبدالرحمٰن ہے۔(=۳۸۶۱)

☆ابن زنجویہ:

یہ حمید ہے۔(=۱۵۵۸)

☆ابن زنجویہ:

یہ محمد بن عبدالملک ہے۔(=۶۰۹۷)

☆ابن ابوزیاد:

یہ یزید ہے۔(=۷۷۱۷)

☆ابن ابوزیاد:

یہ عبداللہ بن حکم اور عبید اللہ ہیں۔(=۳۲۸۰،۳۲۹۲)

☆ابن زید:

ابن سیلان سے روایت کرتا ہے یہ محمد بن زید بن مہاجر ہے، گزر چکے۔(=۵۸۹۴)

☆ابن سابط:

یہ عبدالرحمٰن ہے۔(=۳۸۶۷)

☆ابن سابق تیمی:

یہ محمد ہے۔(=۵۸۹۷)

☆ابن سابق:

محمد بن سعید بن سابق ہے، گزر چکے۔(=۵۹۱۰)

۸۴۶۹۔قد۔ابن سابق:

کتاب القدر لابی داود میں اس کا قول پایا جاتا ہے چھٹے طبقہ کا غیر معروف راوی ہے اس کا نام ذکر نہیں کیا گیا۔

☆ابن سارہ:

یہ جعفر بن خالد ہے۔(=۹۳۷)

☆ابن ساعدی مالکی:

یہ عبداللہ بن سعدی ہے۔(=۳۳۵۲)

☆ابن سالم حمصی:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۳۳۵)

☆ابن سالم انصاری:

عمرو کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=۵۰۳۲،۸۲۳۹)

☆ابن سائب:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۴۸۵)

☆ابن ابو سائب:

یہ وید بن سلیمان ہے۔(=۷۴۲۷)

☆ابن سباع:

یہ محمد بن ثابت ہے۔(=۵۷۶۸)

☆ابن سباق:

یہ عبید ہے۔(=۴۳۷۳)

☆ابن ابو سبرہ:

یہ ابو بکر ہے۔(=۷۹۷۳)

☆ابن تخمرہ:

کہا گیا ہے کہ یہ عیسیٰ بن میمون ہے۔(=۵۳۳۵)

☆ابن سرجس:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۳۳۵)

☆ابن سرح:

یہ احمد بن عمرو ہے۔(=۸۵)

☆ابن ابو سرح:

یہ عیاض بن عبداللہ ہے۔(=۵۲۷۷)

☆ابن ابو سریج:

یہ احمد بن صباح ہے۔(=۵۰)

☆ابن ابویسری:

یہ محمد اوران کے بھائی حسین ہیں۔(=۶۲۶۳،۱۳۴۳)

☆ابن سعدی:

یہ عبداللہ ہے، گزر چکے۔(=۳۳۵۲)

☆ابن سعد بن ابووقاص:

احتمال ہے کہ یہ مصعب ہو۔(=۶۶۸۸)

☆ابن سعد بن عبادہ:

یہ عمرو بن شرحبیل بن سعید بن سعد ہے اپنے جد اعلیٰ کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔(=۵۰۴۷)

☆ابن سعید بن جبیر:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۳۵۳)

☆ابن ابوسعید خدری:

یہ عبدالرحمٰن ہے۔(=۳۸۷۴)

☆ابن ابوسفر:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۳۵۹)

☆ابن سفیان:

یہ ابوسلمہ ہے، گزر چکے۔(=۳۴۲۱)

☆ابن سفینہ:

ام سلمہ سے روایت کرتا ہے ابن مندہ نے اس بات پر اعتماد کیا ہے کہ یہ عمر ہے۔(=۴۹۰۸)

☆ابن سلمہ بن اکوع:

بظاہر یہ ایاس ہے۔(=۵۸۸)

☆ابن سلمہ:

ابن اسحاق سے روایت کرتا ہے یہ محمد حرانی ہے۔(=۹۵۲۲)

☆ابن ابو سلمہ ماجشون:

یہ عبدالعزیز بن عبداللہ ہے۔(=۴۱۰۴)

☆ابن ابو سلیمان عرزمی:

یہ عبدالملک ہے۔(=۴۱۸۴)

☆ابن سلیط:

یہ اسحاق بن عمر ہے۔(=۳۷۲)

☆ابن سلیط، دوسرا:

یہ عبدالکریم ہے۔(=۴۱۵۱)

☆ابن سمرہ، نعیم بن ابو ہند کا شیخ:

کہا گیا ہے کہ یہ سلیمان ہے۔(=۲۵۶۹)

☆ابن سمط:

یہ شرحبیل وابن سمط ، ثابت اور یزید ہیں۔(=۲۷۶۶، ۸۱۶، ۷۷۲۴)

☆ابن سمعان:

یہ عبداللہ بن زیاد ہے۔(=۳۳۲۶)

☆ابن ابو سنان دؤلی:

یہ سنان ہے۔(=۲۶۴۱)

• ۸۴۷۰۔ابن سندر:

یہ عبداللہ ہے۔

☆ ابن سواء:

یہ محمد ہے۔(=۵۹۳۹)

☆ ابن سواد:

یہ عمرو ہے۔(=۵۰۴۶)

☆ ابن سوادہ:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۲۷۵)

☆ ابن سوقہ:

یہ محمد ہے۔(=۵۹۴۲)

☆ ابن ابوسوید:

یہ محمد ہے۔(=۵۹۴۴)

☆ ابن سلام، صحابی:

یہ عبداللہ ہیں۔(=۳۲۷۹)

☆ ابن سلام، بخاری کا شیخ:

یہ محمد ہے۔(=۵۹۴۵)

☆ ابن سیرین:

یہ محمد ہے۔(=۵۹۴۷)

☆ ابن سیلان:

جابر اور عبدربہ کے ترجمہ میں ذکر ہوا، گزر چکے۔(=۸۶۸،۳۷۸۷)

☆ ابن شبرمہ:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۲۸۰)

☆ابن شبل:

یہ عبدالرحمن ہے۔(=۳۸۹۱)

۸۴۷۱۔مد۔ابن شبل:

اس نے مرسلاً روایت بیان کی ہے اور اس سے سعید بن ابو ہلال نے روایت کیا ہے چھٹے طبقہ کا غیر معروف راوی ہے اس کا نام ذکر نہیں کیا گیا۔

☆ابن شبویہ:

یہ احمد بن محمد بن ثابت ہے۔(=۹۴)

☆ابن ابو شبیب:

یہ میمون ہے۔(=۷۰۴۶)

☆ابن شخیر:

یہ مطرف بن عبداللہ اور ان کے والد ہیں۔(=۶۷۰۶،۳۳۸)

☆ابن ابو شعثاء:

یہ اشعث ہے۔(=۵۴۶)

☆ابن شفی:

یہ حسین ہے۔(=۱۳۴۴)

☆ابن شماسہ:

یہ عبدالرحمن ہے۔(=۳۸۹۵)

☆ابن شہاب زہری:

محمد بن مسلم ہے۔(=۶۲۹۶)

☆ابن ابو شوارب:

یہ محمد بن عبدالملک ہے۔(=۶۰۹۸)

☆ابن شوذب:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۳۸۷)

☆ابن شیبہ:

یہ عبدالرحمٰن بن عبدالملک بن شیبہ ہے اپنے دادا کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔

☆ابن ابوشیبہ:

ابوبکر عبداللہ بن محمد اور ان کے بھائی عثمان ہیں۔(=۳۵۷۵،۴۵۱۳)

☆ابن ابوصعبہ:

اس کا نام عبدالعزیز ہے۔(=۴۱۰۱)

☆ابن ابوصعصعہ:

اس کا نام عبداللہ بن عبدالرحمٰن ہے اس کے دو بیٹے ہیں محمد اور عبدالرحمٰن۔(=۳۴۳۱،۶۰۳۰،۳۹۱۷)

☆ابن ابوصعیر، بقول بعض ابن صعیر:

اس کا نام عبداللہ بن ثعلبہ ہے ثعلبہ بن عبداللہ بھی کہا جاتا ہے۔(=۳۲۴۲،۸۴۲)

☆ابن صفوان:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کا نام محمد ہے۔(=۵۹۶۸)

☆ابن صفوان:

کلدہ سے روایت کرتا ہے یہ امیہ ہے۔(=۵۵۵)

☆ابن صفوان، ابوزبیر کا شیخ:

یہ صفوان بن عبداللہ بن صفوان ہے اپنے دادا کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔(=۲۹۳۶)

☆ابن ابوصفوان:

یہ محمد بن عثمان ہے، گزر چکے۔(=۶۱۳۱)

۸۴۷۲۔س۔ابن ابوصفیہ:

چھٹے طبقہ کا ''مستور'' راوی ہے بقول بعض یہ عثمان بن ابوصفیہ کوفی ہے مگر یہ ثابت نہیں۔

☆ابن صلت اسدی:

یہ محمد ہے گزر چکا۔(=۵۹۷۰)

۸۴۷۳۔ابن صہبان:

عباس بن عبدالمطلب سے روایت کرتا ہے میرے گمان کے مطابق اس کا نام عقبہ ہے اگر یہی ہے تو اس کی روایت منقطع ہے ورنہ مجہول ہے دوسرے طبقہ سے ہے۔

☆ابوابوضیف:

اس کا نام محمد ہے۔(=۵۹۷۳)

☆ابن طاوس:

اس کا نام عبداللہ ہے۔(=۳۳۹۷)

☆ابن طباع:

اسحاق بن عیسیٰ اور اس کے بھائی محمد ہیں۔(=۳۷۵،۶۲۱۰)

☆ابن طحلاء:

اس کا نام محمد ہے اور اس کے دو بیٹے ہیں یحیٰ اور یعقوب۔(=۵۹۷۶،۷۸۳۳)

☆ابن طلحہ غفاری:

اس کا نام قیس ہے، گزر چکے۔(=۳۰۱۰)

☆ابن طلحہ:

اس سے شعبی نے روایت کیا ہے یہ یحیٰ ہے۔(=۷۵۷۲)

☆ابن ابوطلحہ:

یہ اسحاق بن عبداللہ بن ابوطلحہ ہے اور اس کا ایک بھائی ہے اس کا نام اسماعیل ہے اور زہری نے ابن ابوطلحہ سے اس

نے اپنے والد سے وضو کے بارے میں روایت کیا ہے غالباً یا اسحاق کے والد عبداللہ ہیں۔(=۳۶۷،۴۵۹،۳۳۹۹)

☆ابن ظالم:

اس کا نام عبداللہ ہے۔(=۳۴۰۰)

☆ابن عابس کوفی:

اس کا نام عبدالرحمٰن ہے، گزر چکا۔(=۳۹۰۷)

۸۴۷۴۔س۔ابن عابس جہنی:

اس نے نبی کریم ﷺ سے روایت کیا ہے اور اس سے ابوعبداللہ نے روایت کیا ہے اس سے حدیث آتی ہے۔

☆ابن عامر:

عبداللہ بن عمرو سے روایت کرتا ہے، کہا گیا ہے کہ اس کا نام عبدالرحمٰن ہے عبید بھی کہا گیا ہے، د۔(=۳۹۰۹)

☆ابن عامر مقری:

اس کا نام عبداللہ ہے۔(=۳۴۰۵)

☆ابن عائش:

اس کا نام عبدالرحمٰن ہے۔(=۳۹۱۱)

☆ابن عائشہ:

یہ عبیداللہ بن محمد بن حفص ہے۔(=۴۳۳۴)

☆ابن عباد بن عبداللہ بن زبیر:

اس کا نام یحییٰ ہے۔(=۷۵۷۵)

☆ابن عباد مکی:

اس کا نام محمد ہے۔

☆ابن عباد:

سمرہ سے روایت کرتا ہے یہ ثعلبہ بن عباد ہے۔(=۸۴۳)

☆ابن عباس حمر:

یہ عبداللہ ہے، گزر چکے۔(=۳۳۰۹)

☆ابن عبداللہ بن انیس:

اس نے اپنے والد سے لیلۃ القدر کے بارے میں روایت کیا ہے یہ ضمرہ ہے عمرو بھی کہا گیا ہے، د۔(=۲۹۹۰،۵۰۶۱)

۸۴۷۵۔س۔ابن عبداللہ بن بسر:

اس نے اپنے والد سے روایت کیا ہے پانچویں طبقہ کا غیر معروف راوی ہے اس کا نام ذکر نہیں کیا گیا ہے۔

☆ابن عبداللہ بن حارث بن نوفل:

کہا جاتا ہے کہ یہ عبیداللہ ہے۔(=۴۳۰۷)

☆ابن عبداللہ بن ربیعہ:

یہ ابو عائذ اللہ ہے کنیتوں میں گزر چکا۔(=۸۲۰۱)

☆ابن عبداللہ بن عمر، ابو عقیل کا شیخ:

یہ قاسم بن عبیداللہ بن عبداللہ بن عمر ہے۔(=۵۴۷۴)

☆ابن عبداللہ بن کعب بن مالک:

یہ عبدالرحمٰن ہے۔(=۳۹۲۴)

۸۴۷۶۔ابن عبداللہ بن مغفل:

اس کا نام یزید ہے۔

☆ابن عبداللہ:

عائشہ سے روایت کرتا ہے یہ خبیب بن عبداللہ بن زبیر ہے، گزر چکے۔(=۱۷۰۱)

۸۴۷۷۔صد۔ابن ابو عبداللہ زرقی:

اس نے اپنے والد سے روایت کیا ہے تیسرے طبقہ کا غیر معروف راوی ہے اس کا نام ذکر نہیں کیا گیا۔

☆ابن عبد خیر:

یہ مسیب ہے۔(=۶۶۷۶)

☆ابن عبد الرحمٰن بن ابزی:

یہ سعید اور ان کے بھائی عبد اللہ وسب سے زیادہ مشہور سعید ہیں، گزر چکے۔(=۲۳۲۶،۳۴۲۳)

۸۴۷۸۔بخ۔ابن عبد الرحمٰن بن سعید بن یربوع، زید بن حباب کا شیخ:

اپنے دادا کی طرف منسوب کیا گیا ہے اس کا نام عمر ہے عمرو بھی کہا جاتا ہے، ساتویں طبقہ کا''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابن ابو عبلہ:

یہ ابراہیم ہے۔(=۲۱۳)

☆ابن عبید بن عمیر:

یہ عبد اللہ ہے۔(=۳۴۵۵)

☆ابن عبید بن نسطاس:

اس کا نام عبد الرحمٰن ہے۔(=۳۹۴۴)

☆ابن ابو عبید:

یہ سلمہ بن اکوع کا غلام یزید ہے، گزر چکے۔(=۷۷۵۴)

۸۴۷۹۔صد۔ابن ابو عبید زرقی:

چوتھے طبقہ کا''مجہول'' راوی ہے اس کا نام ذکر نہیں کیا گیا۔

☆ابن عبیدہ بن نشیط:

یہ عبد اللہ ہے۔(=۳۴۵۸)

☆ابن ابو عتاب:

اس کا نام زید ہے عبد الرحمٰن بھی کہا جاتا ہے۔(=۲۱۴۵)

☆ابن ابوعتیق:

یہ عبداللہ بن محمد بن عبدالرحمٰن بن ابوبکر ہے اور ابوعتیق محمد کی کنیت ہے اور اس کے بیٹے محمد اور عبدالرحمٰن بھی اسی کنیت سے معروف ہیں۔(= ۳۵۸۸، ۶۰۴۷، ۳۹۲۰)

☆ابن عتیک:

اس کا نام جابر ہے۔(=۸۷۲)

☆ابن عثمہ:

یہ محمد بن خالد ہے۔(=۵۸۴۷)

☆ابن عجلان:

یہ محمد ہے، گزر چکے۔(=۶۱۳۶)

۸۴۸۰۔ابن عدی بن عدی کندی، عیسیٰ بن یونس کا شیخ:

اس کا نام ذکر نہیں کیا گیا اور اس کا حال بھی نامعلوم ہے، چھٹے طبقہ سے ہے۔

☆ابن ابوعدی:

اس کا نام محمد بن ابراہیم ہے۔(=۵۶۹۷)

☆ابن عرق:

یہ عبدالرحمٰن اور ان کا بیٹا محمد ہے۔(=۳۹۵۱، ۶۰۷۸)

☆ابن ابوعروبہ:

یہ سعید ہے۔(=۲۳۶۵)

☆ابن عسکر:

یہ محمد بن سہل ہے۔(=۵۹۴۷)

☆ابن ابوعشرین:

یہ عبدالحمید بن حبیب ہے، گزر چکے۔(=۳۷۵۷)

۸۴۸۱۔ د،ت،س۔ابن عصام مزنی:

اپنے والد سے روایت کرتا ہے اس کا حال نامعلوم ہے، کہا گیا ہے کہ اس کا نام عبدالرحمٰن ہے عبداللہ بھی کہا گیا ہے، تیسرے طبقہ سے ہے۔

۸۴۸۲۔ت۔ابن عطاء، ابوفروہ کا شیخ:

غالباً یعقوب ہے وگرنہ مجہول ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

☆ابن عطاء:

اس نے سفر خرچ اور سواری (سے حج کے واجب ہونے) کے بارے میں عکرمہ سے روایت کیا ہے یہ عمر بن عطاء بن وراز ہے۔(=۴۹۴۹)

☆ابن عفیر:

یہ سعید بن کثیر بن عفیر ہے اپنے دادا کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔(=۲۳۸۲)

☆ابن عقیل:

یہ عبداللہ بن محمد بن عقیل ہے اپنے دادا کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔(=۳۵۹۲)

☆ابن علیم:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۴۸۲)

☆ابن علیہ:

یہ اسماعیل بن ابراہیم بن مقسم ہے۔(=۴۱۶)

☆ابن عمار موصلی:

یہ محمد بن عبداللہ بن عمار ہے اپنے دادا کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔(=۶۰۳۶)

☆ابن ابوعمار مکی:

یہ عبدالرحمٰن بن عبداللہ ہے، گزر چکے۔(=۳۹۲۱)

۸۴۸۳۔د،س۔ابن عمر بن ابوسلمہ،ثابت بنانی کا شیخ:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام محمد ہے چھٹے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابن عمر:

یہ مشہور عبداللہ ہے۔(=۳۴۹۰)

☆ابن ابوعمر:

یہ محمد بن یحییٰ بن ابوعمر عدنی ہے اپنے دادا کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔(=۶۳۹۱)

☆ابن عمرہ:

یہ ابورحال ہے اس کا ذکر گزر چکا،عمرہ اس کی والدہ کا نام ہے۔(۶۰۷۰)

☆ابن عمرو بن العاص:

یہ مشہور عبداللہ ہے،گزر چکا۔(=۳۴۹۹)

☆ابن ابوعمیرہ:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے جبیر بن نفیر نے روایت کیا ہے،س۔(۳۹۷۱)

☆ابن ابوعمیرہ،دوسرا:

اس کا نام محمد ہے غالبًا یہ اس سے پہلے والے راوی کا بھائی ہے۔(=۲۲۰۱)

☆ابن عنج:

یہ محمد بن عبدالرحمٰن ہے۔(=۶۰۷۹)

☆ابن عثمہ:

اس کا نام عبداللہ ہے۔(=۳۵۱۸)

☆ابن عوسجہ:

یہ عبدالرحمٰن ہے۔(=۳۹۷۲)

☆ابن عوف:

یہ عبدالرحمٰن مشہور صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں اور متاخرین میں محمد بن عوف طائی مشہور محدث ہیں۔(۳۹۷۳، ۶۲۰۲)

☆ابن ابوعوف جرشی:

یہ عبدالرحمٰن ہے۔(=۳۹۷۴)

☆ابن عون:

یہ عبداللہ مشہور فقیہ ہے، گزر چکے۔(=۳۵۱۹)

۸۴۸۴۔د۔ابن العلاء بن حضرمی:

اپنے والد سے روایت کرتا ہے تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے میرے گمان کے مطابق اس کا نام عبداللہ ہے۔

☆ابن العلاء بن کریب:

یہ ابوکریب محمد ہے۔(=۶۲۰۴)

☆ابن علاثہ:

یہ محمد ہے۔(=۶۰۴۰)

☆ابن علاق:

یہ عثمان بن حصن بن عبیدہ ہے۔(=۴۴۵۸)

☆ابن علاقہ:

یہ زیاد ہے۔(=۲۰۹۲)

☆ابن عیاش:

یہ عبداللہ بن عیاش بن ابوربیعہ وابوبکر بن عیاش کوفی اور ان کے بھائی حسن واسماعیل بن عیاش حمصی اور بخاری کے شیخ علی بن عیاش ہیں، گزر چکے۔(=۷۹۸۵، ۴۷۷، ۱۲۷۴، ۴۷۳، ۴۷۷۹)

☆ابن عیینہ:

یہ سفیان ہے گزر چکا۔(=۲۴۵۱)

☆ابن غانم افریقی:

یہ عبداللہ بن عمر ہے۔(=۳۳۹۲)

☆ابن غزیہ:

یہ عمارہ ہے۔(=۴۸۵۸)

☆ابن غنام:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۵۲۸)

☆ابن غنم:

یہ عبدالرحمٰن ہے۔(=۳۹۷۸)

☆ابن ابوغنیۃ:

یہ عبدالملک اوران کے بیٹے یحیٰی ہیں، گزر چکے۔(=۳۶۸، ۳۸۱)

۸۴۸۵۔د،س،ق۔ابن فراسی:

اس نے (براہ راست) نبی کریم ﷺ سے روایت کیا ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے اس نے اپنے والد کے واسطے سے نبی کریم ﷺ سے روایت کیا ہے، اس کا نام معلوم نہیں ہوسکا۔

☆ابن فغواء:

یہ عمرو ہے۔(=۵۰۹۴)

☆ابن فضل ہاشمی:

یہ عبداللہ اورابونعمان محمد بن فضل سدوسی ہیں۔(=۳۵۳۴، ۶۲۲۶)

☆ابن فضیل:

یہ محمد ہے۔(=۶۲۲۷)

☆ابن فلان:

اس نے متفرد تاابوسعید خدری سے روایت کیا ہے کہا گیا ہے کہ یہ عبداللہ بن زیاد بن سمعان ہے، رخ۔(=۳۳۲۶)

☆ابن فیروز:

یہ عبداللہ اوران کے بھائی ضحاک ہیں، گزر چکے۔(=۳۵۳۴،۲۹۷۵)

☆ابن قارظ:

یہ ابراہیم بن عبداللہ ہے عبداللہ بن ابراہیم بھی کہا جاتا ہے۔(=۱۹۷)

☆ابن قاسم:

یہ مالک کے ساتھی فقیہ عبدالرحمٰن ہیں۔(=۳۹۸۰)

☆ابن قاری:

یہ عبداللہ بن عثمان بن خثیم ہے۔(=۳۴۶۶)

☆ابن قبطیہ:

یہ عبیداللہ ہیں۔(=۴۳۳۱)

☆ابن قبیصہ بن ذؤیب:

کہا گیا ہے کہ یہ اسحاق ہے۔(=۳۷۹)

☆ابن ابوقتادہ:

یہ عبداللہ ہیں۔(=۳۵۳۸)

☆ابن قرط:

عبدالرحمٰن وعبداللہ اور مسلم ہیں۔(=۳۹۸۳،۳۵۴۰،۲۶۳۹)

☆ابن قرظہ:

مسلم ہے۔(=۲۶۴۰)

☆ابن قسیط:

یہ یزید بن عبداللہ بن قسیط ہیں۔(=۷۷۴۱)

☆ابن قعنب:

یہ عبداللہ بن مسلمہ بن قعنب اوران کے بھائی اسماعیل ہیں، گزر چکے۔(=۳۶۲۰،۳۹۱)

☆ابن ابو قیس:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۵۴۷)

۸۴۸۶۔ق۔ابن ابو کبشہ انماری:

اپنے والد سے روایت کرتا ہے تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے۔

☆ابن ابو کبشہ سحمدی:

یہ حسین بن سلمہ ہے، گزر چکا۔(=۱۳۲۳)

☆ابن کثیر:

عبداللہ مقری و سفیان کے ساتھی محمد بن کثیر اور یحییٰ بن کثیر عنبری ہیں۔(=۳۵۵۱،۶۲۵۲،۶۲۹،۷)

☆ابن ابو کثیر:

یہ یحییٰ ہیں، گزر چکے۔(=۷۶۳۲)

☆ابن کنانہ بن عباس بن مرداس:

یہ عبداللہ ہے الکامل لابن عدی میں اس کا نام آیا ہے۔(=۳۵۵۶)

☆ابن لبیبہ یا ابن ابولبیبہ:

یہ محمد بن عبدالرحمٰن ہیں۔(=۶۰۸۰)

☆ابن ابولبید:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۵۶۰)

☆ابن لہیعہ:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۵۶۳)

☆ابن ابو لیلیٰ:

یہ عبدالرحمٰن اوران کے بیٹے محمد وعیسیٰ وعبداللہ بن عیسیٰ ہیں۔(=۳۹۹۳،۶۰۸۱،۵۳۰۷،۳۵۲۳)

☆ابن ماجہ سہمی:

اس کا نام علی ہے اوراسے ابو ماجد بھی کہا جاتا ہے۔(=۴۷۸۶)

☆ابن ماجشون:

یہ نقیہ عبدالملک بن عبدالعزیز بن عبداللہ وان کے والد اور یوسف بن یعقوب ہیں۔(=۴۱۹۵،۴۱۰۳،۷۸۹۵)

☆ابن مافنہ:

یہ کثیر بن زید ہے۔(=۵۶۱۱)

☆ابن ابو مالک:

یہ خالد بن یزید ہے۔(=۱۶۸۸)

☆ابن ماہک:

یہ یوسف ہے۔(=۷۸۷۸)

☆ابن مبارک:

یہ مشہور عبداللہ ہیں۔(=۳۵۷۰)

☆ابن مثنیٰ:

یہ محمد ہیں۔(=۶۲۶۴)

☆ابن ابو مجالد:

یہ عبداللہ ہے محمد بھی کہا گیا ہے۔(=۳۵۷۲)

☆ابن مجمع:

یہ ابراہیم بن اسماعیل و یعقوب بن مجمع اور ان کے بیٹے مجمع ہیں۔(=۱۴۸، ۷۸۳۲، ۶۴۹۰)

☆ابن محیریز "تصغیر کے ساتھ ہے":

یہ عبداللہ ہے، گزر چکے۔(=۳۶۰۴)

۸۴۸۷۔د۔ابن محمد بن مسلمہ، (قصہ خیبر میں) محمد بن اسحاق کا شیخ:

غیر معروف ہے اس کا نام بھی ذکر نہیں کیا گیا، چوتھے طبقہ سے ہے۔

☆ابن محیصن:

یہ عمر بن عبدالرحمٰن ہے۔(=۴۹۳۸)

☆ابن محیصہ:

یہ حرام بن سعد ہے۔(=۱۱۶۳)

☆ابن مدویہ:

یہ محمد بن احمد ہے۔(=۵۷۱۰)

☆ابن مربع:

یہ زید ہے، عبداللہ اور یزید بھی کہا گیا ہے، گزر چکے۔(=۲۱۵۷)

☆ابن ابو مرحب:

ابو مرحب کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(۶۵۵۱)

☆ابن ابو مریم، بصری و شامی و حمصی و مصری:

بصرہ کا رہنے والا برید، شام کا رہنے والا یزید، حمص کا رہنے والا ابو بکر بن عبداللہ ابن ابو مریم، اور مصر کا رہنے والا

سعید بن حکم بن ابو مریم ہے۔(=۶۵۹، ۷۷۷۵، ۷۹۷۴، ۲۲۸۶)

☆ابن مسافر:

یہ عبدالرحمٰن بن خالد بن مسافر ہے۔(=۳۸۴۹)

☆ابن مسہر:

علی ہے۔(=۴۸۰۰)

☆ابن مسیّب:

یہ سعید ہے، گزر چکے۔(=۲۳۹۶)

☆ابن مطوس:

ابومطوس کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=۸۲۷۴)

☆ابن معاذ:

یہ عبیداللہ ہے۔(=۴۳۴۱)

☆ابن معانق:

یہ عبداللہ ہے، گزر چکے۔(=۳۶۲۹)

☆ابن معدان:

ثوبان سے روایت کرتا ہے درست معدان ہے۔(=۶۷۸۷)

☆ابن معقل:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۶۳۴)

☆ابن ابومعقل:

درست معقل ہے۔(=۶۷۹۹)

☆ابن مغفل:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۶۳۸)

۸۴۸۸۔ت۔ابن ابومعلیٰ انصاری:

اپنے والد سے روایت کرتا ہے اس کا نام ذکر نہیں کیا گیا، تیسرے طبقہ کا ''غیر معروف'' راوی ہے۔

☆ابن مغیرہ:

اس نے اپنے والد سے پیشانی پر مسح کے بارے میں روایت کیا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ حمزہ ہے۔ (=۱۵۳۳)

☆ابن مغیرہ ثقفی:

یہ عثمان ہے، گزر چکا۔ (=۴۵۲۰)

☆ابن مفضل:

ابو مفضل کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔ (=۸۳۰۷)

☆ابن مقدم:

محمد بن ابو بکر بن علی بن مقدم مقدمی و اس کے چچا عمر بن علی اور قاسم بن یحییٰ ابن عطاء بن مقدم ہیں۔ (=

۵۷۶۱، ۴۹۵۴، ۵۵۰۴)

☆ابن مقری:

یہ محمد بن عبداللہ بن یزید ہے۔ (=۶۰۵۴)

☆ابن مقسم:

یہ عبیداللہ ہے، گزر چکے۔ (=۴۳۴۴)

☆ابن مکرز، شامی، بکیر بن اشج کا شیخ:

کہا گیا ہے کہ یہ ایوب بن عبداللہ ہے یزید بھی کہا گیا ہے۔ (=۶۱۷)

☆ابن مکرم عمی:

یہ عقبہ ہے۔ (=۴۶۵۱)

☆ابن ملحان قیسی:

یہ عبدالملک بن قتادہ ہے۔ (=۴۲۰۳)

☆ابن ابو ملیکہ:

یہ عبداللہ بن عبیداللہ ہے۔ (=۳۴۵۴)

☆ابن مملک:

یہ یعلی ہے۔(=۷۸۵۰)

☆ابنا ملیکۃ الجعفیان (ملیکہ کے دو جعفی بیٹے):

ابن ملیکہ کے دو جعفی بیٹوں میں سے ایک کا نام سلمہ بن یزید ہے۔(=۲۵۱۶)

☆ابن منبہ:

ہمام اور ان کے بھائی وہب ہیں۔(=۷۳۱۷، ۷۴۸۵)

☆ابن منجاب:

یہ مبہم ہے۔(=۲۶۷۱)

☆ابن منذر:

ابراہیم حزامی مدنی اور علی بن منذر کوفی ہیں۔(=۲۵۳، ۴۸۰۴)

☆ابن منصور:

یہ اسحاق کوسج، و اسحاق سلولی، و عمرو بن منصور نسائی، و محمد بن منصور نسائی، و محمد ابن منصور طوسی اور محمد بن منصور جواز ہیں
سلولی کے علاوہ سبھی ایک ہی طبقہ سے ہیں۔(=۳۸۴، ۳۸۵، ۵۱۱۹، ۶۳۲۶، ۶۳۲۵)

☆ابن منکدر:

یہ محمد ہے۔(=۶۳۱۷)

☆ابن منیر مروزی:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۶۴۱)

☆ابن منیہ:

یہ یعلی بن امیہ اور ان کے والد صفوان ہیں۔(=۷۸۳۹، ۲۹۴۵)

☆ابن مہدی:

یہ عبدالرحمن ہے۔(=۴۰۱۸)

☆ابن مہاجر:

عمرو شامی، وان کے بھائی محمد شامی، وابراہیم بن مہاجر کوفی، وان کے بیٹے اسماعیل اور محمد بن مہاجر (دوسرا) کوفی ہیں، گزر چکے (=۵۱۲۰، ۶۲۳۱، ۲۵۴، ۴۱۷، ۶۳۳۲)

۸۴۸۹۔ فق۔ ابن مواہن:

کعب احبار سے روایت کرتا ہے چھٹے طبقہ کا "مجہول" راوی ہے۔

☆ابن موسیٰ، اسماعیل بن یعقوب کا شیخ:

یہ محمد بن موسیٰ بن اعین ہے۔ (=۶۳۳۴)

☆ابن موہب:

عبداللہ ہمدانی، وعبیداللہ بن عبداللہ تیمی، وان کے بھتیجے عبیداللہ بن عبدالرحمٰن ابن عبداللہ اور یزید بن خالد بن موہب ہیں۔ (=۳۶۵۰، ۴۳۱۱، ۴۳۱۴، ۷۷۰۸)

☆ابن میمون:

عبداللہ قداح اور محمد خیاط ہیں۔ (=۳۶۵۳، ۶۳۴۵)

☆ابن مینا:

حکم، وسعید وزیاد اور عباس بن عبدالرحمٰن ہیں۔ (=۱۴۶۳، ۲۴۰۳، ۲۱۰۲، ۳۱۷۴)

☆ابن ابو میمونہ:

عطاء، وابراہیم اور ہلال ہیں، گزر چکے۔ (=۳۶۰۱، ۲۶۴، ۷۳۳۴)

☆ابن نافع:

اس کا نام عبداللہ صائغ ہے۔ (=۳۶۵۹)

☆ابن نبیہ کعبی:

اس کا نام عمر ہے۔ (=۴۹۷۸)

☆ابن ابونجیح:

اس کا نام عبداللہ ہے اور ابونجیح کا نام یسار ہے۔(=٣٦٦٢)

☆ابن نجی "تصغیر کے ساتھ ہے":

یہ عبداللہ حضرمی ہے۔(=٣٦٦٤)

☆ابن نُسی:

یہ عبادہ کندی ہے۔(=٣١٦٠)

☆ابن نسیر:

اس کا نام قطن ہے۔(=٥٥٥٦)

☆ابن ابونشبہ:

اس کا نام یزید ہے۔(=٧٧٨٥)

☆ابن نطاح:

یہ محمد بن صالح بن مہران ہے۔(=٥٩٦٣)

☆ابن ابونُعم:

یہ عبدالرحمٰن بجلی ہے۔(=٤٠٢٨)

☆ابن ابونُعَیمہ "تصغیر کے ساتھ ہے":

اس کا نام عمرو ہے۔(=٥١٢٤)

☆ابن نُفَیر:

اس کا نام جبیر ہے۔(=٩٠٤)

☆ابن نفیل:

یہ عبداللہ بن محمد ہے۔(=٣٥٩٤)

☆ابن نَمِر:

یہ عبدالرحمٰن ہے۔(=۴۰۳۰)

☆ابن ابونمر:

یہ شریک بن عبداللہ ہے۔(=۲۷۸۸)

☆ابن نمران:

اس کا نام یزید ہے۔(=۷۷۸۸)

☆ابن نمیر ''تصغیر ہے'':

عبداللہ اور ان کے بیٹے محمد بن عبداللہ بن نمیر ہیں۔(=۳۶۶۸، ۶۰۵۳)

☆ابن ابونملہ انصاری:

یہ نملہ ہے۔(=۷۱۸۹)

☆ابن نہیک ''عظیم کے وزن پر ہے'':

یہ بشیر ہے اپنے والد کے وزن پر۔(۷۲۶)

☆ابن ابونہیک:

یہ عبداللہ ہے عبیداللہ ''تصغیر کے ساتھ'' بھی کہا جاتا ہے۔(۳۶۶۹)

☆ابن نوفل بن مساحق:

یہ عبدالملک ہے۔(=۴۲۲۶)

☆ابن نیار:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۶۷۱)

☆ابن نیزک:

یہ احمد بن محمد ہے۔(=۱۰۲)

☆ابن الہاد:

یہ یزید بن عبداللہ ہے۔(=۷۷۳۷)

☆ابن ہاشم:

یہ عبداللہ طوسی ہے۔(=۳۶۷۵)

☆ابن ابو ہالہ:

یہ ہند ہے۔(=۷۳۲۲)

۸۴۹۰۔بخ۔ابن ہانی،حریز کا شیخ:

پانچویں طبقہ کا غیر معروف راوی ہے۔

☆ابن ہبیرہ سبئی:

اس کا نام عبداللہ ہے۔(=۳۶۷۸)

☆ابن ابو ہذیل:

عبداللہ ہے۔(=۳۶۷۹)

☆ابن ابو ہندہ"بقول بعض ہیدہ:

اس کا نام عبدالرحمٰن ہے۔(=۴۰۳۴)

☆ابن ابو ہند:

داود،سعید اور عبداللہ بن سعید ہیں،مزید برآں سعید داود کا بھائی نہیں ہے۔(=۱۸۱۷،۲۳۰۹،۳۳۵۸)

☆ابن ہلال عبسی:

یہ عبدالرحمٰن ہے۔(=۴۰۳۵)

☆ابن ابو ہلال:

یہ سعید ہے۔(=۲۴۱۰)

☆ ابن ہیثم:

یہ عبداللہ عبدی ہے۔ (=٣٦٨٣)

☆ ابن ابو ہیثم:

یہ یحییٰ عطار ہے۔ (=٧٦٦٢)

☆ ابن ابو ہیدام:

یہ موسیٰ بن عامر مری ہے۔ (=٦٩٧٩)

☆ ابن واسع:

اس کا نام محمد ہے۔ (=٦٣٦٨)

☆ ابن ابو واقد لیثی:

اس کا نام واقد ہے۔ (=٧٣٩٠)

☆ ابن وثیمہ نصری:

یہ زفر ہے۔ (=٢٠١٩)

☆ ابن وزیر:

محمد دمشقی، محمد واسطی، و محمد مصری اور احمد بن یحییٰ بن وزیر مصری ہیں۔ (=٦٣٦٩، ٦٣٧٠، ٦٣٧١، ١٢٦)

☆ ابن وعلہ:

یہ عبدالرحمٰن ہے۔ (=٤٠٣٩)

☆ ابن ولید بن عبادہ بن صامت:

یہ یحییٰ ہے۔ (=٧٦٦٦)

☆ ابن ولید عدنی:

عبداللہ، و محمد بسری اور محمد فحام ہیں۔ (=٣٦٩٢، ٦٣٧٣، ٦٣٧٥)

۸۴۹۱۔ ت ابن وہب بن منبہ:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

وہب کے تین بیٹے تھے عبداللہ، وعبدالرحمٰن، وایوب۔

☆ابن وہب مصری، مالک کے ساتھی:

اس کا نام عبداللہ ہے۔(=۳۶۹۴)

☆ابن لاحق مکی وبصری:

مکی کا نام عبداللہ اور بصری کا نام مفضل ہے۔(=۳۶۹۶، ۶۸۶۳)

☆ابن یامین:

یہ عبداللہ طائفی ہے۔(=۳۶۹۷)

☆ابن یحنس:

یہ عبداللہ بن عبدالرحمٰن ہے۔(=۳۴۳۶)

☆ابن ابویحییٰ:

یہ محمد اور ان کے بیٹے عبداللہ وابراہیم ہیں۔(=۶۳۹۵، ۳۶۰۰، ۲۴۱)

☆ابن ابویزید مکی:

یہ عبیداللہ ہے۔(=۴۳۵۴)

☆ابن یسار:

یہ محمد بن اسحاق مطلبی کے چچا موسیٰ ہیں۔(۷۰۲۴)

☆ابن یساف:

یہ ہلال ہے۔(=۷۳۵۲)

☆ابن یعقوب:

حرقہ کے غلام عبدالرحمٰن ہیں۔(=۴۰۴۶)

☆ابن ابو یعفور:

یہ یونس ہے۔(=۷۹۲۰)

☆ابن ابو یعقوب:

یہ محمد ضبی ہے۔(=۶۰۵۵)

☆ابن یعمر:

یہ یحییٰ ہے۔(=۷۶۷۸)

☆ابن یعلیٰ بن امیہ:

ثانیاً صفوان ہے۔(=۲۹۴۵)

☆ابن یعیش بن طخفہ:

طخفہ کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=۳۰۱۰)

☆ابن یمان:

یہ یحییٰ ہے۔(=۷۶۷۹)

☆ابن یوسف تنیسی:

یہ عبداللہ ہے۔(=۳۷۲۱)

☆ابن یونس:

یہ احمد بن عبداللہ ہے۔

فصل: ان راویوں کا بیان جنہیں کسی کا بھتیجا کہا گیا ہے۔

۸۴۹۲۔ت۔حارث اعور کا بھتیجا:

چھٹے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۴۹۳۔خ۔ابورہم کا بھتیجا:

تیسرے طبقہ کا ''مقبول'' راوی ہے، زہری کے شیوخ میں سے ہے۔

☆زہری کا بھتیجا:

یہ محمد بن عبداللہ بن مسلم ہے۔(=۶۰۴۹)

☆ابن وہب کا بھتیجا:

یہ احمد بن عبدالرحمٰن بن وہب مصری ہے۔(=۶۷)

۸۴۹۴۔ت،ق۔عبداللہ بن سلام کا بھتیجا:

تیسرے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

۸۴۹۵۔س۔کثیر بن صلت کا بھتیجا:

تیسرے طبقہ کا غیر معروف راوی ہے۔

۸۴۹۶۔ت،س،ق۔ابن مسعود کی بیوی زینب ثقفیہ کا بھتیجا:

غالباً صحابی ہے مجھے اس کا نام نہیں ملا۔

۸۴۹۷۔د۔صفیہ بنت حیی کا بھتیجا:

تیسرے طبقہ کا غیر معروف راوی ہے۔

35

فصل: ان راویوں کا بیان جنہیں ''ابن ام فلان'' کہا گیا ہے۔

۸۴۹۸۔ د۔ ام حکم کا بیٹا:

تیسرے طبقہ کا غیر معروف راوی ہے۔

☆ ام مکتوم کا بیٹا:

مشہور نابینا صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کا نام عمرو ہے عبداللہ بھی کہا جاتا ہے۔ (=۵۰۳۱)

☆ ام ہانی کا بیٹا:

یہ ہارون ہے اسے ام ہانی کے بیٹے کا بیٹا بھی کہا جاتا ہے۔ (۷۲۵۱)

باب: قبیلوں، شہروں اور پیشوں وغیرہ کی طرف منسوب راویوں کا بیان

☆ الابار:

یہ ابو حفص ہے۔ (=۴۹۳۷)

☆ اسکاف (موچی):

یہ سعد بن طریف ہے۔ (=۲۲۴۱)

☆ اشجعی:

عبید اللہ بن عبید الرحمٰن ہے۔ (=۴۳۱۸)

☆ اصمعی:

عبد الملک بن قریب ہے۔ (=۴۲۰۵)

☆ افریقی:

عبد الرحمٰن بن زیاد ہے۔ (=۳۸۶۲)

☆ امامی:

عبد الرحمٰن بن عبد العزیز ہے۔ (=۳۹۳۲)

☆ اموی:

اموی سے سعید بن یحییٰ اموی اور ان کے والد محترم مشہور ہیں۔ (=۲۴۱۵، ۷۵۵۴)

☆ انباری:

محمد بن سلیمان ہے۔ (=۵۹۳۲)

☆انصاری:

محمد بن عبداللہ بن مثنیٰ اور اسحاق بن موسیٰ ہیں، اور عروہ بن رویم (د) نے بھی انصاری سے روایت کیا ہے کہا گیا ہے کہ یہ جابر انصاری ہے یا اس کے علاوہ کوئی ہے۔ (=۶۰۴۶، ۳۸۶، ۸۷۱)

☆انماری:

ابوکبشہ ہے۔ (=۸۳۱۹)

☆اوزاعی:

عبدالرحمٰن بن عمرو ہے۔ (=۳۹۶۷)

☆اویسی:

یہ عبدالعزیز بن عبداللہ ہے۔ (=۴۱۰۲)

☆بابلتی:

یحییٰ بن عبداللہ بن ضحاک ہے۔ (=۷۵۸۵)

☆بدری:

ابومسعود عقبہ بن عامر ہے۔ (=۴۶۴۷)

☆براء:

ابوعالیہ اور یوسف بن یزید ہے۔ (=۸۱۹۷، ۷۸۹۴)

☆بردی:

موسیٰ بن ہارون ہے۔ (=۷۰۲۱)

☆برسانی:

محمد بن بکر اور کثیر بن زیاد ہیں۔ (=۵۷۶۰، ۵۶۱۰)

☆بزار:

حسن بن صباح، وخلف بن ہشام، وبشر بن ثابت اور ابوعمر قاری ہیں۔ (=۱۲۵۱، ۱۷۳۷، ۶۷۸، ۱۴۰۵)

☆بزاز:

محمد بن صباح دولابی وغیرہ ہے۔(=۵۹۶۶)

☆بکائی:

محمد بن اسحاق کا ساتھی زیاد بن عبداللہ ہے۔(=۲۰۸۵)

☆بلخی:

حسن بن عمر بن شقیق ہے۔(=۱۲۶۵)

☆بہزی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، کہا گیا ہے کہ ان کا نام زید بن کعب ہے، ہیں۔(=۲۱۵۴)

☆بویطی:

یوسف بن یحییٰ ہے۔(=۷۸۹۲)

☆بیاضی:

ابوحازم کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=۸۰۳۳)

☆تبوذکی:

موسیٰ بن اسماعیل ہے۔(=۶۹۴۳)

☆تیمی:

اربدہ ہے۔(=۲۹۷)

☆تنیسی:

عبداللہ بن یوسف ہے۔(=۳۷۲۱)

☆توزی:

محمد بن صلت ہے۔(=۵۹۷۱)

☆ تیمی:

ابراہیم بن یزید، وسلیمان اوران کا بیٹا معتمر ہیں۔ (=۲۶۹، ۴۵۷۵، ۶۷۸۵)

☆ ثقفی:

عبدالوہاب بن عبدالمجید ہے۔ (=۴۲۶۱)

☆ ثوری:

سفیان بن سعید اور منذر ہیں۔ (=۴۴۳۵، ۶۸۹۴)

☆ جدی:

عبدالملک بن ابراہیم ہے۔ (=۴۱۶۳)

☆ جرار (گھڑا بنانے والا):

عبدالاعلیٰ بن ابومساور اور عیسیٰ بن یونس ہیں۔ (=۳۷۴۷، ۵۳۴۰)

☆ جرجسی:

یزید بن عبدربہ ہے۔ (=۷۷۴۵)

☆ جریری "تصغیر کے ساتھ ہے":

سعید بن ایاس اور عباس ہیں۔ (=۲۲۷۴، ۳۱۸۲)

☆ جزار:

ابوالعوام قائد بن کیسان ہے۔ (=۵۳۷۴)

☆ جمال:

محمد بن مہران اور مخلد بن مالک ہیں۔ (=۶۳۳۳، ۶۵۳۸)

☆ جہنی:

ابوفروہ مسلم بن سالم ہے۔ (=۶۶۲۷)

☆جواز:

محمد بن منصور ہے۔(=۶۳۲۵)

☆جوباری:

یحییٰ بن خلف ہے۔(=۷۵۳۹)

☆حبطی:

اسحاق بن ابراہیم بن حبیب بن شہید ہے۔(=۳۲۴)

☆حجوری:

یہ حجر مدری ہے۔(=۱۱۴۵)

☆حطاب (لکڑہارا):

سلیمان بن عبیداللہ ہے۔(=۲۵۹۱)

☆حلوانی:

حافظ حسن بن علی ہے۔(=۱۲۶۴)

☆حمانی:

یحییٰ بن عبدالحمید، وان کے والداور جبارہ بن مغلس ہیں۔(=۷۵۹۱، ۳۷۷۱، ۸۹۰)

☆حمیدی:

عبداللہ بن زبیر بن عیسیٰ ہے۔(=۳۳۲۰)

☆حمیری:

سعید بن یحییٰ بن مہدی ہے۔(=۲۴۱۷)

☆حنفی:

ابو بکر اوران کے بھائی ابوعلی ہیں۔(=۳۱۴۷، ۴۳۱۷)

☆ ختّلی:

اسحاق بن ابراہیم ہے۔ (=۳۳۷)

☆ خراز (موچی):

عبداللہ بن عون اور خالد بن حیان ہیں۔ (=۳۵۲۰،۱۶۲۲)

☆ خزاز (ریشم فروش):

ابو عامر صالح بن رستم ہے۔ (=۲۸۶۱)

☆ خطابی:

عبداللہ بن عمر بن عبدالرحمٰن ہے۔ (=۳۴۹۱)

☆ خفاف (چمڑی موزوں کا بیچنے والا):

عبدالوہاب بن عطاء، خالد بن طہمان اور بشر بن موسیٰ ہیں۔ (=۴۲۶۲،۱۶۴۴،۶۷۴)

☆ خوزی:

ابراہیم بن یزید ہے۔ (=۲۷۲)

☆ دارمی:

عبداللہ بن عبدالرحمٰن اور احمد بن سعید ہیں۔ (=۳۴۴۴،۳۹)

☆ داری:

تمیم صحابی (رضی اللہ عنہ) اور عبداللہ بن کثیر مقری ہیں۔ (=۷۹۹،۳۵۵۰)

☆ دالانی:

یزید بن عبدالرحمٰن ہے۔ (=۸۰۷۲)

☆ دراوردی:

عبدالعزیز بن محمد ہے۔ (=۴۱۱۹)

☆ دندانی:

موسیٰ بن سعید ہے۔(=۶۹۶۷)

☆ دورقی:

یعقوب بن ابراہیم اور ان کے بھائی احمد ہیں۔(=۷۸۱۲، ۳)

☆ دیلمی:

فیروز اور ضحاک ہیں۔(=۲۹۷۵، ۳۴۴۴)

☆ ذُبحانی:

عثمان بن نعیم ہے۔(=۴۵۲۳)

☆ ذہلی:

محمد بن یحییٰ بن خالد بن فارس ہے۔(=۶۳۸۷)

☆ رقاشی:

یزید بن ابان اور ان کے بھتیجے فضل بن عیسیٰ ہیں۔(=۷۶۸۳، ۵۴۱۳)

☆ رقام:

عیاش بن ولید ہے۔(=۵۲۷۲)

☆ رؤاسی:

وکیع اور ان کے والد جراح ہیں۔(=۷۴۱۴، ۹۰۸)

☆ رومی:

محمد بن عمر بن عبداللہ بصری ہے۔(=۶۱۶۹)

☆ ریاشی:

عباس بن فرج ہے۔(=۳۱۸۱)

☆ زُبیدی:

محمد بن ولید ہے۔(=۶۳۷۲)

☆ زبیری:

ابواحمد اور مصعب بن عبداللہ ہیں۔(=۶۶۹۳،۶۰۱۷)

☆ زرقی:

ابوعیاش، ونعمان بن ابوعیاش اور عمرو بن سلیم ہیں۔(۸۴۹/،۷۱۵۹،۵۰۴۳)

☆ زمعی:

موسیٰ بن یعقوب ہے۔(=۷۰۲۶)

☆ زہرانی:

بشر بن عمر اور ابو ربیع ہیں۔(=۶۹۸،۲۵۵۲)

☆ زہری:

محمد بن مسلم بن شہاب اور ابو مصعب ہیں۔(=۶۲۹۶،۷۱)

☆ زوفی:

عبداللہ بن راشد اور عبداللہ بن ابومرہ ہیں۔(=۳۳۰۳،۳۶۰۹)

☆ سامَرّی:

ابراہیم بن ابوعباس ہیں۔(=۱۹)

☆ سامی:

عبدالاعلیٰ بن عبدالاعلیٰ اور ابراہیم بن حجاج ہیں۔(=۳۷۳۳،۱۳۶)

☆ سبیعی:

ابواسحاق اور ان کے بیٹے ہیں۔(=۵۰۶۵،۷۸۹۹،۳۰۱)

☆سدی:

اسماعیل بن عبدالرحمن، ومحمد بن مروان صغیراوراسماعیل بن موسیٰ ہے۔(=۴۶۳، ۶۲۸۴، ۴۹۲)

۸۴۹۹۔سعدی:

اپنے والد یا اپنے چچا سے روایت کرتا ہے کہ انہوں نے کہا ہے کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو بڑے غور سے دیکھا ہے،تیسرے طبقہ کا غیر معروف راوی ہے اس کا نام بھی ذکر نہیں کیا گیا۔

☆سکسکی:

ابراہیم بن عبدالرحمن ہے۔(=۲۰۴)

☆سلولی:

ابوکبشہ اور عبداللہ بن ضمرہ ہیں۔(=۸۳۲۱، ۳۳۹۶)

☆سہمی:

عبداللہ بن بکر ہے۔(=۳۲۳۴)

☆سیبانی:

ابوعمرو،وان کے بیٹے یحییٰ اور عمرو بن عبداللہ ہیں۔(=۸۲۷۴، ۷۶۱۶، ۵۰۶۸)

☆شافعی:

محمد بن ادریس اور ان کے چچا کے بیٹے ابراہیم بن محمد ہیں۔(=۵۷۱۷، ۲۳۵)

☆شعبی:

عامر بن شراحیل ہیں۔(=۳۰۹۲)

☆شعیثی "تصغیر ہے":

محمد بن عبداللہ بن مہاجر اور عبدالرحمن بن حماد ہیں۔(=۶۰۵۰، ۳۸۴۶)

☆شعیری:

مخلد بن خالد اور سلم بن قتیبہ ہیں۔(=۶۵۳۱، ۲۴۷۱)

☆ **شیبانی:**

ابوعمرو اور ابواسحاق ہیں۔ (=۸۴۷۵، ۲۲۳۳، ۲۵۶۸)

☆ **صغانی:**

ابوسعد صاغانی اور ابوبکر محمد بن اسحاق ہیں۔ (=۱۳۴۴، ۵۷۴۱)

☆ **صنابحی:**

عبدالرحمٰن بن عسیلہ ہیں۔ (=۳۹۵۲)

☆ **صنعانی:**

محمد بن عبدالاعلیٰ، ومحمد بن ثور اور عبدالرزاق ہیں۔ (=۶۰۶۰، ۵۷۷۵، ۳۰۶۳)

☆ **صواف (اون بیچنے والا):**

بشر بن ہلال ہے۔ (=۷۰۷)

☆ **صیرفی:**

عمرو بن علی ہے۔ (=۵۰۸۱)

☆ **ضبی:**

احمد بن عبدہ ہے۔ (=۷۴)

☆ **ضنی:**

ابویزید ہے۔ (=۴۸۵۱)

☆ **طوسی:**

زیاد بن ایوب، وعلی بن مسلم اور محمد بن منصور ہیں۔ (=۲۰۵۶، ۴۷۹۹، ۶۳۲۶)

۸۵۰۰۔ د۔ طفاوی، ابونضرہ کا شیخ:

تیسرے طبقہ کا غیر معروف راوی ہے اس کا نام ذکر نہیں کیا گیا۔

متاخر کا نام:

☆ محمد بن عبدالرحمٰن ہے۔(=۲۰۸۷)

☆ظفری:

قتادہ بن نعمان اوران کے پوتے عاصم بن عمر انصاری ہیں۔(=۵۵۲۱،۳۰۷۱)

☆عابدی:

عبداللہ بن عمران مخزومی ہے۔(=۳۵۱۰)

☆عامری:

عبدالعزیز بن عبداللہ اویسی ہے۔(=۴۱۰۲)

☆عاملی:

محمد بن بکار بن بلال اور ہارون بن محمد ہیں۔(=۱۵۳۰،۵۷۲۳)

☆عائذی:

حمزہ بن عمرو اور محمد بن اسحاق مسیبی ہیں۔(=۱۵۳۰،۵۷۲۳)

☆عبدی:

محمد بن بشر، محمد بن کثیر اوران کے بھائی سلیمان ہیں۔(=۵۷۵۶،۶۲۵۲،۲۶۰۲)

☆عبسی:

عبیداللہ بن موسیٰ اور بنو ابی شیبہ ہیں۔(=۴۳۴۵،۳۵۷۵،۴۵۱۳،۵۶۹۲)

☆عجلی:

عبداللہ بن صالح ہے۔(=۳۳۸۹)

☆عرزمی:

عبدالملک بن ابوسلیمان اوران کے بھتیجے محمد بن عبیداللہ ہیں۔(=۴۱۸۴،۶۱۰۸)

☆عرنی:

حسن بن عبداللہ اور قاسم بن حکم ہیں۔ (=۱۲۵۲،۵۳۵۵)

☆عصری:

خلید بن عبداللہ ہے۔ (=۱۷۴)

☆عطار (عطر فروش):

داود بن عبدالرحمٰن اور مرحوم بن عبدالعزیز ہیں۔ (=۱۷۸۹،۶۵۵۴)

☆عطاردی:

ابو رجاء، وابوالشہب اور احمد بن عبدالجبار ہیں۔ (=۵۱۷۱،۹۳۵،۶۴)

☆عَقَدی:

ابو عامر اور بشر بن معاذ ہیں۔ (=۳۱۹۹،۷۰۴)

☆عُکلی:

زید بن حباب ہے۔ (=۲۱۲۴)

☆عَنَقی:

جندب بن عبداللہ ہے۔ (=۹۷۵)

☆عُمری:

عبداللہ بن عمر اور عبیداللہ بن عمر ہیں۔ (=۳۳۸۹،۳۳۴۳)

☆عمّی:

زید اور عقبہ بن مکرم ہیں۔ (=۲۱۳۱،۳۶۵۱)

☆عنبری:

معاذ بن معاذ، وعبیداللہ بن حسن اور سوار بن عبداللہ ہیں۔ (=۶۷۴۰،۴۲۸۳،۶۶۸۵)

☆عنسی:

عمیر بن ہانی ہے۔(=۵۱۸۹)

☆عوفی:

عطیہ بن سعد ہے۔(=۴۶۱۶)

☆عوقی:

محمد بن سنان ہے۔(=۵۹۳۵)

☆عیشی:

عبدالرحمٰن بن مبارک اور عبیداللہ بن محمد ہیں۔(=۳۹۹۶،۴۳۴۴)

☆غزال (بہت کاتنے والا):

مطیع، وحکم بن فروخ اور محمد بن عبدالملک بن زنجویہ ہیں۔(۶۷۱۹،۱۴۵۷،۶۰۹۷)

☆غسانی:

ابوبکر بن عبداللہ بن ابومریم ہے۔(=۷۹۷۴)

☆غیلانی:

سلیمان بن عبیداللہ ہے۔(=۲۵۹۰)

☆فاخوری:

عیسیٰ بن یونس ہے۔(=۵۳۴۰)

☆فراء:

ابراہیم بن موسیٰ اور ابوجعفر ہیں۔(=۲۵۹،۸۰۲۰)

☆فرادیسی:

اسحاق بن ابراہیم بن یزید ہے۔(=۳۳۴)

☆فِراسی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ابن فراسی کے ترجمہ میں ان کا حال گزر چکا۔ (=۸۴۸۵)

☆فروی:

ابو علقمہ، واسحاق بن محمد اور ہارون بن موسیٰ ہیں۔ (=۸۲۶۱،۳۸۱،۷۲۴۵)

☆فریابی:

محمد بن یوسف، وابراہیم بن محمد بن یوسف اور داود بن مخراق ہیں۔ (=۶۴۱۵،۴۴۲،۱۸۱۲)

☆فزاری:

ابو اسحاق اور مروان بن معاویہ ہیں اور ابن منکدر سے روایت کرنے والا محمد بن عبید اللہ عزرمی فزاری ہے۔ (=۴۳۰،۶۵۷۵،۶۱۰۸)

☆قِطری:

محمد بن موسیٰ ہے۔ (=۶۳۳۵)

☆فہری:

حبیب بن مسلمہ صحابی اور ضحاک بن قیس صحابی ہیں۔ (=۱۱۰۶،۲۹۷۶)

☆قُیدی:

محمد بن جعفر بن ابو مواتیہ ہے۔ (=۵۷۸۶)

☆ قاری:

عبد الرحمٰن بن عبد اور یعقوب بن عبد الرحمٰن ہیں۔ (=۳۹۳۸،۷۸۲۲)

☆قبائی:

عاصم بن سوید اور افلح بن سعید ہیں۔ (=۳۰۶۱،۵۴۸)

☆قِربی:

حکم بن سنان ہے۔ (=۱۴۴۳)

☆ قردوانی:

محمد بن عبید اللہ بن یزید ہے۔ (=۶۱۱۲)

☆ قرنی:

خالد بن ابو یزید ہے۔ (=۱۶۹۲)

☆ قزاز (ریشم بیچنے والا):

عمران بن موسیٰ ہے۔ (=۵۱۷۲)

☆ قسری:

خالد بن عبد اللہ ہے۔ (=۱۶۴۹)

☆ قشیری:

محمد بن رافع اور مسلم بن حجاج ہیں۔ (=۵۸۷۶، ۶۶۲۳)

☆ قصاب (قسائی):

ابو حمزہ ہے۔ (=۵۱۶۳)

☆ قصری:

محمد بن یحییٰ بن ایوب ہے۔ (=۶۳۸۰)

☆ قُطعی:

حزم بن ابو حزم، وان کے بھائی سہیل اور محمد بن یحییٰ ہیں۔ (=۱۱۹۰، ۲۶۷۴، ۶۳۸۲)

☆ قلوری:

ابو عباس ہے۔ (=۸۲۰۴)

☆ قناد:

محمد بن عبد الوہاب، وعمر بن حماد اور ابو اسماعیل ہیں۔ (=۶۱۰۵، ۵۰۱۴، ۲۱۲)

☆ قہستانی:

عبداللہ بن جراح ہے۔ (=۳۲۲۸)

☆ قواریری:

عبیداللہ بن عمر ہے۔ (=۴۳۲۵)

☆ قلاء:

موسیٰ بن عبدالرحمن ہے۔ (=۶۹۸۲)

۸۵۰۱۔ س۔ قیسی:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے عمارہ بن عثمان بن حنیف نے روایت کیا ہے اور بقول بعض یہ عبدالرحمن بن زید قرار دیے ہیں۔ (=۳۹۸۲)

☆ کاہلی:

یہ سلیمان بن مہران اعمش ہے۔ (=۲۶۱۵)

☆ کحال:

خالد بن یزید اور سلیمان ہیں۔ (=۲۸۶۲)

☆ کریزی:

محمد بن عبیداللہ بن عبدالعظیم ہے۔ (=۶۱۰۹)

☆ کعبی:

ذوقنی ہے۔ (=۸۳۳۰)

☆ کلبی:

محمد بن سائب ہے۔ (=۵۹۰۱)

☆ لیثی:

علی بن سعد ہے۔ (=۴۷۳۹)

☆لخمی:

عمرو بن جاریہ ہے۔(=۴۹۹۷)

☆لیثی:

نصر بن عاصم ہے۔(=۷۱۱۳)

☆مآربی:

ابیض بن حمال اور یحییٰ بن قیس ہیں۔(=۲۳۸، ۷۶۲۸)

☆مازنی:

عبداللہ بن زید بن عاصم ہے۔(=۳۳۳۱)

☆ماسرجسی:

حسن بن عیسیٰ ہے۔(=۱۲۷۵)

☆ماصر:

عمر بن قیس ہے۔(=۴۹۵۸)

☆مبارکی:

سلیمان بن محمد ابوداود ہے۔(=۲۵۵۷)

☆مجمر:

نعیم بن عبداللہ ہے۔(=۷۱۷۴)

☆محاربی:

عبدالرحمٰن بن محمد اور ان کے بیٹے عبدالرحیم ہیں۔(=۳۹۹۹، ۴۰۵۷)

☆محلمی:

ہمام بن یحییٰ ہے۔(=۷۳۱۹)

☆ مخدجی:

عبادہ بن صامت سے حدیث وتر کا راوی ہے، کہا گیا ہے کہ اس کا نام رفیع ہے اور اقوال بھی پائے جاتے ہیں، د، س، ق۔ (=۸۱۰۰)

☆ مخرمی:

عبداللہ بن جعفر اور عبداللہ بن محمد بن عبدالرحمٰن بن مسور ہیں۔ (۳۲۵۲، ۳۵۸۹)

☆ مخرمی:

محمد بن عبداللہ ابن مبارک ہے۔ (=۶۰۴۵)

☆ مخزومی:

ابو ہشام اور دیگر حضرات ہیں۔ (=۶۸۴۸)

☆ مدائنی:

شبابہ بن سوار اور سلام بن سلیمان ہیں۔ (=۲۷۳۳، ۲۷۰۴)

☆ مدلجی:

سراقہ بن مالک ہے۔ (=۲۲۱۶)

☆ مذحجی:

ابو عبید اور کثیر بن عبید ہیں۔ (=۸۲۲۷، ۵۶۱۸)

☆ مراغی:

ابو ایوب ہے۔ (=۷۹۴۹)

☆ مرہبی:

عمر بن ذر اور ان کے والد ہیں۔ (=۴۸۹۳، ۱۸۴۰)

☆ مری:

عثمان بن سعید ہے۔ (=۴۴۷۴)

☆مسروقی:

موسیٰ بن عبدالرحمٰن ہے۔(=۶۹۸۷)

☆مسعودی:

عبدالرحمٰن بن عبداللہ ہے۔(=۳۹۱۹)

☆مسلی:

وبرہ بن عبدالرحمٰن ہے۔(=۷۳۹۷)

☆مسمعی:

ابوغسان ہے۔(=۶۴۴۴)

☆مسیبی:

محمد بن اسحاق، وان کے والد اور داود بن عمرو ہیں۔(=۵۷۲۳، ۳۸۲، ۱۸۰۳)

☆مشرقی:

ضحاک ہے۔(=۲۹۶۸)

☆مصالحی:

سلیمان بن سلم ہے۔(=۲۵۶۵)

☆مصطلقی:

عمرو بن حارث بن ابوضرار ہے۔(=۵۰۰۲)

☆معافری:

ابوقبیل ہے۔(=۱۴۰۶)

☆معاوی:

ایوب بن بشیر اور علی بن عبدالرحمٰن ہیں۔(=۶۰۱، ۶۶، ۴۷)

☆معبر:

محمد بن فضاء ہے۔(=۶۲۲۳)

☆معشاری:

محمد بن حسن بن ابو یزید ہے۔(=۵۸۲۰)

☆معقری:

احمد بن جعفر ہے۔(=۱۹)

☆معمری:

ابوسفیان ہے۔(=۵۸۳۵)

☆معنی:

علی بن عبد الحمید اور معاویہ بن عمرو ہیں۔(=۴۷۶۴، ۶۷۶۸)

☆معولی:

شعیب بن حجاب ہے۔(=۲۷۹۶)

☆مقابری:

یحییٰ بن ایوب ہے۔(=۷۵۱۲)

☆مقبری:

کیسان، وان کے بیٹے سعید اور ان کے آل بیت ہیں۔(=۵۶۷۶، ۲۳۲۱)

☆مقدمی:

محمد بن ابو بکر اور ان کے آل بیت ہیں۔(=۵۷۶۱)

☆مقرئ:

ابو عبد الرحمٰن ہے۔(=۳۷۱۳)

☆مقرئی:

راشد بن سعد اور ابو مصبح ہیں۔(=۱۸۵۴، ۸۲۷۰)

☆مقوی:

یہ یحییٰ بن حکیم ہے۔(=۷۵۳۴)

☆مقوم:

یحییٰ مذکور ہے۔(=۷۵۳۴)

☆مکحولی:

محمد بن راشد ہے۔(=۵۸۷۵)

☆ملیکی:

عبدالرحمٰن بن ابوبکر ہے۔(=۳۸۱۴)

☆ملیحی:

حاجب بن سلیمان ہے۔(=۱۰۰۴)

☆منجنیقی:

اسحاق بن ابراہیم بن یونس ہے۔(=۳۳۵)

☆منجوفی:

احمد بن عبداللہ بن علی بن سوید بن منجوف ہے۔(=۵۸)

☆منقری:

ابو معمر اور قیس بن عاصم ہیں۔(=۳۴۹۸، ۵۵۸۱)

☆منکدری:

حسن بن داود ہے۔(=۱۲۳۹)

☆ مہرقانی:

حفص بن عمر ہے۔(=۱۳۱۵)

☆ مہری:

رشدین بن سعد اور سلیمان بن داؤد ہیں۔(=۱۹۴۲، ۲۵۵۱)

☆ مہلبی:

خالد بن خداش اور عباد بن عباد ہیں۔(=۱۶۲۳، ۳۱۳۲)

☆ موقری:

ولید بن محمد ہے۔(=۷۴۵۳)

☆ ملائی:

عبدالسلام بن حرب اور ابونعیم ہیں۔(=۴۰۹۷، ۵۴۰۱)

☆ میثمی:

بقیہ بن ولید ہے۔(=۷۳۴)

☆ میمونی:

محمد بن زیاد اور ابوالحسن عبدالملک بن عبدالحمید ہے۔(=۵۸۹۱، ۴۱۹۰)

☆ ناقط:

عبدالعزیز بن سری ہے اسے ناقد کہا جاتا ہے۔(=۴۰۹۷)

☆ نبال:

ابو یمان اور مسلم بن ابو سہل ہیں۔(=۲۸۰۳، ۲۶۳۰)

☆ نبطی:

مقاتل بن حیان ہے۔(=۲۸۶۷)

۸۵۰۲۔د،ق۔نجرانی:

اس نے ابن عمر سے روایت کیا ہے چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆نحاس (تانبے کا کام کرنیوالا):

عیسی بن محمد ہے۔(=۵۳۲۱)

☆نحوی:

شیبان اور یزید ہیں۔(=۲۸۳۳،۷۷۲۰)

☆نخاس (غلاموں اور جانوروں کی تجارت کرنیوالا):

مفضل بن صالح، ولید بن صالح اور محمد بن عبید ہیں۔(=۶۸۵۴،د۷۴۲۹،۶۱۲۰)

☆ندبی:

بشر بن حرب ہے۔(=۶۸۱)

☆نرسی:

عبدالاعلیٰ بن حماد اور عباس بن ولید ہے۔(=۳۷۳۰،۳۱۹۳)

☆نزمعی:

عبدالعزیز بن عبداللہ ہے۔(=۴۱۰۷)

☆نشائی:

محمد بن حرب ہے۔(=۵۸۰۴)

☆نصری:

عبدالواحد بن عبداللہ مدنی اور ایک جماعت اس کی طرف منسوب ہے۔(=۴۲۳۹،۴۲۴۴)

☆نفیلی:

عبداللہ بن محمد، وعلی بن عثمان اور سعید بن حفص ہیں۔(=۳۵۹۴،۴۷۶۹،۲۲۸۵)

☆نقاش (نقش ونگار کرنیوالا):

محمد بن عیسیٰ ہے۔(=۶۲۱۱)

☆نمری:

ابوعمر حوضی ہے۔(=۱۴۱۲)

☆نمیری:

فضیل بن سلیمان ہے۔(=۵۴۲۷)

☆نہدی:

ابوعثمان عبدالرحمٰن اور ایک جماعت اس کی طرف منسوب ہے۔(=۴۰۱۷)

☆نہشلی:

ابوبکر نہشلی ہے۔(=۸۰۰۱)

☆نہمی:

قنان ہے۔(=۵۵۶۰)

☆نواء:

بیع نوی کی طرف نسبت ہے اس کا نام کثیر ہے۔(=۵۶۰۵)

☆نوفلی:

یزید بن عبدالملک اور ایک جماعت اس کی طرف منسوب ہے۔(=۷۷۵۱)

☆نیلی:

خالد بن دینار اور ابراہیم بن حجاج ہیں۔(=۱۶۲۳/۱۶۲۸)

☆ہاشمی:

سلیمان بن داود اور ایک بہت بڑی جماعت اس کی طرف منسوب ہے۔(=۲۵۵۲)

☆ ہباری:

محمد بن ثواب اور عبید بن اسماعیل ہیں۔(=۴۲۵۹،۵۷۷۴)

☆ ہجری:

ابوبکر وغیرہ ہیں۔(=۲۵۲)

☆ ہروی:

ابوزید وغیرہ ہیں۔(=۲۳۰۳)

☆ ہفانی:

ضمضم بن جوس وغیرہ ہیں۔(=۲۹۹۱)

☆ ہدادی:

خالد بن یزید وغیرہ ہیں۔(=۱۶۹۳)

☆ ہدیری:

ربیعہ بن عثمان وغیرہ ہیں۔(=۱۹۱۴)

☆ ہمدانی:

ابواسحاق وغیرہ ہیں۔(=۵۰۶۵)

☆ ہنائی:

ابوشیخ ہے۔(=۸۱۶۶)

☆ ہوزنی:

ابوعامر وغیرہ ہیں۔(=۳۵۶۴)

☆ ہلالی:

عبداللہ بن عون وغیرہ ہے۔(=۳۵۲۰)

☆ وابصی:

عبدالسلام ہے۔ (=۴۰۷۲)

☆ واسطی:

خالد بن عبداللہ وغیرہ ہیں۔ (=۱۶۴۷)

☆ واشحی:

سلیمان بن حرب وغیرہ ہیں۔ (=۲۵۴۵)

☆ واقدی:

محمد بن عمر اور ابو مسلم ہیں۔ (=۶۱۷۵، ۴۰۳۶)

☆ واقفی:

ہزی ہے۔ (=۷۲۷۷)

☆ والبی:

علی بن ربیعہ ہے۔ (=۴۷۳۳)

☆ وحاظی:

یحییٰ بن صالح ہے۔ (=۷۵۶۸)

☆ وراق:

عبدالوہاب بن حکم ہے۔ (=۴۲۵۹)

☆ ورتیسی:

احمد بن یزید ہے۔ (=۱۲۷)

☆ ورکانی:

محمد بن جعفر ہے۔ (=۵۷۸۳)

☆ وزان:

ایوب بن محمد ہے۔ (=۶۲۲)

☆ وشاء:

نصر بن عبدالرحمن ہے۔ (=۷۱۱۵)

☆ وصابی:

نعمان بن عامر ہے۔ (=۵۶۷۹)

☆ وصافی:

عبیداللہ بن ولید ہے۔ (=۴۳۵۰)

☆ وعلانی:

ابراہیم بن نشیط ہے۔ (=۲۶۶)

☆ وقاصی:

عثمان بن عبدالرحمن ہے۔ (=۴۴۹۳)

☆ وکیعی:

احمد بن عمر بن حفص ہے۔ (=۸۳)

☆ لاذقی:

ربیع بن محمد بن عیسیٰ ہیں۔ (=۱۸۹۹)

☆ لائی:

حی بن حسن ہے۔ (=۴۷۰۸)

☆ یافعی:

محمد بن عمرو ہے۔ (=۶۱۹۶)

☆ یحصبی:

عبداللہ بن عامر وغیرہ ہیں۔ (=۳۳۰۵)

☆ یحمدی:

زیاد بن ربیع وغیرہ ہیں۔ (=۳۴۰۵)

☆ یربوعی:

احمد بن عبداللہ بن یونس وغیرہ ہیں۔ (=۶۳)

☆ یزنی:

مرثد بن عبداللہ وغیرہ ہیں۔ (=۶۵۴۷)

☆ یساری:

مالک کا ساتھی مطرف بن عبداللہ ہے۔ (=۶۷۰۷)

☆ یشکری:

خالد یا سمیع بن خالد ہیں۔ (=۲۲۱۰)

☆ یعمری:

معدان ہے۔ (=۶۷۸۷)

☆ یمامی:

عمر بن یونس وغیرہ ہیں۔ (=۴۹۸۴)

باب: القابات وغیرہ کا بیان

☆ آبی اللحم:

اسماء میں ذکر گزر چکا۔ (=۱۳۱)

☆ الابح:

حماد بن یحییٰ ہے۔ (=۱۵۰۹)

☆ ابرش:

محمد بن حرب اور سلمہ بن فضل ہیں۔ (=۵۸۰۵،۲۵۰۵)

☆ اثبج:

خالد بن عبداللہ بن محرز۔ (=۱۶۴۸)

☆ اثرم:

حکیم اور ابوبکر ہیں۔ (=۱۴۸۱،۱۰۳)

☆ اجلح:

یحییٰ بن عبداللہ۔ (=۲۸۵)

☆ احدب:

واصل بن حیان۔ (=۷۳۸۲)

☆ احرد:

مسلم بن عبداللہ۔ (=۸۰۴۶)

☆احمر:

جعفر اور ابو خالد۔ (=۹۴۰، ۲۵۴۷)

☆احنف بن قیس:

اسماء میں اس کا ذکر گزر چکا، مزید برآں ثابت بن عیاش بھی احنف ہے۔ (=۲۸۸، ۸۲۴)

☆احول:

عاصم اور عامر ہیں۔ (=۳۰۶۰، ۳۱۰۳)

☆ازرق:

اسحاق بن یوسف۔ (=۳۹۲)

☆اسود:

ابو سلام۔ (=۶۸۷۰)

☆اشتر:

مالک بن حارث۔ (=۶۴۴۹)

☆اشدق:

عمرو بن سعید۔ (=۵۰۳۴)

☆اشعث بن قیس:

اسماء میں گزر چکا۔ (=۵۳۲)

☆اشقر:

حسین بن حسن۔ (=۱۳۱۸)

☆اشکاب:

علی کا والد حسین بن ابراہیم۔ (۱۳۰۳)

☆اشل:

منصور بن عبدالرحمٰن۔(=۶۹۰۵)

☆اشہب:

اسماء میں گزر چکا۔(=۵۳۳)

☆اشیاخ کوثا:

عبید بن ابوعبید۔(=۴۳۸۳)

☆اصفر:

مروان۔(=۶۵۷۶)

☆اصم:

عقبہ بن عبداللہ۔(=۴۶۴۲)

☆اعجم:

زیاد بن سلیم۔(=۲۰۸۱)

☆اعرج:

عبدالرحمٰن بن ہرمز۔(=۴۰۳۳)

☆اعسم:

زیاد بن زید۔(=۲۰۷۸)

☆اعشی:

عثمان بن مغیرہ ہے۔(=۴۵۲۰)

☆اعلم:

زیاد۔(=۲۰۶۶)

☆اعمش:

سلیمان بن مہران۔(=۲۶۱۵)

37

☆اعنق:

مطر بن عبدالرحمٰن۔(=۶۷۰۰)

☆اعور:

حارث اور ہارون ہیں۔(=۱۰۲۹، ۷۲۲۷)

☆اعین:

ابوبکر بن ابوعتاب۔(=۶۱۲۶)

☆اغر:

سلمان وغیرہ ہیں۔(=۲۴۷۸)

☆اغطش:

سعد بن عبداللہ۔(=۲۲۴۶)

☆افرق:

اشعث بن سوار۔(=۵۲۴)

☆افطس:

سالم بن عجلان اور ابراہیم بن سلیمان ہیں۔(=۲۱۸۳، ۱۸۲)

☆افوہ:

بشر بن سری۔(=۶۸۷)

☆اقرع:

ابوقتادہ کا غلام نافع۔(=۷۰۷۴)

☆ اکبر:

بشیر حارثی۔ (=۷۴۷)

☆ امین ہذہ الامۃ (اس امت کے امین):

ابو عبیدہ ہیں۔ (=۳۰۹۸)

☆ ایسر:

ابو لیلیٰ۔ (=۸۳۳۱)

☆ باقر:

محمد بن علی بن حسین۔ (=۶۱۵۱)

☆ بانی کعبۃ الرحمٰن:

معروف بن مشکان۔ (=۶۷۹۵)

☆ ببہ:

عبداللہ بن حارث۔ (=۳۲۶۵)

☆ بحر:

عبداللہ بن عباس۔ (=۳۴۰۹)

☆ بحر الجود (سخاوت کا سمندر):

عبداللہ بن جعفر ہیں۔ (=۳۲۵۱)

☆ بحشل:

احمد بن عبدالرحمٰن بن وہب۔ (=۶۷)

☆ بدعہ:

عبداللہ بن اسحاق۔ (=۳۲۱۰)

☆ براد:

ابراہیم بن ابو اسید۔ (=۱۵۳)

☆ بروان بن ابونصر:

اس کا نام ابراہیم۔ (=۱۷۶)

☆ برق:

عمرو بن عبداللہ اسواری۔ (=۵۰۶۰)

☆ بریدہ بن حصیب:

کہا گیا ہے کہ ان کا نام عامر ہے۔ (=۶۶۰)

☆ بریر:

کہا گیا ہے کہ ابوذر کا لقب ہے۔ (=۸۰۸۷)

☆ بریہ "تصغیر ہے":

یہ ابراہیم بن عمر بن سفینہ ہے۔ (=۲۲۱)

☆ بشمین:

حسین بن ولید۔ (=۱۳۵۹)

☆ بشیر بن خصاصہ ہے، کہا جاتا ہے کہ اس کا نام زحم تھا۔ (=۷۲۲)

☆ بطین:

مسلم بن عمران۔ (=۶۶۳۸)

☆ بکاء:

یحییٰ بن مسلم۔ (=۷۶۴۵)

☆ بکیر بن موسیٰ:

یہ ابوبکر بن ابوشیخ ہے۔ (=۷۹۶۹)

☆ بنان بن سلیمان دقاق:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام داود ہے۔ (=۱۷۸۷)

☆ بندار:

محمد بن بشار۔ (=۵۷۵۴)

☆ بہی:

عبداللہ بن یسار۔ (=۳۷۴۳)

☆ بومہ:

محمد بن سلیمان۔ (=۵۹۲۷)

☆ ترک:

محمد بن علی بن حرب۔ (=۶۱۴۹)

☆ تل:

محمد بن حسن۔ (=۵۸۱۶)

☆ توام:

عبداللہ بن یحییٰ۔ (=۳۶۹۸)

☆ تیار فرات:

عبیداللہ بن عباس۔ (=۴۳۰۳)

☆ جارود عبدی:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام بشر ہے۔ (=۶۸۳)

☆ جبیر:

یہ عبدالجبار بن ورد۔ (=۳۷۴۵)

☆ الجرادۃ الصفراء:

مسلمہ بن عبدالملک۔(=٦٦٢٠)

☆ جرب:

محمد بن عبید حمانی۔(=٦١١٩)

☆ جردقہ:

مولیٰ بنی ہاشم، ابوسعید۔(=۳۹۱۸)

☆ حافی:

بشر بن حارث۔(=٦٨٠)

☆ حبویہ:

ابراہیم بن مختار۔(=۲۳۵)

☆ حبی:

محمد بن حاتم۔(=۵۷۹۵)

☆ حذاء (موچی):

خالد بن مہران۔(=۱۶۸۰)

☆ حرمی بن یونس مؤدب:

اس کا نام ابراہیم۔(=۲۷۷)

☆ حسام:

حسان بن ثابت۔(=۱۱۹۷)

☆ حسنویہ:

حسن بن اسحاق۔(=۱۲۱۲)

☆حکیم:

صالح بن مہران۔(=۲۸۹۰)

☆حلق:

محمد بن علی بن شقیق۔(=۶۱۵۰)

☆حلقوم:

احمد بن محمد بن ایوب۔(=۹۳)

☆حماد بن ابو حمید:

اس کا نام محمد۔(=۵۸۳۶)

☆حمال:

ہارون بن عبداللہ۔(=۷۲۳۵)

☆حمدان:

احمد بن یوسف۔(=۱۳۰)

☆حمدویہ:

محمد بن ابان۔(=۵۶۸۹)

☆حمک:

ابواحمد فراء۔(=۶۱۰۴)

☆حنش:

حسین بن قیس۔(=۱۳۴۲)

☆حیدرہ:

علی بن ابو طالب۔(=۴۷۵۳)

☆ حیکان:

یحیٰی بن محمد بن یحیٰی ذہلی۔ (=۷۶۴۱)

☆ خاقان:

یحیٰی بن عبداللہ۔ (=۷۵۸۲)

☆ خت:

یحیٰی بن موسیٰ۔ (=۷۶۵۵)

☆ مقریؒ کا داماد:

بکر بن خلف۔ (=۷۳۸)

☆ خزرج بن عثمان:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام خلف ہے۔ (=۱۷۰۹)

☆ خیاط السنہ:

زکریا بن یحیٰی۔ (=۲۰۲۸)

☆ دار ام سلمہ:

احمد بن حمید۔ (=۲۹)

☆ دافن:

عبداللہ بن محمد بن عمر بن علی۔ (=۳۵۹۵)

☆ داناج:

عبداللہ بن فیروز۔ (=۳۵۳۵)

☆ دحروجۃ الجعل:

یہ عامر بن مسعود بن امیہ ہے۔ (=۳۱۰۹)

☆ دحیم:

عبدالرحمٰن بن ابراہیم۔(=۳۷۹۳)

☆ دخین:

عتبہ بن سعید بن رخص۔(=۴۴۳۰)

☆ دراج ابو ح:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام عبداللہ ہے۔(=۱۸۲۴)

☆ درۃ العراق:

محمد بن عبداللہ بن نمیر ہے۔(=۶۰۵۳)

☆ دلویہ:

زیاد بن ایوب طوسی۔(=۲۰۵۶)

☆ دوال دوز:

مقاتل بن سلیمان۔(=۶۸۶۸)

☆ دیباج:

محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان۔(=۶۰۳۸)

☆ ذوالاذنین:

انس بن مالک۔(=۵۶۵)

☆ ذوالبطین:

اسامہ بن زید اور طفیل بن ابی بن کعب ہیں۔(=۳۱۶،۳۰۱۷)

☆ ذوالثفنات:

علی بن حسین بن علی۔(=۴۷۱۵)

☆ ذوالجناحین:

جعفر بن ابی طالب۔(=۹۴۳)

☆ ذوالجوشن ضبابی:

کہا گیا ہے کہ ان کا نام شرحبیل ہے۔(=۱۸۴۶)

☆ ذوالزوائد:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کا نام غیر معروف ہے۔(=۱۸۴۷)

☆ ذوالشہادتین:

خزیمہ۔(=۱۷۱۰)

☆ ذوالعصابہ، وذوالعمامہ:

سعید بن عاص بن سعید بن عاص ہیں مزی نے اسی طرح ذکر کیا ہے حالانکہ یہ ان کے دادا کا لقب ہے۔(=۲۳۴۷)

☆ ذوالعینین:

قتادہ بن نعمان۔(=۵۵۲۱)

☆ ذواللحیۃ کلابی:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام شریح ہے۔(=۱۸۴۹)

☆ ذومر:

یہ عمرو ہے۔(=۵۱۴۲)

☆ ذومصر:

یہ یزید ہے۔(=۷۷۹۹)

☆ ذوالنورین:

یہ عثمان بن عفان ہیں۔(=۴۵۰۳)

☆ راہب قریش:

ابوبکر بن عبدالرحمٰن۔(=۷۹۷٦)

☆ رائی:

ربیعہ۔(=۱۹۱۱)

☆ رباح:

عیسیٰ بن حفص بن عاصم بن عمر۔(=۵۲۹۰)

☆ ربع الاسلام:

عمرو بن عبسہ۔(=۵۰۷۰)

☆ ربیع بن عبدالرحمٰن بن ابوسعید:

اسماء میں ذکر ہوا ہے۔(=۱۸۸۱)

☆ رخ:

محمد بن مقاتل۔(=٦۳۱۸)

☆ رزق اللہ بن موسیٰ:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام عبدالاکرم ہے۔(=۱۹۳۴)

☆ رستہ:

یہ عبدالرحمٰن بن عمر ہے۔(=۳۹٦۲)

☆ رشک:

یہ یزید ہے۔(=۷۷۹۳)

☆ رضی: علی بن موسیٰ بن جعفر۔(=۴۸۰۴)

☆ رقبہ:

عباد بن ابوصالح۔(=۳۳۹۰)

☆ ریحانۃ النبی ﷺ:

حسن اور حسین ہیں۔ (=۱۲۶۰، ۱۳۳۴)

☆ ریحانۃ البصرۃ:

یزید بن زریع۔ (=۷۷۱۳)

☆ ریحانۃ نیسابور:

یحییٰ بن یحییٰ۔ (=۷۶۶۸)

☆ زاج:

احمد بن منصور۔ (=۱۱۲)

☆ زبان:

یحییٰ بن جزار۔ (=۲۵۱۹)

☆ زبریق:

ابراہیم بن العلاء۔ (=۲۲۶)

☆ زحابا:

محمد بن سعید۔ (=۵۹۰۹)

☆ زرغندہ:

یہ سلیمان بن منصور زرغونہ ہے۔ (=۲۶۱۴)

☆ زریق:

عبداللہ بن عبدالجبار۔ (=۳۳۲۱)

☆ زغبہ:

عیسیٰ بن حماد اور ان کے بھائی احمد ہیں اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ زغبہ ان دونوں کے والد کا لقب ہے۔ (=۵۲۹۱، ۲۸)

☆زق العسل:

حجاج بن ابوزیاد اسود۔

☆زکار:

اسحاق بن ابراہیم بن نصر۔(=۳۳۳)

☆زمن:

ابوموسیٰ محمد بن مثنیٰ۔(=۶۲۶۴)

☆زنبقہ:

جعفر بن حمید۔(=۹۳۴)

☆زنبور:

محمد بن یعلیٰ۔(=۶۴۱۲)

☆زنج:

محمد بن عمرو۔(=۶۱۸۰)

☆زوج جبرہ:

محمد بن عبدالرحمٰن۔(=۶۰۶۵)

☆زوج درہ:

عبداللہ بن عمرو۔

☆زنجویہ:

محمد بن عبدالرحمٰن۔(=۶۰۷۶)

☆زین العابدین:

علی بن حسین بن علی ابن ابوطالب۔(=۴۷۱۵)

☆سابق الحبشہ:

بلال۔(=۷۷۹)

☆سابق الروم:

صہیب۔(=۲۹۵۴)

☆سابق العرب:

علی۔(=۴۷۵۳)

☆سابق الفرس:

سلمان۔(=۲۴۷۷)

☆سبلان:

سالم اور ابراہیم بن زیاد ہیں۔(=۲۱۷۷،۱۷۵)

☆سجاد:

محمد بن علی بن حسین۔(=۶۱۵۱)

☆سحبل:

عبداللہ بن محمد بن ابو یحییٰ اسلمی۔(=۳۶۰۰)

☆سرق:

صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں کہا گیا ہے کہ ان کا نام حباب ہے۔(=۲۲۱۷)

☆سعدان:

سعید بن یحییٰ لخمی۔(=۲۴۱۶)

☆سعدویہ:

سعید بن سلیمان۔(=۲۳۲۹)

☆سفینہ:

اسماء میں ذکر ہوا ہے۔ (=۲۴۵۸)

☆سکرہ:

مسلم بن یسار مکی۔ (=۶۶۵۲)

☆سلمویہ:

سلیمان بن صالح۔ (=۲۵۷۲)

☆سمعان واسطی:

اسماعیل بن حبان۔ (=۴۳۲)

☆سمین:

صدقہ بن عبداللہ اور محمد بن حاتم ہیں۔ (=۲۹۱۳، ۵۷۹۳)

☆سندل:

محمد بن عبدالجبار (انہیں سندولا بھی کہا جاتا ہے) اور محمد بن عباد بن موسیٰ ہیں۔ (=۶۰۶۲، ۵۸۹۹۵)

☆سنوطا:

عبید۔ (۴۴۰۴)

☆سنید بن داود:

اس کا نام حسین ہے۔ (=۲۶۴۶)

☆سہان:

یہ سہم بن اسحاق ہے۔ (=۲۶۴۸)

☆سوار الاسد:

محمد بن خالد۔ (=۵۸۵۱)

☆ سلام بن مسکین:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام سلیمان ہے۔ (=۲۷۱۰)

☆ سیف اللہ:

خالد بن ولید۔ (=۱٦۸۴)

☆ سیمین کوش:

یہ زیاد اعجم ہے۔ (=۲۰۸۱)

☆ شاذ بن فیاض:

اس کا نام ہلال ہے۔ (=۷۳۰)

☆ شاذان:

یہ اسود بن عامر اور عبدالعزیز بن عثمان ہیں۔ (=۵۰۳، ۴۱۱۲)

☆ شارب الذہب:

عبدالرحمٰن بن عثمان۔ (=۳۹۴۴)

☆ شاہ:

یہ سوید بن نصر ہے۔ (=۲٦۹۹)

☆ شباب:

یہ خلیفہ بن خیاط ہے۔ (=۱۷۴۳)

☆ شقران:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام صالح ہے۔ (=۲۸۱۴)

☆ شقوصا:

اسماعیل بن زیاد۔ (=۴۴۵)

☆ صاحب النقایہ:

عبدالرحمن بن آدم۔ (=۳۷۹۲)

☆ صاحب قنادیل:

ابومریم۔ (=۸۷۵۷)

☆ صاعقہ:

محمد بن عبدالرحیم۔ (=۶۰۹۱)

☆ صادق:

جعفر بن محمد۔ (=۹۵۰)

☆ صاحب مقصورہ:

یہ خباب، وان کے بیٹے سائب اوران کے پوتے مسلم ہیں۔ (=۱۲۹۹، ۲۱۹۵، ۶۶۲۹)

☆ صدرہ:

محمد بن حارث۔ (=۵۷۹۶)

☆ صدوق:

یونس ہے اور یہ ابن محمد مؤدب نہیں ہے بلکہ جس نے اسے ابن محمد مؤدب سمجھا ہے اس نے غلطی کی ہے۔ (=۷۹۱۵)

☆ صدیق:

ابوبکر۔ (=۳۴۶۷)

☆ صغیر:

موسیٰ اورابراہیم بن موسیٰ ہیں۔ (=۷۰۱۳، ۲۵۹)

☆ صغیراء:

حمید بن نافع۔ (=۱۵۶۱)

38

☆ صمید:

عبدالصمد بن عبدالوہاب حمصی۔ (=۴۰۸۱)

☆ صاحب زیادی:

عبدالحمید۔ (=۳۷۵۹)

☆ صندل:

محمد بن ابراہیم بن دینار۔ (=۵۶۹۲)

☆ صہیب رومی:

اسماء میں ذکر ہوا ہے۔ (=۲۹۵۴)

☆ صید:

عبید بن عبدالرحمٰن۔ (=۴۳۸۲)

☆ ضال:

معاویہ بن عبدالحکم۔ (=۶۷۶۵)

☆ ضریر:

ابومعاویہ۔ (=۵۸۴۱)

☆ ضخم:

سعد بن حفص اور بکیر بن عبداللہ ہیں۔ (=۲۲۳۴، ۷۶۱)

☆ ضعیف:

عبداللہ بن محمد بن یحییٰ۔ (=۳۵۹۸)

☆ طاؤس:

اسماء میں ذکر ہوا ہے۔ (=۳۰۰۹)

☆طفیل بن سخبرہ:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام عیسیٰ ہے۔(=۵۳۳۵)

☆طفیل:

معتمر بن سلیمان۔(=۶۷۸۵)

☆طویل:

حمید۔(=۱۵۴۴)

☆طیب:

مرو۔(=۶۵۶۴)

☆ظل الشیطان:

محمد بن سعد۔(=۵۹۰۴)

☆ظہر العتاق:

جارود عبدی۔(=۸۸۴)

☆عارم:

محمد بن فضل۔(=۶۲۲۱)

☆عباد:

یہ عبد الرحمٰن بن اسحاق ہے۔(=۳۸۰۰)

☆عبادرقہ:

یہ عبد اللہ بن ابو صالح ہے۔(=۳۳۹۰)

☆عبادل:

یہ عبید اللہ بن علی بن ابو رافع ہے۔(=۴۳۴۲)

☆ عباسویہ:

یہ عباس بن یزید ہے۔ (=۳۱۹۴)

☆ عبد بن حمید:

یہ عبدالحمید ہے۔ (=۴۲۶۶)

☆ عبد:

یہ عبدالعزیز بن صہیب ہے۔ (=۴۱۰۲)

☆ عبدان:

یہ عبداللہ بن عثمان ہے۔ (=۳۴۶۵)

☆ عبدہ بن سلیمان:

یہ عبدالرحمٰن ہے۔ (=۴۲۶۹)

☆ عبدوس:

عبدالصمد بن سلیمان۔ (=۴۰۷۸)

☆ عبدویہ:

ایوب بن ابراہیم۔ (=۶۰۰)

☆ عبویہ:

عبدالرحمٰن بن عبداللہ۔ (=۳۹۲۵)

☆ عبید بن اسماعیل:

یہ عبداللہ ہے۔ (=۴۳۵۹)

☆ عتریس:

یہ عبداللہ بن حسان ہے۔ (=۳۲۷۳)

☆عتیق:

ابوبکر صدیق۔ (=۳۴۶۷)

☆عجل:

محمد بن مروان۔ (=۶۲۸۲)

☆عصا بن ادریس:

یحییٰ بن محمد بن سابق۔ (=۷۶۳۵)

☆عصفور الجنۃ (جنت کی چڑیا):

موسیٰ بن قیس۔ (=۷۰۰۳)

☆عصیدہ:

محمد بن معاویہ۔ (=۶۳۰۸)

☆عطیلہ بن بدر:

یہ ربیع ہے۔ (=۱۸۸۳)

☆علی (تصغیر کے ساتھ ہے) بن رباح:

یہ علی ہے جادہ کی طرح۔ (=۴۷۳۲)

☆عویمر ابودرداء:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام عامر ہے۔ (=۵۲۲۸)

☆علان:

علی بن عبدالرحمن بن مغیرہ۔ (=۴۷۶۵)

☆غریق الجحوبہ:

حمدون بن عیسیٰ۔ (=۱۵۰۳)

☆غنجار:

عیسیٰ بن موسیٰ۔(=۵۳۳۱)

☆غندر:

محمد بن جعفر۔(=۵۷۸۷)

☆غول:

عبدالعزیز بن یحییٰ۔(=۴۱۳۲)

☆فاروق:

عمر بن خطاب۔(=۴۸۸۸)

☆فافاء:

خالد بن سلمہ اور محمد بن زیاد ہیں۔(=۱۶۴۱،۵۸۹۰)

☆فافاہ:

ابومعاویہ۔(=۵۸۴۱)

☆فرخ:

حفص بن عمر۔(=۱۴۲۰)

☆فرخ:

ازہر بن مروان۔(=۳۱۲)

☆فقیر:

یزید بن صہیب۔(=۷۷۴۳)

☆فلیت بن خلیفہ:

یہ افلت ہے۔(=۵۴۶)

☆ فلیح بن سلیمان:

اسماء میں ذکر ہوا ہے۔(=۵۴۴۳)

☆ فہیر بن زیاد:

یہ یحییٰ ہے۔(=۷۵۵۱)

☆ فیاض:

عشرہ مبشرہ میں سے طلحہ بن عبید اللہ (رضی اللہ عنہ) ہیں۔(=۳۰۲۷)

☆ قاضی الجن:

محمد بن عبد اللہ بن علاثہ۔(=۶۰۴۰)

☆ قاضی مصرین:

شریح۔(=۲۷۷۴)

☆ قباع:

حارث بن عبد اللہ۔(=۱۰۲۸)

☆ قتیبہ:

اسماء میں ذکر ہوا ہے۔(=۵۵۲۲)

☆ قراد:

ابونوح۔(=۳۹۷۷)

☆ قرظ:

سعد بن عائذ۔(=۲۲۴۲)

☆ قرہ بن عبد الرحمٰن:

اسماء میں ذکر ہوا ہے۔(=۵۵۴۱)

☆قصیر:

یہ عمران ہے۔(=۵۱۲۸)

☆قصی:

یہ مغیرہ بن عبدالرحمٰن ہے۔(=۶۸۳۵)

☆قتب:

یہ ایوب بن محمد ہے۔(=۶۴۰)

☆قوی:

یہ ابو یونس ہے۔(=۱۴۵۶)

☆قیصر:

یہ ابونضر ہے۔(=۷۴۵۶)

☆کاتب عمری:

یہ زکریا بن یحییٰ ہے۔(=۲۰۳۴)

☆کاتب مغیرہ:

یہ وراد ہے۔(=۷۳۰۱)

☆کاتب واقدی:

محمد بن سعد۔(=۵۹۰۳)

☆کاظم:

موسیٰ بن جعفر۔(=۶۹۵۵)

☆کبیر:

موسیٰ بن ابو کثیر۔(=۷۰۰۴)

☆ کرودس:

خلف بن محمد۔ (=۱۷۳۴)

☆ کرمان:

یہ عرعرہ ہے۔ (=۴۵۵۳)

☆ کشاکش:

محمد بن عمار۔ (=۶۱۶۴)

☆ کعبان:

یہ کعب بن سید ہے۔ (=۵۶۴۰)

☆ کمیل:

یہ حسین بن ولید ہے۔ (=۱۳۵۹)

☆ کوسج:

یہ اسحاق بن منصور ہے۔ (=۳۸۴)

☆ کیلجہ:

محمد بن صالح بغدادی۔ (=۵۹۶۴)

☆ لزیم:

یہ ملازم بن عمرو ہے۔ (=۷۰۳۵)

☆ لولو:

اسحاق بن ابراہیم اور محمد بن یحییٰ بن کثیر ہیں۔ (=۶۳۹۴،۳۲۸)

☆ لوین:

محمد بن سلیمان مصیصی ہے۔ (=۵۹۲۵)

☆ ماجشون:

عبدالعزیز اور ان کے آل بیت ہیں۔ (=۴۱۰۴، ۴۱۹۵، ۷۸۱۹، ۷۸۹۵)

☆ مجدر:

نصر بن زید اور عقبہ بن خالد ہیں۔ (=۷۱۱، ۴۶۳۶)

☆ محبوب:

محمد بن حسن۔ (=۵۸۱۹)

☆ محرق:

یہ جاریہ بن قدامہ ہے۔ (=۸۸۵)

☆ مردویہ:

یہ احمد بن محمد بن موسیٰ اور محمد بن سعید بن ولید ہیں۔ (=۱۰۰، ۵۹۱۴)

☆ مزلق:

بکر بن حکم۔ (=۷۴۷)

☆ مسج:

ماہان حنفی۔ (=۶۴۵۹)

☆ مستقیم:

اس کا نام عثمان بن عبدالملک ہے۔ (=۴۴۹۸)

☆ مسدد:

اسماء میں ذکر ہوا ہے۔ (=۶۵۹۸)

☆ مشقر:

یزید بن رباح۔ (=۷۷۱۱)

☆مشکدانہ:

عبداللہ بن عمر بن ابان۔(=۳۴۹۳)

☆مصح:

مسلم بن یسار۔(=۶۶۵۲)

☆مضروب:

نوح بن میمون۔(=۷۲۱۱)

☆معرقب:

مصدع۔(=۶۶۸۳)

☆مطرف:

عبداللہ بن عمرو بن عثمان۔(=۳۵۰۱)

☆مفلوج:

عبداللہ بن سالم۔(=۳۳۳۶)

☆مقعد:

ابو معمر اور عبدالرحمٰن بن سعد ہیں۔(=۳۴۹۸،۶ ۳۸۷)

☆مقعع:

مروان بن سالم۔(=۶۵۶۹)

☆مقوم:

یحییٰ بن حکیم۔(=۷۵۳۴)

☆معوذ بن ابو سلیمان:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام سلیمان ہے۔(=۶۸۸۰)

☆ مندل بن علی:

اس کا نام عمرو ہے۔ (=۶۸۸۳)

☆ مہاجر بن قنفذ:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام عمرو ہے۔ (=۶۹۲۳)

☆ ناقد:

عمرو بن محمد بن بکیر۔ (=۵۱۰۶)

☆ نبیل:

ابو عاصم۔ (=۲۹۷۷)

☆ نسیج وحدہ:

عمیر بن سعد۔ (=۵۱۸۱)

☆ ہداب بن خالد:

یہ ہدبہ ہے۔ (=۷۲۶۹)

☆ ہقل بن زیاد:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام محمد ہے عبداللہ بھی کہا گیا ہے۔ (=۷۳۱۴)

☆ ہنب طائی:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام یزید ہے۔ (=۷۳۱۵)

☆ وحشی صوری:

یہ محمد بن محمد بن مصعب ہے۔ (=۶۲۷۲)

☆ وقدان عبدی:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام واقد ہے۔ (=۷۴۱۳)

☆ وہب بن سعید:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام عبدالوہاب ہے۔ (=۴۲۵۶)

☆ دہبان:

یہ وہیب بن بقیہ ہے۔ (=۷۴۶۹)

☆ وہیب بن ورد:

یہ عبدالوہاب بن ورد ہے۔ (=۷۴۸۹)

☆ یاقوتۃ العلماء:

یہ معافی بن عمران ہے۔ (=۶۷۴۵)

☆ یویو:

محمد بن زیاد۔ (=۵۸۸۷)

☆ یوسف ہذہ الامۃ (اس امت کے یوسف):

جریر بن عبداللہ بجلی ہے۔ (=۹۱۵)

الکنیٰ من الالقاب

☆ ابواحوص عکبری:

یہ ابوعبداللہ محمد ہے۔ (=۹۳۶۷)

☆ ابولاذان عمر:

یہ ابوبکر ہے۔ (=۴۸۶۴)

☆ ابوبداح بن عاصم:

یہ ابوعمرو ہے۔ (=۷۹۵۱)

☆ابوبطن:

یہ طفیل بن ابی بن کعب ہے۔(=۷۰۱۳)

☆ابوتراب:

یہ علی بن ابوطالب ہے۔(=۴۷۵۳)

☆ابوثور:

یہ ابراہیم بن خالد ہے۔(=۱۷۲)

☆ابوجماہر:

یہ ابوعبدالرحمٰن ہے۔(=۶۱۳۵)

☆ابوجوزاء نوفلی:

یہ ابوعثمان ہے۔(=۸۰)

☆ابوحزرہ:

اس کی کنیت ابویوسف ہے۔(=۷۸۳۱)

☆ابوحبیبہ:

محمد بن خالد۔(=۵۸۵۱)

☆ابوخدیج:

رافع بن خدیج ابوعبداللہ انصاری۔(=۱۸۶۱)

☆ابورجال:

محمد بن عبدالرحمٰن انصاری ابوعبدالرحمٰن۔(=۶۰۷۰)

☆ابوزکار:

ابوزکریا خلیل بن زکریا۔(=۱۷۵۲)

☆ابوزکیر:

یہ یحییٰ بن محمد بن قیس ہے۔(=۷۶۳۹)

☆ابوزناد:

یہ ابوعبدالرحمٰن ہے۔(=۳۳۰۲)

☆ابوساسان:

حصین بن منذر۔(=۱۳۹۷)

☆ابوشعثاء:

علی بن حسن، ابوحسن وابومحمد۔(=۴۷۰۵)

☆ابوعصیدہ:

یہ ابوجعفر ہے۔(=۷۸)

☆ابوقلابہ رقاشی:

یہ ابومحمد ہے۔(=۴۲۱۰)

☆ابوکشوثاء:

یہ ابوخیبرہ ہے۔(=۱۰۸۵)

☆ابومساکین:

یہ جعفر بن ابوطالب ہے۔(=۹۴۳)

☆ابوملیح رقی:

یہ ابوعبداللہ ہے۔(=۱۲۶۶)

☆ابوثمان:

ابواسماعیل یزید بن کیسان۔(=۷۷۶۷)

☆ابو نشیط:

ابو جعفر محمد بن ہارون۔(=۲۳۵۹)

☆ابو ہمام:

ابو محمد عبد الاعلیٰ سامی۔(=۳۷۳۴)

الانساب من الالقاب

☆بابلتی:

یہ یحییٰ بن عبد اللہ حرانی ہے۔(=۷۵۸۵)

☆بدری:

یہ ابو مسعود انصاری ہے۔(=۴۶۴۷)

☆بردی:

یہ موسیٰ بن ہارون ہے۔(=۷۰۲۱)

☆بلخی:

یہ حسن بن عمر بن شقیق بصری ہے۔(=۱۲۶۵)

☆تنیسی:

یہ عبد اللہ بن یوسف دمشقی ہے۔(=۳۷۲۱)

☆تبوذکی:

موسیٰ بن اسماعیل بصری ہے۔(=۶۹۴۳)

☆جرجسی:

یزید بن عبد ربہ (=۷۷۴۵)

☆جہنی:

ابوفروہ نہدی ہے جہینہ میں فروکش ہوا۔(=٦٦٢٧)

☆جوباری:

یحییٰ بن خلف باہلی ہے۔(=٧٥٣٩)

☆خوزی:

ابراہیم بن یزید مکی ہے شعب خوز میں فروکش ہوا۔(=٢٧٢)

☆دالانی:

ابوخالد ہے دالانیوں میں فروکش ہوا تھا۔(٨٠٧٢)

☆دندانی:

موسیٰ بن سعید طرسوسی ہے۔(=٦٩٦٧)

☆ذہلی:

محمد بن یحییٰ۔(=٦٣٨٧)

☆ریاشی:

عباس بن فرج۔(=٣١٨١)

☆سبیعی:

ابواسحاق۔(=٥٠٦٥)

☆سدی:

اسماعیل بن عبدالرحمٰن۔(=٤٦٣)

☆شاذکونی:

سلیمان بن داود۔

☆شیبانی:

ابواسحاق۔(=۴۵۶۸)

39

☆صفی:

بشر بن حسن۔(=۶۸۴)

☆طرائفی:

عثمان بن عبدالرحمٰن۔(=۴۴۹۴)

☆عجلی:

محمد بن مروان۔(=۶۲۸۴)

☆عرزمی:

محمد بن عبیداللہ۔(=۶۱۰۸)

☆عمی:

زید بن حواری۔(=۲۱۳۱)

☆قبانی:

حسین بن محمد۔(=۱۳۴۸)

☆قبطی:

عبدالملک بن عمیر۔(=۴۲۰۰)

☆قطوانی:

خالد بن مخلد۔(=۱۶۷۷)

☆مسندی:

عبداللہ بن محمد جعفی۔(=۳۵۸۵)

☆ معمری:

ابوسفیان۔ (=۵۸۳۵)

☆ مقابری:

یحییٰ بن ایوب۔ (=۷۵۱۲)

☆ مقبری:

ابوسعید اور ان کے بیٹے ہیں۔ (=۵۶۷۶، ۲۳۲۱)

☆ منجنیقی:

اسحاق بن ابراہیم بن یونس۔ (=۳۳۵)

☆ میمونی:

محمد بن زیاد۔ (=۵۸۹۰)

☆ نبطی:

مقاتل بن حیان۔ (=۶۸۶۷)

☆ وکیعی:

احمد بن عمر ہے اس نے وکیع کی احادیث جمع کی تھیں۔ (=۸۳)

باب: مبہمات کا بیان
(ان سے روایت کرنے والوں کی ترتیب کے مطابق)

۸۵۰۳۔ بخ، د۔ ابراہیم بن ابو اسید براد، نے اپنے چچا سے روایت کیا ہے جو کہ تیسرے طبقہ کے غیر معروف راوی ہے۔

☆ ابراہیم بن ابو عبلہ، نے ایک شخص کے واسطے سے واثلہ سے روایت کیا ہے یہ شخص غریف ہے۔ (=۵۳۵۲)

☆ ابراہیم نخعی نے اپنے ماموں سے روایت کیا ہے، ان کے ماموں اسود بن یزید ہیں۔ (=۵۰۹)

☆ ابراہیم نخعی، نے کہا کہ مجھ سے بیان کیا گیا ہے کہ بلاشبہ نبی کریم ﷺ جنابت کی حالت میں وضو کرنے کے بعد سو جاتے تھے، کہا گیا ہے کہ ابراہیم نخعی سے بیان کرنے والا اسود ہے اور اس نے ابن مسعود سے روایت کیا ہے، س۔

☆ احمد بن عمرو بن سرح نے اپنے ماموں سے روایت کیا ہے، ان کے ماموں عبدالرحمٰن بن عبدالحمید ہیں۔ (=۳۹۳۱)

☆ اسماعیل بن ابراہیم نے بنی سلیم کے ایک شخص سے روایت کیا ہے، یہ شخص عباد بن شیبان سلمی ہیں۔ (=۳۱۳۱)

۸۵۰۴۔ د، ت۔ اسماعیل بن امیہ نے ایک دیہاتی کے واسطے سے "جسے انہوں نے ایک مرتبہ صدق کے ساتھ متصف کیا ہے" ابو ہریرہ سے روایت کیا ہے، یہ دیہاتی تیسرے طبقہ کا غیر معروف راوی ہے جبکہ متروکین میں سے یزید بن عیاض نے اس کا نام ابو یسع ذکر کیا ہے مگر اس کا شمار بھی غیر معروف راویوں میں ہوتا ہے۔

☆ اسماعیل بن ابو اویس نے اپنے بھائی سے روایت کیا ہے، ان کا بھائی عبدالحمید ہے، د، س۔ (=۳۷۶۷)

☆ اسماعیل بن ابو خالد نے اپنے بھائی سے روایت کیا ہے، اس کے چار بھائی ہیں (۱) اشعث۔ (۲) سعد۔ (۳) خالد۔ (۴) نعمان، د، س۔

☆ اسود بن العلاء نے سلیمان کے غلام سے روایت کیا ہے، یہ غلام ابو عبید ہیں۔ (=۸۲۲۷)

☆اسود بن ہلال نے بنی ثعلبہ کے ایک شخص سے روایت کیا ہے، یہ شخص ثعلبہ بن زہدم ہیں۔(=۸۴۰)

☆اسود بن یزید نے بروع کے قصہ میں اشجع کے ایک شخص سے روایت کیا ہے، یہ شخص معقل بن سنان ہیں۔(=۶۷۹۱)

☆اشہب نے یحییٰ بن ایوب اور ایک دوسرے شخص سے روایت کیا ہے، اور یہ دوسرے شخص ابن لہیعہ ہیں۔(=۳۵۶۳)

☆انس بن مالک نے اپنی والدہ سے روایت کیا ہے، جو کہ ام سلیم بنت ملحان ہیں۔(=۸۷۳۷)

۸۵۰۵۔د۔ایوب بن بشیر بن کعب نے عنزہ کے ایک شخص سے روایت کیا ہے، یہ شخص عبداللہ ہے جو کہ تیسرے طبقہ کا غیر معروف راوی ہے۔

☆ایوب نے ایک شخص (س) کے واسطے سے سعید بن جبیر سے روایت کیا ہے، یہ شخص غالباً یعلی (د) بن حکیم ہیں۔(=۷۸۳۱)

☆ایوب نے بنی قشیر کے ایک شخص سے روایت کیا ہے، یہ شخص انس بن مالک قشیری ہیں۔(=۵۶۶)

☆ثابت، عدی کے والد:

ان پر اسماء میں مفصل کلام گزر چکا ہے۔(=۸۳۶)

☆ثمامہ بن حزن نے عائشہ کی ایک حبشیہ باندی سے روایت کیا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ باندی بریرہ ہیں، س۔(=۸۵۴۳)

☆حارث بن عبدالرحمٰن بن ابوذباب نے اپنے چچا سے روایت کیا ہے، ابن حبان نے ثقات میں کہا ہے کہ ان کے چچا کا نام عبداللہ بن مغیرہ بن ابوذباب ہے، ق۔

☆حبیب والد الہرماس:

حبیب کے والد کا نام ثعلبہ ہے، اسے ابن مندہ نے نقل کیا ہے، د ق۔

☆حجاج بن فرافصہ نے ایک شخص کے واسطے سے ابوسلمہ سے روایت کیا ہے، احتمال ہے کہ یہ شخص یحییٰ بن ابوکثیر ہو، د۔(=۷۶۳۲)

☆ حرب بن عبید اللہ نے اپنے دادا سے روایت کیا ہے، ان کے دادا کا نام عمیر ہے۔ (=۵۱۹۴)

☆ حمل بن بشیر بن ابو حدرد نے اپنے چچا کے واسطے سے ابو حدرہ سے روایت کیا ہے، ان کے چچا کا نام عبداللہ بن ابو حدرد ہے۔

۸۵۰۷۔ خالد نے اپنے والد سے روایت کیا ہے، مگر اپنے والد کا نام ذکر نہیں کیا، د۔

۸۵۰۸۔ ت۔ خیثمہ بن عبد الرحمن نے ایک شخص کے واسطے سے ابن مسعود سے حدیث "مصافحہ کرنا سلام کی تکمیل ہے" روایت کی ہے، مگر خیثمہ نے اس شخص کا نام ذکر نہیں کیا۔

☆ داود بن حصین نے ابن ابو احمد کے غلام سے روایت کیا ہے، یہ غلام ابو سفیان ہے۔ (=۸۱۳۶)

☆ ذکوان، ابو صالح:

کنیتوں میں آئے گا۔ (=۸۵۲۱)

☆ رجاء بن حیوہ نے مغیرہ کے کاتب سے روایت کیا ہے، اس کاتب کا نام وراد ہے۔ (=۷۴۰۱)

☆ زرعہ بن عبد الرحمن نے معمر بن یحییٰ کے غلام سے روایت کیا ہے، غلام کا نام عتبہ بن عبداللہ ہے۔ (۴۴۳۴)

۸۵۰۹۔ د۔ زہرہ بن معبد نے اپنے چچازاد بھائی کے واسطے سے عقبہ بن عامر سے روایت کیا ہے، مگر اپنے چچازاد بھائی کا نام ذکر نہیں کیا، دوسرے طبقہ سے ہے۔

☆ زیاد بن علاقہ نے اپنے چچا سے روایت کیا ہے، ان کے چچا قطبہ ہیں۔ (=۵۵۵۲)

۸۵۱۰۔ زید بن اسلم نے بنی ضمرہ کے ایک شخص کے واسطے سے اس کے والد سے روایت کیا ہے، مگر ان دونوں کا نام ذکر نہیں کیا، تیسرے طبقہ سے ہیں۔

☆ سالم بن ابو جعد نے کہا کہ کعب بن مرہ سے مجھے بیان کیا گیا ہے، کہا جاتا ہے کہ یہ بیان کرنے والے شرحبیل بن سمط ہیں۔ (=۲۷۶۶)

☆ سعد بن سعید مقبری نے اپنے بھائی سے روایت کیا ہے، ان کا بھائی عبداللہ ہے۔ (=۳۳۵۶)

☆ سعد بن عثمان دمشقی نے ایک صحابی سے روایت کیا ہے جسے انہوں نے بخاری میں دیکھا تھا، کہا گیا ہے کہ یہ صحابی عبداللہ بن خازم ہیں۔ (=۳۲۸۸)

۱۱۵۸۔م۔ ابوسعید خدری سعد بن مالک نے روایت کیا ہے کہ وفد عبد قیس کے ایک شخص نے کہا کہ میں زخم کو چھپا تا تھا، وفد عبد قیس سے اس شخص کا نام ذکر نہیں کیا گیا۔

☆ سعید بن جبیر نے ایک شخص سے روایت کیا ہے جو کہ ان کے نزدیک معتبر ہے، یہ شخص اسود بن یزید ہیں۔ (=۵۰۹)

☆ سعید بن ابوسعید مقبری نے اپنے بھائی سے روایت کیا ہے، ان کے بھائی عباد ہیں۔ (=۳۱۴۹)

☆ سعید نے ایک شخص کے واسطے سے کعب سے روایت کیا ہے، یہ شخص ابوثمامہ ہیں۔ (=۸۰۰۷)

☆ سعید بن عبدالعزیز نے یزید بن نمران کے غلام سے روایت کیا ہے، کہا گیا ہے کہ اس غلام کا نام سعید ہے۔ (=۲۳۳۰)

☆ سفیان بن عیینہ نے یعقوب بن عطاء اور ایک دوسرے شخص کے واسطے سے عمرو بن شعیب سے روایت کیا ہے یہ دوسرے شخص مثنیٰ بن صباح ہیں۔ (=۶۴۷۱)

☆ سلیم بن اسود نے بنی ثعلبہ کے ایک شخص سے روایت کیا ہے، یہ شخص ثعلبہ بن زہدم ہیں۔ (=۸۴۰)

☆ ابوداود سلیمان بن اشعث سجستانی نے کہا کہ:

مجھے سعید بن سلیمان سے بیان کیا گیا" یہ بیان کرنے والے محمد بن ابوغالب ہیں"۔

اور کہا کہ:

مجھے ابراہیم بن سعد سے بیان کیا گیا" ان سے بیان کرنے والے شخص کا نام احمد بن محمد بن ایوب ہے"۔

اور کہا کہ:

مجھے عمر بن شقیق سے بیان کیا گیا" عمر سے یحییٰ بن حکیم نے روایت کیا ہے جو کہ ابوداود کے شیوخ میں سے ہیں جس احتمال ہے کہ بیان کرنے والے وہی ہوں۔ (۱۲۱۴، ۹۳، ۵۳۳۷ے)

☆ سلیمان تیمی نے ایک شخص کے واسطے سے معقل بن یسار سے روایت کیا ہے، یہ شخص ابوعثمان ہیں اور نہدی نہیں ہیں۔ (=۴۲۴۰)

☆ سلیمان اعمش نے ایک شخص کے واسطے سے ابن عمر سے روایت کیا ہے کہ (آپ ﷺ) جب قضائے حاجت کا

ارادہ کرتے تو جب تک زمین کے قریب نہ ہو جاتے تو اپنا کپڑا نہ اٹھاتے تھے، کہا گیا ہے کہ ابن عمر سے روایت کرنے والے شخص قاسم بن محمد ہیں، د۔(=۵۴۸۹)

☆ سلیمان اعمش نے کہا کہ ہم سے ہمارے اصحاب نے عروہ سے بیان کیا، اعمش سے بیان کرنے والوں میں حبیب بن ابو ثابت کا نام ذکر کیا گیا ہے۔(=۱۰۸۴)

☆ سماک بن حرب نے ایک شخص کے واسطے سے عائشہ بنت طلحہ سے روایت کیا ہے، یہ شخص طلحہ بن یحییٰ ہیں۔(=۳۰۳۶)

۸۵۱۲۔ د،س،ق۔ سوید بن غفلہ نے نبی کریم ﷺ کے مصدّق سے روایت کیا ہے، مگر اس مصدق کا نام ذکر نہیں کیا گیا۔

☆ شبیب ابوروح نے ایک صحابی شخص سے روایت کیا ہے، کہا جاتا ہے کہ اس صحابی کا نام اغر ہے، ص۔(=۵۴۳)

۸۵۱۳۔ ت۔ صالح بن کیسان نے ایک شخص کے واسطے سے عقبہ بن عامر سے روایت کیا ہے، عقبہ سے روایت کرنے والے یہ شخص چوتھے طبقہ کے غیر معروف راوی ہیں۔

☆ طلحہ بن مصرف نے ایک شخص کے واسطے سے سعد سے روایت کیا ہے، یہ شخص ہزیل بن شرحبیل ہیں۔(=۷۲۸۳)

☆ عامر بن عبداللہ بن زبیر نے بنی زریق کے ایک شخص سے روایت کیا ہے، یہ شخص عمرو بن سلیم ہیں۔(=۵۰۴۴)

☆ عامر شعبی نے حضر موت کے ایک شخص سے روایت کیا ہے" یہ شخص عبداللہ بن خلیل ہیں"۔

اور علی سے بیان کرنے والے شخص سے روایت کیا ہے" یہ شخص حارث اعور ہیں"۔(=۱۰۲۹،۳۲۹۶)

☆ عامر عقیلی نے اپنے والد کے واسطے سے ابوہریرہ سے روایت کیا ہے، کہا گیا ہے کہ ان کے والد کا نام عقبہ ہے عبداللہ بن شقیق بھی کہا گیا ہے۔(=۳۳۸۵،۴۶۵۸)

☆ عباد بن تمیم نے اپنے چچا سے روایت کیا ہے، ان کے چچا عبداللہ بن زید بن عاصم ہیں۔

اور ایک انصاری شخص سے روایت کیا ہے، یہ شخص ابو بشیر ہیں۔(=۳۳۳۱،۷۹۶۰)

☆ عباس بن عبداللہ بن معبد بن عباس نے اپنے بعض اہل سے روایت کیا ہے، احتمال ہے کہ ان کے بعض اہل

سے عکرمہ یا ان کے والد عبداللہ یا ان کے بھائی ابراہیم بن سعد مراد ہوں، د۔ (=۴۶۷۳، ۳۶۳۲، ۲۰۱)

☆ عبداللہ بن ادریس اپنے والد اور اپنے چچا کے واسطے سے اپنے دادا سے روایت کیا ہے، ان کے چچا کا نام داود اور دادا کا نام یزید ہے۔ (=۲۹۶، ۱۸۱۸، ۷۷۴۶)

☆ عبداللہ بن خبیب والدِ معاذ نے اپنے چچا سے روایت کیا ہے، ان کے چچا کا نام عبید ہے جسے ابن مندہ نے ذکر کیا ہے، ق۔ (=۴۳۹۱م)

☆ عبداللہ بن سعید بن ابو ہند نے عکرمہ کے بعض اصحاب سے روایت کیا ہے "کہا گیا ہے کہ یہ ثور بن یزید ہیں" اور ابوایوب کے غلام سے روایت کیا ہے، جو کہ صفّی ہیں۔ (=۸۶۱، ۲۹۶۰)

☆ عبداللہ بن شبرمہ نے ایک ثقہ شخص کے واسطے سے عبداللہ بن شداد سے روایت کیا ہے، یہ ثقہ شخص عمار دہنی ہیں۔ (=۴۸۳۲)

☆ عبداللہ بن شداد نے ایک شخص کے واسطے سے خزیمہ سے روایت کیا ہے، احتمال ہے کہ یہ شخص عمارہ بن خزیمہ یا ہرمی ہوں۔ (=۴۸۴۴، ۷۲۷۶)

☆ عبداللہ بن شقیق نے ایک صحابی سے روایت کیا ہے، احتمال ہے کہ یہ صحابی فضالہ بن عبید انصاری (رضی اللہ عنہ) ہوں۔ (=۵۳۹۵)

☆ عبداللہ بن عبیداللہ بن ابوملیکہ نے کہا کہ مجھ سے میرے ایک ساتھی نے عقبہ بن عامر سے بیان کیا ہے، ان کے ساتھی عبید بن ابومریم ہیں۔ (=۴۳۹۱)

☆ زہری کے بھائی عبداللہ بن مسلم نے مولی اسماء سے روایت کیا ہے، احتمال ہے کہ یہ مولی اسماء، عبداللہ بن کیسان ہوں۔ (=۳۵۵۷)

☆ عبداللہ بن وہب نے جریر بن حازم اور ایک دوسرے شخص سے روایت کیا ہے، دوسرے شخص حارث بن نبہان ہیں۔ (=۱۰۵۱)

☆ منبعث کے غلام عبداللہ بن یزید نے گری پڑی چیزوں کے بارے میں ایک صحابی سے روایت کیا ہے، یہ صحابی زید بن خالد (رضی اللہ عنہ) ہیں۔ (=۲۱۴۴)

☆ عبداللہ بن یزید مقری نے حیوہ اور ایک دوسرے شخص کے واسطے سے ابواسود سے روایت کیا ہے، اور حیوہ وایک دوسرے شخص کے واسطے سے ابوہانی سے روایت کیا ہے، اور اسی طرح حیوہ وغیرہ کے واسطے سے ابواسود سے روایت کیا ہے، ان تینوں مقامات پر (حیوہ کے ساتھ) دوسرے شخص ابن لہیعہ ہیں۔ (۳۵۶۳)

☆ عبداللہ بن یعقوب نے محمد بن کعب سے بیان کرنے والے روایت کیا ہے، کہا جاتا ہے کہ یہ ابومقدام ہشام بن زیاد ہیں۔ (=۷۲۹۲)

☆ عبدالاکرم اپنے والد سے روایت کرتا ہے، ان کے والد ابوحنیفہ ہیں۔ (=۸۰۶۷)

☆ عبدالجبار بن وائل بن حجر نے اپنے اہل بیت کے واسطے سے وائل بن حجر سے روایت کیا ہے، کہا جاتا ہے کہ یہ ان کے بھائی علقمہ ہیں۔ (=۴۶۸۴)

☆ عبدالرحمٰن بن جابر انصاری نے انصار کے ایک شخص سے روایت کیا ہے، یہ شخص ابوبردہ بن نیار ہیں۔ (=۷۹۵۴)

☆ عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام نے مولی ام سلمہ سے روایت کیا ہے، مولی ام سلمہ کا نام نافع ہے۔ (=۷۰۸۵)

☆ عبدالرحمٰن بن عمرو اوزاعی نے عبداللہ بن عمرو بن عاص سے سماع کرنے والے شخص سے روایت کیا ہے، ''یہ سماع کرنے والے شخص عطاء ہیں'' اور اوزاعی نے کہا ہے کہ مجھے سعید مقبری سے خبر دی گئی ہے، ''یہ خبر دینے والا شخص ابن عجلان ہے'' اسی طرح اوزاعی نے ایک شخص کے واسطے سے نافع سے روایت کیا ہے ''یہ شخص محمد بن ولید زبیدی ہیں۔ (۴۵۹۱، ۶۱۳۶، ۶۳۷۲)

☆ عبدالرحمٰن بن منہال یا ابن مسلمہ نے اپنے چچا سے روایت کیا ہے، کہا جاتا ہے کہ ان کے چچا کا نام مسلمہ ہے۔

☆ عبدالرزاق نے اہل مدینہ میں سے ایک شیخ کے واسطے سے العلاء بن عبدالرحمٰن سے روایت کیا ہے، کہا جاتا ہے کہ یہ شیخ عبداللہ بن جعفر ہیں۔ (=۳۲۵۲)

۸۵۱۴۔ عبدالسلام بن ابوحازم کا کہنا ہے کہ مجھ سے فلاں نے ابوبرزہ سے بیان کیا ہے، یہ فلاں ان کے چچا ہیں میں ان کے نام سے واقف نہیں ہوں۔

☆ عبدالعزیز بن عبداللہ بن ابوسلمہ نے اپنے چچا سے روایت کیا ہے، ان کے چچا یعقوب بن ابوسلمہ ہیں۔ (=۷۸۱۹)

☆عبدالکریم بن مالک جزری نے ایک شخص کے واسطے سے اس کے والد سے روایت کیا ہے، کہا جاتا ہے کہ یہ شخص عبداللہ بن معقل ہیں۔(=٣٦٢٣)

☆عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج نے کہا کہ مجھے صفیہ بنت شیبہ سے یہ بات پہنچی ہے، کہا گیا ہے کہ یہ پہنچانے والے عبدالحمید بن جبیر ہیں، اور ابن جریج نے کہا کہ مجھے بعض بنی ابورافع نے عکرمہ سے خبر دی ہے، غالبًا یہ خبر دینے والے فضل بن عبیداللہ بن ابورافع ہیں۔(=٥٤٠٨)

☆عبدالملک بن عمیر نے ربعی کے غلام سے روایت کیا ہے، جو کہ ہلال ہیں۔(=٧٣٥٣)

☆عبیداللہ بن سعد بن ابراہیم نے اپنے چچا سے روایت کیا ہے، ان کے چچا یعقوب ہیں۔(=٧٨١١)

☆عبیداللہ بن عبدالرحمٰن بن موہب نے اپنے چچا سے روایت کیا ہے، ان کے چچا عبیداللہ بن عبداللہ بن موہب ہیں۔(=٤٣١١)

☆عبیداللہ عمری نے ایک شخص کے واسطے سے مکحول سے روایت کیا ہے، یہ شخص غالبًا اسماعیل ہے، د۔(=٤٢٥)

☆عثمان بن زفر نے بعض بنی رافع بن مکیث سے روایت کیا ہے، یہ محمد بن خالد بن رافع ہیں۔(=٥٨٤٥)

☆عدی بن ثابت نے ایک شخص کے حوالے سے حذیفہ سے روایت کیا ہے، غالبًا یہ شخص ہمام ہیں۔(=٧٣١٦)

☆عرفجہ بن عبداللہ ثقفی نے ایک صحابی سے روایت کیا ہے، یہ صحابی غالبًا عتبہ بن فرقد ہیں، س۔(=٤٤٣٠)

☆عطاء بن ابی رباح نے اسماء کے غلام سے روایت کیا ہے یہ غلام عبداللہ بن کیسان ہیں، اور اس شخص سے روایت کیا ہے جس نے انہیں عبداللہ بن عمرو سے بیان کیا ہے یہ بیان کرنے والے شخص ابو عباس ہیں۔(=٣٥٥٧، ٢١٩٩)

☆عطاء بن یزید نے بعض صحابہ سے تسبیح کے بارے میں روایت کیا ہے، یہ ابوہریرہ ہیں۔(=٨٤٢٦)

٨٥١٥۔عطاء بن یسار نے (تہبند ٹخنوں سے نیچے) لٹکانے کے بارے میں بعض صحابہ سے روایت کیا ہے، جو کہ ابو ہریرہ (رضی اللہ عنہ) ہیں، اور ایک مصری شخص کے واسطے سے ابودرداء سے روایت کیا ہے، اس شخص کا نام ذکر نہیں کیا گیا تیسرے طبقے سے ہے۔

☆عطاء شامی نے زیت کے بارے میں ایک انصاری شخص سے روایت کیا ہے، یہ شخص ابو اسید ہیں۔(=٦٣٣١)

☆ علقمہ بن قیس نے اشجع کے ایک شخص سے بروع بنت واشق کے قصہ کے بارے میں روایت کیا ہے، یہ شخص معقل بن سنان ہیں۔ (=۶۹۶۷)

۸۵۱۶۔ عمارہ بن خزیمہ بن ثابت نے ثابت کے واسطے سے ان کے چچا سے روایت کیا ہے، ابن مندہ کا کہنا ہے کہ ان کے چچا کا نام عمارہ ہے۔ (=د۳۶۰۲)

☆ عمر بن ثابت انصاری نے بعض صحابہ سے روایت کیا ہے، میرے گمان کے مطابق یہ ابو امامہ ہیں، م۔ (=۲۹۴۳)

☆ عمر بن حکم بن ثوبان نے قدامہ بن مظعون کے غلام سے روایت کیا ہے، کہا جاتا ہے کہ یہ ابو عبداللہ ہیں۔

☆ عمرو بن دینار نے ام سلمہ کی اولاد میں سے کسی شخص سے روایت کیا ہے، حاکم نے ذکر کیا ہے کہ یہ شخص سلمہ بن عمر بن ابو سلمہ ہیں، ت۔ (=۲۵۰۰)

☆ عمرو بن شعیب نے آل شرید کے کسی شخص سے روایت کیا ہے، یہ شخص عمرو بن شرید ہیں، س۔ (=۵۰۴۹)

☆ عمرو بن مرہ نے ایک شخص کے واسطے سے ابن جبیر ابن مطعم سے روایت کیا ہے، اس شخص کا نام عاصم عنزی ہے اور ابن جبیر سے مراد نافع ہیں۔ (=۳۰۷۴، ۷۰۷۲)

☆ عمران بن ابو انس نے صحابہ میں سے ایک شخص سے روایت کیا ہے، یہ شخص ابو خراش ہیں۔ (=۱۱۵۱)

☆ العوام بن حوشب نے بنی شیبان کے ایک شخص کے شخص کے واسطے سے حنظلہ بن سوید سے روایت کیا ہے، یہ شخص اسود بن مسعود ہیں۔ (=۵۰۷)

☆ غیلان بن جریر نے ایک ایسے شخص سے جس سے انہوں نے ابو قلابہ کے ساتھ سماع کیا تھا سے روایت کیا ہے، یہ شخص انس بن مالک قشیری ہیں۔ (=۵۲۶)

☆ قتادہ نے کہا کہ ہمیں سفینہ سے بیان کیا گیا ہے، ان سے بیان کرنے والے شخص ابو خلیل ہیں۔ (۲۸۸۷)

☆ قرہ بن موسیٰ نے کہا کہ ہم سے ہمارے مشائخ نے سلیم بن جابر سے بیان کیا ہے، ان کے مشائخ میں سے ایک نام ابو تمیمہ ہجیمی کا ذکر کیا گیا ہے۔ (=۳۰۱۴)

۸۵۱۷۔ د۔ قیس بن وہب نے بنی سواءہ کے ایک شخص کے واسطے سے عائشہ سے روایت کیا ہے، بنی سواءہ کا یہ شخص

تیسرے طبقہ کا مجہول راوی ہے، د۔

☆لیث بن سعد نے کہا کہ مجھ سے ابن عجلان اور ایک دوسرے شخص نے سعید مقبری سے بیان کیا ہے، شاید یہ دوسرے شخص عبید اللہ بن عمر ہیں، اسی طرح لیث نے عمیرہ اور ایک دوسرے شخص کے واسطے سے بکر بن سوادہ سے روایت کیا ہے، یہ دوسرے شخص ابن لہیعہ ہیں۔ (=۳۳۲۴، ۳۵۶۳)

☆مالک بن انس نے کہا کہ مجھے عمرو بن شعیب سے پہنچی ہے، مالک کو پہنچانے والے شخص عبداللہ بن عامر اسلمی ہیں۔ (=۳۴۰۶)

☆مجاہد نے ثقیف کے ایک شخص کے واسطے سے اس کے والد سے وضو کے چھینٹوں کے بارے میں روایت کیا ہے، یہ ثقیف کے شخص حکم بن سفیان ہیں۔ (=۱۴۴۲)

☆مجیبہ باہلی نے اپنے چچا سے روایت کیا ہے، اسماء میں ان کا ذکر گزر چکا۔

☆محمد بن ابراہیم تیمی نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کو دیکھنے والے شخص نے مجھے خبر دی، یہ دیکھنے والے شخص آبی اللحم کے غلام عمیر ہیں۔ (=۵۱۹۱)

☆محمد بن جحادہ نے ایک شخص کے واسطے سے طاؤس سے روایت کیا ہے، غالبًا یہ شخص لیث بن ابوسلیم ہیں۔ (=۵۶۸۵)

☆محمد بن سیرین نے کہا کہ مجھ سے نبی کریم ﷺ کے ساتھ فجر کی نماز پڑھنے والے نے بیان کیا یہ فجر کی نماز پڑھنے والے انس بن مالک ہیں، ابن سیرین نے اپنی بعض بہنوں سے روایت کیا ہے یہ غالبًا حفصہ ہیں، اور عبدالرحمن بن ابوبکرہ اور ایک دوسرے شخص سے روایت کیا ہے یہ دوسرے شخص حمید بن عبدالرحمن ہیں، ابن سیرین سے مروی ہے مجھے خبر دی گئی ہے عمران بن حصین سے، یہ خبر دینے والے خالد حذاء ہیں، مزید برآں ابن سیرین سے مروی ہے کہ مجھے میرے بھتیجے کثیر بن صلت کے واسطے سے زید بن ثابت سے خبر دی گئی ہے بقول بعض ابن سیرین کو خبر دینے والے یونس بن جبیر ہیں۔

☆محمد بن عجلان نے ایک شخص کے واسطے سے ابوہریرہ سے روایت کیا ہے، یہ شخص سعید مقبری ہیں۔ (=۲۳۲۱)

☆محمد بن عیسیٰ بن سورہ نے کہا کہ ہم سے عباس دوری اور بے شمار لوگوں نے عبداللہ بن یزید مقری سے بیان کیا ہے، میں (ابن حجر) کہتا ہوں کہ ان سے بیان کرنے والے حضرات میں سے عبد بن حمید اور بخاری ہیں۔ (=۲۲۹۶، ۲۷، ۵۷۲)

☆ محمد بن مسلم زہری نے کہا کہ مجھ سے ایک معتبر شخص نے سہل سے بیان کیا ہے یہ معتبر شخص ابوحازم سلمہ بن دینار ہیں، اور زہری نے ایک شخص کے واسطے سے قبیصہ سے روایت کیا ہے یہ شخص عثمان بن اسحاق بن خرشہ ہیں، اور ایک شخص کے واسطے سے جابر سے روایت کیا یہ شخص عبدالرحمٰن بن کعب ہیں، اور زہری سے مروی ہے کہ مجھے یہ بات رافع بن خدیجؓ سے پہنچی ہے یہ پہنچانے والے سالم بن عبداللہ بن عمر ہیں۔

☆ محمد بن واسع نے ایک شخص سے اس نے ابوصالح سے اور ابوصالح نے ابوہریرہ سے روایت کیا ہے، ابوصالح سے روایت کرنے والے شخص غالباً اعمش یا محمد بن منکدر ہیں۔ (=۲۶۱۵، ۶۳۲۷)

☆ محمد بن یحییٰ بن حبان نے اپنی قوم کے ایک شخص کے واسطے سے رافع بن خدیجؓ سے روایت کیا ہے یہ شخص واسع بن حبان ہیں۔

☆ محمد بن یحییٰ ذہلی نے اس شخص سے روایت کیا ہے جس نے ابن عیینہ سے سماع کیا ہے، یہ شخص علی بن مدینی ہیں۔ (=۴۷۶۰)

☆ مرحوم بن عبدالعزیز عطار نے اپنے والد اور اپنے چچا سے روایت کیا ہے، ان کے چچا کا نام عبدالحمید بن مہران ہے۔ (=۳۷۷۶، ۳۱۲۸)

☆ مروان بن معاویہ فزاری عوف اور ایک دوسرے شخص کے واسطے سے ابن سیرین سے روایت کیا ہے، یہ دوسرے شخص غالباً ہشام بن حسان ہیں۔ (=۷۲۸۹)

☆ مستور بن عباد نے فلاں ابن جعفر سے روایت کیا ہے، یہ فلاں، محمد بن عباد بن جعفر ہیں۔ (=۵۹۹۲)

☆ مسعر نے ایک مبہم شیخ کے واسطے سے عبداللہ بن جعفر سے روایت کیا ہے، غالباً یہ شیخ محمد بن عبداللہ ہیں۔ (=۶۰۱۵)

۸۵۱۸۔ مسعود بن حکم زرقی نے ایک شخص سے روایت کیا ہے اور ایک روایت میں ہے کہ صحابہ میں سے ایک شخص سے روایت کیا ہے، اس شخص کا نام ذکر نہیں کیا ہے۔

۸۵۱۹۔ سلیم کے والد مطیر نے ایک شخص سے روایت کیا ہے کہ اس شخص نے کہا کہ مجھے اس آدمی نے خبر دی ہے جس نے نبی کریم ﷺ سے سماع کیا ہے، نبی کریم ﷺ سے سماع کرنے والے تو ذوالزوائد ہیں، مگر ذوالزوائد سے روایت

کرنے والے شخص کا نام ذکر نہیں کیا گیا۔

☆معاویہ بن سلام نے اپنے بھائی سے روایت کیا ہے، ان کے بھائی کا نام زید بن سلام ہے۔(=۲۱۴۰)

☆مکحول نے ایک شیخِ مصدق کے واسطے سے ثوبان سے روایت کیا ہے، کہا جاتا ہے کہ یہ شیخ' ابو اسماء رحبی ہیں۔(=۵۱۰۹)

☆منصور بن عبدالرحمٰن حجبی نے اپنے ماموں کے بیٹے سے روایت کیا ہے، ان کے ماموں کے بیٹے مسافع بن شیبہ ہیں۔(=۶۵۸۶)

☆منصور بن معتمر نے ایک شخص کے واسطے سے ابوذر سے روایت کیا ہے یہ شخص ابوفیض ہیں، اسی طرح منصور نے ایک شخص کے واسطے سے خالد سے عرفجہ سے روایت کیا ہے غالباً یہ شخص ہلال بن یساف کوفی ہیں۔(=۸۳۰۸،۸۲۶۳،۷۳۵۲)

☆موسیٰ بن ایوب غافقی نے ایک شخص سے روایت کیا ہے، غالباً یہ شخص ان کے چچا ایاس بن عامر ہیں۔(=۵۸۹)

☆موسیٰ بن ابو عائشہ نے مولی ام سلمہ سے روایت کیا ہے، مولی ام سلمہ کا نام عبداللہ بن شداد ہے۔

۸۵۲۰۔ت۔موسیٰ بن عبیدہ نے ابن سباع کے غلام کے واسطے سے ابن عمر سے روایت کیا ہے، ابن سباع کا غلام چوتھے طبقہ کا ''مجہول'' راوی ہے۔

☆نافع، مولی ابن عمر نے انصار میں سے ایک شخص کے واسطے سے کعب بن عجرہ سے روایت کیا ہے یہ شخص عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ ہیں، اور عباس کے غلام کے واسطے سے علی سے روایت کیا ہے یہ غلام عبداللہ بن حنین ہیں۔

☆نعمان بن سالم ایک شخص سے روایت کرتے ہیں، یہ شخص اوس بن حذیفہ یا عمرو بن اوس بن حذیفہ ہیں۔(۳۹۹۱،۵۷۳)

☆ہارون بن محمد بن بکار بن بلال نے اپنے والد اور اپنے چچا سے روایت کیا ہے، ان کے چچا کا نام جامع بن بکار ہے۔(۸۸۶،۵۷۵۷)

☆ہشیم نے سیار و حصین اور دیگر حضرات کے واسطے سے شعبی سے روایت کیا ہے، ان دیگر حضرات میں مجالد بن سعید کا نام ذکر کیا جاتا ہے۔(=۶۴۷۸)

☆ہلال بن یساف نے ایک شخص کے واسطے سے سالم بن عبید سے روایت کیا ہے یہ شخص بقول بعض خالد بن عرفطہ

ہیں، اور ایک شخص کے واسطے سے عبداللہ بن ظالم سے روایت کیا ہے یہ شخص بقول بعض ابن حیان ہیں ان کا نام ذکر نہیں کیا گیا، ایک روایت میں آتا ہے کہ یہ فلاں ابن حیان ہیں۔ (۸۴۲۶،۱۹۵۵)

☆ وائل بن داود نے اپنے بیٹے سے روایت کیا ہے، ان کے بیٹے کا نام بکر ہے۔ (۷۵۲)

☆ ولید بن ابو مالک نے کہا کہ ہمارے کسی ساتھی نے ہمیں ابوعبیدہ سے بیان کیا ہے، کہا جاتا ہے کہ یہ بیان کرنے والے عیاض بن غطیف ہیں۔ (=۵۳۶۲)

☆ یحییٰ بن جابر طائی نے ابوایوب کے بھتیجے کے واسطے سے ابوایوب سے روایت کیا ہے، ابوایوب کے بھتیجے ابوسورہ ہیں۔ (=۸۱۵۴)

☆ یحییٰ بن خلاد نے اپنی بدری چچا سے روایت کیا ہے، یہ بدری رفاعہ بن رافع ہیں۔ (۱۹۳۶)

☆ یحییٰ بن سعید انصاری نے اپنی قوم کے ایک شخص سے اس نے اپنے چچا سے اور اس کے چچا نے رافع سے روایت کیا ہے، یحییٰ کی قوم کے شخص محمد بن یحییٰ بن حبان ہیں اور ان کے چچا واسع بن حبان ہیں۔ (=۶۳۸۱، ۷۳۸۰)

☆ یزید بن عبداللہ بن شخیر نے ایک پراگندہ سر والے شخص سے روایت کیا ہے، کہا گیا ہے کہ یہ شخص نمر بن تولب ہیں۔

☆ یعقوب بن اوس نے صحابہ میں سے کسی شخص سے روایت کیا ہے، یہ شخص عبداللہ بن عمرو بن عاص ہیں۔ (=۳۴۹۹)

الکنیٰ

☆ ابوابراہیم اشہلی نے اپنے والد سے روایت کیا ہے مگر اپنے والد کا نام ذکر نہیں کیا، کہا گیا ہے کہ ان کے والد ابو قتادہ ہیں جبکہ دیلمی نے فردوس کی تخریج میں ابومرحب گمان کیے ہیں۔ (۶۵۵۱،۸۳۱۱)

☆ ابواسحاق ہمدانی نے ایک شخص کے واسطے سے سعد بن عبادہ سے روایت کیا ہے، یہ شخص شاید سعید بن مسیب ہیں، د۔ (=۲۳۹۶)

☆ ابوامامہ بن سہل نے خوابوں کے بارے میں صحابہ میں سے کسی شخص سے روایت کیا ہے، یہ شخص ابوسعید خدری ہیں۔ (=۲۲۵۳)

☆ ابوبختری طائی ایک شخص سے روایت کرتے ہیں کہ اس شخص نے کہا کہ (حضرت) عباس اور حضرت علی حضرت

عمر کی خدمت میں حاضر ہوئے، غالباً یہ شخص مالک بن اوس حدثان ہیں۔ (=۶۴۲۶)

☆ابو بردہ بن ابوموسیٰ نے مہاجرین میں سے کسی شخص کے واسطے سے حدیث ''کہ میرے دل پر بھی پردہ سا آجاتا ہے'' روایت کی ہے، یہ شخص اغر مزنی ہیں۔ (=۵۴۲)

☆ابوبکر بن ابوشیبہ نے کہا کہ ہم سے ہمارے شیخ نے عبدالحمید بن جعفر سے بیان کیا ہے، یہ شیخ محمد بن عمرو واقدی ہیں یہ نام عبد بن حمید نے ابوبکر سے ذکر کیا ہے۔

☆ابوحاجب غفاری نے بنی غفار کے ایک شخص سے روایت کیا ہے، یہ شخص حکم بن عمرو ہیں۔ (=۱۴۵۶)

☆ابورہم غفاری کے غلام ابوحازم مدنی بیاضہ کے ایک شخص سے روایت کیے ہے، کہا گیا ہے کہ یہ شخص عبداللہ بن جابر بیاضی ہیں۔

☆ابوحرہ رقاشی نے اپنے چچا نے روایت کیا ہے، کہا گیا ہے کہ ان کے چچا کا نام حذیم بن حنیفہ ہے عمر بن حمزہ بھی کہا گیا ہے۔

☆ابوحصین حجری نے اپنی کسی ساتھی کے واسطے سے ابوریحانہ سے روایت کیا ہے، ان کے ساتھی ابوعلی معافری ہیں۔ (=۸۲۰۰)

☆مولی انصار ابوحمزہ نے بنی عبس کے ایک شخص کے واسطے سے حذیفہ سے روایت کیا ہے، غالباً یہ شخص صلہ بن زفر ہیں۔ (=۲۹۵۲)

۸۵۲۱۔ابوصالح سمان نے اسلم کے ایک شخص سے روایت کیا ہے اس شخص کا نام ذکر نہیں کیا گیا، اسی طرح کسی صحابی سے تین حدیثیں روایت کی ہیں یہ صحابی ابوہریرہ ہیں۔

☆ابوعشراء دارمی نے اپنے والد سے روایت کیا ہے، ان کے والد اسامہ بن مالک قہطم ہیں۔ (=۸۲۵۱)

☆ابوقلابہ نے بنی عامر کے ایک شخص سے روایت کیا ہے یہ شخص عمرو بن بجدان ہیں، اور اوراپنے چچا سے روایت کیا ہے ان کے چچا ابومہلب جرمی ہیں، اور حالت سفر میں روزوں کے بارے میں ایک شخص سے روایت کیا ہے یہ شخص انس بن مالک کعبی ہیں۔ (=۴۹۹۲،۸۳۹۸،۵۶۶)

☆ابومثنی املوکی نے اپنے بھانجے عبادہ یا اپنے سوتیلے بیٹے سے روایت کیا ہے، جوکہ ابو ابی بن ام حرام

ہیں۔(=۷۹۲۴)

☆ابو مجیبہ باہلی نے اپنے والد یا اپنے چچا سے روایت کیا ہے، کیتوں میں ذکر ہوا ہے۔

☆ابو ملیح ہذلی نے اپنی قوم کے ایک شخص سے روایت کیا ہے، یہ شخص ابوعزہ ہیں۔(=۸۰۱۷)

۸۵۲۲۔ابو مالک نے صحابہ میں سے کسی شخص سے روایت کیا ہے، یہ شخص قبیلہ بنی اسلم سے تعلق رکھتے ہیں مگر ان کا نام ذکر نہیں کیا گیا۔

☆ابو مودود مدنی نے ابان بن عثمان سے سماع کرنے شخص سے روایت کیا ہے، کہا جاتا ہے کہ یہ شخص محمد بن کعب ہیں۔(=۶۲۵۷)

☆ابونصیکرہ نے ابوبکر کے غلام سے روایت کیا ہے، بقول بعض یہ غلام ابورجاء ہیں۔(=۸۰۹۴)

☆ابونعامہ سعدی نے اپنی قوم کے شیوخ سے روایت کیا ہے، ان شیوخ میں عبدالعزیز بن بشیر بن کعب کا نام ذکر کیا گیا ہے۔(=۴۰۸۵)

☆ابوہریرہ (رضی اللہ عنہ) نے کہا کہ مجھے خبر دینے والے نے خبر دی، یہ خبر دینے والے فضل بن عباس یا اسامہ بن زید ہیں۔(=۵۴۰۷،۳۱۶)

☆ابووائل نے ربیعہ کے ایک شخص سے روایت کیا ہے، یہ شخص حارث بن حسان ہیں۔(=۱۰۱۷)

۸۵۲۳۔بنی قشیر کے ایک شخص "یہ شخص انس بن مالک کعبی ہیں" نے اپنے چچا سے روایت کیا ہے، ان کے چچا کا نام ذکر نہیں کیا گیا اور انس معروف صحابی (رضی اللہ عنہ) ہیں، د۔

فصل منہ

☆بہیسہ اپنے والد سے روایت کرتی ہیں، ان کا کنیتوں میں ذکر ہوا ہے۔(=۸۰۰۵)

۸۵۲۴۔د۔حسناء بنت معاویہ نے اپنے چچا سے روایت کرتی ہیں، کہا جاتا ہے کہ ان کے چچا کا نام اسلم بن سلیم ہے۔

آخر کتاب الرجال

باب: خواتین کے بیان میں

حرف الالف

☆ آمنہ:

امیہ بنت ابو صلت کے ترجمہ میں ان کا ذکر آئے گا۔ (=۸۵۴۸)

۸۵۲۵۔ع۔اسماء بنت ابوبکر صدیق، زبیر بن عوام کی بیوی:

کبار صحابیات میں سے ہیں ۱۰۰ برس زندہ رہیں اور ۷۳ھ کے شروع یا آخر ۷۳ھ میں فوت ہوئیں۔

۸۵۲۶۔اسماء بنت زید بن خطاب عدویہ:

کہا جاتا ہے کہ انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے، ابن عمر سے پہلے فوت ہوئیں۔

۸۵۲۷۔ت ق۔اسماء بنت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل:

ابن ماجہ اور ترمذی میں اس کا نام ذکر نہیں کیا گیا اور مزی نے ذکر کیا ہے، کہا جاتا ہے کہ انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

۸۵۲۸۔م۔اسماء بنت شکل انصاریہ:

صحابیہ ہیں اور بقول بعض بنت یزید بن سکن ہیں جو اپنے دادا کی طرف منسوب کی گئی ہیں۔

۸۵۲۹۔ق۔اسماء بنت عابس بن ربیعہ:

ان کا حال غیر معروف ہے، چھٹے طبقہ سے ہیں۔

۸۵۳۰۔خد۔اسماء بنت عبدالرحمن بن ابوبکر صدیق:

تیسرے طبقہ کی مقبول راویہ ہیں۔

۸۵۳۱۔ خ،۴۔ اسماء بنت عمیس خثعمیہ:

صحابیہ ہیں یہ پہلے جعفر بن ابو طالب پھر ابوبکر پھر علی کے نکاح میں آئیں اور ان سے ان کی اولاد بھی ہوئی، اور یہ والدہ کی طرف سے ام المؤمنین میمونہ بنت حارث کی بہن ہیں حضرت علی کے بعد فوت ہوئیں۔

۸۵۳۲۔ بخ،۴۔ اسماء بنت یزید بن سکن انصاریہ:

ان کی کنیت ام سلمہ ہے اور بقول بعض ام عامر ہے، صحابیہ ہیں ان سے احادیث آتی ہیں۔

۸۵۳۳۔ س۔ اسماء بنت یزید قیسیہ، بصریہ:

چھٹے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہیں۔

۸۵۳۴۔ د۔ امۃ الواحد بنت یامین بن عبدالرحمٰن بن یامین، یحییٰ بن بشیر بن خلاد کی والدہ:

اس نے محمد بن کعب قرظی سے روایت کیا ہے اور اس سے اس کے بیٹے نے روایت کیا ہے جس کا اس کی مسند میں نام یحیی بن مخلد ذکر کیا گیا ہے تاہم سنن ابی داود کی روایت میں اس کا نام ذکر نہیں کیا گیا، امۃ الواحد ساتویں طبقہ کی ''مجہولہ'' راویہ ہیں۔

۸۵۳۵۔ خ، د، س۔ امۃ بنت خالد بن سعید بن عاص بن امیہ:

صحابیہ بنت صحابی ہیں حبشہ میں پیدا ہوئیں، اور زبیر بن عوام کے نکاح میں آئیں اور ایک لمبی عمر پائی، موسیٰ بن عقبہ نے انہیں پایا ہے۔

۸۵۳۶۔ ۴۔ اُمَیمہ بنت رُقَیقہ:

اس کے والد کا نام عبداللہ بن بجاد تیمی ہے، صحابیہ ہیں ان سے دو حدیثیں آتی ہیں اور یہ امۃ بنت رقیقہ بنت وہب ثقفیہ تابعیہ کے علاوہ ہیں۔

۸۵۳۷۔ خ۔ اُمَینہ بنت انس بن مالک انصاری:

تیسرے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہیں ان سے ان کے والد نے روایت کیا ہے۔

۸۵۳۸۔ د۔ امیہ بنت ابوصلت، آمنہ بھی کہا جاتا ہے:

اس کا حال غیر معروف ہے تیسرے طبقہ سے ہے۔

۸۵۳۹۔ت۔ امیہ بنت عبداللہ، امینہ بھی کہا جاتا ہے:

یہ ام محمد، والد علی بن زید بن جدعان کی زوجہ ہیں نہ کہ ان کی ماں، تیسرے طبقہ سے ہیں۔

۸۵۴۰۔ت۔ امیہ بنت عبداللہ:

اس نے عائشہ سے جسم گودنے کے متعلقہ روایت کیا ہے اور اس سے ام نہار نے روایت کیا ہے، تیسرے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں، اس کا نام لکھنے کے بارے میں اختلاف ہے کہا گیا ہے کہ مد اور نون کے ساتھ ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ پہلے لفظے پر ضمہ اور میم پر فتحہ اور یاء پر تشدید کیساتھ ہے۔

۸۵۴۱۔س۔ انیسہ "تصغیر ہے" ابنۃ خبیب بن یساف:

صحابیہ ہیں بصرہ فروکش ہوئیں ان سے حدیث آتی ہے۔

۸۵۴۲۔نخ۔ امیہ:

یہ ام سعید بنت مرہ فہری کے واسطے سے اس کے والد سے روایت کرتی ہیں اور ان سے صفوان بن سلیم نے روایت کیا ہے، چھٹے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔

حرف الباء

☆برکہ، ام ایمن:

کنیتوں میں ہے۔ (=۸۷۰۳)

۸۵۴۳۔س۔بریرہ، عائشہ کی باندی:

مشہور صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں یزید بن معاویہ کے دور خلافت تک زندہ رہیں۔

۸۵۴۴۔۴۔بُسرہ بنت صفوان بن نوفل بن اسد بن عبدالعزی اسدیہ:

بُسرہ بنت صفوان بن نوفل بن اسد بن عبدالعزی اسدیہ صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں، سابقین اولین میں سے ہیں اور انہیں ہجرت کا شرف بھی حاصل ہے (حضرت) معاویہ (رضی اللہ عنہ) کے عہد خلافت تک زندہ رہیں۔

۸۵۴۵۔ق۔بنانہ بنت یزید عبشمیہ:

اس نے عائشہ سے روایت کیا ہے تیسرے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔

۸۵۴۶۔د۔بنانہ، عبدالرحمٰن انصاری کی باندی:

اس نے بھی عائشہ سے روایت کیا ہے تیسرے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔

۸۵۴۷۔د،س۔بُہَیسہ فزاریہ:

تیسرے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں تاہم بقول بعض اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

۸۵۴۸۔د۔بُہَیَّہ "تصغیر ہے" عائشہ کی باندی:

اس نے عائشہ سے روایت کیا اور اس سے ابوعُقیل نے روایت کیا ہے تیسرے طبقہ کی غری معروف راویہ ہیں۔

حرف التاء

☆ تالہ" بنانہ بھی کہا جاتا ہے" بنت یزید:

گزر چکی۔(=۸۸۴۵)

حرف الجیم

۸۵۴۹۔عس۔جبکہ بنت مصبح "مصبح بھی کہا جاتا ہے" عامریہ:

تیسرے طبقہ کی مقبولہ راویہ ہیں اور کہا جاتا ہے کہ اسے دور نبوی پانے کا شرف حاصل ہے۔

۸۵۵۰۔م،۴۔جدامہ بنت وہب "بقول بعض جندل اور بقول بعض جندب" اسدیہ، والدہ کی طرف سے عکاشہ بن محصن کی بہن:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں سابقین اولین میں سے ہیں اور انہیں ہجرت کا بھی شرف حاصل ہے، دارقطنی نے کہا ہے کہ جس نے اسے جذامہ کہا ہے اس سے تصحیف ہوئی ہے۔

۸۵۵۱۔د،س،ق۔جسرہ بنت دجاجہ عامریہ کوفیہ:

تیسرے طبقہ کی "مقبولہ" راویہ ہیں اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اسے دور نبوی پانے کا شرف حاصل ہے۔

۸۵۵۲۔س۔جمیلہ بنت عباد:

تیسرے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔

☆جمیلہ:

نسیلہ کے ترجمہ میں ذکر ہے، بخ۔(=۸۶۶۱)

۸۵۵۳۔تم۔جہدمہ،بشیر بن خصاصیہ کی زوجہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں، کہا جاتا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ان کا نام تبدیل کر کے لیلیٰ رکھ دیا تھا۔

☆جہیمہ:

بہیمہ کے ترجمہ میں ذکر ہے۔(=۸۷۴۸)

۸۵۵۴۔ع۔جویریہ بنت حارث بن ابو ضرار خزاعیہ،ام المؤمنین:

بنی مصطلق سے تعلق رکھتی ہیں، ان کا نام برہ تھا جسے نبی کریم ﷺ سے تبدیل کر دیا تھا، غزوہ مریسیع کے قیدیوں میں آئی تھیں پھر آپ ﷺ کی نکاح میں آئیں، اور صحیح قول کے مطابق ۵۰ھ میں فوت ہوئیں۔

۸۵۵۵۔ق۔حبابہ بنت عجلان، بصریہ:

اس کا حال غیر معروف ہے ساتویں طبقہ سے ہیں۔

۸۵۵۶۔د،س۔حبیبہ بنت سہل بن ثعلبہ بن حارث بن زید بن ثعلبہ انصاریہ نجاریہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں، اور یہ وہی ہیں جنہوں نے ثابت سے خلع کی تھی اور اس کے بعد ابی بن کعب نے ان سے نکاح کیا تھا۔

۸۵۵۷۔س۔حبیبہ بنت شریق ہذلیہ "بقول بعض انصاریہ":

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں اور مسعود بن حکم کی والدہ ہیں۔

۸۵۵۸۔م،ت،س،ق۔حبیبہ بنت عبیداللہ بن جحش اسدیہ:

ان کی والدہ ام حبیبہ بنت ابوسفیان ہے اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے اور اس نے اپنے والدین کے ساتھ حبشہ کی طرف ہجرت کی تھی، اور بقول بعض یہ حبشہ میں پیدا ہوئی تھیں۔

۸۵۵۹۔د،س۔حبیبہ بنت میسرہ فہریہ:

چوتھے طبقہ کی "مقبول" راویہ ہیں۔

۸۵۶۰۔د۔حسناء بنت معاویہ صریمیہ "خنساء بھی کہا جاتا ہے":

چوتھے طبقہ کی "مقبول" راویہ ہیں۔

۸۵۶۱۔ع۔حفصہ بنت سیرین، ام ہذیل انصاریہ، بصریہ:

تیسرے طبقہ کی "ثقہ" راویہ ہیں ۱۰۰ھ کے بعد فوت ہوئیں۔

۸۵۶۲۔م،د،ت،ق۔حفصہ بنت عبدالرحمٰن بن ابوبکر صدیق:

تیسرے طبقہ کی "ثقہ" راویہ ہیں۔

۸۵۶۳۔ع۔حفصہ بنت عمر بن خطاب، ام المؤمنین:

خنیس ابن حذافہ کے بعد ۳ھ میں نبی کریم ﷺ نے ان سے نکاح کیا تھا، اور یہ ۴۵ھ میں فوت ہوئیں۔

۸۵۶۴۔ت۔حفصہ بنت ابوکثیر مخزومیہ:

چھٹے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔

۸۵۶۵۔د،س۔حکیمہ بنت امیمہ:۔

تیسرے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔

۸۵۶۶۔د،ق۔حکیمہ بنت امیہ بن اخنس:

چوتھے طبقہ کی "مقبولہ" راویہ ہیں۔

۸۵۶۷۔بخ،د،ت،ق۔حمنہ بنت جحش اسدیہ، زینب کی بہن:

مصعب بن عمیر کی زوجہ تھیں (جو غزوہ احد میں شہید ہوگئے تو) پھر طلحہ کے نکاح میں آئیں، اور انہیں استحاضہ کا مرض تھا، یہ طلحہ کے بیٹے عمران اور محمد کی والدہ تھیں۔

۸۵۶۸۔۴۔حمیدہ بنت عبید بن رفاعہ انصاریہ مدنیہ، اسحاق بن ابوطلحہ کی زوجہ اور یحییٰ بن اسحاق کی والدہ:

پانچویں طبقہ کی "مقبولہ" راویہ ہیں۔

۸۵۶۹۔کن۔حمیدہ:

ام سلمہ سے روایت کرتی ہیں، کہا جاتا ہے کہ یہ ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف کے بیٹے کی والدہ ہیں، چوتھے طبقہ کی "مقبولہ" راویہ ہیں۔

۸۵۷۰۔د،ت۔جمیمہ بنت یاسر:

چوتھے طبقہ کی "مقبولہ" راویہ ہیں۔

☆ حمیضہ بنت شمردل:

رجال میں ذکر ہوا ہے۔ (=۱۵۷۱)

۸۵۷۱۔ بخ۔ حواء، عمرو بن معاذ کی دادا، اسماء کی بہن:

کہا جاتا ہے کہ یہ بنت یزید بن سکن ہیں، صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

حرف الخاء

۸۵۷۲۔ق۔خالدہ بنت انس انصاریہ ساعدیہ "خلدہ" بھی کہا جاتا ہے":

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں، ان سے جھاڑ پھونک کے بارے میں حدیث آتی ہے۔

☆خصیلہ:

فسیلہ کے ترجمہ میں ذکر ہے۔(=۸٦٦١)

۸۵۷۳۔خ، د، س، ق۔خنساء بنت خِذام انصاریہ اویسیہ، ابولبابہ کی زوجہ:

معروف صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں۔

☆خولہ بنت ثامر:

خولہ بنت قیس کے ترجمہ میں ذکر ہے۔(=۸۷۴۱)

۸۵۷۴۔د۔خولہ بنت ثعلبہ بن اصرم انصاریہ خزرجیہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں اور یہ وہی ہیں جن سے ان کے شوہر نے ظہار کیا تھا اور ان کے معاملے کے بارے میں سورۃ "قد سمع" نازل ہوئی تھی، انہیں خویلہ "تصغیر کے ساتھ" بھی کہا جاتا ہے اور ان کے شوہر اوس بن صامت (رضی اللہ عنہ) تھے۔

۸۵۷۵۔ع،م،ت،س،ق۔خولہ بنت حکیم بن امیہ سلمیہ:

انہیں ام شریک کہا جاتا ہے اور خویلہ "تصغیر کے ساتھ" بھی کہا جاتا ہے، مشہور صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں، کہا جاتا ہے کہ یہ وہی ہیں جنہوں نے اپنا نفس نبی کریم ﷺ کو ہبہ کر دیا اور اس سے پہلے یہ عثمان بن مظعون کی زوجہ تھیں۔

۸۵۷٦۔خ، ت۔خولہ بنت قیس بن قہد بن قیس بن ثعلبہ انصاریہ، حمزہ بن عبدالمطلب کی زوجہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

☆ خولہ بنت قیس، ام صبیہ:

کنیتوں میں ذکر ہے۔ (=۸۷۴۱)

۸۵۷۷۔د۔ خیرہ انصاریہ، کعب بن مالک کی زوجہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں، ان سے منسوب حدیث کی سند میں مجہول راوی ہیں۔

۸۵۷۸۔م،۴۔ خیرہ، حسن بصری کی والدہ، ام سلمہ کی باندی:

دوسرے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہیں۔

حرف الدال

۸۵۷۹۔بخ، د، ت۔ دُخَیبہ:

تیسرے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہیں۔

۸۵۸۰۔س۔ دقرہ بنت غالب راسبیہ بصریہ:

جس نے اسے مرد بنایا ہے اسے وہم ہوا ہے، یہ تیسرے طبقہ ''مقبولہ'' راویہ ہیں، تاہم طبرانی نے کہا ہے کہ کہا جاتا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

حرف الراء

۸۵۸۱۔ بخ۔ رائطہ بنت مسلم:

تیسرے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔

۸۵۸۲۔ خت، ۴۔ رباب بنت صُلَیع، رائح کی والدہ، ضبیہ بصریہ:

تیسرے طبقہ کی ''مقبول'' راویہ ہیں۔

۸۵۸۳۔ د، س۔ رباب، عثمان بن حکیم بن عباد کی دادی:

تیسرے طبقہ کی ''مقبول'' راوی ہیں۔

۸۵۸۴۔ ع۔ رُبَیِّع بنت معوذ ابن عفراء انصاریہ نجاریہ:

صغار صحابیہ میں سے ہیں۔

۸۵۸۵۔ م۔ ربیع بنت نضر انصاریہ خزرجیہ، انس بن مالک کی پھوپھی:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں، صحیح مسلم کی روایت کے مطابق ان سے انس بن مالک نے جہاد کے متعلقہ روایت کیا ہے (حافظ) مزی نے اس کا ذکر نہیں کیا۔

۸۵۸۶۔ بخ۔ رُفَیدہ:

کہا جاتا ہے کہ یہ وہی خاتون ہیں جس کا مسجد میں خیمہ تھا جس میں یہ زخمیوں کا علاج معالجہ کرتی تھیں صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں۔

۸۵۸۷۔ س۔ رقیہ بنت عمر ''بقول بعض عمرو'' بن سعید:

چوتھے طبقہ کی ''مقبول'' راوی ہیں۔

۸۵۸۸۔ع۔رملہ بنت ابوسفیان بن حرب اموبیہ، ام المؤمنین، ام حبیبہ:

اپنی کنیت سے مشہور ہیں، ۴۲ھ یا ۴۴ھ میں فوت ہوئیں، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۴۹ھ یا ۵۰ھ میں فوت ہوئیں۔

۸۵۸۹۔س۔رمیثہ بنت حارث بن طفیل بن سخبرہ ازدیہ، عوف کی بہن:

چوتھے طبقہ کی "مقبولہ" راویہ ہیں۔

۸۵۹۰۔تم،س۔رمیثہ بنت عمرو:

صحابیہ (رضی اللہ عنہ) ہیں ان سے سعد بن معاذ کی وفات کے متعلق حدیث آتی ہے، اور اسی طرح انہوں نے ایک حدیث "صلوٰۃ الضحیٰ" کے متعلق عائشہ سے روایت کی ہے۔

۸۵۹۱۔ق۔رمیثہ، دوسری:

اس نے عائشہ سے نبیذ کے متعلق روایت کیا ہے، تیسرے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔

☆رمیصاء:

یہ ام سلیم ہیں۔(۸۷۲۷)

۸۵۹۲۔د۔ریطہ بنت حریث:

چھٹے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔

۸۵۹۳۔تم،س۔راہم بنت اسود، اشعث کی پھوپھی:

تیسرے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔

حرف الزاء

۸۵۹۴۔ ع۔ زینب بنت جحش بن رئاب بن یعمر اسدیہ، ام المؤمنین:

ان کی والدہ امیمہ بنت عبدالمطلب ہیں، کہا جاتا ہے کہ حضرت عمر کے دور خلافت میں ۲۰ھ میں فوت ہوئیں۔

۸۵۹۵۔ ع۔ زینب بنت ابو سلمہ بن عبدالاسد مخزومیہ، نبی کریم ﷺ کی پروردہ:

۷۳ھ میں فوت ہوئیں، ابن عمران کے جنازہ میں شریک تھے۔

۸۵۹۶۔ ۴۔ زینب بنت کعب بن عجرہ، ابو سعید خدری کی زوجہ:

دوسرے طبقہ کہ "مقبولہ" راوی ہے تاہم یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

۸۵۹۷۔ ق۔ زینب بنت محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عاص سہمیہ:

اس کا حال غیر معروف ہے تیسرے طبقہ سے ہیں۔

۸۵۹۸۔ ع۔ زینب بنت معاویہ یا ابنہ عبداللہ بن معاویہ "زینب بنت ابو معاویہ ثقفیہ بھی کہا جاتا ہے" ابن مسعود کی زوجہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہ) ہیں ان کی اپنے شوہر سے روایت آتی ہے۔

۸۵۹۹۔ ق۔ زینب بنت عیط "بنت سلیط بھی کہا جاتا ہے":

کہا جاتا ہے کہ انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے جبکہ ابن حبان نے انہیں ثقہ تابعین میں ذکر کیا ہے۔

۸۶۰۰۔ س۔ زینب بنت نصر:

اس کا حال غیر معروف ہے تیسرے طبقہ سے ہیں۔

۸۶۰۱۔د۔زینب، صحابیہ:

یہ ایک روایت میں بلانسب آئی ہیں بقول بعض یہ بنت جحش ہیں اور بقول بعض ابن مسعود کی زوجہ ہیں۔

☆زینب سہمیہ:

یہ بنت محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عاص ہیں، گزر چکیں۔

حرف السین

۸۶۰۲۔د۔سارہ بنت مقسم ثقفیہ:

چوتھے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔

۸۶۰۳۔ق۔سائبہ، فاکہ بن مغیرہ کی باندی:

تیسرے طبقہ کی مقبولہ' راویہ ہیں۔

۸۶۰۴۔خ،م،د،س،ق۔سبیعہ بنت حارث اسلمیہ ،سعد بن خولہ کی زوجہ:

اسے صحابیت اور اس عورت کی عدت کے متعلقہ حدیث روایت کرنے کا بھی شرف حاصل ہے جس کا شوہر فوت ہو گیا ہو، کہا جاتا ہے کہ یہ وہی سبیعہ ہیں جن سے ابن عمر نے مدینہ کی فضیلت میں حدیث نقل کی ہے جبکہ عقیلی نے ان دونوں میں فرق کیا ہے۔

۸۶۰۵۔عخ ،د۔سَرّاء بنت نبہان غنویہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

۸۶۰۶۔س،ق۔سعدی بنت عوف مریہ، طلحہ بن عبید اللہ کی زوجہ:

انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

۸۶۰۷۔ت۔سلمی بکریہ:

تیسرے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔

۸۶۰۸۔د،ت،ق۔سلمی ،ام رافع ،ابو رافع کی زوجہ:

اسے صحابیت اور احادیث نقل کرنے کا شرف حاصل ہے۔

۸۶۰۹۔د،س،ق۔سلمی،عبدالرحمٰن بن عوف بن ابورافع کی پھوپھی:

تیسرے طبقہ کی "مقبولہ" راویہ ہیں۔

۸۶۱۰۔د،س،ق۔سمیہ بصریہ:

تیسرے طبقہ کی "مقبولہ" راویہ ہیں۔

۸۶۱۱۔فق۔سمیہ،دوسری:

اس نے جابر سے روایت کیا ہے ،چوتھے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں ،اور ریہ بھی کہا جاتا ہے کہ درست (سند) "عن ابی سمیۃ" ہے جیسا کہ اسماء میں ہے۔(۸۱۴۸)

۸۶۱۲۔خ،د،س۔سودہ بنت زمعہ بن قیس بن عبدشمس عامریہ قرشیہ،ام المؤمنین:

نبی کریم ﷺ نے مکہ میں حضرت خدیجہ (رضی اللہ عنہا) کے بعد ان سے نکاح کیا تھا،یہ صحیح قول کے مطابق ۵۵ھ میں فوت ہوئیں۔

۸۶۱۳۔د۔سویدہ بنت جابر:

چھٹے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔

۸۶۱۴۔د،ق۔سلامہ بنت حرفزاریہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

۸۶۱۵۔د۔سلامہ بنت معقل قیسیہ "بقول بعض انصاریہ":

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے حدیث آتی ہیں۔

حرف الشین

۸۶۱۶۔ق۔شعثاء بنت عبداللہ اسدیہ، کوفیہ:

پانچویں طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔

۸۶۱۷۔بخ، د، س۔شفاء بنت عبداللہ بن عبد شمس عدویہ قرشیہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے احادیث مروی ہیں۔

۸۶۱۸۔بخ۔شمیسہ ''تصغیر کے ساتھ ہے'' بنت عزیز عتکیہ، بصریہ:

تیسرے طبقہ کی ثقہ راویہ ہیں۔

حرف الصاد

۸۶۱۹۔ق۔صفیہ بنت جریر:

تیسرے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔

۸۶۲۰۔د،ت،ق۔صفیہ بنت حارث بن طلحہ عبدریہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں اس نے عائشہ سے روایت کیا ہے، جبکہ ابن حبان نے اسے تابعین میں ذکر کیا ہے۔

۸۶۲۱۔ع۔صفیہ بنت حیی بن اخطب اسرائیلیہ، ام المؤمنین:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے (فتح) خیبر کے بعد ان سے نکاح کیا تھا، یہ ۳۶ھ میں فوت ہوئیں اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ (سیدنا) معاویہ (رضی اللہ عنہ) کے عہد خلافت میں فوت ہوئیں۔

۸۶۲۲۔ع۔صفیہ بنت شیبہ بن عثمان بن ابو طلحہ عبدریہ:

اسے رؤیت کا شرف حاصل ہے اور اس نے (حضرت) عائشہ (رضی اللہ عنہا) اور دیگر صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) سے احادیث بیان کی ہیں، صحیح بخاری میں اس کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سماع کی تصریح موجود ہے جبکہ دارقطنی نے اس کے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو پانے سے انکار کیا ہے۔

۸۶۲۳۔خت،م،د،س،ق۔صفیہ بنت ابوعبید بن مسعود ثقفیہ، ابن عمر کی زوجہ:

کہا گیا ہے اسے دور نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پانے کا شرف حاصل ہے جبکہ دارقطنی نے اس کا انکار کیا ہے اور (حافظ) عجلی نے اسے "ثقہ" کہا ہے یہ دوسرے طبقہ سے ہیں۔

۸۶۲۴۔ت،س۔صفیہ بنت عصمہ:

تیسرے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔

۸۶۲۵۔د۔صفیہ بنت عطیہ:

تیسرے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔

۸۶۲۶۔خ،د،ت۔صفیہ بنت علیہ:

تیسرے طبقہ کی "مقبولہ" راویہ ہیں۔

۸۶۲۷۔۴۔صماء بنت بُسر مازنیہ:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام بہیمہ ہے اسے صحابیت اور حدیث نقل کرنے کا شرف حاصل ہے۔

۸۶۲۸۔س۔صمیتہ "تصغیر کے ساتھ ہے" لیثیہ "دار یہ بھی کہا گیا ہے":

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے مدینہ منورہ کی فضیلت میں حدیث مروی ہے۔

حرف الضاد

۸۶۲۹۔د،س،ق۔ضباعہ بنت زبیر بن عبدالمطلب ہاشمیہ، نبی کریم ﷺ کی چچازاد:

انہیں صحابیت اور حدیث نقل کرنے کا شرف حاصل ہے۔

۸۶۳۰۔د،س۔ضباعہ بنت مقداد بن اسود "بقول بعض ضبیعہ بنت مقدام بن معدی کرب:

تیسرے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔

۸۶۳۱۔ د،ق۔ طلحہ، ام غراب:

اس کا حال غیر معروف ہے پانچویں طبقہ سے ہے۔

۸۶۳۲۔ د،س۔ عالیہ بنت سبیع:

عجلی نے اس کی توثیق کی ہے تیسرے طبقہ سے ہے۔

۸۶۳۳۔ ع۔ عائشہ بنت ابوبکر صدیق، ام المؤمنین:

(سیدہ) عائشہ (رضی اللہ عنہا) تمام عورتوں سے زیادہ دین کی سمجھ بوجھ رکھنے والی تھیں اور نبی کریم ﷺ کی تمام ازواج سے افضل تھیں سوائے (حضرت) خدیجہ (رضی اللہ عنہا) کے "ان دونوں کی افضلیت میں اختلاف مشہور ہے" (حضرت) عائشہ (رضی اللہ عنہا) صحیح قول کے مطابق ۵۷ھ میں فوت ہوئیں۔

۸۶۳۴۔ خ،د،ت،س۔ عائشہ بنت سعد بن ابووقاص زہریہ، مدنیہ:

چوتھے طبقہ کی "ثقہ" راویہ ہیں انہوں نے ایک لمبی عمر پائی ہے یہاں تک کہ مالک کو پایا ہے، اور جس نے گمان کیا

ہے کہ اسے روئیت کا شرف حاصل ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۸۶۳۵۔ تمییز۔ عائشہ بنت سعد بصریہ:

اس کا حال غیر معروف ہے ساتویں طبقہ سے ہیں۔

۸۶۳۶۔ ع۔ عائشہ بنت طلحہ بن عبید اللہ تیمیہ، ام عمران:

یہ تیسرے طبقہ کی ''ثقہ'' راویہ ہیں۔

۸۶۳۷۔ ق۔ عائشہ بنت مسعود بن اسود ''اس کے والد کو مسعود بن عجماء بھی کہا جاتا ہے'':

اسے روئیت کا شرف حاصل ہے کیونکہ ان کے والد محترم موتہ میں شہید ہوئے تھے۔

۸۶۳۸۔ د۔ عبیدہ بنت عبید بن رفاعہ انصاریہ:

اس کا حال غیر معروف ہے چھٹے طبقہ سے ہیں۔

۸۶۳۹۔ تم۔ عبیدہ بنت نابل:

ساتویں طبقہ کی ''مقبولہ'' راوی ہیں۔

۸۶۴۰۔ ت، ق۔ عدیسہ ''تصغیر کے ساتھ ہے'' بنت اہبان غفاریہ:

تیسرے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہیں۔

۸۶۴۱۔ د۔ عقیلہ بنت اسمر بن مضرس:

اس کا حال غیر معروف ہے چوتھے طبقہ سے ہیں۔

۸۶۴۲۔ د، ق۔ عقیلہ فزاریہ علی بن غراب کی دادی:

اس کا حال غیر معروف ہے چوتھے طبقہ سے ہیں۔

۸۶۴۳۔ ع۔ عمرہ بنت عبد الرحمٰن بن سعد بن زرارہ انصاریہ، مدنیہ:

(حضرت) عائشہ سے بکثرت روایت کرتی ہیں، تیسرے طبقہ کی ''ثقہ'' راویہ ہیں ۱۰۰ھ سے پہلے فوت ہوئیں اور یہ بھی کہا گیا ہے ۱۰۰ھ کے بعد ہوئیں۔

۸۶۴۴۔ د۔ عمرہ، مقاتل بن حیان کی دادی:

(حضرت) عائشہ سے روایت کرتی ہیں ان کا حال غیر معروف ہے چوتھے طبقہ سے ہیں، اور جس نے انہیں پہلے والی راویہ کے ساتھ ملا دیا ہے اسے وہم ہوا ہے۔

۸۶۴۵۔ تمییز۔ عمرہ، اسید بن طارق کی والدہ:

یہ بھی (حضرت) عائشہ سے روایت کرتی ہیں اور ان سے ان کے بیٹے نے روایت کیا ہے دار قطنی نے ان کا ذکر کیا ہے۔

۸۶۴۶۔ دعمرہ بنت حیان سہمیہ:

(حضرت) عائشہ سے روایت کرتی ہے اس کی حدیث مسند داری میں آتی ہے۔

۸۶۴۷۔ دعمرہ بنت قیس عدویہ:

یہ عائشہ سے روایت کرتی ہے اور اس سے جعفر بن کیسان نے روایت کیا ہے اس کی حدیث صحیح ابن خزیمہ میں آتی ہے۔

۸۶۴۸۔ دعمرہ غاضریہ، ام قلوص:

یہ بھی عائشہ سے روایت کرتی ہے اور اس سے متوکل بن فضل نے روایت کیا ہے اس کی حدیث دار قطنی میں ہے۔

حرف الغین

٨٦٣٩۔ غبطہ بنت عمرو مجاشعیہ، ام عمرو، بصریہ:

ساتویں طبقہ کی "مقبول" راویہ ہیں۔

☆ غزیہ "بقول بعض غزیلہ" ام شریک:

پیچھے ذکر ہے۔ (=٨٧٣٩)

☆ غمیصاء "بقول بعض رمیصاء":

یہ ام سلیم ہیں۔ (=٨٧٣٧)

حرف الفاء

☆ فاختہ:

یہ ام ہانی ہیں ان کا ذکر آئے گا۔ (=۸۷۷۸)

☆ فارعہ: فریعہ کے ترجمہ میں ذکر ہے۔ (=۸۶۶۰)

۸۶۵۰۔ ع۔ فاطمۃ الزہراء، رسول اللہ ﷺ کی بیٹی، ام حسن:

(حضرت) فاطمہ (رضی اللہ عنہا) اس امت کی عورتوں کی سردار ہیں حضرت علی (رضی اللہ عنہ) نے ان سے ہجرت کے دوسرے سال میں شادی کی تھی، اور یہ نبی کریم ﷺ کی وفات کے چھ ماہ بعد ہی فوت ہوگئی تھیں۔

۸۶۵۱۔ د، س۔ فاطمہ بنت ابو حبیش "ان کا نام قیس بن مطلب ہے" اسدیہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے استحاضہ کے متعلق حدیث آتی ہے۔

۸۶۵۲۔ د، ت، عس، ق۔ فاطمہ بنت حسین بن علی بن ابو طالب ہاشمیہ، مدنیہ، حسن بن حسن بن علی کی زوجہ:

چوتھے طبقہ کی "ثقہ" راویہ ہیں ۱۰۰ھ کے بعد فوت ہوئیں اور ایک بڑی عمر پائی۔

۸۶۵۳۔ مد۔ فاطمہ بنت عبید اللہ بن عباس:

ان کا حال غیر معروف ہے چھٹے طبقہ سے ہیں۔

۸۶۵۴۔ س، فق۔ فاطمہ بنت علی بن ابو طالب:

چوتھے طبقہ کی "ثقہ" راویہ ہیں ۱۱۷ھ میں فوت ہوئیں اور اسی برس سے زائد عمر پائی۔

۸۶۵۵۔ ع۔ فاطمہ بنت قیس بن خالد فہریہ، ضحاک کی بہن:

مشہور صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں اور اولین مہاجرین میں سے تھیں، (سیدنا) معاویہ (رضی اللہ عنہ) کے عہد خلافت

تک زندہ رہیں۔

۸۶۵۶۔س۔فاطمہ بنت ابولیث ''بقول بعض بنت ابوعقرب'':

تیسرے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہیں۔

۸۶۵۷۔ام جمیل، فاطمہ بنت مجلل:

کنیتوں میں ذکر ہے۔(=۸۷۱۰)

۸۶۵۸۔ع۔فاطمہ بنت منذر بن زبیر بن عوام، ہشام بن عروہ کی زوجہ:

تیسرے طبقہ کی ''ثقہ'' راویہ ہیں۔

۸۶۵۹۔س۔فاطمہ بنت یمان عبسیہ، حذیفہ کی بہن:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے حدیث آتی ہے، بقول بعض اس کا نام خولہ ہے۔

۸۶۶۰۔۴۔فریعہ ''تصغیر کے ساتھ ہے'' بنت مالک بن سنان انصاریہ، ابوسعید خدری کی بہن:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے (حضرت) عثمان کے فیصلے کے متعلقہ حدیث آتی ہے، اور انہیں فارعہ بھی کہا جاتا ہے۔

۸۶۶۱۔بخ، د، ق۔فسیلہ بنت واثلہ بن اسقع:

(ادب المفرد للبخاری اور سنن ابن ماجہ) میں ''فسیلۃ عن ابیھا'' ہے اور (سنن ابی داود) میں ''بنت واثلۃ عن ابیھا'' آیا ہے جبکہ یہ حدیث ایک ہی ہے، کہا گیا ہے کہ فسیلہ کا نام جمیلہ ہے خصیلہ بھی کہا گیا ہے، چوتھے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہیں۔

حرف القاف

۸۶۶۲۔ س۔ قُتَیلہ "تصغیر کے ساتھ ہے" بنت صیفی انصاریہ یا جہنیہ:

ہجرت کرنے والی خواتین میں سے صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

۸۶۶۳۔ س۔ قرصافہ ذہلیہ:

ان کا حال غیر معروف ہے تیسرے طبقہ سے ہیں۔

۸۶۶۴۔ د، ق۔ قُرَیبہ "تصغیر کے ساتھ ہے" بنت عبداللہ بن وہب اسدیہ:

چوتھے طبقہ کی مقبول راویہ ہیں۔

۸۶۶۵۔ د۔ قُمَیر بنت عمرو کوفیہ، مسروق کی زوجہ:

تیسرے طبقہ کی "ثقہ" راویہ ہیں۔

۸۶۶۶۔ بخ، د، ت۔ قَیلہ بنت مخرمہ عنبریہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے ایک طویل حدیث مروی ہے۔

۸۶۶۷۔ ق۔ قیلہ، بنی انمار کی ماں "بقول بعض بنی انمار کی بہن ہے":

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے کتاب بیوع میں حدیث آتی ہے۔

حرف الکاف

۸۶۶۸۔ت،ق۔کبشہ "بقول بعض کُبَیْشہ" بنت ثابت بن منذر انصاریہ، حسان کی بہن:

کبشہ بنت ثابت کو صحابیت اور حدیث نقل کرنے کا شرف حاصل ہے اور اسے برصاء کہا جاتا تھا۔

۸۶۶۹۔۴۔کبشہ بن کعب بن مالک انصاریہ، عبداللہ بن ابوقتادہ کی زوجہ:

ابن حبان نے کہا ہے کہ اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

۸۶۷۰۔د۔کبشہ بنت ابومریم:

اس کا حال غیر معروف ہے چوتھے طبقہ سے ہیں۔

۸۶۷۱۔خ۔کریمہ بنت حسحاس مزنیہ:

تیسرے طبقہ کی "ثقہ" راویہ ہیں۔

۸۶۷۲۔د،ق۔کریمہ بنت مقداد بن اسود کندیہ:

اس کی والدہ ضباعہ بنت زبیر بن عبدالمطلب ہیں، یہ تیسرے طبقہ کی "ثقہ" راویہ ہیں۔

۸۶۷۳۔د،س۔کریمہ بنت ہمام:

تیسرے طبقہ کی "مقبولہ" راویہ ہیں۔

۸۶۷۴۔ق۔کلثم:

اسے ام کلثوم قرشیہ بھی کہا جاتا ہے، اس کا حال غیر معروف ہے تیسرے طبقہ سے ہیں۔

۸۶۷۵۔د۔کیسہ بنت ابوبکرہ ثقفیہ، بصریہ:

اس کی اپنے والد سے حجامہ کے بارے میں حدیث آتی ہے، اس کا حال غیر معروف ہے تیسرے طبقہ سے ہیں۔

حرف اللام

۸۶۷۶۔ ع۔ لبابہ بنت حارث ابن حزن ہلالیہ:

فضل کی والدہ، عباس بن عبدالمطلب کی زوجہ اورام المؤمنین میمونہ (رضی اللہ عنہا) کی بہن ہیں، ابن حبان نے کہا ہے کہ (حضرت) عباس (رضی اللہ عنہ) کے بعد (حضرت) عثمان (رضی اللہ عنہ) کے عہد خلافت میں فوت ہوئیں۔

۸۶۷۷۔ بخ، د، ت، ق۔ لولوہ، مولاۃ انصار:

چوتھے طبقہ کی مقبولہ راویہ ہیں۔

۸۶۷۸۔ د۔ لیلیٰ بنت قانف ثقفیہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے حدیث مروی ہے۔

☆ لیلیٰ سدوسیہ، بشیر بن خصاصیہ کی زوجہ:

جیم میں اس کا ذکر گزر چکا، کہا گیا ہے کہ اس کا نام جہدمہ ہے، بخ۔ (=۸۵۵۴)

☆ لیلیٰ بنت مالک:

ولید بن عبداللہ بن جمیع کی دادی کے ترجمہ میں ذکر آئے گا۔ (=۸۸۱۴)

۸۶۷۹۔ ت، س، ق۔ لیلیٰ ام عمارہ انصاریہ کی باندی:

تیسرے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہیں۔

حرف المیم

☆محبہ باہلیہ "بقول بعض یہ مرد ہیں":

اس کا ذکر گزر چکا۔ (=٦٤٩١)

٨٦٨٠۔ ی، د، ت، س۔ مرجانہ، علقمہ کی والدہ:

اسے ام علقمہ کی کنیت سے یاد کیا جاتا ہے (امام) بخاری نے تعلیقاً اس کی روایت نقل کی ہے، اور یہ تیسرے طبقہ کی "مقبولہ" راویہ ہیں۔

٨٦٨١۔ س۔ مریم بنت ایاس بن بکیر:

تیسرے طبقہ کی "مقبولہ" راویہ ہیں۔

٨٦٨٢۔ د، ت، ق۔ مُسّہ، ازدیہ، ام بُسّہ:

تیسرے طبقہ کی "مقبولہ" راویہ ہیں۔

٨٦٨٣۔ د، ت، ق۔ مسیکہ "تصغیر کے ساتھ ہے" مکیہ:

اس کا حال غیر معروف ہے تیسرے طبقہ سے ہیں۔

٨٦٨٤۔ ع۔ معاذہ بنت عبداللہ عدویہ، ام صہباء، بصریہ:

تیسرے طبقہ کی "ثقہ" راویہ ہیں۔

٨٦٨٥۔ د۔ مغیرہ بنت حیان تمیمیہ:

پانچویں طبقہ کی "مقبولہ" راویہ ہیں، اور خواتین کے حصہ میں "مستغربیا سماء" میں سے ہیں۔

٨٦٨٦۔ مد۔ ملیکہ بنت عمرو سعدیہ:

بقول بعض اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے اور بقول بعض تابعیہ ہیں، تیسرے طبقہ سے ہیں۔

۸۶۸۷۔ت۔منیہ ابنۃ عبید بن ابو برزہ:

اس کا حال غیر معروف ہے چوتھے طبقہ سے ہیں۔

۸۶۸۸۔ع۔میمونہ بنت حارث ہلالیہ، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ:

کہا گیا ہے کہ ان کا نام برہ تھا (جسے تبدیل کر کے) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام میمونہ رکھا اور ۷ھ میں سرف کے مقام پر ان سے نکاح کیا، اور یہ سرف کے مقام پر ہی صحیح قول کے مطابق ۵۱ھ میں فوت ہوئیں۔

۸۶۸۹۔۴۔میمونہ بنت سعد یا سعید، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خادمہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے حدیث مروی ہے، کہا گیا ہے عثمان بن زیاد نے جس میمونہ سے روایت کیا ہے وہ میمونہ، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خادمہ کے علاوہ کوئی دوسری ہیں۔

۸۶۹۰۔د،ق۔میمونہ بنت کردم "جعفر کے وزن پر ہے" ثقفیہ:

صغار صحابہ میں سے ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

۸۶۹۱۔د،ق۔میمونہ بنت ولید بن حارث انصاریہ۔عبداللہ بن ابو ملیکہ کی والدہ:

تیسرے طبقہ کی "ثقہ" راویہ ہیں۔

حرف النون

۸۶۹۲۔ ندبہ "پہلے لفظ پر ضمہ ہے تاہم فتحہ کے ساتھ پڑھا جاتا ہے" مولاۃ میمونہ:

تیسرے طبقہ کی "مقبولہ" راویہ ہیں اور بقول بعض ان سے صحبت کا شرف حاصل ہے۔

☆ نسیبہ "تصغیر کے ساتھ ہے" بنت کعب، ام عمارہ:

کنیت میں ذکر ہے۔ (=۸۷۴۸)

۸۶۹۳۔ نُسیبہ "تصغیر کے ساتھ ہے اور بقول بعض پہلے لفظ پر فتحہ ہے" بنت کعب "بقول بعض بنت حارث" ام عطیہ انصاریہ:

مشہور صحابیہ ہیں مدینہ کی رہنے والی تھیں پھر بصرہ منتقل ہو گئیں۔

حرف الھاء

☆ تنبیہ:

یہ ام درداء ہیں کنیتوں میں ذکر ہے۔ (=۸۷۲۸)

۸۶۹۴۔ ع۔ ام المؤمنین، ام سلمہ، ہند بنت ابوامیہ بن مغیرہ بن عبداللہ بن عمر بن مخزوم مخزومیہ:

ابوسلمہ کے بعد نبی کریم ﷺ نے ان سے ۴ھ میں نکاح کیا یہ بھی کہا گیا ہے کہ ۳ھ میں کیا، اور یہ اس کے بعد ساٹھ برس تک زندہ رہیں اور ۶۲ھ میں فوت ہوئیں یہ بھی کہا گیا ہے ۶۱ھ میں فوت ہوئیں اور یہ بھی کہا گیا ہے اس سے پہلے ہوئیں، مگر پہلے والے قول زیادہ صحیح ہے۔

۸۶۹۵۔ خ ۴۔ ہند بنت حارث فراسیہ "بقول بعض قرشیہ":

تیسرے طبقہ کی "ثقہ" راویہ ہیں۔

۸۶۹۶۔ تمییز۔ ہند بنت حارث خثعمیہ:

تیسرے طبقہ کی "مقبولہ" راویہ ہیں۔

۸۶۹۷۔ س۔ ہند بنت شریک بصریہ:

تیسرے طبقہ کی مقبولہ راویہ ہیں۔

۸۶۹۸۔ س۔ ہنیدہ "تصغیر کے ساتھ ہے":

یہ بھی تیسرے طبقہ کی "مقبولہ" راویہ ہے اور یہ بھی احتمال ہے کہ یہ اس سے پہلے والی ہی راویہ ہوں۔

حرف الیاء

۸۶۹۹۔ د، ت۔ ام یاسر: یُسیرہ "تصغیر کے ساتھ ہے الف کے ساتھ "اسیرہ" بھی کہا جاتا ہے":
انصاری خواتین میں سے صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں، اور بقول بعض ہجرت کرنے والی خواتین میں سے ہیں۔

واللہ اعلم

خواتین کی کنیتوں کا بیان

۸۷۰۰۔ خ، د۔ ام ابان بنت وازع بن زارع:

چوتھے طبقہ کی "مقبولہ" راویہ ہے۔

۸۷۰۱۔ س۔ ام ابیہا بنت عبداللہ بن جعفر ہاشمیہ:

چوتھے طبقہ کی "مقبولہ" راویہ ہے نسائی کی روایت میں اس کا نام ذکر نہیں کیا گیا۔

۸۷۰۲۔ ت۔ ام اسود خزاعیہ "بقول بعض اسلمیہ":

ساتویں طبقہ کی "ثقہ" راویہ ہے۔

۸۷۰۳۔ ق۔ ام ایمن، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی پرورش کرنے والی:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام برکہ ہے اور یہ اسامہ بن زید کی والدہ ہیں، (حضرت) عثمان کے عہد خلافت میں فوت ہوئیں۔

۸۷۰۴۔ ت، ق۔ ام ایوب انصاریہ، ابوایوب کی زوجہ:

یہ بنت قیس بن سعد ہے اور اس کے والد محترم اس کے شوہر کے ماموں تھے۔

۸۷۰۵۔ د، ت، س۔ ام بجید انصاریہ:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام حواء ہے صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

۸۷۰۶۔ خ۔ ام بکر بنت مسور بن مخرمہ:

چوتھے طبقہ کی "مقبولہ" راویہ ہیں۔

۸۷۰۷۔ د، ق۔ ام بکر یا ام ابوبکر:

اس کا حال غیر معروف ہے تیسرے طبقہ سے ہے۔

۸۷۰۸۔ق۔ام بلال بنت ہلال اسلمیہ:

دوسرے طبقہ کی ''ثقہ'' راویہ ہے اور بقول بعض اسے صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

۸۷۰۹۔د۔ام جحدر عامریہ:

اس کا حال غیر معروف ہے تیسرے طبقہ سے ہے۔

☆ام جعفر:

ام عون کے ترجمہ میں ذکر ہے۔(=۸۷۵۰)

۸۷۱۰۔ام جمیل بنت مجلل بن عبداللہ بن ابوقیس:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ،بقول بعض اس کا نام جویریہ اور بقول بعض فاطمہ ہے اور یہ حاطب جمحی کی زوجہ ہیں جب یہ دونوں حبشہ میں ہجرت کر کے گئے تو وہاں ام جمیل کے پیٹ سے محمد بن حاطب پیدا ہوئے تھے، پھر (غالباً حاطب کی وفات کے بعد) ام جمیل سے زید بن ثابت نے نکاح کیا۔

۸۷۱۱۔د،ق۔ام جندب ازدیہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

۸۷۱۲۔د۔ام جنوب معافریہ بنت نمیلہ:

اس کا حال غیر معروف ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

☆ام حبیبہ بنت ابوسفیان:

اس کا نام رملہ ہے۔(=۸۵۸۸)

☆ام حبیبہ بنت جحش:

حمنہ کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=۸۵۶۷)

۸۷۱۳۔د۔ام حبیبہ یا حبیب بنت ذؤیب بن قیس مزنیہ:

ساتویں طبقہ کی مستورہ راوی ہے۔

۸۷۱۴۔ت۔ام حبیبہ بنت عرباض بن ساریہ:

تیسرے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہے۔

۸۷۱۵۔خ،د،س،ق۔ام حرام بنت ملحان بن خالد بن زید بن حرام انصاریہ، انس کی خالہ:

مشہور صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں (حضرت) عثمان کے عہد خلافت میں فوت ہوئیں۔

۸۷۱۶۔د۔ام حرام، محمد بن زید کی والدہ:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام آمنہ ہے، چوتھے طبقہ سے ہے۔

۸۷۱۷۔ت۔ام حُرَیر ''تصغیر کے ساتھ ہے ام حَریر بھی کہا جاتا ہے'':

اس کا حال غیر معروف ہے چوتھے طبقہ سے ہے۔

☆ام حسن بصری:

اس کا نام خیرہ ہے۔ (=۸۵۷۸)

۸۷۱۸۔ام حسن، ابو بکر عدوی کی دادی:

اس کا حال غیر معروف ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۸۷۱۹۔د۔ام حسن، غبطہ کی پھوپھی:

اس کا حال غیر معروف ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۸۷۲۰۔م،۴۔ام حصین احمسیہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں حجۃ الوداع میں شریک تھیں۔

۸۷۲۱۔ق۔ام حفص، حبابہ بنت عجلان کی والدہ:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام حفصہ ہے، اس کا حال غیر معروف ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۸۷۲۲۔د۔ام حکم بنت زبیر بن عبد المطلب ہاشمیہ ''ام حکیم بھی کہا جاتا ہے'':

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام صفیہ ہے عاتکہ بھی کہا گیا ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ ماقبل میں گزرنے والی ضباعہ ہے

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہے اس سے حدیث مروی ہے۔

۸۷۲۳۔صد۔ام حکم بنت نعمان بن صہبان انصاریہ:

اس کا حال غیر معروف ہے پانچویں طبقہ سے ہے۔

☆ام حکیم:

حکیمہ کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=۸۵۶۶)

۸۷۲۴۔د،س۔ام حکیم بنت اسید:

اس کا حال غیر معروف ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۸۷۲۵۔ق۔ام حکیم بنت وداع" وادع بھی کہا گیا ہے" خزاعیہ:

اسے صحابیت اور حدیث نقل کرنے کا شرف حاصل ہے۔

۸۷۲۶۔د۔ام حمید" ام حمیدہ بنت عبدالرحمن بھی کہا گیا ہے":

اس کا حال غیر معروف ہے تیسرے طبقہ سے ہے۔

☆ام خالد بنت خالد بن سعید بن عاص:

اس کا نام امہ ہے، گزر چکی۔(=۸۵۳۵)

۸۷۲۷۔د۔ام خطاب:

چوتھے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہے۔

۸۷۲۸۔ام درداء، ابودرداء کی زوجہ، اوصابیہ دمشقیہ:

اس کا نام ہجیمہ ہے جہیمہ بھی کہا گیا ہے، اور یہ صغریٰ ہے، کبریٰ کا نام خیرہ ہے اور اس کی ان کتابوں میں کوئی روایت نہیں ہے، صغریٰ تیسرے طبقہ کی "ثقہ فقیہہ" راویہ ہے ۸۱ھ میں فوت ہوئیں۔

۸۷۲۹۔د۔ام ذرہ، مدنیہ، مولاۃ عائشہ:

تیسرے طبقہ کی "مقبولہ" راویہ ہے۔

☆ام رائح:

رباب کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔

۸۷۳۰۔ام رومان فراسیہ، (حضرت) ابوبکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کی زوجہ، عائشہ اور عبدالرحمٰن کی والدہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں، کہا جاتا ہے کہ اس کا نام زینب ہے دعد بھی کہا گیا ہے واقدی اور ان کے متبعین کا گمان ہے کہ یہ نبی کریم ﷺ کے دور میں ہی فوت ہوگئیں تھیں اور آپ اس کی قبر میں اترے تھے، مگر صحیح بات یہ ہے کہ یہ دور نبوی ﷺ کے بعد بھی زندہ تھی صحیح بخاری میں اس سے مسروق کے سماع کی تصریح موجود ہے اور یہ غلطی نہیں ہے جیسا کہ بعض حضرت کا گمان ہے۔

۸۷۳۱۔خ۔ام زفر، سوداء:

یہ وہی خاتون ہیں جو خدیجہ کے بعد نبی کریم ﷺ کے پاس آتی تھیں اور آپ ﷺ اس کی بہت تکریم کرتے تھے، عطاء نے اسے پایا ہے۔

۸۷۳۲۔د،س۔ام زیاد الشجعیہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے حدیث مروی ہے۔

۸۷۳۳۔ق۔ام سالم بنت مالک راسبیہ:

تیسرے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہے۔

۸۷۳۴۔ت،ق۔ام سعد زید بن ثابت کی زوجہ ''اور بقول بعض ان کی بیٹی ہے'':

ان کی حدیث ضعیف سند کے ساتھ مروی ہے۔

۸۷۳۵۔د۔ام سعد بنت سعد بن ربیع:

صغیرہ صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں، ان کے والد نے ان کے بارے میں (سیدنا) ابوبکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کو وصیت کی تھی اور یہ (یتیمی) میں (حضرت) ابوبکر صدیق (رضی اللہ عنہ) کی پرورش میں تھیں، کہا جاتا ہے کہ ان کا نام جمیلہ ہے۔

۸۷۳۶۔ بخ۔ام سعید بنت مرہ فہریہ:

تیسرے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہیں۔

☆ام سلمہ، نبی کریم ﷺ کی زوجہ:

اس کا نام ہند ہے۔(=۴۶۹۴)

۸۷۳۷۔ خ،م،د،ت،س۔ام سلیم بنت ملحان بن خالد انصاریہ، انس بن مالک کی والدہ:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام سہلہ یا رمیلہ یا رمیثہ یا ملیکہ یا انیسہ ہے اور یہ غمیصاء یا رمیصاء ہیں اپنی کنیت سے مشہور ہیں ،اور فاضلات صحابیات میں سے تھیں (حضرت) عثمان (رضی اللہ عنہ) کے عہد خلافت میں فوت ہوئیں۔

۸۷۳۸۔ت۔ام شراحیل:

اس کا حال غیر معروف ہے تیسرے طبقہ سے ہے۔

۸۷۳۹۔خ،م،ت،س،ق۔ام شریک عامریہ ''بقول بعض دوسیہ اور بقول بعض انصاریہ'':

اس کا نام غزیہ ہے غزیلہ بھی کہا جاتا ہے، صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں اور بقول بعض یہ ہبہ کرنے والے خاتون ہیں۔

۸۷۴۰۔ت،ق۔ام صالح بنت صالح:

اس کا حال غیر معروف ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۸۷۴۱۔بخ،د،ق۔ام صبیہ جہنیہ:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام خولہ بنت قیس یا عامر ہے اسے صحابیت اور نقل حدیث کا شرف حاصل ہے۔

۸۷۴۲۔بخ۔ام طلق:

اس کا حال غیر معروف ہے دوسرے طبقہ سے ہے۔

۸۷۴۳۔ت،ق۔ام عاصم، سنان بن سلمہ بن محبق کی اولاد کی والدہ:

تیسرے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہے۔

۸۷۴۴۔م،د،س۔ام عبداللہ بنت ابودومہ، ابوموسیٰ اشعری کی زوجہ:

اسے صحابیت اور نقلِ احادیث کا شرف حاصل ہے۔

☆ام عبداللہ بن ابوملیکہ:

اس کا نام میمونہ ہے۔ (=۸۶۹۱)

۸۷۴۵۔د،س۔ام عبدالحمید ہذلیہ:

تیسرے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہے۔

۸۷۴۶۔د،س۔ام عبدالملک، ابومحذورہ کی زوجہ:

دوسرے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہے۔

۸۷۴۷۔د۔ام عثمان بنت سفیان یا ابوسفیان:

یہ شیبہ بن عثمان کی اولاد کی والدہ ہیں، انہیں صحابیت اور نقل حدیث کا شرف حاصل ہے۔

☆ام عطیہ:

یہ نسیبہ ہے گزر چکی۔ (=۸۶۹۳)

☆ام علقمہ:

یہ مرجانہ ہے گزر چکی، ع۔ (=۸۶۸۰)

۸۷۴۸۔م۔ام عمارہ انصاریہ، عبداللہ بن زید کی والدہ:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام نسیبہ بنت کعب بن عمرو انصاریہ ہے، مشہور صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں۔

۸۷۴۹۔خت،س۔ام عمرو بنت عبداللہ بن زبیر بن عوام اسدیہ:

چوتھے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہے۔

۸۷۵۰۔ق۔ام عون بنت محمد بن جعفر بن ابوطالب:

اسے ام جعفر بھی کہا جاتا ہے تیسرے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہے۔

۸۷۵۱۔خ،س۔ام العلاء بنت حارث بن ثابت بن خارجہ انصاریہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

۸۷۵۲۔د۔ام العلاء، حزام بن حکیم کی پھوپھی:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے حدیث آتی ہے، اور عبد الملک بن عمیر نے بھی ام العلاء سے روایت کیا ہے تو وہ دوسری ام العلاء ہیں۔

۸۷۵۳۔ق۔ام عیاش، نبی کریم ﷺ کی بیٹی رقیہ کی باندی:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

۸۷۵۴۔ق۔ام عیسیٰ خزاعیہ:

اس کا حال غیر معروف ہے چھٹے طبقہ سے ہے۔

☆ام غراب:

طلحہ کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔ (=۸۶۳۱)

☆ام فضل:

لبابہ کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔ (=۸۶۷۶)

۸۷۵۵۔د،ت۔ام فروہ انصاریہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے اول وقت میں نماز پڑھنے کی فضیلت میں حدیث مروی ہے، بقول بعض یہ قحافہ کی بیٹی ابوبکر صدیق کی بہن ہیں۔

۸۷۵۶۔ع۔ام قیس بنت محصن اسدیہ، عکاشہ کی بہن:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام آمنہ ہے، مشہور صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے احادیث مروی ہیں۔

۸۷۵۷۔م۔ام کرز، کعبیہ، مکیہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے احادیث آتی ہیں۔

۸۷۵۸۔بخ،م،س،ق۔ام کلثوم بنت ابوبکر صدیق:

یہ ابھی والدہ کے پیٹ میں ہی تھیں کہ ان کے والد (سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ) وفات پا گئے تھے، دوسرے حضرات

کی ''ثقہ'' راویہ ہے۔

۸۷۵۹۔بخ۔ام کلثوم بنت ثمامہ:

تیسرے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہے۔

۸۷۶۰۔خ،م،د،ت،س۔ام کلثوم بنت عقبہ بن ابو معیط امویہ:

بہت پہلے مسلمان ہوئیں اور والدہ کی طرف سے عثمان کی بہن تھیں،صحابیہ(رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے احادیث مروی ہیں،(حضرت)علی(رضی اللہ عنہ) کے عہد خلافت میں فوت ہوئیں۔

☆ام کلثوم بنت عمرو:

کلثم کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔(=۸۶۷۴)

۸۷۶۱۔د،ت،س۔ام کلثوم لیثیہ مکیہ:

بقول بعض یہ محمد بن ابو بکر صدیق کی بیٹی ہیں اس صورت میں یہ تیمیہ ہوں گی نہ کہ لیثیہ،عبداللہ بن عبید ابن عمیر کی روایت سے عائشہ سے ان کی حدیث آتی ہے۔

☆حجاج بن ارطاۃ نے استحاضہ کے متعلقہ ام کلثوم کے واسطے سے عائشہ سے اور عمر بن عامر نے لڑکے کے پیشاب کے متعلقہ ام کلثوم کے واسطے سے عائشہ سے روایت کیا ہے،مجھے معلوم نہیں کہ آیا یہ تمام ام کلثوم ایک ہی ہیں یا نہیں؟

۸۷۶۲۔م۔ام مالک انصاریہ:

صحابیہ(رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

۸۷۶۳۔ت۔ام مالک بہزیہ:

صحابیہ(رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

۸۷۶۴۔م،س،ق۔ام مبشر انصاریہ،زید بن ثابت کی زوجہ:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام حمیمہ بنت صیفی بن صخر ہے،مشہور صحابیہ(رضی اللہ عنہا) ہیں۔

☆ام محمد،زید بن جدعان کی زوجہ:

بقول بعض اس کا نام امینہ اور بقول بعض آمنہ ہے،گزر چکی۔(=۸۵۳۹)

☆ام محمد، زید بن مہاجر کی زوجہ:

یہ مکرر ہیں۔(= ۸۷۱۴)

۸۷۶۵۔ق۔ام محمد، محمد بن حرب خولانی کی والدہ:

اس کا حال غیر معروف ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۸۷۶۶۔ت، ق۔ام محمد، محمد بن سائب بن برکہ کی والدہ:

اس کا حال غیر معروف ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

۸۷۶۷۔د، س، ق۔ام محمد، محمد بن عبدالرحمن بن ثوبان کی والدہ:

تیسرے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہے۔

۸۷۶۸۔ق۔ام محمد، عمر بن عبدالعزیز کے قاص، محمد بن قیس کی والدہ:

تیسرے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہے۔

۸۷۶۹۔ق۔ام محمد، محمد بن ابو یحییٰ اسلمی کی والدہ:

پانچویں طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہے۔

۸۷۷۰۔ت، ق۔ام مساور حمیریہ:

اس کا حال غیر معروف ہے چوتھے طبقہ سے ہے۔

۸۷۷۱۔بخ۔ام مسکین بنت عاصم بن عمر بن خطاب، عمر بن عبدالعزیز کی خالہ:

تیسرے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہے۔

۸۷۷۲۔فق۔ام معبد انصاریہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

☆ اور ام معبد خزاعیہ، ہجرت کے قصہ والی نام کا عاتکہ بنت خالد ہے۔

۸۷۷۳۔د، ت، س۔ام معقل اسدیہ یا اشجعیہ، ابو معقل کی زوجہ:

اسے انصاریہ بھی کہا جاتا ہے صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے عمرہ رمضان کے بارے میں حدیث آتی ہے۔

۸۷۷۴۔ س۔ ام معبوذ، معبوذ بن ابو سلیمان کی والدہ:

تیسرے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہے۔

۸۷۷۵۔ د، ت، ق۔ ام منذر انصاریہ:

کہا جاتا ہے کہ اس کا نام سلمیٰ بنت قیس بن عمرو ہے قبیلہ بنی نجار سے تعلق رکھتی ہیں، انہیں صحابیت کا شرف حاصل ہے۔

۸۷۷۶۔ بخ۔ ام مہاجر رومیہ:

تیسرے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہے۔

۸۷۷۷۔ بخ، د، س، ق۔ ام موسیٰ علی کی باندی:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام فاختہ ہے حبیبہ بھی کہا گیا ہے، تیسرے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہے۔

۸۷۷۸۔ ع۔ ام ہانی بنت ابو طالب ہاشمیہ:

ام ہانی بنت ابو طالب ہاشمیہ، کا نام فاختہ ہے ہند بھی کہا گیا ہے، اسے صحابیت اور نقل احادیث کا شرف حاصل ہے، (حضرت) معاویہ (رضی اللہ عنہ) کے عہد خلافت میں فوت ہوئیں۔

☆ام ہذیل:

یہ حفصہ ہیں۔ (=۸۵۶۱)

۸۷۷۹۔ م، د، س، ق۔ ام ہشام بنت حارثہ بن نعمان انصاریہ:

مشہور صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں اور والدہ کی طرف سے عمرہ بنت عبدالرحمٰن کی بہن ہیں، اس سے عمرہ نے روایت کیا ہے۔

۸۷۸۰۔ د۔ ام ورقہ بنت عبداللہ بن حارث بن عویمر انصاریہ:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں اپنے گھر والوں کی امامت کرتی تھیں، (حضرت) عثمان (رضی اللہ عنہ) کے عہد خلافت میں فوت ہوئیں انہیں ان کے غلام نے (گلا گھونٹ کر) قتل کر دیا تھا اور آپ ﷺ انہیں شہیدہ کہا کرتے تھے۔

☆ام یاسر:

یہ سیرہ ہے۔(=۸۶۹۹)

۸۷۸۱۔خ۔ام یعقوب ،قبیلہ بنی اسد کی خاتون:

غالباً صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان کا ابن مسعود کے ساتھ قصہ مروی ہے۔

۸۷۸۲۔د۔ام یونس بنت شداد:

اس کا حال غیر معروف ہے ساتویں طبقہ سے ہے۔

فصل: ان راویات کا بیان جنہیں کسی کی بیٹی کہا گیا ہے

۸۷۸۳۔ خ۔ حارث بن عامر بن نوفل کی بیٹی، عقبہ کی بہن:

صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں۔

☆ حارثہ بن نعمان کی بیٹی:

یہ ام ہشام ہیں۔ (=۸۷۷۹)

۸۷۸۴۔ مد، س، ق۔ حمزہ بن عبدالمطلب کی بیٹی:

کہا گیا ہے کہ اس کا نام امامہ ہے امۃ اللہ اور ام فضل بھی کہا گیا ہے اور اقوال بھی پائے جاتے ہیں، صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں۔

۸۷۸۵۔ خت۔ زید بن ثابت انصاری کی بیٹی:

زید بن ثابت انصاری کی بیٹی مدینہ میں رہنے والی فقیہہ خاتون تھیں، ان کا بخاری کے اوائل میں ذکر آتا ہے۔

☆ عبداللہ بن جعفر کی بیٹی:

یہ ام ابیہا ہیں کنیتوں میں گزر چکیں۔ (=۸۷۰۱)

☆ ام سلمہ کی بیٹی:

یہ زینب ہیں۔ (=۸۵۹۵)

۸۷۸۶۔ د۔ محیصہ بن مسعود کی بیٹی:

اپنے والد سے روایت کرتی ہے تیسرے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہے۔

☆ واثلہ بن اسقع کی بیٹی:

اس کا نام فسیلہ ہے خصیلہ وغیرہ بھی کہا گیا ہے۔ (=۸۶۶۱)

فصل: القابات کے بیان میں

☆ جہدمہ:

یہ تملی ہیں۔ (=۸۵۵۳)

☆ حمیراء:

یہ عائشہ ہیں۔ (=۸۶۳۳)

☆ ذات النطاقین:

یہ اسماء بنت ابوبکر ہیں۔ (=۸۵۲۵)

☆ رمیصاء:

یہ ام سلیم ہیں۔ (=۸۷۳۷)

☆ زہراء:

یہ فاطمہ ہیں۔ (=۸۶۵۰)

☆ شفاء:

یہ تملی ہیں۔ (=۸۰۰۷)

☆ صماء:

یہ بہیسہ ہیں۔ (=۸۶۲۷)

☆ غمیصاء:

یہ ام سلیم ہیں۔ ام حرام کو بھی کہا گیا ہے گزر چکی ہیں۔ (=۸۷۳۷،۸۷۱۵)

فصل: خواتین مبہمات کے بیان میں

ان سے روایت کرنے والے مردوں پھر عورتوں کی ترتیب کے مطابق

۸۷۸۷۔ابراہیم بن میسرہ نے اپنی خالہ سے روایت کیا ہے،ان کی خالہ کا نام ذکر نہیں کیا گیا ہے یہ تیسرے طبقہ کی ''مجہولہ'' راویہ ہیں۔

۸۷۸۸۔خ۔اسحاق بن سعید بن عمرو بن سعید بن عاص اپنے گھر کی کسی خاتون کے واسطے سے ام خالد سے روایت کیا ہے، میں ان کے گھر کی خاتون کے نام پر مطلع نہیں ہوسکا،یہ چوتھے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہیں۔

۸۷۸۹۔اسحاق ہاشمی نے اپنی دادی سے روایت کیا ہے،ان کی دادی کا نام صفیہ بنت ابوعمرو بن امیہ ہے۔

۸۷۹۰۔س۔اسعد بن سہل بن حنیف ابوامامہ انصاری نے اپنی خالہ سے روایت کیا ہے،میں ان کی خالہ کے نام پر مطلع نہیں ہوسکا،یہ صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں ان سے حدیث آتی ہے۔

۸۷۹۱۔د۔اسید بن ابواسید براد نے مبایعات میں سے کسی خاتون سے روایت کیا ہے میں اس خاتون کے نام پر مطلع نہیں ہوسکا،یہ صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں اور ان سے حدیث آتی ہے۔

☆اشعث بن ابو اشعث نے اپنی پھوپھی سے روایت کیا ہے ،ان کی پھوپھی کا نام رہم بنت اسود ہے،م،س۔(=۸۵۹۳)

☆انس بن مالک انصاری نے اپنی والدہ سے روایت کیا ہے ان کی والدہ ام سلیم ہے،اور اپنی خالہ سے روایت کیا ہے،ان کی خالہ ام حرام ہیں۔(=۸۷۱۵)

☆ثمامہ بن حزن نے عائشہ کی حبشیہ باندی سے روایت کیا ہے،یہ باندی صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں اور اس کے بریرہ ہونے کا احتمال ہے،م،س۔(=۸۵۴۳)

☆حارث بن عبداللہ بن ابوربیعہ نے ام المؤمنین سے روایت کیا ہے،یہ ام المؤمنین حفصہ ہیں،م۔(=۸۵۶۳)

۸۷۹۲۔د۔حریث بن ابح ''بقول بعض عبید'' نے بنی اسد کی خاتون سے روایت کیا ہے، میں اس خاتون کے نام سے واقف نہیں ہوں تاہم صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں اوران سے حدیث آتی ہے۔

۸۷۹۳۔س۔حسن بن حسن بن علی بن ابو طالب ہاشمی نے عبداللہ بن جعفر کی زوجہ اور عبداللہ بن جعفر کی بیٹی سے روایت کیا ہے، میں ان کے نام پر مطلع نہیں ہوسکا اور یہ تیسرے طبقہ کی ہیں۔(۸۷۰۱)

☆حسن بن ابوحسن بصری نے اپنی والدہ سے روایت کیا ہے، ان کی والدہ کا نام خیرہ ہے۔(=۸۵۷۸)

☆حشرج بن زیاد نے اپنی دادی سے روایت کیا ہے، ان کی دادی ام زیاد الاشجعیہ ہیں۔(=۸۷۳۲)

۸۷۹۴۔س۔حصین بن محصن یا عبیداللہ بن محصن انصاری نے اپنی پھوپھی سے روایت کیا ہے، کہا جاتا ہے کہ ان کی پھوپھی کا نام اسماء ہے، صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں اوران سے حدیث آتی ہے۔

۸۷۹۵۔د،س۔ربعی بن حراش نے اپنی زوجہ سے روایت کیا ہے، میں ان کی زوجہ کے نام پر مطلع نہیں ہوسکا، تاہم یہ یہ تیسرے طبقہ کی ''مقبولہ'' راویہ ہیں۔

۸۷۹۶۔س۔ربیع بن خثیم نے ایک صحابیہ خاتون سے روایت کیا ہے، غالباً یہ صحابیہ خاتون ابو ایوب کی زوجہ ام ایوب ہیں۔

۸۷۹۷۔س۔زہیر بن معاویہ ابوخیثمہ جعفی نے اپنے گھر کی کسی خاتون سے روایت کیا ہے، اس خاتون کا نام ذکر نہیں گیا تیسرے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔

☆سلیمان بن عمرو بن احوص نے اپنی والدہ سے روایت کیا ہے، ان کی والدہ ام جندب ہیں۔(=۸۷۱۱)

☆عابس بن ربیعہ نے ام المؤمنین سے روایت کیا ہے، یہ ام المؤمنین عائشہ ہیں، ت۔(=۸۶۳۳)

☆عبداللہ بن بسر نے اپنی بہن یا پھوپھی یا خالہ سے روایت کیا ہے یہ صماء صحابیہ ہیں ان سے صیام کے متعلقہ حدیث آتی ہے، س۔(=۸۶۲۷)

☆عبداللہ بن زید جرمی ابوقلابہ نے نبی کریم ﷺ کی کسی زوجہ سے روایت کیا ہے، یہ عائشہ ہیں۔(=۸۶۳۳)

۸۷۹۸۔د،س،ق۔عبداللہ بن شداد بن الہاد نے حمزہ بن عبدالمطلب کی بیٹی سے روایت کیا ہے، یہ امامہ ہیں۔(=۸۷۸۴)

☆ عبداللہ بن عباس نے کسی انصاریہ سے روایت کیا ہے: یہ انصاریہ انس کی والدہ ام سلیم ہیں، م ؟ س۔ (=۸۷۳۷)

☆ عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابو بکر صدیق نے نبی کریم ﷺ کی کسی زوجہ سے روایت کیا ہے، یہ ام سلمہ مخزومیہ ہیں، س۔ (=۸۶۹۴)

☆ عبداللہ بن عمر بن خطاب نے نبی کریم ﷺ کی ازواج میں سے کسی ایک سے روایت کیا ہے، یہ ابن عمر کی بہن حفصہ ہیں، خ، م۔ (=۸۵۶۳)

☆ عبداللہ بن محصن نے اپنی پھوپھی سے روایت کیا ہے، ان کی پھوپھی کا ذکر حصین بن محصن کے ترجمہ میں ہوا ہے۔ (=۱۳۸۴)

۸۷۹۹۔ د، س۔ بنی ہاشم کے غلام عبدالحمید نے اپنی والدہ سے روایت کیا ہے ان کی والدہ نبی کریم ﷺ کی بعض بیٹیوں کی خدمت کرتی تھی، مگر اس کا نام ذکر نہیں کیا گیا اور غالباً یہ صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں۔

☆ عبدالرحمٰن بن بجید انصاری نے اپنی دادی سے روایت کیا ہے، ان کی دادی ام بجید ہیں۔ (=۸۷۰۵)

۸۸۰۰۔ خ۔ عبدالرحمٰن بن ابو بکرہ ثقفی نے اپنی والدہ سے روایت کیا ہے ان کی والدہ کا نام ہولہ ہے ہالہ بھی کہا جاتا ہے دوسرے طبقہ کی مقبولہ راویہ ہیں۔

۸۸۰۱۔ عبدالرحمٰن بن طارق نے اپنی والدہ سے روایت کیا ہے، میں ان کی والدہ کے نام پر مطلع نہیں ہو سکا تاہم یہ صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں اور ان سے حدیث آتی ہے۔

۸۸۰۲۔ د۔ عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کعب بن مالک نے اپنی والدہ سے روایت کیا ہے، میں ان کی والدہ کے نام پر مطلع نہیں ہو سکا۔

۸۸۰۳۔ س۔ عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک نے نبی کریم ﷺ کی ازواج سے روایت کیا ہے مگر ان میں سے کسی کا نام ذکر نہیں کیا۔

۸۸۰۴۔ م۔ عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ نے ام عبداللہ سے روایت کیا ہے، ام عبداللہ، عبداللہ بن حذافہ کی والدہ اور صحابیہ ہیں ان سے حدیث آتی ہے تاہم میں ان کے نام پر مطلع نہیں ہو سکا۔

☆عبید بن ابی:

حدیث کے ترجمہ میں ذکر ہوا ہے۔ (=۸۷۹۳)

۸۸۰۵۔ د۔ عروہ نے بنی نجار کی خاتون سے روایت کیا ہے، یہ خاتون صحابیہ ہیں تاہم ان کا نام ذکر نہیں کیا گیا۔

۸۸۰۶۔ ع۔ عروہ نے نبی کریم ﷺ کی ازواج سے روایت کیا ہے، ان میں عائشہ اور حفصہ کو شمار کیا گیا ہے۔

۸۸۰۷۔ د۔ عکرمہ نے نبی کریم ﷺ کی کسی زوجہ سے روایت کیا ہے، یہ زوجہ غالباً میمونہ ہیں۔

☆ علقمہ بن ابو علقمہ نے اپنی والدہ سے روایت کیا ہے، ان کی والدہ مرجانہ، ام علقمہ ہیں۔ (=۸۶۸۰)

۸۸۰۸۔ عمر بن اسحاق بن عبداللہ بن ابوطلحہ نے چھینکنے کے بارے میں اپنی والدہ سے روایت کیا ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اپنی زوجہ سے روایت کیا ہے، ان کی والدہ حمیدہ بنت عبید بن رفاعہ ہیں (گزر چکیں) اور ان کی زوجہ کے نام پر مطلع نہیں ہو سکا۔

☆عمرو بن معاذ اشہلی:

اس نے اپنی دادی سے روایت کیا ہے، ان کی دادی حواء ہیں۔ (=۸۵۷۱)

☆ عیاض اشعری نے ابوموسیٰ کی زوجہ سے روایت کیا ہے، یہ ام عبداللہ ہیں گزر چکیں۔ (=۸۷۴۴)

۸۸۰۹۔ د۔ قاسم بن غنام نے اپنی بعض امہات کے واسطے سے ام فروہ سے روایت کیا ہے، میں اس کے نام اور حال پر مطلع نہیں ہو سکا اور یہ تیسرے طبقہ کی ہے۔

☆ قرثع ضبی نے ابوموسیٰ کی زوجہ سے روایت کیا ہے، یہ ام عبداللہ ہے گزر چکی۔ (=۸۷۴۴)

☆محمد بن مسلم بن شہاب زہری نے قریش کی خاتون سے روایت کیا ہے، یہ خاتون ہند بنت حارث ہیں گزر چکیں، خت۔ (=۸۶۹۵)

۸۸۱۰۔ مسعود بن حکم زرقی نے اپنی والدہ سے روایت کیا ہے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اپنی دادی سے روایت کیا ہے، یہ اسماء ہیں حبیبہ بھی کہا جاتا ہے صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں اور ان سے حدیث آتی ہے، س۔ (=۸۵۵۷)

☆منصور بن عبدالرحمٰن حجبی نے اپنی والدہ سے روایت کیا ہے، ان کی والدہ صفیہ بنت شیبہ بن عثمان ہیں، گزر چکیں۔ (=۸۶۲۲)

۸۸۱۱۔د،ق۔موسیٰ بن عبداللہ بن یزید خطمی نے بنی عبدالاشہل کی خاتون سے روایت کیا ہے، یہ خاتون صحابیہ ہیں تاہم ان کا نام ذکر نہیں کیا گیا۔

☆ابن عمر کے غلام نافع نے ابن عمر کی زوجہ سے روایت کیا ہے، ابن عمر کی زوجہ صفیہ بنت ابو عبید ثقفیہ ہیں۔(=۸۶۲۳)

۸۸۱۲۔ہبیدہ بن خالد نے ام المؤمنین سے روایت کیا ہے یہ ام المؤمنین حفصہ ہیں، اور اپنی بیوی سے روایت کیا ہے میں ان کی بیوی کے نام پر مطلع نہیں ہوسکا تاہم یہ صحابیہ ہیں اور ام سلمہ سے روایت کرتی ہیں، مزید برآں ہبیدہ نے اپنی والدہ سے روایت کیا ہے جو کہ عمر کی زوجہ تھیں ان کی والدہ بھی صحابیہ ہیں اور یہ بات تو ماقبل میں گزر چکی ہے کہ ہبیدہ مذکور کا شمار صحابہ کرام میں کیا جاتا ہے۔(=۷۳۲۳)

۸۸۱۳۔د۔ولید بن عبداللہ بن جمیع نے اپنی دادی کے واسطے سے ام ورقہ سے روایت کیا ہے اس کی دادی لیلیٰ بنت مالک ہیں جو کہ تیسرے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں، بعض روایات میں آیا ہے کہ ولید نے اپنی دادی ام ورقہ سے روایت کیا ہے مگر پہلی بات زیادہ قابل اعتماد ہے۔

☆یحییٰ بن بشیر بن خلاد انصاری نے اپنی والدہ سے روایت کیا ہے اس کی والدہ کا نام امۃ الواحد ہے، گزر چکی۔(=۸۷۴۴)

☆یزید بن اوس نے ابوموسیٰ کی زوجہ سے روایت کیا ہے، یہ ام عبداللہ ہیں گزر چکیں۔(=۸۷۴۴)

☆یوسف بن مسعود بن حکم نے اپنی دادی سے روایت کیا ہے اس کی دادی کا نام اسماء ہے، گزر چکی۔(=۸۵۵۷)

☆ابوقلابہ جرمی نے روزے دار کے صبح کو جنبی ہوکر اٹھنے کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی زوجہ سے روایت کیا ہے، یہ عائشہ ہیں، س۔

۸۸۱۴۔قد۔ابونعامہ عدوی نے اپنی خالات میں کسی ایک سے روایت کیا ہے میں ان کی خالات کے نام پر مطلع نہیں ہوسکا، قد۔

۸۸۱۵۔ت۔ابن جدعان نے اپنی دادی کے واسطے سے ام سلمہ سے روایت کیا ہے۔ابن جدعان تو عبدالرحمٰن بن محمد ابن جدعان ہیں اور ان کی دادی تیسرے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔

فصل النساء عن النساء

۸۸۱۶۔د۔امیہ بنت ابوصلت نے بنی غفار کی خاتون سے روایت کیا ہے، کہا جاتا ہے اس خاتون کا نام لیلیٰ ہے اور یہ ابوذر کی زوجہ ہیں صحابیہ (رضی اللہ عنہا) ہیں۔

☆حفصہ بنت سیرین نے بصرہ آنے والی خاتون جو قصر بنی خلف میں فروکش ہوئی،سے روایت کیا ہے، یہ خاتون ام عطیہ ہیں، خ۔(=۸۶۹۳)

☆ نبی کریم ﷺ کی پروردہ، زینب بنت ابوسلمہ بن عبدالاسد نے نبی کریم ﷺ کی کسی زوجہ سے روایت کیا ہے، یہ ام المومنین زینب بنت جحش ہیں۔

۸۸۱۷۔س۔صفیہ بنت شیبہ نے ایک خاتون سے روایت کیا ہے کہ اس نے نبی کریم ﷺ کو (وادی کے درمیان نچلی جگہ) دوڑتے ہوئے دیکھا ہے، یہ خاتون حبیبہ بنت ابوتجزاۃ یا تملک ہیں۔

۸۸۱۸۔د۔صفیہ بنت شیبہ نے بنی سلیم کی خاتون اسلمیہ یا سلمیہ کے واسطے سے عثمان بن طلحہ سے سینگوں کو ڈھانپنے کے متعلق روایت کیا ہے، بنی سلیم کی یہ خاتون تیسرے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہے۔

☆ صفیہ بنت شیبہ نے احداد کے بارے میں نبی کریم ﷺ کی بعض ازواج سے روایت کیا ہے، یہ ام سلمہ اور عائشہ ہیں،س۔(=۸۶۹۴،۸۶۳۳)

☆صفیہ بنت ابوعبید نے نبی کریم ﷺ کی بعض ازواج سے روایت کیا ہے، یہ حفصہ اور عائشہ ہیں،م۔(=۸۶۹۴،۸۵۶۳)

☆عمرہ بنت عبدالرحمٰن نے اپنی بہن سے روایت کیا ہے، اس کی بہن ام ہشام بنت حارثہ بن نعمان صحابیہ ہیں،م۔(=۸۷۷۹)

۸۸۱۹۔س۔مریم بنت ایاس نبی کریم ﷺ کی بعض ازواج سے روایت کیا، میں ان کے نام پر مطلع نہیں ہوسکا۔

۸۸۲۰۔د۔غبطہ کی پھوپھی ام حسن نے اپنی دادی کے واسطے سے عائشہ سے روایت کیا ہے، مجھے اس کی دادی کا علم نہیں ہے اور یہ تیسرے طبقہ کی ہے۔

۸۸۲۱۔د۔ام حکیم بنت اسید نے اپنی ماں کے واسطے سے ام سلمہ سے روایت کیا ہے، مجھے اس کی ماں کا علم نہیں ہے تیسرے طبقہ کی ہیں۔

۸۸۲۲۔د، ت۔ام عبدالحمید نے نبی کریم ﷺ کی بعض بیٹیوں سے روایت کیا ہے، میں کسی کی تعیین پر مطلع نہیں ہوسکا تاہم نبی کریم ﷺ کی تمام بیٹیاں صحابیات ہیں۔

۸۸۲۳۔ہشام بن زیاد کی والدہ ام ہشام نے فاطمہ بنت حسین سے روایت کیا ہے، فاطمہ چھٹے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔

۸۸۲۴۔ربعی بن حراش کی زوجہ نے حذیفہ کی بہن سے روایت کیا ہے، حذیفہ کی بہن، فاطمہ بنت یمان ہے اور ربعی کی زوجہ کا نام مجھے یاد نہیں ہے۔(=۸۶۵۹)

۸۸۲۵۔ابراہیم بن میسرہ کی خالہ نے صدق کے ساتھ متصف خاتون سے روایت کیا ہے، یہ خاتون میمونہ بنت کردم ہیں جو کہ صغار صحابہ میں سے ہیں اور ابراہیم کی خالہ کا نام مجھے معلوم نہیں ہے۔(=۸۶۹۰)

☆بصرہ آنیوالی خاتون جو کہ قصر بنی خلف میں فروکش ہوئی تھی، یہ خاتون غالبًا ام عطیہ ہیں، خ۔(=۸۶۹۳)

۸۸۲۶۔د۔ام ولد عبدالرحمٰن بن عوف نے ام سلمہ سے روایت کیا ہے، ام ولد عبدالرحمٰن تیسرے طبقہ کی غیر معروف راویہ ہیں۔